That leave be granted to introduce the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966.

Minister of Basic Democracies : Not opposed Sir.

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to introduce the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966.

Mr. Speaker : The Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN CONTROL OF JAHEZ BILL, 1965

Mr. Speaker : Next motion is by Sahibzadi Mahmooda Begum.

Sahibzadi Mahmooda Begum : Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965.

Minister of Basic Democracies : Opposed, Sir.

مسٹر سپیکر ۔ صاحبزادی صاحبہ آپ اس بل کے متعلق مختصر تقریر فرما سکتی ہیں ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم (پی ڈبلیو ۔ ۱۵۳ زون ۔ ۳) جناب والا ۔ یہ بل نہایت نیک نیتی سے پیش کیا گیا ہے اس سے پہلے بابو رفیق صاحب نے ایک بل پیش کیا تھا جہیز کے کنٹرول کی نسبت اور میں نے خود اس کی مخالفت کی تھی کیونکہ میں یہ سمجھتی تھی کہ جو لوگ اپنی بیٹیوں کو کچھ دینا چاہتے ہیں ان پر یہ پابندی لگا دی جائے کہ اگر وہ ایک ہزار ، دو ہزار یا دس ہزار دیں تو یہ ہمارے معاشرے میں کچھ زیادتی ہے ۔ اس وقت بھی میں نے تقریر کی اور بابو رفیق صاحب کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ وہ یہ بل واپس لے لیں کیونکہ میں ایک بل پیش کر رہی ہوں جس کا مقصد صرف یہ ہے کہ جہیز کی نمائش کو ممنوع قرار دیدیا جائے کیونکہ میری ذاتی رائے یہ ہے کہ جہیز کا معاملہ ایک بہت اہم معاملہ ہے اور ہمارے معاشرے نے اس کو ایک مستقل بیماری کی شکل دیدی ہے ۔ فریقین جس وقت آپس میں رشتہ طے کرتے ہیں تو میں سمجھتی ہوں کہ ان کو اپنی اور جن سے وہ رشتہ کرتے ہیں ان کی حیثیت کا مکمل طور پر علم ہو جاتا ہے کہ وہ جہاں رشتہ کر رہے ہیں وہاں لڑکی کو کتنا جہیز ملے گا ۔ تو جب شادی طے ہو جاتی ہے تو لڑکی والے محض نمائش کی خاطر دنیا کو دکھانے کے لئے قرض لیتے ہیں ۔ جائیداد رہن کرتے ہیں اس کو فروخت کرتے ہیں اور لوگوں کو دکھانے کے لئے وہ جہیز بناتے ہیں اور اس سے ایک مستقل تباہی اور بربادی معاشرہ میں پیدا ہو رہی ہے ۔ میرا یہ بل سادہ ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ حکومت اور ممبران کو کوئی اس پر اعتراض نہیں ہونا چاہئیے ۔ اس بل کا مقصد صرف یہ ہے کہ جہیز دکھانا ممنوع قرار

دیدیا جائے اور میں یہ سمجھتی ہوں کہ ہاؤس کے ممبران اور منسٹر صاحبان کو میری اس تجویز سے اتفاق کرنا چاہئے - والدین بیشک اپنی بچیوں کو جہیز دیں یا نہ دیں لیکن شریعت کے مطابق جو ان کا حصہ بنتا ہے وہ انہیں ضرور دینا چاہئے - میرے پاس بیشمار ایسے خطوط موجود ہیں جو میں آپکے سامنے پیش کر سکتی ہوں جن میں لوگوں نے لکھا ہے کہ شریعت بل کے پاس ہونے کے بعد والدین اپنی لڑکیوں کو جو جائیداد میں ان کا حصہ ہوتا ہے وہ نہیں دیتے اور وہ جائیداد میں سے ان کا حصہ فروخت کرکے جو ان کے کپڑے بناتے ہیں یا زیور بناتے ہیں اس کو وہ جہیز میں دکھاتے ہیں اور اس کی نمائش کرتے ہیں - جہیز چاہے دیں یا نہ دیں مگر شریعت کے لحاظ سے جو ان کا حصہ بنتا ہے وہ انہیں ملنا چاہئے - اگر اس سے وہ زیادہ دیں تو یہ ایک علیحدہ معاملہ ہے اور میں اس وقت اس پر بحث نہیں کرتی - میں صرف ایوان سے یہ عرض کرتی ہوں کہ وہ اس بل کو ضرور پاس کریں - معاشرے میں جو خامیاں ہیں وہ بالکل درست ہے جیسا کہ وٹو صاحب مجھے جواب دیں گے اور یہ کہیں گے کہ معاشرے کی خرابیاں جو ہیں وہ قانون سے دور نہیں ہو سکتیں میں خود یہ مانتی ہوں کہ معاشرے کی جو خرابیاں ہیں وہ قانون سے کبھی دور نہیں ہو سکتیں اس لئے ضروری یہ ہے کہ ہم معاشرے میں یہ رجحان پیدا کریں کہ وہ اپنی خامیوں کو خود تسلیم کرلے لیکن اس وقت کچھ تھوڑی سی روک تھام کیلئے یہ بل ضروری ہے کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ اس میں کوئی خامی ایسی نہیں ہے جس کی وجہ سے یا آپ صاحبان اسکو oppose کریں - ہم یہ نہیں کہتے کہ جہیز نہ دیا جائے ہم تو یہ کہتے ہیں کہ جہیز کو دکھانا ممنوع قرار دیدیا جائے -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب والا - - -

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب صورت یہ ہے کہ کسی تحریک پر یا تو اسے پیش کرنے والے کو تقریر کی اجازت ہوتی ہے اور یا اگر اس تحریک کی مخالفت ہو جائے تو فاضل وزیر یا پارلیمنٹری سیکرٹری اس پر تقریر کر سکتے ہیں ۔ سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ کے بعد آپ اس بل کے متعلق بحث میں حصہ لے سکتے ہیں ۔

وزیر سماجی بہبود (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ میں صاحبزادی صاحبہ کے اس بل کے ایوان میں پیش کئے جانے کی سٹیج پر مخالفت اس لئے کرتا ہوں کیونکہ جیسا کہ انہوں نے خود فرمایا ہے معاشرہ میں بہت سی خامیاں موجود ہیں جنہیں دور کرنا ضروری ہے مگر وہ صرف قانون کے ذریعہ دور نہیں کی جا سکتیں ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہیز کے بارے میں جو ان کے خیالات ہیں وہی ہم سب کے ہیں ۔ یہ ایسی چیز ہے جس سے عوام کو اپنی بچیوں کی شادی کرنے میں دقتیں پیش آتی ہیں ۔ اور فضول خرچی کا رجحان بڑھتا ہے اسے ختم کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جانی چاہئے اور اس طرف اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ معزز اراکین اس بات سے واقف ہیں کہ اس سلسلہ میں ایک کمیشن مقرر ہوا تھا ۔ اس نے بھی جہیز کو موجودہ صورت میں نامناسب سمجھا ہے ۔ اس نے یہ سفارش کی تھی کہ جہیز کی حوصلہ شکنی کرنے کی کوشش کی جائے ۔ ساتھ ہی انہوں نے خاص طور پر اس بارے میں یہ کہا ہے ۔

"We therefore recommend that expensive dowery should be discouraged by all possible means short of legislation."

اور اس سلسلہ میں قانون سازی شاید اس لئے مناسب نہیں سمجھی گئی کہ ان جہیزوں کے بارے میں زیادہ توجہ اور زیادہ کوشش اس بات کی کرنی

چاھئے کہ عوام میں ایسا ذھنی انقلاب پیدا ھو جس سے ان میں یہ احساس پیدا ھو جائے کہ ان جہیزوں سے عوام کو ناجائز تکلیف ھوتی ھے اور فضول خرچی بڑھتی ھے ۔ اور وہ لوگ جو اتنا زیادہ جہیز نہیں دے سکتے انہیں بے پناہ دقتیں پیش آتی ھیں ۔ اس جہیز کے لئے اگر ذھنی انقلاب لایا جائے تو اسے زیادہ آسانی سے ھم ختم کر سکتے ھیں ۔ قانون سے ھم اس جہیز کو ختم نہیں کر سکتے ۔ فاضل ممبران کو کوشش کرنی چاھئے کہ جہیز کے بارے میں جتنی خامیاں ھیں وہ انہیں دور کریں ۔ تقریر سے تحریر سے ھمیں یہ ذھنی انقلاب لانے کی کوشش کرنی چاھئے ۔ لیکن اگر صاحبزادی صاحبہ کو بے حد اصرار ھو تو میں اپنے اعتراضات واپس لینے کو تیار ھوں اگرچہ کمیشن کی رپورٹ یہی ھے اور ویسے بھی ھم سب جانتے ھیں کہ ھر بات کے لئے قانون سازی ھی حل نہیں ھے ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم (ڈبلیو - ۱۵۳ زون - ۳) ۔ جناب والا ۔ ان کا فرمانا بجا ھے ۔ میں خود اس بات پر یقین رکھتی ھوں کہ قوانین سے زیادہ اس بات کی ضرورت ھے کہ ھم معاشرہ کو سدھارنے کے لئے تقریریں کریں اس کے باوجود میں یہ بھی سمجھتی ھوں کہ یہ بل اس طرف ایک قدم ھوگا یہ سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جائے گا تو لوگ اس کے متعلق سنیں گے ۔ اخبارات اس کے متعلق لکھیں گے اس لئے میں آپ کی خدمت میں بڑی مودبانہ گذارش کرتی ھوں کہ اس بل کو سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیج دیا جائے ۔

وزیر سماجی بہبود ۔ میں اپنا اعتراض واپس لیتا ھوں ۔

Mr. Speaker : The objection has been withdrawn and now the question as :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965.

The motion was carried.

Sahibzadi Mahmooda Begum : Sir, I introduce the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965.

Mr. Speaker : The West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965 stands introduced.

THE MUNICIPAL ADMINISTRATION (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL 1966

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move—

That leave be granted to introduce the Municipal Administration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is —

That leave be granted to introduce the Municipal Administration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

Minister of Basic Democracies : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر- اس قسم کا ایک بل پچھلے سیشن میں پیش کیا گیا تھا جس کی مخالفت ہوئی تھی اور اس پر مناسب اعتراضات کئے گئے تھے - میں نے اب انہیں دور کرنے کے بعد نئی شکل میں اس بل کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے - میونسپل ایڈمنسٹریشن ایکٹ ۱۹۶۰ء میں ''پبلک سٹریٹ،، کی تعریف نہیں کی گئی ہے بلکہ اس آرڈیننس کی دفعہ ۳ (۲) کے تحت وہی تعریف جو بی ڈی آرڈیننس ۱۹۵۹ء میں دی گئی ہے - اسی کو اپنایا گیا ہے - پبلک سٹریٹ کی جو تعریف اپنائی گئی ہے وہ یہ ہے -

" 'public street' means a street maintained by the Government or by the Local Council or other local authority."

جناب سپیکر - ''پبلک سٹریٹ،، کی جو تعریف کی گئی ہے وہ یہ ہے کوئی سٹریٹ جسے گورنمنٹ پبلک سٹریٹ مقرر کرے وہ پبلک سٹریٹ ہوگی اس سے آگے اس کی کوئی تعریف نہیں دی گئی - نہ بنیادی جمہوریت

آرڈیننس میں اور نہ جنرل کلاززز ایکٹ میں ۔ اس سے confusion پیدا کر دیا گیا ہے ۔ پبلک سٹریٹ کی تعریف غیر واضح ہونے کی وجہ سے حکومت بہت سے علاقہ جات کو دفعہ ۸۱ (۳) کے تحت پرائیویٹ سٹریٹ قرار دے کر ان سے ٹیکس وصول کر سکتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ دراصل ایسی وصولی ہے جسکے متعلق مغربی پاکستان کے تمام شہروں میںagitation ہے ۔ اب اس کا غلط اور ناجائز استعمال کیا جا رہا ہے ۔ میونسپل افسران کی طرف سے ۔ اور عوام کو بہت سے ٹیکس بلا وجہ دینے پڑتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس ٹیکس کو وصول کرنے کے لئے جو طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے وہ یہ ہے ۔ میونسپل آرڈیننس کے آنے سے قبل جو قانون تھا جیسے پنجاب میں میونسپل ایکٹ تھا اس کا جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ میونسپلٹی کے افسر جس طرح چاہیں ''پبلک سٹریٹ،، اور ''پرائیویٹ سٹریٹ،، میں امتیاز روا رکھیں ۔ ان قوانین میں جو پبلک سٹریٹ اور پرائیویٹ میں واضح فرق تھا ۔ پنجاب میونسپل ایکٹ اور دیگر قوانین میں میں انکے متعلقہ سیکشن باقاعدہ طور پر آپکی خدمت میں پیش کرونگا ۔ وہ امتیاز پبلک سٹریٹ اور سٹریٹ کا میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس میں نہیں ہے ۔ بلکہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس میں دونوں terms کو define نہیں کیا گیا ہے ۔ نہ ہی street کو اور نہ ہی پبلک سٹریٹ کو ۔ حالانکہ پبلک سٹریٹ کی ایک مبہم definition کو adopt کیا گیا ہے ۔ جس سے کہ مسئلے کا حل نہیں ہوتا ۔ لیکن پرانے قانون کی practice کو بحال رکھا گیا ہے۔ اور لوگوں سے دفعہ ۸۱ (۳) کے تحت بے اندازہ ٹیکسوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ مجھے ذرا مقابلہ کرنا ہوگا۔ پہلے تو پنجاب میونسپل ایکٹ میں سٹریٹ کی جو definition تھی ۔ وہ یہ تھی ۔ A Street meant

"any road, footway, square, court, alley or passage, accessible, whether permanently or temporarily, to the public, whether a thoroughfare or not."

جناب والا ۔ اسی طرح سے پبلک سٹریٹ کی بھی definition تھی۔ اسی پنجاب میونسپل ایکٹ میں ۔ اور وہ یہ ہے ۔

"any street heretofore levelled, paved, metalled, channelled, sewered, or repaired out of municipal or other public funds."

تو جناب والا ۔ پنجاب میونسپل ایکٹ میں ''سٹریٹ،، اور ''پبلک سٹریٹ،، دونوں کی definition تھی ۔ کہ جس پر حکومت خرچ کرے ۔ وہ تو پبلک سٹریٹ ہے اور جس پر حکومت خرچ نہ کرے وہ پرائیویٹ سٹریٹ ۔ تو جناب سپیکر ۔ سٹریٹ اور پبلک سٹریٹ کا واضح فرق پرانے قانون میں موجود تھا ۔ اور اب وہ فرق موجود نہیں ہے ۔ آپ سٹریٹ اور پبلک سٹریٹ کو define کر دیجئے ۔ اس کے بعد آپکی جو بھی definition ہو ۔ اور جو بھی آپ کا ٹیکس واجب الوصول ہو ۔ آپکو حق پہنچتا ہے کہ وہ آپ وصول کریں ۔ جناب سپیکر ۔ اب یہی جو فرق ہے ۔ اسکے لئے مجھے دوسرے قوانین کا بھی حوالہ دینا ہوگا ۔ جنکے تحت یہ فرق بھی مدنظر رکھنا ہے ۔ اور اسی لئے مجھے اس ایوان میں emphasise کرنا ہے ۔ کہ اس فرق کا رکھا جانا بہت ضروری ہے ۔ میں سندھ ایڈمنسٹریشن میونسپل ایکٹ کی دفعہ ۳ ذیلی دفعات ۱۲ اور ۱۳ کا حوالہ دیتا ہوں۔ اس میں بھی اس قسم کا امتیاز ہے۔ بنگال ڈسٹرکٹ میونسپل ایکٹ کی دفعہ ۶ ذیلی دفعہ ۱۳ میں بھی یہی تفاوت سٹریٹ اور پبلک سٹریٹ میں رکھا گیا ہے ۔ اسی طرح بہار اور اوڑیسہ کا جو میونسپل ایکٹ ۱۹۲۲ء ہے ۔ اس کی دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ ۲۴ میں بھی یہ تفاوت موجود ہے ۔ بمبئے ڈسٹرکٹ میونسپل ایکٹ کی دفعہ ۳ کی ذیلی دفعات ۱۳ اور ۱۹ میں بھی یہ تفاوت رکھا گیا ہے ۔ بمبئے سٹی میونسپل ایکٹ ۱۸۸۸ء کی دفعہ ۳ میں بھی یہ تفاوت رکھا گیا ہے ۔ برما میونسپل ایکٹ کی دفعہ ۲ کی ذیلی دفعہ ۱۲ میں بھی یہ تفاوت رکھا گیا ہے ۔ مدراس میونسپل ایکٹ ۱۹۱۹ء کی دفعہ

۳ کی ذیلی دفعات ۲۰ اور ۲۱ میں بھی اسی طرح تفاوت رکھا گیا ہے ۔ اور ان دونوں terms کو علیحدہ علیحدہ define کیا گیا ہے ۔ اسی طرح مدراس ڈسٹرکٹ میونسپل ایکٹ ۱۹۲۰ء کی دفعہ ۲ اور ذیلی دفعات ۱۹ اور ۲۳ میں بھی یہی تفاوت رکھا گیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ان تمام Municipal Acts میں ہم نے ان ہی قوانین کی نقل کی ہے ۔ جو قوانین کہ انگریزوں کے عہد میں بنائے گئے تھے۔ یہ جو تمام قوانین ہیں ۔ ان میں سٹریٹ اور پبلک سٹریٹ کے تفاوت کو ظاہر کر کے یہ بتایا گیا ہے ۔ کہ پبلک سٹریٹ پر ٹیکس لگانا ضروری ہوگا ۔ تاکہ انکی development کی جا سکے ۔ اب مجھے یہ بتائیے ۔ کہ یک بیک ہمارے Framers of the Municipal Administration Ordinance سے ایک غلطی ہوگئی ۔ اور اسی کو ہم نے adopt کیا ہے تو discretionary powers دینے کے بجائے کیوں نہ آپ یہ قرار دے دیں۔ کہ ان میں صرف دو definitions کا اضافہ کردیا جائے۔ تو اس سے لوگوں کو یہ پتہ چل سکے گا ۔ کہ کن لوگوں نے ٹیکس ادا کرنا ہے ۔ اور کن لوگوں نے نہیں کرنا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اب اس سے آگے مجھے ایک رولنگ quote کرنا ہے ۔ ۱۹۲۵ء مدراس ۱۲۱۵ - - - - -

اس سے ہماری میونسپل کمیٹیوں اور کارپوریشنوں کو یہ قرار دے کر کہ فلاں سٹریٹ پرائیویٹ سٹریٹ ہے ۔ کس قدر نقصان ہوتا ہے ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے ۔ کہ جب ایک سٹریٹ کو پبلک کے استعمال کیلئے چھوڑ دیا جائے ۔ تو وہ خود بخود پبلک سٹریٹ ہو جائیگی ۔ اور اس پر کسی پرائیویٹ owner کا کوئی حق نہیں ہوگا ۔ میں جو رولنگ quote کر رہا تھا ۔ میں اسکی تین چار متعلقہ سطریں پڑھ دیتا ہوں۔

"The right of the public to pass over a public road is not in the nature of an easement properly so called nor is it acquired by prescription under Section 26 of the Limitation Act. The right of the public to the enjoyment of land set apart from time immemorial for use of the public way stands upon a higher footing than a mere easement over property belonging to another." (1925 Mad. 415)

جناب سپیکر ۔ اس طرح سے میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ میونسپل کمیٹیوں کے پاس جو سٹریٹ رہ جاتی ہیں ۔ ان کی ownership میونسپل کمیٹیوں میں vest کرتی ہے اور اگر ہم ان کو پرائیویٹ سٹریٹ declare کردیں ۔ اور اسکے development charges مالکان دیں تو یہ مناسب نہیں ۔ بلکہ ایسی بھی رولنگ موجود ہے۔ کہ اگر آپ اس advantage کو avail نہیں کرتے ہیں ۔ اور کچھ ایسی سٹریٹ ہیں ۔ کہ جو آدھی پختہ ہیں ۔ اور آدھی نیم پختہ ہیں تو جو آپکا فارمولا ہے ۔ اسکے مطابق وہ پرائیویٹ سٹریٹ نہیں ہو سکتی ۔ اسکے لئے مجھے ایک اور رولنگ quote کرنی پڑیگی ۔ یہ غالباً ۲۶ (۱) کلکتہ ہے ۔

"Any land over which the public has a right to pass and which is maintained by the Municipal Committee is a public street and the mere fact that a special part of it was metalled for the greater convenience of traffic, would, not make the unmetalled portion on each side any the less a public road or street (37 All. 9; 26. I.C. 206).

جناب سپیکر۔ اس طرح سے ہماری یہ presumption کہ definition کی absence میں کوئی بھی جگہ جو metalled یا developed ہوئی ہو ۔ وہ پرائیویٹ ہوگی یہ بھی غلط ہے ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے ۔ کہ ہماری پبلک سٹریٹ انہی footing پر ہونی چاہئے ۔ جیسی کہ برطانیہ کے قانون میں highway کو define کیا گیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اسی طرح پبلک سٹریٹ کی اس definition کے نہ ہوتے ہوئے جو زیادہ تر میری بحث کا موضوع ہے ۔ یہ ہورہا ہے کہ ہمارے میونسپل افسر جن کے پاس کوئی بھی ریکارڈ موجود نہیں ہے ۔ وہ کسی بھی

سٹریٹ کو پرائیویٹ سٹریٹ کہنے کے بعد دفعہ ۸۱ (۳) کے تحت مالکان کونوٹس جاری کرتے ہیں ۔ کہ آپ اسقدر رقم ادا کریں ۔ اور یہ کہ آپ کے خرچ پر اس کو develop کیا جائے گا ۔ اسکو metalled کیا جائیگا ۔ اور اسے lighting وغیرہ کی سہولتیں دی جائینگی ۔ اسکے بعد قانونی اعتراضات کے علاوہ مجھے ایک factual اعتراض بھی کرنا ہے اور وہ یہ ہے کہ ۱۹۳۹ء میں (میں لاہور کی مثال دیتا ہوں) لاہور میونسپل کمیٹی نے جسکا نام غالباً لاہور میونسپلٹی تھا۔ انہوں نے ایک ریزولیوشن پاس کیا ۔ کہ Modern Severage System لگانے کیلئے ہم بعض علاقوں میں ہاؤس ٹیکس دس فیصد اور بعض علاقوں میں ساڑھے سات اور پانچ فیصد لگائیں گے ۔ اس سے ان کا مقصد یہ تھا ۔ کہ یہ جو drainage سسٹم ہوگا یہ ٹیکس اس پر لگایا جائے گا ۔ اب آپ نے ایک طرف تو drainage سسٹم کے لئے ایک الگ ٹیکس لگا دیا ۔ اور drainage سسٹم تو مکمل ہو گیا ہے ۔ لیکن یہ ٹیکس چلتا ہی رہیگا ۔ اگر "A" نے مکان بنایا ہے اور "B" اسکا لڑکا ہے "C" اسکا پوتا ہے ۔ اور "D" اسکا great grand son ہے اور مکان قائم ہے ۔ تو بھی وہ ٹیکس دیگا ۔ لیکن ٹیکس کا نفاذ تو ۱۹۳۹ء سے زیادہ سے زیادہ دس سال تک کے لئے تھا ۔ لیکن اس ٹیکس کو کارپوریشن ایکٹ کے تحت جاری رکھا گیا ہے ۔ اور اب اس ٹیکس کو میونسپل کمیٹی آرڈیننس کی غالباً دفعہ ۴ کے تحت جاری رکھا گیا ہے ۔ اب وہی ٹیکس ۸۱(۳) کے تحت اس development کے لئے یعنی ۳۰۰۰ روپیہ فی کنال اخراجات ہوتے ہیں ان میں ۲۲۰۰ یا ۲۳۰۰ روپیہ Severage system کے لئے ہوتے ہیں ۔ اس ٹیکس کو آپ اس مشکل میں لانا چاہتے ہیں یعنی اس کی duplication کر رہے ہیں ۔ دوبارہ وصول کر رہے ہیں ۔ اس میں آپ کہاں تک justified ہیں ۔

Minister of Law. (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyaj Memon) : May I submit on a point of order that the Member is dealing with taxes under the Municipal Administration Act with which this Bill has nothing to do. He should try to be relevant.

Mr. Speaker : The Member should make a brief explanatory statement and his statement should be relevant to the provisions of the Bill which he wants to introduce.

Malik Muhammad Akhtar : I will be relevant Sir.

میں یہ explanation دینا چاہتا ہوں کہ پبلک سٹریٹ کی تعریف میں ۸۱ (۳) کے تحت ٹیکس لگائے گئے ہیں اور وہی میرا target ہے - یہاں ہم امپرووومنٹ ٹرسٹ کو development charges دیتے ہیں اس کے بعد ہم پر severage کے لئے ہاؤس ٹیکس لگا دیا ہے پھر انکم ٹیکس ہے اور سیل ٹیکس ہے - اس کے علاوہ بے شمار ٹیکس ہیں - جو ہم ادا کرتے ہیں -

میں نہایت مختصراً عرض کروں گا کہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کے سیکشن ۳۳ کے تحت آپ نے ۲۶ ٹیکس اور لگائے ہوئے ہیں - اب قانون کی خامی کو abuse کر کے میونسپل آفیسرز (۳) ۸۱ کے تحت مزید ٹیکس لگا رہے ہیں اگر آپ اجازت دیں تو میں عرض کروں کہ ۲۶ ٹیکس ہیں جو آپ لگا رہے ہیں -

مسٹر سپیکر - پبلک سٹریٹ کے تحت کون سے ٹیکس ہیں ؟

Malik Muhammad Akhtar : In the absence of a definition of ''public street'' it means that this is an additional tax. I mean to say that we are paying 26 such taxes and this is the 27th tax which is illegally being imposed. This is my point of view which I may be permitted to put before the House.

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ہاؤس ٹیکس ۔ Export of goods کا ٹیکس erection and re-erection Buildings octroi tax پر ٹیکس ۔ Births پر ٹیکس۔ marriages پر ٹیکس ۔ adoption پر ٹیکس ۔ فیس پر ٹیکس ۔ اشتہارات پر ٹیکس ۔ جانوروں پر ٹیکس ۔ سینما پر ٹیکس۔ صفائی پر ٹیکس۔ سکول کی فیس کا ٹیکس۔ میلوں پر ٹیکس۔ مارکیٹوں پر ٹیکس۔ دکانداروں کے لائسنس کا ٹیکس۔ slaughtering of animals پر ٹیکس۔ اور اسی طرح دوسرے ٹیکس ہیں جو permissible ہیں۔ میں نے یہ humble submission کرنی ہے کہ آپ نے Local Bodies کا جو مفہوم ہے وہ ضائع کر دیا ہے ۔ اس کا نام Local Bodies کی بجائے ٹیکسیشن مشینری رکھ دیں تو بہتر ہوگا ۔ کیونکہ ان ۲۶ ٹیکسوں کے لگانے کے بعد بھی آپ سمجھتے ہیں کہ آپ اور ٹیکس لگانے میں حق بجانب ہیں۔ اب آپ کہتے ہیں کہ زمین کی development کے لئے علیحدہ فیس دیں تو کیا یہ ۲۶ ٹیکس آپ صرف severage کے لئے ہم سے حاصل کر رہے ہیں ۔ آپ کا کام تو صرف یہ ہے کہ صفائی رکھیں ۔ پھر development ہے یا پرائمری ایجوکیشن ہے ۔ اور ہم نے دیکھا ہے کہ آپ نے سکولوں میں بھی بچوں کو کوئی سہولتیں نہیں دی ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

وزیر بلدیات (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ میں گزارش کروں گا کہ آخرکار معزز ممبر بمبئی ، کلکتہ اور اڑیسہ سے ہوتے ہوئے واپس تشریف لے آئے ہیں مگر اس بل کی جو منشا ہے اس کے کہیں قریب قریب بھی بات نہیں کی ۔ اور کہنے والے تو یہ کہہ رہے ہیں کہ جو بات ان کو کہنا چاہئے تھی اس کا ذکر اس تقریر میں کم آسکا ہے ۔

جناب والا۔ میرے خیال میں انکا مقصد یہ ہے کہ پبلک سٹریٹ اور پرائیویٹ سٹریٹ کی تعریفوں میں جو فرق ہے اسے مٹا دیا جائے ۔ تاکہ پبلک سٹریٹ

کی ترقی اور اسے maintain کرنے کے لئے یہاں (۳) ۸۱ میں جتنی چیزیں درج ہیں میونسپل کمیٹی یا گورنمنٹ ان سب کی ذمہ دار ہو جائے جناب والا۔ اس کی back ground کو سمجھنے کے لئے آپ کے چند لمحات دفعہ ۸۱ کو پڑھنے میں صرف کرنا چاہتا ہوں دفعہ ۸۰ میں ہے ۔

"A Municipal Committee shall provide and maintain such public streets and other means of public communication as may be necessary for the comfort and convenience of the inhabitants of the Municipality and of the visitors thereto"

جناب والا ۔ اب آپ سیکشن '۸۱' ملاحظہ فرمائیں ۔

"(1) No New street shall be laid out except with the previous sanction of the Municipal Committee, and in conformity with the terms and conditions of such sanction.

(2) All streets other than public streets shall be maintained in such manner as the bye-laws provide.

(3) A Municipal Committee may, by notice, require that any street may be paved, metalled, drained, channelled, improved or lighted in such manner as may be specified in the notice, and in the event of default, the Municipal Committee may have the necessary work done through its agency, and the cost incurred thereon by the Municipal Committee shall be deemed to be a tax levied on the person concerned under this Ordinance.

(4) The Government may prescribe the manner in which street other than a public street may be converted into a public street. "

اب جناب والا ۔ اس چیز سے فاضل ممبر کا مقصد صرف یہ ہے کہ ہر سڑک کو پبلک سٹریٹ گردانا جائے تاکہ اس پر جو بھی اخراجات ترقی کے لئے یا maintain کرنے کے لئے ہوں میونسپل کمیٹی ان کی ذمہ دار ہو جائے ۔ میں اس کی مخالفت حقائق کی بنا پر اور کچھ عملی دقتوں کی بنا پر کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ جس طرح آرڈیننس کی دفعات میں درج ہے دو قسم کی سڑکیں ہیں ۔ پبلک اور پرائیویٹ ۔ پبلک سٹریٹ وہ ہے جس میں زیادہ تر مفاد عامہ ہو اور میونسپل کمیٹی کے لئے اسکی maintenance ضروری ہو میونسپل کمیٹی اس کی ترقی کرے ۔ جہاں تک باقی سٹریٹ ہیں ان کے بارے میں اس چیز سے یہ بات واضح ہو جائے گی ۔ کہ ایک علاقہ کی زمین کے مالک اس زمین کے پلاٹ بنائے اور سڑک چھوڑ کر باقی زمین مہنگے داموں فروخت کردے اور بغیر ترقی دئے اس زمین کی سڑکوں کو چھوڑ دے ۔ اور ساری وہ چیزیں مہیا نہ کرے جو اسے کرنی چاہئیں پھر زمین کے پیسوں سے خود استفادہ کرے لیکن سڑک کو ترقی دینے کے لئے تمام تر ذمہ داری میونسپل کمیٹی پر عائد کردے ۔

آپ جانتے ہیں کہ نئے شہر بڑی تیزی سے ترقی کر رہے ہیں۔ دن رات شہروں کی آبادی بڑھ رہی ہے ۔ نئی آبادیاں معرض وجود میں آ رہی ہیں ۔ اگر اس provision کو amend کرتے ۔ تو اس راستے کو جس راستے سے لوگ گذر سکتے ہیں ہم پبلک سٹریٹ کہہ دیں پھر سارے صوبہ کی میونسپل کمیٹیوں کے لئے مالی طور پر ناممکن ہو جائے گا کہ ہر جگہ زمین کا مالک خود فائدہ اٹھاتا رہے اور اس کی ترقی کی ذمہ داری ساری میونسپل کمیٹیوں پر عائد کر دی جائے ۔ یہ کسی میونسپل کمیٹی کے لئے عملی طور پر ناممکن ہوگا کہ ہر سڑک جو بنائی جائے کسی زمین یا مکان کے مالک پر کوئی بوجھ ڈالے بغیر میونسپل کمیٹی کے لئے مشکل ہوگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس سے پہلے کیا پوزیشن تھی ؟

وزیر بلدیات ۔ اس سے پہلے ۱۹۱۱ء سے لیکر اسی صورت میں عمل ہو رہا ہے جو اس وقت ہو رہا ہے ۔

جناب والا - اس سے پیشتر حکومت کی طرف سے ھدایات تھیں کہ مقامی لوگوں سے زیادہ لیا جائے اور میونسپل کمیٹی سے کم لیا جائے - وہ کوئی سہولت دے سکتی ھے تو دے نہیں دے سکتی تو نہ دے - اب ھم نے یہ کوشش کی ھے کہ جہاں پر لوگ ۵۰ فیصد روپیہ ادا کرنے کو تیار ھوں وھاں میونسپل کمیٹی ۵۰ فیصد خود اپنے ذمہ لے اور سڑکوں کو ترقی دے پھر جب کوئی سڑک یا گلی اھم ھو جائے اور میونسپل کمیٹی ضرورت سمجھے تو اسے پختہ کرے نالیاں بنائے بجلی کا انتظام کرے روشنی مہیا کرے - تو اس کے لئے کوئی بار نہیں اور کوئی رکاوٹ نہیں یہ میونسپل کمیٹی کے اختیارات میں ھے کہ جس سڑک کو چاھے اگر اس کے وسائل اجازت دیتے ھوں تو اسے پبلک سٹریٹ بنا دے - گویا موجودہ قانون ایک متوازن قانون ھے - جہاں کسی جگہ غلط اقدام ھونے کا امکان ھے اس پر ایک چیک ھے اور جہاں ضروری کام ھو اس کے لئے مناسب مواقع ھیں - لیکن اگر اسکے برعکس میرے فاضل دوست نے جو کچھ اس بل کی تعریف کی ھے وھی مان لیجائے تو اس چیز سے نہ صرف یہ کہ مالی دقتیں ھونگی بلکہ مختلف مقامات پر جو نئی آبادیاں بنیں گی ان آبادیوں میں میونسپل کمیٹیوں کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی اور اس سے علاقہ کا ڈویلپمنٹ متاثر ھوگا -

میرے فاضل دوست نے ٹیکس کا ذکر کیا ھے اور میونسپل کمیٹیوں کی ذمہ داری کا ذکر کیا ھے میں ان سے عرض کرونگا کہ جہاں تک میونسپل کمیٹیوں کا تعلق ھے اور جہاں تک ٹیکسوں کا تعلق ھے وہ اس بات کو خود جانتے ھیں کہ ھر سال ھر میونسپل کمیٹی کا بجٹ پیش ھوتا ھے اور جسے عوام کے نمائندے پیش فرماتے ھیں اور میونسپل کمیٹی کی مالی پوزیشن کو دیکھتے ھیں اس کے مطابق اخراجات کو اور آمدنی اور میونسپل کمیٹی کے وسائل کو دیکھتے ھیں پھر جہاں تک ممکن ھوتا

ہے یہ کوشش کی جاتی ہے کہ ٹیکس جو عوام سے وصول کیا جائے وہ عوام کے صحیح مفاد پر صرف کیا جائے ۔ اگر میرے فاضل دوست کے نزدیک ٹیکس کمیٹی نے کوئی کوتاہی کی ہے تو ہمیں بتائیں ہم اس ٹیکس کمیٹی کے خلاف اقدام کرنے کیلئے تیار ہیں اور قرار واقعی سزا دینے کیلئے تیار ہیں ۔ لیکن جہاں تک اس حقیقت کا تعلق ہے ۱۹۱۱ء سے یہ قانون چلا آ رہا ہے ۔ اس قانون میں بہت متوازن چیزیں ہیں اور ان کو ختم کرنا مناسب نہیں ہے ۔ لہذا جو بل میرے فاضل دوست نے پیش کیا ہے اسکو پیش کرنے کی اجازت نہ دیجائے ۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is.

That leave be granted to introduce the Municipal Administration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

The motion was lost

THE COLONIZATION OF GOVERNMENT LANDS (PUNJAB) (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Speaker : Next motion, Mr. Hamza.

Mr. Hamza . Mr.Speaker Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

Mr. Speaker : Next motion, Mr. Hamza.

That leave be granted to introduce the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

Minister of Revenue : Opposed.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر۔ میں نے پچھلی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اسی قسم کا بل دیا تھا جس میں کہ چھوٹے مالکان کو یا مزارعین کو زمین تقسیم کرنے کی جو گنجائش رکھی تھی اسکی حد ۵۰ ایکڑ

تھی ۔ اس پر جناب وزیر مال نے بجا طور پر نکتہ چینی کی تھی میں نے اسوقت ان کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ اس بل کو مجلس قائمہ کے سامنے جانے دیجئے۔ میں وھاں اس ترمیم کو بخوشی قبول کر لوں گا کہ جو اراضیات دیجائیں انکی حد subsistence یونٹ یا گذارہ یونٹ ھونا چاھئے ۔ لیکن اسکے باوجود میری اس گذارش کی پذیرائی نہیں ھوئی اس لئے میں مجبور ھوا کہ اس بل میں اس شکایت کو جو کہ وزیر مال نے کی تھی رفع کرکے انکے منشاء کے مطابق بل لے آؤں لیکن افسوس ھے کہ جناب وزیر مال نے جو اتفاق سے قائد ایوان بھی ھیں اس بل کی مخالفت کو مناسب سمجھا اس کی وجوھات کا انکو ھی علم ھوگا ۔

جناب سپیکر ۔ اسمبلی میں متعدد بار یہ معاملہ پیش ھو چکا ھے آپ کو بھی اس حقیقت کا علم ھے کہ مغربی پاکستان بلکہ سارے کے سارے پاکستان کی معیشت کا انحصار زیادہ تر زراعت پر ھے اور ھماری آبادی کا بیشتر حصہ زراعت سے متعلق ھے اور ھمارے ملک کے جتنے وسائل ھیں وہ زیادہ تر ھم زراعت سے حاصل کرتے ھیں اسلئے زراعت کے مسائل کا حل ھمارے ملک کی بہبود کیلئے انتہائی ضروری ھے۔ ھم اس پر مناسب اور خاطر خواہ توجہ جو ھمیں دینا چاھئے تھی انہیں دے رھے ھیں۔ مجھے حکومت پر اعتراض ھے کہ انہوں نے اس سیکٹر کو آج تک اتنی اھمیت نہیں دی اور یہی وجہ ھے کہ ھمارا ملک زرعی ملک ھونیکے باوجود غلہ اور اجناس خوردنی کی قلت کا شکار ھے اور سب سے بڑی وجہ (میں اسے pin point کردوں) یہ ھے کہ ھماری حکومت نے زمین کے بارے میں ایسی پالیسی اختیار کی کہ وہ لوگ جو صحیح معنوں میں پیداوار کے ذمہدار ھیں وہ لوگ جو ھل چلاتے ھیں وہ لوگ جو محنت مشقت کرتے ھیں انکی فلاح و بہبود کے بارے میں کبھی نہیں سوچا گیا اور سوچا ھوتا تو ھمارے ملک میں زرعی پیداوار میں بلا خوف تردید کہہ سکتا ھوں دس گنا ھوتی۔

جناب سپیکر - مجھے یہ ترمیمی بل پیش کرنے کی ضرورت اسلئے محسوس ہوئی چونکہ ہماری حکومت کے پاس دوسرے پرائیویٹ مالکان کے مقابلہ میں لاکھوں ایکڑ زمین ہے جو ہماری حکومت وقتاً فوقتاً تقسیم کرتی ہے یا اسکو نیلام کرتی ہے مجھے اس تقسیم کی پالیسی یا نیلام کی پالیسی پر شدید اعتراض ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ میں نے دیکھا ہے کہ حکومت جب یہ زمینیں تقسیم کرتی ہے تو اکثر اوقات ان لوگوں کو دیتی ہے جو بذات خود کاشتکاری نہیں کرتے یا ہل نہیں چلاتے حالانکہ ہمارے ملک میں لاکھوں ایسے افراد موجود ہیں جنہیں انتہائی کوشش کے باوجود زمین میسر نہیں آتی وہ زمینداری کا کام بخوبی کر سکتے ہیں اور کرنا چاہتے ہیں اسی طرح سے ہمارے ملک میں اسوقت بھی مجھے علم ہے کہ لاکھوں ایکڑ زمین ایسی موجود ہے جسکے لئے ہماری حکومت نے پانی مہیا کیا ہے لیکن وہ آج تک مزارعین میں یا کاشتکاروں میں تقسیم نہیں ہوئی چونکہ ہماری حکومت کا منشاء یہ ہے کہ اسے بڑے افسروں میں تقسیم کرے یا اسکو نیلام کر دے - میں گورنمنٹ کے اس رویہ کو ملکی مفاد کے خلاف ایک خطرناک قسم کی سازش کہوں گا - چونکہ ہماری صنعتی ترقی اس حد تک تیز نہیں ہوئی کہ ہمارے زراعت پیشہ بھائی جو چکوک میں رہتے ہیں جنہیں زمین میسر نہیں آتی وہ شہروں میں آ کر صنعت کے کاروبار میں لگ جائیں اور انہیں ذریعہ معاش میسر آسکے- گاؤں میں وہ بیکار بیٹھے ہوئے ہیں انکو زمین میسر نہیں آتی - ہماری حکومت کو چاہئے تھا کہ وہ نئی کالونیز میں آباد کرنے کیلئے انکو جو سہولتیں بھی ممکن تھیں دیتی اور وہ کاشتکاروں

یا ان مزارعین جنکے پاس زمین نہیں ہے ان میں زمین تقسیم کرتی ۔ لیکن اسکے برعکس حکومت نے ہمیشہ اس سے الٹ عمل کیا ۔ مارشل لاء کے نفاذ کے بعد حکومت نے لینڈ ریفارمز کا قانون جاری کیا اور یہ کہا جاتا رہا کہ حکومت absentee landlords کی حوصلہ افزائی نہیں کرنا چاہتی بلکہ یہ چاہتی ہے کہ زمین کا جو مالک ہے وہ بذات خود ہل چلائے بذات خود کاشت کرے اور اس سے مالک کی معیشت کو فائدہ پہنچے تاکہ لوگ کاروبار میں لگ جائیں لیکن اس حکومت نے وعدوں اور دعاوی کے باوجود آج تک عملی طور پر اسکی طرف کوئی قدم نہیں اٹھایا اور وہ لوگ جنہوں نے انکی توجہ متعدد بار اسطرف دلائی انکی آواز سنی ان سنی کر دی ۔ یہ کسی کی جائز بات سننے کیلئے تیار نہیں ہیں ۔ بلکہ اپنی غلط پالیسی پر مصر ہیں ۔ جناب وزیر مال نے یہ بھی فرمایا تھا کہ اگر کالونیز کی نئی اراضیات مزارعین میں تقسیم کردیں تو اس سے ہمیں مالی مشکلات پیش آئیں گی میں انکی خدمت میں مؤدبانہ عرض کرتا ہوں کہ میں نے اس بل میں یہ گنجائش رکھی ہے کہ آپ اس اصول کو مانیں کہ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ colonies میں زیرکاشت آنے والی زمینیں مزارعین میں تقسیم کی جائیں اور تقسیم کرتے وقت مزارعین کو ترجیح دی جائے ۔ اس سے میرا یہ مطلب نہیں کہ آپ ان لوگوں کو زمینیں مفت تقسیم کر دیں ۔

بلکہ جو مناسب قیمت ان زمینوں کی ہو وہ مزارعین سے آسان اقساط میں وصول کر سکتے ہیں اور آپ کی طرف سے جو اعتراض پیش کیا جاتا ہے کہ اگر ہم مزارعین میں یہ زمینیں تقسیم کریں گے تو اس سے آبادکاری پر تمام خرچ حکومت کو برداشت کرنا پڑے گا۔ اور حکومت مالی مشکلات میں گرفتار ہو جائے گی۔ میرے خیال میں یہ قطعاً درست نہیں۔ اس کے علاوہ جناب وزیر مال نے یہ فرمایا تھا کہ بعض فوجی جو ہماری قوم کے لئے بڑی قربانی کرتے ہیں ان کی خدمات کو سراہنے کے لئے ان کو معاوضہ دینے کے لئے ہم ان کو زمینیں دیتے ہیں۔ ہمیں ان پر قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہے۔ لیکن میں جناب وزیر مال کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کروں گا کہ وہ ان کو زرعی اراضیات دینے کی بجائے نقدی کی صورت میں معاوضہ دے سکتے ہیں اور قومی مفاد اور قومی تقاضوں کے پیش نظر یہ ضروری ہے کہ زمینیں ہم محض ان لوگوں کو دیں جو خود ان کو کاشت کریں جناب سپیکر اس قسم کا تلخ تجربہ ہمیں حالیہ جنگ میں ہوا ہے۔ ہماری سکومت نے پبلک احتجاجات کے باوجود بارڈر ایریا کی اراضیات عام مالکان سے لیکر سابقہ فوجیوں کے حوالے کیں اور ہمیں یہ اعتراض تھا کہ آپ غیر حاضر زمیندار پیدا کر رہے ہیں اور ایسے اشخاص کو زمین دیتے ہیں جو خود ہل نہیں چلاتے زمین کے قطعات کی مالک دو چار مربعوں کے ہوتے ہیں۔ اکثر اوقات وہ اپنے آبائی گاؤں میں رہتے ہیں اور جو زمین ان کو دی جاتی ہے وہ مزارع یا کاشتکاروں کے حوالے کر دیتے ہیں۔ جب آپ کہتے ہیں کہ ہم ایک سابقہ فوجی کو زمین دیتے ہیں تو وہ عملاً بالکل درست نہیں ہوتا بلکہ حقیقتاً وہ زمین کاشتکار بلکہ مزارعین کے پاس رہتی ہے۔ حکومت کی یہ

پالیسی پہلے بھی بری طرح ناکام ہوچکی ہے۔ جناب سپیکر۔ اس کے ساتھ ساتھ میں جناب وزیر مال کی خدمت میں عرض کر دوں کہ ہماری حکومت نے ہمارے بہت سے افسران کو بہت بڑے بڑے رقبہ جات کالونیز میں ان کی اعلیٰ خدمات کے صلے میں دئے ہیں۔ اس کا آپ کو بھی علم ہے اور ساری قوم کو بھی علم ہے کہ ہمارے افسران کی بہت بڑی اکثریت ہمارے ملک کی کس قسم کی خدمت کر رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جن افسران کی اکثریت ایسی ہے کہ جن کے پاس لاکھوں روپیہ اور بڑی بڑی کوٹھیاں ہیں اور وہ بھی ناجائز ذرائع سے حاصل کی ہوئی ہیں۔ ان کے پاس بہت دولت موجود ہے ان لوگوں کو زمینیں دینا اور ان خدمات کے صلے میں جو میں نہیں سمجھتا کہ کب اور کہاں انہوں نے سرانجام دیں انتہائی زیادتی ہے اور ملکی مفاد کے خلاف ہے۔ اور خصوصاً ان حالات میں جب کہ سارے ملک میں لاکھوں کی تعداد میں مزارعین موجود ہیں۔ جن کو زمین میسر نہیں آتی اور ملک میں قحط کی صورت حال نمودار ہو چکی ہے۔ آج اگر ہم غیر ممالک سے غلہ درآمد نہ کریں تو ہمارے پاس اتنا غلہ نہیں ہے جس سے ہم ساری آبادی کا پیٹ بھر سکیں۔ اس لئے اگر ہماری حکومت یہ چاہتی ہے کہ وہ زراعت کو mechanised کرے تو اسکے لئے بہتر ہے کہ وہ اراضی جو پانچ دس مربعے ایک ایک افسر کو ناجائز طور پر دے رہی ہے محض ان کو نوازنے کے لئے دے رہی ہے تو اس طریقہ پر آپ اپنی دعاوی کے خلاف ایک absentee landlords کی کلاس پیدا کر رہے ہیں خصوصاً ان حالات میں جب کہ ملک میں لاکھوں کی تعداد میں مزارعین موجود ہیں یہ سراسر ناانصافی ہے یہ اس قسم کی زیادتی

ہے جو آپکی کہ آئندہ نسلیں آپ کو معاف نہیں کریں گی۔ بہتر یہ ہے کہ اگر آپ زراعت کو مشینی طریقہ پہ کرنا چاہتے ہیں تو کاشتکاروں کو مزارعین کو ساڑھے بارہ بارہ ایکڑ زمین تقسیم کریں اور اس کے بعد ان کو امداد باھمی کی بنیادوں پر سہولتیں بہم پہنچائیں تاکہ وہ ان نئے طریقوں سے زمین کو زیرکاشت لائیں۔ جناب سپیکر۔ ہم آج تک یہی کہتے رہے ہیں کہ اگر انہوں نے کسی مسئلہ کو نظر انداز کیا ہے تو وہ انسان اور انسانی طاقت ہے ۔ ہماری حکومت نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ ہمارے ملک میں بیکار لوگ بھی موجود ہیں اگر ہم ان کو کام پر لگا دیں گے تو ان میں حب الوطنی کا جذبہ صحیح صورت میں پیدا ہو سکتا ہے ۔ یہ باعزت شہری اسی صورت میں بنیں گے جب وہ محنت مشقت کر کے اپنے لئے باعزت روزگار حاصل کر سکیں ۔ جو آبادی بھوکی ہو ۔ جن کو کپڑا پہننے کے لئے میسر نہیں آتا اور وہ لوگ جو محنت مشقت کرنے کے عادی ہوں لیکن کام میسر نہ آتا ہو یہ صورت حال اور بھی تشویش پیدا کرتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وزیر مال صاحب کو اس حقیقت کا علم ہوگا کہ ہمارے دیہاتوں میں وہ علاقے جو کہ سابقہ پنجاب، سندھ یا سابقہ فرنٹیر میں واقع ہیں اور پہلے سے آباد ہیں وہاں اس قدر آبادی بڑھ چکی ہے کہ وہاں ملکیت کے یونٹ بہت چھوٹے ہیں اور اکثر اوقات وہ لوگ جو کاشتکاری کرتے ہیں وہ اپنے وقت کا ایک چوتھائی حصہ بھی صحیح معنوں میں کام پر صرف نہیں کرتے ۔ ان کی طاقتیں اور ان کی عقل جو اللہ تعالیٰ نے انہیں دی ہے وہ تمام کی تمام بیکار جاتی ہے اب ہماری حکومت کو محض چند افراد کو نوازنے کے متعلق نہیں سوچنا چاہئے ۔ حالات کا تقاضا یہ ہے کہ ہمارے سابقہ جو تعصبات ہیں انہیں چھوڑ دیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہمارا ہمسایہ ملک ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی) ۔

Mr. Speaker : The member should know that it can not be a full-fledged speech on the bill itself.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں تو اپنی تقریر کے آخری حصہ میں ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ میری تقریر کا سب سے اہم حصہ ہے ۔ بلکہ یہ حصہ میرے بل کی روح ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب اہم حصہ کو ذرا پہلے بیان فرما دیجئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ مجھے یہ پتہ نہ تھا کہ ہتھوڑا کس وقت گر جائے گا۔ جناب سپیکر۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ایک ملک میں ، جس کی تعریف ہماری حکومت اکثر کرتی ہے میرا مطلب چین سے ہے ۔ ہماری حکومت کو علم ہوگا کہ اس ملک میں وہ آبادی جو افیون یا پوست کی وجہ سے بدنام تھی تو وہی قوم آج تمام دنیا کی بڑی طاقتوں کے چیلنج کو قبول کئے ہوئے ہے اور دوسرے ملکوں کی ریشہ دوانیوں کے باوجود بھی آگے بڑھ رہی ہے ۔ اس حکومت نے محض یہ کیا کہ تمام کی تمام آبادی کو ترقیاتی کاموں میں اپنے ساتھ ملا لیا ۔ جناب سپیکر ۔ آپ چند ایک افراد کو نواز کر ان کو ناجائز فائدہ پہنچا کر ملکی مفاد کی حفاظت نہیں کر سکتے ۔ ہمارے ملک کی حالت اس وقت اس قسم کی ہے کہ آپ ساری قوم کو متحد کریں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ صدر محترم ۔ میرے معزز دوست حمزہ صاحب جس نیت سے یہ بل یہاں لائے ہیں ۔ ان کی نیت بہت اچھی ہے ۔ مجھے ان سے اتفاق ہے اور جو مقصد اس بل کے پس پشت ہے وہ بھی

بہت نیک ہے - اس سے کوئی اختلاف نہیں میں ان کی پوری تائید کرتا ہوں - مگر جو طریقہ اس مقصد کے حصول کے لئے انہوں نے بتایا ہے اس سے مجھے ضرور اختلاف ہے - یہ کالونائیزیشن آف گورنمنٹ لینڈ ایکٹ ۱۹۱۲ء سے چلا آتا ہے - اسے تقریباً ۵۴ سال ہو گئے ہیں - متعلقہ دفعہ جو اس کالونائیزیشن ایکٹ کی ہے وہ دفعہ ۱۰ ہے جس میں سے دو چار لائینیں پڑھ دیتا ہوں وہ یہ ہیں -

"The Provincial Government may grant land in a Colony to any person on such conditions as it thinks fit.

اس سب سیکشن کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کسی شخص کو کسی شرط پر سرکاری زمین دے سکتی ہے - اس کے لئے کوئی پابندی نہیں ہے - جس شخص کو دے جن شرائط پر دے اور جس قیمت پر دے - فروخت کرے، تبدیل کرے ، اجارہ پر دے ، معاف پر دے حکومت کو یہ اختیار ہے - بعض حالات میں حکومت مفت بھی دیا کرتی ہے- حکومت کو یہ اختیار ہے - مثلاً جنہوں نے جنگ میں نمایاں حصہ لیا - اپنے وطن کو بچایا ان کو مفت بھی زمین دی جاتی ہے - جہاں تک tenancy کا تعلق ہے وہ سب سیکشن ۲ میں ہے -

"The Provincial Government may issue a statement or statements of conditions on which it is willing to grant land in a colony to tenants."

اگر کاشت کار کو مزارع کو زمین دینی ہے تو اس سب سیکشن ۲ کے نیچے پہلے ہی ایک سکیم موجود ہے کہ یہ یہ شرط ہے ، اس قدر قیمت ہے ، اس قدر رقبہ ہے ، اس قدر اقساط ہیں ، اس قدر سود ہے - ایسی بہت سی سکیمیں ہیں - ایسا بھی طریقہ ہے کہ ایک شخص کو ایک سکیم کے تحت

زمین دی جاتی ہے تاکہ وہ اسے develop کرے - اور وہ ایک مقررہ میعاد کے اندر مقررہ شرائط کی پابندی کرتے ہوئے اکثر بعد میں مالک بن جاتا ہے - اگر ایک مزارع اتنا رقبہ اتنے سالوں میں develop کرے تو اسے اس کے مالکانہ حقوق مل سکتے ہیں تو یہ مختلف سکیمیں ہیں - جن پر کوئی پابندی نہیں ہر سکیم کا ایک مقصد ہوتا ہے - آپ کے بل میں ترمیم کا جو طریقہ ہے - نیت اور مقصد سے کوئی جھگڑا نہیں ـــــ صرف طریقہ غلط ہے - آپ کے بل کا لب لباب یہ ہے کہ حکومت کو کوئی اختیار نہیں کہ وہ کسی شخص کو کسی شرط پر کس تعداد میں کس قیمت پر کس طریق سے زمین دے - سوائے اس کے کہ وہاں کا جو کاشت کار ہے - اس کو دے آپ نے حکومت کے ہاتھ پاؤں جکڑ دئے ہیں - جس کو بھی وہ develop کرنے کے لئے زمین دے وہ ضرور اس کالونی کا مزارع ہو - اور کسی کو نہ دے - آبادکاری کا یہ مقصد نہیں ہے - مقصد یہ ہے کہ اگر سرکار کی کوئی زمین ہے اور وہ پڑی ہوئی ہے ، بے کار اور بنجر ہے - اسے کسی نے ترقی نہیں دی - اسے develop کرنا مقصود ہے حکومت جہاں سے بھی ہوں کاشت کاروں کو وہ زمین دے سکتی ہے چاہے وہ اس کالونی کا ہو چاہے وہ اس کالونی سے ملحقہ علاقہ کا ہمسایہ ہو ، اسی تحصیل یا ضلع کا ہو یا ساتھ کی کسی اور تحصیل کا ہو - ان سب کو زمین دی جا سکتی ہے اگر آپ نے کاشت کاری کے لئے ہمیں مقامی کا پابند کر دیا تو آپ کی زمین کی ڈیلوپلپمنٹ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی - آبادکاری کا مقصد یہ ہے کہ مقامی ہو یا باہر کا ہو جو جان مارنے والا ہو، جو شوق رکھتا ہو اسے آپ زمین دیں - اگر یہ نہیں ہے تو پھر جتنی آبادکاری ہے وہ کامیابی سے نہیں

ہو سکے گی ۔ آبادکاری صرف یہیں نہیں بلکہ کئی نئے بیراج میں گدو بیراج ہے ، غلام محمد بیراج ہے ، اور بہت سے بیراج ہیں ۔ ان تمام میں colonization ہو رہی ہے ۔ اگر ہم یہ اصول مان لیں کہ یہاں صرف انہی لوگوں کو زمین دی جا سکتی ہے جو یہاں کے مقامی لوگ ہیں ۔ تو ایسی کالونیاں بھی ہیں جہاں پہلے بالکل بیابان تھا آبادی بھی نہیں تھی ۔ اب وہاں لاکھوں ایکڑ زمین ہے ۔ آپ نے کالونی بنائی ہے پانی مہیا کیا ہے ۔ اس سے تو colonizatoinکا مقصد فوت ہو جائے گا ۔ اگر یہ شرط قبول کر لیں کہ وہاں باہر سے لوگ نہیں آئیں گے ۔ اس کے بعد کہاں سے لوگ آئیں گے جو وہاں کاشتکاری اور آبادکاری کریں ۔

اب آپ خیال فرمائیں کہ بعض وقت کالونی میں ایسی آبادی نہیں ہوتی جن کے پاس اتنا پیسہ ہو کہ وہ زمین کو develop کرنے کا کام شروع کر سکیں ۔ بیل خرید سکیں ، وہاں مزدور لگا سکیں ، کچھ خرچ کر سکیں میں یہ نہیں چاہتا کہ یہ زمینیں بڑے بڑے زمینداروں کو دی جائیں لیکن اتنا ضرور ہے کہ جن لوگوں کو زمین دی جائے وہ ایسے لوگ ضرور ہونے چاہئیں کہ غیرآباد زمین کو آباد کرنے کے لئے تھوڑا بہت بوجھ برداشت کر سکیں ۔ ان میں توفیق ہو کہ اپنی جیب سے تھوڑا بہت خرچ کر سکیں ایسا نہ ہو کہ اس کے پاس بالکل کچھ نہ ہو اور وہ ساہوکار کا محتاج ہو ۔ اور وہ قرضہ لے کر اپنے خاندان کو برباد کرکے رہ جائے ۔ آپ کا یہ کہنا کہ ساڑھے بارہ ایکڑ سے کسی صورت میں رقبہ کم نہ ہو ۔ subsistence یونٹ ہو ۔ یہ تو پہلے سے ہے ۔ ہم اس سے کم نہیں دیتے ہیں ۔ ہم نے کسی سکیم میں اس سے کم نہیں دیا ۔

ہماری جتنی بھی سکیمیں ہیں۔ ان کے تحت ہم ساڑھے بارہ ایکڑ سے کم تو نہیں دیتے ہیں۔ اس طرح آپ کا مقصد اس بل کے لانے کے بغیر بھی پورا ہو سکتا ہے۔ ہاں ایک بات ہے کہ جس کے ساتھ مجھے سخت اختلاف ہے اور وہ یہ کہ آپ کہتے ہیں کہ ہو نہ ہو اسی جگہ کے رہنے والوں کو جو کہ پہلے سے ہی کاشتکار ہیں۔ زمین ان کو دی جائے اور باہر سے لوگوں کو نہ بلائیں۔ میں اس کے خلاف ہوں۔ میں یہ نہیں کہتا چاہتا ہوں لیکن خدا نہ کرے اگر ہمیں ضرورت پڑ جائے۔ اور میں پھر دھراتا ہوں کہ خدا نہ کرے اگر پھر کوئی ایسا موقع آیا اور ہمیں ان لوگوں کو جو کہ پاکستان کی خاطر قربانیاں کر کے اپنا گھربار برباد کر کے وطن کی حفاظت کرتے ہیں اگر ہم ان لوگوں کو دوبارہ اپنے گھروں میں آباد نہ کر سکے۔ ان کی آبادکاری ان کے آبائی گاؤں میں ان کی آبائی جائداد پر ناممکن ہو۔ تو کیا یہ حکومت کا فرض نہیں ہے کہ وہ لوگ جنہوں نے کہ پاکستان کے لئے قربانیاں دی ہیں۔ اپنے خاندان کو تباہ کیا ہے۔ اپنی زمینیں اپنی ملکیت، اپنا گھر بار، اپنا سب کچھ تباہ کیا ہے اور وہ دربدر پھر رہے ہیں۔ تو اگر حکومت ان کو گوجرہ کے پاس کالونی میں بھیجے تو وہ جو پاکستان کو بچانے والے ہیں۔ اگر وہ گوجرہ کے پاس کالونی میں جا کر زمینوں کو آباد کریں تو پھر حمزہ صاحب کہیں گے کہ نہیں صاحب یہاں تو صرف گوجرہ ہی کے لوگ آ سکتے ہیں۔ باہر سے لوگوں کو نہ آنے دیں۔ تو میں اس کی سخت مخالفت کرتا ہوں۔ آپ نے ہمارے ہاتھ بھی باندھ دئے ہیں۔ اور پھر آپ اب ہمارے ہاتھ کیسے باندھ سکتے ہیں اور دیکھئے اگر خدا نخواستہ یہ ہونا

ہے تو وہ بعد میں دیکھا جائے گا ۔ بہرحال اب آپ نے منگلا ڈیم بنایا ہے ۔ کیونکہ ہندوستان نے آپ کے تینوں دریاؤں کا پانی بند کر دیا ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ پنجاب کا کتنا علاقہ اس وجہ سے برباد ہو گیا ہے اور ہو رہا ہے بہاولپور میں کتنی سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں ذاتی وضاحت کے طور پر کچھ عرض کرونگا ۔

وزیر مال ۔ میں آپ کو ضرور موقع دوں گا ۔ میں تو اس معاملے میں بہت وسیع القلب ہوں ۔ اگر آپ کا حق نہ بھی بنتا ہو تب بھی میں سپیکر صاحب سے گذارش کروں گا کہ آپ کو جواب دینے کا ضرور موقع دیں ۔

تو میں عرض کر رہا تھا کہ ہندوستان نے تینوں دریاؤں کا پانی بند کر دیا ہے اور آپ کو معلوم ہے کہ پنجاب کو کتنی تکلیف ہے ۔ اور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ بہاولپور میں کتنی تباہی ہوئی ہے ۔ کتنا علاقہ برباد ہو رہا ہے اور کتنا ہو چکا ہے ۔ تو اس کے انتظام کے لئے آپ نے منگلا ڈیم بنایا ۔ اور جو کہ انڈس بیسن کے تحت بنایا جا رہا ہے اور بھی بہت سے منصوبے ہیں ۔ آپ کو معلوم ہے کہ منگلا ڈیم کے لئے آپ نے پورا ایک گاؤں میرپور بالکل خالی کروا دیا ۔ اور وہاں کے لوگوں کو زبردستی وہاں سے باہر نکال دیا ہے ۔ آپ اس کے علاوہ کیا کر سکتے تھے ۔ یا تو آپ نے میرپور کے گاؤں کو رہنے دینا تھا یا پھر منگلا ڈیم بنتا ۔ اور اگر آپ منگلا ڈیم بنائیں گے ۔ تاکہ پنجاب ، صوبہ سرحد اور

دوسرے علاقوں کو وہ پانی جو ہم نے چھین لیا ہے ۔ (کیونکہ متبادل انتظام یہی ہے) منگلا ڈیم کا پانی دیں تو اس کے لئے آپ نے میرپور گاؤں کو بالکل خالی کرا دیا ہے۔ وہاں سے ہم نے لوگوں کو بڑی دقت کے ساتھ نکالا ہے ۔ اب آپ یہ خیال فرمائیں کہ کیا یہ حب الوطنی کے مترادف ہوگا ۔ کہ ہم میرپور کے لوگوں کو نکال تو دیں کیونکہ ہم نے منگلا ڈیم بنانا ہے ۔ لیکن وہاں کے لوگوں کو آباد کرنے کے لئے اور کوئی انتظام نہ کریں ۔ ہمیں اگر ضرورت پڑے گی تو ہم ایسے لوگوں کو وہاں پر زمینیں دیں گے ۔ مثلاً راول ڈیم ہے ۔ منگلا ڈیم ہے ۔ تربیلہ ڈیم ہے اور بھی ہمچو قسم کے دیگر ڈیم ہیں جہاں سے کہ آپ لوگوں کو زبردستی نکالتے ہیں اور یہ زبردستی اس لئے نہیں کہ آپ ان پر ظلم کرتے ہیں بلکہ اس لئے کہ آپ مغربی پاکستان کی وہ ضروریات پوری کرنے کے لئے انہیں زبردستی نکالتے ہیں کہ جن کے بغیر آپ زندہ نہیں رہ سکتے جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے۔ آپ آبپاشی کے وسائل کے بغیر کیسے زندہ رہ سکتے ہیں ۔ اگر آپ کے پاس آبپاشی کے وسائل نہ ہوں گے تو آپ کے تمام کے تمام علاقے برباد ہو جائیں گے ۔ بیابان ہو جائیں گے اور پھر وہ تکلیف کہ جسے خوراک کی کمی کہتے ہیں خوراک کی کمی کیا قحط آ جائیگا ۔ اس لئے اس کی پیش بندی کے طور پر ہم ڈیم بنا رہے ہیں اور ڈیم بنانے کی وجہ سے لوگ وہاں سے نکالے جا رہے ہیں اور انہیں دوسری جگہوں میں آباد کیا جا رہا ہے تو اب آپ میرپور کے لوگوں کو کہاں آباد کریں گے اگر آپ انہیں کالونی میں آباد نہیں کریں گے تو اور کہاں آباد کریں گے ۔ ہم ان کو آباد کر رہے ہیں اور اگر خدا نخواستہ کسی اور

کو بھی تکلیف ہو گئی تو ہم اسے بھی وہیں کالونی میں بھیجیں گے ۔ آپ کہتے ہیں کہ میرپور سے لوگ نہ آئیں ۔ راول سے نہ آئیں ۔ جہلم سے نہ آئیں ۔ کسی بھی جگہ سے نہ آئیں ۔ ہو نہ ہو آپ اسی کالونی کے اندر سے ہی مزارعین کو آنے دیں تو اگر آپ اس قسم کا بل لائیں گے ۔ تو لامحالہ میں اس کی حمایت نہیں کروں گا اس لئے کہ آپ حکومت کے ہاتھ باندھتے ہیں ۔ اس لئے نہیں کہ حکومت کو تکلیف ہو ۔ اس لئے کہ آپ ایسے لوگوں کے حقوق پر پابندی لگاتے ہیں ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ وہ مستحق لوگ ہیں ان کو ترقی دینے کے لئے یا ان کی ضروریات کے پیش نظر باہر سے مقابلہ کر کے لائے جائیں یا ان کو reward کرنے کے لئے ، جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے اگر آپ کالونی میں باہر سے کسی کو لائیں اور پھر اس کو وہاں زمین دیں اور آخر میں آپ اس کو مالک بنا دیں اور آپ کہتے ہیں کہ نہیں ۔ یہ نہ ہو ۔ اس لئے میں اس بل کی سخت مخالفت کرتا ہوں ۔ یہ تو میں نے واقعات عرض کئے ہیں۔ ایک قانونی نقطہ بھی رہ گیا ہے جو کہ self contradictory ہے آپ نے یہ کہہ دیا ہے کہ کالونی کی زمین کالونی کے tenants کو دیں ۔ لیکن آپ نے tenant کی تعریف نہیں کی کہ tenant کی تعریف کیا ہے ۔ آپ نے اپنے اس ترمیمی بل میں tenant کی تعریف نہیں کی ہے اور بفرض محال اگر آپ کا یہ بل پاس ہو گیا تو یہ اس ایکٹ کا ایک حصہ ہو جائے گا ۔ تمام وکلاء صاحبان یا وہ اصحاب جن کو قانون کا کچھ بھی علم ہے ان کو اس بات کا علم ہے کہ اگر یہ ترمیمی بل پاس ہو گیا تو یہ ایکٹ کا ایک حصہ بن جائے گا اور

جب کبھی بھی tenant کا ذکر آئے گا تو چونکہ آپ نے tenant کی تعریف ھی نہیں کی ۔ اس لئے جب بھی کوئی جھگڑا اٹھے گا کہ tenant کیا ھے تو اس کی تعریف اس ایکٹ کے تحت کی جائے گی جو کہ پہلے سے موجود ھے اور اس کی تعریف بھی وھی ھوگی جو کہ اس ایکٹ میں پہلے سے موجود ھے ۔ اسے بھی ذرا دیکھ لیں کہ tenant کی کیا تعریف دی ھوئی ھے ۔ کیونکہ آپ نے جو tenant کا لفظ استعمال کیا ھے ۔ اس پر یہی definition apply کرے گا کیونکہ اس کے علاوہ تو اور کوئی تعریف آپ نے بتائی ھی نہیں ۔ وہ تعریف یہ ھے ۔

'Tenant' means any person holding land in a colony as a tenant of the Crown and includes the predecessor and successor-in-interest of the tenant.

tenant اس کو کہتے ھیں جو کہ پہلے سے اس کالونی میں رھتا ھو اور اسے حکومت نے زمین دی ھو ۔ وہ اس کے وارث اور اس کے جانشین سب ھی tenant کی تعریف میں آتے ھیں تو اگر ایک شخص کالونی میں پہلے سے موجود ھے۔ اور حکومت نے اسے زمین دی ھے جو کہ subsistence holding یعنی ساڑھے بارہ ایکڑ سے کم بھی نہیں ھے اور وہ tenant ھے اور وہ ان شرائط کے تحت کہ جن کے تحت اس نے زمین لی ھے ۔ بتدریج اور آخرکار دس بیس سال کے بعد مالک بن جاتا ھے ۔ بشرطیکہ وہ تمام اقساط ادا کرے۔ تو تمام اقساط ادا کرنے کے بعد وہ مالک بن جاتا ھے ۔تو اگر وہ مالک بننے والا ھے ۔ اور اس کے پاس زمین ھے ۔ اور وہ اقساط دے گا تو وہ بالاخر مالک بن جائیگا ۔ اگر اقساط ادا نہیں کرے گا ۔ تو وہ tenant ھی رھے گا ۔ اور اگر وہ اقساط میں قیمت ادا کر دے تو وہ مالک بن

جائے گا ۔ تو جس کے پاس پہلے زمین ہے ۔ تو آپ اسے اور زمین کیسے دے سکتے ہیں ۔

'Tenant' means a tenant as defined in the Act. You have given no definition of the word 'tenant'. Whenever the word 'tenant' is interpreted it would be interpreted according to the definition already in the Act.

'Tenant' means a tenant who holds any land in a colony as a tenant of the Crown, he cultivates it and includes the predecessor and successor in-interest of the tenant.

اگر ایک شخص کے پاس پہلے سے ہی حکومت کی کم ازکم ساڑھے بارہ ایکڑ زمین ہے ۔ اور وہ کاشتکار ہے یا مالک بننے والا ہے ۔ اور آپ کہتے ہیں کہ اسے مزید ساڑھے بارہ ایکڑ زمین دیدیں ۔ تو یہ نہیں ہو سکتا ہے ۔ آپ تو اسے لینڈ لارڈ بنا رہے ہیں ۔ پہلے ہی اسکے پاس کم ازکم ساڑھے بارہ ایکڑ زمین موجود ہے ۔ اور ممکن ہے ۔ کہ اسکے پاس اس سے بھی زیادہ یعنی بیس تیس یا چالیس ایکڑ زمین موجود ہو ۔ اور آپ کہتے ہیں کہ ہم اسے مزید ساڑھے بارہ ایکڑ زمین دیں ۔ تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ آپ خود ہی بڑے بڑے لینڈ لارڈ پیدا کر رہے ہیں ۔ اسلئے صدر محترم ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں عرض کرونگا ۔ چونکہ میں نے واقعاتی طور پر بھی عرض کیا ہے ۔ اور گو کہ اس میں اور بھی بہت سی باتیں ہیں ۔ لیکن یہ بل کچھ ایسا نہیں ہے کہ اس پر میں مزید وقت لوں ۔ اور ایوان کا وقت ضائع ہو ۔ اور میں نے قانونی طور پر بھی عرض کر دیا ہے ۔ لہذا ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی سختی کے ساتھ مخالفت کرتا ہوں ۔

(At this stage Mr. Hamza rose to speak).

Mr. Speaker : Has Mr. Hamza risen on a point of personal explanation ?

Mr. Hamza : Yes, Sir.

Mr. Speaker : Although there is no right of reply in the Rules still I allow him to make a point of personal explanation.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کی بڑی مہربانی ہے ۔ کہ آپ نے مجھے دوبارہ کچھ عرض کرنے کا موقع مرحمت فرمایا ہے ۔ جناب وزیر مال میرے اس مسودہ قانون کے نقائص اس طرح بیان فرما رہے تھے ۔ کہ جیسے یہ اس مسودہ قانون کی تیسری خواندگی کے لئے اس ایوان کے سامنے پیش ہوا ہو ۔ اگر انہوں نے اس پر اعتراض ہی کرنا تھا ۔ تو بہت تھا کہ اسے سٹینڈنگ کمیٹی میں جانے دیتے ۔ اور اگر اس میں کوئی نقائص تھے ۔ تو ان پر وہاں بحث مباحثہ کر کے انہیں دور کیا جا سکتا تھا ۔ میں ان سے عرض کردوں کہ میں حکومت کے ہاتھ نہیں باندھنا چاہتا ۔ اور نہ ہی باندھ سکتا ہوں ۔ میں نے جو ترمیم دی ہے ۔ اس کا مقصد محض یہ ہے ۔

> "Provided that the land so granted shall not be less than a subsistence holding as defined in the West Pakistan Land Reforms Regulation (M.L.R. No. 64) and while granting the land preference shall be given to the tenants of the colony, who did not own any land."

میں نے اس کی توجیہہ کے لئے عرض کیا کہ اس ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ وہ زمین کسی کو نہیں دی جا سکتی ۔ سوائے ان لوگوں کے جو منگلا بند کے مہاجرین ہیں یا جنگی بے گھر ہوں وہاں ان

لوگوں کو بسائیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کو آگے کرکے آپ یہ زمینیں بڑے بڑے افسران کو دے رہے ہیں یا بڑے بڑے سرمایہ داروں کو یہ زمینیں نیلامی میں دے رہے ہیں اور زمینیں ان کے حوالے کر رہے ہیں اور انہی کے مفادات کی حفاظت کر رہے ہیں ۔ میرا مقصد یہ ہے کہ جو لوگ محنت کر سکتے ہیں جن کے پاس سرمایہ نہیں ان کا انتظام کرنا چاہئے ۔ حکومت کس مقصد کے لئے ہے اس کا فرض ہے کہ جن کے پاس کچھ نہ ہو ان کو یہ زمینیں دیں ان کو اس قسم کی سہولتیں بہم پہنچائیں جو ان کو اچھی طرح سے کاشت کر سکیں ۔ مجھے ذاتی طور پر معلوم ہے کہ تھل میں ہزاروں ایکڑ زمین پڑی ہے وہاں آپ نے مکانات بھی بنوائے ہیں وہاں جنگی بے گھروں کو آباد کرنا چاہئے تھا مجھے پتہ ہے کہ کئی سال سے وہاں پانی بھی مہیا کیا جا چکا ہے وہ زمین بیکار پڑی ہے لیکن آج تک کسی کو الاٹ نہیں کی گئی ۔ نہ کسی جنگی بے گھر کی محبت کی وجہ سے نہ کسی فوجی کی قربانیوں کے احساس کی وجہ سے اور نہ کسی بند کے displaced مہاجروں کی تکلیفات کی وجہ سے اگر یہ اس بل کی مخالفت کرتے تو ان کا مقصد صرف یہ ہے کہ ان کے ہاتھ کھلے رہیں اور جن افسروں کو نوازنا چاہیں یا جن سرمایہ داروں کو ہمارے سر پر بٹھانا چاہیں ان کو Absentee Land Lords بنا دیں محض ان لوگوں کی حمایت کے لئے اس بل کی مخالفت کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I have yet to see what was the point of personal explanation.

Mr. Hamza : This is a point of personal explanation.

Mr. Speaker : This is not a point of personal explanation.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ انہوں نے میری معروضات کو بالکل غلط رنگ دیا ہے جو صحیح بات تھی وہ ہم سے چھپاتے رہے اور غلط بات ہمیں بتاتے رہے ۔

وزیر مال ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ یہ تسلی رکھیں کہ ہم یہ کبھی نہیں کریں گے کہ زبردستی سے ہم باہر سے لوگ لائیں اور جن کا حق ہے ان کو ignore کریں ہم یہ نہیں کریں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ ignore کر رہے ہیں ۔

وزیر مال ۔ آپ کو معلوم نہیں ۔ میرے وقت میں تمام سکیمیں suspended ہیں بالکل معطل ہیں ۔ یہ جو سکیمیں چل رہی ہیں یہ پرانی tenancy کی سکیمیں ہیں ۔ میں آپ کو تسلی دیتا ہوں کہ اگر وہاں کالونی کے رہنے والے لوگوں کے پاس کوئی زمین نہ ہو ۔ اگر وہاں کسی کاشتکار کے پاس پہلے سے زمین نہ ہو اور اس سے بہتر آدمی ہمیں نہ ملے اور وہ بہتر ہو تو پہلے اس کو زمین دی جائیگی اور بعد میں کسی اور کو دی جائے گی ۔

Mr. Speaker : That was not a point of personal explanation. As a matter of fact neither the point raised by the member nor the reply given by the Minister could be called a point of personal explanation.

I will now put the question. The question is—

That leave be granted to introduce the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

The motion was lost.

THE WEST PAKISTAN REDEMPTION AND RESTITUTION OF MORTGAGED LANDS BILL, 1966.

Mr. Speaker : Next motion please.

Sahibzadi Mahmooda Begum (PW-153-Zone - III) : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands Bill, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands Bill, 1966.

Minister of Revenue : Opposed.

صاحبزادی محمودہ بیگم - جناب والا - یہ بل پیش کرنے کا مقصد چھوٹے مالکان اراضی کے حقوق کی حفاظت ہے . ہماری گورنمنٹ گذشتہ بیس سال کے عرصہ میں یہ کوشش کرتی رہی ہے کہ چھوٹے مالکان اراضی کی تمام تکالیف رفع کی جائیں اور ان کو زیادہ سہولتیں بہم پہنچائی جائیں موجودہ بل لانے کا مقصد ان مالکان اراضی کے ان حقوق کی حفاظت ہے جو کسی قانون کے معمولی سقم کی وجہ سے ان کو حاصل نہیں ہوتے رہے - ۱۹۱۳ء میں حکومت نے ایک قانون وضع کیا تھا جس کی رو سے ان مالکان کو جو بہ وقت ضرورت (مصیبت کے وقت) اپنی زمین رہن رکھتے ہیں ان کے لئے ایک قانون بنایا گیا لیکن اس قانون کی دفعہ ۷ میں ایسا سقم باقی رہ گیا ہے جس کی وجہ سے ایک قلیل مدت کے اندر اگر وہ آدمی اپنی زمین رہن رکھتا ہے اس کے لئے درخواست نہ دے سکے یا وہ درخواست اس کی غیر حاضری میں یا اس کی بیماری یا کسی اور وجہ سے یا کسی ایسے وقفہ کے لئے جب وہ کھانا کھانے کے لئے گیا ہو آواز پڑی

ہو اور وہ موجود نہیں ہے اس وجہ سے اس کی درخواست اگر مسترد کر دی جائے تو پھر اس کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپیل کرے اور زمین اس آدمی سے جس کے پاس رہن رکھی ہے واگذار کرا سکے ۔ اس عرصہ کو جو بارہ ماہ کا ہے ۔ ابھی ابھی مجھے معلوم ہوا ہے کہ میری اطلاع بہت زیادہ صحیح نہیں ہے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ میری اطلاع زیادہ صحیح ہے ۔ لیکن جیسا کہ خان صاحب نے فرمایا ہے میری گذارش یہ ہے کہ چھوٹا زمیندار جس کی تھوڑی سی زمین ہے اور اس کے خاندان کی کچھ ایسی تکالیف اور مشکلات ہوتی ہیں کہ مجبور ہو کر وہ اپنی زمین کو رہن کرتا ہے اور وقتی طور پر اپنی ضروریات پوری کرے تو یہ بے انتہا ظلم ہے کہ اس قلیل عرصہ میں جو کسی مجبوری کی وجہ سے اپیل کر سکے تو اس کی وہ کائنات جو اس کی اور اس کے خاندان کی ملکیت ہے کسی ایسے آدمی کے ہاتھ چلی جائے جس کے پاس اس کو اس نے رہن کیا ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔ جناب والا۔ بیگم صاحبہ جو ترمیمی بل لائی ہیں ان کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے ان کا یہ خیال ہے کہ اگر ایک شخص کلکٹر کو درخواست دے دے جس کی زمین کسی کے پاس رہن ہو وہ فک الرہن کے لئے درخواست دے جو اس ایکٹ کے تحت دے سکتا ہے اور بد قسمتی سے وہ کلکٹر کسی وجہ سے اس کی درخواست مسترد کر دے تو اس راہن کے لئے جو زمین کو فک الرہن کرنا چاہتا ہے کوئی علاج اس کے سوا نہیں ہے کہ وہ عدالت دیوانی میں ۱۲ ماہ کے اندر اندر دعویٰ دائر کرے اگر وہ ۱۲ ماہ کے اندر کسی دیوانی عدالت میں فک الرہن کے لئے دعویٰ دائر کر دے تو بہتر۔ اگر کسی

وجہ سے غربت کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے وہ نہ کر سکے اور ایک سال گذر جائے تو اس کا دعویٰ زائد المیعاد ہو جاتا ہے اور پھر وہ کبھی کوئی دعویٰ نہیں کر سکتا اس کے لئے کوئی علاج نہیں ہے اور دائمی طور پر وہ زمین اس سے چلی گئی ہے اور مرتہن اس کا مالک بن جائے گا ۔ یہ غلط ہے ان کے دل میں جو خیال ہے کہ ۱۲ ماہ میعاد ہے اس کے اندر ہی دیوانی عدالت میں دعویٰ دائر ہو سکتا ہے ۔ اس کا کوئی وجود ہی نہیں ۔ میں نے ایکٹ کو بڑے غور سے پڑھا ہے اوروں سے بھی پڑھوایا ہے ۔ لاء منسٹر صاحب سے بھی پوچھا ہے مجھے تو کہیں نظر نہیں آیا کہ اگر کوئی درخواست مسترد ہوجائے تو وہ عدالت دیوانی میں جا تو سکتا ہے لیکن یہ کہاں لکھا ہے کہ اس کے لئے ۱۲ ماہ مقرر ہیں اس کے بعد نہیں جا سکتا ۔ اس سلسلہ میں میں نے رولز دیکھے ہیں instructions دیکھی ہیں مجھے تو کہیں نظر نہیں آیا ۔ ان کو خدا جانے کس نے کان میں کہہ دیا ہے کہ بارہ ماہ کے بعد دعویٰ زائد المیعاد ہو جائے گا ۔ ایکٹ میں تو نہیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن) ۔ بیگم صاحبہ کہتی ہیں کہ اسے Standing Committee میں بھیجو ۔

وزیر مال ۔ وہاں کیوں بھیجوں جب میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں اور پوری ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں کہ ایکٹ میں کہیں یہ نہیں ہے کہ اگر درخواست دہندہ کی درخواست مسترد ہو جائے تو ۱۲ ماہ کے اندر دعویٰ دائر کرنا پڑے گا ۔ یہ کہیں بھی نہیں ہے ۔

میں آپ سے کہتا ہوں کہ یہ کہیں بھی نہیں ہے اسکے لئے ۶۰ سال مقرر ہیں یہ تو limitation act میں ہے یہ تو تسلیم شدہ امر ہے کہ اگر کلکٹر کسی دعویٰ کو مسترد کر دے تو اسکو حق ہے کہ وہ عدالت دیوانی میں دائر کر سکتا ہے اس میں کوئی ایسا کلاز نہیں ہے ۔ صرف جھگڑا یہ ہے کہ آیا اسے عدالت دیوانی میں دعویٰ کرنے کیلئے ۱۲ مہینہ کی میعاد دیگئی ہے یا ۶۰ سال کی تو میں انکی توجہ limitation ایکٹ کے First schedule اور آرٹیکل ۱۴۸ کیطرف دلاتا ہوں ۔

"Against a mortgagee to redeem or to recover possession of immovable property mortgaged."

یعنی کوئی دعویٰ جو مرتہن کے خلاف فکالرھن یا قبضہ حاصل کرنے کے لئے کیا جائے۔ پھر اس کے کالم ۲ میں ہے۔ period of limitation 60 years جس دن سے اسکو یہ حق حاصل ہوا کہ وہ فک الرھن کا دعویٰ کرے یا قبضہ لینے کا دعویٰ کرے when the right to redeem or to recover possession accrues اس دن سے وہ ۶۰ سال تک وہ عدالت دیوانی میں دعویٰ کر سکتا ہے ۔ میرے خیال میں اب انکی تسلی ہوگئی ہوگی اگر کسی نے انکو ۱۲ مہینے بتایا ہے تو میں انکو بتاتا ہوں کہ ۱۲ مہینے اسمیں نہیں لکھے ہیں۔ مجھے شک گزرتا ہے کہ انکی توجہ شاید آرٹیکل ۱۴ کیطرف کسی نے دلائی ہے اسمیں بھی تب ھی ہو سکتا ہے جب provision نہ ہو اور جب provision صاف موجود ہے کہ ۶۰ سال تک دعویٰ کر سکتا ہے تو پھر ایک سال یا بارہ مہینے کی مدت کوئی چیز نہیں ہے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ میری اس وضاحت کے بعد کہ راھن کو عدالت

دیوانی میں ۶۰ سال تک کی میعاد حاصل ہے وہ اس بل کو واپس لے لیں گی ۔

خان محمد یوسف ۔ جناب میں ایک قانونی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ ۔آئی۔ یو خان نے ابھی ایک فیصلہ کیا ہے اسمیں انہوں نے سیکشن ۱۲ کیطرف توجہ دلائی ہے اور کہا ہے کہ اسکی کوئی میعاد نہیں ہے ۔

وزیر مال ۔ آئی ۔یو۔ خان ایک افسر ہیں انہوں نے اپنے فیصلہ میں کہا ہے یہ کوئی قانون نہیں ہے ۔

خان محمد یوسف ۔ میں کہتا ہوں کہ انہوں نے اسکی کوئی مدت ہی نہیں رکھی ہے یعنی جب چاہے دعویٰ کیا جا سکتا ہے ۔

وزیر مال ۔ آپ کا مطلب یہ ہے کہ آئی ۔یو۔ خان نے اسکی کوئی میعاد نہیں رکھی ہے یعنی ۶ ہزار سال تک بھی دعویٰ کیا جا سکتا ہے ۔

خان محمد یوسف ۔ جی ہاں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب وزیر مال نے فرمایا ہے کہ اگر انکا فیصلہ انکے مقصد میں ہے تو پھر قطعی فیصلہ ہے اور اگر انکے مقصد کے مطابق نہیں ہے تو وہ فیصلہ نہیں ہے (قہقہہ) ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب یہ لفظ سیکشن ۷ میں استعمال کیا ہے۔

"...the order shall be conclusive".

"Any party aggrieved by an order of the Collector passed under Section 5 or 6 may institute a suit to establish a right in respect of the mortgage but subject to the result of such suit, if any, the order shall be conclusive."

غالباً صاحبزادی صاحبہ نے اس قانون کا حوالہ تو نہیں دیا جس میں ایک سال کا period of limitation ہے ؟

وزیر مال - دو چیزیں ہیں کہ اگر کسی کا دعویٰ خارج ہوجائے تو اسکو یہ حق حاصل ہے کہ وہ دیوانی میں دعویٰ کرے کیونکہ اسکو سیکشن ۷ نے حق دیا ہے اور اگر وہ دیوانی میں دعویٰ نہ کرے تو کلکٹر کا جو آرڈر ہے وہ فائنل ہوگا -

"Any party aggrieved by an order of the Collector passed under Section 5 or 6 may institute a suit to establish a right in respect of the mortgage..."

So, he can institute a suit.

Mr. Speaker : What is the period of limitation ?

وزیر مال - یہاں یہ دیا ہوا ہے

"...may institute a suit to establish a right in respect of the mortgage..."

اسکے لئے میں نے یہ کہا تھا

He can bring a civil suit.

Mr. Speaker : But what is the period of limitation ?

Minister of Revenue : He can bring a civil suit but "subject to the result of such suit, if any, the order shall be conclusive".

Mr. Speaker : But Khan Sahib what will be period of its limitation ?

وزیر مال - اس ایکٹ میں کہیں بھی period of limitation نہیں دیا ہوا ہے وہ کہتے ہیں کہ بارہ مہینے میں کہتا ہوں کہ ۶۰ سال ہے - یہ تو سرسری چیز ہے ہمیں ایک چیز نہیں بھولنی چاہئے

This is a summary remedy provided by this Act. He has got a right to move the civil law.

جب ایک آدمی دیوانی عدالت میں جا کر دیوانی حق کیلئے دعویٰ کرتا ہے تو دیوانی دعویٰ میں تو دیوانی قانون ہی حاوی ہوگا ۔

If a man goes to a civil court for his remedy, the normal civil law will apply.

اور سول لا میں limitation act ہے ۔ اس میں کلام نہیں صرف دو تین basic چیزیں ہمیں یاد رکھنی چاہئیں ۔

If anybody feels aggrieved by the order of the Collector he can file a civil suit. It is quite clear that he can file a civil suit. If he does not file a civil suit at all then this order will remain. Now, the question is as to what is the period of limitation for filing a civil suit ? It has not been given in this Act. Now, if a man goes to a civil court for the redemption of his land, the civil law will apply. The Law of Limitation will apply and in the Law of Limitation the period of Limitation is 60 years.

اس ایکٹ میں تو کوئی limitation نہیں دیا ہوا ہے۔

Mr. Speaker : So, this provision in the previous Act which was.....

Minister of Revenue : There was no provision given in that. In the previous Act there was no period of limitation.

Mr. Speaker : So far as I remember there was a prescribed period of one year but I cannot quote the relevant provisions.

Minister of Revenue : There was no provision in that. But so far as Section 7 is concerned it says only this that an aggrieved party may go to a civil court. He can bring a civil suit. Now, the question is what is the period of limitation for that ? Now I don't understand where from the Begum Sahiba has come across the law which prescribes the period of limitation as 12 months. Sir, in a civil court the civil law will apply and the normal law is the Law of Limitation. Under the Law of Limitation the period prescribed is 60 years. So, he can bring in a suit within 60 years. There is no period of limitation given anywhere.

Minister of Law : Sir, may I be permitted to clarify the position. The Revenue Minister has rightly pointed out that it is the result of some misapprehension present in the mind of the member who has moved this Bill. After all from where this connotation of 12 months has been borrowed ? She herself not being a lawyer it is definitely certain that this has been suggested to her by some lawyer, some member of the legal profession. If you kindly refer to Article 14 of the Limitation Act you will find it says that—

> "If any order of any Government functionary is challenged the period of limitation is twelve months."

So, the gentleman who had suggested this seems to be under the impression that the order of the Collector passed under Section 5 or 6 of this Act of 1964 is challenged before the Civil Court and therefore the period of limitation is 12 months. But the difference lies in this that a suit for redemption of mortgage, even after an order is passed by the Collector under the 1964 Act, will not be to challenge the order of the Collector. The decision of the Collector under this Act, undoubtedly, it will be for 12 months but the suit will be for redemption of mortgage or the rights between the two parties, i.e., the mortgager and the mortgagee. So, it is not a suit for challenging the order of the Collector but it will be a suit for having rights between the mortgager and the mortgagee vis-a-vis redemption of mortgage agigated and adjudicated upon in the case. The proper Article will be 148 as pointed out by the Revenue Minister. Assuming that in the old Act of 1913, which has been repealed by this Act of 1964, the period was 12 months and since that has been removed.....

Mr. Speaker : Was it there ?

Minister of Law : I am not sure but I am arguing on the assumption. If that was so.....

Mr. Speaker : I remember it like that that there was some period of limitation.

Minister of Law : We will take it up. Now since that has been removed because the provision envisages under this Act that there is no period of limit. Since that has been removed, intention still becomes clear that the period of limitation has been totally eliminated. The period under the Limitation Act is 60 years, and, as your honour pointed out what

is the period of limitation, the period of limitation will be on the date this decision is given by the Collector. The un-expired portion of this year is on that date some portion of 60 years had already expired that will be minus and deducted and the remaining portion of the unexpired period will be the period of limitation within which suit can be filed by the mortgagor. Under Section 3 you will find Sir, that it is not compulsory for the mortgagor to go to the Collector. He may, so that it is up to him, choose the forum either go to the Collector for summary remedy or go to the Civil Court straightaway but if he goes to the Collector and obtain a decision which happens to be against him and not in his favour, still he has a right to go to the Civil Court to have the same point, same issue adjudicated, and, is not debarred, is not taken away. He still has that right and during the period of limitation that remains behind, he can go to the Civil Court and if he obtains a decision, an order of the Collector as Section 7 says, that will be subject to any decision of the Civil Court so that in no way is a mortgagor affected or in no way his rights taken away, either under this Act or under the normal law of the land including this Limitation Act.

Mr. Speaker : I will now put the question.

Minister of Revenue : Sir, she is willing to withdraw.

صاحبزادی محمودہ بیگم - تسلی تو میری نہیں ہوئی لیکن آپکی اس وضاحت کے بعد میں اس کو دوبارہ پڑھوں گی کیونکہ شاید میرا وکیل نہ ہونے کی وجہ سے میں شاید اس کی وضاحت نہیں کر سکی اور جو کچھ میں نے کہا شاید وہ خان صاحب کے لئے تسلی بخش نہ ہو تو اس لئے میں اس وقت اسے withdraw کرنے کی اجازت طلب کرتی ہوں اور اگر مجھے اطمینان نہ ہوا تو پھر دوبارہ آپکی خدمت میں پیش کروں گی -

Mr. Speaker : Has the member leave of the House to withdraw her motion ?

The motion was, by leave, withdrawn.

THE WEST PAKISTAN ARMS (AMENDMENT) BILL, 1966

Mr. Speaker : Next motion Khan Ajoon Khan Jadoon.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill 1966.

Is there any opposition ?

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : It is not opposed Sir, but permit me to make one observation. Now that we are at this part of the agenda for the day, I am really surprised and pained to see that not a single amending bill has been moved by any of the Members of the Opposition side in respect of the Ordinance put up here before this House. We were hearing patiently that there are so many legal flaws in it; there are so many constitutional flaws in it that the purpose has not been served. But not a single amending bill has been moved till this day. And, therefore, I am perfectly justified to say that this opposition was only for the sake of opposition.

مسٹر حمزہ ۔ آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے ہیں ۔ لیڈر آف دی آپوزیشن خواجہ محمد صفدر کو جیل میں بھیج دیا گیا ہے ۔

وزیر مال ۔ وہ خود گیا ہے ۔ اس کو ہم نے نہیں بھیجا ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ الزام تراشی کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Order, please. The question is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1966.

The motion was carried.

Khan Ajoon Khan Jadoon : I beg to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill 1966.

Mr. Speaker : The West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1966 stands introduced.

THE WEST PAKISTAN STANDARD ROADS BILL, 1966.

Mr. Speaker : Next motion, please.

Sahibzadi Mahmooda Begum : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Standard Roads Bills 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Standard Roads Bill, 1966.

Is there any opposition to this motion ?

Minister of Law : Not opposed.

Mr. Speaker : The question is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Standard Roads Bill, 1966.

The motion was carried.

Sahibzadi Mahmooda Begum : Sir, I introduce the West Pakistan Standard Roads Bill, 1966.

Mr. Speaker : The West Pakistan Standard Roads Bill 1966 stands introduced.

THE WEST PAKISTAN MUSLIM PERSONAL LAW (SHARIAT) APPLICATION (AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Speaker : Next motion, please.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill 1965, as reported by Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill 1965 as reported by the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs be taken into consideration at once.

Minister of Law : It is opposed Sir.

مسٹر حمزہ (لائلپور-۶) ۔ جناب سپیکر ۔ بہروپ کبھی دائمی نہیں ہوتا ۔ پردے اٹھتے رہتے ہیں اور حکومتیں ہمیشہ اپنے ناپاک مقاصد کو چھپا کر نہیں رکھ سکتیں ۔ آج اس چیز کا بین ثبوت بہم ہوچکا ہے کہ ہماری حکومت نے اپنے مقرر کردہ Council of Islamic Ideology اور اسکی جو Central Research Body ہے اس کے فیصلے کے خلاف ایک ایسے قانون کی مخالفت کی ہے کہ جس کے بارے میں کسی شخص کو اسکے جائز ہونے کا شبہ نہیں ۔ ماسوائے ان لوگوں کے جو برسراقتدار ہیں یہ بل اسلامی حکومت کے تقاضوں کے عین مطابق تھا ہمارا مقصد محض یہ تھا کہ قانون کو قرآن اور سنت کے مطابق ڈھالیں جس کے بارے میں ہمارے آئین میں بہت گنجائش رکھی گئی ہے میرے نزدیک بہتر یہ ہے کہ ہم حتمی طور پر ہمیشہ کے لئے یہ فیصلہ کر لیں کہ پاکستان کی حکومت اسلامی حکومت نہیں بلکہ ایک لادینی مملکت ہے ۔ میرا خیال ہے کہ اس طریقہ سے ہماری طرف سے اور پبلک کی طرف سے دنیا کے لوگوں کی طرف سے جو اعتراضات کئے جاتے ہیں وہ ختم ہو جائیں گے ۔ جناب سپیکر۔ یہ آئین جس صورت میں بھی ہمیں دیا گیا ہے جن حالات میں دیا گیا ہے جس نے دیا ہے کیسے دیا ہے وہ تو پرانی داستان ہو چکی ہے لیکن اس آئین میں واضح طور پر یہ دیا گیا ہے میں اس کے آرٹیکل ۸ کا Principles of Policy کا پہلا حصہ پڑھتا ہوں ۔

No Law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah and all existing laws shall be brought in conformity with the Holy Quran and Sunnah.

تو جناب سپیکر۔ یہ آئین کی واضح دفعات ہیں ۔ ان واضح دفعات کے مطابق میں نے یہ بل ایوان میں پیش کیا تھا جس کی مخالفت ہمارے

معزز اور محترم وزیر قانون صاحب نے کی ہے ۔ قبل اسکے کہ وہ اعتراضات جو کہ گورنمنٹ کی طرف سے Law and Parliamentary Affairs کی سٹینڈنگ کمیٹی میں پیش کئے جائیں گے میں آپ کے سامنے قائداعظم رح کے فرمودات میں سے کچھ ایسے حصہ جات پڑھ کر سناؤں گا کہ جو انہوں نے قاہرہ کے ریڈیو سے براڈ کاسٹ کئے تھے ان کا ایک حصہ یہ ہے ۔

"The Pakistan question is most vital to the Indian Muslims. It is a life and death question. The Hindus are divided into castes and groups. One of them will belong to a particular caste of creed and will die as a member of that caste only. Hindus who belong to the higher caste look down upon the Muslims as not quite equal in rank. The Hindus who boast of democracy cannot possibly explain away their ages-old treatment of the untouchables. The untouchables refuse to be governed by high caste Hindus.

(Dawn, 29-12-1946).

(At this stage, the other Deputy Speaker Mr. Ahmad Mian Soomro took the Chair)

اور اس سے آگے ہمارے پاکستان کا جو مطالبہ تھا اس کی بنیاد ہی یہ تھی ۔ ہم ہندوستان میں ہندوؤں کے محکوم بن کر نہیں رہنا چاہتے تھے ۔ ہم کہتے تھے کہ ہمارا خاص طرز زندگی اور نظام حکومت ہونا چاہئے ۔ ایسا ملک ہونا چاہئے جہاں ہم اپنے عقائد کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھال سکیں جہاں محض اپنی اپنی پرائیویٹ زندگی نہیں بلکہ ملکی حکومت صحیح طریق سے صحیح معنوں میں اسلامی ہوگی اس کے پیش نظر ہماری حکومت نے جو آئین نافذ کیا ہے وہ مکمل اسلامی نہیں ۔ اس میں بہت سی ایسی دفعات ہیں جو اسلام کے منافی ہیں ۔ اس کے باوجود یہ اسلامی reflection کا آئینہ دار ہے ۔ اس ملک کا نام بھی اسلامی جمہوریہ

پاکستان ہے ۔کتنی ستم ظریفی ہے کہ اس کے باوجود ہماری حکومت اس قسم کے مسودہ قانون کی مخالفت کرتی ہے۔ پہلے وزیر اعظم مرحوم لیاقت علی خان نے پشاور میں جو کچھ فرمایا تھا ۔ میں اُسکی اخباری رپورٹ پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"The Pakistan Prime Minister, Mr. Liaquat Ali Khan, today strongly appealing for unity and solidarity among the Frontier people reiterated the Quaid-e-Azam's declarations that :

'Pakistan would be a full-fledged Islamic State wherein Islamic principles of justice and equality would be enforced and class distinction would be eliminated.' 'Pakistan,' he added,'will be our laboratory and we will show to the world that more than 1,300 years old Islamic principles still hold good.'

'Islamic principles have no parallel. Today these principles are as applicable to life as they were 1,300 years ago. '

اس کے بعد انہوں نے ۲۶ جنوری ۱۹۴۸ء کو جو کچھ فرمایا تھا ۔ میں اسے لفظ بہ لفظ پڑھ کر سناؤنگا ۔

"No doubt,there are many people who do not quite appreciate when we talk of Islam. Islam is not only a set of rituals, traditions and spiritual doctrines. Islam is also a code for every Muslim which regulates his life and his conduct in even politics and economics and the like."

آگے انہوں نےاپنی ایک تقریر میں جو انہوں نے ۲ مارچ ۱۹۴۸ء کو کی تھی یہ فرمایا تھا ۔

"Pakistan means for all its citizens the practice of the principles of equality and justice for which Islam stands. "In Pakistan will prevail the brotherhood of Islam, the dignity of man and equality and every-one will have equal rights, opportunities and obligations."

جناب سپیکر ۔ وہ حکومت جو کہ اسلام سے اس حد تک قریب ہے ۔ یاجسکا تعلق اسلام سے اس حد تک گہرا ہے وہ اس کی خلاف ورزی کرنے

پر مخالفت کرنے پر تلی ہوئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان کی طرف سے یہ کہا جائے کہ وہ ان مقاصد کو پورا کرنا چاہتے ہیں ۔ جن کے لئے پاکستان بنایا گیا تھا تو اس سے زیادہ غلط بیانی اور کوئی نہیں ہو سکتی آخر وہ بنیاد جس پر یہ عمارت کھڑی ہے اگر وہ اس بنیاد سے ہی منکر ہوں یہ بنیاد رکھنے ہی کی مخالفت کریں ۔ تو ان کے جتنے بھی دعوی ہیں۔ بے معنی ہیں ان پر اعتماد کرنا دھوکا کھانا ہوگا ۔

جناب سپیکر ۔ اسلامی مشاورتی کونسل نے جو آئین کے تحت اس حکومت کی مقرر کردہ ہے اس مسودہ قانون کے بارے میں فرمایا ہے ۔

> "The Advisory Council of Islamic Ideology unanimously decided that the Bill is in conformity with the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah and should be recommended. The Council further recommended that Shariat Act may be applied to those regions also where at present it is not in force. The following decision was taken :—

کونسل کی رائے میں مسودہ قانون اطلاق شریعت کتاب و سنت کے عین مطابق ہے اور کونسل اس کی منظوری کی سفارش کرتی ہے ۔ نمبر۲ کونسل ایسے قوانین کے نفاذ کی ملک کے ان حصوں میں ہی سفارش کرتی ہے ۔ جہاں یہ اس وقت نافذ نہیں ہیں ۔ اس سے آگے چل کر کہا ہے ۔

> "The West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) (Amendment) Bill No. 1 of 1963 seeks to make an amendment, which would clearly establish the rule of the Muslim Law in supersession of the customary law. The proposed amendment, therefore, is not contrary to the Islamic provision of the Constitution but in accordance with them."

جناب والا ۔ اسلام کے بہت سے ایسے مکاتیب فکر ہیں ۔ بہت سے ایسے فرقے ہیں کہ جن کا آپس میں بہت سی باتوں پر اتفاق نہیں ۔ آپ کو

اس چیز کا علم ہوگا کہ اسلامی مشاورتی کونسل میں تقریباً تمام فرقوں کے علماء موجود ہیں ۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ان سب مکاتیب فکر کے نمائندوں کی موجودگی میں کونسل نے یہ متفقہ رائے دی ہے کہ یہ قانون قرآن و سنت کے مطابق ہے اور اس پر عمل لازم ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت کا رویہ دیکھئے ۔ کہ جب مشاورتی کونسل کی طرف سے یہ رائے دی جاتی ہے کہ پریس لاز قرآن اور سنت کے مطابق ہیں ۔ تو ہماری حکومت کی طرف سے بڑے زور دار الفاظ میں اعلان کیا جاتا ہے ۔ کہ وہ انہیں محض اس لئے آرڈیننس کی شکل میں لاتے ہیں کیونکہ اس کی حمایت اسلامی مشاورتی کونسل نے کی ہے ۔ میں جناب وزیر قانون سے پوچھتا ہوں کہ اسی اسلامی مشاورتی کونسل نے آپ کو موجودہ مسودہ قانون کے بارہ میں بھی مشورہ دیا ہے ۔ آج آپ کو یہ مشورہ کیوں قبول نہیں ؟

جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت کی طرف سے یہ اعتراض کیا گیا ہے ۔ کہ اگر اس مسودہ قانون کو پاس کر دیا جائے ۔ تو وقف جائیدادوں کے قانون یا عائلی قوانین اس سے متاثر ہوں گے ۔ لیکن جیسا کہ ان کا فرمان ہے ۔ کہ آئین نے جو بنیادی حقوق پاکستانیوں کو دئیے تھے ۔ یا مرحمت فرمائے تھے ۔ اس میں اس امر کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ جدول ۴ میں درج قوانین یعنی وقف جائیدادوں کے قانون یا عائلی قوانین وغیرہ کے بارے میں عدالت عالیہ یا سپریم کورٹ کوئی فیصلہ نہیں کر سکتی ۔ ہمیں یہ تسلیم ہے ۔ لیکن میں حکومت سے یہ پوچھتا ہوں ۔ کہ اگر آئین کی دفعہ ۷ میں دئیے گئے تحفظات کے تحت ہم ان قوانین کو عدالت

عالیہ یا سپریم کورٹ میں چیلنج نہیں کر سکتے ۔ کیا ہم اس آئین میں بھی ترمیم نہیں کر سکتے ہیں ۔ یا وہ قوانین جن کو تحفظ دیا گیا ہے ۔ ہم ان میں ترمیم بھی نہیں کر سکتے ہیں ۔ یہ حقیقت ہے کہ ہمیں ان میں ترمیم کرنے کا پورا پورا حق حاصل ہے ۔ یہ محض ایک عذر لنگ ہے ۔ کہ جسے اس قانون کی مخالفت کے لئے استعمال کیا گیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اس ایوان کے معزز ممبران سے یہ عرض کرنا ہے کہ آپ کے سامنے آپ ہی کی حکومت کے مقرر کردہ علماء کا یہ فیصلہ ہے ۔ انسٹیٹوٹ آف اسلامک ریسرچ کی رائے بھی ہے ۔ اور میرا خیال ہے ۔ کہ آپ میں سے اکثریت کو اپنے دین کے بارے میں اس حد تک تو ضرور ہی معلومات ہیں ۔ کہ آپ جانچ سکیں ۔ پرکھ سکیں ۔ جائزہ لے سکیں ۔ اور اس کے بارے میں اپنی رائے قائم کر سکیں ۔ کہ یہ مسودۂ قانون جو میں نے پیش کیا ہے ۔ اور اس کی حمایت کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے ۔ آج محض میں ہی نہیں ۔ بلکہ مغربی پاکستان کے صوبے کی تمام آبادی آپ سے یہ توقع کرتی ہے ۔ کہ اگر حکومت غلطی پر ہو ۔ اگر حکومت کی پالیسی اس کے برعکس ہو ۔ لیکن اگر آپ کو اس بات کا علم ہو ۔ کہ یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے ۔ اور قرآن کے احکامات کا تقاضا ہے ۔ کہ یہ مسودہ قانون پاس کیا جائے ۔ تو میں آپ سے یہ توقع کرتا ہوں ۔ کہ آپ ہر پارٹی کی طرف سے جو پابندیاں عائد ہیں آپ ان کو قطعاً بالائے طاق رکھ کر اپنے ضمیر کی آواز کے مطابق فیصلہ کریں گے ۔ اور آپ ایسا فیصلہ کریں گے ۔ تاکہ آپ پر ساری قوم فخر کر سکے ۔ کیونکہ ہم پہلے مسلمان ہیں ۔ اس کے بعد پاکستانی ہیں اور پاکستانی

ہونے کے بعد ہی پھر کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اس لئے میں توقع کرتا ہوں ۔ کہ آپ اس مسودہ قانون کے بارے میں اپنی رائے دیتے وقت معاملے کی نزاکت اور مسودۂ قانون کی منشاء کو پیش نظر رکھیں گے ۔ کیونکہ آئین کے تحت اسمبلی ہی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ یہ فیصلہ کرے ۔ کہ کوئی قانون جو کہ اس ایوان میں پیش کیا جائے ۔ وہ قرآن اور سنت کے مطابق ہے یا نہیں ۔ میں نے جو معلومات حاصل کی ہیں ۔ ان کے مطابق میں نے یہ مسودہ قانون آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے ۔ اب میں آپ سے یہ توقع کرتا ہوں ۔ کہ آپ آزادانہ طور پر اور اپنے ضمیر کی آواز کے مطابق اور اپنی استعداد کے مطابق اس کا فیصلہ دیں گے ۔

مسٹر محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میرے فاضل بھائی نے اس امر پر بہت زیادہ زور دیا ہے ۔ کہ ہم بحیثیت مسلمان اس امر کے پابند ہیں ۔ کہ قرآن اور سنت اور خداوند تعالیٰ کے جو احکامات ہیں ۔ ہم ان کے تابع ہیں ۔ اور ہم اپنی رائے بھی اسی کے مطابق دیں ۔ اور قوانین بھی اسی کے مطابق ہی بنائیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ اس ملک میں بسنے والے تمام تر مسلمان ہیں ۔ اور جب انہیں واضح طور پر یہ علم ہو جائے ۔ کہ خدا اور رسول کا یہ منشاء ہے ۔ کہ یہ قانون نافذ ہونا چاہئے۔ تو پھر میں نہیں سمجھ سکتا ۔ کہ ان کے دلوں کے اندر تمام‌تر وہ جذبات موجزن نہ ہوں گے ۔ جن کی طرف میرے فاضل دوست نے توجہ دلائی ہے ۔ لیکن اپنی تقریر کی ابتداء میں ہی انہوں نے فرمایا ہے ۔ کہ ایسے قوانین پر بھروپ کھل جاتا ہے ۔ غالباً ان کا اشارہ یہ تھا ۔ کہ

حکومت اپنے آپ کو اسلامی جمہوریہ کے نام سے پکارتی ہے ۔ لیکن جب وہ اس راستے پر گامزن نہیں ہوتی ۔ تو حکومت کا بہروپ یا بھرم ظاہر ہو جاتا ہے ۔ کہ یہ برائے نام ہی اسلامی جمہوریۂ پاکستان ہے ۔ میں نہیں کہہ سکتا ۔ کہ کس حد تک ان کے ریمارکس درست ہیں ۔ کیونکہ حکومت کا یہ دعویٰ ہے ۔ کہ یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے ۔ اور ہمارے آئین کی ان تمام دفعات کو نافذ کر دینا اور قانون سازی کے وقت ان تمام ہدایات کو مد نظر رکھنا ۔ اور پھر ان دفعات کا موجود ہونا ۔ اور سب سے بڑی دفعہ ہمارے آئین میں یہ ہے ۔ کہ اس ملک میں کوئی بھی قانون قرآن اور سنت کے خلاف نہ ہوگا ۔ اور اگر کوئی بھی قانون قرآن اور سنت کے خلاف ہوگا ۔ تو قرآن اور سنت کے ساتھ اس قانون کی مطابقت پیدا کرنے کے لئے اس قانون کو ان کے مطابق کر دیا جائے گا ۔ تو اس اعلان کے بعد یہ ارشاد فرمایا کہ یہ تمام تر بہروپ ہے ۔ میں عرض کروں گا ۔ کہ یہ بہت بڑی جسارت ہے ۔ اور سورج کو چراغ دکھانا ہے ۔ سورج کے منہ آنا ہے ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ بہروپ یہ بھی ہوتا ہے ۔ کہ اسلام اور شریعت کے نام پر لوگوں میں عوام الناس میں یہ جذبات پیدا کریں ۔ کہ جس کی غرض صرف یہ مقصود ہو ۔ کہ ہمارا پراپیگنڈہ ہو ۔ اور عوام یہ سمجھیں کہ ہم بہت بڑے مسلمان ہیں ۔ یہ بھی ایک بہت بڑا بہروپ ہے ۔ اس سے بچنے کے لئے بھی شریعت حکم دیتی ہے ۔ کیونکہ ریا کو پسند نہیں کیا گیا ۔ اور یہ بھی پسند نہیں کیا گیا کہ کتاب کے کسی حصے پر تو آپ ایمان رکھیں ۔ اور کسی حصے پر نہ رکھیں ۔ میرے فاضل بھائی کا یہ عمل

ہونا چاہئے - اور جہاں تک میری ذاتی رائے کا تعلق ہے - میں اس کو سخت ناپسند کرتا ہوں - کہ شریعت کے تمام تر قوانین نہ نافذ کئے جائیں - اگر کسی ایک ٹکڑے کو لے کر کسی دوسرے ٹکڑے کے ساتھ ان کو پیوند کیا جائے - تو اسلام کو بدنام کرنے کے مترادف ہوتا ہے - بجائے اس کے کہ یہ کہا جائے - کہ یہ عین اسلامی ہے - اس میں کوئی اتنا بڑا نکتہ نہیں تھا - اور میرا خیال ہے - کہ ہماری حکومت کو اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے - کہ یہ جو

"Personal Shariat Application Act"

میں انہوں نے مجوزہ ترمیم پیش کی ہے - وہ ترمیم نافذ نہ ہو - اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا - لیکن اگر آپ اس ترمیم کو ملاحظہ فرمائیں گے - تو آپ کو معلوم ہوگا - کہ اگر یہ ترمیم نہ بھی کی جائے - تو بھی تدریجاً یہ ہماری زندگیوں میں خود بخود نافذ ہوگی - کیونکہ وراثت کے بارے میں جو اصل قانون شریعت ہے - آپ اسے نافذ کر چکے ہیں - صرف ان لوگوں پر اس کا اطلاق ہونا باقی ہے- جو رواج کے تابع خود جائیدادوں کو حاصل کر چکے ہیں - اس رواج کے تابع وہ لوگ کسی custom یا رواج یا جسے usage کہتے ہیں - وہ لوگ اس کے تابع ہیں - تو اگر وہ کسی صورت میں انتقال اراضی کرتے ہیں - تو پہلے رواج کے تابع ان کی اراضیات کی بیع وغیرہ کی تنسیخ کا حق دوسرے ورثاء کو دیا گیا ہے - غرض صرف اتنی تھی - کہ جوں جوں آہستہ آہستہ تمام لوگ شریعت کے تابع اراضی یا جائیداد وغیرہ حاصل کرتے چلے جائیں گے - شریعت کا قانون وراثت خود بخود ان پر نافذ ہوتا جائے گا - میرے فاضل دوستوں کو

معلوم ہونا چاہئے ۔ کہ اسلام نے بھی کسی کو نہیں کہا ۔ کہ وہ تدریج کو بالکل ترک کر دے ۔ اسلام کا نفاذ ابتداً اسی طریقے سے ہے ۔ آپ سب کو معلوم ہے کہ نماز کا حکم کب آیا ۔ روزے کب فرض ہوئے ۔ اور حج کا حکم کب ہوا تھا ۔ کیا ابتدا ہی میں یہ سب کچھ ہو گیا تھا ۔ لیکن مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے ۔ کہ ایسا نہیں ہے ۔ اسلام تدریج پسند ہے ۔ نظریے کے اعتبار سے انقلاب پسند ہے ۔ عمل کے اعتبار سے اس انقلاب کو فوراً نافذ کرکے اس کو ختم کرنا مقصود نہیں ہے ۔ شراب کے بارے میں آپ کو معلوم ہے ۔ کہ اس کے متعلق یہ ارشاد فرمایا گیا تھا ۔ کہ اس میں نفع بھی ہے ۔ لیکن اس کی خرابیوں سے چونکہ اس کا نفع کم ہے ۔ اس لئے اس کو استعمال کرنا جائز نہیں ہے ۔ لیکن جب ان کو اس کا منشاء معلوم ہوا ۔ تو اس کے بعد یہ حکم ہوا ۔ کہ شراب کے استعمال سے بالکل اجتناب برتیں ۔ تو خداوند تعالیٰ خود ہی اس کے متعلق دو آیات میں تذکرہ کرتا ہے ۔ کہ اس میں نفع تو ہے ۔ لیکن چونکہ نفع اس کے نقصان سے زیادہ نہیں ہے ۔ بلکہ کم ہے ۔ اس لئے اسے اچھا نہیں سمجھا جاتا جہاں اجتناب سے منع نہیں کیا گیا ۔ ''انما الخمر والمیسر والا نصاب والازلام رجس ومن عمل الشیطن،، پھر قطعی حکم دے دیا کہ اس چیز سے بالکل اجتناب کریں ۔

اس قانون کو پہلے ۱۹۳۸ء میں نافذ کیا گیا ۔ اس کی غرض وغایت یہ تھی کہ اس کی ترویج ہو ۔ حمزہ صاحب کی ترمیم اگر نہ بھی ہو تو بھی قانون وراثت اس ملک میں یقیناً نافذ ہوگا اور ہو رہا ہے اس وقت اس ترمیم کو لے آنا جب کہ وہ جانتے ہیں کہ آئین میں ترمیم نافذ

نہیں ہو سکتی وہ اس چیز کو exploit کرتے ہیں اس کے سوا ان کی اور کوئی غرض وغایت نہیں ۔ وہ تسلی رکھیں ۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہم اسلام کے اتنے ہی دلدادہ ہیں جتنے کہ وہ ہیں ۔ اور برملا ہم اپنی حکومت کو کوئی ایسا قدم نہیں اٹھانے دیں گے ۔ بدیہی طور پر جسے تمام ملک کے علماء کرام جو اس قانون کے جاننے والے ہیں یہ کہہ دیں کہ یہ شریعت کے خلاف ہے ہم انشاء اللہ حکومت سے یہ کہہ دیں گے کہ یہ شریعت کے خلاف ہے ۔ اس لئے آپ مطمئن رہیں لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ وجہ صرف یہ تھی کہ میرے فاضل بھائی کہتے ہیں کہ آپ آئین کو بدل نہیں سکتے ۔ دراصل انہیں معلوم نہیں تھا کہ آئین کو بدلنا اس قانون ساز اسمبلی کا کام نہیں ہے ۔ وہ آئین کی رو سے دیکھیں کہ یہ اسمبلی اس ترمیم کو کیوں منظور نہیں کر سکتی ۔ آپ آئین کا آرٹیکل ۶ ملاحظہ فرمائیں ۔

"Any law, or any custom or usage having the force of law, in so far as it is inconsistent with the rights conferred by this Chapter, shall, to the extent of such inconsistency, be void."

In sub-Article (3) it is mentioned—

"The provisions of this Article shall not apply to.....any of the laws specified in the Fourth Schedule as in force immediately before the coming into force of the Constitution (First Amendment) Act, 1963."

Now, if you study the Fourth Schedule you will find that there it has been clearly laid down—

"Laws exempted from the operation of Article 6"

And one of them is—

"The Muslim Family Laws Ordinance, 1961."

اب میں عرض کروں گا کہ اس وقت جو رکاوٹ ہے وہ یہ نہیں ہے کہ ہم کوئی ایسا قانون جو شریعت کے مطابق ہو اس کو نافذ نہ کریں یا کوئی قانون جو شریعت کے خلاف ہے اسے شریعت کے مطابق کرنے میں کوئی تامل کریں بلکہ صرف اس لئے آئین میں اس کی رکاوٹ موجود ہے اور ہم ایسا کوئی قانون کتاب آئین پر نہیں لا سکتے جو کتاب آئین کے خلاف ہو ۔ ان حالات میں اس پر زور دینا کہ یہ قانون فرض کیجئے اگر پاس کر دیا جائے تو اس کا کیا فائدہ ہوگا ۔ وہ قانون آئین کی رو سے بالکل باطل یعنی void اور ultra vires ہے جس کا ہمیں پاس کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے تو یہ صرف ضیاع وقت ہے اور ایسا وقت ضائع کرنا میرے نزدیک درست نہیں اس بنا پر مسترد نہیں کیا جا رہا کہ یہ شریعت کے مطابق ہے ۔ اور شریعت کو نافذ نہیں کرنا چاہتے ۔ میں جانتا ہوں کہ یہ صرف وقت ضائع کرنا ہے اور صرف اپنے پراپیگنڈا کے لئے ہے ورنہ اس قانون کے لانے میں کوئی وجہ نہیں ۔ وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ قانون یہاں پیش نہیں ہو سکتا یہاں پاس نہیں ہو سکتا ۔ اس اس کو جانتے ہوئے کہ روز روشن کی طرح ایسا قانون لانا سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ عام لوگوں کو انجان لوگوں کو یہ بتائیں کہ وہ شریعت کے بہت بڑے حامی ہیں اور ہم شریعت سے منکر ہیں ۔ اس کے سوا ان کا اور کوئی مقصد نہیں ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اسی بہروپ کی ممانعت ہے ۔ یہی ریا کاری ہے اگر Islamic Ideology استعمال کروں تو یہ نفاق ہے ۔ جب مسلمانوں کے اندر نفاق پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو اس کے لئے اسلام میں سخت تہدید آتی ہے ۔ کفر

جائز نہیں لیکن نفاق کے سامنے کفر جائز ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ارادے درست نہیں ہیں ۔ اس قانون کے وجود کا کتاب پر موجود ہونا ظاہر کرتا ہے کہ اسمبلی قانون شریعت کو نافذ کر رہی ہے ۔

اگر سچ پوچھیں تو میں عرض کروں گا کہ شریعت کا قانون آپ کو اس وقت نافذ کرنا چاہئے جب تمام قانون الہی کو نافذ کریں یہ کیا طریقہ ہے کہ آپ کا نظام بالکل اسلامک نہ ہو اور آپ اس میں کوئی ایک شریعت کا قانون لے آئیں ۔ یہ تو شریعت کو بدنام کرنے کی غرض سے ہوگا ۔ آپ جانتے ہیں کہ کوئی پرزہ کسی دوسری مشین میں نہیں چل سکتا ۔ آپ یاد رکھیں کہ ایک سائیکل کا پرزہ ہوائی جہاز کے اندر اگر لگایا جائے گا تو یا وہ ٹوٹے گا یا وہ ٹوٹے گا ۔ کسی نظام کا ٹکڑا اسلام میں لگائیں یا اسلامی قانون کا ٹکڑا کسی دوسرے نظام میں لگائیں یہ درست نہیں ۔ جیسا کہ ارشاد ہے ''اسلام کے اندر پورے کے پورے داخل ہو ۔ یہ نہیں کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر داخل ہو،، آپ یہ کوشش کر رہے ہیں کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر داخل ہوں ۔ یہ Islamic Republic ہے اس میں سب کچھ موجود ہے ۔ اگر اس میں آپ کو کوئی اعتراض ہے تو آپ سنٹرل اسمبلی میں جائیں اور وہاں جا کر قانون بنائیں ۔ جہاں تک اس کا تعلق ہے یہ قانون کے مطابق ہے ۔

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, I would like to .....

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Mr. Farooqi, please, don't be impatient I will give you the Floor today. Sir, I don't want to take more than 10 minutes during which I would like to clear certain issues. Mr. Speaker, the mover of this Bill has relied on certain provisions of the Constitution and in that context referred to the

Holy Quran and Sunnah. So far as the Constitutional aspect of this Bill is concerned, Mr. Muhammad Yusuf Khan has very elaborately dealt with that and I will not indulge in any repetition. What I am able to see in this Bill is a sinister motive in going and coming in by the back-door.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ میں لا منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اسلامی قانون ہم لوگوں کی زندگی کا جزو ہے ۔ اس لئے جو کچھ وہ انگریزی میں کہیں گے ہم اس سے مطمئن نہیں ہوں گے یہ اچھا ہوگا کہ وہ اس کی وضاحت اردو میں کریں ۔ تاکہ ہم بھی سمجھ لیں ۔ بجائے اس کے کہ ہم اس کے خلاف ہوں ۔ کیا پتہ ہے کہ ہم ان سے اتفاق کریں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔ یہ تو اپیل ہے ۔

وزیر قانون ۔ پہلے میں اپیل کا جواب دوں گا ۔ آپ اطمینان رکھیں ۔ آپ قرآن شریف ، اسلامی شریعت اور سنت کو اچھی طرح سمجھتے ہیں میں تو اس قابل نہیں ہوں ۔

Mr. Munawar Khan : Point of order. The Minister has used the words 'sinister motive'. May I know whether it would amount to a breach of privilege or not ?

Mr. Deputy Speaker : Are you raising a point of privilege?

Mr. Munawar Khan : No, Sir Just a point of information.

Sir, only the other day .....

Minister of Law : The member can not raise a point of information.

Mr. Munawar Khan : He was very very sensitive the other day.

Minister of Law : If it gives rise to a privilege motion, you bring one.

Mr. Munawar Khan : Whether these words will amount to breach of privilege... . .....

Mr. Deputy Speaker : Are you raising a privilege motion ?

Mr. Munawar Khan : No Sir, just point of information for you, Sir. The other day his temperament was very sensitive. He has used the words 'Sinister Motive' which is not.....(*interruptions*).

Mr. Deputy Speaker : That is not a point of order.

Minister for Law : If one were to read between the line, one would see that what the Members on the opposition side could not do because of this restriction in the constitution itself, the two laws to which Mr. Yusuf Khan made a reference namely, Family Courts Ordinance and Auqaf Ordinance, there is no limitation that they cannot touch these laws ; they cannot challenge these laws under the touch-stone of the Constitution. Therefore, feeling their handicap there, they have come out with this bill defeating the very purpose. The object lying behind is too far from benevolent basis of Legislation existing on the Statute Book. It is a pity that our Members on that side are not yet reconciled to concede to the fair-sex, the weaker sex, the women to whom some rights have been conceded under the Family Courts Ordinance. I would only appeal to them and tell them only what a poet has said.

بتاؤں اعظم صاحب؟ چلو پھر بتاؤں گا۔

Let me finish. I will conclude that and then.....

Voices : Just now. ابھی بتائیں

وزیر قانون - کمزور کے آگے جسے جھکنا نہیں آتا ۔

وہ مجرم اخلاق ہے خوددار نہیں ہے ۔

(قطع کلامیاں اور نعرہ ہائے تحسین)

Mr. Deputy Speaker : Order, order please.

Minister for Law : While conceding what is contained in this Bill the provisions of Family Courts Ordinance and the Waqf Ordinance will be completely destroyed and will bring into controversy certain matters which are cleared by these two ordinances.

It saves them from mis-management, from mis-appropriation from those who are out to grab it. I would therefore, appeal to the House, to please see through again as to why this bill has been brought. The idea, as I said, is to see that these two ordinances are again brought into controversy and the fact is totally destroyed. The Member referred to the views of Council of Islamic Ideology. I would very respectfully submit that the Council of Islamic Ideology has considered that bill and alone has given opinion that it is not opposed to Quran & Sunnah. But this bill has never been considered by the Council of Islamic Ideology in the context of the Shariat application law which this bill seeks to amend or in the context of the Waqf Ordinance or the Family Courts Ordinance both of which will be affected by this. Therefore, the advice of the Council of Islamic Ideology which is being repeatedly relied upon by the Member does not take away the prophecy of the law as it stands and therefore, I would appeal to the Members to oppose this move and throw out this Bill and assign the fate which it deserves.

Mr. Deputy Speaker : Yes, Mr. Mahmood Azam Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) - جناب والا - میں اس ترمیمی مسودہ قانون پر گفتگو سے پہلے ضروری سمجھتا ہوں کہ خان بھ یوسف خان صاحب نے اور وزیر پارلیمانی امور نے ہماری نیتوں کے بارے میں جو کچھ کہا ہے اس کی وضاحت کر دوں - ان دونوں حضرات نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا ہے کہ اس مسودہ قانون کے لانے میں حزب اختلاف کا مقصد یہ ہے - یعنی ظاہر کچھ اور ہو رہا ہے لیکن ان کے ذہنوں میں جو نیت اور مقصد ہے اسے یوسف صاحب نے نفاق کے مترادف قرار دیا ہے اور وہ یہ ہے کہ ہم یہ جانتے ہیں کہ یہ قانون دستور کی کسوٹی پر پورا نہیں اتر سکتا اس لئے یہ ایوان منظور نہیں کر سکتا - اور وہ اس طرح سے حکومت کو اور صوبائی حکومت کو بدنام کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اسلامی قوانین کو پاس نہیں کرتی - میں ان سے یہ پوچھوں گا کہ آپ

کو نیتوں کے جاننے کا فن کہاں سے حاصل ہوا ۔ میں جہاں تک اسلامی احکام کے بارے میں جانتا ہوں وہ یہ ہے کہ نیتوں کا حال صرف خدا ہی جانتا ہے کوئی انسان نہ اس کا مکلف ہے نہ اس کو خدا نے یہ علم دیا اور نہ خدا نے یہ صلاحیت دی ۔ کہ وہ ان حالات کو جان سکے ۔ کسی کے ذہن میں کوئی بات ہو اور وہ اس کو جان سکے ۔ پھر میں یہ عرض کروں گا کہ دوسروں کی نیتوں کو دیکھنے سے پہلے اپنے اعمال کو دیکھئے ۔ وہ لوگ جو شیشوں کے گھروں میں رہتے ہیں ان کو دوسروں پر پتھر نہیں پھینکنا چاہئے ۔ جو ہماری نیت پر حملہ کرتے ہیں آن کے اس ملک میں اعمال کیا ہیں ۔ اسلام کا نام لینے والے مجھے یہ بتائیں کہ اس ملک میں شراب کو شیر مادر کی طرح کس نے حلال کیا ہے اس ملک میں جوا کس نے حلال کیا ہے ۔ اس ملک میں رشوت ستانیوں کا بازار کس نے گرم کیا ہے ۔ میں قائداعظم اور علامہ اقبال کے حوالہ جات نہیں دوں گا کیونکہ ان کے جسم سینکڑوں من مٹی کے نیچے دبے ہوئے ہیں اور ان کی روحیں آپ کے عمل کو دیکھ کر ماتم کناں ہیں ۔ میں آپ ہی کے حوالے دوں گا اور ان کے حوالے دونگا جو اس دنیا میں زندہ ہیں ۔ میں صدر مملکت اور خدا بخش بچہ صاحب کے حوالے دوں گا اور آپ کے اور ساتھیوں کے حوالہ دوں گا ۔ آپ دستور میں یہ کہتے ہیں اور ایوان کے اندر تقریر میں یہ کہتے ہیں کہ یہ ملک اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا ہے اور اس ملک کے لوگوں کو اسلام کے مطابق زندگی بسر کرنے کے قابل بنایا جائے گا ۔ ذرا ایوان کے باہر اپنی تقریروں اور ایوان کے اندر اپنے طرز عمل کا مقابلہ کیجئے پھر دیکھئے کہ تضاد کہاں ہے۔ حزب اختلاف

کے قول و فعل میں تضاد ہے یا آپ کے قول و فعل میں ۔ آپ مجھ سے کہتے ہیں کہ یہ قانون چونکہ دستور کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا اس لئے یہ قابل قبول نہیں ہے ۔ میں دستور پر بعد میں گفتگو کروں گا پہلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ دستور اسلام کی کسوٹی پر پورا اترتا ہے یا نہیں ۔ سب سے پہلے کسی قانون سازی میں انفرادی زندگی کے کسی معاملے میں یا اجتماعی زندگی کے کسی مسئلہ میں ہمیں جو چیز دیکھنا چاہئے وہ یہ ہے کہ وہ اسلام کے مطابق ہے یا نہیں ہے ۔ قرآن کے مطابق ہے یا نہیں ہے ۔ خدا و رسول کے فرمان کے مطابق ہے یا نہیں ہے اور اصل کسوٹی وہ ہے دستور کی کسوٹی نہیں ہے جو آپ کا بنایا ہوا ہے ۔ اقبال کے الفاظ میں

خود تو بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں

یہ شعر بالکل آپ کے لئے شاید انہوں نے فرمایا تھا ۔ جہاں تک یہ سوال ہے کہ یہ مسودہ قانون اسلام کی کسوٹی پر پورا اترتا ہے یا نہیں یہ مجھ سے نہ پوچھئے اپنی اسلامک ایڈوائزری کونسل سے پوچھئے اور اس ادارے سے پوچھئے جسے خود آپ نے مقرر کیا ہے اور اس کے ڈائرکٹر ڈاکٹر فضل الرحمان سے پوچھئے جن کے متعلق صدر مملکت نے فرمایا ہے کہ ان سے بہتر اسلام کو جاننے والا کوئی نہیں ہے ۔ وہ بتائیں گے کہ یہ مسودہ قانون اسلام کے مطابق ہے یا اس کے خلاف ۔ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ جو قانون پیش کیا جاتا ہے اس کے متعلق آپ یہ نہیں کہتے کہ یہ اسلام کے خلاف ہے کیونکہ آپ یہ جانتے ہیں کہ یہ اسلام کے مطابق ہے لیکن یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ دستور کے خلاف ہے ۔ ایسا دستور نذر آتش

کرنے کے قابل ہے اور وہ قانون آگ میں جلا دینے کے قابل ہے جو اسلام کے خلاف ہو اور قرآن کے خلاف ہو - جب اسلام کا حکم آ جائے تو اس کے سامنے مسلمان کے لئے کوئی چارہ نہیں ماسوائے اس کے کہ اس کے آگے گردن جھکا دے - پھر یہ کہنا کہ یہ ہمارے فلاں اصول کے خلاف فلاں چیز کے منافی ہے تو اس کے کوئی معنی نہیں - تو پہلی چیز جو میں عرض کرنی چاہتا ہوں وہ اسلام کا دستور ہے - سب سے پہلی چیز اللہ اور اس کے رسول کا دستور ہے - آپ کا فرمان نمبر ۲ پر ہے - جب آپ کے دستور میں یہ بات موجود ہے کہ اس ملک کا قانون اسلامی ہوگا اور وہ اسلام کے خلاف نہیں ہوگا بلکہ اگر آگے چل کر یہ پایا جائے کہ دستور اور قرآن کا ٹکراؤ ہو رہا ہے تو قرآن پہلے اور دستور بعد میں -

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : On a point of order. The motion before the House is not the discussion of the Bill on merits. That stage is yet to follow. The motion before the House is : whether this question should be taken up into consideration at once and to that extent I would submit that the debate is now degenerating into an actual discussion of this Bill on merits, on facts. I would respectfully submit that this may not be permitted. The question is very simple—whether it should be taken into consideration at once or not ? If this motion is carried then we straight off go to the other motion, the first Reading of the Bill wherein the principles of the Bill, the contents of the Bill and the vices and virtues of the Bill will be laid threadbare before this House and the entire field will be open to discussion. My respectful submission, therefore, is that let this question may now be put whether the motion be taken into consideration at once or not ?

مسٹر محمود اعظم فاروقی -

عرض وفا ہم کر نہ سکے کچھ کہہ نہ سکے کچھ سن نہ سکے
یاں ہم نے زبان کھولی بھی نہ تھی واں آنکھ جھکی شرما بھی گئے

کیا اسلام کے نام پر آپ کو شرم آتی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Mr. Law Minister I think that when we take up the motion about taking the Bill into consideration that is the time when the principles of the Bill have to be discussed.

Minister of Law : Here is the question whether the Bill be taken into consideration at once or not. My submission is that after this motion is carried then the next stage comes in when we discuss the principles of the Bill. Here the motion only is whether the Bill be taken into consideration at once or not. If this motion is not accepted by the House it would not be taken into consideration.

Mr. Deputy Speaker : Do you mean to say that the principles of the Bill should be taken up after this motion—that the Bill be taken into consideration at once—is carried and when we take up the clause by clause consideration of the Bill ?

Minister of Law : Yes, otherwise this discussion will be repeated and every Member will claim it as a matter of right. Now Sir, the principles of the Bill have been discussed and after this motion is carried what do we do ?

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I am discussing the principles of the Bill. (interruptions and cross talk)

Mr. Deputy Speaker : The principles of the Bill would be discussed after the motion for taking the Bill into consideration is carried and then, of course, we will have the second Reading when we will take up the clause by clause consideration of the Bill.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Janab-e-Wala, I am discussing the principles of the Bill.

جناب والا ۔ یہ جو کچھ خان یوسف صاحب discuss کر رہے تھے اور وزیر امور پارلیمانی discuss کر رہے تھے اس کا میں جواب دے رہا ہوں ۔ (قطع کلامیاں)

میں جناب والا ۔ ایک شعر پڑھ رہا تھا ۔

عرض وفا ہم کر نہ سکے کچھ کہہ نہ سکے کچھ سن نہ سکے
یاں ہم نے زباں ہی کھولی بھی نہ تھی واں تو آنکھ جھکی شرما بھی گئے ۔

تو میں عرض کر رہا تھا کہ جہاں تک دستور کا سوال ہے اس کا سب سے پہلا بنیادی اصول یہ ہے کہ اس کا ٹکراؤ قرآن اور اسلام کے ساتھ نہ ہو اور اگر ہو تو اسلام پہلے اور دستور بعد میں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ خواجہ محمد صفدر نے ایک دفعہ اپنے Note of dissent میں فرمایا تھا ۔ (قطع کلامیاں)

Minister of Food & Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din) : Have you given your Ruling, Sir ?

Mr. Deputy Speaker : Yes. (*interruptions*)

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ تو انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ خان محمد یوسف خان کا یہ کہنا یا وزیر پارلیمانی امور کا یہ کہنا کہ یہ مسودہ قانون دستور سے متصادم ہے یہ بالکل غلط ہے اور یہ حضرات ہاؤس کو جو مغالطہ دے کر شریعت بل سے کنارہ کشی کرنا چاہتے ہیں میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ لوگ برہنہ ہو کر سب کے سامنے آ جائیں اور دنیا دیکھ لے کہ دستور اس کے مخالف نہیں بلکہ آپ اس کے مخالف ہیں ۔ شریعت کے راستے میں دستور حائل نہیں آپ حائل ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Well I just want to know, from the Law Minister if Article 6 is not suspended at present in view of the emergency ?

Minister of Law : A Ruling has been given by the Chair not once but repeatedly.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : If Article 6 regarding Fundamental Rights is suspended then it means that the entire saving is suspended.

وزیر قانون - آپ کوئی اردو کا ایڈیشن دستور کا پڑھیں پھر آپ کو بہتر اور پورا علم ہو جائے گا -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں انگریزی آپ سے بہتر جانتا ہوں - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ دستور کا آرٹیکل ۶ suspended ہے تو وہ تمام قوانین جنہیں آرٹیکل ۶ تحفظ دیتا ہے ان کی saving کرتا ہے تو میرے خیال میں ان کی saving بھی suspended رہتی ہے - تو اس لئے ان کے یہ اعتراضات غلط ہیں - آرٹیکل ۶ کا حوالہ دے کر ایوان نے اعتراض کیا ہے میں اس کا جواب دے رہا ہوں - جناب والا- آرٹیکل ۶ کی پہلی کلاز یہ ہے-

"6 (1) Any law, or any custom or usage having the force of law, in so far as it is inconsistent with the rights conferred by this chapter".

تو میرا خیال ہے کہ وزیر پارلیمانی امور صاحب نے اور خان محمد یوسف نے خود اس آرٹیکل ۶ کا سہارا لیا ہے میں اس چیز کا جواب دیتا ہوں -

Mr. Deputy Speaker : Go ahead.

وزیر قانون - آپ اپنے بل کو withdraw کر لیں تاکہ کام ختم ہو -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - آپ سننے میں صبر سے کام لیں - اصل میں حکومت کرنے کے لئے بڑا فراخ دل چاہئے - تنگ نظری نہیں چاہئے - بڑا جگر چاہئے تاکہ اختلافات برداشت کئے جا سکیں اور تنقیدیں سنی جا سکیں -

Mr. Deputy Speaker : Go ahead with the Bill Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ دستور کے آرٹیکل ۶ کی سب کلاز (۱) یہ ہے -

"6 (1) Any law, or any custom or usage having the force of law, in so far as it is inconsistent with the rights conferred by this Chapter".

میں اس بات پر زور دیتا ہوں۔ Rights conferred by this Chapter. یہ دستور کا باب (۱) which is of Fundamental Rights اور جہاں تک اسلام کے اصولوں کا تعلق ہے وہ باب (۲) میں Principles of Policy کے تحت دیا ہوا ہے۔ آپ دیکھئے دستور کا صفحہ جہاں Fundamental Rights and Principles of Policy کا ذکر ہے کہ آیا اسلام کے مطابق کسی قانون کو ہونا چاہئے یا نہ ہونا چاہئے -

بیگم زاهده خلیق الزمان - پوائنٹ آف آرڈر - آپ کلمہ پڑھیے بجائے اس کے کہ آپ تقریر کریں کیونکہ زلزلہ آیا ہوا ہے - آپ کلمہ پڑھیں -

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order.

بیگم زاهده خلیق الزمان - آپ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھیں - جب زلزلہ آتا ہے تو ہم لوگوں کو کلمہ پڑھنا چاہئیے کیونکہ ہم لوگوں کا اس میں یقین ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - آپ شریعت کی مخالفت کریں اور پھر زلزلہ نہ آئے - آپ جب اسلام کے اصولوں پر نہیں چلیں گے تو زلزلہ تو آئے گا ہی - شریعت کی مخالفت کی جائے اور زلزلہ نہ آئے ؟

ایک ممبر - آپ اتنے حضرات بیٹھ کر اسلام کی مخالفت کریں اور پھر زلزلہ نہ آئے - زلزلہ تو آنا ہی چاہئیے -

ایک اور ممبر - زلزلہ آنے دیجئے ہم تیار ہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - تو جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ دستور میں ان دفعات کا ذکر ہے ہم جو حق بات کرتے ہیں یہ سب کلمہ ہی ہے -

سردار حاجی عطا محمد لنڈ - پوائنٹ آف آرڈر - دیکھئے قرآن شریف یہ کہتا ہے کہ زلزلہ آ رہا ہو تو قرآن سنیں مگر یہ لوگ قرآن سننے سے اپنے آپ کو ٹال رہے ہیں اس لئے خود بھی ڈوبتے ہیں اور ہمیں بھی ڈبواتے ہیں اور قوم کو بھی - ان کو چاہئے کہ تحمل سے سنیں - یہ اسلامی قانون ہے اور قرآن کی روشنی میں سننا چاہتے ہیں - اس لئے میری گذارش ہے کہ سب صبر سے سنیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ خاموشی سے سننا چاہئے - اللہ تعالیٰ رحم کرے گا - مصیبت ٹال دے گا -

Mr. Deputy Speaker : Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آپ کے دستور میں وہ کلاز ہے جس میں کہا گیا ہے کہ قانون کو اسلام کے مطابق ہونا چاہیئے اور جو قانون اسلام کے مطابق نہ ہو وہ کالعدم ہے - دستور میں اس چیز کی کافی وضاحت کی گئی ہے اور صفحہ گیارہ اور بارہ پر جہاں کہ Fundamental Rights and Principles of

Lahore, Karachi, Peshawar and Rawalpindi to whom this allowance is admissible. May be that the Member has got very cogent reasons to exclude the employees of the cities who serve the cities of Lahore and Quetta and would not recommend concession of this allowance which he recommends to be given to them. But I leave it there. The details, Sir, relating to these allowances are these : There are three kinds of allowances admissible. One is House Rent Allowance. It is admissible to none gazetted Government servants whose pay does not exceed Rs. 330/- p.m. and who are stationed at Karachi, Hyderabad, Multan, Lahore, Rawalpindi, Peshawar, Quetta and Lyallpur. The amount of this allowance is equal to the amount of the rent which the Government servant concerned actually pays in excess of 7.5 per cent of his pay subject to a maximum of 7.5 per cent of the pay or Rs. 5/- p.m. whichever is more. This allowance is not admissible if the Government servant has been offered a Government quarter or is living in a house which he owns or is living free of charge with another Government servant who has been provided with Government accommodation. Now Sir, this is strictly in conformity with the practice and the rule being followed by the Central Government since as far back as 1951 and it continues to prevail there even today. Then Sir, the other allowance is to which the mover of this resolution made a mention, big Towns Compensatory Allowance which is admissible only to those Government servants who serve in Karachi and Lahore and live within the limits of the Corporations of these two cities. It again, Sir, practically on the same lines, is allowed to non-gazetted Government servants whose pay does not exceed Rs. 330 00 p.m. with marginal adjustment at Rs. 335/- p.m. It is admissible at 7.5 per cent of the pay subject to minimum of Rs. 10/- p.m. This allowance is admissible only to such eligible Government servants who are residing within the limits of Lahore and Karachi Corporations. Then Sir, the additional expenditure incurred by some persons, I mean Government officials, who serve within the limits of Karachi and Lahore Corporation and live at a distance which is far away from the exact place of their office where-from they come and serve, additional expenditure incurred by such persons on their conveyance is being covered by a separate conveyance allowance in order to compensate the Government servants residing at considerable distances from their places of work. For the additional expenditure on conveyance, conveyance allowance is being

allowed at Karachi and Lahore to Government servants drawing pay not exceeding Rs. 630/- p.m. at the following rates :

Where the distance between the residence of the Government servant and the place of duty is more than 3 miles but less than 4½ miles, it is Rs. 5.00 p.m.

Where the distance is more than 4½ miles the allowance is Rs. 10/-

It will thus be seen that this conveyance which ordinarily should be paid, the Government has already taken care of it and is paying to those Government servants who draw salary up to Rs 630/- p.m. and this allowance is obviously meant for those whose pay is meagre and who, as has been stated here and with which I have no disagreement, are not in a position to make their both ends meet, and to meet this expenditure, provision has been made in respect of two big cities. Barring Lahore and Karachi, if we take a special view, we would see and it will be very clear that places other than these two, Government servants who come to attend their offices really do not come from very far off distances because it is hardly half a mile or a few furlongs one takes to reach his office and that is not a distance which would cause great inconvenience to the Government servant concerned and would result in extra expenditure on his part to reach office. Government is alive to the genuineness of the difficulties of Government servants whether paid high or low whether small or big whether living within cities of Lahore and Karachi Corporations, Municipal Committees, Town Committees and it keeps constant watch on the conditions of the Government servants and is always keen and anxious to see that all their legitimate needs are met with, and they are not in a state of inconvenience. The Government is at one with the idea expressed by the mover of this resolution as well as of those Members of this House who have supported this motion. But there is yet one more fundamental consideration which surpasses every other consideration, namely the requirements of the the country. This is really not the time that this resolution should have been moved, rather not an opportune time. Members of this House know it fully well that the country now needs greater and greater, more and more funds for the defence of the country and for its development projects It may undoubtedly mean a little inconvenience to these Government servants or as a matter of fact, to everyone who is a citizen of this country

whether he is in Government service or not, but I think time has come we are passing such times. We ate actually passing through an emergency when we should all see and co-operate and move every nerve of us and save every paisa of us to divert it to the greater and more paramount needs of the country and I would therefore, appeal to the Member that he need have no apprehensions and misgivings about the intentions of the Government as to what it pays to the Government servants as it is always keen to keep them happy, in fact keen as the Member himself and I would, therefore, give an assurance to the House as I have given to him, that the Government is alive to the issue and in the first available opportunity and when the resources of the Government permit, will take all possible care and meet their needs, if and when it is satisfied that it is a must and that it cannot wait for even a day longr.

With these few remarks I would appeal to the Member to see his way not to insist on the motion being put to vote, but withdraw it instead.

Kazi Muhammad Azam : In view of the explanation and assurances given by the Minister for Law on behalf of the Government, I withdraw this resolution.

Mr. Speaker : Please ask for leave of the House to withdraw your motion. It is the House who will grant leave.

Kazi Muhammad Azam : I request that leave be granted to withdraw my resolution.

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his Resolution ?

The Resolution was by leave withdrawn.

RE: LEVY OF "DISPLACED PERSONS REHABILITATION FUND" FOR THE REHABILITATION OF DISPLACED PERSONS OF LAHORE, SIALKOT AND THARPARKAR DISTRICTS.

Mr. Speaker : Ndxt resolution stands in the name of Sahibzadi Mahmooda Begum. She is no. present but she has authorised Chaudhri

Muhammad Sarwar Khan to move it. Chaudhri Sarwar may pleas move the resolution.

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan : Sir, I beg to move—

> This Assembly is of the opinion that for the effective rehabilitation of the persons displaced from the border areas of Lahore, Sialkot and Tharparker districts during the Indo-Pakistan conflict of September, 1965, it is absolutely necessary that a levy should be imposed upon all earning adults, both male and female, in the Province so that they pay a sum equivalent to their o e day's income towards a fund to be known as "DISPLACED PERSONS REHABILITATION FUND". This Assembly i: further of the opinion that at least a sum of Rs. 10 crore should be collected by the imposition of this levy and should be spent exclusively on the rehabilitation of the displaced persons.

Mr. Speaker : Motion moved is —

> This Assembly is of the opinion that for the effective rehabilitation of the persons displaced from the border area of Lahore, Sialkot and Tharparker districts during the Indo-Pakistan conflict of September, 1965, it is absolutely necessary that a levy should be imposed upon all earning adults, both male and female, in the Province so that they pay a sum equivalent to their one day's income towards a fund to be known as ' DISPLACED PERSONS REHABILITATION FUND". This Assembly is further of the opinion that at least a sum of Rs. 10 crore should be collected by the imposition of this levy and should be spent exclusively on the rehabilitation of the displaced persons.

There is a notice of one amendment by Khan Ajoon Khan Jadoon who may please move his amendment.

Khan Ajoon Khan Jadoon : I beg to move—

> That in the proposed Resolution between the words "Districts" and "during" occurring in line 3 the words and comma, "and persons displaced due to enemy bombing at Peshawar, Kohat and other locations in West Pakistan" be inserted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is—

> That in the proposed Resolution between the words "Districts" and "during" occurring in line 3 the words and comma, "and person displaced due to enemy bombing at Peshawar, Kohat and other locations in West Pakistan" be inserted.

A Member : Not opposed.

Mr. Speaker : The question is —

That in the proposed Resolution between the words "Districts" and "during" occurring in line 3 the words and comma, "and persons displaced due to enemy bombing at Peshawar, Kohat and other locations in West Pakistan" be inserted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Sarwar.

(At this stage, Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusuf Ali Shah, occupied the Chair)

چودھری محمد سرور (سیالکوٹ - ۳) - جناب والا - ستمبر ۶۵ کی جنگ میں پاکستان کی شہری آبادی پر جو مظالم ہندوستانی فوج نے روا رکھے ہیں دنیا میں اُن کی مثال بہت کم مل سکتی ہے - بستیوں کو جلا دیا گیا - سرسبز و شاداب کھیتوں کو چٹیل اور بے برگ و گیاہ میدانوں میں تبدیل کر دیا گیا اور پھر اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ بالکل اپاہج اور بوڑھے لوگ جو تھے ان سب کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا - ان کے جوانوں کو لونڈیاں اور غلام بنا دیا گیا - جن غیرت مند لڑکیوں نے ان کے وحشیانہ پن اور بربریت سے اپنی عصمتوں کو بچانے کے لئے جد و جہد کی ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دئیے گئے - اس واقعہ کے ثبوت کے لئے میں سیالکوٹ کے ایک گاؤں چاروا کی مثال پیش کرتا ہوں - اس گاؤں کی آبادی بمشکل ایک ہزار یا ڈیڑھ ہزار تھی - اس آبادی پر حملہ کے پہلے دن وہاں پر ۱۵۹ انسان اپنے وطن کی حمایت میں اپنے دین کی حمایت میں اور اپنی تاریخ اور روایات کی خاطر شہید اور قربان ہو گئے اس دن

اس طرح کی سینکڑوں بستیاں ہندوستانی بربریت کے قبضہ میں آئیں ۔ جناب والا ۔ اس وقت حکومت جنگ لڑ رہی تھی ۔ قوم جنگ لڑ رہی تھی ۔ وطن جنگ لڑ رہا تھا اور فی الواقع یہ بہت بڑا فریضہ اور بہت بڑا جہاد تھا ۔ یہ پوری قوم کے لئے امتحان تھا ۔

گو میں رہا رہین ستم ہائے روز گار
لیکن تیرے خیال سے غافل نہیں رہا

جناب والا ۔ ان بے خانماں لوگوں کا جم غفیر ان پریشان حال لوگوں کا جم غفیر بغیر کسی منزل اور نشان راہ کے اپنے گھروں سے چل پڑا مگر وہ جس جگہ گئے لوگوں نے خندہ پیشانی سے ان کا استقبال کیا ۔ حکومت نے ان کی پشت پناہی کی ۔ وطن نے ان کے لئے اپنی آغوش کھول دی ۔ عوام نے اپنا دست شفقت دراز کیا ۔ اب یہ بے خانماں لوگ واپس آ رہے ہیں اپنی جنم بھومی میں واپس آ رہے ہیں ۔ اپنے گھروں میں واپس آ رہے ہیں ان کے لئے میں یہاں عرض کروں حکومت نے جہاں تک ممکن ہو سکا ان کی آبادی کے متعلق کافی حد تک دلچسپی لی ہے اور حکومت نے اپنے وسائل کو بروئے کار لا کر انہیں پوری طرح مطمئن کرنے کی کوشش کی ہے اور اس مسئلہ کو جنگی سطح پر حل کرنے کے احکام صادر کئے ہیں ۔ لیکن یہ پانچ لاکھ افراد کا مسئلہ جو زندگی کی ہر ضرورت سے محروم ہیں جو زندگی کے ہر پہلو سے غیر مطمئن ہیں جن کو زندگی کی تمام ضروریات کی ضرورت ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کی بحالی کا کام صرف حکومت کے سپرد کر دینا ۔ اکیلی حکومت کے سپرد کر دینا مناسب نہ ہوگا ۔ مجھے یہ کہنے میں ذرا باق نہیں کہ یہ اکیلی

حکومت کے بس کا روگ نہیں ۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ قوم اپنے فرائض سے غافل ہو گئی ہے ۔ قوم نے اپنے فرائض سے چشم پوشی کی ہے ۔ صرف قوم ہی نہیں بلکہ میں یہ محسوس کر رہا ہوں کہ عالم نے اپنی کتاب کے اس باب کو جہاں ان لوگوں کا ذکر تھا طاق نسیاں کی زینت بنا دیا ہے ۔ واعظ خاموش ہو گیا ہے ۔ سیاسی جماعتیں منہ کے بل لیٹ گئی ہیں ماسوائے ملک خدا بخش بچہ کے مغربی پاکستان کے کسی سیاسی لیڈر نے یہ تکلیف نہیں کی کہ ان لوگوں کے معاملات کو بچشم خود دیکھے ۔ ان لوگوں کے معاملات میں دلچسپی لے یا کم از کم بیانوں کے ذریعے ان کو مطمئن کرنے کی کوشش کرے ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ پبلک پلیٹ فارم سے ماسوائے خدا بخش بچہ کے کسی سیاسی لیڈر نے اس معاملہ میں دلچسپی نہیں لی ۔

جناب والا ۔ اب میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ہمیں ان لوگوں کو آباد کرنا ہے ۔ ہمیں ان لوگوں کو ان کے گھروں میں واپس لے جانا ہے ۔ ان کی آبادکاری میں مدد کرنا ہے ۔ ذاتی طور پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کی آباد کاری ایک نفسیاتی مسئلہ ہے ہم نے ان کے ولولہ کو آباد کرنا ہے ۔ یہ ان کی تمناؤں کی آباد کاری کا سوال ہے ۔ ان کی غیرت کی آبادکاری کا سوال ہے ۔ ہم نے ان کی غیرت نفس کو آباد کرنا ہے ۔ ہم نے ان کی جرأت کو آباد کرنا ہے اور میں یہ بھی کہوں گا کہ ہم نے ان کے دلوں کو آباد کرنا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ آباد کاری اس وقت تک نا ممکن ہے جب تک پانچ کروڑ کے انسانی کنبہ میں ہم انہیں سمو نہ لیں ۔ ضم نہ کر لیں ۔ ان کا

یہ احساس بے چارگی ختم نہ کر لیں جب تک ہم ان کو یہ احساس نہ دلا دیں کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں آپ کی بستیوں میں بستے ہیں۔ آپ کے حالات سے باخبر ہیں ہم اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ جناب والا۔ یہ قوم کا ایک بہت بڑا فرض تھا جسے آج تک کماحقہ پورا نہیں کیا گیا اور یہ غفلت اس قوم کی بہت بڑی غفلت ہے۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ہم نے ان کو آباد کرنا ہے اور انہی بستیوں۔ انہی شاہراہوں اور انہی کھیتوں میں ہم نے انہیں پورے طریق سے آباد کرنا ہے۔ جن سے ان کی محبت اب پہلے سے سو گنا زیادہ ہے۔ اگر خدانخواستہ ہم ان بستیوں ان وادیوں اور ان شاہراہوں سے ان کی محبت انہیں واپس دلانے میں کامیاب نہ ہوئے تو میں یہ کہوں گا اور یہ حقیقت ہوگی۔ (میں یہ تو نہیں کہوں گا کہ وہ پاکستان کے خلاف ہو جائیں گے) مگر پاکستان سے ان کی وابستگی کم ہو جائے گی اور جناب والا۔ پانچ لاکھ افراد کی وابستگی کا کم ہو جانا تاریخ کا بہت بڑا المیہ ہوگا اب جناب والا میں یہ عرض کروں گا۔ کہ میں صاحبزادی صاحبہ کا مشکور ہوں کہ انہوں نے قوم اور ملک کی اہم ترین ضرورت کو پیش نظر رکھ کر جنگی متاثرین کے حالات کا گہرا معائنہ کیا اور پھر اس ریزولیوشن کو آج یہاں پیش کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حالات جنگی حالات سے اور جنگی معاملات سے کسی طرح کم نہیں اور میں اس معاملہ کو دنیا کے کسی اور معاملہ سے کم اہمیت نہیں دے سکتا۔ جناب والا۔ انہوں نے یہ

ریزولیوشن لا کر میں سمجھتا ہوں حکومت اور عوام دونوں کی راہ نمائی فرمانے کی کامیاب سعی فرمائی ہے اس لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر اس ٹیکس میں اگر اس معاملہ میں تمام مغربی پاکستان کے پانچ کروڑ افراد کا عظیم کنبہ اپنی ایک دن کی کمائی اس کام کے لئے وقف کر دے تو میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ دس کروڑ کی آمدنی ہو سکتی ہے یا بنائی جا سکتی ہے ۔ یہ ان لوگوں میں ان مفلوک الحال انسانوں میں ــــ ان جنگ زدہ علاقوں کے انسانوں میں احساس برتری پیدا کرنے کا موجب ہوگا اور انہیں یہ احساس بھی دلائے گا کہ پانچ کروڑ کا عظیم کنبہ ہمارے معاملات سے پوری طرح باخبر ہے ۔ ہمارے حالات کو سدھارنے کے لئے پوری طرح کوشاں ہے ۔ میں جناب والا ۔ اس ہاؤس کے معزز ممبران سے یہ اپیل کروں گا کہ وہ اس ریزولیوشن کو پاس کر دیں ۔ یہ ان لوگوں میں احساس برتری پیدا کرنے کا موجب ہوگا اور انہیں یہ احساس دلائے گا کہ وہ ایک خود دار قوم اور عظیم قوم کے افراد ہیں ۔

جناب والا ۔ مجھے اس بات کی انتہائی خوشی ہے کہ اس ریزولیوشن کی وجہ سے مجھے وزیر بحالیات کی خدمت میں کچھ معروضات پیش کرنے کا موقع نصیب ہوا ہے ۔ ان کی خدمت میں اب میں یہ عرض کر دوں کہ اس ریزولیوشن کے علاوہ میں ان کی توجہ چند ایک اہم امور جو rehabilitation of displaced persons سے متعلق ہیں دلانا چاہتا ہوں ۔ آج تک دنیا یہ سمجھتی رہی ہے کہ حکومت کا غالباً منشا یہ ہے اور حکومت

کے احکامات سے صاف واضح ہے کہ وہ لوگ جو جنگ کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں ان کو ۶۰۰ روپیہ امداد کے طور پر دیا جائے گا ۔ میں ان کی توجہ اس اہم نقطہ کی طرف دلاتا ہوں کہ جب حکومت نے معاوضہ کے متعلق کوئی اعلان نہیں کیا ۔ جب حکومت معاوضہ دینے کے متعلق کوئی کام نہیں کر رہی تو میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس معاملہ کی تحقیقات کریں ۔ ۳ فیصدی سے کم انسان ہیں جن کو ۶۰۰ روپیہ کی رقم مکان بنانے کی امداد کے لئے دی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ معاملہ بھی محتاج توجہ ہے ۔ یہ معاملہ بڑا اہم ہے لیکن جب امدادی رقوم دی جا رہی ہیں معاوضہ نہیں دیا جا رہا ہے پھر ان رقوم میں کمی بیشی کیسی ؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایڈمنسٹریشن پر گلہ نہیں ہے ۔ سیالکوٹ کے لوگ بے حد محنت سے کام کر رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ نقطہ آج تک کسی کی سمجھ میں نہیں آ سکا کہ جب کہ امدادی رقم دی جا رہی ہے پھر معاوضہ کیسا ۔ میں وزیر بحالیات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ۵۰ - ۱۰۰ - ۳۰۰ یا ۴۰۰ روپیہ آپ مکان بنانے کے لئے مخصوص کرتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں پتھر اور دھات کے زمانے میں یقیناً اتنی لاگت میں مکان بن جاتا ہوگا ۔ میں انتہائی نیاز مند ہوں ۔ ۔

Mr. Munawar Khan : Point of order Sir. The maximum time limit for speakers in case of a resolution is fifteen minutes - the mover, of course, gets thirty minutes. So you will please take that into consideration while permitting the speakers.

Mr. Senior Deputy Speaker : Chaudhri Sahib, please try to conclude now.

چودھری محمد سرور - جناب والا - ایک اور اہم بات جس کو میں محسوس کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ بحالیات کے معاملہ کے علاوہ حکومت کو سوائے دال روٹی اور گھروندوں کے بنانے کے میں سمجھتا ہوں کچھ اور معاملات پر بھی توجہ دینی چاہئیے - بالخصوص اس علاقہ میں جو سب سے زیادہ متاثر ہو اگر حکومت اس طرف توجہ دیتی اور ان لوگوں کی بے روزگاری دور کر دیتی تو یہ مسئلہ اچھی طرح حل ہو جاتا - جناب والا - بے روزگاری دور کرنے کے لئے تمام انڈسٹریز - فیکٹریوں اور پرائیوٹ کارخانوں میں ان لوگوں کے لئے ملازمت کا quota مقرر کر دیا جائے اور میں آج بھی سمجھتا ہوں اور میں جناب وزیر بحالیات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ تمام پرائیوٹ کارخانوں - فیکٹریوں اور انڈسٹریوں کے تمام شعبہ حیات میں ان لوگوں کے لئے ملازمت کا کوٹا مقرر کرائیں - میں تو یہاں تک کہوں گا کہ اس علاقہ میں جہاں جنگ ہوئی ہے وہاں ہر خاندان میں کسی نہ کسی فرد کو ملازمت مل جائے - صلع کی سطح پر جو ملازمتیں ہیں میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ان کے لئے وہ احکامات جاری کریں کہ displaced persons کو top-priority دی جائے - سب سے پہلے ان لوگوں کو ملازمتیں مہیا کی جائیں تاکہ وہ اطمینان سے اپنا کام جاری رکھیں اور گورنمنٹ کے لئے بوجھ نہ بنتے چلے جائیں - ایسی صورت حال سے دو چار ہونے کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ اب پہلی منزل سے گزر چکی ہے دوسرا phase اسی طرح نہ آئے جیسے پہلے دن آباد کاری کے متعلق آیا ہے -

جناب والا ۔ بیکاری کے متعلق میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا اور مکانوں کے لئے جو امداد دی جا رہی ہے اس کے متعلق بھی عرض کروں گا کہ ان دونوں معاملات میں خصوصی توجہ دے کر جلد از جلد ضروری احکامات صادر فرمائیں ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب والا ۔ میں محترمہ صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ کے جذبات کی تعریف کرتا ہوں کہ انہوں نے وقت کی ایک اہم ضرورت کے مطابق اس ہاؤس کے سامنے ایک تجویز پیش کی ہے اور میرے محترم بھائی چودھری سرور صاحب نے اپنے جن جذبات کا اظہار کیا ہے میں ان سے بھی کسی حد تک اتفاق کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ متاثرہ لوگوں کی حالت حقیقتاً نا گفتہ بہ ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت بھی ان کی بہتری کے لئے سرتوڑ کوشش کر رہی ہے ۔ اس سے مجھے انکار نہیں لیکن ان لوگوں نے جس قدر قربانیاں دیں ۔ جس قدر انہوں نے ثابت قدمی کا ثبوت دیا اسی قدر ان کو زیادہ نقصان پہنچا اور ہمیشہ میدان جنگ میں بسنے والے لوگوں کو تکالیف پہنچتی ہیں لیکن اس کے بعد حکومت کا یہ فرض ہوتا ہے کہ ان کی بحالی کم سے کم عرصہ میں مکمل کر دی جائے ۔ اس میں شک نہیں کہ حکومت کافی سے زیادہ اخراجات برداشت کر رہی ہے ۔ مجھے علم ہے اور میں ضلع لاہور سے تعلق رکھتا ہوں اور اچھی طرح حالات سے باخبر ہوں لیکن حقیقتاً ان لوگوں کو جو تکالیف پیش آئی ہیں ۔ ان کو جو نقصانات

پہنچے ہیں ان کے پیش نظر ان کو بسانے کے لئے جو امداد رکھی ہے یا دی جا رہی ہے وہ ناکافی ہے ۔ اس لئے میں ان کی تائید کرتے ہوئے حکومت سے گزارش کروں گا کہ ان لوگوں کی امدادی رقم کو اور زیادہ بڑھا دیا جائے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک اس تجویز کا تعلق ہے کہ ہر بالغ پر ٹیکس عائد کیا جائے مجھے اس سے اتفاق نہیں کیونکہ ہماری قوم کا اور ہمارے صوبے کا ہر بالغ اتنی طاقت نہیں رکھتا کہ وہ ٹیکس ادا کرے اور میں سمجھتا ہوں کہ ایسے قومی معاملات میں بھی اگر ٹیکس عائد کیا جائے یا ٹیکس کے ذریعہ رقم وصول کی جائے تو ہماری قوم کے لئے میں سمجھتا ہوں اس سے بڑی لعنت کوئی نہ ہوگی ۔ کیونکہ اس قوم میں جذبات موجود ہیں ۔ اس سے قبل آپ نے دیکھا ہے کہ اس جنگ میں دفاعی فنڈز کے لئے اس ملک کے ہر طبقہ نے ، ہر شخص نے اور ہر شہری نے حصہ لیا ہے بجائے اس کے کہ ہم ٹیکس کے ذریعہ ، ڈنڈے کے ذریعہ ان سے ایک رقم وصول کریں ۔ اس کی بجائے بہتر ہے کہ تمام ہاؤس کے ممبر صاحبان قوم کے دوسرے کارکن اور تمام وزرا ملک میں پھیل جائیں اور عوام سے اپیل کریں کہ صاحب استطاعت لوگ اس میں دل کھول کر چندہ دیں ۔ مجھے یقین ہے کہ جتنی رقم آپ اس ٹیکس سے وصول کرنا چاہتے ہیں اس سے دوگنا رقم ہم وصول کر سکتے ہیں ۔ اس لئے اس سلسلہ میں ان کی بحالی کے لئے ٹیکس عائد کرنے کی میں پرزور مخالفت کرتا ہوں اور میں اس ہاؤس کے اراکین سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس ٹیکس کی موافقت نہ کریں ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ٹیکس لگانا مناسب نہیں ہے

بلکہ آپ لوگوں سے اپیل کرنے کے لئے محنت کریں ۔ دن رات ایک کردیں دیہات میں جا کر لوگوں سے اپیل کریں ۔ میرا ایمان اور یقین ہے کہ اس طرح ہم ٹیکس کی نسبت زیادہ روپیہ اکٹھا کر سکتے ہیں ۔ اس لئے میں جناب وزیر بحالیات کی خدمت میں دوبارہ عرض کروں گا کہ وہ اپنے محکمے کی طرف سے حکومت سے یہ مطالبہ کریں کہ یہ مخصوص شدہ رقم ناکافی ہے ۔ اس لئے وہ اس کام کے لئے مزید روپیہ دے ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ قوم سے اپیل کے ذریعے بھی روپیہ اکٹھا کیا جائے ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اس قرارداد کی مخالفت کرتا ہوں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ صدر محترم ۔ جنگی بے گھروں کے نقصانات .....

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب صدر ۔ میرا خیال ہے کہ جو متعلقہ ممبران ہیں ۔ ان کو پہلے موقع ملنا چاہئے ۔ کیونکہ ایسا نہ ہو کہ وہ اپنے خیالات کے اظہار سے محروم رہ جائیں اور جو صحیح واقعات ہیں اور جو چشم دید واقعات ہیں ۔ وہ اس ہاؤس کے سامنے پیش نہ ہو سکیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میں معزز ممبر کی تائید کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب سب کو موقع ملے گا ۔

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۱)۔صدر محترم۔ جنگی بے گھروں کے ان نقصانات ، دکھ درد اور تکالیف کا اندازہ لگانا جوکہ انہوں نے ستمبر

کی جنگ میں اٹھائی ہیں ۔ کچھ زیادہ مشکل نہیں ہے ۔ لیکن ان نقصانات دکھ اور تکالیف اور مشکلات کو صرف وہی لوگ محسوس کر سکتے ہیں ۔ جن پر ذاتی طور پر اس قسم کے واقعات گزرے ہوں ۔ بیگم محمودہ بیگم صاحبہ بھی میری طرح ۱۹۴۷ء میں اس قسم کے واقعات سے دو چار ہو ہوئیں اور انہیں بھی اسی قسم کی تکالیف اٹھانی پڑی تھیں ۔ وہ بھی اپنا گھر بار ، اپنا اثاثہ اور دیگر ضروریات قربان کر کے پاکستان آئیں ۔ اسی لئے ان کا یہ ریزولیوشن ان کے جذبات اور ان احساسات کا جن کو وہ محسوس کرتی ہیں ۔ آئینہ دار اور ترجمان ہے ۔ انہوں نے یہ ریزولیوشن پیش کر کے نہ صرف اپنے فرض کی ادائیگی کی ہے بلکہ وقت کی ایک اہم ضرورت کو بھی پورا کیا ہے ۔

صدر محترم ۔ جنگی بے گھروں کے جو نقصانات ہوئے ہیں اور انہوں نے جو دکھ درد اور تکالیف اٹھائی ہیں ۔ ان میں سے چند ایک ایسی ہیں کہ جن کی تلافی گورنمنٹ یا دیگر ایجنسیوں کی امداد سے نہیں ہو سکتی ۔ مثلاً جنگی بے گھروں کی جو عزت و آبرو لٹ گئی ہے ۔ ہم ان کو ان کی وہ عزت و آبرو واپس نہیں دلا سکتے ہیں ۔ جنگی بے گھروں کو ذہنی تکلیف پہنچی ہے ۔ ہم ان کو ذہنی سکون واپس نہیں دے سکتے ہیں ۔ ہم ان کے لئے صرف یہ بندوبست کر سکتے ہیں کہ ان کے رہنے کے لئے مکان کا بندوبست کر دیں اور ان کے گزارے کے لئے کوئی سبیل نکالیں ۔ کاشتکاروں کو بیل ، بیج اور اراضی مہیا کرنے کا انتظام کر دیں اور اس سلسلے میں جو بھی کوشش کی جائے جو بھی امداد انہیں بہم پہنچائی جائے میرے خیال میں وہ کم ہو گی ۔ کیونکہ ان جنگی بے گھروں نے جو

تکالیف اٹھائی ھیں اور ان کو جو ذھنی تکلیف پہنچی ھے - انہوں نے جو مشکلات جھیلی ھیں - وہ تمام قوم اور وطن عزیز کے لئے جھیلی ھیں - اس لئے وہ ھر قسم کی امداد کے مستحق ھیں -

صدر محترم - اس ریزولیوشن کے دو جزو ھیں - سب سے پہلا جزو تو یہ ھے کہ جنگی بے گھروں کو جلد از جلد آباد کیا جائے اور اس کا دوسرا جزو یہ ھے کہ جنگی بے گھروں کی آبادکاری کے لئے سرمائے کا اھتمام کیا جائے - جہاں تک ان کی آبادکاری کا تعلق ھے میں سمجھتا ھوں - کہ یہ کام جس قدر جلد انجام کو پہنچے - اسی قدر مناسب ھے - اس کام کو جس قدر بھی جلد مکمل کیا جائے - اتنا ھی بہتر ھے - کیونکہ آج ھمیں ان کی تکالیف کا احساس ھے اور ان لوگوں سے ھمیں ھمدردی ھے - لیکن وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ اس احساس اور اس ھمدردی میں کمی واقع ھونے کا احتمال ھے اور احساس اور ھمدردی میں کمی واقع ھونے کے بعد ھم ان کی وہ امداد نہیں کر سکیں گے جو ھمیں کرنی چاھئے - کیونکہ آج ھمیں ان کے دکھ کا زیادہ احساس ھے اور جہاں تک سرمائے کی فراھمی کا تعلق ھے میں سمجھتا ھوں کہ جس حد تک حکومت کر سکتی ھے وہ کر رھی ھے - ھو سکتا ھے کہ ڈیفنس کی موجودہ ضروریات کے پیش نظر ھماری حکومت ان لوگوں کی مزید امداد نہ کر سکے - لہذا ھمیں ان کے لئے دیگر کسی طریقے سے فنڈ اکٹھا کرنا چاھئے اور ایک طریقہ تو یہ ھے جوکہ اس ریزولیوشن میں تجویز کیا گیا ھے اور دوسرا طریقہ اس ھاؤس کے فاضل ممبران نے تجویز کیا ھے - تو ان طریقوں میں سے جو بھی مناسب طریقہ ھو وہ ھمیں اپنانا پڑے گا - حالات کے مطابق جس طریقے کو میں

زیادہ مناسب سمجھتا ہوں وہ وہی ہے جو کہ اس قرارداد میں تجویز کیا گیا ہے ۔ میرا خیال ہے کہ اسی کو اپنا لیا جائے تاکہ اس سے ان بے گھر لوگوں کو جلد از جلد اور زیادہ سے زیادہ امداد دی جا سکے اور ان کو جلد آباد کیا جا سکے ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم (بی - ڈبلیو ۱۵۳ - زون سوم) - صدر محترم موجودہ قرارداد اس ایوان میں اس امر کی دلیل ہے کہ قوم کے وہ نمائندے جو کہ اس ہاؤس میں ہیں ۔ ان کو اس بات کا احساس ہے کہ آج سے سات آٹھ مہینے پہلے ہم نے ایک خوفناک جنگ لڑی تھی ۔ اور اس کے نتیجے کے طور پر جو لوگ بے گھر ہوئے ہیں وہ کس حد تک تکلیف اور مصیبت میں مبتلا ہیں ۔

صدر محترم ۔ کسی قوم کی زندگی میں جنگ ایک اتنا بڑا امتحان ہوتا ہے جس کی یاد صدیوں تک قوم کی زندگیوں میں نمایاں رہتی ہے ۔ موجودہ جنگ جو کہ آج سے سات آٹھ ماہ پہلے ہم لوگوں نے لڑی ۔ ہماری قومی زندگی میں ایک نمایاں اور درخشاں پہلو رکھتی ہے کہ ایک اتنے بڑے ملک کے مقابلے میں اس درجہ کامیابی ، اس درجہ بہادری اور اس درجہ ہمت اور جنگجوئی سے یہ جنگ لڑی گئی کہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیائے اسلام اس پر بجا طور پر فخر کر سکتی ہے اور اس جنگ کے جو نتائج ہونے تھے اور ہونے چاہئیں تھے ۔ وہی آج موجود ہیں ۔ صورت حال یہ ہے کہ اس جنگ کے نتیجے میں تقریباً پانچ لاکھ انسان بے گھر اور بے خانماں ہوئے ہیں ۔ ہماری حکومت سے جس درجہ بھی ہو سکا ہے ۔ اس نے ان

بے خانماں اور بے گھر لوگوں کی بحالی اور دوبارہ آبادکاری کے لئے اقدامات کئے ھیں اور حکومت کی پالیسیوں میں جو تھوڑے بہت نقائص اور خامیاں ھوا کرتی ھیں ۔ وہ یہاں اس سلسلے میں بھی موجود ھوں گی ۔ لیکن میں دیانتداری سے یہ سمجھتی ھوں کہ بے گھر لوگوں کی آبادکاری کے سلسلے میں ھماری حکومت نے بڑی محنت اور جانفشانی سے کام لیا ھے ۔ لیکن ھر قوم کی اپنی ذمہ داریاں اور اپنے مسائل ھوتے ھیں اور ھماری قوم اور ھماری حکومت کے پاس شائد اس درجہ جس درجہ کہ ان لوگوں کی ضروریات ھیں ۔ ان کو مالی امداد بہم پہنچانے کے لئے وسائل نہ ھوں ۔ تو اس قرارداد کو پیش کرنے کا صرف یہی مقصد ھے کہ اس وقت ھماری حکومت اور ھماری قوم میں وہ تعاون موجود نہیں ھے ۔ جو تعاون کہ ان لوگوں کو آباد کرنے کے معاملے میں ھونا چاھئے ۔ اس قرارداد کے پیش کرنے کا مطلب ھی یہی ھے کہ حکومت نے جو وسائل اختیار کئے ھیں وہ ناکافی ھیں اور ان سے وہ متاثرہ لوگ اور عوام مطمئن نہیں ھیں ۔ اس لیے عوام کے نمائندوں کا یہ فرض ھے کہ اس ملک کی پانچ کروڑ کی آبادی کے جو نمائندے اس ایوان میں موجود ھیں ۔ ان کا یہ فرض ھے کہ وہ سر جوڑ کر بیٹھیں اور یہ سوچیں کہ حکومت کے وسائل کے علاوہ وہ کون سے وسائل ھیں کہ جن کے ذریعے ان بے گھر لوگوں کو صحیح طور پر آباد کیا جا سکتا ھے ۔ لاھور اور سیالکوٹ کے سرحدی علاقوں میں جو لوگ بےگھر ھوئے ھیں ان کی داستانیں سنانے کے لئے بہت سے لوگ موجود ھیں اور جیسا کہ چودھری محمد سرور صاحب اور چودھری محمد ادریس صاحب نے فرمایا ھے ۔ آپ کو یہاں کے لوگوں کے حالات کا تو علم ھے ۔ لیکن میں

آپ کو یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ رحیم یارخان ، سانگھڑ سکھر اور تھرپارکر کے سرحدی علاقوں میں جو کچھ ہوا ہے ۔ وہ شائد آپ کو معلوم نہیں وہاں مقامی آبادی کے لوگ بھی بڑی جوانمردی دلیری اور جانفشانی سے جانباز سپاہیوں کی طرح لڑے اور ہندوستان کے بہت سے علاقے حاصل کر لئے ۔ وہ علاقے موجودہ حالت کے مطابق جب ہم کو واپس کرنا پڑے تو وہ مسلمان جو بے گھر ہوئے ان میں ہندوستان کے مسلمان بھی تھے جن کو ہندوستان کی حکومت اپنے پرانے گھروں میں بسانے کے لئے تیار نہیں تھی ۔ عجیب کیفیت تھی ۔ ہندوستان کے ہزاروں اور لاکھوں مسلمان تھرپارکر کے راستہ ہمارے پاس آ گئے ان کو بسانے کا مسئلہ بھی درپیش ہوا جو لوگ ادھر سے ادھر آ گئے ۔ اور انڈیا والے انہیں اپنے ہاں بسانے کو تیار نہیں تھے حالانکہ ان کی زمین واپس کر دی گئی تھی ۔ میں سمجھتی ہوں کہ ہماری حکومت نہایت دیانتداری سے ان تمام مسائل کو حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے ۔ تا کہ یہ بے خانماں لوگ آباد ہو جائیں ۔ میں معزز اراکین اسمبلی کی خدمت میں عرض کروں گی کہ وہ سر جوڑ کر بیٹھ جائیں اور اس کے مناسب حل کے لئے سوچیں ۔

میں رانا پھول خان صاحب کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایک نئی تجویز پیش کی ہے ۔ مجھے ان کی تجویز سے اتفاق ہے اور میں اصرار نہیں کرتی ۔ لیکن میں سمجھتی ہوں کہ کوئی ایسا طریق کار ضرور ہونا چاہیئے جس سے تمام وسائل مہیا ہو جائیں اور رقم مہیا ہو جائے جس سے ان لوگوں کو صحیح طریقہ پر آباد کیا جائے ۔ اس کے بعد ایک اور ضروری

بات عرض کروں گی میں نے اس سلسلہ میں پریس سے بھی رجوع کیا تھا وزرا کی خدمت میں بھی حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ لاہور اور سیالکوٹ کے علاقوں کے تقریباً ۴۰۰ دیہات متاثر ہوئے ہیں اور بالکل کھنڈر بن گئے ہیں ۔ میری تجویز ہے اور میں اس بات پر اصرار کرتی ہوں کہ ان ۴۰۰ دیہات کو بالکل modern طریقہ پر آباد کیا جائے ۔ میں یہ نہیں کہتی کہ ان کو پیرس کا نمونہ بنا دیں لیکن میری خواہش ہے کہ اس طریقہ سے وہاں آباد کاری کی جائے کہ پہلے کی طرح نہ ہو ۔ کہ ایک ہی کمرہ میں جہاں انسان رہتے ہوں وہاں جانور بھی باندھے جائیں میں گورنمنٹ سے التجا کرتی ہوں اور اگرچہ میں جانتی ہوں کہ بہت سے لوگ آباد ہو رہے ہیں پھر بھی اگر حکومت کسی Town Planner سے یا کسی اور ذریعہ سے کوئی سکیم بنائے تو بہتر ہو گا ۔ یہ کام سوشل ورکرز کے کرنے کا نہیں ۔ وہ لوگ سوشل ورکرز کی بات نہیں مانیں گے حکومت کی آواز میں طاقت ہے ۔ اس لئے حکومت کو چاہئے کہ ان دیہات میں جو آبادکاری ہو وہ کسی سلیقہ سے کی جائے ۔ ۴۰۰ دیہات کی آبادکاری کسی ملک کی زندگی میں بہت بڑی بات ہوتی ہے ۔ مثال کے طور پر دیہات میں ڈسپنسری کے لئے علیحدہ جگہ ہو سکولوں کے لئے اور سوشل ورکرز ہوم کے لئے اور بچوں کے کھیل کے میدانوں کے لئے علیحدہ علیحدہ جگہ بنائی جائے ۔ میں سمجھتی ہوں کہ اگر ابھی اس کام کی طرف توجہ نہ دی گئی تو

دو ماہ کے بعد ممکن نہیں ہوگا ۔ پھر یہ کام بہت مشکل ہو جائے گا ۔ اس لئے کہ کچھ لوگ تو ابھی چھپر وغیرہ ڈال کر آباد ہو رہے ہیں ۔ میں حکومت کی توجہ اس امر پر مبذول کرانا چاہتی ہوں کہ وہ کوشش کرے کہ دیہات میں اس طریقہ سے گلیاں بنائی جائیں کہ لوگ آسانی سے گزر سکیں پہلے جو گلیاں تھیں دو آدمی بہ مشکل گزر سکتے تھے ۔ اب ان دیہات کو نئے طریقہ سے آباد کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ ٹیکسوں کے معاملہ میں میں مخالف ہوں ۔ اور اگر ایمرجینسی کے موقع پر یا قومی ضروریات کے لئے ہو تو اس کے لئے اگر قوم میں سے ہر شخص پر ایک یوم کی آمدنی کا ٹیکس لگایا جائے تو شاید یہ بات نا قابل قبول اور ناقابل عمل نہ ہو گی ۔ لیکن اگر ہمارے معزز اراکین اور ہمارے وزراء صاحبان ایک معقول رقم اکٹھی کرنے کے متعلق سوچ سکیں تو اس میں کسی کو بھی قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہو گا ۔

جناب والا ۔ یہ طے شدہ بات ہے کہ حکومت کی طرف سے جو امداد دی گئی ہے ۔ اگرچہ وہ اتنی ہی دے سکتی تھی لیکن موجودہ آبادکاری کے لئے بالکل غیر تسلی بخش ہے ۔ اس سے تو کچھ ہو ہی نہیں سکتا ۔ اگر حکومت ۳۰۰ روپیہ فی گھر یا فی خاندان دیتی ہے تو ۳۰۰ روپیہ میں ایک گھر آباد کرنا ناممکن ہے ۔ اس لئے اس امداد کو کوئی عملی شکل دینے کے لئے حکومت کو چاہئے کہ ایک ہائی پاور کمیٹی بنائے جس میں آفیشل اور نان آفیشل ممبر ہوں تا کہ وہ یہ سوچ سکیں کہ کس طرح یہ رقم مہیا کی جائے اور پھر کس طرح

اسے خرچ کیا جائے ۔ آج سے تقریباً ۲۰ سال پہلے جب انقلاب آیا تھا تو اس میں بے شمار لوگ بے گھر ہوئے تھے ان میں سے ایک میں بھی ہوں ۔ وقتاً فوقتاً میں ان لوگوں کی مشکلات اور ان لوگوں کی تباہ کاریوں کے متعلق عرض کرتی رہی ہوں اور شوق سے کہہ سکتی ہوں کہ اس ۲۰ سال کے عرصہ میں بھی مہاجرین پوری طرح آباد نہیں ہو سکے ۔ ان میں سے ابھی تک بے شمار ایسے لوگ ہیں جو مختلف قسم کی مشکلات میں مبتلا ہیں ۔ تاریخ اگرچہ اپنے آپ کو دھراتی ہے لیکن ایسا دور پھر نہیں دھرایا جائے گا ۔

یہ پانچ لاکھ لوگ جو بے گھر ہوئے ہیں ان کے متعلق اپنی اولین فرصت میں سوچیں ۔ آج سے بیس سال پہلے جو لوگ بے گھر ہوئے ان کی آبادکاری کے لئے مختلف اوقات میں مختلف سکیمیں بنائی جاتی رہیں اور پھر انہیں توڑ دیا جاتا رہا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج تک بے شمار لوگ آباد نہیں ہو سکے ۔ اگر لیڈر آف دی ہاؤس ناراض نہ ہوں تو بجٹ سیشن میں تمام اعداد و شمار اور facts and figures پیش کروں گی کہ کتنے لوگ اب تک بے گھر ہوئے ہیں اور کتنے لوگوں کی آبادکاری ابھی تک باقی ہے ۔ میرا اندازہ ہے کہ تقریباً ۵ لاکھ افراد جنگی بے گھر ہوئے ہیں ۔ ان کی آبادکاری کے لئے میں پھر اس معزز ایوان سے درخواست کروں گی ۔ اگرچہ اس کی اہمیت سے ہماری حکومت اور معزز وزرا بخوبی واقف ہیں ۔ وہ ضرور ایک ہائی پاور کمیٹی مقرر کریں تا کہ وہ ان لوگوں کے حالات اور ضروریات کا جائزہ لے کر انہیں جلد از جلد آباد کرنے کی کوشش کرے ۔

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ آج ایک نہایت ہی اہم مسئلہ پیش ہوا ہے جو گذشتہ ستمبر کے واقعات کا مسئلہ ہے ۔ جو ایک نہایت ہی نازک مسئلہ ہے اور جو سب سے زیادہ اہم مسئلہ ہے ۔ وہ اس وقت اس ہاؤس میں پیش ہوا ہے ۔ آج ہاؤس کی اجازت سے پہلی بار اس بات کا موقع ملا ہے کہ اس پر ممبر حضرات اپنے خیالات کا اظہار کریں ۔

جناب سپیکر ۔ میری گذارش ہے کہ اس وقت لاہور ضلع کے ایک لاکھ بیس ہزار افراد متاثر ہوئے ہیں ۔ سیالکوٹ میں ایک لاکھ اسی ہزار افراد متاثر ہوئے ہیں تو گویا تین لاکھ کے قریب لوگ متاثر ہوئے ہیں ۔ یہ سب census کے مطابق ہے ۔ میرے پاس documents ہیں یہ figures ہیں جو ۱۹۶۱ کی مردم شماری کے مطابق ہیں ۔ دراصل اس میں جب نئی فیکٹریاں بنائی گئیں ۔ نئی آبادکاری ہوئی اور لوگوں کو بارڈر پر بسایا گیا اس میں حکومت کے ملازمین اور functionaries کے طور پر جو کام کرتے ہیں ان کو ان میں شامل نہیں کیا گیا ۔ لاہور میں ۱۱۵ گاؤں متاثر ہوئے جن میں سے ۷۲ دشمن کے قبضہ میں چلے گئے ۔ سیالکوٹ میں ۳۶۳ گاؤں تھے جو متاثر ہوئے ۔ جناب سپیکر ۔ جنگ کے نقطہ نظر سے یہ کوئی اتنی زیادہ آبادی نہیں جو متاثر ہوئی ہو ۔ یا war basis پر جس کی rehabilitate کرنے کی ضرورت ہے ۔

جنگوں میں اس سے زیادہ تباہ کاریاں اور اس سے زیادہ ہولناکیاں ہوتی ہیں ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حکومت نے آج جو measures اختیار کئے ہیں ان کے سلسلے میں حکومت کی منصوبہ بندی ہی

غلط ہے ۔ حکومت نے معقول رقومات فراہم نہیں کیں جس سے ان تمام لوگوں کو دوبارہ بسایا جا سکتا ۔ جناب سپیکر ۔ یہ مسئلہ مرکزی اور صوبائی حکومت کا مشترکہ ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ قربانیاں جو قوم نے دیں ہم ان قربانیوں کا مذاق اڑا رہے ہیں کہ ہم تین لاکھ افراد کو بھی بسا نہیں سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ وہ ہندو اور وہ سکھ ہمارا آج کا دشمن نہیں ہے وہ صدیوں سے مسلمانوں سے برسرپیکار تھا ۔ آج اس کو موقع ملا تو اس نے بلڈنگیں تباہ کر دیں اور ہماری درسگاہیں اور ہماری خانقاہیں اس نے dynamite سے اڑا دیں اور ان کو ختم کر دیا ۔ صرف لاہور میں آپ کے اعداد و شمار کے مطابق ۸ لڑکیوں کے پرائمری سکول ۳۱ ۔ لڑکوں کے پرائمری سکول اور ۸ ۔ مڈل سکول تباہ ہوئے ہیں ۔ صرف لاہور میں ۲۴۱ ۔ ٹیوب ویل اور ان کی مشینری remove کی گئی ہے اور اسی طرح سے سیالکوٹ میں کم سے کم ۴ سو دیہات کو برباد کیا ہے اور ۹۰ ٹیوب ویلوں کی مشینری remove کی گئی ہے ۔ چارہ کاٹنے کی مشینیں مکانوں کی چھتیں غرض جو بھی ان کے ہاتھ میں آیا اور قابل استعمال تھا اسے وہ لے گئے ۔ اس پر ہماری حکومت کا یہ مذاق کہ جس خاندان کا کوئی فرد شہید ہوا اگر وہ کام کرنے والا تھا تو اس کا ۵۰۰ روپے compensation دیا جائے اور اگر کام کرنے والا نہیں تھا تو اس کا ۳۰۰ روپیہ compensation دیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مذاق نہیں تو اور کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ایک اور بات بھی یہ عرض کروں کہ ہمارے ایگرکلچرل ڈولپمنٹ بینک نے اعلان کیا ہے کہ ٹیوب ویل پھر سے لگانے کے لئے سود

پر روپیہ دیا جائے گا ۔ میں کہتا ہوں کہ ان کا کیا قصور تھا کہ وہ ۶۔ ستمبر کی رات کو بیٹھے بٹھائے مہاجر بن گئے ۔ انہوں نے پامردی سے دشمن کا مقابلہ کیا اور شہید ہوئے انہوں نے اسلام کے نام پر جانیں دیں ۔ اور ہماری حکومت کے بینک آج معاوضہ دینے کے لئے ان سے سود کا مطالبہ کر رہے ہیں اور اس کے بعد حکومت کہتی ہے کہ بحالیات کے لئے وہ ایسے measure adopt کر رہی ہے جو مناسب ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت نے سیالکوٹ میں ۱۳۵ ٹریکٹر حاصل کرنے کی کوشش کی اور ۱۰۹ ٹریکٹر وہاں کے لئے حاصل بھی کئے ۔ میرے پاس دو یا تین ہفتے قبل کے figures ہیں جن کا میں حوالہ دے رہا ہوں ۔ لاہور میں ہماری حکومت نے ۱۰۰ ٹریکٹر مہیا کئے اور کام ہوتا رہا لیکن سیالکوٹ میں ایک لاکھ ۱۱ ہزار ایکڑ زمین تھی اس میں سے صرف ۱۲ ہزار ایکڑ زمین کو ۶ ماہ میں cultivate کرنے کا target دیا گیا ۔ اسی طرح سے باجرہ اور مکئی کی تمام فصلیں جو تھیں وہ میں سمجھتا ہوں کہ سب ضائع ہوگئی ہیں ۔ اس کے بعد اگلا target یہ تھا ۲۹ مارچ سے تمام معاملات کو شروع کیا جائے اور اس اگلے target میں یہ طے کیا گیا کہ جو رقبہ قابل کاشت ہے اس کا ۴۰ فیصد کاشت کیا جائے ۔ میں کہتا ہوں کہ کیوں نہ سو فیصدی کاشت کیا جائے ۔

Chaudhri Muhammad Sarwar : The House is not in quorum.

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes Malik Sahib.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا وہ مذاق اور وہ بیان کہ بحالی کے لئے ہم یہ کام کر رہے ہیں اور اس کے لئے ہم

نے کیا کیا کام کیا ہے ۔ یعنی جس جگہ کو برباد کرنے کے لئے دشمن کے ۶ سو ٹینک آئے ہوں وہاں بسانے کے لئے ایک سو ٹریکٹر ہماری حکومت بھیج رہی ہے ۔

آوازیں ۔ ذرا آہستہ آہستہ بولئے تاکہ ہم سمجھ سکیں کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب اس طرح بولیں کہ آواز نہ گونجے نہیں تو ہماری سمجھ میں نہیں آئے گا کہ انہوں نے کیا کہا ۔

ملک محمد اختر ۔ اچھا جناب میں mike ہٹائے دیتا ہوں اور یونہی بولوں گا ۔

جناب سپیکر ۔ تو میں یہ گذارش کر رہا ہوں کہ بحالی کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کا یہ بیان ایک مذاق سے زیادہ نہیں ہے (قطع کلامیاں) ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تقریر جاری رکھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس علاقہ کو تاراج کرنے کے لئے دشمن کے چھ سو ٹینک آئے ہماری حکومت نے اس کو بحال کرنے کے لئے صرف ۱۰۰ ٹریکٹر بھیجے ہیں ۔ پھر اس کے بعد اسی بیان میں ڈپٹی کمشنر نے یہ بھی کہا ہے کہ ہم نے ۱۴ ڈسپنسریاں اور ایک موبائل ہسپتال اور تین موبائل ڈسپنسریاں بھی قائم کر دیں ہیں تاکہ ان سے لوگ مستفیض ہو سکیں اور لوگوں کو بحال کیا جائے ۔ جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے compensation کی جو رقومات رکھی ہیں

وہ کم ہیں ان کو اور بڑھایا جائے اور فصلوں کی بوائی کا موقع دیا جائے۔ یہ بہت ضروری ہے ۔

جناب سپیکر۔ ڈپٹی کمشنر کا جو لمبا چوڑا بیان ہے اس کی نقل میرے پاس ہے اگر اس بیان میں کوئی غلط بات ہو تو اس کی ذمہ داری ڈپٹی کمشنر پر ہوگی اس بیان کو دیکھتے ہوئے میں یہ کہوں گا کہ سیالکوٹ کے تاریخی شہر میں لوگوں نے جو قربانیاں دی ہیں ڈپٹی کمشنر نے اس بیان میں ان لوگوں کا مذاق اڑایا ہے اور ابھی تک ان ۳۶۳ گاؤں کے افراد کو بسایا نہیں گیا ۔ جناب سپیکر ۔ ان گذارشات سے میرا مطلب یہ ہے... .....

میجر محمد اسلم جان ۔ یہ ۳۶۳ دیہات کیا صرف سیالکوٹ کے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جی ہاں صرف سیالکوٹ کے ہیں ۔ اگر لاہور کے متعلق وقت ملا تو بات کروں گا ورنہ لاہور کے متعلق نظم و نسق کی جب بات ہوگی تب بات کروں گا ۔

چودھری انور عزیز ۔ یہ دیہات پاکستان کے ہیں سیالکوٹ کے نہیں ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں میجر صاحب کے ارشاد گرامی کی تعمیل کرتے ہوئے عرض کرتا ہوں کہ لاہور میں ۱۱۵ گاؤں متاثر ہوئے ہیں جن میں سے ۷۲ دشمن کے قبضہ میں چلے گئے تھے ۔ ان کی آبادی ایک لاکھ ۲۰ ہزار چار سو پچاس تھی اور ایک لاکھ ۲۰ ہزار چار سو ۴۶ ایکڑ زمین ہماری متاثر ہوئی ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں عوام کے اس جذبہ کی طرف آتا ہوں جس کے تحت جب حکومت نے کہا کہ مارچ میں سب لوگ واپس چلے جائیں تو بیشتر لوگ واپس جانے کے لئے تیار ہوگئے ۔ اس کے مقابلہ میں بھارتی حکومت نے جب کھیم کرن میں مہاجرین کو بلانے کی کوشش کی تو صرف دو خاندان گئے اور بھارت کے ایک اخبار کی خبر تھی کہ ۲۰ فیصدی سے زیادہ خاندان واپس نہیں آئے تو آپ اندازہ فرمائیے کہ ہمارے بہادر مہاجر ہماری کس قدر امداد کے مستحق ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ یہ نہایت ہی قلیل انتظامات ہیں جو ہماری حکومت نے کئے ہیں اور آج حکومت کی پارٹی کی ایک معزز رکن چندہ یا levy کے لئے کہہ رہی ہیں مگر میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں نہ کسی چندہ کی اور نہ کسی levy کی ضرورت ہے ۔ ہم نے جو اس قدر گرانقدر رقومات حکومت کو جنگ کے دوران دی ہیں حکومت کو چاہئیے کہ وہ لوگوں کی بحالی کے لئے انہیں خرچ کرے ۔ میں چاہتا ہوں کہ حکومت اپنی طرف سے عوام پر کسی قسم کی فس یا سر چارج یا levy نہ لگائے ۔

اب اس کے بعد حکومت کی ایک اور ناعاقبت اندیشی اور بے تدبیری کی طرف آتا ہوں ۔ پہلے یہ کیا گیا کہ ان لوگوں پر ایک قسم کی قید لگا دی گئی کہ وہ اپنے بال بچوں کے ساتھ نہ جائیں حالانکہ یہ ایک غلط چیز تھی ۔ ان کے خاندان کا ہر فرد کام کرنے والا تھا اور ہر کام میں برابر کا شریک تھا تو وہ لوگ جو وہاں گئے ان کی آبادکاری میں چند مشکلات درپیش تھیں وہ تن تنہا کیا کام کر سکتے تھے ۔ اگر families کی

اجازت ہوتی تو بہتر بات تھی کہ ٹرانسپورٹ مہیا کی جاتی جو صبح جا کر شام کو واپس آتی لیکن ان چیزوں کا فقدان ہی رہا ۔ اگر نظم و نسق آپ کے بس کا روگ نہیں تو ان گھروں کی بحالیاتی آپ فوج کے حوالے کر دیں اور war level measures کے مطابق وہ ان لوگوں کو rehabilitate کریں جناب سپیکر ۔ مجھے اس خبر کی طرف بھی آنا ہے جو کہ آج ہمارے نظم و نسق کے منہ پر ایک تھپڑ کی حیثیت رکھتی ہے ۔ وہ خبر یہ ہے کہ ۳۵ لاکھ روپیہ لاہور کے بارڈر پر غبن کر لیا گیا ۔ اس میں کون شریک تھا ۔ اس میں نظم و نسق کے پرزے شامل ہیں ۔ غلط ہاتھوں میں رقومات دی گئیں اور انہوں نے بیچارے غریبوں کا ration money بھی روک دیا اور بحالیات کا کام بھی روک دیا گیا ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے یہ گزارش کرتا ہوں کہ چونکہ ابھی بحالیاتی کام کافی زیادہ ہے اور formal compensation کا مسئلہ ابھی تک طے نہیں ہوا اور آپ نے بھی بحالیاتی کام میں ایک target حاصل کرنا ہے اس لئے میری گزارش ہے کہ فنڈز زیادہ مہیا کئے جائیں آٹھ نو ماہ ہو چکے ہیں لیکن یہ سول کے تمام محکمے اور ان کا نظم و نسق بالکل فیل ہو چکا ہے ۔ collapse ہو چکا ہے اور میری رائے یہ ہے کہ یہ تمام نظام ملٹری کے حوالے کر دیا جائے اور war basis پر انہیں rehabilitate کیا جائے ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵)۔ جناب والا۔ لاہور کے جنگی بے گھر ہونے کی حیثیت سے میں چند ضروری کوائف اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ خوش قسمتی ہے کہ جو قرارداد صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ نے پیش کی ہے ۔ اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے کہ بتایا جائے کہ مسئلہ کیا ہے اور حکومت نے اس سلسلہ میں کیا کیا اقدامات

کئے ھیں اور اس وقت تک جنگی مہاجرین یا جنگی متاثرین کے جذبات اور احساسات کا کیا عالم ھے ۔ مسئلے کی نوعیت کے متعلق میرے دوسرے دوستوں نے کافی حد تک روشنی ڈال دی ھے ۔ وہ ان امور پر روشنی ڈال چکے ھیں کہ جنگ کی وجہ سے متاثرہ دیہات کے کم و بیش تمام مکانات تباہ ھو چکے ھیں ۔ تمام زمینیں ناقابل کاشت ھو چکی ھیں ۔ آبپاشی کا کوئی انتظام نہیں ھے ۔ غریبوں کا کوئی انتظام نہیں ۔ جنگی بے گھروں اور جنگی متاثرین کے پاس کوئی پیسہ نہیں ھے ۔ کہ وہ اپنی طرف سے اپنی زمین کی کاشت کے لئے جن وسائل کی ضرورت ھے انہیں حاصل کر سکیں ۔ تمام تعلیمی ادارے ختم ھو چکے ھیں ۔ صحت اور صفائی کا انتظام ختم ھو چکا ھے اور بیشمار دوسرے مسائل ھیں جن کو حل کئے بغیر ان متاثرین کی آبادکاری وھاں ناممکن ھے ۔ تو مسئلہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے اتنا سنگین ھے کہ اس کے حل کے لئے جتنے وسائل وقف کر دئے جائیں وہ کم ھوں گے ۔ اس وقت جتنے بھی اقدامات کئے گئے ھیں وہ عوام کے سامنے من و عن نہ آنے کی وجہ سے ان میں کافی غلط فہمیاں پیدا کرنے کا موجب بنے ھیں ۔ عوام میں کافی غلط فہمیاں پیدا ھو چکی ھیں ۔ ابھی ملک اختر صاحب نے فرمایا کہ لاھور کے بارڈر کے متعلق اخبارات میں ایک خبر شائع ھوئی کہ وھاں ۳۵ لاکھ روپیہ غبن کیا گیا ھے مگر جہاں تک میری ذاتی معلومات کا تعلق ھے یہ سراسر غلط ھے اور میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ یہ بالکل جھوٹ اور بہتان ھے ۔ حکومت کی طرف سے بحالیاتی کام کے سلسلے میں جو قدم اٹھائے گئے ھیں میں ان کے سلسلہ میں عرض کروں گا کہ جنگی متاثرین کے لئے حکومت کی طرف سے کئے گئے اقدامات کا ھم جس قدر بھی شکریہ ادا کریں وہ کم ھے ۔ اس لئے کہ صدر پاکستان نے ان

لوگوں کی بحالی کے لئے اور ان کی آبادکاری کے لئے بہت دلچسپی لی اور انتہائی ہمدردی سے کام کیا ہے اور وہ لاہور اور سیالکوٹ کے محاذوں پر جا کر operations کی رہنمائی فرماتے رہے ہیں اور جنگی بے گھروں کی آبادکاری کے مسئلے کو انہوں نے کافی اہمیت دی ہے اور وہ اس چیز کے تمام پہلوؤں سے پوری طرح باخبر ہیں اور ابھی تک رہنمائی فرما رہے ہیں۔ بایں ہمہ بحالیاتی سکیم کی execution میں کچھ ایسی غلطیاں ہوئی ہیں جو ناقابل تلافی ہیں اور جن کی وجہ سے لوگوں کی پریشانی میں اضافہ ہوا ہے ۔ اب جتنی بھی جلدی اس چیز کا ازالہ کیا جا سکے اتنا ہی کم ہے ۔ کاش کہ خان حبیب اللہ خان صاحب یہاں تشریف فرما ہوتے تو وہ میری معروضات سنتے ۔ بہرحال میں یہ کہتا ہوں کہ صدر پاکستان کے بعد گورنر مغربی پاکستان نے ذاتی طور پر نہ صرف دلچسپی لی بلکہ تمام operations کی رہنمائی کی ہے اور اپنی ماہانہ نشری تقریر میں وہ ہمیشہ جنگی بے گھروں کا ذکر کرتے رہتے ہیں اور تمام اقدامات کی تشریح فرماتے رہے ہیں اور اس کے علاوہ خان حبیب اللہ خان صاحب اور ملک خدا بخش بچہ بحیثیت صدر ویسٹ پاکستان مسلم لیگ ان تمام علاقوں میں گئے ہیں اور موقع پر جا کر ان لوگوں کی شکایات سننے کے بعد جو رد و بدل ضروری تھا وہ کرتے رہے ہیں ۔ شروع میں سکیم کے مطابق مکانات کی تعمیر کرنے کے لئے ۲۰۰ روپیہ اور مویشیوں کے نقصانات کے لئے ۳۰۰ روپیہ فی جانور تھا ۔ بعد میں مکانات کی تعمیر کے لئے ۲۰۰ سے بڑھا کر ۶۰۰ کر دی گئی اور مویشیوں کے سلسلے میں ۳۰۰ سے بڑھا کر ۵۰۴ کر دیا گیا اور امداد کی دوسری شرح اسی نسبت سے بڑھا دی گئی تو اس سلسلے میں مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ حکومت کے پاس جتنے بھی وسائل موجود

تھے اور جتنے بھی وہ زیادہ سے زیادہ اس کام کے لئے وقف کر سکتی تھی اس نے کئے ہیں اور افسران نے خود موقع پر جا کر حالات کے مطالعہ کرنے کے بعد انہیں جتنی شکایات موصول ہوئیں ان کا ازالہ کرنے کی کوشش کی اور اس سلسلے میں حکومت بدستور کوشاں ہے اور اس کے پاس جتنے بھی وسائل ہیں ۔ جتنا بھی ان کو استعمال میں لانا پڑے گا وہ اس سے دریغ نہیں کرے گی ۔ حکومت تمام جنگی متاثرین سے ہمدردی رکھتی ہے ان کے بحالیاتی کام میں دلچسپی لیتی ہے اور ہم صدر پاکستان کے انتہائی مشکور ہیں ۔ انتہائی شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اس کام میں کافی دلچسپی کا اظہار فرمایا ۔

دوسرے جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک جنگی متاثرین کے اپنے جذبات اور احساسات کا تعلق ہے وہ تو اپنی جگہ پر ہیں میں یہ ضرور عرض کروں گا کہ جنگ کے شروع ہونے سے لے کر آج تک باوجود اس کے کہ جنگی متاثرین کی کافی پریشانیاں اور مشکلات تھیں مگر آج تک پاکستان بھر میں یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کسی متاثرہ شخص نے یہ شکایت کی ہو کہ اس کی مدد کرنے کی کوشش نہیں کی گئی یا یہ کہ اس نے خود بد دلی یا مایوسی کا اظہار کیا ہو ۔ وہ مکانات بنا سکتے ہیں ۔ وبسے میں یہ عرض کروں گا کہ ہمدردی کا پورا چکر ابھی تک مکمل نہیں ہوا ۔ انہیں ابھی تک محض ration money دی گئی ہے ۔

وہ اپنے مکانات نہیں بنا سکے ۔ اس کے باوجود وہ اپنے دیہات میں اس حد تک بیٹھے ہیں کہ وہ گاؤں جو بارڈر سے ۲۰ گز کے فاصلہ پر ہیں وہاں کی تمام آبادی وہاں موجود ہے ۔ وہاں پینے تک کے لئے

پانی نہیں ہے آبپاشی کے لئے تو کجا ۔ ایک شخص نے بھی تو یہ شکایات نہیں کی کہ ہمیں یہ تکلیف کیوں ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کے حوصلے پہلے سے زیادہ بلند ہیں انہیں اس چیز پر فخر ہے کہ قدرت نے اس امتحان کے لئے انہیں منتخب کیا اور پاکستان اور بھارت کی جنگ کے دوران انہیں قربانی دینی پڑی اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کی آبادکاری فوری ہو یا نہ ہو آئندہ بھی اگر کبھی امتحان کا وقت آیا تو وہ اپنے امتحان میں پورے اتریں گے ۔ تو جناب والا ۔ اب میں عرض کروں گا کہ جہاں تک حکومت کی موجودہ آبادکاری کی سکیم کا تعلق ہے یہ ہمارے ان منصوبہ سازوں نے بنائی ہے جن میں عوام کے نمائندوں کو دخل نہ تھا اور اس بنا پر اس میں خامیاں ہیں ۔ جن کی وجہ سے کئی پریشانیاں اٹھانی پڑی ہیں ۔ سب سے بڑی خامی جو ہے اس کی وضاحت میں آگے جا کر کروں گا ۔ اس کی بنا پر آپ اس معزز ایوان کے ایک ممبر کو یہ کہنا پڑا ہے کہ شاید ۳۵ لاکھ روپے کا غبن کیا گیا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے منصوبہ سازوں نے ایک سکیم مرتب کی اور جاری کر دی گئی ۔ جن اہلکاروں کے سپرد یہ کام تھا انہوں نے نہایت دیانتداری اور فرض شناسی سے اور مستعدی کے ساتھ دن رات ایک کر کے اس سکیم کی تکمیل کی اور اس پر عمل کیا اور میں پوری دیانتداری سے یہ گذارش کروں گا ۔ کہ ہمارے تمام اہلکار جو اس فرض پر مامور تھے ۔ انہوں نے قطعی طور پر کوئی کوتاہی نہیں کی ۔ سکیم پر پوری طرح عمل کیا ۔ مصیبت یہ درپیش ہوئی کہ ضلع لاہور میں چند ایک ایسے عوامل کو مد نظر نہ رکھا گیا جن کو آبادی کا شمار کرتے وقت مد نظر رکھنا ضروری تھا ۔ ۱۹۶۱ء

کی مردم شماری کے مطابق جو اعداد و شمار بنے ہوئے تھے منصوبہ سازوں نے یہ خیال کیا کہ ان اعداد و شمار کے مطابق اس حساب سے اتنی رقم چاہئیے - لیکن جب اس سکیم کے تقاضوں کے مطابق لوگوں نے کلیم داخل کئے تو آبادی میں اضافہ تھا اب اس آبادی میں اضافہ کے متعلق کوائف وزیر بحالیات کی خدمت میں پیش کئے جا چکے ہیں میں مختصراً ان کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں تاکہ میرے معزز دوست بخوبی آگاہ ہو جائیں - وہ یہ ہیں مردم شماری ۱۹۶۱ء کے علاوہ اس علاقہ کے بارڈر دیہات میں سینکڑوں کی تعداد میں سنائج رینجرز مقیم تھے انہوں نے اپنے کنبوں کے مطابق راشن حاصل کیا ہے علاوہ ازیں ہمارے علاقہ میں بارڈر سکیم کے تحت کم و بیش ڈیڑھ دو ہزار فوجی الاٹی ہیں انہوں نے بھی راشن حاصل کیا ہے ان کے علاوہ وہاں ۲۶۱ یا ۱۶۱ ٹیوب ویل گورنمنٹ نے لگائے ہیں - بلکہ ۴۵۰ کے قریب نئے ٹیوب ویل ان آبادکاروں نے اپنی گرہ سے لگوائے ہیں - اور ان ٹیوب ویلوں پر ملازمین اور مزارعین رکھے ہیں انہوں نے بھی اپنے کنبوں کی طرف سے راشن کے کلیم داخل کئے ہیں - اس کے علاوہ وہاں محکمہ صحت اور پولیس اور دیگر محکموں کے جو اہل کار کام کر رہے ہیں انہوں نے بھی اپنے کلیم داخل کر کے راشن حاصل کیا ہے - پھر اس علاقہ میں خشتی بھٹے بھی چلائے جا رہے ہیں ان کے تمام ملازموں اور مزدوروں نے بھی کلیم داخل کئے ہیں پھر باٹا فیکٹری کے تمام ملازمین نے راشن حاصل کیا ہے - اس کے علاوہ جاو موڑ کی آبادی ہے - جہاں جنگ لڑی گئی تھی ۱۹۶۱ء میں یہاں ایک مرلہ زمین کی قیمت دو صد روپے تھی ستمبر میں وہاں ایک مرلہ کی قیمت ۶ سو روپے تھی اگر

آبادی کی ضرورت ہے تب بھی وہاں زمین کی اتنی قیمت چڑھ سکتی ہے ۔ لاہور میں ملازمت کرنے والے وہاں جا کے اپنے گھر بناتے ہیں اس سے وہاں کی آبادی میں اضافہ ہوا ۔ آبادی میں قدرتی اضافہ اس کے علاوہ ہے ۔ ان تمام چیزوں کو مد نظر نہ رکھنے کی وجہ سے جو اعدادو شمار ہمارے افسروں نے لگائے تھے جو ضرورت انہوں نے لگائی تھی اس سے کچھ زیادہ پیسے تقسیم ہو گئے ہیں ان لوگوں کی طرف سے یہ پیش کش کی گئی ہے کہ اگر ہماری اس آبادی نے زیادہ پیسے حاصل کر لئے ہیں تو ہم اپنی طرف سے یہ پیش کش کرتے ہیں کہ اب جو مکانات اور دوکانوں کے لئے امداد دی جاتی ہے اس میں سے اتنے پیسے کاٹ لئے جائیں اور اگر یہ کاٹنے کے باوجود آپ کا حساب پورا نہیں ہوتا تو ہماری یہ گذارش ہے ۔ کہ آپ بالکل ہی امداد بند کر دیں ۔ ہم بالکل خوش ہیں اور شکر گزار ہیں میں یہ عرض کروں گا کہ اہلکاروں نے جس دیانتداری اور مستعدی سے کام کیا ہے متاثرہ علاقہ کے تمام مہاجرین اس کے لئے ان کے شکر گزار ہیں ۔ بعض ایسے طبقات ہیں جو حکومت کی پالیسی کی مذمت کرنا چاہتے ہیں جو جان بوجھ کر کرنا چاہتے ہیں کہ حکومت نے جتنی شاندار خدمات کی ہیں ان کو کم کیا جائے ان کی طرف سے یہ افواہیں پھیلائی جاتی ہیں ۔ کہ اہلکاروں نے اچھی طرح کام نہیں کیا ۔

اب میں جناب والا ۔ جناب وزیر صاحب بحالیات کی خدمت میں یہ گزارش کروں گا ۔ وہ خود ان علاقوں میں بنفس نفیس جاتے رہے ہیں اور ان لوگوں کی شکایات سننے کے بعد خود موقع پر احکامات جاری کرتے رہے ہیں ۔ ان کی خدمت میں میں گزارش کروں گا کہ مکانات

کے سلسلہ میں انہوں نے از راہ کرم دو صد کی بجائے چھ صد کی امداد بڑھا دی ہے ۔ لیکن موقع پر جو نئے نئے افسران تعینات کئے گئے ہیں وہ اپنی کارروائی دکھانے کے لئے زیادہ سے زیادہ پانچ یا دس فیصد ایسے مکانات درج کرتے ہیں جنہیں چھ صد دینا چاہیئے ۔ باقی میں سے کسی کا پچاس کسی کا ڈیڑھ صد لگا دیتے ہیں ۔ یہ ان کی مرضی ہے وہ کوشش کر رہے ہیں کہ کم از کم رقم دی جائے ۔

جب حکومت نے مکانات کی تعمیر اور مرمت کے لئے چھ صد روپیہ مقرر کیا ہے اور کوئی مکان چھ صد میں نہیں بن سکتا ۔ تو کیوں نہ انہیں ۲ صد کی پوری رقم دی جائے اس لئے میری یہ گذارش ہے کہ اس سلسلہ میں واضح احکامات جاری کئے جائیں کہ اہلکار اس بارہ میں کوئی مین میخ نہ نکالیں دوسری چیز یہ ہے کہ چند ایک ایسے دیہات ہیں ۔ جو جنگ سے متاثرہ ہونے کے باوجود آج تک اس سکیم میں شامل نہیں ہو سکے ان دیہات کے باشندے آج تک دھکے کھاتے پھرتے ہیں اور وہاں کی آبادی درماندہ اور پریشان حال ہے ۔ میری یہ گذارش ہے کہ ان کو اس سکیم میں شامل ہونا چاہئے ۔ علاوہ ازیں موجودہ اعداد و شمار کو ترتیب دیتے وقت آبادی میں اضافہ کے ان factors کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے ۔ تیسرے میں یہ گذارش کروں گا ۔ کہ اس علاقہ میں فصل خریف کی کاشت کے لئے حکومت کی طرف سے ٹریکٹر مہیا کئے گئے ہیں سکیم یہ تھی کہ ٹریکٹروں کے ذریعہ جلد از جلد اور اچھے طریق سے زمین کاشت کر دی جائے اور بیج مہیا کر کے فصل بو دی جائے تا کہ انہیں جو چھ ماہ کا راشن دیا گیا ہے اس کے بعد وہ لوگ

خود کفیل ہو جائیں ۔ میری یہ عرض ہے کہ اگر فصل خریف کی کاشت نہ ہوئی تو یہ چھ ماہ کا راشن جس پر کروڑوں روپیہ خرچ کیا گیا ہے اور یہ بڑی کثیر رقم ہے وہ ضائع جائے گا اور موجودہ جو حالات ہیں ان کے مطابق کافی سے زیادہ رقبہ زیر کاشت نہیں ہو سکے گی ۔

اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ نہایت نیک نیتی سے چند ایک مسائل کو پیش نظر رکھ کر ٹریکٹروں سے کاشت کرنے کا یہ منصوبہ بنایا گیا تھا لیکن اس وقت صورت حال یہ تھی کہ ٹریکٹروں پر کاشت پر اور بیجوں پر کم و بیش (اگر میں غلط نہیں) تو ۲ کروڑ روپیہ کی رقم مختص کی گئی ہے ۔ لیکن اس وقت ۱۰ فیصدی سے زیادہ رقبہ زیر کاشت نہ لایا گیا یہ شکایات موجود ہیں ۔ پوری نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے یا دوسری بنا پر جو بیج تھا اس کو بھی اچھے طریقے سے استعمال نہ کیا ۔ اس وقت ان کی طرف سے جو اعداد و شمار دئے جا رہے ہیں وہ بھی قابل قبول نہیں ہیں ۔ دوسرا نقصان یہ ہوا ہے کہ اگر یہ رقم جیسا کہ شروع سکیم میں تھا لوگوں میں تقسیم کر دی جاتی تو وہ اپنے مویشی خود خریدتے ۔ مویشی مستقل طور پر ان کی اپنی ملکیت میں ہوتے ۔ بیج کھیتوں میں خود ڈالتے اس طرح وہاں کی تمام man power مصروف ہو جاتی ۔ اس وقت man power بیکار بیٹھی ہے ۔ بیج ضائع جا رہا ہے ۔ کاشت بے ڈھنگے طریقوں سے کرتے ہیں اور اعداد و شمار کم کی بجائے زیادہ دکھاتے ہیں اور کافی کوتاہیاں ہو رہی ہیں ۔ میں اب بھی گزارش کروں گا کہ اس سکیم کو فی الفور ترک کیا جائے جیسا کہ آئی ۔ یو خان صاحب اور کمشنر لاہور ڈویژن نے موقع پر جا کر ان کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ آپ ٹریکٹروں کے ذریعہ کاشت کروا لیں بعد میں آپ کو رقم دیں گے اور یہ

بھی وعدہ کیا گیا کہ ۵۱ روپے فی ایکڑ کے حساب آلات کشا ورزی کے لئے کچھ بیجوں کے ، کچھ فصلوں کے نقصانات کے لئے آپ کو علیحدہ دئے جائیں گے ۔ لیکن اب انہیں بتایا گیا کہ ۵۱ روپے ان کو قطعی طور پر نہیں ملیں گے ۔ وہ ٹریکٹروں کی کاشت میں مجرا کر دئے گئے ھیں تو اس سے ایک تو وعدہ کی خلاف ورزی ھوئی ھے ۔ دوسرے اس سے یہ نقصان ھوا کہ آلات کشا ورزی وہ لے نہیں سکیں گے ۔ مویشی خرید نہیں سکیں گے اس لئے یہ رقم بھی یہاں ضائع چلی گئی ھے ۔

دوسرے جناب والا ۔ اس سکیم میں جو موجودہ رخنہ پڑ گیا ھے وہ یہ ھے کہ مویشیوں کے نقصانات کے عوضانہ کے لئے حکومت کی طرف سے وعدہ کیا گیا تھا کہ ۳۰۰ روپے سے زائد ۴۵۰ روپے تک ایک مویشی کی قیمت دی جائے گی اور زیادہ سے زیادہ ایک خاندان کو ۱۵۰۰ روپے تک رقم دی جائے گی خواہ اس کے کتنے بھی مویشی ضائع کیوں نہ ھوئے ھوں ۔ لیکن اگر کسی کا ایک ھوا ھے تو اس کو ۴۵۰ روپے دئے جائیں گے ۔ لیکن وسائل کی کمی کے پیش نظر ۱۵۰۰ روپے سے کم کر کے ۱۰۰۰ روپیہ کی رقم کر دی گئی ۔ جہاں تک لوگوں کے تاثر کا مجھے علم ھے وہ ایک ھزار روپیہ تک بھی رضامند تھے اور وہ اچھی طرح سمجھتے تھے کہ حکومت کے پاس اتنا زیادہ خزانہ نہیں کہ وہ ھمیں اتنی زیادہ رقم دے سکے اس لئے یہ بہت کافی ھے ۔ یہ بھی جناب والا ۔ ایک حقیقت ھے کہ ضلع لاھور میں (سیالکوٹ کے متعلق مجھے علم نہیں ھے) یہ چیز ریکارڈ پر آئی ھے کہ جتنے علاقے متاثر ھوئے ھیں ان کا ایک ذریعہ معاش مویشی تھا ۔ اکثر زراعت پیشہ تھے اور غیر زراعت پیشہ جو تھے وہ دودھ دینے والے جانور رکھتے تھے مثلاً گائیں ، بھینس اب وہ خاندان جو زراعت پیشہ نہیں

ھیں ان کے جانور ضائع ھو چکے ھیں کیا ان کے لئے کوئی طریقہ ایسا نہیں ھے کہ ان کی امداد کی جائے ۔ مجھے علم ھے اور میں ذاتی طور پر جانچ پڑتال کرتا رھا ھوں کہ لوگوں نے مویشیوں کے نقصانات کے سلسلے میں جو کلیم دئیے ھیں وہ کافی حد تک درست ھیں ۔ یہ human nature کی failings ھیں ۔ جن کو ھمیں تسلیم کرنا چاھئیے ۔ ان چند چیزوں کو لے کر اکثر اوقات انہیں مورد الزام بھی ٹھہرایا گیا ھے ۔ یہ اجڑے ھوئے لوگ ھیں ۔ یہ برباد شدہ لوگ ھیں اور میں نے خود افسران کی خدمت میں گزارش کی تھی کہ ان نقصانات کا جائزہ لینے کے لئے زیادہ سے زیادہ سختی کی جائے اور ایسا فارمولا تیار کیا جائے کہ جو صحیح نقصانات ھیں وھی اعداد و شمار میں آئیں لیکن جب یہ فیصلہ کر دیا جائے کہ یہ نقصانات ھیں تو پھر ان کے لئے جو بھی شرح مقرر کی گئی ھو اس کے مطابق ان کو پوری ادائیگی ھو ۔ اگر مقصد یہ ھے کہ یہ علاقہ ان معنوں میں آباد ھو کہ مکانات جیسے ھیں ویسے بن جائیں ۔ لوگ اپنی زمینوں پر کاشت کرنے لگ جائیں ۔ آبپاشی کے انتظامات بالکل صحیح ھو جائیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ھوں کہ ان لوگوں میں اتنا حوصلہ ھے ۔ اتنا صبر ھے اور اتنی ھمت ھے کہ وہ اپنے دوسرے نقصانات کی قطعی پروا نہیں کریں گے اور حکومت کو یہ تکلیف نہیں دیں گے کہ ان کی مزید راشن کے ذریعے مدد کی جائے ۔

جناب والا ۔ چند دوستوں نے اس بات کا اعادہ کیا ھے کہ ٹیکس لگانے کی بجائے یا levy لگانے کی بجائے عوام سے اپیل کرنی چاھئیے تا کہ وہ مدد کریں ۔ اس سلسلہ میں حکومت کی طرف سے چند ایک مفید اقدامات کئے گئے ھیں ۔ میں ان کا ذکر کرنا مناسب سمجھتا ھوں ۔ سب سے پہلے ھم

مسلم لیگ کے انتہائی مشکور ہیں کہ مسلم لیگ آرگنائزیشن کی طرف سے چند ایک وعدے کئے گئے ہیں اور اقدامات کئے گئے ہیں ۔ ملک خدا بخش صاحب بحیثیت صدر صوبہ مسلم لیگ تمام علاقوں میں جاتے رہے ہیں اور وہاں خطاب کرتے رہے ہیں اور جو کچھ بھی مسلم لیگ کی طرف سے ہو سکتا تھا ان کی راہنمائی کے لئے کرتے رہے ہیں ۔ مسلم لیگ نے اپنی طرف سے ہر سطح پر کمیٹیاں بنا دی ہیں جو آج تک باقاعدہ افسران کی مدد کے لئے اور ان کے تعاون کے لئے کام کرتی رہی ہیں ۔ اس کے علاوہ مسلم لیگ نے یہ under take کیا ہوا ہے کہ ان متاثرہ علاقوں کی تمام شکستہ مساجد کو آباد کریں گے ۔ مساجد کی تعمیر کرنا ۔ ان کی مرمت کرنا بجائے خود بہت بڑا مسئلہ ہے اور اگر مسلم لیگ نے یہ مسئلہ اپنے ذمہ لے لیا ہے ۔ تو یہ واقعی بہت بڑی خدمت ہے ۔ اگر اس طرح دوسرے لوگ یا دوسرے ادارے بھی کچھ کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ کافی مسائل حل ہو سکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ محکمہ معاشرتی بہبود کی طرف سے میاں محمد یاسین وٹو صاحب کی زیر ہدایت ایک منصوبہ بنایا گیا ہے ۔ اس سکیم کے تحت ڈائرکٹر جنرل سوشل ویلفیر نے West Pakistan Displaced Persons Social Welfare Services Committee کی تشکیل کی ہے ۔ جس میں ہمارے اس ایوان کے چند ایک معزز ممبران بھی شامل ہیں ۔ اس سروسز کمیٹی کی طرف سے چند ایک کمیٹیاں بنائی گئی ہیں جیسے ریلیف کمیٹی ہے ۔ model village کمیٹی ہے ۔ فنانس کمیٹی ہے ۔ اس سوشل سروسز کمیٹی کے ذریعہ مغربی پاکستان میں تمام دفاعی اور سماجی اداروں کے کارکنوں کو ایک پروگرام کے ذریعہ اپیل کی جا رہی ہے کہ وہ باقاعدہ مہم اسی طرح شروع کریں جس طرح جنگ کے دوران میں ان اداروں

نے شروع کی تھی اور کوشش کریں کہ جو مخیر حضرات ہیں ان کو بھی اپنے ساتھ ملا لیں ۔ اس کے علاوہ Youth Movement اور طلبا کی جتنی انجمنیں ہیں ان کو بھی دعوت دی جائے کہ ان علاقوں میں جو کام وہ کر سکتے ہیں جا کر کریں ۔ بہرحال سوشل سروسز کمیٹی کے اقدامات بھی حکومت کے دوسرے منصوبوں میں سے ایک منصوبہ ہے جس کے لئے ہم حکومت کی مہربانی کا جتنا بھی اعتراف کریں وہ کم ہے ۔

جناب والا ۔ اس ریزولیوشن میں levy کی جو تجویز ہے میں اس کی اس حد تک حمایت نہیں کرتا کہ ہر بالغ پر ٹیکس لگا دیا جائے ۔ اگر واقعی رضاکارانہ طور پر وہ مسائل فراہم ہو سکیں جو کہ ہماری آبادی کے لئے مطلوب ہیں تو ہمیں دوسرے ذرائع اختیار کرنے چاہئیں اور وہ یہ ہیں کہ اس ملک میں وہ لوگ کافی ہیں جو کہ دولت آفرین وسائل پر قابض ہیں یا اللہ تعالیٰ نے پاکستان کی بدولت انہیں کافی ذرائع سے نوازا ہے جن سے دوسرے لوگوں کو نہیں نوازا ہے بجائے اس کے کہ ہر بالغ پر یہ levy عائد کر دی جائے میں عرض کرتا ہوں کہ اگر رضاکارانہ وسائل کو بروئے کار نہ لایا جا سکے تو ان طبقوں کو یہ دعوت دی جائے یا ان کو مجبور کیا جائے یا انہیں کہا جائے کہ وہ اپنے لاتعداد وسائل میں سے کچھ کو قومی اور انسانی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے وقف کر دیں اگر وہ ایسا کریں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایک قومی اور انسانی اور اسلامی فرض کو سرانجام دے رہے ہوں گے ۔ یہ کوئی imposition نہ ہوگی اور بجائے اس levy کے یہ طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے ۔

ورنہ میں رانا پھول محمد خان اور صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ اور

دوسرے دوستوں کی اس تجویز کا حامی ہوں کہ ہمیں رضا کارانہ طور پر اپنی قوم سے اپیل کرنی چاہئیے اور عوام کو اس قومی مسئلہ کو حل کرنے میں جو کردار ادا کرنا چاہئیے ۔ وہ ان کو یاد دلانا چاہئیے ۔

جہاں تک اس علاقے کے دیگر مسائل کا تعلق ہے ان کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ وہ اتنے ہیں کہ اگر حکومت محض اپنے وسائل پر بھروسہ کرے اور ہم یہ سمجھیں یا عوام یہ سمجھیں کہ یہ کام محض حکومت کا ہی ہے تو یہ قطعی طور پر زیادتی ہوگی ۔ میں دیانتداری کے ساتھ یہ عرض کرتا ہوں کہ اس سلسلے میں حکومت نے صدر ایوب خاں سے لے کر چھوٹے سے چھوٹے اہلکار تک جس محبت ، جس ہمدردی اور جس دلچسپی سے ان متاثرین کی امداد فرمائی ہے اس کے لئے وہ انتہائی مشکور ہیں اور یہ میں ازخود نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ میں ان کے تاثرات یہاں بلا خوف تردید پیش کر رہا ہوں ۔ اگر آپ آج ہی اس وقت بھی وہاں چلے جائیں تو آپ کو ہر شخص یہ بتائے گا کہ اس سے زیادہ ان کی امداد کوئی بھی حکومت اور کوئی بھی شخص نہیں کر سکتا تھا ۔ لیکن اس کے باوجود بھی بے شمار دیگر مسائل ایسے بھی ہیں کہ جن کو حل کئے بغیر وہ لوگ اس طرح آباد نہیں ہو سکتے ہیں اور اگر ہم یہ فیصلہ کر لیں تو ان علاقوں کے عوام کو پوری طرح آباد کرنے کے بعد ہی ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ سرحدات مضبوط ہو گئی ہیں اور ہم نے اپنی سرحدات کا پورے طور پر دفاع کر لیا ہے ۔ تو ان مسائل کو حل کئے بغیر ہم اطمینان سے نہیں بیٹھ سکتے ۔ میں مثال کے طور پر یہ عرض کروں گا کہ ان متاثرہ علاقوں کے ہمارے جو تعلیمی ادارے ہیں ۔ ان کے طلبہ کے گذشتہ آٹھ مہینے ضائع ہوئے ہیں اگر ضائع نہیں ہوئے

تو بھی انہیں اس سلسلے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے اور اس وقت یہ حالت ہے کہ وہاں کے سکولوں کی ایک فیصد عمارات بھی نہ تو تعمیر ہو سکی ہیں اور نہ ان کی اس حد تک مرمت کی جا سکی ہے کہ طلبہ ان میں اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ بچے اس وقت بھی درختوں کے سائے میں اور دیواروں کے سائے میں بیٹھتے ہیں ۔ یہ ان اساتذہ کی مشنری سپرٹ ہے کہ وہ آج کے ان حالات میں بھی وہاں پر بچوں کو پڑھا رہے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر محض اسی مسئلے کو لیا جائے کہ وہاں پر طلبہ کی کس طرح امداد کی جائے ۔ یعنی کتابوں کے ذریعہ، وظائف کے ذریعہ اور سکولوں کے لئے سامان دینے کے ذریعے تو یہ مسئلہ بجائے خود ایسا ہے کہ اگر ہمارے سماجی ادارے اور سماجی کارکن اور دیگر مخیر حضرات اور ہمارے طلبہ کی انجمنیں بھی اس کام کو اپنے ہاتھ میں لے لیں تو آن سے یہ کچھ بعید نہ ہوگا ۔ لیکن اس کے متعلق میں ایک گذارش یہ بھی کر دوں کہ یہ تمام امدادی مہمات کچھ اس طرح سے چلائی جائیں کہ ہمارے دلوں میں کسی طرح سے بھی یہ احساس پیدا نہ ہو کہ وہ بھیک منگے ہیں اور وہ محض قوم کی خیرات پر ہی زندہ رہنا چاہتے ہیں کیونکہ ان کی یہ کوشش ہے ۔ ان کا یہ جذبہ ہے اور ان کو یہ احساس ہے کہ وہ خود اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں ۔ لیکن چند ایک چیزیں ایسی ہیں کہ اگر وہ پاس نہ ہوں تو پھر اگر وہ چاہیں بھی تو بھی کچھ نہیں کر سکتے ۔ مثال کے طور پر اگر ان کے پاس آلات کشاورزی نہیں ہوں گے ۔ اگر ان کی زمینوں کو آبپاش کرنے کے لئے نہر کے پانی کا بند و بست نہ کیا جائے گا اگر ان کو بیج فراہم نہ کئے جائیں گے ۔ تو پھر یہ کس طرح ممکن ہو گا کہ وہ

"اپنی مدد آپ" کی بنیاد پر اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں ۔ "اپنی مدد آپ" کے اصول کے تحت تمام قوم کو ان کے ساتھ شریک ہونا چاہئیے اور اس لئے میں دوبارہ عرض کروں گا کہ ان کے دل میں یہ احساس کسی طرح بھی پیدا نہ ہونے پائے کہ انہیں خیرات دی جا رہی ہے اور وہ خیرات پر زندہ ہیں ۔ اس لئے ان کو یہ تمام امداد اس طرح تقسیم کی جائے کہ وہ دو دو فرلانگ لمبی قطار میں بھیک منگوں کی طرح نہ کھڑے ہوں ۔ لیکن میری اس بات سے کہیں یہ تاثر پیدا نہ ہو کہ ان کو آج تک Ration Money تقسیم کیا گیا ہے ۔ اس سے یہ تاثر پیدا ہوا ہے ۔ بلکہ میں پھر یہ عرض کرتا ہوں کہ ہم ان اہلکاروں کے مشکور ہیں کہ انہوں نے نہایت تندہی کے ساتھ کام کیا ہے اور جس جذبے کے تحت ان کی امداد کی ہے وہ اس کے لئے مشکور ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں اور ساتھ ہی یہ تجویز بھی کرتا ہوں کہ levy کے بجائے رضاکارانہ طور پر ان طبقوں سے جو کہ دولت آفرین وسائل پر قابض ہیں امداد حاصل کی جائے ۔ imposition کی صورت میں نہیں بلکہ ایک ترغیب کی صورت میں ان وسائل کو کام میں لائیں ۔ (جو ظاہر ہے کہ ہماری حکومت کے پاس نہیں ہیں) اور اس قومی کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچائیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ Point of personal explanation Sir.

جناب والا ۔ میں چند منٹ کے لئے باہر گیا تھا ۔ جس سے شاید یہ غلط فہمی پیدا ہو گئی ہو ۔ کہ شاید میں قصداً ایوان سے غیر حاضر رہا ۔ حالانکہ جانے سے پہلے میں نے محمد اسلم خان کو کہا تھا ۔ کہ

وہ جا کر دو ایک وزراء صاحبان کو بلا لائیں ۔ تا کہ وہ میری غیر موجودگی میں یہاں بیٹھے رہیں ۔ کیونکہ میں نے ایک ضروری ٹیلیفون کال attend کرنی تھی ۔ پھر میں نے سپیکر صاحب کے پاس بھی جا کر ان سے یہی کہا کہ میں نے چونکہ ایک ضروری ٹیلیفون کال attend کرنی ہے ۔ اس لئے میں دوچار منٹ کے لئے ایوان سے باہر جا رہا ہوں ۔ چنانچہ میمن صاحب آئے ۔ اور میں نے ان سے کہا کہ میری غیر موجودگی میں ایوان میں جو کچھ کہا جائے ۔ اسے میرے لئے نوٹ کرتے رہیں ۔ تو میمن صاحب نے جو کچھ نوٹ کر لیا ہے ۔ وہ میرے پاس موجود ہے ۔ میں دو چار منٹ کے لئے باہر گیا تو تھا ۔ لیکن جو کچھ یہاں پر کہا گیا ہے ۔ میں ایک طرح سے اس سے واقف ہوں ۔ کیونکہ میں باہر تو سپیکر صاحب کی اجازت سے ہی گیا تھا ۔ مگر پھر بھی میمن صاحب کو یہاں بٹھا کر گیا تھا ۔ تو سپیکر صاحب کی اجازت کے باوجود بھی میں اپنے باہر جانے کی معافی چاہتا ہوں ۔

(نعرہ ہائے تحسین)

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat-II): Mr. Speaker, Sir, I think I should really congratulate Sahibzadi Mahmooda Begum for bringing such a wonderful piece of legislation-something in which the whole House is very keenly interested.

Sir, there are one or two points that I want to mention because I do not wish to enlarge upon the merits of something which by itself is so meritorious and which has been so amply and clearly discussed by some of our colleagues at great length.

Sir, war has no borders. To say that one area has suffered because it was close to the border and other areas which have been away from the borders have not suffered, would be incorrect. Enemy action extended to

areas far behind the borders probably with equal intensity though, I admit, that areas over-run by the enemy, of course, suffered far worse. Therefore, Sir, while congratulating Begum Sahiba on this noble Resolution I would not like to exclude the people of Peshawar and the people of Kohat who suffered enormous losses, whose bread-winners were killed, whose dwelling houses were demolished and who have suffered equally with their brethren on the border. Therefore, while supporting this Resolution I would suggest that its scope be extended to the extent that all those areas that have suffered directly from enemy action should be included in that Resolution.

One more suggestion, Sir with regard to the levy of taxes. I think the people of Pakistan have proved to the Government that they will not hesitate to pay whatever amount is levied upon them, whether it is in blood or in money.

Mr. Senior Deputy Speaker : For your information this Resolution has already been amended and the areas of Peshawar and Kohat have been included in the Resolution.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak. I was not present when this amendment was moved. Let me support the amended Resolution and congratulate the mover of the Amendment on his wisdom. I am very grateful that this has already happened in my absence.

Coming back to the question of cess I would like to add that it is humanly impossible to compensate for all the sufferings. The quantum of sufferings and losses is such that it is impossible for any Government to meet at once from its own resources.

Therefore different means are to be suggested to cope with such eventualities. There is one thing that I would like the Minister to bear in mind and it is a kind of National Insurance like the National Insurance which was extended to factories and other business establishments during the War. I would suggest that there should be a kind of a National Insurance because this eventuality of war, this problem facing . . . . .

بیگم ممتاز صفدر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میرے معزز بھائی اسلم خٹک صاحب انگریزی میں تقریر کرتے ہیں ہم اس سے مستفید

نہیں ہو سکتے ۔ وہ بہت اچھی اردو جانتے ہیں ۔ آپ ان سے کہیں کہ وہ اردو میں تقریر کریں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is a suggestion and not a point of order.

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ جناب والا ۔ میں بیگم صاحبہ کی رائے سے بالکل متفق ہوں لیکن مجھے اردو زبان پر اتنا عبور نہیں جتنا کہ انگریزی پر ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ آپ کی ٹوٹی پھوٹی اردو کی ہم قدر کرتے ہیں ۔

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت کے پاس لامتناہی فنڈز ہوتے ہیں لیکن میں ایک تجویز وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہم کو چاہئے کہ ہم ایک National Insurance Scheme چلائیں ۔ جس سے ہمارے بے شمار مصائب دور ہو جائیں گے ۔ آنے والے وقت میں خدا جانے کب ہمیں پھر جنگ کے میدان میں دھکیل دیا جائے اس لئے میں اس بات پر زور دوں گا کہ ایک National Insurance Scheme Committee مقرر کر دی جائے اس کے لئے مستقل فنڈز اور رقومات جمع کی جائیں اور پھر جن لوگوں کو نقصانات پہنچتے ہیں ان کی کھلے دل سے مدد کی جائے ۔

جناب والا ۔ مجھے معلوم ہے کہ میرے ایک دوست ہیں جن کا مکان لنڈی ارباب میں ہے اور وہ ایک لاکھ روپیہ سے زیادہ قیمت کا مکان ہو گا اس جنگ میں وہ بالکل تباہ ہو گیا ۔ اور اس طرح تباہ ہوا ہے کہ اگر

آپ دیکھیں تو آپ حیران ہوں گے کہ اس میں سے کوئی انسان کیسے بچ نکلا ۔ اس گھر کے لئے اُن کو ۲۰۰ روپیہ کی امداد دی گئی ہے اس دو سو روپیہ کی امداد سے اُس کا کیا بنے گا ۔ اگر اسے یہ امداد نہ دی جاتی تو بہتر ہوتا ۔ با ایں ہمہ کسی غریب کے لئے یہ دو سو چار سو یا پانچ سو روپیہ کی امداد بڑی چیز ہے ۔ اور اُس کے کئی کام نکل سکتے ہیں ۔ میں اپنی گذارشات کو زیادہ طوالت نہیں دینا چاہتا ۔ صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ایک Permanent National Insurance Scheme پر غور کیا جائے ۔ تا کہ وہ لوگ جو سرمایہ کی کمی کی وجہ سے مصیبتوں میں مبتلا ہیں ۔ ان کی مصیبتوں میں ان کے تنک مایہ ہونے کی وجہ سے اضافہ نہ ہو ۔

ایک ممبر ۔ جناب والا ۔ اب بیگم صاحبہ کو موقع دینا چاہئے کہ وہ کچھ ارشاد فرمائیں ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ جناب والا ۔ اس سلسلہ میں میں صرف ایک شعر عرض کروں گی ۔ اور اسی میں سب کچھ آ جائے گا ۔ وہ یہ ہے ۔

مکان منعم کا سونے سے نہ خون دل سے بنتا ہے
خس و خاشاک کا گھر بھی بڑی مشکل سے بنتا ہے

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ میں بیگم صاحبہ سے عرض کروں گا کہ بہت سے ممبران لابی سے ایوان میں آ گئے ہیں اس لئے وہ اپنا شعر دھرائیں تا کہ وہ حضرات محروم نہ رہیں ۔

بیگم زاهدہ خلیق الزمان - میں عرض کرتی ہوں -

مکان منعم کا سونے سے نہ خون دل سے بنتا ہے
خس و خاشات کا گھر بھی بڑی مشکل سے بنتا ہے

(نعرہ ہائے تحسین)

سردار حاجی عطا محمد لنڈ (خیرپور - ۲) - جناب سپیکر - اس ریزولیوشن کے متعلق بہت سے معزز ممبران نے ان دیہات میں رہنے والوں کی تکالیف اور ان کے معاملات کے متعلق کافی تقریریں کی ہیں - اب میرے لئے کچھ اور کہنا زیادہ ضروری معلوم نہیں ہوتا - بہرحال میں عرض کروں گا کہ میں چودھری سرور صاحب کی تقریر سے بڑا متاثر ہوا ہوں - لیکن میں نے اندازہ کیا ہے کہ انہوں نے ان طبقات کی تکالیف اور شکایات کی طرف زیادہ توجہ نہیں دی - صرف اس بات پر میں ان سے اتفاق نہیں کرتا کیونکہ ہر مسلمان ، ہر پاکستانی اور ہر شہری اپنے وسائل کو اور اپنی ضروریات کو بہتر جانتا ہے - چونکہ وہ زیادہ بیتاب ہیں - اس لئے میں عرض کروں گا کہ وہ ایسی بات نہ کہیں جس سے دل خراشی ہو - ہم صاحبزادی صاحبہ کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتے - انہوں نے جب تقریر کی تو وہ سندھ اور رحیم یار خاں کو نہیں بھولیں گے - یہ ٹھیک ہے کہ لوگوں نے بڑی قربانیاں کیں اور ہمت سے دشمن کا مقابلہ کیا - ان کی آبادکاری کے لئے کوئی مستقل سکیم بنانی چاہئے - میں عرض کروں گا کہ جب آبادکاری کے لئے ایک بورڈ بنایا جائے تو اس میں اس معزز ایوان کے ممبران کو بھی شامل کیا جائے - یہ بات گورنمنٹ کے بس میں ہے - گورنمنٹ ایسا کر سکتی ہے - اس کے علاوہ اپنے آبادکاری کے کام

کے لئے گورنمنٹ جس طریقہ سے چاہے گی اور زر وصول کرے گی ہم اسے خوش آمدید کہیں گے ۔ ان کی آبادکاری کے لئے ان لوگوں کو بھی ساتھ لیا جائے جو دیہات کے مسائل کو زیادہ سمجھتے ہیں اور مقامی حالات کو زیادہ جانتے ہیں ۔ جہاں تک سندھ اور رحیم یار خاں کا تعلق ہے میں عرض کروں گا کہ وہاں کے لوگوں کی آبادکاری کا کام پیر صاحب پگاڑو کے حوالے کیا جائے جو وہاں کے حالات سے بخوبی باخبر ہیں ۔

رانا پھول محمد خاں ۔ جناب والا ۔ ایک فوٹو گرافر نے حاجی صاحب کا فوٹو لے لیا ہے ۔ یہ بالکل غیر شرعی بات ہے ۔ حاجی صاحب کو چاہئے کہ اس پر احتجاج کریں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ ہم جانتے ہیں کہ حکومت ان لوگوں کو بسانے کا کام کر رہی ہے لیکن اس ضمن میں میری عرض ہے کہ پیر صاحب پگاڑو نے جتنی سر توڑ کوشش کی ہے اور اپنی حر فوج کو دشمن کے مقابلہ کے لئے بھیجا ہے وہ لائق تعریف ہے ۔ تاریخ میں ہم ان کو کبھی نہیں بھول سکتے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔ گورنمنٹ کے ذمہ جو کام ہے وہ ہر طریقہ سے اس کے سپرد کیا جائے اور جتنے نئے منصوبے ہیں وہ اس لحاظ سے بنائے جائیں کہ ہندوستان والوں کو پھر ہماری طرف آنکھ اٹھانے کی ہمت نہ ہو اور ہمیں اپنی سرحدوں کو قلعہ کی طرح مضبوط بنانا چاہئے تاکہ ہم کو اب کوئی نقصان نہ پہنچے کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم پھر اس کے لئے چلائیں ۔ اگر آپ کی اجازت ہو تو میں ایک بات کہوں ۔

آوازیں ۔ کہئے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب میں اس لئے نہیں کہنا چاہتا کہ وہ پارلیمانی لفظ نہیں ہے -

آوازیں - ضرور کہئے -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - X X X X X X * (قطع کلامیاں اور شور) - ہم نے ایک دفعہ سبق سیکھا ہے اب ہم کو ہوشیار رہنا چاہئے -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - ایسے الفاظ استعمال کرنا بالخصوص جبکہ ہماری بہنیں بیٹھی ہوئی ہیں - انتہائی قابل اعتراض ہے اس لئے حاجی صاحب اپنے الفاظ واپس کریں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب میں عرض کروں گا کہ میں نے کسی معزز رکن کے لئے ایسا لفظ استعمال نہیں کیا ہے میں نے تو ان لوگوں کے لئے کہا ہے جو دیکھ نہ سکیں -

رانا پھول محمد خان - جناب حاجی صاحب ایک ایسی قوم کے فرد ہیں جس کے لئے اس قسم کے الفاظ استعمال کرنا مناسب نہیں تھا اور وہ بھی ایسے موقع پر جب کہ ہماری مائیں اور بہنیں بیٹھی ہوئی ہیں اگر یہ معافی نہ مانگیں گے تو ہم بھی ایسے الفاظ کو برداشت نہیں کریں گے -

جناب سپیکر - یہ شریعت کے ٹھیکیدار ہیں ان کو یہ الفاظ واپس لینا چاہئے -

بیگم زاہدہ خلیق‌الزمان - جناب ہم بطور احتجاج واک آؤٹ کرتے ہیں -

---

*Expunged as ordered by the Senior Deputy Speaker.

(اس موقع پر تمام خاتون ممبران ایوان سے باہر چلی گئیں)

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میں رانا پھول محمد صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میں پہلے ہی ایسے الفاظ کے استعمال سے گریز کر رہا تھا ۔ مجھ سے پورے ہاؤس نے کہا کہ کہو تب میں نے کہا ۔

مسٹر سینیر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ معافی مانگیں ۔

آوازیں ۔ سارے ہاؤس نے نہیں کہا تھا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ اگر پورے ہاؤس نے نہیں تو ہاؤس کی اکثریت نے کہا تھا لیکن چونکہ میں کسی کی دل آزاری نہیں کرنا چاہتا ۔ اس لئے میں معافی مانگتا ہوں اور آئندہ ایسے الفاظ استعمال نہیں کروں گا ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Sir these remarks should be expunged from the proceedings.

Mr. Senior Deputy Speaker : These remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

(اس مرحلہ پر خاتون ممبران ایوان میں واپس آ گئیں)

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ صدر محترم ۔ میں تمام ارکان کا عموماً اور محترمہ صاحبزادی بیگم کا خصوصاً شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس قرارداد پر اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اور مجھے اس سے بڑا فائدہ پہونچا ہے ۔ میں ان کے خیالات کا نہ صرف خیر مقدم کرتا ہوں بلکہ ان کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے مجھے موقع دیا کہ میں بھی اس سلسلے میں کچھ کہوں ۔ جہاں تک اس جذبہ کا تعلق ہے جو

اس قرارداد کے تحت ہے اور جہاں تک اس مقصد کا تعلق ہے اس سے کیا وزیر کیا ارکان اسمبلی اور کیا عوام اور کیا حکومت اور کیا اہل کار کسی کو بھی اختلاف نہیں ہو سکتا ۔

آواز ۔ حمزہ صاحب کو ؟

وزیر مال ۔ حمزہ صاحب بولے نہیں اس لئے مجھے پتہ نہیں کہ وہ کیا کہیں گے ۔ لیکن جیسا کہ جناب نے نوٹ کیا ہو گا اس قرارداد کے دو پہلو ہیں ایک پہلو یہ ہے کہ جنگی بے خانمان ۔ بے گھر ۔ برباد شدہ عوام کی آبادکاری کی جائے اور دوسرا پہلو یہ ہے کہ وہ کون سا بہتر سے بہتر طریقہ ہے جس سے ہم اس مسئلہ کو حل کر سکیں ۔ تو جہاں تک پہلے پہلو کا تعلق ہے اور پہلے مسئلہ کا تعلق ہے تو ہم نے کہہ دیا ہے کہ ہم نے نہ کبھی دعویٰ کیا ہے اور نہ دعویٰ کریں گے کہ ہم نے جو کچھ کیا ہے وہ حرف آخر ہے ۔ ہمیں تسلیم ہے کہ اب تک ہمیں بے خانماؤں کو پورے طور پر اور مکمل طور پر بحال کرنے میں کامیابی نہیں ہوئی ہے ۔ لیکن ہم کوشش کر رہے ہیں اور ہمیں انتہائی کوشش کرنی چاہئے اور انتہائی کوشش کرنی چاہئے اور اس وقت تک کوشش کرنی چاہئے جب تک کہ وہ اپنے پیروں پر خود نہ کھڑے ہو جائیں ۔ یہ ہمارا اور آپ کا مشترکہ مسئلہ ہے ۔ یہ ایک human problem ہے ۔ انسانی مسئلہ ہے یہ سیاسی مسئلہ نہیں ہے ۔ اور اس سے اگر کوئی سیاسی فائدہ اٹھانا چاہتا ہو تو اس کو مبارک ۔ یہ اس کا طرز عمل ہو گا ہم اس کو کیا کر سکتے ہیں لیکن جہاں تک حکومت اور ہماری پارٹی کا تعلق ہے ہم اس کو سیاسی مسئلہ نہیں بنانا چاہتے

ہم اس مسئلہ کو سیاسی اغراض کے لئے استعمال نہیں کرنا چاہئے ۔ ہم بے خانماؤں کے کندھوں پر رکھ کر بندوق نہیں چلانا چاہتے ۔ نہ یہ ہمارا طریقہ ہے نہ وطیرہ ۔ اگر کوئی اور ایسا کرے تو اس کو مبارک ہو ۔ میں پھر صدر محترم اس کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے حتی‌الوسع کوشش کی ہے اور کوشش کر رہے ہیں اور کوشش کرتے رہیں گے لیکن جیسا کہ آپ کو معلوم ہے حکومت کے پاس جتنی رقم ہے وہ سب آپ لوگوں کی ہی رقم ہے اور آپ ہی لوگوں کا پیسہ ہے اور عوام کا پیسہ ہے ان بے خانماؤں کا پیسہ ہے جن کو بحال کرنے کے لئے ہم کوشش کر رہے ہیں ۔ یہ حکومت کا پیسہ کہاں سے آیا ۔ بجٹ میں جو provision ہوتا ہے وہ عوام ہی کے پیسے سے ہوتا ہے ۔ خواہ مالیہ ہو یا آبیانہ ہو یا کوئی sales tax ہو یہ سب عوام ہی کا پیسہ ہے ہم اپنی جیب سے نہیں خرچ کرتے ہیں ۔ لیکن ہمارے وسائل محدود ہیں ۔ جنگی بے خانماؤں کی بحالی ان کی آبادکاری یہ مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے ۔ مرکزی حکومت نے یہ کام ہمارے ذمہ لگایا ہے ۔ صوبائی حکومت مرکزی حکومت کے ایجنٹ کے طور پر کام کرتی ہے ۔ مرکزی حکومت پیسہ دیتی ہے رقم دیتی ہے تو ہم اسے لوگوں کی بحالی پر خرچ کرتے ہیں ۔ اس کے علاوہ صوبائی حکومت اپنے وسائل محدود ہونے کے باوجود کوشش کرتی ہے کہ ان کی مدد کرے ۔ انہوں نے ہمیں کبھی ۷ کروڑ روپیہ کبھی ۹۔کروڑ کبھی ۱۰ ۔ کروڑ کبھی ۵ ۔ کروڑ روپیہ دیا اس میں سے ہم نے کچھ خرچ کیا اور کچھ خرچ کر رہے ہیں ۔ کیونکہ یہ ایک لمبا سلسلہ ہے اس کا حساب کتاب بھی ضروری ہے یہ بھی دیکھنا ہے کہ آیا یہ وہی شخص ہے جس نے قربانی دی ہے ۔ اس سلسلے میں جو claims

ہوتے ہیں ان کا verification بھی ضروری ہوتا ہے اور پھر یہ بھی ہے کہ آپ کبھی یہ پسند نہیں کریں گے کہ جس مقصد کے لئے آپ کو روپیہ لگانا ہے آپ اس میں خرچ نہ کریں اور فضول روپیہ خرچ کرکے کھڑے ہو جائیں ۔ یہ بات میں مانتا ہوں کہ ہمارے خلاف بہت سی شکایتیں ہیں کہ ہم نے روپیہ غبن کیا ہے ۔ ہو سکتا ہے اور ممکن ہے کسی نے غبن کیا ہو ۔ پٹواری سے لیکر منسٹر تک ہم میں کوئی فرشتہ نہیں ہے ۔ اس قسم کی بات بھی میرے کان تک آئی ہے کہ کہاں پیسہ زیادہ خرچ کیا جا رہا ہے اور کہاں کم خرچ کیا جا رہا ہے اور جن بےخانماں لوگوں نے قربانیاں دی ہیں ان کے علاوہ چند غیر مستحق لوگ بھی ہیں جو بےخانماں کی تعریف میں نہیں آتے اور جنہوں نے قربانی نہیں دی جو جنگ سے متاثر نہیں ہوئے لیکن کسی اور جگہ سے آ کر انہوں نے جعلسازی کی ہے یا کسی اہلکار نے ایسا کیا ہے اور پیسے اپنی جیب میں ڈال لئے ہیں تو ہم ایسے آدمیوں کی مذمت کرتے ہیں ۔ اس لئے ہم نے کمشنر اور اینٹی کرپشن والوں کو کہا ہے کہ جاؤ پتہ لگاؤ کہ کس نے چوری کی ہے ۔ میں اور بچہ صاحب دونوں جاتے رہے ہیں ۔ ہم نے ریلیف کمشنر کو بلایا ڈپٹی کمشنران اور کمشنران سب موجود تھے ۔ آخر فیصلہ یہ ہوا کہ اگر کسی نے چوری کی اور وہ مستحق نہیں یعنی غیر مستحق ہے تو اسے سخت سزا دی جائے ۔ آپ جانتے ہیں کہ مستحق وہ لوگ ہیں جن کے لئے آپ نے تقریریں کی ہیں اور یہ دیکھنے کے لئے کہ مستحق اور غیر مستحق جو ہیں ان میں امتیاز کیا جائے ہم نے پوری کوشش کی ہے اور جو متاثر لوگوں میں سے نہیں ہیں یا جو باہر سے آئے ہوئے ہیں جنہوں نے کوئی قربانی نہیں دی جن کا

کوئی گھر نہیں تھا اور امداد مانگتے ھیں اور ان میں اھلکار اور غیر اھلکار جو بھی شامل ھیں ایسے لوگوں کا پتہ چلانا بہت ضروری تھا تو ھم نے کہا بہت اچھا ھم آپ کو اتنے دن کی میعاد دیتے ھیں تا کہ آپ ھمیں بتا دیں کہ کس نے چوری کی ھے - کس نے غلط طریقہ سے روپیہ لیا ھے اور اس طرح ایک مستحق آدمی کو اس کے حق سے محروم کس طرح کیا گیا تو یہ ساری باتیں معلوم کرنے کی تھیں - تو ھم نے کہا کہ ھم آپ کو میعاد دیتے ھیں تو یہ تمام باتوں کا مطلب یہ ھے کہ ھم نے اپنی طرف سے کوشش کی ھے اور کر رھے ھیں اور مجھے یہ بات دھرانے کی ضرورت ھی نہیں ھے اور یہ بھی میں آپ کو کہہ دوں کہ ھم اپنے estimate کو revise کرتے جاتے ھیں - پہلے ھمارا estimate تین لاکھ کا تھا اور پھر ھم نے دوسرا estimate لگایا - ھم مرکزی حکومت کو لکھتے رھے ھیں - ھم منت بھی کرتے ھیں اور وہ رقم زیادہ کرتے جاتے ھیں - تو جہاں تک ھمارے بس میں ھے ھم کر رھے ھیں - میں زیادہ کیوں دھراؤں - مویشیوں کے لئے ۳۰۰ کی بجائے ۵۰۰ روپیہ کر دیا ھے - دوکانوں کے لئے بھی اتنا کر رھے ھیں - متاثرین کو ایک ایک مہینے کا راشن بھی دیا ھے بعد میں ھم نے انہیں راشن اکٹھا دے دیا یعنی چھ ماہ کا راشن دے دیا اور جو لوگ بے گھر ھیں یہ آپ کو معلوم ھے اور مجھے دھرانے کی ضرورت نہیں ھم کوشش کر رھے ھیں - میں آپ کو پھر یقین دلاتا ھوں کہ جب تک میں یہاں ھوں اور یہ کام میرے ذمہ ھے تو یقین جانئے کہ میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کروں گا چاھے میں واگہ بارڈر پر رھوں چاھے میں باجرہ کے گاؤں میں رھوں میں ھر وقت متاثرین کی پڑتال کرتا ھوں اور میری نظر وھیں ھوتی ھے - ریلیف کمشنر -

ڈپٹی کمشنر ۔ صدر ڈسٹرکٹ کونسل سب اپنے اپنے فرائض ادا کر رہے ہیں اور ہر روز میں اپنے آپ کو informed رکھتا ہوں ۔

اب سوال یہ ہے کہ امداد کیسے کی جائے ؟ مدد ان کی کیسے کی جائے ؟ محترمہ صاحبزادی صاحبہ کا جو ریزولیوشن ہے اس میں کہتی ہیں کہ ایک ٹیکس لگایا جائے لیکن وہ تو قانون کے ذریعے سے ہو سکتا ہے ۔ بل کے ذریعے سے ہو سکتا ہے یا آرڈیننس کے ذریعے سے ہو سکتا ہے ۔ کہا گیا ہے کہ تمام پاکستان پر ایک ٹیکس لگایا جائے جسے ہر مرد و زن دیں ۔ ہر ایک بالغ دے اور غریب سے غریب ترین بھی اور دولتمند اور سرمایہ دار اور وہ مزدور بھی جو آٹھ آنے اور بارہ آنے روز کماتا ہے وہ بھی دے ۔ ویسے بہت سے ایسے لوگ بھی ہیں جو کہ لکھ پتی بلکہ کروڑ پتی ہیں وہ بھی ایک دن کی اپنی آمدنی دیں ۔ تو یہ سب کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنا مجھے اس سے اتفاق نہیں ۔ ہاں مجھے اس بات سے اتفاق ہے کہ جو صاحب دولت مند ہیں اور جنہوں نے کچھ بھی نہیں دیا ان کو دینا چاہئیے ۔ یہ میرا خیال ہے لیکن یہ نہیں کہ ہر ایک شخص چاہے وہ غریب ہو چاہے وہ امیر ہو چاہے وہ مرد ہو چاہے وہ عورت ہو ۔ سب دیں یہ ناقابل عمل ہے ۔ میں صاحبزادی صاحبہ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میں اس چیز کو برداشت نہیں کر سکتا ۔ پاکستان میں ایسے لوگ بھی ہیں جنہوں نے قربانی کی ۔ جو برباد ہوئے ۔ جو سینہ سپر ہو کر دشمن کے ساتھ لڑے لیکن ہم نے دیکھا کہ یہاں ایسے بھی لوگ تھے جو کہ دے سکتے تھے لیکن انہوں نے از خود یعنی رضاکارانہ طور پر ایک پیسہ بھی نہیں دیا اور اگر یہ سامنے آ جائیں کہ حکومت نے کہا ہے کہ پیسے دو تو اس چیز کو ہم برداشت نہیں کریں گے ۔ تمام دنیا ہمارا

مذاق اڑائے گی اور کہے گی کہ حکومت مجبور ہوئی ہے اور انہوں نے زبردستی ٹیکس لگایا ہے ۔ جب یہ چیز ہوگی تو ہم کسی کو اپنا منہ دکھانے کے لائق نہیں رہیں گے ۔ حالیہ جنگ میں بھارت نے ہمارا نقصان کیا اور ہم نے self defence میں بھارت کا کیا وہاں تو کوئی ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔ تو بھارت والے کیا کہیں گے کہ ہندوستان میں تو کوئی ٹیکس لگا نہیں اور یہاں ٹیکس لگتا ہے اور حکومت لوگوں کو ٹیکس دینے پر مجبور کرتی ہے ۔ میں آپ کو سچ کہتا ہوں کہ بعض آدمیوں نے جو کہ امیر بھی نہ تھے انہوں نے بے خانماؤں کی امداد کی اور ایسی کی جو کسی نے نہیں کی ۔ متاثرین جب اپنے گاؤں سے سر پر گٹھڑیاں لے کر اور مائیں اپنی گود میں آٹھ آٹھ مہینے کے بچے لے کر پیدل جا رہی تھیں اور یہ سکیم ابھی نہیں بنی تھی تو دیہات والوں نے جو کہ غریب تھے انہوں نے ان کو شربت پلایا ۔ انہوں نے ان کو روٹی دی تو یہ سب امداد رضاکارانہ تھی جو انہوں نے دی ۔ میں کہتا ہوں کہ جو غریبوں نے مدد کی ہے وہ دولتمندوں نے نہیں کی ہے ۔ جب یہ متاثرین اپنے دیہات سے بیس بیس تیس تیس چالیس چالیس اور پچاس پچاس میل چل کر آئے اور مختلف ضلعوں مثلاً چنیوٹ ننکانہ لائلپور وغیرہ گئے تو راستے میں تمام غریبوں نے ان کی امداد کی ۔ وہ ان کو غلہ بھی دیتے رہے ۔ شکر چینی پانی دیتے رہے ۔ صابن تیل دیتے رہے ۔ ماچس دیتے رہے تو یہ غریب لوگوں کی ان کے ساتھ رضاکارانہ ہمدردی تھی اور دوسری طرف وہ بڑے بڑے دولتمند جو کہ صوفوں پر بیٹھے ہوئے تھے اور اپنے نوکر کے ہاتھ روپیہ مدد کے طور پر بھیج سکتے تھے انہوں نے اتنی بھی امداد نہ کی جتنی کہ نوکروں نے کی ۔ غریبوں نے کی ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ان کی

مدد کی جائے تو کوئی ایسی تجویز بتائیے کہ جو قابل عمل ہو - میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں کہ بڑے بڑے مالدار ہیں جو millionaires ہیں ان سے اگر پیسے وصول کئے جائیں اور غربا کی بھلائی پر خرچ کئے جائیں تو بہتر ہوگا مگر ایک مزدور جو بارہ گھنٹے سر پر ٹوکری اٹھاتا ہے اور مٹی اٹھاتا ہے اور اسے کسی kiln پر لے جاتا ہے یا تعمیر مکان کے لئے لاہور یا لاہور سے باہر اینٹیں بناتا ہے اور بمشکل بارہ آنے یا ڈیڑھ روپیہ کماتا ہے وہ بھی دے تو یہ اس کے ساتھ انصاف نہیں - ویسے ایسے بھی لوگ ہیں جو لاکھوں روپیہ کماتے ہیں میں ان کے نام نہیں لیتا - دوسری بات یہ ہے کہ آپ آمدنی کا کیسے پتہ لگائیں گے - وہ مجھے پکڑ لیں گے کہ یہ وزیر ہے ڈھائی ہزار روپیہ تنخواہ لیتا ہے اور اس کے علاوہ ڈپٹی کمشنر ایس پی اور کمشنر بھی ہیں جن کے متعلق جن کی بابت آج صبح کوئی تجویز پیش ہوئی کہ وہ کچھ دیں تو سپاہی سے لے کر اوپر تک جتنی بھی کسی کی تنخواہ ہو وہ تمام دیں وہ جو کچھ کماتے ہیں وہ تو چوری نہیں ہو سکتا وہ تو آپ کو دے سکتے ہیں -

لیکن آپ یہ بتائیے کہ ایک غریب کاشتکار ہے آپ نے اسے بھی منہا نہیں کیا - ایک تو بڑا زمیندار ہے - ایک چھوٹا زمیندار ہے - ایک کاشتکار ہے - ایک مزارع کلاس ہے جس کی اپنی زمین نہیں ہے - وہ دوسرے کی زمین کاشت کرتا ہے جس کی اپنی زمین نہیں ہے کسی اور کی زمین کاشت کرتا ہے آپ نے سب کو اس میں لپیٹ دیا - ان کی روزانہ آمدنی کا آپ کس طرح حساب لگائیں گے - آپ یہ بتائیے ایک چھوٹا دوکاندار ہے جو دیہات میں دو چار روپے روزانہ کماتا ہے - آپ اس کا روزانہ آمدنی کا حساب کیسے لگائیں گے - بمبئے کلاتھ ہاؤس کا تو انکم ٹیکس کے دفتر

سے لگا لیں گے ۔ ایک مزارع ہے آپ اس کی روزانہ آمدنی کا حساب لگا سکتے ہیں ۔ کسی کی آمدنی کا تخمینہ کرنا بڑا مشکل ہے ۔ دوسری تجویز یہ ہے آپ ان کے لئے ایک محکمہ مقرر کریں گے ۔ ۵ کروڑ کی ہماری آبادی ہے ۱۹۶۱ء میں مردم شماری ہوئی تھی جو ۱۹۶۲ء میں چھپ چکی ہے ۔ پچاس ساٹھ لاکھ اس میں سے نابالغ نکال لیجئے ۔ باقی چار ساڑھے چار کروڑ رہ گئے ۔ ان میں سے کچھ عورتیں ہوں گی ۔ باقی تین ساڑھے تین کروڑ کا حساب لگانا ہے ۔ ایسا کوئی نہیں جس کی آمدنی نہ ہو ۔ اگر کوئی بھیک منگا ہے تو آپ نے اسے بھی پکڑنا ہے ۔ آپ نے آج اتنے کمائے ۔ دس آنے دے دیں تو یہ مشکلات ہیں ۔ ان کے پیش نظر میں نے عرض کیا ہے کہ یہ ذرا مشکل ہوگا ۔ یا تو انکم ٹیکس افسر یا پٹواری یہ بتائیں اگر وہ پیسہ لے کے چھوڑ دیں تو بے ایمان corrupt اور راشی بنیں ۔ جب ایک شخص کو موقع ملتا ہے کوئی چیز کرنے کا ۔ کوئی فرشتہ ہو تو ممکن ہے رہ جائے اور تو نہیں رہتا ۔ پہلے تو جو تشخیص کرے گا ۔ جب وہ کسی بڑے کارخانہ دار کے پاس جائے گا ۔ جس کی آمدنی ۵۰ ہزار روپے روزانہ ہے ۔ وہ پانچ سو اپنی جیب میں ڈالے گا اور اس کی آمدنی کم لکھ دے گا ۔ اس طرح وہ اپنی جیب گرم کرے گا ۔ پھر آپ اس پر مقدمہ بازی کریں گے ۔ تکلیف ہوگی چھوٹے تو پکڑے جائیں گے ۔ بڑے بڑے اپنے آپ کو بچائیں گے ۔ اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ بہتر یہ ہوگا اور پاکستان کے شایان شان یہ ہوگا کہ ہم تمام پبلک سے اپیل کریں ۔ جس طرح مسلم جماعت ہے اور دیگر جماعتیں ہیں ہم سب اس طرف کوشش کریں ۔ محض حکومت پر ہر وقت الزام لگانے اور نکتہ چینی کرنے کی بجائے ان کو چاہئیے کہ تمام سیاسی جماعتیں رضاکارانہ طور پر

اس کے لئے کوشش کریں ۔ یہ انسانی مسئلہ ہے سیاسی نہیں ہے ۔ کونسل مسلم لیگ ہے ۔ عوامی لیگ ہے ۔ جماعت اسلامی ہے ۔ نظام اسلام ہے ۔ ان سب کے لئے اس میں کوئی فرق نہیں ہونا چاہئیے ۔ ہم سب مل کر پاکستان کے تمام عوام کو اپیل کریں اور رضاکارانہ طور پر دس کروڑ روپے اکٹھے کریں ۔ وہ چاہیں تو بیس کروڑ بھی دے سکتے ہیں ان مظلوم لوگوں کے لئے جن کی امداد سے خدا نے ہمیں بچایا ہے ۔ انہوں نے جانی اور مالی سب قسم کی قربانی کی ہے ۔ فوجیوں نے ہماری دفاعی امداد کی ہے ۔ مگر ان کے ساتھ ان کی ناقابل فراموش امداد بھی شامل تھی ۔ ہم ان کو زمین نہیں دیتے ۔ گھر نہیں دیتے ۔ صرف انہیں ان کے گھروں میں واپس لانا ہے وہ غریب صرف اتنا چاہتے ہیں کہ وہاں اپنے گھروں میں چھ سات آٹھ مہینے رہ سکیں تاکہ وہی زندگی شروع کر دیں جو انہوں نے چھوڑی تھی ۔ اگر اس کے لئے انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے ہمارا سرمایہ دار طبقہ ان کو امداد نہ دے تو حیف ہے ۔ اس لئے آپ کی تجویز کی مکمل تائید کرتے ہوئے اس مقصد کے لئے آپ کو مبارکباد دیتے ہوئے آپ کے اس جذبہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ اور ہم سب قوم اور ملک کے ہمدردوں اور سرمایہ داروں سے اپیل کریں اور ہم سب دس کروڑ روپے اکٹھے کرکے انہیں دیں تاکہ ان کی آبادکاری کا مسئلہ حل ہو ۔

چودھری محمد سرور (سیالکوٹ ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ لیڈر آف دی ہاؤس نے جو یقین دہانی کی ہے اور یہ بھی وضاحت کی ہے کہ وہ کس حد تک ان متاثرہ افراد کے بارے میں معلومات رکھتے ہیں تو اس یقین دہانی کے پیش نظر میں یہی مناسب سمجھتا ہوں کہ اس قرارداد کو

واپس لے لوں ۔ اس کے علاوہ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ وہ متاثرہ افراد کے تمام معاملات سے اچھی طرح واقف ہیں ۔ جس قدر جلد سے جلد ممکن ہوا وہ ضروری اقدام کریں گے ۔ اس لئے میں اس قرارداد کو واپس لیتا ہوں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ اگر آپ اسے واپس لینا چاہتے ہیں تو آپ کو ایوان سے اجازت حاصل کرنی چاہئے ۔

Chaudhri Muhammad Sarwar : Mr. Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw the Resolution.

Mr. Senier Deputy Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his Resolution ?

The Resolution was, by leave, withdrawn.

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ ہاؤس adjourn کیا جائے میں عرض کروں گا کہ ۹ تاریخ کو ریلوے کا بجٹ پیش ہو گا اور ۱۳ تاریخ کو جنرل بجٹ پیش ہوگا ۔ یہ دونوں تیسرے پہر پیش ہوں گے ۔ ۹ اور ۱۳ تاریخ کو سوائے بجٹ کے کوئی کام نہیں ہوگا لیجسلیشن کا کام ابھی باقی ہے جس میں دس بارہ ہنگامی قوانین رہتے ہیں چند ایک bills بھی ہیں ۔ چونکہ صبح کو کوئی کام نہ ہو گا اس لئے ۹ اور ۱۳ تاریخ کی صبح کے متعلق میں تجویز کروں گا کہ لیجسلیشن کو یعنی ہنگامی قوانین اور bills کو رکھ لیا جائے ۔ ۹ اور ۱۳ تاریخ کی شام کو ریلوے بجٹ اور جنرل بجٹ رکھا جائے ۔

Mr. Munawar Khan : Opposed Sir. It has been the convention throughout not only of this House.....

رانا پھول محمد خان ۔ جناب سپیکر ۔ میں منور خان صاحب سے

درخواست کروں گا کہ انہوں نے جو تقریر کرنی ہے وہ ہم سمجھ نہیں سکیں گے - وہ اردو میں فرمائیں تاکہ ہم بھی مستفید ہو سکیں -

مسٹر منور خان - میں اردو نہیں جانتا میں کیا کروں -

رانا پھول محمد خان - یہ آپ کیا بول رہے ہیں -

مسٹر منور خان - میں لاطینی بول رہا ہوں -

My respectful submission is, as I submitted, that this has been the practice throughout that whenever the Railway Budget was presented, one day was given to the Members to study that, and whenever the General Budget was presented, two days leave, or gap I would say, was given. We are deprived not only of those holidays, Sir, or vacant days, which should follow the presentation of the Budget, but instead we are called upon Sir to attend to the duties or the task of the day on those days on which the Budgets are to be presented. Now, my respectful submission is that instead of that we request that we have to study the Railway as well as the General Budget. I had previously also requested Mr. Anwar, the Speaker, in his Chamber, that we want time to study the Budgets, go through them, make our submissions, make our cut motions and to prepare ourselves for that. So that question is yet to be decided, and we respectfully oppose and at the same time request that we may be given time so that we are in a position to go through both the Budgets and prepare ourselves.

Minister of Revenue : Mr. Speaker, Sir, this is not a matter which should be thrown open to the House for a long debate. You should get the sense of the House and decide yourself.

میں نے تجویز پیش کر دی ہے - بہت سے ہنگامی قوانین اور bills رہتے ہیں - اگر آپ جولائی میں بھی کام کرنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے - ۲۳ مئی سے تو کام کر رہے ہیں - اس طرح جولائی کے بھی دو تین ہفتے لگ جائیں گے -

مسٹر منور خان - جولائی یا ستمبر لگے یہ مطلب نہیں ہے - جو دستور میں ہے اس کو ignore نہ کیا جائے - ممبران کو بجٹ کی study کرنے کا موقع نہ دیا جائے - بالکل کوئی ایسی مثال نہیں ملے گی -

وزیر مال - صاحب صدر - جب بجٹ ۱۳ تاریخ کو پیش ہو گا تو study کا موقع دیا جائیگا -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - وہ بجٹ کے پیش کرنے سے پہلے کام کرنا چاہتے ہیں -

Mr. Munawar Khan : This is a question - excuse me to submit- which will be discussed somewhere in the Chamber when the necessary Members would be present and the Speaker would also be present. Otherwise, this decision might entail some other steps if we are not given time to study the Budgets and we are called upon to attend .....

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - ایک بج کر پانچ منٹ ہو چکے ہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : At the sense of the House is that we should have two sittings on the 9th and the 13th, we will, therefore, have two sittings, one in the morning and the other in the evening.

Mr. Munawar Khan : Sir, no question has been put to the House at all. The voice of a single man suggesting might entail very serious consequences in this House.

Mr. Senior Deputy Speaker : I think it is within the power of the Speaker to decide.

Mr. Munawar Khan : There are many things within the power of the Speaker, but those powers are to be used with reasonable discretion.

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is adjourned till 8-30 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8-30 a.m. on Wednesday, the 8th June, 1966.

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 1278)

Sr. No.	Name of Contractor.	Year.	Amount outstanding.
	HYDERABAD FOREST DIVISION.		
1.	M/s. Faiz Muhammad & Co.	1952-53	4,015.31
		1952-53	17,781.00
2.	Mr. Khuda Bux Muhajir.	1953-54	11,397.87
3.	M/s. Abdul Hamid & Muhammad Yasin.	1955-56	33,306.37
4.	Mr. Bashir Ahmad Shah.	1959-60	57,110.05
5.	Mr. Muhammad Din.	1959-60	14,294.70
		1959-60	500.00
		1960-61	5,850.00
		1960-61	20.00
		1962-63	3,130.00
		1962-63	4,605.68
6.	Mr. Muhammad Jami.	1961-62	1,580.80
		1961-62	2,370.00
		1961-62	200 00
7.	M/s. Muhammad Din and Muhammad Jamil.	1961-62	22,576.00
		1962-62	60,239 66
		1962-62	33,864.00
		1961-62	200.00
8.	Haji Ali Muhammad Soomro.	1959-60	3,795.00
		1960-61	9,820.00
		1961-62	100.00

Sr. No.	Name of Contractor.	Year.	Amount outstanding.
9.	Mr. Ajab Khan.	1961-62	200.00
10.	M/s. Bashir Ahmad Shah and Mnhammad Mustajab.	1960-61	90.00
11.	Mr. Barkat Ullah.	1962-63	25,757.50
13.	Mr. Amir Muhammad.	1961-62	86,050.00
13.	Malik Muhammad Afzal.	1963-64	9,525.00
	SUKKUR FOREST DIVISION		
1.	Haji Scahal Khan.	1960-61	5,345.85
2.	Mr. Laiq Ahmad.	1962-63	10,029.00
3.	Mr. Allah Wassayo M. Qasim.	1963-64	132,835.74
4.	M/s. Abdul Majid and Hadi Bux.	1963-64	133,799.00
5.	Haji Fateh and Bahauddin.	1963-64	9,770.00
6.	Mr. Amir Hamza.	1963-64	45,550.00
7.	Mr. Tasneem Ahmad.	1963-64	22,600.00
8.	Haji Daud Khan.	1963-64	14,872.00
9.	Haji Sumar Khan.	1963-64	46,109.38
10.	Haji Maqsood.	1963-64	125,000.00
11.	Mr. Allah Wassayo Banchal.	1963-64	14,268 00
12.	Haji Habib Ahmad.	1963-64	99,499.00
13.	Mr. Gul Sher Ahmad.	1963-64	52,099 00
14.	Mr. Iftikhar Ahmad.	1963-64	44,766 00
15.	M/s. Iftikhar Ahmad and Ajab Khan.	1963-64	154,625.00

APPENDIX II

(Ref: Starred Question No. 1352)

TO BE PUBLISHED IN PART I—A OF THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT GAZETTE

GOVERNMENT OF WEST PAKISTAN

SOCIAL WELFARE & LOCAL GOVERMENT DEPARTMENT (MARKETING)

CIVIL SECRETARIAT LAHORE

Dated the 3rd July, 1957

NOTIFICATION

No. V-42/62-57. In exercise of powers conferred by section 4 of the Punjab Agriculture Produce Market Act, 1939 and with reference to West Pakistan Government Notification No. V—42/62-57 dated 12-2-1957, the Governor of West Pakistan is pleased to direct that the following schedule shall be substituted for the schedule published with the former Punjab Government Notification No. 2765 Agriculture dated the 12-12-1944, relating to the market area of Mandi Shah Jewans in the Jhang District, namely :—

SCHEDULE

Sr. No.	Name of District	Name of Tehsil	Name of Market area	Boundaries	Agriculture Produce
1.	Jhang	Jhang	Shah Jewana	The boundaries of revenue estate Moharwali Rumana Wadan Shah Jiwana town, Dussara Thata, Jhabana, Ratta Matta chak Daulat Khan, Ghoriwala, Hissan Moonda, Sharin, Berwala, Pubbarwala, Kangra Unara. Thatti Said Biraham, Sabbar, Chata, Bhamb, Qaderpur Bakhsha, Chandi, Fraz, Pindi Lalmurid, Kot	Rice, Jowar, Bajra, Maize, Cheena, Moth, Sugarcane (Gur & Sugar) Cotton, Lassan (when sold dry) wheat barley gram, Massor, oil seeds chillies, hamp, Mash Mung, onion Poppy, potato, Arwi, Jawar, Kachaloo, Hardal, Paddy Gowara,

Sr. No.	Name of District	Name of Tehsil	Name of market area	Boundaries	Agriculture Produce
				Issa Shah. Loa Jhoka, Daya Kot Dharma, Keriwala, Kot Mohalla Janda, Bhawana, Viran, Tehsil Daulat Khan, Latifpur, Chak Bhatian, Chak, Mahabali, Piru, Bhem, Panj Girabin, Muradwala, Bali, Mongar, Shergarh, Qutab, Jungla Quttab, Turbat Haji Shah, Tiba Dhuperori, Sabbage, Thatta Kamira, Aqilpur, Ghaunspur, Kot Khushab Kalri, Dawaba, Thathi Panju, Kelar, Pattisalluwali, Bindi Hadan.	tobacco, Lobia, products derived from cotton, i.e. cotton seed and knal, fruit and vegetables (fresh and dry) livestock products (hides, bones, skin dry and wet), wool, hair, ghee and meat, oil pulses, Toria, Swank, Mattar, Sweet potatoes, Khajoor, products drived from Wheat, Atta Suji, Maida and Bhusa.

(RIAZ UL HAQ)

Deputy Secretary to Government West Pakistan Social Welfare and Local Government Department.

No. V—42/62-57, Lahore dated the July, 1957.

A copy is forwarded to :—

2. The Deputy Commissioner, Jhang for information and necessary action with reference to his endorsement No. 5172, dated the 7th May, 1957 to the Commissioner, Multan Division, Multan.

(RIAZ UL HAQ)

Deputy Secretary to Government West Pakistan Social Welfare and Local Government Department.

APPENDIX III

(Ref: Starred Question No. 1427)

Year.	No. of Scholar-ships.	Name of Recipients with Home Address.		Year of approximate service.	
1953-54	5	1. M/s. Badar Munir Bannu District	...	9 year.	
		2. Fazal Din Kohat District	...	7 year.	
		3. Mohd Kamal Peshawar District	...	...	
		4. Mohd Yunis RPAF Station, Peshawar	...	...	
		5. Vacant	...	...	
1954-55	3	1. Mirza Nawaz Baig Bannu District	...	5 year.	(Transferred to Lahore Region.)
		2. Mohd Jamil Shah, Kohat District	...	6 year.	
		3. Muhammad Ishaq	...	7 year.	
		4. Mohd Ajmal, Kohat District	...	7 year.	(Transferred to other Region.)
1955-56	3	1. S. Razi Haider Zaidi, Pesh : District	...	7 year.	

Year.	No. of Scholar-ships.	Name of Recipients with Home Address		Year of approximate service.	
		2. Muhammad Nafiz Kurram Agency	...	...	(Died)
		3. Masud Ahmad, Peshawar District	...	4 year.	
1956-57	6	1. Mahmoodur Rehman, Kohat District	...	4 year.	
		2. Jamshed Khan, Hazara District	...	5 year.	
		3. Jafar Ali, Peshawar District	...	5 year.	(Transferred.)
		4. Ch. Mohd Anwarul Haq, Bannu Distt	...	5 year.	
		5. Israr Ahmad, Peshawar District	...	1 year.	(Transferred.)
		6. Mohd Zahoor Kohat District	...	3 year.	
1957-58	6	1. Mohd Yunis, Hazara District	...	...	
		2. Abdul Shakoor, D. I. Khan	...	4 year.	
		3. Mohd Mazhar Mahmood Bannu District	...	3 year.	
		4. Abdur Rab, Kohat District	...	3 year.	

Year.	No. of Scholar-ships.	Name of Recipients with Home Address.		Year of approximate service.
		5. Mohd Bashir, Bannu District	...	3 year.
		6. Ghulam Hussain Mianwali District	...	...
		Saeed Ahmad Granted scholarships against Bashir Ahmad failed nominees at S. No. 3 and 6 of 1956-57	...	
1958-59	6	1. Meera Khan, Kohat District	...	3 year.
		2. Ifzal-ul-Haq, Mardan District	...	3 year.
		3. Mohd Ashraf, Hazara District	...	3 year.
		4. Samullah Riaz Peshawar District	...	3 year.
		5. Naqibullah, Bannu District	...	...
		6. Abdul Qayyum, District	...	...
1959-60	6	1. Abdul Waheed Bannu District	...	2 year.
		2. Umar Daraz, D. I. Khan	...	1 year.

Year.	No. of Scholar-ships.	Name of Recipients with Home Address.		Year of approximate service.
		3. S. Akhtar Muhsin, Peshawar District	...	... Whereabout not known)
		4. Murtaza Ahmad, Hazara District	...	2 year.
		5. Fazli Alim, Kohat District	...	2 year.
		6. Sharif Zada, Mardan District	...	2 year.
1960-61	6	1. Malikur Rahman, Kohat District	...	2 year.
		2. Abdul Samad Ghaznavi, Peshawar Dirtrict	...	2 year.
		3. S. Muhammadullah, Peshawar District	...	2 year.
		4. Mahsoobullah, Peshawar District	...	2 year.
		5. Abdul Qayyum, Mardan District	...	1 year.
		6. Mashooq Ali, Mardan District	...	1 year.
1961-62	6	1. Shahid Islamuddin Siddiqi, Pesh. District	...	Studying at College of Animal Husbandry.
		2. Muhammad Anwar Mardan District	...	do

Year.	No. of Scholar-ships.	Name of Recipients with Home Address.		Year of approximate service.
		3. Muhammad Afzal, D. I. Khan, District	...	do
		4. Zahoor Ahmad, Kohat District	...	do
		5. Dilawar Khan, Kohat District	...	do
		6. Mir Kabal, Bannu District	...	do
1962-63	6	1. Masood Arshad D. I. Khan District	...	do
		2. Islam Gul, Peshawar District	...	do
		3. Haider Ali, Peshawar District	...	do
		4. Mohd Jalaluddin, Bannu District	...	do
		5. Manzoor Ilahi, Kohat District	...	do
		6. Nacemullah, Peshawar District	...	do
1963-64	5	1. Muhammad Aslam, D.I. Khan District.	...	Still Studying.
		2. Dawar Khan Mardan District.	...	do

Year.	No. of Scholar-ships.	Name of Recipients with Home Address.		Year of approximate service.
		3. Arifullah Khan, Mardan District.	...	do
		4. Fazal Subhan, Mardan District.	...	do
		5. Ibnul Hassan.	...	do
1964-65	5	1. Muhammad Hafiz Khan, Bannu Distt :	...	do
		2. Abdul Karim, D.I. Khan District.	...	do
		3. Mir Ali Shah, Kohat District.	...	do
		4. Sultan Zeb, Mardan Distric.	...	do
		5. Abdul Hayee, D.I. Khan District.	...	do
1965-66	5	1. Hasir Hussain Shah, D.I. Khan Distt :	...	do
		2. Iqbal Hussain Shah, D.I. Khan Distt.	...	do
		3. Sadullah Jan, Kohat District.	...	do
		4. Hamidullah, Peshawar District.	...	do
		5. Motiullah Khan, Kohat District.	...	do

APPENDIX IV

(Ref: Starred Question No. 1430)

GOVERNMENT LIVESTOCK EXPERIMENT STATIONS

S. No.	*Name of Farms*	*District*	*Region*
1.	Livestock Experiment Station, Jaba, Tehsil Manshera.	Hazara	Peshawar
2.	Livestock Experiment Station, Bahadurnagar, Tehsil Okara.	Montgomery	Multan
3.	Livestock Experiment Station, Qadirabad, Tehsil Montgomery.	Montgomery	Multan
4.	Livestock Experiment Station, (For Angora Goat and Karakul Sheep), Rakh Khairawala.	Muzaffargarh	Multan
5.	Livestock Experiment Station, Nabisar Road.	Tharparkar	Hyderabad
6.	Livestock Experiment Station, Malir, Karachi-30.	Karachi	Hyderabad

GRANTEE FARMS

1.	Jahangirabad Cattle Farm, Via Railway Station Kacha Khuh	Multan	Multan

S. No.	Name of Farms	District	Region
2.	Alahdad Cattle Farm No. I & II Chak No. 99/10. R Via Jahanian.	Multan	Multan
3.	Shergarh Small Holder Grants, Tehsil Okara.	Montgomery	Multan

LAND REFORM FARMS

1.	Jamal Stud, Harichand, Tehsil Charsada,	Peshawar	Peshawar
2.	Nawab of Amb Livestock Farm, Amb Darband.	Peshawar	Peshawar
3.	Kalabagh Livetock Farm, Kalabagh.	Mianwali	Lahore
4.	Kalra Livestock Farm, Kalra Estate.	Sargodha	Lahore
5.	Nangiana Livestock Farm, Masar.	Sargodha	Lahore
6.	Shah Jewna Stud & Livestock Farm, Shah Jewna.	Jhang	Lahore
7.	Rajoa Livestock Farm, Kot Amir Shah.	Jhang	Lahore
8.	Mehar Livestock Farm, Khangarh.	Suukur	Hyderabad
9.	Luari Sharif Livestock Farm, Taluka Badin.	Hyderabad	Hyderabad

S. No.	*Number of 300 acres grants*	*District*	*Region*
	LAND GRANT FARMS (300 ACRE UNIRRIGATED LOTS)		
1.	Five Grants.	Sargodha	Lahore
2.	Nine Grants.	Jhang	Lahore
3.	Nine Grants.	Lyallpur	Lahore
4.	Thirty seven grants.	Multan	Multan
5.	Seven grants	Bahawalpur	Multan
6.	Seven grants.	Bahawalnagar	Multan
7.	One grant	D. G. Khan	Multan
8.	One Grant.	Jhelum	Lahore
9.	Nine Grants.	Montgomery	Multan

APPENDIX V

(Ref: Starred Question No. 1663)

LIST "A"

1. M/s. Zafar Saleem & Bros. Ltd. Cotton Factory, Chiniot.
2. M/s. Almuzamal (Mumtaz Cotton Factory) Cotton Ginning Factory, Jhang Sadar.
3. M/s. National Hilal. Chiniot, Cotton Factory, Chiniot.
4. M/s. Malik and Co. Cotton Factory, Jhang Sadar.
5. M/s. Alfarooq Cotton Factory, Shorkot Road.
6. M/s. Sultan Mohd c/f. Bhowana.
7. M/s. Mohd Din c/f. Lalian.
8. M/s. Mukhtar Cotton Factory, Jhang Sadar.
9. M/s. Shamas Din c/f. Jhang D Sadar.
10. M/s. Nisbat Mills Ltd. c/f. Chiniot.
11. M/s. Mohd Aslam c/f. Barana.
12. M/s. Mali c/f. Kanwanwala.
13. M/s. Abdul Sattar, Rehman Ghani & Bros. c/f. Jhang.
14. M/s. Chenab c/f. Shorkot.
15. Shah Jewana c/f. Manid S. Jewana.
16. M/s. New Cotton Ginning Factory, Chiniot.
17. M/s. Sultan c/f. Malian.
18. M/s. Abdul Khaliq c/f. Shorkot.
19. M/s. Shah Daulat c/f. Shorkot.
20. Allah Bux s/o Maula Bux c/f. Bagh.

LIST 'B'

S. No.	Name of Cotton Factory	Licence No.	Date	Fee charged
1.	M/s. Malik & Co. c/f Jhang Sadar.	691	11-1-62	Rs. 455.00
		692	do	
		693	do	
2.	M/s. Shah Jewana c/f Mandi Shah Jewana.	67-P/DAL	16-1-65	200.00
		290-G/DAL	do	
3.	M/s. Almuzamal c/f Jhang Sadar.	730	11 4-62	245.00
4.	M/s. Sardar Ghulam Abbas, New c/f. Chiniot	61-G/DAL	23-10-62	50.00
5.	M/s. Nishat Mills Ltd. cf. Chiniot.	135 & 136	27-10-65	380.00
6.	M/s. Shamas Din c/f Jhang Sadar.	889	1-2-55	520.00
		899	1-2-55	
7.	M/s. National c/f Ghund.	—		50.00
8.	M/s. Chiniot c/o Chiniot.	264-G/DAL	14-11-64	50.00
9.	M/s. Mali s/o Mohd Yar c./f. Kanwanwala.	780	29-5-62	50.00
10.	M/s. Mohd Aslam c/f Barana.	7.6	—	30.00
11.	M/s. Ch. Abdul Khaliq cf Sharkot Road.	364-G/DAL	30-10-65	50.00

S No.	Name of Cotton Factory	Licence No.	Date	Fee charged
12.	M/s. Sultan Mohd s/o Allah Din c/f Bhowana.	259	11-5-62	30.00
13.	M/s. Chenab c/f Shorkot.	594	27-9-60	50.00
14.	M/s. Shah Daulat c/f Chiniot.	65,65 & 67	22-7-63	440.00
15.	M/s. Mumtaz c/f (Zafar Saleem Brs. Ltd.) c/f Chiniot.	702	9-2-62	360.00
16.	M/s. Hanfi c/f Bagh.	366-G,	5-11-65	30.00
17.	Muhammad Din c/f Lalian.	715	6-4-62	30.00

APPENDIX VI

اب بتائیے ایک کوالٹی کی کاٹن سپلائی کرنی ہے۔ اے اور بی کا contract ہے اس میں آپ ایسی دفعات کو کیوں شامل کر رہے ہیں جب Contract Act کی دفعات کے تحت یہ دیوانی مسئلہ ہے آپ نے اسے بلاوجہ فوجداری مسئلہ بنا کر ایسے حالات پیدا کر دیئے ہیں کہ کوئی خوددار آدمی کوئی سمجھدار آدمی اس کاٹن کنٹرول ایکٹ کے ہوتے ہوئے اس میں اپنا روپیہ نہ لگائے۔

اب جناب سپیکر۔ مجھے ریلوے ایکٹ ۱۸۹۹ء کی دفعات کے متعلق کچھ عرض کرنا ہے جن کا ذکر اس آرڈیننس کی دفعہ ۲۳ (۱) میں ہے۔ اس کے تحت یہ قرار دیا گیا ہے کہ کوئی بھی ریلوے کا افسر مجاز کسی حصہ سے کاٹن کی ٹرانسپورٹ کی اجازت نہیں دے گا اور یہ پابندی صرف ریلوے کے لئے نہیں ہو گی بلکہ River Transport اور دوسری ایسی کمپنیوں پر بھی ہو گی جو ایک جگہ سے دوسری جگہ مال لے جانے کا کام کرتی ہیں۔ اور ان کے لئے یہ ضروری قرار دیا گیا ہے کہ جو consignee ہو گا وہ ایک سرٹیفکیٹ یا لائسنس produce کرے گا۔ بتائیں یہ مکمل کنٹرول نہیں ہے۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ٹرانسپورٹ آف کاٹن پر جو پابندیاں ہیں یہ دراصل نافذالعمل نہیں ہو سکتیں۔ بلکہ ہوتا یہ ہے کہ چور بازاری اور سمگلنگ ہوتی ہے۔ ایک سمگلنگ یہ ہے کہ کسی

دوسرے ملک میں مال لے جانا ہے یا لے آنا ہے اور ایک یہ سمگلنگ ہے کہ ایک ڈسٹرکٹ سے دوسرے ڈسٹرکٹ میں مال لے جانا یا لے آنا ۔ جیسے میں چاول کی مثال دیتا ہوں ۔ شیخوپورہ میں چاول کافی ہوتا ہے اور لاہور میں نہیں ہے ۔ آپ نے اس کے اوپر پابندی لگائی ہوئی ہے ۔ پھر بھی باقاعدہ سمگلنگ ہوتی ہے ایسے کاٹن کی بھی باقاعدہ سمگلنگ ہوتی ہے ۔ کیا آپ کی کوئی اتنی موثر مشینری ہے جو اس سمگلنگ کو روک سکے ۔ بلاوجہ قیمتوں کے نفاذ اور بے سود کنٹرول لگا کر ایسا کیوں کرتے ہیں آپ کا جو مقصد ہے وہ ان پابندیوں سے حاصل نہیں ہو سکتا ۔ آپ کی sampling ایسی ہونی چاہئے جس سے پتہ چل سکے ۔ آپ کی جو لبارٹریز ہیں ان میں اضافہ کرنا چاہئے جن سے ظاہر ہو سکے کہ کس قسم کی quality ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اب ملک میں اتنی ٹیکسٹائل ملز لگ چکی ہیں جس سے کاٹن کی اہمیت بڑھ چکی ہے اور کاٹن کی کوالٹی اچھی بنانے کیلئے اقدامات کرنے ہونگے ۔ پاکستان جبکہ اس سے گران قدر زر مبادلہ کماتا ہے تو ضروری ہے کہ انڈسٹریز اور اسکی جو کاشت ہے اسکو develop کریں ۔

جناب والا ۔ اس ہنگامی قانون میں ماسوائے ایک provision کے جو شروع میں کی گئی ہے جس کے متعلق مجھے ذکر کرنا ہوگا اور وہ دفعہ ۳ ہے جس میں کاٹن کنٹرول بورڈ مغربی پاکستان کے لئے بنانا منظور کیا گیا ہے اور اسی طرح سے ایڈوائزری کمیٹی سارے صوبہ کے لئے اور صوبہ کے حصہ کے لئے بنائی گئی ہے ۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ وزیر متعلقہ نے اس کاٹن

کنٹرول بورڈ اور ایڈوائزری کمیٹی کے functions کو بیان کر دیا ہوتا اور ان کے functions کو اس آرڈیننس میں incorporate کیا ہوتا ۔ اس کاٹن کنٹرول کے متعلق معلومات میں اضافہ کرنے کے لئے ۱۹۰۹ع کی رپورٹ میرے پاس ہے ۔ ۱۹۰۹ع میں جب لنکا شائر اپنی فیکٹری کے لئے ہم سے خام مال اینا چاہتا تھا اس وقت پہلے جب اسکے متعلق بات ہوئی اس وقت کے وائسرائے نے preside کیا اور اس رپورٹ کو ایسے سائنٹیفک طریقہ سے عمل میں لانے کے لئے لمبی چوڑی بحثیں ہوئیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ جب آپ گردنیں دبانے کے عادی ہیں تو پابندی لگانے کے معیار اور مراعات کے سلسلے میں حاتم کی قبر پر کیوں لات مار رہے ہیں ۔ اگر محکمہ کوئی ایسا منصوبہ پیش کرتا ۔ ایسی booklet محکمہ زراعت شائع کرتا جس سے ظاہر ہوتا کہ ہمارے پاس اس وقت سائینٹیفک remedies ہیں جس سے ہمیں quality کو بڑھانا ہے ۔ جس سے کیڑے مکوڑوں کو ختم کرنا ہے ۔ جو کاٹن کی پیداوار میں کمی پیدا کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت نے اس گران قدر انڈسٹری سے اور زر مبادلہ کمانے والی فصل سے چشم پوشی کی ہے ۔ یہ تو ابتدا ہی سے یہ کرتے ہیں کہ فلاں کو پکڑ لو ۔ فلاں کو فیکٹری لگانے دو اور فلاں کو فیکٹری نہ لگانے دو ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میرے خدشات بڑی حد تک صحیح ہیں ۔ کل ایک ذمہ دار افسر سے بات ہو رہی تھی اس نے بتایا کہ ٹیکسٹائل کے لئے جو لائسنس دیئے گئے ہیں ان میں ماسوائے چند ایک کے باقیوں نے بیچ دیئے ہیں ۔ یہ بات باعث شرم ہے ۔ آج میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا برسراقتدار طبقہ EBDO کے تحت try ہونا

چاھئے ان تمام لائسنسز میں ان کا حصہ ھے ——— میں آپ سے مخاطب نہیں - میں نہیں سمجھتا کہ ایم - پی - اے اتنا مقدرو رکھتے ھیں کہ وہ کوئی انڈسٹری لگا سکیں - یا لائسنس حاصل کر سکیں - لینے والے کوئی اور لوگ ھیں - میں یہ سمجھتا ھوں کہ اگر آئندہ EBDO لگا تو آپ کی وزارت بھی اس وقت منظر عام پر آئے گی اور آپ گرفتار ھوں گے - آج اگر یہ سمجھا جائے کہ ھم نے رشوت ستانی اور بدعنوانیوں کو ختم کر دیا ھے تو یہ غلط ھے - پہلے اس کی افراط تھی یہ بہت سے لوگوں میں تھی اب چند لوگوں میں سمٹ کر رہ گئی ھے -

جناب سپیکر - ان گزارشات کے ساتھ میں وزیر متعلقہ سے گزارش کرونگا کہ کچھ ایسی amendments first stage پر لے آئیں جس سے انڈسٹری حکومت کے ھاتھوں سے یا ان ھاتھوں سے جو monopolise کرنے کے عادی ھیں بچ جائیں اور ھم اس انڈسٹری کو ذرا آگے لے جائیں اور یہ free انڈسٹری ھو اور develop ھو سکے -

وزیر زراعت (مخدوم حمید الدین) - جناب سپیکر - جناب کو یاد ھوگا کہ جناب ملک اختر صاحب نے اپنے خطاب کے ابتدا میں یہ فرمایا تھا کہ میں اس ایکٹ کے حق میں ھوں اور اس سے میری بہت حوصلہ افزائی ھوئی تھی - مگر جب ان کے خطاب کے اختتام پر اندازہ کیا گیا تو مجھے محسوس ھوا ھے کہ کوئی ایک provision باقی نہیں رھی جس کی انہوں نے مخالفت نہ فرمائی ھو - تو اس سے میں یہ سمجھنے سے قاصر ھوں کہ وہ اس ایکٹ کی موافقت میں ھیں یا اس ایکٹ کے خلاف ھیں -

جناب سپیکر ۔ دنیا کے تمام ممالک جہاں کپاس بکثرت پیدا ہوتی ہے وہاں کاٹن کنٹرول ایکٹ کی قسم کا قانون موجود ہے اور ماہرین کی رائے ہے That cotton thrives under control یہ ایک قابل اعتراض استثنیٰ ہوگی اگر اس قسم کا قانون ہمارے ہاں رائج نہ ہو اور میں سمجھتا ہوں کہ ایسے قانون کی عدم موجودگی میں ہماری کاٹن ٹریڈ کو ایک مضرت پہنچے گی ۔ سخت مضرت پہنچے گی میں آپکی اطلاع کے لئے یہ عرض کرونگا کہ ۱۹۵۴ع میں ان تاجروں اور بعض interested quarters کی تگ و دو کے نتیجے میں سابق پنجاب کی صوبائی حکومت نے اس ایکٹ کے خلاف سفارش کی تھی ۔ مگر مرکزی حکومت نے ان کی اس سفارش کو مسترد کر دیا تھا کہ یہ قانون کپاس کی purity اور اسکی اقسام کو محفوظ رکھنے کے لئے ناگزیر ہے ۔ موجودہ تاجروں کی یہ کوشش ہے ۔ اور یہ خواہش ہے ۔ اور ان کا یہ طریق کار ہے کہ کپاس کی اعلیٰ اقسام میں ادنیٰ اقسام کی ملاوٹ کر کے زیادہ سے زیادہ نفع خواری کی جا سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس ذہنیت کے خلاف کوئی موثر کارروائی نہ کی گئی تو یہ مرض لا علاج ہو جائیگا ۔ اور ہماری کپاس کی بین الاقوامی شہرت کو نقصان پہنچے گا ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے ملک کے مختلف علاقوں میں مختلف موسم ہونے کی وجہ سے یہ بہت ضروری ہے کہ یہاں کپاس کی پیداوار کے سلسلے میں zones مقرر کئے جائیں ۔ اور چنانچہ ایسا کیا گیا ہے ۔ تاکہ

پورے تیقن کے ساتھ کپاس کی اعلیٰ اقسام کو فروغ دیا جا سکے ۔ اور انہیں محفوظ کیا جا سکے ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ اپنے خطاب کے دوران میں میرے محترم دوست جناب حمزہ صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ بعض zones میں بیج کی اقسام موثر نہیں رہتی ہیں ۔ اور انکی کاشت صحیح طریقے سے نہیں ہو سکتی ہے ۔ اور اس طرح نقصان ہوتا ہے ۔ تو اس ضمن میں میں انکی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اسکا علاج یہ نہیں ہے ۔ کہ zoning ختم کی جائے ۔ یا اس zone کو ختم کیا جائے ۔ بلکہ اس کا طریقہ یہ ہے کہ جہاں بھی اس قسم کا واقعہ ہو ۔ یا اس قسم کی کوئی اطلاع میسر ہو تو اس zone کے متعلق agronomic test کیا جاتا ہے ، soil test کیا جاتا ہے ، soil analysis بھی کی جاتی ہے ۔ اور ان سے برآمدہ نتائج کے پیش نظر کوئی مناسب variety تجویز کرکے رائج کی جاتی ہے ۔

اس سے پہلے میرے معزز دوست جناب حمزہ صاحب نے کاٹن انسپکٹروں سے اظہار ہمدردی فرماتے ہوئے کہا تھا ۔ اور مجھے بھی اس بات کا اعتراف ہے کہ ان کے ساتھ ہمدردی ہونی چاہئے ۔ تو اس ضمن میں میں یہ عرض کرونگا کہ یہ اسلئے ہوا کہ محکمہ زراعت کے phased extension کی وجہ سے which is spread over years محکمے کے پاس سٹاف اتنا کافی ہو چکا تھا کہ اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ اب یہ فرائض محکمے کے سٹاف کے اور افراد بھی انجام دے سکتے ہیں ۔ چنانچہ یہ کام ان کو تفویض کیا گیا ۔ اور اب بھی وہ پوری قابلیت اور اہلیت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں ۔ اور جہاں تک

compassionate grounds کا تعلق ہے ۔ میں اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ حکومت نے compassionate grounds پر ہی اس سٹاف میں جتنے Science Graduates تھے ۔ ان کو اسی وقت absorb کر لیا گیا ۔ اسکے علاوہ جو simple graduates تھے ۔ ان کے لئے pool بنا دیا گیا ہے ۔ اور ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ جہاں تک ممکن ہو سکے ان کو جلد از جلد absorb کیا جائے ۔ تو انہی compassionate grounds پر ہی حکومت نے یہ اقدام کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میرے محترم دوست نے اپنے خطاب کے دوران میں یہ بھی فرمایا تھا کہ محکمہ زراعت نے اس ایکٹ کو draft کرتے وقت اپنی اجارہ دارانہ ذہنیت کے پیش نظر باقی سب کو تو نکال دیا ہے ۔ اور صرف اپنی اجارہ داری قائم کر لی ہے ۔ تو اس ضمن میں میں ان کی توجہ اس ایکٹ کے سیکشن ۵ کی ذیلی دفعہ ۲ کی طرف مبذول کراتا ہوں ۔ جس سے یہ معلوم ہوگا کہ یہ گورنمنٹ کی اجارہ داری نہیں ہے ۔ وہ سیکشن یہ ہے ۔

"Government may, by notification, appoint any other officer under its control to exercise and perform all or any of the powers and duties conferred or imposed upon an Inspector by or under this Ordinance, within such local limits as Government may specify."

تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ صرف محکمہ زراعت کے افسران نہیں بلکہ حکومت کے کسی بھی افسر کو ۔ ۔ ۔ ۔ کیونکہ اس سے پہلے جو ایکٹ تھا ۔ اس میں کمشنر اور دیگر افسران بھی شامل تھے اب اس کے پیش نظر ہم نے E.A.D.As. اور D.D.As. وغیرہ کو بھی اس میں

رکھا ہے ۔ تو یہ واضح provision ہے کہ ان کے علاوہ دیگر صاحبان کو بھی یہ کام سونپا جا سکتا ہے ۔ اور ان کو اختیارات دیئے جا سکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ ایک اور اعتراض بھی کیا گیا ہے کہ جو نئے قابضین ہیں ان کو گذشتہ قابضین یعنی اس ایکٹ میں پہلے جو lacuna تھا ۔ ۔ ۔ ۔ ان کو حقائق سے آگاہ کرنے کا کوئی ذریعہ فراہم نہیں کیا گیا ہے۔ اس کے مخالف جناب ملک محمد اختر صاحب بھی ہیں ۔ اور جناب حمزہ صاحب بھی ان کے حق میں ہیں ۔ تو چونکہ مجھے جناب حمزہ صاحب کا بہت احترام رہتا ہے ۔ اس لئے میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرونگا کہ دفعہ نمبر ۹ کی ذیلی دفعہ نمبر ۲ جو ہے ۔ اور جو یہاں پر پڑھا جا چکا ہے ۔ مجھے اس کے پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ تو اس provision کے تحت اس کو اطلاع بہم پہنچائی جا سکتی ہے ۔ ایک معزز رکن یہ فرما رہے تھے کہ کپاس میں کچھ deterioration ہوئی ہے ۔ اور مارشل لاء سے پہلے بھی کچھ deterioration موجود تھی ۔ اس کے متعلق تو میں یہ عرض کرونگا کہ اس کی وجہ تاجروں کی بنیادی بددیانتی ہے نہ کہ یہ deterioration عملے کی وجہ سے ہوئی ہے ۔ اور اسی وجہ سے اس بات کو check کرنے کے لئے اس قانون میں improvement کی گئی ہے ۔ تا کہ یہ جتنی خرابیاں ہیں ۔ ان کو موثر طریقے پر دور کیا جا سکے ۔ اور ان کو rectify کیا جا سکے ۔ میں اس سے پہلے بھی اس قانون کا تعارف کراتے ہوئے عرض کر چکا ہوں ۔ اور اس کے تعلق statement بھی دے چکا ہوں ۔ کہ میری دانست میں یہ ایک مفید قانون ہے ۔ جس سے کہ کپاس کا تحفظ ہو سکے گا ۔ اور اس کی افزائش میں بھی معاونت ہوگی ۔ لہذا ان وجوہات کی بنا پر میں اس معزز ایوان سے استدعا کرونگا کہ اس ریزولیوشن کو پاس فرمایا جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: I will now put the question. The question is :—

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Cotton Control Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th May 1966.

The motion was carried.

Chaudhri Anwar Aziz: Point of order, Sir. There is a news in the 'Nawai Waqt' of today which says that —

''آج قومی اسمبلی نے مسٹر یوسف علی کی طرف سے پیش کردہ یہ تحریک مسترد کر دی ۔ کہ سرکاری رازوں کے قانون میں ترمیم کے آرڈیننس کو ۳۱ جولائی تک رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کر دیا جائے'' ۔ (یہ فقرہ ذرا غور طلب ہے ۔) ''اس سے پہلے وزیر داخلہ چودھری علی اکبر نے ایک ترمیم پیش کی ۔ جس کا مقصد یہ تھا کہ غیر فوجی نوعیت کے راز فاش کرنے پر بھی چودہ سال قید با مشقت دی جائے ۔ ''

Now Sir, the question is that there was a speech by the President at Dacca that changes in the Ordinances should be allowed in the Assembly, and today we have this news before us, which apparently means that Chaudhri Ali Akbar, who is the Minister for Home Affairs, did move an amendment to the Ordinance, and that amendment was carried.

Are we to presume that the ruling given by this Chair that an Ordinance has to be accepted or rejected in toto and no changes in it can be made is still valid or can we now suggest amendments in the Ordinance ?

Minister of Basic Democracies: That is a reporting mistake.

Chaudhri Anwar Aziz: In that case I would like to withdraw my point of order. Now, I would raise another point of order.

Sir, when any Ordinance is presented in this House one of the Ministers gets up and moves a motion for the acceptance of the Ordinance. I would request the Chair to ask the Minister concerned that before an Ordinance is moved, a brief statement of objects and reasons pertaining to that particular Ordinance should be given.

Mr. Senior Deputy Speaker : It is always done.

Chaudhri Anwar Aziz : Can I dilate a bit more on this point, Sir ? I think the statement of objects and reasons should be in a greater detail so that the members of the House should know the reasons and if they are satisfied by those reasons then they will not have to speak on that particular Ordinance. I am particularly referring to this Ordinance which is going to be presented before the House. It is a very small Ordinance having only three Sections but its effect would be far reaching on the Acts and laws governing India and then Pakistan since 1919. I would request that before we consider the Ordinance, the Minister may also give a statement of objects and reasons which led to the bringing of the Ordinance.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : I hope I will come up to the expectations of the Member when I present this resolution for acceptance to the House.

Chaudhri Anwar Aziz : You always do.

Minister of Law : Thank you.

Sir, before I move the next item on the Orders of the Day I have to request that the House may kindly agree that on and from today we might have a short break of fifteen minutes between quarter to eleven and eleven O'clock and again resume at 11. I hope the House will agree and, subject to that, the Speaker will have no objection to this short break of fifteen minutes in between.

Mr. Munawar Khan : It should be for half an hour or at least twenty minutes.

Minister of Law : Alright, I agree to twenty minutes.

Chaudhri Anwar Aziz : Will the Minister explain the reasons for the break ?

Minister of Law : The reasons are that we have noticed that very often the quorum breaks and some of the members have expressed that on account of their attending natural needs and requirements, I need not give any details in that respect, a short break was required and that might bring about a good result.

ملک محمد اسلم خان—کیا آنریبل وزیر بتا سکیں گے کہ ۲۰ منٹ کی break کے باوجود اگر کورم ٹوٹتا رہا تو پھر آپ کیا کریں گے -

وزیر قانون—اس میں آپ ہی کا قصور ہوگا - میں تو ممبر نہیں ہوں -

I don't count for the purpose of quorum.

میرا تو کوئی ووٹ نہیں -

I hope it is agreed to by the House and the Speaker will kindly permit a short break of twenty minutes.

Mr. Senior Deputy Speaker : I think this is the sense of the House that we should have a break of twenty minutes daily from 10-40 a.m to 11 a.m. Therefore we will be having daily a break of twenty minutes from 10-40 a.m to 11 am. from today.

THE FACTORIES (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion, please.

Minister of Law : I beg to move :

That the Assembly do approve of the Factories (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th March, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion moved is :

That the Assembly do approve of the Factories (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th March, 1966.

Mr. Hamza : Opposed.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, in deference to the wishes of member of this House it is my duty to place before the House the salient features of the Ordinance whose approval, with all respect, I have moved to seek. The Factories Act, Section 36, fixes the normal hours of working for an adult. Thereafter Section 47 of the Act says that over-time equal to the daily wages is to be paid to an adult worker if he is made to work over-time. During the process of the implementation of this Act, the workers on the one hand maintained that they were not bound to work over-time even if they were paid and offered the extra remuneration permissible under the Act, the factory owners on the other hand maintained that it was their inherent right to expect extra work beyond the normal hours on payment of extra wages and that the workers would not be legally justified to refuse to work. In this state of uncertainty, the matters went to an Industrial Court which held that no factory owners, no proprietor, can force any worker to work beyond time unless and until he was himself willing and volunteered to do so. Against this decision, ultimately, the matter went to the Supreme Court the highest judicial tribunal in the country whose decisions are binding on every one of us including Mr. Hamza and Malik Muhammad Akhtar who have opposed the approval of this Ordinance. The Supreme Court held that it was the inherent right of a factory owner not only to expect this but also to legally enforce working beyond ordinary fixed hours on payment of wages prescribed under the Act subject to other conditions laid down in the Factories Act and the rules framed thereunder. All that this Ordinance now seeks to do is to implement and to put in the legal form on the statute book the decision given by the Supreme Court. This decision of the Supreme Court is binding, as I have said, even if this law was not enacted. But the Government thought that instead of leaving the parties to hunt out this decision of the Supreme Court and then adopt it, it will be better if a law is enacted exactly on the lines suggested by the Supreme Court and put it in a legal form on the statute book. Therefore, this Ordinance has been promulgated to implement the decision of the Supreme Court which is to the effect that it is the inherent right of a factory owner to insist on the male adult workers, subject to other conditions laid down under the Act and the Rules, to have extra labour from them outside the normal working hours against payment, which, I have already said, is equal to the wages he otherwise earns for the day and this Ordinance does not seek to do anything else adversely to the labour class for whom this Opposition will get up and support their cause.

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is adjourned for twenty minutes to meet again at 11 O,clock.

The Assembly then adjourned till 11 a.m.

The Assembly met at 11-00 a.m. with Mr. Speaker in the Chair.

Minister of Law : Mr. Speaker, Sir, I was submitting that this Ordinance seeking to amend the Factories Act seeks to implement the decision of the Supreme Court, and for the benefit of this House, and with your permission, Sir, I will read a few passages from the decision of the Supreme Court, which is reported in PLD 1958. The relevant passages are these :

> "The Tribunal (by which the reference is to the Industrial Tribunal) was under an erroneous impression that a workman was bound to do only the ordinary work and that making overtime work compulsory would be going against the spirit of Article 16 of the Constitution."

This has a reference to the Constitution of 1956, but the analogous provisions in the present Constitution are exactly the same. Then, Sir,

> "When a person enters into a contract to perform a certain service, it does not amount to forcing him to perform that service if he is held to the liability under the contract. It was not contended that the workmen were not aware of the conditions of employment mentioned in the above Standing Orders. It appears to me that the Union itself realized the weakness of their demand that compulsory overtime should be stopped and, therefore, modified its position by asking for better terms."

I have read out the relevant passages, from the decision of the Supreme Court, which clearly lays down that it is a right of the owner of the factory to force adult members, employees in his factory to work beyond normal hours against payment of extra remuneration and subject to other conditions under the Act, and the rules laid down thereunder.

I would, therefore, Sir, suggest and appeal to the members on the opposite side to at least see if they can support this ordinance, which, as I said and I again repeat, seeks only to implement the decision of the Supreme Court.

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order, Sir. My point of order is that the West Pakistan Ordinance VI of 1966 seeks to amend the Factories Act 1934, and it is proposed to amend sections 34, 35, 36, 42 and 47 of the Factories Act 1964.

Sir, to elaborate my point and to be clear, I shall have to read out section 34 of the Act.

Minister of Law: Sir, we should know the point of order first. Then the member will be perfectly justified to elucidate it. But we have not yet known his point of order.

Mr. Speaker : The Minister want to know the member's point of order.

Malik Muhammad Akhtar : My point of order is that this august House is not competent to consider and approve the Ordinance, and I will be coming to that Sir.

Minister of Law : May I Sir, in all respect, submit that if this is the point of order, it may be very well-founded. But in view of your earlier ruling, is this a point of order on which a ruling can be given by the Chair that the House is not competent to pass it ?

Mr. Speaker : Does Malik Akhtar, mean to say that it is only the National Assembly, which can amend the Factories Act ?

Malik Muhammad Akhtar : I mean to say—I can come direct to meet the point, Sir. The point is that it is only the National Assembly, which could legislate in this respect, and then there are certain riders to Schedule III if I am allowed to read it Sir. I will refer to Article 131.

Mr. Speaker : I think this is a similar point of order, which the member had raised in connection with another ordinance. Is it not similar to that one ?

Malik Muhammad Akhtar : A bit different Sir.

Mr. Speaker : In what respect it is different ?

Malik Muhammad Akhtar : I mean to say that there are certain international organizations and Schedule III provides that legislation in respect of those can only be done by the National Assembly, and I will have to compare the provisions of this ordinance with the international organizations' conventions, which I have got in my possession. Then it will be established, Sir, that not only will we be exercising the right of the National Assembly but also we will be formulating laws, which are inconsistent with our international commitments. Sir, I would read just a line.

Mr. Speaker : That can very well be challenged in a court of law. As I have said earlier, the member cannot raise this point of order.

Malik Muhammad Akhtar : Alright, Sir, then I will mention it in my speech.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, Mr. Akhtar was on a point of order and I want to raise a point of information from the Law Minister.

Mr. Speaker : There is no point of information. The Member should please better make his speech and he can make his observations in the speech.

Chaudhri Anwar Aziz : This is not an observation. This is a point of information. Before I speak on that particular ordinance, I want to know certain facts from him which he has just told in his introductory speech.

Mr. Speaker : Whatever the Member wants to know from the Minister, he should better make those points in his speech.

Chaudhri Anwar Aziz : I am not sure.....

Mr. Speaker : Is the Member on a point of order ?

Chaudhri Anwar Aziz : I am on a point of information.

Mr. Speaker : There is no point of information. He may please take his seat. He will have his opportunity after Malik Akhtar.

ملک محمد اختر— جناب سپیکر۔ میں گزارش کر رہا تھا کہ مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر ۶ مجریہ ۱۹۶۶ء کے ذریعہ Factories Act 1934 کی دفعہ ۴۴ کی ترمیم کرنا مقصود ہے ۔ دفعہ ۴۴ اس طرح ہے ۔

"No adult worker shall be allowed to work in a factory for more than forty-eight hours in any week, or, where the factory is a seasonal one, for more than fifty hours in any week ;

Provided that an adult worker in a factory engaged in work which for technical reasons must be continuous throughout the day may work for fifty-six hours in any week."

جناب سپیکر — فیکٹری ایکٹ کی دفعہ ۳۴ جس کو میں نے پڑھا ہے ایکٹ کا سال بھی ۱۹۳۴ ء ہے ۔ جس وقت ہماری مرکزی حکومت نے ان دفعات کو لکھا ۔ اس وقت ان کے سامنے International Labour Organization کی وہ روایات تھیں جو اب فرسودہ ہو چکی ہیں ۔ اور ان کی جگہ نئی روایات آ چکی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میرا مدعا یہ ہے کہ ۱۹۳۴ کا فیکٹری ایکٹ کنوینشن نمبر ۱ جو ۱۹۱۹ میں ہوئی اس کی سفارشات پر بنایا گیا ہے اور ۱۹۱۹ کی جو کنوینشن تھی اس کا جو مقصود تھا اس کے متعلق تھوڑا سا عرض کرونگا ۔

Convention limiting the hours of work in the industrial undertaking to be 48 hours in a week.

جناب سپیکر ۔ یہ کنوینشن واشنگٹن میں ۲۵ اکتوبر ۱۹۱۹ میں منعقد ہوئی ۔ ۲۷ جنوری ۱۹۲۰ کو کامن ویلتھ کنوینشن نے اس کو ratify کیا ۔ یہ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشنز کی کنوینشن تھی ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے مطابق یو ۔ ایس ۔ اے ، یو ۔ کے اور متمدن ممالک (پاکستان پہلے ہندوستان میں تھا) ہندوستان میں اس کا نفاذ کر دیا گیا لیکن اس کے بعد ۱۹۶۲ میں جب انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشنز کی کنوینشن ہوئی تو انہوں نے اپنی سفارش میں ۱۶۶ کے مطابق ایسے hours مقرر کر دیئے جس کے تحت مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ ہم ۱۹۳۴ کے ایکٹ کی جن دفعات کی ترمیم کر رہے ہیں ان دفعات کی ترمیم سے ہم اپنے انٹر نیشنل جو commitments ہیں اس کے منافی عمل کر رہے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is in quorum. Yes Malik Sahib.

ملک محمد اختر—جناب سپیکر۔ میں recommendation number 116 کو refer کر رہا تھا ۔

Recommendation concerning reduction in hours of work.

اس کا heading بھی ملاحظہ فرمائیں اس سے یہ مطلب ہے کہ ۱۹۱۹ کی convention کے تحت جو hours of working مقرر کئے گئے ہیں ان میں کمی . . . . کی جانی ہے ۔

INTERNATIONAL LABOUR CONFERENCE

"Recommendation concerning reduction of hours of work.

The General Conference of the International Labour Organisation

Having been convened at Geneva by the Governing Body of the International Labour Office, and having met in its Forty-sixth Session on 6th June, 1962, and

Having decided upon the adoption of certain proposals with regard to hours of work, which is the ninth item on the agenda of the session, and

Having determined that these proposals shall take the form of a Recommendation designed to supplement and facilitate the implementation of the existing international instruments concerning hours of work—

by indicating practical measures for the progressive reduction of hours of work, taking into account the different economic and social conditions in the different countries as well as the variety of national practices for the regulation of hours and other conditions of work ;

by outlining in broad terms methods whereby such practical measures might be applied ; and

by indicating the standard of the forty-hour week, which principle is set out in the Forty-Hour Week Convention, 1935, as a social standard to be reached by stages if necessary, and setting a maximum limit to normal hours of work, pursuant to the Hours of Work (Industry) Convention, 1919,

adopts this twenty-sixth day of June of the year one thousand nine hundred and sixty-two the following Recomendation, which may be cited as the Reduction of Hours of Work Recommendation, 1962;"

جناب والا ۔ یہ تو preamble ہے جس کے تحت ۴۸ گھنٹہ کا جو قصہ ہے جو ہماری commitment تھی جس کی اساس پر ہم نے ۱۹۳۴ کے ایکٹ کو ترمیم کیا وہ در اصل ۱۹۳۵ میں hours کم ہوگئے تھے ۔ لیکن اب تو بہت ہم کم ہوگئے ہیں اور اس طرح سے موجودہ آرڈیننس کے تحت جو ترمیم کرنا مطلوب تھی اس کے متعلق یہ تو کر دیا گیا ہے ۔ حکومت نے ایک اچھا کام کیا ہے کہ نہ کوئی رضا کارانہ طور پر ۴۸ گھنٹہ کام کرے گا نہ اسے کام کرنے پر مجبور کیا جا سکے گا ۔ لیکن ترمیم کے بعد جو ایکٹ کی فارم ہو جاتی ہے وہ میں سمجھتا ہوں ۴۸ گھنٹہ رضاکارانہ کام کرنے کی جو force ہے اس سے inconsistent ہو جاتی ہے ۔ اب جیسا کہ میں نے گذارش کی ہے اس تضاد کے باعث اس قانون سازی کے متعلق میرا نظریہ یہ ہے (سپیکر صاحب کی رولنگ ہے اسے ہم discuss نہیں کر سکتے اور نہ کرنا چاہتے ہیں) کہ مرکزی اسمبلی اگر ایسا کرتی تو یہ اس کا subject تھا ۔ جو انٹرنیشنل commitments ہیں ان commitments پر عمل کرنا ان کی ذمہ داری ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے دوسرا اعتراض جو کرنا ہے وہ یہ ہے کہ کوئی بھی ایسی commitments جو ہماری حکومت پاکستان نے کی اس کے منافی قانون سازی کرنے کے ہم مجاز نہیں ہیں اگرچہ یہ مسئلہ ہمارے احاطہ

اختیار ھی میں ھو ۔ جناب سپیکر ۔ اب مجھے صرف دو تین اصول عرض کرنے ھیں جو اس amendment کے متعلق ھیں جو میں پہلے پڑھ چکا ھوں ۔

"Each Member should formulate and pursue a national policy designed to promote by methods appropriate to national conditions and practice and to conditions in each industry the adoption of the principle of the progressive reduction of normal hours of work in conformity with Paragraph 4.

جناب والا ۔ پاکستان ایک ممبر ملک ھے ۔ پاکستان پر یہ جو اصول نمبر ایک ھے ۱۹۶۲ کی Recommendation No. 116 کے مطابق اس کے تحت اور بھی لازم ھو جاتا ھے کہ وہ اپنے hours کو reduce کرے جناب سپیکر ۔ اب ایک اور principle ھے جو زیادہ relevant ھے اس اصول سے جس کے متعلق میں نے گذارش کی ھے ۔

"Where the duration of the normal working week exceeds forty-eight hours, immediate steps should be taken to bring it down to this level without any reduction in the wages of the workers as at the time hours of work are reduced.

یعنی وہ ۴۸ گھنٹوں کے لئے کہہ رھے ھیں کہ حالات کے مطابق آپ بتدریج کم کیجئے ۔ لیکن 48 hours سے زیادہ جو ھے اس کے متعلق وہ کہہ رھے ھیں کہ فوری طور پر عمل کیا جائے ۔ سیکشن ۳۴ جس کے متعلق میں عرض کر رھا تھا جس میں 48 hours ھیں ۔ وہ تو آپ نے بتدریج کم کرنے تھے ۔ لیکن اس کی جو proviso ھے ۔ وہ میں گذارش کرونگا وہ یہ ھے ۔

"Provided that an adult worker in a factory engaged in work which for technical reasons must be continuous throughout the day may work for fifty-six hours in any week."

یعنی آپ کی جو seasonal فیکٹریاں ہیں اور seasonal فیکٹری کی یہ definition ہے کہ جو زیادہ سے زیادہ ایک سو اسی دن چلتی ہو یعنی جس کا duration of work چھ ماہ ہو ۔ وہاں پر بھی آپ نے چھپن گھنٹوں کی اجازت دی ہے ۔ اس لئے آپ کی یہ جو amending provision ہے ۔ (مجھے سابقہ provision سے غرض نہیں ہے ۔ amending provision سے غرض ہے) ۔ اس کا جو پہلا پارٹ ہے ۔ International organization کے تحت ان recommendations کے تحت اور ان commitments کے تحت جو ہماری حکومت پاکستان نے کی ہیں ۔ ان کی بنا پر یہ اس کے منافی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس convention کو چھوڑتے ہوئے میں اب ان دفعات کی طرف آتا ہوں جن پر مجھے زیادہ اعتراض ہے ۔ پاکستان ایک industrial ملک ہے ۔ اور ۱۹۴۷ء سے لیکر ۱۹۴۹ء تک اس نے ہرگز کچھ بھی ترقی نہیں کی ۔ اس کے بعد ۱۹۴۹ء سے ۱۹۶۴ء تک کے جو اعداد و شمار ہیں وہ ظاہر کرتے ہیں کہ کروڑوں اور اربوں روپے کا public capital میں اضافہ ہوا ہے ۔ میں نے بار بار دہرایا ہے کہ حکومت نے Small Industries Corporation کا نفاذ کرکے middle class کے لئے provision رکھی ۔ Industrialist کے لئے تو اتنی سہولتیں تھیں کہ اسے tax-free holidays دیں ۔ ان کو import licences اور اسی قسم کی دیگر سہولتیں دیں جن سے کہ انہوں نے اپنی Industries کو کافی بڑھایا ۔ لیکن آج میں اس ایوان میں گریہ کناں ہوں کہ Labour Laws میں ۱۹۶۴ء کے بعد جو ترمیم کی گئی تھی ۔ اور یہ تجویز کی گئی تھی کہ وہ سہولتیں ۔ ۔ ۔ ۔

ھمارا ایک مہذب ملک ھے ۔ ھمارا standard بھی international ممالک کے مطابق ھے ۔ ان میں مزدوروں کو سہولتیں دی گئی ھیں ۔ اس میں ترمیم کرنے کے بعد آج کم و بیش اکتیس سال کے بعد بھی آپ اس سے دور چلے گئے ھیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں صرف نمبر ۳۴ ، ۳۵ ، ۳۶ ، ۴۲ اور ۴۷ کے متعلق عرض کرونگا جن میں ترمیم کی جارھی ھے ۔ صرف ان پر ھی تبصرہ کرونگا ۔ ورنہ فیکٹریز ایکٹ کے ایک ایک لفظ (میں نہیں کہتا کہ کن حالات کے مطابق ۔ جو کافی suitable ھوگی ۔ کچھ سہولت ھوگی ۔) ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ تو میں سمجھتا ھوں کہ یہ ھماری negligence ھو گی ۔ اور ھماری omission ھو گی ۔ اگر ھم نے اس مظلوم اور مجبور طبقے سے چشم پوشی کی ۔ وہ طبقہ جس کے باعث آپ کے محلات کھڑے ھیں ۔ جس کے باعث آپکو انکم ٹیکس آتا ھے ۔ جس کے باعث آپ زر مبادلہ کماتے ھیں ۔ جس کے باعث آپکی سوسائٹی کا نظام چلتا ھے ۔ میرے پاس تفصیل کے ساتھ اعداد و شمار ھیں ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker: The member should come to the relevant point.

ملک محمد اختر ــــ Alright Sir. جناب والا ۔ میں آپکے حکم کی تعمیل میں متعلقہ دفعہ پڑھتا ھوں ۔

35 (*a*) "No adult worker shall be allowed to work in a factory on a Sunday unless —

(*a*) he has had or will have a holiday for a whole day on one of the three days immediately before or after that Sunday, and

(*b*) the manager of the factory has, before that Sunday or the substituted day, whichever is earlier :—

(*i*) delivered a notice to the office of the Inspector of his intention to require the worker to work on the Sunday and of the day which is to be substituted, and

(*ii*) displayed a notice to that effect in the factory :

Provided that no substitution shall be made which will result in any worker working for more than ten days consecutively without a holiday for a whole day."

جناب سپیکر - اس میں ترمیم کرکے — یہاں پر یہ ہے کہ "No adult worker should be allowed" اور یہاں پر یہ الفاظ رکھ دیئے گئے ہیں "are required to work" - تو جناب سپیکر - اس دفعہ کو اتنا misuse کیا جا رہا ہے جسکے دو باعث ہیں - آپکے جو small towns ہیں - وہاں پر جو آپکے انسپکٹر ہیں وہ uneducated ہیں - میں آپکو کافی بڑی شخصیت کا حوالہ دے رہا ہوں کہ جنہوں نے اپنے کسی نوٹ میں کہا ہے - (اگر کہیں تو وہ نوٹ بھی پڑھ سکتا ہوں) کہ ان انسپکٹروں کی اتنی تعلیم نہیں ہے کہ وہ فیکٹری ایکٹ کی دفعات سے کافی طور پر واقف ہوں -

جناب سپیکر - عدالت میں تو دو برابر کی parties کا مسئلہ پیش ہوتا ہے - لیکن یہاں پر ایک پسماندہ طبقہ اور ایک کروڑ پتی کا مقابلہ ہوتا ہے - جب ہم ایسی provision کر دیتے ہیں - ایسی سہولتیں صنعتکاروں کو دیتے ہیں تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ ان loopholes کو exploit کرتے ہیں - اس لئے میرے نظریے کے مطابق اس دفعہ کو حتمی طور پر منسوخ کر دینا چاہئے - اور اس کی ترمیم نہیں کرنی چاہئے - کیونکہ اس دفعہ کے تحت یہ ہوتا ہے کہ بورڈ لگا دیا جاتا ہے - نوٹس دیدیئے جاتے ہیں - اور ایک confusion create

کر دیا جاتا ہے ۔ لیکن دراصل Sundays کا جو تحفظ ہوتا ہے ۔ اسکو avail کیا جاتا ہے ۔ اس کے بعد کوئی ایسی سہولت worker کو نہیں دی جاتی ہے ۔ مجھے یاد ہے کہ اکثر unions نے اس بات پر احتجاج کیا ۔ ایک صنعتکار یہ بہانہ تراش کر کہ وہ Sundays کے بجائے اگلے تین دنوں میں چھٹی دیدیگا ۔ تو وہ اس قانون کی زد سے بچ جائیگا ۔ دراصل Sundays کو بھی ان سے کام لیا جاتا ہے ۔ اور اس کے بعد subsequently بھی اس سے کام لیا جاتا ہے ۔ مزدور مجبور ہے ۔ وہ اپنی مجبوری کے باعث اور اپنی آمدن کمانے کے باعث یہ کر گذرتا ہے ۔ اور وہ اس دن کی wages قبول کر کے اس دن کی چھٹی کے حق سے اپنے آپکو voluntarily محروم کر دیتا ہے ۔ جس حق کو بقایا ممالک International Labour Organization کی recommendation کے تحت بقایا مہذب ممالک تسلیم کرتے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ اس میں مزدور کا بھی قصور ہے ۔ لیکن اسے تو مجبوری ہے ۔ لیکن اس دفعہ نمبر ۳۵ کو جس صورت میں ترمیم کیا گیا ہے ۔ یہ مناسب تھا ۔ کہ دفعہ نمبر ۳۵ کو منسوخ کیا جاتا ۔ اب میں دفعہ نمبر ۳۶ کے متعلق عرض کروں گا ۔ وہ یہ ہے کہ ۔

No adult worker shall be allowed to work in a factory for more than nine hours in any day :

Provided that a male adult worker in a seasonal factory may work ten hours in any day."

جناب سپیکر ۔ مزدور کی قانون سے ناواقفیت کی آڑ لیتے ہوئے لیبر انسپکٹر سے ساز باز کر کے جو کچھ کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ اس period سے کئی گنا زیادہ کام مزدور سے حاصل کیا جاتا ہے ۔ ہمارے مزدور ہمارا قومی سرمایہ ہیں ۔ ہماری بنیاد ہیں ۔ ہماری سوسائیٹی کی

احساس ہیں ہماری سوسائیٹی انکے باعث قائم ہے ۔ تھوڑے سے فائدے کے لئے ہماری national man power کی جو energy ہے وہ waste ہوتی ہے ۔ اور ہمیں ایسے قانون کا نہ تو نفاذ کرنا چاہئے ۔ اگر آپنے ان کو نافذ کیا ہے ۔ تو آپ کو اس کے لئے ایسی موثر مشینری بروئے کار لانی چاہئے کہ جس سے وہ تمام سہولتیں حاصل ہو سکیں کہ جس سے ہماری national energy ضائع نہ ہو ۔

جناب سپیکر ۔ اب مجھے دفعہ نمبر ۲۴ پر آنا ہے ۔ جو یہ کہتا ہے ۔

"No adult worker shall be allowed to work otherwise than in accordance with the Notice of Periods for Work for Adults displayed under sub-section (1) of section 39 and the entries made beforehand against his name in the Register of Adult Workers maintained under section 41."

اس وقت مغربی پاکستان میں بلکہ سارے پاکستان میں بہت سے Labour Laws ہیں اور ان کا مقصد Labour Welfare ہے ۔ جن کی violation اس ترمیمی قانون سے ہو رہی ہے ۔ اس سے تمام facilities جو ہم ان لوگوں کو دے رہے ہیں . . . .

Minister of Law: On a point of order. The Member, in my humble opinion, is rather now trying to deviate from the real issue and indulging in irrelevancy. At the present moment I heard him arguing about other labour laws which, he said, were defective in this respect or in that respect. He is referring to certain sections of the Factories Act which, according to the Member should have been amended by the Government by an Ordinance or some suitable legislation.

My respectful submission is that what the Government has failed to do in respect of other provisions of the Factories Act will not be technically or strictly relevant.

ملک محمد اختر—میں وہی discuss کروں گا ۔

مسٹر سپیکر — آپ نے جو suggestion دی ہے ۔ یہ اس کی provision کے متعلق ہے ۔ لیکن جہاں تک موجودہ آرڈیننس کا تعلق ہے اگر آپ اس کے متعلقہ سیکشن اور اس کی sense کے متعلق criticize کریں گے تو وہ relevant ہو گا ۔

ملک محمد اختر — جناب سپیکر ۔ فیکٹری ایکٹ ۱۹۳۴ء میں duration of period of work کا مسئلہ ہے یعنی ہفتہ میں کتنے گھنٹے ہوں گے اور چھٹی کیسے ہوگی ۔ اس کے واجبات کیا ہوں گے ۔ اس کے متعلق میں Factory Act کی دفعات میں رہتے ہوئے عرض کروں گا ۔ فیکٹری ایکٹ ۱۹۳۴ میں چھٹیوں کا مسئلہ ہے کہ مثلاً Sundays کے متعلق ہے ۔ اس ایکٹ کی provision کو abuse کر کے ان کا وہ حق چھین لیا ہے ایک سال میں جو consecutive دس چھٹیاں ملنی چاہئیں ان سے محروم کر دیا جاتا ہے ۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت ہی واجب بات ہے کہ اس قانون کے نافذ ہونے سے فائدہ ہو سکتا ہے لیکن اس کے لئے جو مشینری ہو وہ کافی موثر ہونی چاہئے ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں (اے) ۴۷ کی طرف آتا ہوں ۔ دفعہ ۴۷ میں کہا گیا ہے ۔

"47 (1) Where a worker —

(*a*) in a non-seasonal factory works for more than nine hours in any day or for more than forty-eight hours in any week, or

(*b*) in a seasonal factory works for more than nine hours in any day or for more than fifty hours in any week.—

he shall be entitled in respect of the overtime worked to pay at the rate of twice his ordinary rate of pay.

(3) Where any workers are paid on a piece rate basis, the Provincial Government in consultation with the industry concerned may for the purposes of section fix time rates, as nearly as possible equivalent to the average rate of earnings of those workers, and the rates so fixed shall be deemed to be the ordinary rates of pay of those workers for the purposes of this section".

ملک محمد اختر — اس میں ترمیم کر کے اب اسے ایسے کر دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر — ترمیم تو نہیں کی گئی ۔ اس میں addition کی گئی ہے ۔

ملک محمد اختر — جی ہاں addition کی گئی ہے ۔

مسٹر سپیکر — یہ اس کے بعد آئے گی ۔

ملک محمد اختر — جی ہاں یہ اس کے بعد آئے گی ۔ اس میں ایک addition کر دی گئی ہے ۔

47. (A) "Anv adult worker may be required to work overtime; provided that such working conforms to the provisions of this Act and the rules made thereunder."

جناب سپیکر ۔ یہ جو overtime کا مسئلہ ہے اور یہ صحیح ہے کہ اسے زیادہ misuse کیا جاتا ہے ۔ ہمارے صنعتکار ہماری لیبر کی ناواقفیت کے باعث اس سے زیادہ کام لیتے ہیں اور معاوضہ کم دیتے ہیں ۔

مسٹر عبدالقیوم — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اس ترمیم میں صرف اوورٹائم کا ذکر ہے payment کے متعلق کوئی ذکر نہیں اسلئے اوورٹائم کے متعلق فرمائیں باقی رولز جو فیکٹری ایکٹ کے ہیں وہ تو ۔

Laws regarding payment and other things have remained the same which are already existing in the Act.

آپ کا تعلق اوورٹائم سے ہے payment سے نہیں ۔ payment کے متعلق already provision ہے کہ جو کام اوور ٹائم پر ہو اس کی payment کام کے merits کے مطابق کی جائے ۔ زیر بحث ترمیم میں صرف اوورٹائم کا ذکر ہے payment کا نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس میں free overtime کی provision نہیں کی گئی ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ لیکن اس میں payment کا کوئی سوال نہیں ۔

Mr. Speaker : While discussing the overtime, he can make a reference to the payment also.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میری گذارش ہے کہ فیکٹری ایکٹ کی provisions غیر مناسب ہیں اور یہ ترمیم بھی غیر مناسب ہے ۔ مزدور کو بعض اوقات اوورٹائم ملتا ہے ۔ لیکن وہ exceptional cases میں دیتے ہیں ورنہ نہیں دیا جاتا ۔ کیونکہ ملک میں بے روزگاری ہے ۔ اس لئے میں اس provision کی مخالفت کرتا ہوں ۔ میرا خیال ہے کہ دو شفٹ کر دینا چاہئے ۔ اس سے دو فائدے ہوں گے ۔ ایک تو بے روزگاری نہیں رہے گی اور دوسرے یہ ہوگا کہ یہاں پر جو ان سے ordinary wages پر کام لیا جاتا ہے اس سے نجات ملے گی ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت جو مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ اس وقت مقررہ گھنٹوں سے زیادہ کام لیا جاتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح hour of working کو abuse کیا جا رہا ہے ۔ جہاں تک females اور بچوں

کا تعلق ہے یعنی وہ ملازم جو بالغ نہیں ہیں ۔ اگرچہ اس ایکٹ کی provision کے مطابق ان سے ۵ گھنٹے سے زیادہ کام نہیں لینا چاہئے لیکن ان سے زیادہ کام لیا جاتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس طرح میں یہ عرض کروں گا کہ یہاں Children Pledging of Labour Act ہے . . . .

Mr. Speaker : Is there any amendment about that.

Malik Muhammad Akhtar : Alright Sir, I'll not touch that.

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان قوانین کے نفاذ کے لئے دو مشینریاں ہیں جو effective ہو سکتی ہیں ایک تو حکومت کے انسپکٹرز ہیں یا لیبر ڈیپارٹمنٹ اور دوسرے progressive type کے مزدور جو یونین بنائیں اور اپنی یونین کے تحت یہ کہیں کہ انکے جو working hours ہیں ان میں extra addition تو نہیں کیا جا رہا ہے ۔ یا جو مزدوری دی جا رہی ہے وہ سٹینڈرڈ ٹائم کی wages کے مطابق ہے ۔ اور جو overtime کے سٹینڈرڈ wages ہیں اس کے مطابق ہم کو wages دی جا رہی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ یونین بنانے کے حق کو ہماری حکومت نے امنڈمنٹ کر کے اور conciliation آفیسر کی تقرری کے بعد تقریباً مزدوروں سے چھین لیا ہے ۔ اب اگر ان کا کوئی dispute ہو تو conciliation آفیسر ہی کرسکتا ہے اور انہیں رائٹ آف سٹرائک ہے یا نہیں بلکہ right of reference to tribunal ہے یا نہیں ۔ یہ بھی نہیں کہا جا سکتا ۔ اسکے بعد جو آپ نے industrial disputes کو طے کرنے کے لئے جو tribunals بنائے ہیں اس میں remedy کے violation کے خلاف جو آپ provisions کر رہے ہیں وہ

کتنا difficult اور مشکل ہے ۔ یعنی آپ نے دو ٹریبونل بنائے ہیں ۔ ایک لاہور اور ایک کراچی میں بیٹھتا ہے ۔ حیدرآباد کا مزدور اپنی remedy seek کرنے کے لئے کراچی جائے اور پشاور اور رحیم یار خان کا مزدور لاہور آئے ۔ اسکے بعد آپ نے ایمرجینسی میں مزدوروں سے یہ حق بھی چھین لیا ہے کہ وہ سٹرائک کرسکیں اور ان کے کورٹ کو بھی توڑ دیا گیا ہے ۔ غالباً اب revise کیا جا رہا ہے اور اس کا جو سٹاف ہے وہ بھی کافی کم کر دیا گیا ہے ۔

Minister of Law : May I again very respectfully rise. How are the questions of retrenchment in the staff and harassment to the workers relevant ?

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب وزیر مخل ہو رہے ہیں دراصل اس قانون میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے کہ اگر کسی خاص وقفہ کے لئے مزدور کام کریں گے تو ان کو کوئی خاص معاوضہ دیا جائیگا اگر یہ معاوضہ نہیں دیا جاتا تو انکے پاس کیا علاج ہے اور ملک اختر صاحب حق بجانب ہیں کہ وہ اپنی تقریر میں یہ کہہ سکیں ۔

Mr. Speaker : Malik Akhtar was off the point.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, if you would read this amendment, it is proposed here as an addition to the Factories Act. It reads —

> "...provided that such working conforms to the provisions of this Act and the rules made thereunder."

Therefore, naturally Sir when a speaker is considering this ordinance, he will have to not only consider the amendment to the Act itself, but also to suggest which particular provisions the executive should make for controlling the labour, and by dilating on the ideals and the remedies that he is suggesting it will be better that the executive taking those things into consideration makes the rules accordingly. Therefore, I would beg you Sir, to reconsider your ruling that other provisions of this Act cannot be considered at all while discussing this particular ordinance.

Mr. Speaker : So far as section 47-A is concerned, it is written there —

> "Any adult worker may be required to work overtime ; provided that such working conforms to the provisions of this Act and the rules made thereunder."

If the Member wants to argue his case in reference to the overtime or the overtime allowance and he wants to refer to the particular section or the particular provision of this Act, which means the Factories Act, then he can refer to that. But he should be strictly relevant.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, when a legislature is considering a question, it has to consider all the things, which are considered, when the particular ordinance comes under discussion.

Mr. Speaker : But this proviso with the first sentence . . .

Chaudhri Anwar Aziz : Quite right, but when you consider all the factors which are before a particular member and he brings them before the House so that the House is better prepared to discuss it.

Mr. Speaker : Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ تو میں دوسری مشینری کے متعلق عرض کر رہا تھا جس میں ہمارے معزز لامنسٹر کا اعتراض تھا کہ Unions ایک ایسا part and parcel ہیں جو parallel طریقہ سے حکومت کے لیبرلاز اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کے احکامات کا enforcement کرسکتی ہیں ۔ لیکن ان تمام قوانین نے یونین کے پاس جو ہتھیار تھے انکو بھی ایمرجینسی میں تقریباً ختم کر دیا ہے ۔ بلکہ انکا وہ حق بھی نہیں رہا کہ وہ industrial جھگڑوں کے لئے کورٹ میں جا سکیں ۔ اسے بھی control کر لیا گیا ہے ۔ normal حالات میں یہ ہمارا طریقہ کاراس طرح سے غیر موثر ہو گیاہے ۔ اور conciliation آفیسر کی تقرری سے ان کو یہ حق ہی نہیں کہ وہ کورٹ میں جائیں اور اگر جائیں بھی تو لاہور میں جو کورٹ ہیں ان میں رحیم یارخان

سے پشاور تک کے مزدور پیش ہونے کے لئے آئیں گے اور کراچی اور حیدر آباد میں جو مزدور ہیں وہ کراچی میں جائیں گے - اس طرح سے یہ remedy غیر موثر ہے - تو جناب سپیکر - ان واقعات کے ہوتے ہوئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت نے یہ جو half-hearted ترمیم کی ہے میں سمجھتا ہوں غیر موثر ہے - ملک میں بڑھتے ہوئے صنعتی کاروبار کے پیش نظر لیبر کی ویلفیئر بہت ضروری ہے - اس پر کوئی توجہ نہیں دیگئی اس سے زیادہ کوئی negligence نہیں ہوسکتی -

جناب سپیکر - مجھے ذرا سی اور گزارش کرنی ہے اگر اجازت ہو تو وہ بھی کہدوں -

تو قادر و عادل ہے مگر تیرے جہاں میں
ہیں تلخ بہت بندہ مزدور کے اوقات
کب ڈوبے گا سرمایہ پرستی کا سفینہ
دنیا ہے تیری منتظر اے روز مکافات

مسٹر حمزہ (لائل پور - ۶) - جناب سپیکر - جناب وزیر قانون اور پارلیمانی امور نے اس ہنگامی قانون کی وجہ جواز اس ایوان کے سامنے پیش کرتے وقت ایک بہت ہی موثر وجہ پیش کی ہے اور اسے پیش کرتے وقت ان کا خیال یہ تھا کہ اس ہنگامی قانون پر ہمیں جو اعتراض کرنا ہے اس طرح ہماری زبان بند ہو جائیگی - کیا ہی بہتر ہوتا کہ وہ اس معزز حکومت کی اپنی کارروائیوں کا اور ان بہت سے ہنگامی قوانین کا حوالہ بھی دے دیتے جن کو وقتاً فوقتاً عدالت عالیہ اور سپریم کورٹ نے خلاف قانون اور خلاف ضابطہ قرار دیا اور اس کے بعد اس حکومت نے فیصلہ سے

بچنے کے لئے قانون میں ترامیم پیش کیں - اور ایسی زبردست ترامیم کیں کہ جس سے فیصلے بالکل بے معنی ہو کر رہ گئے - میرے خیال میں جناب وزیر جو سبق ہمیں دیتے ہیں سب سے پہلے اس پر خود انکو عمل کرنا چاہئے - ہم عدالت کا بڑا احترام کرتے ہیں ہم عدالت عالیہ کے فیصلے کے خلاف کچھ نہیں کہیں گے لیکن ان سے یہ عرض کریں گے کہ عدالت عالیہ اور سپریم کورٹ سے بڑی اللہ کی عدالت ہے ہم اس کا بھی حکم ماننے کے پابند ہیں لیکن ہم انسانوں کو غلام بنانے کی کسی قیمت پر اجازت نہیں دے سکتے - جناب سپیکر - آپ کو اس چیز کا علم ہوگا اور احساس بھی ہوگا کہ سرمایہدارانہ نظام میں مزدور اور آجر کا رشتہ تقریباً مالک اور غلام کا سا ہوتا ہے - چونکہ غلام کو محنت کرنے پر اسکا مالک مجبور کر سکتا ہے اور وہ اسکے قبضہ میں ہوتا ہے لیکن جہاں تک آجر اور مزدور کا تعلق ہے مزدور اپنی محنت بیچنے پر مجبور ہے - مجبور بھی ہے چاہے اسکی محنت کا پورا معاوضہ نہ دیا جائے تو وہ مزدور محنت کو ذخیرہ اندوزی نہیں کر سکتا جیسے کہ آپ دوسری چیزوں کا سٹاک کر لیتے ہیں - دوسرے اسکی زندگی کے حالات ایسے ہوتے ہیں اور وہ اس لئے بھی اس کے بیچنے پر یا جو قیمت بھی ادا کیجائے آمادہ ہو جاتا ہے کہ اسے اپنا پیٹ پالنا پڑتا ہے اور مزدور کی حالت ایسی ہوتی ہے کہ اگر اسے وقت پر معاوضہ نہ ملے تو اسے روٹی میسر نہیں آتی - اسلئے وہ حکومتیں جو عوامی حکومتیں کہلاتی ہیں اور وہ حکومتیں جو ساری آبادی کے مفادات کی حفاظت کرتی ہیں انہوں نے ہمیشہ آجر کے مقابلہ میں مزدور کے حق کی زیادہ حفاظت کی -

مجھے افسوس ہے کہ جناب وزیر قانون صاحب نے ایک ایسا قانون ایک ایسا ہنگامی قانون اس ایوان میں پیش کیا ہے جو کہ مزدوروں کی حمایت کے لئے نہیں بلکہ کارخانہ داروں کی حمایت کے لئے ہے ۔ اور خصوصاً اس ملک میں جو اسلامی مملکت کہلاتا ہے لیکن جہاں کے مزدوروں کی زندگی کے حالات بڑے تلخ ہیں ۔ مجھے تو ان سے یہ توقع تھی کہ وہ مزدوروں کی حمایت میں بہت ہی موثر قسم کا قانون لے کر آئیں گے اور میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک مزدوروں کا تعلق ہے محض قانون سازی سے ان کے حقوق کی حفاظت نہیں ہو سکتی ۔ جو تھوڑے بہت تحفظات پہلے میسر تھے اس قانون کے ذریعے ہماری حکومت نے ان کو بھی چھیننے کی مجرمانہ کوشش کی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ مزدور اپنے حقوق کی حفاظت اسی صورت میں کر سکتے ہیں جب وہ منظم ہو سکیں ۔ آپکو علم ہے کہ سرمایہ درانہ نظام کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ ہمیشہ دولت چند افراد کے ہاتھوں مرکوز ہوتا ہے ۔ جیسے وقت گزرتا جاتا ہے ویسے ہی سرمایہ چند ایک لوگوں کے ہاتھوں میں آتا جاتا ہے بلکہ ہمارا موجودہ Banking System بھی چند افراد کے ہاتھوں میں چلا گیا ہے اس طرح ملازمت کے مواقع بھی چند ہاتھوں میں مرکوز ہوئے ہیں لوگوں کو مجبوراً ملازمت اختیار کرنی پڑتی ہے۔ ملازمین جب تک منظم نہ ہوں صحیح معنوں میں سودا نہیں کر سکتے جہاں سودا بازی نہیں ہو گی وہاں مزدور کمزور ہو گا ۔ اور وہ ہمیشہ پٹے گا اور اس صورت میں گورنمنٹ کو چاہئے کہ وہ پارٹی جو کمزور ہے اس کو منظم ہونے کا موقع بہم پہنچائے اور جو پارٹی ناجائز فائدہ اٹھاتی ہے اس کو اس کام سے روکا جائے ۔ یہ حکومت کا فرض اولین ہے لیکن ہمارے ہاں حالات اس کے بالکل بر عکس ہیں ۔

جناب سپیکر - میرے خیال میں جناب وزیر صاحب کو بھی علم ہوگا کہ آج سے تقریباً ۸۰ سال پہلے شکاگو کے مزدوروں کی ایک convention ہوئی تھی - مزدوروں نے اپنے جائز حقوق کا مطالبہ کرتے ہوئے اپنے بہت سے ساتھیوں کی جانیں قربان کی تھیں اور ان کے ساتھیوں کا جو خون بہا تھا اس سے انہوں نے ایک کپڑے کو رنگا اور علم بنا لیا - اور اس کے بعد convention میں مزدوروں نے بنیادی اصول مرتب کئے جن کے تحت وہ آئندہ کے لئے منظم ہوئے اور آج سے تقریباً ۸۰ سال پیشتر انہوں نے منظم ہو کر حکومت سے اپنے جائز حقوق منوائے تھے - اس میں یہ شامل تھا کہ مزدور کو ایک ہفتہ میں زیادہ سے زیادہ ۴۸ گھنٹے کام کرنا ہوگا - آپ اندازہ لگائیں کہ ہمارا ملک جس کو مہذب ملک کہا جاتا ہے اور ہماری حکومت عوام سے بھی اپنے کو بہت زیادہ مہذب کہلواتی ہے اس کا عمل یہ ہے کہ اس حکومت نے ایک ایسا قانون اس ایوان میں پیش کرنے بلکہ اس کو ہنگامی قانون کی صورت میں پیش کرنے کی جرأت کی ہے جس کے تحت ایک آجر ایک سرمایہ دار ایک کارخانہ دار ایک مزدور کو overtime کام کرنے پر مجبور کر سکتا ہے -

Minister of Law : Sir, may I rise on a point of order. The Ordinance, as I had explained earlier, has not enacted any new provision. All that it has done is to reiterate the decision of the Supreme Court which does exist already. So, in that context I would respectfully submit that the contention of the member that a law has been brought before the House which is a new law which has created this effect and that it should not have been brought in this House will not be relevant. The Supreme Court, in the decided case which I have got here, has held that this law is already existing and the terms and conditions of an employee will not be affected and there should be no misgiving about it. So, what this Ordinance seeks is only to reiterate the decision of the Supreme Court in the form of a statute. No new law has been enacted ; that is my submission.

(*b*) whether it is a fact that present number of the said teachers is not commensurate with the number of students on roll in the said school ; if so, the time by which the deficiency will be made up ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) The total number of students on rolls in Wehoa Government High School is 236

(*VI*	*VII*	*VIII*	*IX*	*X*).
90	30	32	25	50

The number of teachers is 11. Out of 11, three are B. A. B. Ed., one is B. Sc. B. Ed. three are S. V's two are O. T's One is Drawing Master and One is P. T. I.

(*b*) No. The question of making up the deficiency does not ari e

---

UP-GRADING OF GOVERNMENT HIGH SCHOOL, TAUNSA SHARIF TO AN INTERMEDIATE COLLEGE

***2854. Mr. Manzoor Ahmad Khan Qaisrani :** Will the Minister of Education be pleased to state whether there is any proposal under consideration of Government to up-grade Goverament High School Taunsa Sharif to an Intermediate College ; if so, the time by which a decision will be taken in the matter ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : No. It is not the policy of the Education Department to up-grade existing High Schools into Intermediate Colleges. Intermediate Colleges are opened as separate Institutions.

UP-GRADING OF GOVERNMENT MIDDLE SCHOOL, KOT QAISRANI TO A HIGH SCHOOL

***2856. Mr. Manzoor Ahmad Khan Qaisrani :** Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that the Inspector of Schools, Multan Division has recommended the up-grading of Government Middle School, Kot Qaisrani, District D.G. Khan to a High School ; if so, the time by which the said school will be up-graded ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : Yes. The question of upgrading the school will be considered during the year 1966-67.

CONSTRUCTION OF A NEW BUILDING FOR THE HOSTELS IN ABBOTABAD

*2900. **Sardar Gul Zaman Khan :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the students of Government High School for Girls and Government College for Girls in Abbotabad are putting up in one Hostel, the building which is in a dilapidated condition and girls of the said High School can only be accommodated there ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative ; whether Government intend to construct new building for the students of the said College ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) No.

(*b*) Question does not arise.

CONSTRUCTION OF A BUILDING FOR POLY-TECHNIC SCHOOL IN ABBOTABAD

*2901. **Sardar Gul Zaman Khan :** Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that Government has purchased some land in Tehsil Abbotabad, District Hazara, for construction of a building for Poly Technic School ; if so, the time by which the said building will be constructed ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : The Land was purchased in Tehsil Abbottabad for a Polytechnic Institution. Since it has been decided to shift the Polytechnic to Haripur, the question of its construction at Abbottabad does not arise.

UPGRADING OF PRIMARY AND MIDDLE SCHOOLS IN SHEIKHUPURA DISTRICT

*2908. **Malik Ghulam Ali :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) the number of Primary and Middle Schools in Sheikhupura district which (*i*) were upgraded during the Second Five Year Plan, and (*ii*) are proposed to be upgraded during the Third Five Year Plan Period ;

(*b*) the amount spent thereon in the Second Five Year Plan alongwith the amount allocated for the purpose during Third Five Year Plan ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) (*i*) 38(34 Primary and 4 Middle).

(*ii*) The information cannot be given in anticipation at this stage.

(*b*) Rs. 4,54,600 (Rs. 96,100 for Primary and Rs. 3,58,500 for Middle Schools). The anticipated amount of allocation for the purpose during the Third Five Year Plan cannot be given at this stage.

OPENING OF DEGREE OR INTERMEDIATE COLLEGE FOR GIRLS IN SHEIKHUPURA

*2910. **Malik Ghulam Ali :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no Degree or Intermediate College for Girls in the Sheikhupura district ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative whether there is any proposal to open Degree or Intermediate College for Girls, in the said District ; if so, the time by which the said College is likely to be opened ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) At present there is no proposal to open Government Degree or Intermediate College for Girls in the Sheikhupura District.

PAY SCALES OF ARABIC TEACHERS OF HIGH AND MIDDLE SCHOOLS IN HYDERABAD REGION

*2952. **Mr. Mazhar Hussain Ghaloo :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Arabic Teachers of High and Middle Schools in Hyderabad Region have not so far been allowed revised scales of pay ;

(*b*) whether it is a fact that the said teachers have not so far been given selection grade sanctioned for them on 30th November 1962 ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes. The revised scale could not be given to them as they did not exercise option for consolidated scale.

(*b*) Since they did not opt for revised scale the question of award of selection grade to them does not arise.

(*c*) Rs. 115 fixed pay in the consolidated scale of Rs. 115-5-180/7-215 has been sanctioned for untrained Arabic Teachers. In the Hyderabad

Region almost all the Arabic Teachers are untrained possessing no specific recognied academic qualifications. Such Arabic Teachers are allowed running/existing scale of Rs. 60-4-140 with usual allowances.

Arabic teachers of Hyderabad Region did not opt for consolidated scale. Thus the question of admissibility of consolidated scale to them with provision of selection grade does not arise.

REDUCTION OF LEAVE OF TEACHING STAFF IN THE EDUCATION DEPARTMENT

*2953. **Mr Mazhar Hussain Ghaloo:** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that all Government servants (excepting the teachers staff) are entitled to one month earned leave and 25 days casual leave throughout the year ;

(*b*) whether it is a fact that employees of the Education Department are entitled to 10 days casual leave only and are not entitled to any earned leave ; if so, reasons therefor ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes, the teaching staff is entitled to 10 days Casual leave and also to earned leave under rules. The casual leave is less in case of the teaching staff because of the summer and other holidays and breaks in schools and colleges work.

UNSTARRED QUESTION AND ANSWER

POSTS OF LECTURERS IN GOVERNMENT COLLEGE FOR WOMEN, MONTGOMERY

*14. **Khawaja Muhammad Safdar:** Will the Minister of Education be pleased to state : —

(*a*) the number of (*i*) permanent, (*ii*) temporary, but likely to be made permanent and (*iii*) purely temporary posts of Lecturers in each subject sanctioned for Government College for Women, Montgomery ;

(*b*) the dates on which each of the posts mentioned in (*a*) (*ii*) and (*iii*) above were sanctioned alongwith the period for which the same were sanctioned and reasons for not making them permanent ;

(*c*) the number of students on roll during 1965 66 in each subject in each class of the said college ?

Minister of Education (Malik Khuda Bakhsh) : (*a*) (*b*) and (*c*). The required information has been included in a statement, a copy of which is placed on the Table of the House (Annexure A)*

---

*Please see Appendix IV at the end.

ADJOURNMENT MOTIONS

BREACHES IN SAHAR BADAM RICE CANAL IN LARKANA DISTRICT RESULTING IN FLOODING OF VILLAGES

Mr. Speaker : Now we will take up the adjournment motions. First adjournment motion is in the name of Haji Atta Muhammad Lund.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ—جناب والا ۔ میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک واضح اور فوری معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے اب اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ سہار بادم ۔ رائس کینال ضلع لاڑکانہ میں ناکہ جات پڑ جانے کی وجہ سے سہار بادم اور بہت سے گاؤں زیر آب آ گئے ہیں جس کی وجہ سے ہزاروں افراد بے گھر اور ہزاروں ایکڑ اراضی زیر آب آ گئی ہے جس کی فصلیں بالکل تباہ ہو گئی ہیں ۔ ناکہ جات کی وجہ پی۔ڈبلیو ڈی کی نا اہلی اور غفلت ہے ۔ اس افسوس ناک واقعہ کی اطلاع آج صبح علاقہ کے چند افراد فیض محمد بروھی وغیرہ نے دی ۔ وہ یہ کہ حکومت کے اہلکاروں کی غفلت اور نا اہلی کی وجہ سے سابقہ صوبہ سندھ کے ضلع لاڑکانہ کے ہزاروں افراد کے گھر بار اور فصلیں تباہ ہو گئی ہیں ملک جب غلہ کی خطرناک قلت کا شکار ہے یہ واقعہ مزید تشویش ناک ہو جاتا ہے ۔ اندریں حالات اس مسئلہ پر بحث کرنا اشد ضروری ہے ۔

مسٹر سپیکر—کیا وہ ناکہ جات بند ہو چکے ہیں۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ—بند تو ہو چکے ہوں گے ۔ لیکن ان کی وجہ سے بہت نقصان ہوا ہے مجھے جو تار بھیجا گیا ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ وہاں کافی نقصان ہوا ہے اور اسی وجہ سے میں نے یہ تحریک التوا پیش کی ہے ۔

Mr. Speaker : Who will reply ?

وزیر تعلیم و آبپاشی (ملک خدا بخش)۔۔یہ پی ڈبلیو ڈی کے ساتھ attached تھے ۔

رانا پھول محمد خان۔۔میں یہ تحریک سمجھ نہیں سکا کہ حاجی صاحب نے کیا فرمایا ہے ۔ ہمیں بتایا جائے کہ اس تحریک میں اصل بات کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر۔۔میں پڑھ کر سناتا ہوں ۔

حاجی صاحب کی تحریک التوا یہ ہے ۔

"اہمیت عامہ رکھنے والے ایک واضح اور فوری معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے اب اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے مسئلہ یہ ہے کہ سہار بادم رائس کینال ضلع لاڑکانہ میں ناکہ جات پڑ جانے کی وجہ سے سہار بادم اور بہت سے گاؤں زیر آب آگئے ہیں جس کی وجہ سے ہزاروں افراد بے گھر اور ہزاروں ایکڑ آراضی زیر آب آگئی ہے جس کی فصلیں بالکل تباہ ہو گئی ہیں ۔ ناکہ جات کی وجہ پی ڈبلیو ڈی کی نا اہلی اور غفلت ہے ۔ اس افسوس ناک واقعہ کی اطلاع آج صبح علاقہ کے چند افراد فیض محمد بروھی وغیرہ نے دی وہ یہ کہ حکومت کے اہلکاروں کی غفلت اور نا اہلی کی وجہ سے سابقہ صوبہ سندھ کے ضلع لاڑکانہ کے ہزاروں افراد کے گھر بار اور فصلیں تباہ ہو گئی ہیں ملک جب غلہ کی خطرناک قلت کا شکار ہے یہ واقعہ مزید تشویش ناک ہو جاتا ہے ۔ اندریں حالات اس مسئلہ پر بحث کرنا اشد ضروری ہے ۔

رانا پھول محمد خان۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا یہ بند اور نہریں پی ڈبلیو ڈی کے تحت ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر تعلیم و آبپاشی—میں اس معزز ایوان اور بالخصوص حاجی صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ درست ہے کہ ۳ جون ۱۹۶۶ کو لاڑکانہ سے ۱۵ میل دور نہر کے دونوں طرف یہ ناکہ جات ہوئے ان کو دوبارہ مکمل کر دیا گیا اور نہر چلا دی گئی۔ سپرنٹنڈنگ انجینیئر اور ایگزیکٹو انجینئر اور ڈی سی نے موقع پر جا کر دیکھا اور مناسب اور فوری اقدامات کئے۔ جب ناکہ جات ہوئے تو پانی سے کاشت شدہ رقبہ کو کوئی نقصان نہیں ہوا۔ بلکہ غیر کاشت شدہ رقبہ میں پانی بھر گیا اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ حاجی صاحب کا اس علاقہ سے تعلق نہیں جس شخص نے اطلاع دی ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ مجھے جو اطلاع ملی ہے اس سے معلوم ہوا ہے کہ کوئی نقصان نہیں ہوا۔ اور پریشانی یا بددلی یا کوئی مایوسی ان لوگوں میں موجود نہیں۔ محکمہ نہر کی طرف سے جو کچھ ہو سکتا تھا فوری طور پر کیا گیا ہے۔ اس لحاظ سے میں عرض کروں گا کہ حاجی صاحب نے جو تحریک التوا پیش کی ہے وہ واپس لے لیں۔

مسٹر سپیکر—حاجی صاحب ان وجوہات کی بنا پر جو وزیر صاحب نے بیان فرمائی ہیں کیا آپ اس تحریک کو لازمی طور پر پیش کرنا چاہتے ہیں یا واپس لے لیں گے۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ—معزز وزیر صاحب نے جو جواب دیا ہے اس میں انہوں نے فرمایا ہے کہ اس پانی سے فصلوں کو کوئی نقصان نہیں ہوا اور نا کاشت رقبہ میں یہ پانی بھر گیا تھا۔ یہ عجیب بات ہے کہ پانی کو کیسے معلوم ہوا۔ کہ ایک طرف فصل ہے وہاں نہ جاؤں اور جہاں فصل نہیں وہاں جاؤں۔

وزیر آبپاشی—حاجی صاحب کی روحانیت کا اثر ہے۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔ملک صاحب کی تسلی دلانے پر میں یہ تحریک التوا واپس لیتا ہوں۔ اور امید کرتا ہوں کہ ملک صاحب معاوضہ کا انتظام کریں گے۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

HUNGER STRIKE BY STUDENTS OF LIAQAT MEDICAL COLLEGE JAMSHORO.

Mr. Speaker : : Next adjournment motion is from Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Mr. Speaker, Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the resentment caused among the public due to the hunger strike of some students of Liaqat Medical College Jamshoro against the most insulting and unbecoming attitude of the Principal of the said College. The news of the hunger strike was sent to me by the Secretary of the Liaqat Medical College Student Union through a telegram last night

Minister of Health (Mr. Muhammad Ali Khan) : It is opposed Sir. It is not of recent occurrence, as to-day is the seventh day of this incident. The mover should have brought this to the notice of the House much earlier. Secondly, this case has been registered with the police and as such I really feel that this is not the proper stage that it should be discussed in this House.

Mr. Speaker : When did the students go on strike ?

Minister of Health : I received a telegram on the 8th and they said the strike began five days back. Yesterday was the sixth day and today is the 7th day.

Mr. Speaker : The Member received the telegram on the 8th. What is the matter about which the case is pending before a court of law ?

Minister of Health : Students are alleged to have beaten the Principal, who has lodged the complaint.

Mr. Speaker : I do not agree with the contention of the learned Minister of Health as he himself was informed on the 8th of this month and the mover of this motion has given notice of this motion on the 9th. Therefore, the motion has been raised at the earliest possible opportunity. So far as the matter being sub-judice is concerned, I don't think that the matter proposed to be discussed in this motion is sub-judice. The mover wants to discuss the hunger strike of some students of the Liaqat Medical College, Jamshoro. I rule that the motion is in order.

Now, those Members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

(As less than twenty five Members rose in their places, leave to move the motion was refused).

Mr. Speaker : Next motion is by Mr. Mahmood Azam Farooqi and under rule 47 of the Rules of Procedure I withhold my consent to the moving of this motion as the motion is palpably out of order and the responsibility of the Provincial Government is not involved.

FAILURE OF KARACHI DISTRICT AUTHORITIES TO REHABILITATE VICTIMS OF GHAIRBABAD (KARACHI) FIRE DISASTER

Mr. Speaker : Next motion is also by Mr. Mahmood Azam Farooqi. The Member may please ask for leave to move his motion.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the situation caused by the failure of the Karachi District Authorities in rehabilitating the victims of Gharibabad, Karachi fire disaster.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the motion is opposed but I would request the member, through you, to give us some time during which we might collect the details and find out what is the latest position.

Mr. Speaker : Should we take up this motion tomorrow or day after tomorrow ? I think the member has got no objection ?

Mr. Mahmood Azam Farooqi : None, Sir.

Minister of Law : Let us take it up the day after tomorrow.

Mr. Speaker : This adjournment motion will be taken up on the day after tomorrow.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT LANDS AND BUILDINGS (RECOVERY OF POSSESSION) ORDINANCE, 1966

Mr. Speaker : Now the House will take up Ordinances. The Minister of Law.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : I beg to move —

That the Assembly do approve of the West Pakistan Government Lands and Buildings (Recovery of Possession) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

Mr. Speaker : The motion moved is —

That the Assembly do approve of the West Pakistan Government Lands and Buildings (Recovery of Possession) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Minister of Law : Sir, this Ordinance seeks to give powers to the Provincial Government to be exercised by it directly or through its officers in respect of licensees, lessees and other unauthorized occupants who refuse to evacuate the Government lands and buildings after either their lease has expired or license has been recalled. In respect of the unauthorized occupants experience has shown that even after the period of lease has expired, or the license has been cancelled or recalled on account of breach of conditions which entitle the lessor, that is to say, the Government in this case, the licensee or the unauthorized occupant refuse to vacate with the result that the Government is forced to resort to litigation in the ordinary civil courts which, after time, takes years. It has also been noticed that whenever any attempt has been made by the Government or Government agencies to evict the unauthorized occupants or those who are holding over after their lease period has expired or their license has been cancelled, injunctions are issued by the courts with the result that Government is greatly handicapped. This Ordinance applies not only to public men but also to Government officials who are licensees of the buildings in which they reside while on duty. Experience has shown that after their transfer or retirement or termination of service Government officials always hesitate and cause delay in evacuating the premises and the result is that their successors in office who arrive at the station where an officer is unauthorizedly occupying or continuing in the government premises find it very difficult to obtain accommodation. With this end in view, the Government has been invested with the power to resort to summary eviction after due notice has been given to the unauthorized occupant. Government has also been given the power to remove the structure which might have been built there after due notice to the occupant to remove it and the Government will be entitled, if the occupant fails to remove it, to have it demolished and recover its dues from the material so obtained This Ordinance is exactly on the same pattern as was promulgated by the Central Government, through an Ordinance, in the year 1965. The legislation is benevolent and with due safeguards for the occupants who had ceased to have any right or claim or title over the Government lands and properties, it is only fair that Government should have the power of summary eviction and need not wait for an elaborate machinery or process to be gone through. It is, therefore, requested that the House will please approve of the resolution placed before them.

Mr. Speaker : Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲)۔جناب سپیکر - مغربی پاکستان ترمیمی آرڈیننس ۱۹۶۶ء کے ذریعہ سے حکومت نے کچھ ایسے اختیارات حاصل کئے ہیں جن سے تین قسم کے اشخاص کو نکالنا مطلوب ہے - سب سے پہلے وہ اشخاص جو حکومت کی buildings اور زمین پر کسی لائسنس یا lease کے تحت ہیں اور ان کا period expire ہو چکا ہے - دوسرے ایسے اشخاص جن کی entry یا unauthorised possession ہے - تیسرے ایسے سرکاری ملازمین جن کے لواحقین ان کی موت کی صورت میں یا اگر وہ ریٹائر ہو گئے ہیں ایسے کوارٹروں یا کوٹھیوں میں اپنا قبضہ رکھتے ہیں - جناب سپیکر - مجھے مودبانہ گذارش کرنا ہے کہ یہ جو بھی دفعات اس آرڈیننس میں ہیں وہ انصاف کے بنیادی اصولوں کے منافی ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب کہ حکومت مکانوں کی قلت ہوتے ہوئے اس کا احساس کرتی ہے ایسی restrictions اور دوسرے ایسے قوانین عام buildings کے لئے بنا رہی ہے تو یہ کس طرح سے مناسب اور موزوں ہے - کہ حکومت ان دقتوں کو پیش نظر نہ رکھے - اور ایسے مکانات اور buildings کے لئے جن کی حکومت خود مالک ہو - ایک خاص قسم کا قانون لگا دے -

جناب سپیکر - مجھے سب سے پہلے اس آرڈیننس کی دفعہ ۳ - کو اس معزز ایوان کے روبرو پیش کرنا ہے اور پھر میں اس پر اپنا نقطہ نظر عرض کرونگا -

"If, on the expiry, whether before or after the commencement of this Ordinance, of the period of any lease or licence in respect of a land or building of which Government is the lessor or licensor or on the determination of such lease or licence on the ground of breach of any covenant imposing an obligation on the lessee or licensee to give up possession of the demised land or building required for any public purpose, the lessee or licensee refused or failed, or refuses or fails, to vacate that land or building and put Government into possession of the same, any officer authorised by Government in this behalf may, notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force or in any contract, at any time, enter upon the demised land or building and recover vacant possession of that land or building by evicting the lessee or licensee and may also demolish and remove the structures, if any, erected or built thereon by the lessee or licensee ;"

جناب سپیکر ۔ جناب لا منسٹر صاحب اتفاق نہ کریں لیکن احساس ضرور کریں گے کہ جب ایک lease کا period ختم ہو جائے تو ایسی صورت میں یہ اختیارات کسی بھی سرکاری افسر مجاز کو حاصل ہونگے کہ وہ ایسی buildings میں داخل ہو جائے اور اگر وہاں پر structure بنا ہوا ہو تو اسے demolish کر دے اور demolish کرنے کے بعد vacant possession حاصل کو لے ۔

جناب سپیکر ۔ structures کی جو term ہے اس میں ایسے بھی ہو سکتے ہیں جو مستقل قسم کے ہوں جن کو ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں روپیہ کے اخراجات برداشت کر کے construct کیا گیا ہو ۔ اس کے متعلق جو چند الفاظ استعمال کئے گئے ہیں وہ یہ ہیں ۔

" Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force or in any contract . . . . "

تو اب یہ اندازہ فرمائیے کہ contract کی بعض ایسی بھی دفعات ہوتی ہیں کہ یہ contract جو ہوگا وہ renewable ہوگا اور ایسی بھی دفعات ہوتی ہیں کہ ٹھیکے کے اختتام پر اس جگہ کو خالی کر دیا جائے گا ۔ تو یہ اندازہ فرمائیے کہ آپ آئندہ کے لئے اگر اس قسم کے contract میں اس قسم کی terms کا اضافہ کر دیتے ہیں تو اور بھی اعتراض کا باعث ہوتا ہے ۔ اگر پارٹیوں کا agreement ہوتا تو قابل اعتراض بات نہ ہوتی لیکن اس طریقہ سے یہ جو معاملہ کر دیا گیا ہے کہ یہ ٹھیکے کو بالکل violate کرتے ہوئے بھی یعنی اگر contract میں ایسی provisions موجود ہیں تو اس صورت میں arbitrary means سے نکالنا بے سود ہوگا ۔ اس کے بعد مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ جو مسئلہ ہے یہ اس طرح سے بھی قابل اعتراض ہے کہ کوئی بھی بلڈنگ جس کو public purpose کے لئے استعمال کرنا مقصود ہوگا اس کو خالی کرایا جا سکتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اگر public purpose کے لئے کوئی definition ہوتی تو ظاہر ہے کہ مجھے اس پر ایسا اعتراض

نہ ہوتا ۔ public purpose کی difinition کے نہ ہوتے ہوئے اختیارات ایک ماتحت آفیسر کو دے دینا یا ایک ملازم کو دے دینا جن سے کہ وہ عمارت خالی کرا سکے یہ درست اور واجب نہیں ۔ اسی طرح اس دفعہ میں اب اور جو بات کہی گئی ہے وہ یہ ہے کہ اگر breach of contract ہو جائے ۔ اگر اس کی کوئی خلاف ورزی کر گذرے تو اس صورت میں اس کا جو عام کرایہ دار ہے یا اس کا licensee جو ہے یا جو بھی آپ کا کرایہ دار ہے یا lease holder ہے اس کو آپ مجبور کریں گے کہ وہ vacate کرے ۔ بتائیے کون اس بات کو interpret کرے گا کون اس کا فیصلہ کریگا کہ کوئی breach ہوئی ہے یا نہیں ہوئی اور وہ بھی حکومت نے کرنا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو چاہئے تھا کہ وہ اس قانون کو بہتر شکل میں لے آتے تو شاید اتنا قابل اعتراض نہ ہوتا ۔ اس کے بعد میں نے عمارت کی demolition کے بارہ میں گذارش کرنا ہے کہ اس کو demolish کر دیا جائے گا اور اس کے sale proceeds سے recovery of appropriate arrears ہوں گی ۔ جناب سپیکر ۔ ایک proviso جو اس میں لگایا گیا ہے یعنی ان abitrary powers میں ان تمام اختیارات میں جو دنیا کے کسی رائج الوقت قانون میں نہیں ملتے ان میں ایک ہلکی سی proviso لگا دی گئی ہے ۔

> " Provided that such officers shall, before demolishing and removing any structures under this section, issue a notice to the lessee or licensee calling upon him to remove such structures within the period specified in the notice."

اگر یہ within a reasonable period to be specified کر دیا جاتا تو پھر بھی کوئی بات ہوتی لیکن اب یہ اندازہ لگائیے آپ یہ خیال فرمائیے کہ وقفہ جو ہے وہ arbitrarily وہی افسر مقرر کرے گا جس نے ان کو eject کرنا ہے اور پھر اس ضمن میں اس آرڈیننس میں اس قسم کی دفعات کو شامل کیا گیا ہے جن سے یہ واضح نہیں ہو سکتا کہ اس کے تحت جو رولز

ہوں گے ان کی نوعیت کیا ہوگی ان کی nature کیا ہوگی اور یہ بھی بات واضح نہیں ہے کہ انہیں کس اصول پر specify کیا جائے گا ۔ اس طرح سے جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ سب سے زیادہ harsh دفعہ ہے جو کہ ان لوگوں پر لگائی جائیگی جنہوں نے حکومت سے کسی لائسنس یا agreement یا کسی contract کے تحت کوئی بلڈنگ یا مکان حاصل کیا ہو ۔

جناب سپیکر ۔ اس آرڈیننس کی اہمیت اس سے بھی زیادہ ہو جاتی ہے جب کہ ہم اس کی برائیوں کو دیکھتے ہیں اور جو اس میں برائیاں ہیں وہ اس سے بھی زیادہ قابل اعتراض بن جاتی ہیں ۔ خصوصاً اس وقت جب کہ ہم دیکھتے ہیں کہ اس آرڈیننس کا نفاذ سارے مغربی پاکستان پر ہے ۔ اور اگر مغربی پاکستان میں حکومت کی عمارتیں زیادہ نہیں ہیں تو کم از کم زمین ویسٹ پاکستان میں اتنی ہے جو لوگوں کو فیکٹریاں لگانے کے لئے دی جا سکتی ہے اور لوگوں کو دوسرے کمرشل معاملات کے لئے دی جا سکتی ہے اور اس لحاظ سے بھی دی جانی چاہئیے کیونکہ لوگوں کی investment اس میں کافی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں نہیں سمجھتا کہ جب Rent Restriction Ordinance میں ایسی provisions ہیں کہ آپ safeguards سے اپنے معاملات کو محفوظ کر سکتے ہیں تو پھر اس قسم کی پابندیاں لگانے کا کیا مطلب ہے ۔ میرے خیال میں حکومت ان طریقوں سے یہ امتیازی معاملات بنا کر بلا وجہ اپنے آپ کو بدنام کر رہی ہے ۔ اب میں اس آرڈیننس کی دفعہ ۴ کی طرف آتا ہوں جو اس طرح ہے ۔

"Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force or in any contract, where the licensee of a building is a person in the service of Pakistan, the licence in respect of such building shall, in addition to the grounds, mentioned in section 62 of the Easements Act, 1882 (V of 1882), stand revoked on the discharge, removal, dismissal, resignation, retirement or death of such servant or on his transfer from the station in which he is employed to any other station, after the expiration of the period for which he or his dependents may retain possession of the building under the rules for the time being applicable to the licence."

جناب سپیکر ۔ میں یہ کہوں گا کہ ابھی لا منسٹر صاحب نے یہ کلیم کیا کہ عوام کو جس ڈنڈے سے ہانکے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے تو

وھی ڈنڈہ سرکاری ملازمین کے لئے ھے ۔ جناب لا منسٹر صاحب اگر توجہ فرمائیں تو میں ان سے یہ عرض کروں ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر۔۔لا منسٹر صاحب وہ آپ کی توجہ کے محتاج ھیں ۔

ملک محمد اختر۔۔جناب سپیکر ۔ لا منسٹر صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ یہ ڈنڈہ جس سے عوام کو ھانکا جائے گا اسی سے سرکاری ملازمین کو بھی ھانکا جائے گا اگر وہ مکان خالی نہیں کریں گے ۔ سرکاری ملازمین کے زمرہ میں جناب لا منسٹر بھی آتے ھیں وہ بھی انہیں میں شامل ھیں اور اسی قانون کا اطلاق ان پر بھی ھو سکتا ھے اور یہ ڈنڈہ جو ھم پر برسنا ھے وہ ان پر بھی برس سکتا ھے ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے یہ عرض کرنا ھے کہ سرکاری ملازمین کا ایک طبقہ ایسا ھے جو کافی مظلوم ھے ۔ میں یہ بڑی realistic باتیں کر رھا ھوں ۔ آپ کے کلرک ۔ چپڑاسی اور سٹینوگرافرز جو چھوٹے چھوٹے کوارٹروں میں رھتے ھیں وہ سرکاری کوارٹر ھوتے ھیں ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ کسی کی تبدیلی ھو جاتی ھے ۔ تبدیلی کے آپ کے ایسے کوئی رولز نہیں کہ جن میں یہ provision ھو کہ فلاں آدمی کی تبدیلی ایسے season میں ھو جب کہ اس کے بچوں کی تعلیم پر اثر نہ پڑتا ھو تو آپ جب بھی اور جس وقت چاھیں آپ اس کو تبدیل کر سکتے ھیں ۔ تبدیلی کے بعد آپ ان سے مطالبہ کرتے ھیں کہ وہ کوارٹر خالی کر دیں ۔ پہلے تو وہ بیچارے کسی طریق سے کوئی درخواست دے کر کچھ delay کر لیتے تھے ۔ غریب آدمی کی تمام دنیا میں اور اس ملک میں بالخصوص یہ حالت ھے ۔ کہ وہ اپنی زندگی کو ذرا لمبا کرتا ھے ۔ اور اپنی بقا کے لئے ھر وقت جد و جہد کرتا ھے اپنے بال بچوں کے لئے کوشش کرتا ھے ۔ کہ خداوند کریم نے ان کو جو سہولتیں اور نعمتیں دی ھیں ان سے برآور ھو سکے اس چپڑاسی یا کلرک

کی حالت دیکھئیے جس سے آپ کلیم کریں گے کہ سرکاری کوارٹر کا فوری طور پر قبضہ دے دے ۔

جناب سپیکر ۔ میری یہ مودبانہ گذارش ہے کہ وہ اس پر غور فرمائیں اگر کوئی سرکاری ملازم ایک صاحب بہادر کے احکام کی تعمیل سے انکار کر دے تو اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے ۔ اس کی تبدیلی کی صورت میں اس کا سامان اٹھا کر باہر پھینک دے گا ۔ یہ چیز اصول اور انصاف کے منافی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد بڑی بات تبدیلی کے بعد اس وقت ہوگی جب کوئی غریب کلرک یا چپڑاسی سائیکل پر دفتر جاتے ہوئے کسی حادثے کا شکار ہو جائے ۔ جس کے بچوں کے لئے کوئی سہارا نہیں ہے ۔ ہمارے معاشرہ میں کوئی ایسا انتظام نہیں ہے ۔ کہ جو لوگ ایسے حادثوں کا شکار ہوں ۔ ان کے بال بچوں کی نگہداشت ہو سکے ۔ اگر ان سے فوری طور سے سرکاری مکان خالی کرا لیا جائے تو ان کے لئے بڑی پریشانی ہوگی ۔ کسی افسر کے قلم کی ایک جنبش سے ان تمام لوگوں کے حقوق ختم ہو کے رہ جائیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ ۱۸۸۲ء کے ایکٹ کی دفعہ ۶۲ء کے تحت جو رعائیت دی گئی ہیں انہیں قائم تو رکھا گیا ہے ۔ ان کے لئے موجودہ آرڈیننس میں وہ تحفظات نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں کوئی ایسا تحفظ نہیں ہے کہ کسی ملازم کو جو تبدیل ہو گیا ہو انتقام کا نشانہ نہیں بنایا جائیگا ۔ فرض کیجئے کہ دس فیصد ایسے ملازم ہوں جنہیں دشمنی کی بنا پر بر طرف کر دیا گیا ہو تو کیا ان سے سرکاری مکان بھی اسی جذبہ کے تحت خالی نہیں کرایا جائے گا ۔

جناب سپیکر ۔ اب دفعہ ۴ (۲) کے تحت یہ کہہ دیا گیا ہے ۔

" On the revocation of a licence in respect of a building the licensee shall, notwithstanding anything contained elsewhere, in the aforesaid Act or in any other law for the time being in force or in any contract, forthwith put

the Government into possession of such building or part, failing which any officer authorised by Government in this behalf may enter and recover possession of the same . . . ."

میں اس پر تنقید کر چکا ہوں صرف یہ ہے کہ سرکاری افسروں کو جو مکانات خالی کرانے کا اختیار دیا گیا ہے وہ ایسا ہے جس پر کوئی رعب نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں دفعہ پانچ کی طرف آتا ہوں ۔

" If Government is satisfied after making such enquiry as it thinks fit that a person is an unauthorised occupant of any land or building, it may, by order in writing, direct such person to vacate the land or building within the period specified in the order.

(2) If any person refuses or fails to vacate any land or building as directed by an order made under sub-section (1), any officer authorised in this behalf by Government may, notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, enter upon such land or building and recover possession of the same by evicting such person and may also demolish and remove the structures, if any, erected or built by that person."

جناب سپیکر۔۔یہ ان لوگوں کا مسئلہ آگیا ہے جو سرکاری زمین بلا اجازت لئے بیٹھے ہیں یہ کئی قسم کے لوگ ہیں ۔ ایک تو وہ ہیں جو un-authorised قابض ہیں ۔ ان کے لئے آپ کے پاس کافی قوانین موجود ہیں ۔

جناب وزیر بلدیات مجھ سے اتفاق فرمائیں گے ۔ کہ لوکل باڈیز کے جتنے بھی قوانین ہیں ان میں ایسی دفعات موجود ہیں جن سے ان لوگوں کو ہٹایا جا سکتا ہے ۔ ایسی دفعات کے ہوتے ہوئے اس نئی دفعہ کی کوئی ضرورت نہ تھی ۔ سرکاری عمارات میں un-authorised اشخاص کیسے آ گئے ۔ البتہ وہاں en-croachment ہو سکتی ہے ۔ سرکاری زمینوں اور آراضیات پر سے ایسے لوگوں کو ہٹانے کے لئے پہلے ہی سے قوانین موجود ہیں آپ انہیں اس ہاؤس میں لاتے نہ یہ باتیں ہوتیں ۔

ایک شعر تھا اگر مجھے صحیح یاد ہے میں عرض کرتا ہوں ۔

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم سے یہ گلے ستتے
نہ کھلتا راز سر بستہ نہ یوں رسوائیاں ہوتیں

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ قانون پہلے ہی موجود ہے ۔ یہ قانون ایسا ہے کہ پرانی شراب کو ایک نئے جام میں انڈھیل کر لے آئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس میں حق بجانب نہیں ہیں ۔ یہ آپ حکومت کی خدمت نہیں کر رہے ہیں ۔ آپ حکومت کے جوڈھکے ہوئے عیب ۔ جو چھپے ہوئے عیب جو public interest کے خلاف ہیں ایک نا واجب ۔ ناروا قانون کو بار بار اس ہاؤس میں لا کر باعث تنقید کیوں بناتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میرا اصلی اعتراض جو ہے وہ یہ ہے کہ آپ پھر ان اشخاص کو وہی جو آپ کی ejectment کرتا ہے غالباً کوئی سٹیٹ آفیسر ہو گا (یہاں پر مجھے کہیں نظر نہیں آیا اگر میں غلطی کر رہا ہوں تو لا منسٹر صاحب correct فرمائیں گے) یہاں کلاز ۵ (۱) اور (۲) میں جو direction ہے وہ یہ ہے ۔

"If Government is satisfied after making such enquiry as it thinks fit that a person is an unauthorised occupant of any land or building, it may, by order in writing, direct such person to vacate the land or building within the period specified in the order."

یہ direction notice ہو گا جو direction ہے اس کے لئے لفظ "Notice" کا ہونا ضروری ہے اور وہ کس قسم کی direction ہو گی ۔ یہ direction جو ہے آیا اور معاملات میں اس کا safe guard تو نہیں کردیا گیا ۔ direction کی بجائے لفظ "Notice" ہوتا تو زیادہ اچھا تھا میں سمجھتا ہوں اگرچہ یہ غیر ضروری دفعہ ہے آپ خود ہی اپنے action کو justify کر سکتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے اگلی دفعہ پر آتا ہوں یہ بڑی عجیب دفعہ ہے ۔

"For the purpose of recovering possession of any land or building under the provisions of section 3 or section 4 or section 5, an officer authorised by Government in this behalf may use or cause to be used such force as may be necessary."

جناب والا ۔ دیکھیں کہ اگر اس قانون کو انگریز بناتا تو ہم سمجھتے کہ اس کی کیا وجہ ہے ۔ آج ہم محکوم ہیں اور میمن صاحب ہمارے حاکم ہیں ہم ایک ہی ملک اور ایک ہی جگہ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ان کا دکھ میرا دکھ ہے ۔ میری تکلیف ان کی تکلیف ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ بڑے بڑے سرکاری افسر اچھے بھی ہیں ۔ بڑے بڑے نیک لوگ بھی ہیں ۔ لیکن یہ اندازہ فرمائیں کہ یہ اتنی powers جس کو میں نے سرخ پنسل سے under line کیا ہوا ہے "such force as may be necessary" جناب والا ۔ تقریر کا جواب دیتے وقت آپ "such force as may be necessary" کی definition بتا دیں ۔ کس قدر قوت زیادہ ہے اس میں فائرنگ بھی شامل ہے ۔ لاٹھی چارج بھی شامل ہے اور کسی حد تک arrest بھی ہے ۔ کس دفعہ کے تحت Pakistan Penal Code کا اطلاق ہے ۔ پروسیجر کی کیا justification ہو گی ۔ کیا یہ limited powers ہیں ۔ یہ discretionary powers نہیں ہیں ۔ کسی کے بال بچے کو نکالنے کے لئے آپ یہ powers اپنے افسر کو دے رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ــــ میں وزیر قانون صاحب کا مشکور ہوں گا کہ اگر وہ میری گزارشات کا جواب دیتے وقت کچھ ایسے معاملات عرض کر دیں کہ nature of rules کس طرح رولز ہوں گے ۔ اس سے عوام کے جو شک و شبہات ہوں گے ۔ شائد ان میں کمی واقع ہو جائے ۔ قانون کی ایسی فارم سے "such force as may be necessary" اس سے کسی ملازم کو نکالنا مطلوب ہے ۔ اس force کا سرکاری ملازم پر اطلاق ہو گا ۔ چھوٹے سٹاف پر اطلاق ہو گا صاحب بہادر اس کا نشانہ نہیں بنے گا ۔ مثلاً اگر ایک ڈپٹی کمشنر تبدیل ہو جاتا ہے وہ کہتا ہے کہ میں دو ماہ تک مکان نہیں چھوڑتا حالانکہ جب وہ دوسری جگہ جائے گا اس کو مکان مل جائے گا ۔ ہو گا کیا کہ جب اس کے بچوں کی تعلیم کا پیریڈ ختم ہو گا تو وہ مکان چھوڑ جائے گا ۔ اس کا اطلاق ان کوارٹرز پر ہو گا جو سرکاری

کوارٹرز ہیں ۔ ماتحت سٹاف کے کوارٹرز ہیں ۔ جو کلرکوں کے ۔ اسسٹنٹوں کے ۔ سٹینوگرافروں کے اور سپرنٹنڈنٹس کے کوارٹرز ہوں گے اس کا اطلاق ان پر ہو گا ۔ جن کا کوئی پرسان حال نہیں ان پر اس کا اطلاق ہو گا ۔

جناب سپیکر۔۔۔"caused to be used such force as may be necessary" کا اطلاق جو ہونا ہے یہ ان جائز بچارے کنٹریکٹروں پر بھی ہوتا ہے ۔ جو کسی لائسنس یا lease یا کسی contract سے داخل ہوئے ہیں ۔ چلئے انہیں بھی قابل گردن زدنی سمجھا جائے۔ اس کا اطلاق کسی صاحب بہادر پر نہیں ہو گا ۔ جناب والا ۔ اگر کسی حکومت کے افسر نے یہ قرار دے دیا کہ اس نے 'A' 'B' یا 'C' شق کو infringe کیا ہے تو اس دفعہ کی infringement کے متعلق فیصلہ arbitrary ہو گا ۔ آپ اندازہ فرمائیں اسٹیٹ آفیسر جو بھی محکمہ بنائے گا اس کو یہ اختیارات دیتے ہیں جس کی مثال کسی قانون میں نہیں ملتی ۔

جناب سپیکر۔۔اس مختصر دفعہ کو چھوڑتے ہوئے میں آگے آتا ہوں ۔ اور یہ دفعہ "recovery of cost of demolition and removal of structures" کے متعلق ہے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ دفعہ ۷ (۱) جو ہے ۔

"The cost of demolition and removal of structures under section 3 or section 5, hereafter in this section referred to as the cost, shall be payable to Government, by the lessee or licensee or the unauthorised occupant, as the case may be"

اب میں دوسری کلاز پڑھ کر اکٹھا تبصرہ کروں گا ۔

"If the cost is not paid on demand, Goverement may cause the materials of the structures demolished and removed under section 3 or section 5 to be sold in auction in such manner as may be prescribed by rules."

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ اس شخص کا structures گرایا جانا مطلوب ہے ۔ اگر trespass کے case کا اگلے دن پتہ چلے تو Pakistan Penal Code میں remedy موجود ہے ۔ اس سے میرے خدشات بڑھ جاتے ہیں کوئی شخص structures بناتا ہے اور اگر وہ صحیح جگہ پر

structures بناتا ہے تو مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اس کو کیوں گرا دیا جاتا ہے ۔ ان اشخاص نے جو ۲۵ یا ۵۰ سال سے کسی جگہ بیٹھے ہیں انہوں نے مکانات بنائے ہیں ۔ structures بنایا ہے یا بلڈنگ بنا رہے ہیں وہ بھی اس کے زمرے میں آ گئے کوئی ایسا ریکارڈ نہیں ہے ۔ اگر کسی بزرگ نے آج سے ۵۰ سال پہلے غلطی سے ۔ لا علمی کی بنا پر یا نا واقفیت کی بنا پر اپنے نام اندراج نہیں کرایا یا پٹواری کی مہربانی سے یا پٹواری کے ناجائز مطالبہ کو پورا نہ کرنے سے وہ لوگ رہ گئے ہیں اور ان کی entry ریکارڈ کے مطابق نہیں ہے تو آپ کا کوئی بھی افسر جس کو آپ مقرر کریں گے لکھ دے کہ یہ unauthorised structures ہے اس کو گرا دیا جائے ۔ یہ بھی structures کے زمرہ میں آ جائے گا ۔ دوسرے اگر contract کا breach ہو ایک ماہ یا دو ماہ کا کرایہ نہ دیا گیا ہو بلکہ ایک ماہ کا کرایہ نہ ادا کرنے سے بھی یہ ہو سکتا ہے جب کہ Rent Restriction Act میں آپ نے ۶ ماہ کے لئے provision رکھی ہے ۔ کتنی default ہو اس کے لئے یہ طریقہ ہوگا ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ یہ لاثانی قانون ۔ یہ لافانی قانون جو بن رہا ہے یہ کتنے سال چلے گا ۔ آج کے قوانین جس پر ہم بحث کر رہے ہیں ان کی عمر جتنے ممبر صاحبان ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں ان کی عمر سے زیادہ ہے ۔ کسی کی عمر ۸۰ سال کی ہے کسی کی ۱۰۰ سال کی ہے ۔ یہ لاثانی قانون ۔ یہ لافانی قانون جس کا موجد ہمارے وزیر قانون ہیں اس میں powers دی گئی ہیں کہ اگر کوئی آدمی اپنا title ثابت نہ کر سکے ۔ لاعلمی یا نا واقفیت کی بنا پر ایسی زمین کے متعلق اس نے ریکارڈ maintain نہ کیا ہو تو اس کا structures گرا دیا جائے گا ۔ تو انہیں eject کر دیا جائے گا ۔ اس کا جو structure ہوگا ۔ اس کو demolish کر دیا جائے گا ۔ لیکن آپ پھر exception دیتے ہیں ۔ اب پھر exemption ہو گئی ۔ یہاں پر یہ کہیں بھی نہیں لکھا گیا ہے ۔ کہ اگر structure کسی سرکاری ملازم کی ہوگی ۔ تو اس کا کیا حال ہوگا ... بہر حال وہ اس دفعہ میں موجود ہے ۔

اور پھر سرکاری ملازم بیچارے structure کب بنا سکتے ہیں ۔ اب دفعہ ۳ کی سیکشن (۷) کو دیکھئے ۔ جو یہ ہے ۔

" If the proceeds of the sale under sub-section (2) are not sufficient to cover the cost, the balance shall be recoverable as arrears of land revenue and, if such proceeds exceed the cost, the excess shall be paid to the lessee, licensee or unauthorised occupant."

جناب والا ۔ اگر ہمارے خان حبیب اللہ خان صاحب توجہ فرمائیں ۔ کیونکہ ان کے اختیارات بڑے وسیع ہیں ۔ اور انہوں نے اپنے لئے بڑا ہی اچھا محکمہ منتخب کیا ہے ۔ ان کے محکمے کا ایک جملہ Recovery of arrears as Land Revenue ایسا جملہ ہے ۔ کہ وہ اس کے تحت جسے چاہیں ۔ قید کر سکتے ہیں ۔ اگر کسی آدمی نے حکومت کے دس روپے بھی دینے ہوں ۔ اور وہ اکڑ جائے ۔ کہ میں نہیں دیتا ۔ یا اسے ادا کرنے کے نا قابل ہوں ۔ تو ان کا یہ ڈنڈا یعنی "Recovery of arrears as Land Revenue" اس پر برسے گا ۔ اور "Recovery of arrears as Land Revenue" کی جو دفعات ہیں ۔ وہ یہ ہیں ۔ اور پتہ نہیں ۔ کہ آپ agriculturist کا بیج وغیرہ چھوڑ کر باقی چیزیں قرق کر لیتے تھے ۔ مگر میرا اندازہ ہے ۔ کہ اگر میرے جیسا آدمی جو شہر میں رہتا ہو ۔ اگر وہ d.faulter ہو جائے ۔ تو آپ تو میرے گھر میں ایک سوئی بھی نہ چھوڑیں گے ۔ یہ Recovery of arrears of Land Revenue کا جو مسئلہ ہے ۔ یہ اس قدر سنگین ہے ۔ اس قدر uncivilized, savage and uncalled for ہے کہ میں تو اس کے متعلق عرض ہی نہیں کر سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ اس طرح سے یہ ہمارا قانون ۔ یہ ہمارا Master piece یہ ہمارا شاہکار ایک لاثانی قانون ہے ۔ اب میں اس کی explanation پر کچھ عرض کر دوں ۔

" Explanation—In this section, lessee and licensee mean the person in whom the ownership of the structures vested at the time of their demolition and removal under section 3 or section 5 "

جناب والا ۔ اس میں تو کوئی خاص بات نہیں ہے ۔ کہ جسے میں نئی سمجھوں ۔ اس لئے میں سیکشن ۸ پر آتا ہوں ۔

"If any rent payable in respect of any land or building has been in arrears on the day of recovery of possession of such land or building, the amount due on account of such arrears, with interest, if any, accrued thereon shall be recoverable as arrears of land revenue."

جناب والا ۔ ہماری حکومت کتنی سمجھدار ہے ۔ اور اپنے لئے کتنے اچھے قانون بناتی ہے ۔ کہ وہ جو بقایا جات ہوں گے ۔ ان پر سود بھی لگ جائے گا ۔ اب یہ بتائیے ۔ کہ یہ کہاں کا universal قانون ہے ۔ کہ حکومت کے جو بھی بقایا جات ہوں گے ۔ ان پر سود بھی لگ جائے گا ۔ آپ کے پاس دفعات ہیں ۔ آپ باقی دار پر جرمانہ لگا سکتے ہیں ۔ مثال کے طور پر جو شخص انکم ٹیکس نہ دے ۔ He is liable to a penalty اگر کوئی ہاؤس ٹیکس نہ دے ۔ تو آپ اسے جو rebate دیتے ہیں ۔ آپ اسے وہ نہیں دیں گے ۔ لیکن آپ کے ایک contract میں یہ درج ہے ۔ یہ لکھا گیا ہے ۔ کہ اگر یہ واجبات ادا نہ کئے جائیں گے ۔ تو ان واجبات پر آپ اس سے سود بھی لیں گے ۔ آپ یہ over-riding کلاز پتہ نہیں کہاں سے لے آئے ۔ کہ آپ کے جو واجبات ہیں ۔ آپ نے ان کو بھی شامل کر لیا ۔ کہ ان پر سود لگایا جائے ۔ آگے کوئی کلاز یا part of contract یا قانون کی کوئی ایسی دفعہ نہیں ہے ۔ اس لئے میرے خیال میں حکومت جو عام لین دین کرتی ہے ۔ تو اس کے لئے حکومت کو ایک عام آدمی اور ایک عام تاجر کی سطح پر آنا چاہئے ۔ اس وقت یہ تصور کرنا چاہئے ۔ کہ حکومت بھی ایک عام آدمی کی طرح ہے ۔ اور ایک contract جو کیا جاتا ہے ۔ وہ دو پارٹیوں کے درمیان کیا جاتا ہے ۔ یعنی اگر میں وہ contract کسی کے ساتھ کر رہا ہوں ۔ تو میں اور اگر آپ کر رہے ہیں ۔ تو آپ بھی اسی طرح پارٹی ہیں ۔ اور ہمارا آپ کا level اور status برابر ہے ۔ میں نہیں سمجھتا ۔ کہ یہ privilege اس معاملہ میں حکومت کو کیوں دیا گیا ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اس کے لئے ان کے پاس کوئی ایسی دلیل نہیں کہ وہ سود کی اس کلاز کو justify کر سکیں ۔

جناب والا ۔ دفعہ ۹ یہ ہے ۔ کہ

"Government may, by notification in the official Gazette, direct that any power exercisable by it under this Ordinance may be exercised also by any authority or officer subordinate to it."

جناب والا ۔ چلئے "any officer subordinate to it" کا مسئلہ ہو گیا ۔ وہ بادشاہ کے نمائندے ، بادشاہ کے طور پر ، بادشاہ کے حقوق بادشاہ کے فرمان کے تحت ان کو assume کر سکتے ہیں ۔ ان کو استعمال کر سکتے ہیں ۔ لیکن خدارا یہ تو فرمائیں ۔ کہ 'any authority' سے آپ کا کیا مقصد ہے ۔ اگر 'authority' سے آپ کا مقصد لوکل باڈیز ہیں ۔ یا آپ کی اور بہت سی authorities ہیں ۔ جو کہ autonomous bodies ہیں ۔ اور بہت سی دوسری bodies ہیں ۔ تو یہ ایسا مبہم لفظ ہے ۔ کہ ایسا لفظ تو اس آرڈیننس . . . . (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order, please

ملک محمد اختر--تو میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ یہ واضح نہیں ہے ۔ یہ اتھارٹی کا جو لفظ ہے ۔ یہ clear نہیں ہے ۔ جناب وزیر قانون تو ناراض ہوتے ہوں گے ۔ پڑھتے پڑھتے مجھے بہت سی باتیں سوجھ جاتی ہیں ۔ اور کہنا پڑتا ہے ۔ میں نے ان سے ہی یہ سیکھا ہے ۔ بعض اوقات میں کچھ غلطی بھی کر جاتا ہوں ۔ جس کو سن کر وہ معاف کر دیتے ہیں ۔ جس کے لئے میں ان کا مشکور ہوں ۔ ۔ ۔ تو میں عرض کر رہا تھا ۔ کہ آپ کی authorities میں لوکل باڈیز improvement trust اور کم و بیش ایسی ہی بیس پچیس autonomous bodies ہیں ۔ وہ سب ہی اس میں آ جاتی ہیں ۔ تو اس لئے یہ واجب نہیں ہے ۔ اور پھر اس اتھارٹی کے پاس land کی صورت میں تو ejectment کی جو provision ہے ... اور پھر یہ بھی عرض کرنا ہوگا ۔ کہ authorities کی جو عمارات ہیں ۔ وہ بعض اوقات کسی اچھے مقصد کے لئے ، کسی ایسے مقصد کے لئے انہیں دی گئی ہوتی ہیں ۔ جو مقصد سود مند ہوتا ہے ۔ اگر آپ ان کو کسی ڈسپنسری کے لئے عمارت دیتے ہیں ۔ ہم نے خود بھی ڈسپنسری کے لئے رضاکارانہ طور

پر عمارت دی ہے ۔ اور پھر بعض ڈسپنسریاں رضاکارانہ طور پر کئی انجمنیں چلا رہی ہیں ۔ اور آج کل تو بنیادی جمہوریت کا زمانہ ہے ۔ ہر محلے اور ہر یونٹ میں اشتراک اور الحاق ہے ۔ اس وقت کئی ایسے ادارے ہیں ۔ کئی ایسی bodies ہیں جو کئی اچھے کام کر رہی ہے ۔ فرض کیجئے ۔ کہ میں چیئرمین ہوں ۔ اور میں چاہتا ہوں ۔ کہ میرے مخالفین وہاں پر کام نہ کریں ۔ میرا hold ہے ۔ میرا اثر و رسوخ ہے ۔ اور میں ان کے خلاف حکم کروا دیتا ہوں ۔ اس کے علاوہ عام طور پر سرکاری عمارات کو اچھے مقاصد اور عوامی مفادات پر مبنی کاموں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ اور لوکل باڈیز وغیرہ اور دوسری authorities کو اچھے کاموں کے لئے کرائے پر عمارات دی جاتی ہیں ۔ تو اس صورت میں بیدخلی کے جو اختیارات ہیں ۔ وہ کافی arbitrary ہیں ۔ اب جناب میمن صاحب سے ایک گذارش کرنی ہے ۔ جو دفعہ ۱۰ کے متعلق ہے ۔

"No Civil Court shall pass an order in any suit or proceeding granting a temporary or interim injunction restraining Government, or any authority or officer authorised by it, from taking possession of any land or building under this Ordinance."

جناب سپیکر ۔ اس پر مجھے کافی بڑا اعتراض ہے ۔ اور وہ یہ کہ یہ کون determine کرے گا ۔ یہ فیصلہ کون کرے گا ۔ کہ یہ جو ejectment کی proceedings ہیں ۔ (میں پھر دیکھ رہا تھا ۔ کہ شاید آپ نے کہیں provide کر دیا ہو ۔) اندازہ فرمائیں ۔ کہ میری زمین ہے ۔ میں اس کا مالک ہوں ۔ میری حکومت سے اس کے متعلق ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The House is adjourned for tea break and will meet again at 11 a m.

The Assembly then adjourned till 11.00 *a. m.*

The Assembly met at 11.0) *a.m. Mr. Speaker in the Chair.*

Mr. Speaker : Yes, Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I am afraid, Sir, the House is not in quorum.

Mr. Speaker : The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung*) Five minutes are over, let the names of the members, who are present, be recorded.

(*Names of the Members present were recorded*)*

Mr Speaker : Names of the members, who were present in the House, have been recorded. The House is still not in quorum and it is adjourned for fifteen minutes.

(*The Assembly then adjourned for fifteen minutes.*)

The Assembly met 11 20 *a m. Mr. Speaker in the Chair.*

Mr. Speaker : Let a fresh count be taken under Rule 154, Sub-rule (3). (*count was taken*) The House is in quorum. Yes, Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر۔۔جناب سپیکر ۔ میں گذارش کررہا تھا .....

Mr. Speaker : Malik Sahib please take your seat. There is one announcement and let me make it.

Members who have asked for TA & DA advance to be paid to them of 4th & 6th June, can receive payment of the same today. Payments will be made in Committee Room 'C' on ground floor. Those who gave requisitions for payment of the advance on 7th & 8th June, will be informed and payments can be made to them. It may be 10th or 11th June.

Yes, please.

ملک محمد اختر۔۔جناب سپیکر ۔ میں گذارش کر رہا تھا کہ دفعہ ۱۰ کے تحت کسی بھی دیوانی عدالت کو کوئی بھی ایسا حکم دینے کی طاقت ۔ قوت اور اتھارٹی نہ ہوگی جو proceedings کوئی بھی ایسا افسر یا اتھارٹی کرے جس کو بلڈنگ یا ایسی اراضی کا قبضہ لینے پر مقرر کیا گیا ہو ۔ جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت ۔ ہمارے وزیر قانون صاحب جو بھی قانون سازی کرتے ہیں وہ سول کورٹ کو debar ضرور کرتے ہیں ۔ میں ان کا مشکور ہوں گا کہ اگر وہ ایک ایسا آرڈیننس لے آئیں جس سے موجودہ طریقہ انصاف جو ہے اسے کالعدم قرار دے دیا جائے ۔ مختلف

*Please see Appendix V at the end.

نوعیت کے ،قدمات کے لئے مختلف قسم کی عدالتوں کی تشکیل کر لی جائے ۔ یہاں ہر روز دیوانی عدالتوں سے ۔ فوجداری عدالتوں سے بتدریج اختیارات چھیننا کسی بھی حکومت کو زیب نہیں دیتا ۔

جناب سپیکر ۔ میں گذارش کروں گا کہ تاریخ اس بات کی شاھد ھے کہ جب بھی کبھی کسی حاکم نے ۔ کسی بادشاہ نے ۔ کسی شہنشاہ نے انصاف کیا وہ تاریخ میں محفوظ رھا ۔ آج عدل جہانگیری کی داستانیں زبان زد خلق ھیں ۔ آج نوشیروان کے متعلق داستانیں سنائی دیتی ھیں ۔ . . . . . نہ تو ھم ایران سے کسی قسم سے متعلق ھیں لیکن ھم چھوٹے اور بڑے مثالیں دیتے ھیں اس انصاف کی جو نوشیروان کر گیا ۔

جناب سپیکر ۔ ھماری حکومت نا معلوم کن وجوھات کے باعث ۔ کن وجوھات کی وجہ سے بتدریج کم و بیش جو بھی ھنگامی قوانین اس ھاؤس میں لائے گئے ھیں ان میں سے بتدریج اختیارات عدالتوں سے منہا کر رھی ھے ۔ جناب سپیکر ۔ ھم نے جو pattern انصاف کے لئے اپنے ملک میں ۔ اپنے صوبہ میں رائج کر رکھا ھے وہ وھی pattern ھے جو انگریز چھوڑ گیا ۔ میں اس سے آگے بھی جانا چاھتا ھوں لیکن میں سوچتا ھوں کہ میں irrelevant ھو جاؤں گا بلکہ میں relevant نہیں ھوتا اگر آئین کی دفعات کو سامنے رکھا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ اگر آئین کی دفعات کو دیکھا جائے تو میں کہتا ھوں اسلامی طریقہ قانون کو عدالتوں میں رائج ھونا چاھئے ۔ بہر حال یہ بعد کی بات ھے ۔

جناب سپیکر ۔ یہاں کم از کم رائج الوقت قانون کے ھوتے ھوئے ۔ اور عدالتوں کے ھوتے ھوئے لئے آرڈیننس کے ذریعہ ان کے اختیارات محدود کر دینا اور ایک افسر کو اور اختیارات دے دینا جو چیلنج نہیں ھو سکتا میں سمجھتا ھوں ھم کسی طرح سے بھی حق بجانب نہیں ھوں گے ۔ آج

Presidential Form of Government ہے ۔ آج ہمارے محترم اور بڑے اچھے صدر مملکت جو ہیں ان کا جو منشور ہے وہ بھی ایک آئین کے علاوہ guidance of principles کی حیثیت رکھتا ہے ۔ انہوں نے مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان دونوں کے حاکم اعلی کی حیثیت سے جو ایگزیکٹو functions سر انجام دینی ہیں وہ اس منشور کے مطابق ہیں ۔ اگر میں عرض کروں کہ مغربی پاکستان کی قانون سازی repeatedly, consistently, frequently ہمارے پریذیڈنٹ کے منشور سے متصادم ہے تو میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اتنے گران قدر ۔ اتنے وسیع اور comprehensive اختیارات دینے کے بعد جو ہمیں کسی صورت میں بھی کسی شخص کو نہیں دینے چاہئیں اس پر طرہ یہ کہ وہ جو ایکشن لیتا ہے ہم اس کے ایکشن کو کہیں بھی چیلنج نہیں کر سکیں گے ۔ میں اگلی دفعہ میں عرض کروں گا کہ اس کے ایکشن کے دوسرے aspects کیا ہیں ۔ اب میں مختصراً عرض کرتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ force جو بھی وہ استعمال کرے وہ اس کا اپنا نظریہ ہے ۔ satisfy اس نے اپنے آپ کو کرنا ہے ۔ اور دیکھنا ہے کہ جو occupant ہے وہ authorised ہے یا un-authorised ہے ۔ کہیں title کا جھگڑا ہو سکتا ہے ۔ یعنی یہاں لینڈ ریونیو کے متعلق سیلیکٹ کمیٹی میں یہ جھگڑا رہا اور قائد ایوان کی طرف سے title کے مسئلہ کے متعلق advance arguments کئے گئے تھے وہ ہم نے exclude کئے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ سول کورٹ کے اختیارات اس قانون میں indirectly کسی نہ کسی فارم میں اور کسی نہ کسی طریقہ سے حاصل کر لئے گئے ہیں جس سے title کا جو مسئلہ ہے اس پر بھی زد پڑتی ہے ۔ یہ میں نہیں کہتا کہ title کے لئے اگر کوئی سول کورٹ میں جائے وہاں پر سنا نہیں جائے گا

لیکن ایک میٹریل ۔ بڑا بھاری وزنی اور گران قدر اعتراض کم از کم ضرور ہو جائے گا ۔ proceedings جو ہیں اگر معافی دی جائے تو عرض کروں ایک لاثانی اور لافانی قانون کے تحت جب حکومت زمینوں سے ۔ جائیدادوں سے زبردستی کسی کو نکالنے کے لئے کارروائی کرے گی ۔ اور وہ اختیارات کوئی بھی افسر استعمال کرے ۔ ان کے خلاف ۔ ۔ ۔ میں پھر ذرا سی ایک لائین پڑھ دیتا ہوں ۔ تاکہ میرا نقطہ نظر زیادہ واضح ہو جائے ۔

" No suit or legal proceeding shall lie against Government in respect of anything which is, in good faith, done or intended to be done under this Ordinance.

جناب سپیکر ۔ اس کا سب سیکشن نمبر ۲ یہ ہے ۔

(2) No suit, prosecution or other legal proceeding shall lie against any person in respect of anything which is, in good faith, done or intended to be done under this Ordinance.

جناب والا ۔ good faith کا لفظ کافی safeguard دیتا ہے ۔ لیکن مجھے آپ یہ بتائیں ۔ کہ کسی کارخانہ دار ، کسی صنعت کار ، کسی ایسے tresspasser کو جسکی لاکھوں روپے کی جائیداد ہو ۔ ۔ ۔ کسی نے آپ کی دس مرلے یا ایک کنال زمین اپنی ٹیکسٹائل مل میں شامل کر لی ہے ۔ تو وہ آپ کے خلاف تمام کارروائی کرے گا ۔ وہ اپنے تمام معاملوں میں remedy seek کر لے گا ۔ وہ آپ کے خلاف writ بھی کر لے گا ۔ کہ آپ کے یہ جو good faith والا مسئلہ ہے ۔ اس کو اس طرح استعمال نہیں کیا گیا ۔ بلکہ گورنمنٹ کے افسر نے یہ ایک malicious act کیا ہے ۔ لیکن آپ یہ بتائیے ۔ کہ وہ معمولی دوکاندار حکومت کے ظلم و ستم کا کوئی دوسرا شاہکار کہ جس کو dismiss یا ڈسچارج کر دیا گیا ہو ۔ (ایک یا دو فیصد ایسے بھی cases ہوتے ہیں ۔) اور اس کے بعد اس سے وہ جائیداد چھین لی گئی ہو ۔ وہ لاکھ چیخے چلائے ۔ لیکن اس کے لئے کوئی remedy آپ کے قانون میں نہیں ہے ۔ اب مجھے دفعہ نمبر ۲ ، کی طرف آنا ہے ۔

"If any officer authorised to take action under this Ordinance requires police assistance in the exercise of his powers thereunder he may send requisition to the officer in charge of a police station who shall on such requisition render the assistance required."

جناب والا ۔ اب وہ محکمہ آ گیا ۔ مغربی پاکستان کا وہ بدنام ترین محکمہ ہے جسے محکمہ پولیس کہتے ہیں ۔ جو ہمارے محافظ ہیں ۔ آپ بتائیے ۔ کہ Rent Restriction Ordinance کے تحت ڈگری بھی دے دیں ۔ تو ڈگری حاصل کرنے کے بعد یہ چیز ہے ۔ کہ وہ لوگ یہ کریں ۔ کہ ڈسٹرکٹ جج کی طرف سے ایس ۔ پی ۔ کو ایک چٹھی جائے ۔ اور وہ اس کے لئے پولیس کو کہے ۔ لیکن یہاں پر آپ کا ایک افسر براہ راست تھانے جا کر ایک requisition لکھ کر اپنی صوابدید کے مطابق ، اپنی discretion کو استعمال کرتے ہوئے پولیس کی امداد حاصل کر سکتا ہے ۔ اور اس کے بعد اگلا قدم جو ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ پولیس جس کی پشت پر ہو ۔ جب ایک ایس ۔ آئی یا اے ۔ ایس ۔ آئی ۔ اس کی امداد کے لئے آ جائے ۔ اور وہ مسلح بھی ہو ۔ تو پھر وہ سب کچھ کر سکتا ہے ۔ جتنی بھی وہ چاہے force استعمال کر سکتا ہے ۔ اور جو طریقہ بھی وہ چاہے ۔ استعمال کر سکتا ہے ۔ کہ وہ اس کے بعد اسے eject کر دیں ۔ اب وزیر قانون ہی اس کی طرف خیال اور دھیان فرمائیں ۔ کہ آج بیسویں صدی میں جب کہ ہمارے پاس زیادہ بہتر ذرائع موجود ہیں ۔ ان کے ہوتے ہوئے یہ arbitrary بیدخلی یا اس بے دخلی کا جو طریقہ ہے ۔ کسی طرح سے بھی جائز اور روا نہیں ہے ۔ کہ کسی کو اس کے title سے بھی محروم کر دیں ۔ اور اس کا structure بھی گرا دیں ۔ جب کہ title کا بھی جھگڑا ہو ۔ تو اگر ایک ایسے افسر کو یا ایک ایسی اتھارٹی کو جس کو کہ define بھی نہیں کیا گیا ۔ اور نہ ہی اس کے status کے متعلق کچھ کہا گیا ہے ۔ اگر یہ اختیار دے دیا جائے ۔ تو یہ کہاں کا انصاف ہو گا ۔ اب میں اس کی آخری دفعہ کی طرف آتا ہوں ۔

"Government may make rules for carrying out the purposes of this Ordinance."

یہ تو ظاہر ہے ۔ کہ حکومت کے پاس ہی rules making powers ہوتی ہیں ۔ اور دراصل مجھے صدیوں پرانے اس رسم و رواج اور اس اتھارٹی پر کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ لیکن یہ رسم و رواج یہ rules making powers یہ تمام آرڈیننس، یہ تمام Acts اور قوانین کی ایسی تمام کتابوں میں موجود ہیں ۔ اور ان میں یہ اسی لئے رکھا جاتا ہے ۔ کہ اگر کسی جگہ پر کوئی چیز واضح نہ ہو ۔ تو اس کو واضح کرنے کے لئے کوئی proccdure lay down کرنا چاہئے ۔ تاکہ ویسے ہی rules بنائے جائیں ۔ لیکن ہمارے ہاں یہ practice ہو چکی ہے ۔ یہ طریقہ ہو چکا ہے ۔ کہ نہائت ہی مختصر آرڈیننس لائے جاتے ہیں ۔ اور قانون کی نہائیت ہی مختصر دفعات لائی جاتی ہیں ۔ اور ان کی implementation اور ان کا طریقہ اختیار ہوتا ہے ۔ ان کو rules کے ذریعے نظم و نسق کے حوالے کر دیا جاتا ہے ۔ میرا خیال ہے ۔ کہ ہمیں اصولی طور پر اس سے تو اختلاف نہیں ہو سکتا ۔ لیکن جہاں آپ مختصر آرڈیننس بناتے ہیں ۔ جہاں آپ ایک قانون کو بل کی شکل میں نہیں لاتے ۔ بل پر تو اس ایوان میں بحث بھی ہو سکتی ہے ۔ اور ایوان کے views بھی اس میں شامل کئے جا سکتے ہیں ۔ کیوں کہ یہ ایوان ہی قوانین بناتا ہے ۔ اور اس طرح اس سے کافی guidance مل جاتی ہے ۔ لیکن جب آپ آرڈیننس لاتے ہیں ۔ تو نہ ہم ان میں تبدیلی کر سکتے ہیں ۔ اور نہ ہی اس میں کوئی ترمیم ہی کر سکتے ہیں ۔ اور ظاہر بات ہے ۔ کہ آرڈیننس ہمیشہ برسر اقتدار پارٹی کے پاس آتا ہے ۔ اور وہ منظور بھی ہو جاتا ہے ۔ تو آپ اسے اس قدر مختصر کیوں کرتے ہیں ۔ آپ کیوں اپنے اختیارات افسروں کو delegate کرتے ہیں ۔ آپ ہمیں کیوں اس قابل نہیں سمجھتے ۔ آپ کے پاس رولز ہیں ۔ آپ رولز کو قدرے استعمال کیجئے ۔ اور باقی کاموں کے لئے آپ provision رکھیں ۔ اس طرح سے مجھے ان rules making powers پر جو بڑے وسیع ہیں ۔ اور جن کو اکثر abuse کیا جاتا ہے ۔

ان کو افسران اکثر abuse کرتے ہیں ۔ مجھے اس پر کافی اعتراض ہے ۔ اب sections تو ختم چکیں ۔ اب میں اس کے ''اغراض و مقاصد،، کی طرف آتا ہوں ۔ جو میرے نقطۂ نظر سے کافی ضروری ہیں ۔

" Whereas it is expedient to provide for the speedy recovery of possession of Government land and buildings from out going lessees and licensees and unauthorised occupants, and for matters ancillary thereto."

جناب والا ۔ اب آپ یہ اندازہ فرمائیں کہ اس میں نہ تو کہیں گورنمنٹ افسر کا لفظ ہے ۔ بہر حال اس کے متعلق بحث کی جا سکتی ہے ۔ بسا اوقات وہ dismiss ہو جائیں ۔ یا ڈسچارج ہو جائیں ۔ یا ان کی کہیں اور transfer ہو جائے ۔ تو ان کا جو period تھا ۔ جو استحقاق تھا ۔ ان کے جو حقوق تھے ۔ وہ occupants نہیں رہ سکتے ۔ لیکن جہاں ان rules making powers کو abuse کیا جاتا ہے ۔ اور اس ایوان کے وسیع اختیارات کو curtail کیا جاتا ہے ۔ اور متعلقہ وزیر صاحب یا متعلقہ لاء سیکرٹری کچھ اس قسم کے ۔ ۔ ۔ مجھے اپنے وزیر قانون کی اہلیت اور قابلیت پر مکمل اعتماد ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ وہ لائق ہیں ۔ لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ جیسا کہ میں نے اس سے قبل بھی argue کیا تھا ۔ کہ اتنے لائق ۔ اتنے اچھے اور اتنے قابل وزیر قانون کے ہوتے ہوئے بھی یہ کام ان کے بس کا روگ نہیں ۔ کہ وہ خود ہی یہ سارا کام کریں ۔ آخر انہوں نے بھی یہ تمام معاملات کسی سے کرانے ہوتے ہیں ۔ اور پھر اصولی طور پر rules making powers کو اس طرح comprehensive رکھنا اس ایوان سے براہ راست تصادم ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے ۔ کہ یہ اس سے بھی زیادہ بری بات ہے ۔ کہ ''اغراض و مقاصد،، میں ان تمام باتوں کی وضاحت نہ کی جائے ۔ کہا جا سکتا ہے ۔ کہ یہ قانون for all times to come کے لئے نافذ کیا جا رہا ہے ۔ لیکن میں عرض کروں گا ۔ کہ کل کے حالات

مختلف بھی ہو سکتے ہیں ۔ اور پھر کیا وجہ تھی ۔ اور کیا ضرورت تھی ۔ کہ ان قوانین کو نافذ کیا گیا ۔ یہ تمام چیزیں اغراض و مقاصد دینا کیا ضروری نہیں تھا ۔ لیکن جناب سپیکر ۔ کیا ہی بہتر ہوتا کہ objects & reasons مختصر نہ ہوتے ۔ میں انہیں حق بجانب قرار نہیں دیتا ۔ کہ اس قدر مختصر objects and reasons اس آرڈیننس کے ساتھ لگا دیں ۔ اور اپنے فرائض سے نجات حاصل کر لیں اور یہ کہہ دیں کہ ہر ایک کے حالات مختلف ہوتے ہیں اور ہم قانون میں اسے incorporate نہیں کر سکتے ۔ دوسرا اعتراض جسے لامنسٹر صاحب نا مناسب خیال کرتے ہیں یہ ہے کہ کہیں بھی اتنے مختصر objects & reasons کی justification نہیں ۔ انہیں آسان بنانے کے لئے انہیں کچھ مزید وضاحت اور تفصیل کے ساتھ دینا چاہئے ۔ اور ان مشکلات کو دور کرنا چاہئے جو litigation کے سلسلے میں کسی occupant کو face کرنا پڑتی ہیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل—جناب والا ۔ ہم نہیں سمجھ سکتے کہ ملک صاحب کس زبان میں تقریر فرما رہے ہیں ۔ کہیں انگریزی ہے کہیں اردو ہے اور کہیں پنجابی ہے ۔ وہ کچھ الفاظ انگریزی کے کہہ کر ایک لفظ اردو کا کہہ دیتے ہیں ۔ آخر یہ کونسی زبان ہے ۔

مسٹر سپیکر—آپ تمام زبانیں سمجھتے ہیں جن میں وہ تقریر کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر—جناب سپیکر ۔ میں مودبانہ عرض کروں گا کہ ہم تو دو تین independents ہیں اور تین چار آپوزیشن کے ممبران ہیں لیکن جو ۱۴۵ ممبران ہیں آپ ان کو ہی اعتماد میں لے لیں ۔ یہی واجب اور مناسب ہے ہم جیسے انگوٹھے لگانے والے کہاں سے

ملیں گے ۔ لامنسٹر صاحب کچھ تو کہہ دیا کریں اور وجوہات بیان کر دیا کریں ۔

خان مکرم خان۔معزز ممبران کے متعلق ملک صاحب نے کہا ہے کہ وہ انگوٹھے لگانے والے ہیں ۔ اس سے ہاؤس کی بے عزتی ہے ۔ ان کو چاہئے کہ یہ الفاظ واپس لیں ۔

ملک محمد اختر۔میں یہ الفاظ واپس لیتا ہوں ۔ وہ میرے بھائی ہیں اور واجب‌الاحترام ہیں مجھ سے کبھی کوئی ایسی بات سرزد ہو جائے تو آپ کے یاد دلانے پر میں نہائیت مودبانہ اور دست بستہ معافی مانگ لوں گا ۔

• جناب سپیکر ۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ لامنسٹر صاحب میرے بڑے بھائی ہیں ان کو چاہئے کہ وہ معزز ممبران کو اعتماد میں لیتے ہوئے وجوہات بیان کر دیا کریں جب کبھی ایسے قوانین جو بہت harsh سخت اور نا واجب اور ناروا ہوں ، کی ضرورت پیش آئے ۔

Major Malik Muhammad Ali (Sargodha - III): Mr. Speaker, Sir, with your permission, I like to invite the attention of this August House, to this Ordinance, which primarily deals with recovery of possession of buildings and lands, and here, land as defined in section 2(c) is the non-agricultural land. Therefore the issue is that, the Government is trying to claim recovery only. Primarily it is recovery of urban land.

Lands belonging to various departments of the Government have, with the passage of time and as development of cities and towns has got along, gained in value, site value, value for construction for commercial purposes, and yet this land is surrounded in so many places by those very towns. I will cite the example of Karachi city. There has been mushroom growth of the city and most of the land belonging to the Railway Department is now encroached upon.

The eviction of unauthorised possession of this land is difficult. It leads to litigation, and as the system now is, people have opportunities of getting writs from the High Court, which leads to a lot of loss of time and energy. It is expensive to get the eviction of persons who are in unauthorised possession. I think that is the main issue.

The other aspect is about the houses, where it deals with the houses occupied by Government employees. On transfer, retirement or death,

Government employees due to their personal necessities have a tendency of hanging on to accommodation. The accommodation on such transfers or retirement is required by an alternative person, who is going to take that very appointment.

Under the rules and the administrative practice, a certain time-lag is allowed in which the person and his family can make alternative arrangements and that time-lag necessarily is allowed to the employees. I do not think there is any hardship is dealt to, in the normal practice, from the superiors to the subordinates.

It was alleged that this practice will lead to hardship to the lower class of employees. I don't see the point. After all this ordinance does not propose to convert the lower class of accommodation for use by higher class. It is a question of accommodation being given to another person posted into the same grade. It is a question of a clerk against a clerk. They are trying to evict a clerk, who has retired and give that accommodation to another one, who is posted in. Under the present practice, there is again a time-lag.

Since the number of accommodation available in any station for Government employees, whether superior or of a subordinate grade, is limited, on transfer that accommodation has got to be vacated by the ones who are transferred The transferee and his family is given a little time in which he can make arrangements. After all, that accommodation has got to be made available for the next person If this arrangement is allowed to lapse, the administrative machinery will be clogged up. Hence the need for this Ordinance.

The third important aspect in the Ordinance is about the recovery of rent. I don't see how anybody can argue that rent arrears should not be collected. These are dues under a contract, written or verbal whether a contract between two private parties or a private party and the Government. Here is a case of a contract between the Government and a private party. Surely, the private individual, who has got accommodation or a site on lease or on rent, they have to pay the arrears. Non payment of arrears is on justification and if now we have a rule, which would hasten the executive machinery to get these rents, I think it is all for the better In these circumstances we should try and help the Government with speedy recovery of rent for which much time is being wasted.

Sir, it was stated that Government has already several regulations under which these recoveries or unauthorised occupation of accommodation can be enforced any way As I have said, in the case of these land sites, which fall within the towns and cities, or in the case of house accommodation for the Government employee it has not been possible nor convenient, in time and effort, to get the places vacated. I would, therefore, strongly recommend to the House that we approve of this Ordinance.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): Sir, I will not take more than two minutes. I will make just a brief reference to the important issues raised by Mr. Akhtar. In the body of the Ordinance, the words 'public purpose' have been used, but his grievance is that they have not been defined. I think, as at Advocate, Mr. Akhtar should have known that any use to which the Government properties may be put by the Government is a public purpose.

There is abundant case law which goes to show that property requisitioned for the accommodation and residential purpose of even an officer has been held by the superior courts to be of public purpose. It is too well-known and it is too notorious and need not be defined. The member also expressed apprehension about the possible abuse or misuse of this law. I assure him that the Government and its agencies to whom these powers may be delegated will not use this Ordinance capriciously, callously or arbitrarily. About the fate of low paid employees the member expressed apprehension and I assure him again that the Government will not be only just to them but generous too. He made a reference about the possibility of rules being framed. I once again assure him that these rules will amply take care of the apprehensions which the member has expressed and adequate safeguards will be provided in the rules to see that this law is not abused or misused. He also made a grievance about the ouster of jurisdiction of the civil courts. The Ordinance itself has ousted the jurisdiction of the civil courts and vested that power in the Government and that is the purpose of the Ordinance itself. To have left the courts open to interfere with the orders of the Government or its official agencies passed under this Ordinance would definitely have defeated the very purpose of this legislation. To wind up, I assure this House that this legislation is in the best interests of every one, including the Government, and the members need have no apprehension on this score and should join hands to pass this resolution unanimously.

Mr. Speaker: I will now put the question.

The question is —

That the Assembly do approve of the West Pakistan Government Lands and Buildings (Recovery of Possession) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN FAMILY COURTS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

Mr Speaker: Next motion, please.

Minister of Law: I beg to move –

That the Assembly do approve of the West Pakistan Family Courts (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

Mr. Speaker : The motion moved is —

That the Assembly do approve of the West Pakistan Family Courts (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 4th April, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Minister of Law : Sir, the House is aware that Act XXXV of 1964, the Family Courts Act, was passed by this House in June, 1964. It received the assent of the Governor on 18th July, 1964 and was applied to 13 districts in November 1965. After its administration for a period of about five months certain complaints and suggestions came to the notice of the Government from various Bar Associations, Advocates and those interested in this legislation that certain lacunae were detected in it and that its smooth application was rendered rather difficult. Similar complaints and suggestions also appeared in the national Press and it was found necessary to remedy those defects as early as possible. The sailent features of this Ordinance are that under the Act, as it stood and I make it clear that this Act was passed by this Assembly and it was never issued as an Ordinance and if any lacunae were detected it would rather correct members that it is not all that goes well even with the Bills that are brought here before the Assembly and get the seal of the Assembly in the sense the members put on them. The salient features of the Ordinance are that under the Act there were certain applications pending before the District Courts under the Guardian and Wards Act and certain suits which relate to the subject which will now be exclusively within the purview of the Family Courts, the courts threw out those petitions and suits on the ground that this new Act had completely barred the jurisdiction of the courts, by which I mean the ordinary courts, where those applications and suits were pending with the result that without any adjudication or decision on merits those applications and suits were dismissed on that ground. This Ordinance, therefore, seeks to restore those applications which have been dismissed and those suits which have been dismissed on this ground alone by the courts and power has been given to the courts to proceed with those applications and suits right from the stage at which they were disposed of under the old Act.

The other salient feature of this Ordinance is that it further expands the number of courts and also the Judges who would deal with these matters under Family Courts Act. Under the old Act, before its amendment, it was only the District Judge who was competent or authorized to act as a Family Court. Reports came from the District Judges that on account of the enormous work already pending on their files these suits will take their own turn. The result was that the very object of having a summary disposal of these matters to be tried by Family Courts was completely frustrated and defeated. The scope has, therefore, been expanded and in addition to the District Judges power has also been given to the Additional District Judges and Civil Judges whom the District Judge migh think competent enough to deal with these matters. Provision has also been made to minimize.....

Mr. Speaker : I think Makhdum Sahib wants to brief you.

Minister of Law : Sorry, Sir, for the interruption.

Minister of Revenue : He has sent me some suggestion and, if necessary. I will pass it on to you, Sir.

Minister of Law : Sir, provision has also been made in this Ordinance that appeals against the decisions of District Judges will lie to the High Court and so also against the decisions of Additional District Judges. But in the case of a decision taken by a subordinate Civil Judge, the appeal shall lie to the District Judge; the idea being that there should be expeditious disposal of matters decided by the Family Courts. I hope, Sir, this legislation, which again goes to supplement the 1964 Act, the Family Courts Act, which Bill was sponsored by an lady member of this House who fortunately is a member again of this House after the new elections and all the ladies and their Associations who were interested in this legislation and had cried hoarse and passed resolutions actually succeeded in getting this Bill passed here in the Assembly and which got the shape of an Act, will be approved by the House. But I am subject to correction. If members of this House are still in a position to guide me that there is still something in this legislation which would go to serve the purpose which the lady member had in her in her mind at the time this Bill was moved, debated and ultimately passed in this House I will take no time to put it in order either by a Bill or even by an Ordinance to see that the legitimate rights of women are safeguarded and they get the relief which is due to them and which had been denied in the past.

Mr. Speaker : Memon Sahib none of the Lady Members is present in the House.

Minister for Law : This is my misfortune, Sir.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲)—جناب سپیکر - میں سب سے پہلے یہ کہنے کے لئے حقیقتاً دل سے مشکور ہوں کہ لامنسٹر صاحب نے بڑی فراخدلی سے یہ فرمایا ہے کہ وہ suggestions اور lacunas جنہیں اس آرڈیننس یا ایکٹ میں پایا جائے کو سننے کے لئے تیار ہیں کیونکہ انہوں نے ایکٹ کا reference دیا ہے کہ ایکٹ میں جو lacunas تھے ان کو دور کرنے کے لئے یہ ترمیم لائی گئی ہے - دراصل وہ یا تو ladies کے معاملے میں بڑے فراخدل ہیں یا یہ کہ انہوں نے ladies کے حقوق کو زیادہ اچھی طرح protect کرنے کی کوشش کی ہے - مجھے ان کے lacunas اور حقوق کے متعلق جو جملے انہوں نے کہے ان کے ضمن میں مجھے ایک reference دینا ہو گا جو ان کی اپنی ہی تقریر ہے - یہ جناب والا - ۳۰ جون ۱۹۶۴ء کی proceedings ہیں - اغلباً اس وقت وزیر قانون میمن صاحب

ھی تھے اور وزیر قانون کے heading سے وہ فرما رہے ھیں کہ مولانا صاحب کچھ عمر رسیدہ ھیں اس لئے شائد ان کا کچھ حافظہ کمزور ھے ۔ جب بیگم صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ کی طرف سے یہ بل پیش کیا گیا تھا تو ھم نے اس وقت یہ وعدہ کیا تھا کہ اس بل کو ایک اچھی اور بہتر صورت میں ھم لے آئیں گے ۔ ھماری بیگم . . . . . (قطع کلامیاں و قہقہے) ۔ یہ جناب میں proceedings پڑھ رہا ھوں میں غلط نہیں پڑھ رہا ۔ اگر اس میں کوئی غلط بات ھو تو میں اپنے الفاظ واپس لینے کو تیار ھوں ۔ بیگم صاحبہ نے یہ فرمایا کہ یہ بل میرے نام پر آجائے ۔ اس ھاؤس کے سامنے میں کہتا ھوں اور پہلے بھی میں نے کہا ھے کہ اس بل کا author میں ھوں میں نے ھی یہ بل بنایا ھے اور بیگم صاحبہ کو دیا ھے تاکہ ان کے نام پر آ جائے ۔

Minister for Law : Point of order Sir, would the Member please realise that this again will be a breach of the privilege. You have prepared the Bill and passed on to the Member.

Malik Muhammad Akhtar : These are your words. I am repeating your words.

Minister for Law : I had said the Lady Member had moved this Bill but I put in all possible efforts to see that this is a legal *(interruptions)*

Mr. Speaker : Those are your words, he says.

Malik Muhammad Akhtar : Then it is breach of my privilege.....

Minister for Law : Putting it in the name of somebody else is a different thing from giving it a legal shape .....*(interruptions)*

Mr. Speaker : The position stands clarified. Now please go on.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I don't know what was that. In any case, if you institute a Privilege Committee, I will be a Member. These are your words and must be taken as yours.

Mr. Speaker : The position stands clarified ; please go on with your arguments.

ملک محمد اختر—تو جناب والا ۔ اچھا میں اس سے زیادہ نہیں پڑھتا کہیں اور پرولیج کا مسئلہ نہ بن جائے ۔ تو خیر یہ بل ہاؤس میں پیش ہوا اور اس کے بعد کچھ lacunas اس میں detect ہوئے تو جو lacunas موجودہ شکل میں ہیں میں ان کو بھی عرض کئے دیتا ہوں کیونکہ میرا نظریہ جو ہے وہ تعمیری ہے ۔ عادت بری ہے پڑھنے کی اور پڑھنے کے بعد کہہ گزرنے کی ۔ تو بہر حال جو بھی lacunas ہیں وہ وہ میں عرض کئے دیتا ہوں ۔

وزیر قانون—آپ وہ لکھ کر دے دیں ۔

ملک محمد اختر—اگر آپ میری لکھائی دیکھیں تو یہ پائیں گے کہ مجھے لکھنا ہی نہیں آتا ۔

Minister of Law : I promise to give them to the Press.

ملک محمد اختر—اس میں ایک بہت زبردست غلطی ہے جو کہ اگر پہلی فرصت میں ٹھیک نہ کی گئی تو یہ ساری ترمیم ختم ہو کر رہ جائے گی ۔ میرا مقصد ہے کہ یہ دفعہ ۵ جو ہے اس ایکٹ کی جس کو آپ ترمیم کر رہے ہیں وہاں بھی میں سمجھتا ہوں کہ آپ جس چیز کو ترمیم کر رہے ہیں اس کے متعلق کچھ reference دی گئی ہے اور وہ یہ ہیں ۔

> "Subject to the provisions of Muslim Family Laws Ordinance 1961, and Conciliation Courts Ordinance 1961, the Family Courts shall have exclusive jurisdiction to entertain, hear and adjudicate upon matters specified in the Schedule."

Mr. Speaker : Is it Section 5 ?

Malik Muhammad Akhtar : Section 5 Sir, of the original Act.

Mr. Speaker : But they are not amending Section 5.

Malik Muhammad Akhtar : But Sir, he has invited lacunas and objections whatsoever can be suggested. It is just a point Sir.

Minister for Law : Sir, I have invited definitely suggestions but these are hardly relevant to be discussed here. You give me in writing these lacunas separately.

Malik Muhammad Akhtar : Then Sir, I would seek your permission for giving objection in this form. As the practice has been in this House for nearly a year or so, you have been always kind enough to permit a discussion on the original ordinance of the act while discussing the amendment on them.

Mr Speaker : Mr. Malik, you would not be relevant to that context. Please discuss the actual sections which have been amended by this ordinance.

ملک محمد اختر۔ All right Sir. جناب سپیکر ۔ اب میں اس آرڈیننس کی دفعہ ۲ کی طرف آتا ہوں جو یہ ہے ۔

"In the West Pakistan Family Courts Act, 1964, hereinafter referred to as the said Act, in section I, after sub-section (3) the following sub-sections shall be added....."

یہ clarify کرنے کے لئے جو سیکشن ۱ ہے مجھے اس کو پڑھنا ہو گا کیونکہ میں نے ساری اپنی بحث اسی ترمیم پر concentrate کرنی ہے اور ہاؤس کو روشناس کرنے کے لئے دفعہ ۱ پڑھتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر۔آپ اس کے principles مختصر طور پر بتا دیں ۔

ملک محمد اختر۔وہ تو ذرا سی دو تین لائینیں ہیں ۔

(1) This Act may be called the West Pakistan Family Courts Act, 1964.

(2) It extends to the whole of the Province of West Pakistan, except the Tribal Areas.

(3) It shall come into force in such area or areas and on such date or dates as Government may, by notification in the official Gazette, specify in this behalf."

جناب والا ۔ سیکشن ایک کے سب سیکشن (۳) میں جو لگایا ہے اس میں یہ لکھا ہے ۔

"Nothing in this Act shall apply to any suit, or any application under the Guardians and Wards Act, 1890, pending for trial or hearing in any Court immediately before the coming into force of this Act and all such suits and applications shall be heard and disposed of as if this Act were not in force."

جناب سپیکر ۔ مجھے اس ترمیم پر اعتراض ہے ۔ یہ جو ترمیم کی گئی ہے ۔ یہ اس طرح سے نہیں کی جانی چاہئے تھی ۔ اب یہاں بیان کیا جائے گا کہ یہ ترمیم اس لئے لائی گئی ہے کیونکہ کورٹ نے اس پر آرڈر دیا تھا کہ پہلے قانون میں یہ سقم رہ گیا تھا ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے ۔ یہ جو دفعہ (۵) ہے یہ چونکہ jurisdiction کا مسئلہ ہے اس لئے وہ relevant ہو جاتی ہے ۔

"Subject to the provisions of the Muslim Family Laws Ordinance, 1961, and the Conciliation Courts Ordinance, 1961, the Family Courts shall have exclusive jurisdiction to entertain, hear and adjudicate upon matters specified in the Schedule."

اب ایک ہی Schedule ہے جو اس طرح ہے :۔

1. Dissolution of marriage.
2. Dower.
3. Maintenance.
4. Restitution of conjugal rights.
5. Custody of children.
6. Guardianship.

جناب سپیکر ۔ میں کورٹ کے فیصلہ کو تو چیلنج نہیں کرنا چاہتا نہ میرے علم میں کوئی ایسا فیصلہ ہے جو میں نے دیکھا ہو ۔ بلکہ یہاں مجھے ایک اور مشورہ دینا ہے اگر آپ بحث کو طویل ہونے سے بچانا چاہتے ہیں ۔ تو جب آپ ایسی قانون سازی کریں جس کا تعلق سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ یا سول کورٹ کے کسی فیصلہ سے ہو تو آپ تمام کاغذات متعلقہ فائل میں لگا دیں ۔ اس سے ہمیں رہنمائی حاصل ہو سکتی ہے ۔ اور بحث کی طوالت کم ہو سکتی ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ دراصل لا منسٹر صاحب نے مجھے forestall کرکے یہ کہہ دیا ہے کہ یہ معاملہ ہاؤس میں پیش ہوا اگر کوئی سقم ہے تو یہ ہاؤس کی ذمہ داری ہے ۔

Minister of Law : To err is human.

Minister of Basic Democracies : Even the Member may err.

Malik Muhammad Akhtar : I err every day, Sir.

جناب سپیکر ۔ اب مجھے یہ اعتراض ہے کہ انہوں نے ایک اور سقم پیدا کیا ہے عذر گناہ بدتر از گناہ ۔ اب بتائیے کہ اس دفعہ ۵ کے ہوتے ہوئے جو میرے نقطۂ نظر سے خود ہی inconsistent ہے آپ کے ۱۹۶۱ کے مرکزی فیملی کورٹس آرڈیننس سے اور اس طرح سے وہ آئین کی دفعات کے ultra vires ہو جاتا ہے اب بتائیے کہ ایک Protected Law جسے بنیادی حقوق سے بھی انہوں نے protection دی ہے وہ آپ کی دفعہ نہ صرف اس سے تصادم ہے بلکہ ابھی یہ چیلنج نہیں ہوا ۔ جس دن چیلنج ہوا اسے خلاف آئین قرار دیا جائے گا ۔ پھر اس کے ساتھ سیکشن ۹ ہے جس میں arbitration council کی powers ہیں اور آپ نے یہاں پر لکھ دیا ہے ۔ Exclusive jurisdiction subject to the provisions of Family Courts Ordinance 1961. میں کہتا ہوں کہ یہ سارا دھندا ہی ختم ہے ۔ اس جسم میں روح ہی نہیں ہے یہ فیملی کورٹس آرڈیننس کو میں نے ہی refer کیا تھا کہ آپ یہ کہہ کر چھٹکارا حاصل نہ کر لیں کہ اسے ایک لیڈی ممبر نے پیش کیا تھا ۔ یہ جناب نے پیش کیا ہے ۔ یہ آپ کا قانون خامیوں سے بھرا ہوا ہے میرے پاس تین چار صفحے کا ایک ٹائپ شدہ نوٹ ہے ۔ اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو دکھا سکتا ہوں ۔ اس میں کم و بیش دس بارہ نقائص ہیں (قطع کلامیاں) ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا ۔ یہاں وہی فروگذاشتیں ہیں جو آپ آگے کر چکے ہیں ۔ سنٹرل لا میں آپ بی۔ڈی کے چیئرمین کو arbitrator بناتے ہیں ۔ اب بتائیے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ نے maintenance کی آئیٹم کے تحت مصالحتی عدالتوں کے اختیارات فیملی کورٹس کو دے دئیے ہیں ۔ یہ اس کا نقص ہے اور یہ اس میں تضاد ہے دوسرے قانون

کے ساتھ ۔ Guardians and Wards Act 1890 کے ساتھ ۔ اب بجائے اس کے کہ آپ ایک ترمیم لاتے کہ ہمارے یہ جو اختیارات ہیں وہ اس کو over ride کر جائیں گے ۔ اور پھر ہمارا کیا ہوا جائز ہو گا یا فیملی کورٹس کا جس میں یہ سارے مقدمات جائیں گے ۔ آپ نے اغلباً یہ کر دیا ہے جسے میں دہراتا ہوں :

"Nothing in this Act shall apply to any suit, or any application under the Guardians and Wards Act, 1890, pending for trial or hearing in any Court immediately before the coming into force of this Act and all such suits and applications shall be heard and disposed of as if this Act were not in force.

جناب والا ۔ بہتر تو یہ تھا کہ آپ اس ایکٹ کی دفعات کو over ride کرا دیتے دوسرے یہ جو Guardians and Wards Act 1890 ہے اور وہ جو pending trials and suits تھے وہ beneficial ہوتا اگر وہ اس کورٹ میں آ جاتے، جس کو آپ نے اتنے دعوے سے بنایا ہے جس کو آپ اتنا meritorious خیال کرتے ہیں جس کے متعلق آپ سمجھتے ہیں کہ آپ نے عورتوں کو فائدہ دیا ہے ۔ آپ اس قانون کی دفعات سے جو فائدہ جو facility ہم کو حاصل تھی اسے کیوں کم کر رہے ہیں ۔ آپ اس قسم کی منفی ترمیم لائے ہیں ۔ یہ غلط ہے آپ کو کوئی مثبت ترمیم کرنی چاہئیے ۔ میں اس " منفی ،، اور " مثبت ،، کی اصلاحات کو واضح کر دوں کہ آپ کو کچھ اس قسم کا قانون بنانا چاہئیے تھا جو آپ کے ایکٹ کے حق میں جاتا نہ یہ کہ جیسا آپ کی عادت ہے کہ ایکٹ میں جو اختیارات آپ نے اس ایکٹ میں ایک ہاتھ سے دئیے ہیں ۔ وہ دوسرے ہاتھ سے واپس لے لئے ہیں ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے ۔ کہ فیملی کورٹس کا یہ جو ۱۹۶۴ء کا قانون ہے یہ ۱۸ جولائی ۱۹۶۴ء کو نافذ ہوا ظاہر ہے کہ وکلا حضرات کورٹس میں پیش ہوئے ہوں گے ۔ اور کورٹس نے suomoto اسی وقت کہہ دیا گیا ہو گا کہ ہم ان درخواستوں کو جو pending ہیں ۔ try نہیں کر سکتے ۔ آپ کیسے حق بجانب ہیں کہ آپ نے ۴ اپریل ۱۹۶۶ء کو یہ ترمیم کی ۔ اندازہ فرمائیے

کہ آپ ڈیڑھ سال یا سوا سال کے بعد یہ ترمیم لے کر آئے ہیں اور یہ jurisdiction کا معاملہ ہے اور آپ کہتے ہیں کہ آپ سہولتیں دے رہے ہیں ۔ آخر اس تاخیر کا اور کام کو وقت پر نہ کرنے کا کون ذمہ دار ہے ۔ آپ اس بارے میں ہمیں مطمئن کر دیں آپ معزز ہیں ۔ آپ جو کہیں گے ہم مان لیں گے ۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر آپ سول کورٹ یا سپریم کورٹ میں جو فیصلہ ہوا تھا ۔ اس کو ریکارڈ پر یہاں پیپرز کے ساتھ لگا دیتے ۔ تاکہ ہم وہ دیکھ سکتے ۔ آپ کو چاہئیے تھا کہ آپ اسی دن اسی وقت اسی طور پر action لے لیتے اور چند دنوں کے اندر اندر یہ ترمیم لے آتے ۔ Courts کے جو presiding افسر ہوں گے ۔ انہوں نے کہہ دیا ہو گا ۔

Now, our jurisdiction is debarred or there is some confusion about this jurisdiction.

جناب سپیکر ۔ اب اس کے بعد میں amending section 2 جس کے ذریعہ سیکشن ۲ (۳) اور سیکشن ۴ اور سب سیکشن ۵ لگا دیا ہے ۔

"(5)—Any suit, or any application under the Guardians and Wards Act, 1890, which was pending for trial or hearing in any Court immediately before the coming into force of this Act, and which has been dismissed solely on the ground that such suit or application is to be tried by a Family Court established, under this Act, shall, notwithstanding anything to the contrary contained in any law, on petition made to it in that behalf by any party to the suit or application, be tried and heard by such Court from the stage at which such suit or application had reached at the time of its dismissal."

جناب سپیکر ۔ یہ جو سب سیکشن ہیں اس میں میرے جو خدشات تھے ان پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے ۔ hardships جو litigants کو under go کرنا پڑا وہ بھی واضح ہے ۔ اس سیکشن سے ظاہر ہوتا ہے کہ Guardians and Wards Act کے تحت courts application سننے کی مجاز تھی اور جتنی proceedings تھیں ان proceedings کو انہوں نے قریب قریب ختم کر دیا ہے ۔ آپ application کی dismissal کے بعد اس قدر تاخیر کے بعد قانون لے آئے ہیں مجھے اس پر مزید گزارش اور اعتراض کرنا

ہے کہ اس نقصان اور اس فروگزاشت کا کون ذمہ دار ہے ۔ یہ cost کون دے گا کیا حکومت ایسی provisions کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟ ان لوگوں کے متعلق اندازہ فرمائیں جنہوں نے Guardians and Wards, Act کے تحت یا اس قسم کی دوسری applications دی تھیں یا ایسے مقدمات جو کسی نا بالغ کی جائداد کے متعلق ہوں ان کے متعلق کیا ہو گا ۔ ایسے مثال کے طور پر ایک نابالغ کا guardian application دیتا ہے جس میں نابالغ کے گزارہ کے لئے ۔ بچوں کی تعلیم کے لئے ۔ نوجوان لڑکی جو اس وقت نابالغ تھی کی شادی کے لئے درخواست کرتا ہے ۔ آپ نے ۱۶ سال کی عمر مقرر کی ہے حالانکہ اسلام کے مطابق (مجھے ایسے references دیکھنے کا موقع ملا ہے جس میں age of puberty ۹ سال اسلام نے رکھی ہے) ایسا نہیں ہے ۔ آپ نے شرعی طور پر ۱۳ سال عمر کر دی ہے ۔ وہ درخواست نا منظور کر دی گئی ۔ آپ نے جو remedy دی ہے ۔ غلطی کو rectiy کرنے کا جو احسان کیا ہے اس کے لئے سال سوا سال کے بعد یہ قانون اس ہاؤس میں لا رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں اس amending ordinance کی دفعہ ۳ کی طرف آتا ہوں ۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر ۔ میں مودبانہ گزارش کر رہا تھا کہ اس ایکٹ کا سیکشن ۲ جو ہے وہ یہ ہے ۔

"Unless the text otherwise requires, the following expressions shall have the meaning hereby . . . ."

اس کے بعد مصالحتی کونسل ہے ۔ پھر فیملی کورٹ ہے پھر گورنمنٹ پھر پارٹی اس کے بعد definition لگائی گئی ہے ۔

"(2) Words and expressions used in this Act but not herein defined, shall have the meanings respectively assigned to them in the Code of Civil Procedure, 1908."

جناب والا ۔ ذرا سا reference دے کر آگے چلتا ہوں یہاں C. P. C. کی provisions کافی حد تک اس فیملی کورٹ ایکٹ میں نہیں رکھی ہیں ۔ تو definitions جن کو آپ شامل کر رہے ہیں میں نہیں سمجھتا یہ کس حد تک مفید ہوں گی ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے کہ فیملی کورٹس آپ نے اس قسم کی بنائی ہیں کہ اس میں مختصر trial کی provision کی گئی ہے اگر مختصر قسم کی provision جو کی گئی ہے تو اس کا طریقہ کار سول پروسیجر کوڈ میں کر دیا گیا ہوتا بلکہ مکمل طور پر سول پروسیجر کوڈ کے تحت جو عدالتیں ہیں ان کو اختیار سماعت دیتے تو یہ زیادہ واجب ۔ زیادہ موزوں اور زیادہ درست ہوتا ۔

جناب سپیکر ۔ میں ایک لمحہ بھی اس معزز ایوان کا ضائع نہیں کرنا چاہتا ۔ میں دفعہ تین اور چار کو چھوڑتا ہوں اور آرڈیننس کی دفعہ ۵ کی طرف آتا ہوں ۔ جس کی دفعہ " ۴ " میں ترمیم کرنا مطلوب ہے ۔ میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔

"No person shall be appointed as a Judge of a Family Court unless he is or has been a District Judge or is or has been a Civil Senior Judge or a Civil Judge First Class."

اب اس میں آپ نے نئی کلاز لگا دی ہے پہلی کلاز کو repeal کیا گیا ہے ۔

"4. No person shall be appointed as a Judge of a Family Court unless he is or has been a District Judge, an Additional District Judge or a Civil Judge."

تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو تفاوت کی گئی ہے اس میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کا لفظ استعمال کیا ہے میں سمجھتا ہوں اس میں کوئی حرج کی بات نہیں ماسوائے یہاں jurisdiction جو لاتے ہیں وہ تمام کی تمام ultra-vires ہیں ۔ آپ ۱۹۶۱ کے سنٹرل قانون کے تحت ان Judges کی maintenance کے لئے کم از کم powers نہیں دے سکتے ؟ maintenance بری بات نہیں ہے ۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر ۔ یہ آپ نے جو اتنے بڑے Judges لگا دیئے ہیں یہ اچھی ترمیم کی ہے ۔ آپ خیال کریں کہ Judges کیا کریں گے جیسا کہ ترمیم کی ہے ورنہ عجب نہیں کہ آئندہ سیشن میں کچھ مقدمات grop up ہوئے پھر آپ نئی ترمیم لائیں گے ۔ جب ۱۹۶۱ کے ساتھ inconsistent ہو گئی اس کو آپ rectify نہیں کر سکتے ۔ maintenance کے لفظ کو schedule سے نکالنا ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ دفعہ نمبر ۶ میں اس طرح کی اور ترمیم کی گئی ہے ۔ بہر حال میں اپنی بحث کو curtail کرتا ہوں ۔ کیونکہ میں نہیں چاہتا ۔ کہ اس پر طویل گفتگو کی جائے ۔ لیکن میں دوبارہ گزارش کرتا ہوں ۔ اور آپ کی وساطت سے اپنے فاضل وزیر قانون کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں ۔ کہ اس میں سب سے بڑا جو نقص ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ آپ نے maintenance کی جو jurisdiction دی ہے ۔ وہ نا واجب ہے ۔ اور آپ نہیں دے سکتے ہیں ۔ بہر حال اب تو یہ ہو چکا ہے ۔ اور اگر میں کہوں ۔ کہ اس کے بارے میں نیا آرڈیننس لایا جائے ۔ اور اسے Guardians and Wards Act سے immune کر دیا جائے ۔ تو اب یہ ممکن نہیں ہے ۔ بہر حال یہ ایک نقص تھا ۔ جس کو آپ نے rectify کر دیا ہے ۔ لیکن آپ نے جس طریقے سے کیا ہے ۔ مجھے اس سے اتفاق نہیں ۔ آپ کو چاہئیے تھا ۔ کہ وہ اختیارات عائلی عدالتوں کو دیتے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱)۔۔جناب سپیکر ۔ معزز ممبر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے ۔ اگر وہ "Law Reforms Commission" کی رپورٹ پڑھتے اور Commission on Marriage and Family Laws کی رپورٹ کا مطالعہ کرتے ۔ جو کمیشن صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے حکم سے ظہور میں آیا تھا اور جس کے چیئرمین جسٹس ایس ۔اے رحمان صاحب تھے تو شائد وہ یہ تنقید نہ کرتے ۔ کیونکہ اس رپورٹ میں صاف صاف

کہا گیا تھا کہ Civil Procedure Code اور Evidence Act قانون شہادت میں جتنی technicalities ہیں ان سے بالاتر ہو کر Family Laws کو بنایا جائے اور Special Family Courts بنائے جائیں تاکہ جلد اور آسانی سے ان مقدمات کے فیصلے کئے جا سکیں ۔ جہاں تک Family Courts Act کا تعلق ہے گو کہ یہ اپریل ۱۹۶۵ء میں پاس ہوا لیکن اس کا نفاذ نومبر ۱۹۶۴ء میں ہوا اور کچھ علاقوں کے لئے یہ قانون ۱۹۶۵ء میں نافذ ہوا تو عدالتوں کو اور عوام کو اس سے متعلق کچھ تکالیف ہوئیں کیونکہ اس میں کچھ خامیاں تھیں ۔ مثلاً سب سے بڑی خامی یہ تھی کہ جب یہ کہا گیا کہ صرف عالی عدالتوں یا فیملی کورٹس کو اختیار ہے یا ان کی exculsive jurisdiction ہے کہ وہ Dower-Maintenance Dissolution of Marriage اور Guardian.hip Custoday of Children Restitution of conjugal rights کے مقدمات کی سماعت کریں ۔ تو ایک confusion سا پیدا ہو گیا ۔ عدالتوں نے جہاں یہ مقدمات چل رہے تھے یا تو انہیں داخل دفتر کر دیا یا ان کی سماعت ملتوی کر کے ان پر تاریخیں دینے لگے یا پھر انہیں خارج کر دیا کہ وہ ان کی سماعت نہیں کر سکتے ۔ اس کے علاوہ بہت سے مقدمات ایسے تھے جن کے فیصلے تو ہو چکے تھے مگر ان کے متعلق اپیلیں ڈسٹرکٹ ججوں کی عدالتوں میں زیر غور تھیں ۔ وہ ڈسٹرکٹ ججوں نے خارج کر دیں کہ انہیں ان مقدمات سے اپیل سننے کا اختیار ہی نہیں ہے کیونکہ ایکٹ کی رو سے اپیل صرف ہائی کورٹ سننے کا مجاز تھا ۔ اس لئے ایکٹ کی دفعہ نمبر ۱ میں ذیلی دفعات نمبر ۴ اور نمبر ۵ ان حالات کا سدباب کرنے کے واسطے بڑھا دی گئی ہیں کہ جن عدالتوں میں Family Courts Act کے نافذ ہونے سے پہلے Guardian and Wards ایکٹ کے تحت مقدمات چل رہے تھے وہ ویسے ہی چلتے رہیں گے جیسے کہ فیملی کورٹس ایکٹ کا نفاذ ہی نہیں ہوا ۔ اور اگر وہ اس ایکٹ کے نفاذ ہونے کی وجہ سے خارج یا داخل دفتر ہو گئے ہیں تو ان کے متعلق ایک درخواست گزاری

جائے تو وہ برآمد ہو سکتے ہیں اور ان کی سماعت ویسے ہی ہو گی جیسے کہ فیملی کورٹس ایکٹ کا نفاذ ہی نہیں ہوا ۔ مثلاً جو مقدمات گارڈین اور وارڈز ایکٹ کے تحت چل رہے تھے اور دو تین سال سے ان کی سماعت ہو رہی تھی اور اب وہ تقریباً آخری مرحلوں پر تھے یا شہادتیں وغیرہ مکمل ہو چکی تھیں مگر اس فیملی کورٹس ایکٹ کے نفاذ ہونے کی وجہ سے یا تو اُن مقدمات کی سماعت ملتوی ہو گئی ہے یا خارج کر دیئے ہیں تو اب اس ترمیم کی بدولت اُن مقدمات کی سماعت ویسے ہی چلے گی اور پہلی کارروائی کے مطابق اُن کے فیصلے کئے جائیں گے ۔ بجائے اس کے کہ پھر نئے سرے سے اُن مقدمات کو شروع کیا جاتا اور دوبارہ شہادتیں وغیرہ گزاری جاتیں ۔ اس طرح دفعہ نمبر ۱ میں دو ذیلی دفعات نمبر ۴ و نمبر ۵ کو بڑھانے سے ایکٹ میں جو ایک بہت بڑی خامی رہ گئی تھی یا سقم تھا وہ دور ہو گیا ہے ۔ میرے خیال میں ہمیں اس ترمیم کو خوش آمدید کہنا چاہئیے کہ عدالتوں اور عوام کو جو تکلیفیں تھیں وہ اس ترمیم سے دور ہو گئی ہیں ۔

جناب والا ۔ دوسری بڑی ترمیم جو کی گئی ہے وہ دفعہ نمبر ۲ میں کی گئی ہے ۔ یہ ترمیم definitions سے متعلق ہے ۔ اس کے متعلق میرے فاضل دوست نے بھی ذکر کیا ہے ۔ اُنہوں نے بھی دیکھا ہو گا کہ بہت سے expressions جو اس ایکٹ میں ہیں اُن کی ایکٹ میں کوئی وضاحت یا تعریف نہیں ہوئی ہے ۔ تاکہ کسی قسم کی غلط فہمی باقی نہ رہے اور الفاظ اور عبارت سے کوئی اور مراد نہ لے لی جاوے یہ کہا گیا ہے ۔

"Words and expressions used in this Act but not herein defined, shall have the meanings respectively assigned to them in the Code of Civil Procedure, 1908."

مثلاً ایکٹ میں یہ نہیں کہا گیا کہ plaintiff کی کیا definition یا تعریف ہے defendant سے کیا مراد ہے ۔ اسی طرح written statement

اور suit سے کیا مراد ہے District Court کی کیا definition یا تعریف ہے ۔ اس لئے یہ ترمیم کی گئی ہے کہ Civil Procedure Code میں ان الفاظ یا عبارت کی جو تعریف ہے یا مراد ہے وہی اس ایکٹ کے لئے تعریف یا مراد لی جاوے گی تاکہ وکلا صاحبان اور عدالتوں کو interpretation یا تشریح میں کوئی دقت نہ ہو ۔

اس کے بعد تیسری بڑی ترمیم دفعہ نمبر ۴ میں ہے جس پر میرے فاضل دوست نے بہت اعتراض کیا ہے ترمیم سے پہلے اس ایکٹ کے تحت یہ مقدمات صرف ڈسٹرکٹ جج یا سول جج فرسٹ کلاس سن سکتے تھے ۔ چونکہ عدالتوں میں کام بڑھ گیا ہے اور اگر ڈسٹرکٹ جج اور سول جج درجہ اول صرف یہی مقدمات سنیں تو دوسرے مقدمات اور اپیلیں نہیں سن سکتے تھے ۔ اس کے علاوہ بہت سے علاقہ ہیں جہاں سول جج فرسٹ کلاس نہیں ہیں اس واسطے انہیں ان مقدمات کی سماعت کے واسطے دور دراز علاقوں میں جانا پڑتا تھا ۔ مثلاً راولپنڈی میں کچھ مدت پہلے کوئی سول جج فرسٹ کلاس نہیں تھا اور گوجر خان میں کوئی سول جج فرسٹ کلاس یا ڈسٹرکٹ جج نہیں ہے اس لئے یہ جو ترمیم کی گئی ہے اس کے ذریعے ڈسٹرکٹ جج ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج اور تمام سول جج ان مقدمات کی سماعت کر سکتے ہیں چاہے وہ فرسٹ کلاس سول جج ہوں، سیکنڈ کلاس ہوں یا تھرڈ کلاس ہوں ۔ اس ترمیم سے پہلے فیملی کورٹس ایکٹ سے یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی تھی کہ ان مقدمات کی صرف ڈسٹرکٹ کورٹس یا ضلعی عدالتوں میں ہی سماعت ہو سکتی تھی اور کہیں نہیں ۔ لیکن اب جو ترمیم کی گئی ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ ضلعی عدالتوں کے علاوہ جہاں بھی سول جج ہیں وہاں ان مقدمات کی سماعت ہو سکتی ہے ۔

چوتھی بڑی ترمیم دفعہ نمبر ۴ ا میں کی گئی ہے ۔ یہ نہائیت اہم ترمیم ہے ۔ کیونکہ یہ اپیلوں سے متعلق ہے ۔ فیملی کورٹس ایکٹ کے

تحت عالی عدالت سے براہ راست ہائی کورٹ میں اپیل ہوتی تھی ۔ دفعہ ۱۴ میں ترمیم سے یہ فائدہ ہوا ہے کہ جو مقدمات سول جج سنیں گے اور فیصلہ دیں گے اُن کی اپیل ڈسٹرکٹ کورٹس میں کی جاوے گی ۔ اور جو مقدمات ڈسٹرکٹ جج یا ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج سماعت کریں گے اور ان پر فیصلہ دیں گے انکی اپیل ہائی کورٹ میں کی جاوے گی ۔

جناب والا ۔ یہ جو ترامیم کی گئی ہیں ان سے ہمیں اور اُن وکلا صاحبان کو جو practice کرتے ہیں یقین ہو گیا ہے کہ فیملی کورٹس ایکٹ میں جو سقم رہ گئے تھے وہ تقریباً تقریباً دور ہو گئے ہیں ۔ اور ذاتی طور پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایکٹ کی دفعہ نمبر ۱ کی وجہ سے جو دشواریاں پیدا ہو گئی تھیں وہ اسے ترمیم کرنے اور اب اس کی ذیلی دفعات نمبر ۴ اور نمبر ۵ کی وجہ سے دور ہو گئی ہیں ۔

اس کے علاوہ appointment of civil judges اور ان کی jurisdiction کو بڑھانے سے بڑا فائدا یہ ہوا ہے کہ جہاں جہاں سول جج موجود ہیں وہ ان مقدمات کی سماعت کر سکتے ہیں اور اس طرح مقدمات کا جلد از جلد فیصلہ ہو سکتا ہے اور عوام کو اپنے علاقے سے دور جانے کی ضرورت نہیں رہی ۔ یہ تمام ترامیم عوام کے فائدے کے لئے ہیں اس لئے میری التماس ہے کہ انہیں منظور کیا جائے ۔

مسٹر محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲)۔۔جناب سپیکر ۔ جتنی ترامیم کی گئی ہیں ۔ میں ان کے متعلق صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ دفعہ نمبر ۲ میں جو ترمیم کی گئی ہے ۔ اس میں بلا شبہ تاخیر ہوئی ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ جب پہلا آرڈیننس جاری کیا گیا ۔ تو غالباً غلطی سے اس میں یہ تذکرہ نہیں کیا گیا تھا ۔ کہ pending cases کے متعلق کیا ہو گا ۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوا ۔ کہ تقریباً بیس ہزار مقدمات جو pending تھے ۔ وہ داخل دفتر ہو گئے ۔ اس کے بعد ہائی

کورٹ نے فیصلہ دیا ۔ کہ یہ قانون pending cases پر لاگو نہیں ہوتا ۔ تو اب دوبارہ اس کی وضاحت کر دی گئی ہے ۔ کہ واقعی یہ قانون ان pending cases پر لاگو نہیں ہوتا ۔ اور وہ مقدمات جن stages پر تھے ۔ اب شروع کئے جائیں ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ اس کا فائدہ نہیں پہنچے گا ۔ بلکہ اب جو نئے مقدمات عدالتوں میں دائر کئے گئے ہیں ۔ ان نئی ترامیم کے ہو جانے سے وہ مقدمات پھر پہلی ہی stage پر چلے جائیں گے ۔ اور جو بیس پچیس ہزار مقدمات اب اس کے بعد عائلی عدالتوں میں تازہ آ گئے تھے وہ اب پھر عدالتوں میں چلے جائیں گے ۔ تو اس طرح ان کا نقصان تو یقینی طور پر ہوا ۔ اور جس کی وجہ یہ توقف اور تاخیر ہے ۔

وزیر قانون صاحب کے اشارہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صحیح نہیں ہو گا ۔ لیکن مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ عدالتوں میں اتنے cases پڑے ہیں کہ میں حیران ہوں کہ اس کے بعد ان کا کیا حشر ہو گا ۔ اس خیال سے یہ ترمیم درست ہے کہ Better late than never پہلے جو صورت تھی وہی اب یہاں ہے ۔ لیکن ان پر خاطر خواہ کوئی اثر نہیں ہو گا ۔ وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ اس میں اگر کوئی suggestions آتیں تو وہ انہیں قبول کر لیتے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ Family Courts Act کو ملاحظہ فرمائیں ۔ اس کے schedule سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جن معاملات کے متعلق یہ courts jurisdiction رکھتی ہیں ان میں یہ بھی ہے کہ dissolution of marriage ہو سکے ۔ لیکن اگر کوئی عورت جو دعویٰ دائر کرتی ہے کہ وہ کنواری ہے یا اس کا کوئی نکاح نہیں ہوا یا وہ یہ کہے کہ میرا نکاح زبردستی ہوا ہے میں اسے تسلیم نہیں کرتی ۔ لہذا استقراریہ ڈگری دی جائے کہ میں کنواری ہوں یا متبادل صورت ہو یا وہ کہے کہ میرا نکاح منسوخ سمجھا جائے ۔ فلاں فلاں وجوہات کی بنا پر جو اکثر تنسیخ نکاح کے دعوے میں

ہوتی ہیں اب عدالت اس قانون کے تابع یہ کہے گی کہ schedule کے مطابق dissolution of marriage کے ساتھ ہمارا تعلق نہیں اور ہم declaratory decree نہیں دے سکتے ۔ اور اب اگر وہ Family Courts میں جاتی ہے ۔ کہ مجھے declaratory decree دی جائے نہیں تو dissolution of marriage alternately ہو تو وہ کہیں گے کہ چونکہ declaratory decree مانگی ہے اس لئے عدالت دیوانی میں جائے ۔ اس کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ۔ اس صورت میں اس کا دعویٰ کہاں جائے گا ۔ یہ بہت بڑا lacuna ہے ۔ آئے دن ایسے بے شمار مقدمات پیش ہوتے ہیں ۔ اس میں ان کا کوئی ذکر نہیں ۔ آپ ان کی تکالیف کو ملاحظہ فرمائیں کہ وہ کہاں جائیں ۔ موجودہ cases جو pending ہیں اب Civil Courts سے اٹھا کر Family Courts میں لے جایا گیا ہے ۔ ان کے بارے میں کیا فیصلہ کریں گے ۔ ان کے لئے یہ قانون بالکل خاموش ہے ۔ ان کے لئے ایک ترمیم نہائیت لازمی تھی ۔ اس نقطہ کی طرف آپ کی فوری توجہ کا ہونا لازمی ہے ۔ آپ اس نقطہ کو ملاحظہ فرمائیں ۔ یہ معاملہ عام ہے اور تمام litigants کو جن کو اس کی ضرورت پڑتی ہے بہت نقصان ہو گا اصل مقصد یہ تھا کہ صنف نازک یعنی عورت جب عدالت میں جاتی ہے جیسا کہ آئے دن دیوانی عدالتوں میں انہیں تگ و دو کرنا پڑتی ہے ۔ اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کے لئے سادہ سا کوئی طریقہ اختیار کرنا چاہئے تاکہ ان کے مسائل حل ہو جائیں میں سمجھتا ہوں کہ proceedings کے لئے وکیل کا ہونا ضروری ہے ۔ اس کے بغیر نہ ڈرافٹ ہو سکتا ہے نہ گواہان کی لسٹ آسکتی ہے اور نہ ہی کوئی statement آسکتی ہے ۔ ان دفعات کی compliance کے لئے لازم ہے کہ کچھ کیا جائے اور ظاہر ہے کہ ہر آدمی نہیں کر سکتا ۔ لیکن ڈرافٹ وغیرہ تیار کرنے کے بعد وکیل عدالت میں جا کر کھڑا ہو جاتا ہے ۔ لیکن اسے cross examination کا حق نہیں دیا گیا ۔ ابھی ابھی ہائی کورٹ میں ایک case میں کہا گیا ہے کہ Cross examination is the fundamental rights.

اس کو نظر انداز کیا گیا ہے ۔ اگر آپ عدالت میں جائیں تو آپ کو پتہ چلے گا ۔ کہ وکیل کا وجود کتنا بے معنی ہے اور باوجود پیسے لینے کے وہ وہاں گنگ ہے ۔ کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ اور عدالت کو سمجھ لیا گیا ہے کہ وہ ملہم ہے اسے الہام ہو جائے گا ۔ مثلاً ایک آدمی کا قاتل وہاں کھڑا ہے اور وہ اس کے باپ کے خلاف شہادت دے رہا ہے لیکن وکیل کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ کیونکہ یہ fundamental right اسے نہیں دیا گیا ۔ یہ بہت بڑا نقصان ہے اور اس سے عدل و انصاف میں بڑی رکاوٹ ہے ۔ اس کے علاوہ دعویٰ دائر کرتے ہوئے ۔ /۵۰ روپے خرچ ہو جاتے ہیں بعض اوقات اشتہارات دینا پڑتے ہیں ۔ اشتہارات کی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے ۔ لیکن ہم میں سے کتنے پڑھے لکھے لوگ ہیں جو اشتہار پڑھتے ہیں یہاں کوئی ایسی provision نہیں تو پھر تین دن یا مقررہ دنوں کے بعد عدالت اس کے خلاف exparte ڈگری دے دیتی ہے ۔ یہ بڑا lacuna ہے ۔ جسے واضح نہیں کیا گیا ۔ اگر یہ سمجھا گیا ہے کہ اخبار میں اشتہار آجانے سے ہی کسی آدمی کو علم ہو گیا ہے تو theory کے اعتبار سے تو ممکن ہے درست ہو نظریہ کے اعتبار سے بھی درست ہو لیکن عملی زندگی میں ہم جانتے ہیں کہ یہ درست نہیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ ایسی provision ہونی چاہئے تھی کہ فریقین کو پوری طرح معلوم ہو جائے کہ وہ عمداً روپوش ہے ۔ عدالت میں نہیں آنا چاہتا اس کے خلاف exparte ڈگری ہو جاتی ہے ۔ اس طرح معاملات طے نہیں ہو سکتے ۔ میرا مقصد ہے کہ اخراجات میں کمی کرنے کی کوشش کرنی چاہئے تھی اور procedure کو simple کرنا چاہئے ۔ فریقین جب پہلی دفعہ عدالت میں آتے ہیں تو وہ دن انکی اصالتاً حاضری کے لئے رکھا گیا ہے ۔ اس وقت دونوں فریق وہاں compromise کریں اور پھر شہادت ہو ۔ پہلی تاریخ تو یوں چلی جاتی ہے ۔ یہ مشکل ہے کہ پہلی تاریخ میں اگر کوئی فیصلہ کر دے ۔ عموماً زندگی میں ہم نے دیکھا ہے ۔ کہ مقدمہ جتنا لمبا ہو جاتا ہے

اتنے ھی اخراجات بڑھ جاتے ھیں ۔ ھو سکتا ھے فریقین تنگ آ کر تھک کر گھبرا کر راضی نامہ کر لیں ۔ یہ مشکل ھے کہ پہلی تاریخ پر راضی نامہ ھو جائے اس provision کی ضرورت نہیں تھی راضی نامہ تو دوران مقدمہ میں کسی وقت بھی ھو سکتا تھا ۔ ایک تاریخ اور بڑھا کر ان کا خرچ بڑھایا گیا ھے اور اس procedure کو اور لمبا کیا گیا ھے ۔ میں کہتا ھوں کہ عملی زندگی میں اسے مشکل کر دیا ھے ۔ اگر ان چیزوں کو رفع کیا جائے تو بلاشبہ ھم کہہ سکتے ھیں کہ یہ ایک مفید مطلب قانون ھے ۔ اور ھم اس سے استفاد کر سکتے ھیں ۔ اور مقصد پورا ھو سکتا ھے ۔ اس میں کئی اور چیزیں ھیں جن کے لئے آئندہ اس ھاؤس میں ترامیم پیش ھونی چاھئیں ۔

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): A few points, Sir, require clarification. Before this Bill was brought here before the House, a draft was sent to High Court and was approved by the High Court before it was actually debated here and passed. Malik Muhammad Akhtar raised the objection that the pending proceedings before the District Judges under the Guardians and Wards Act should not have been saved or restored as this Ordinance has done but should have been brought within the purview and jurisdiction of the Family Courts. If the Member would take the trouble of reading Guardians and Wards Act itself, it lays down that the Family Courts will deal with a matter which is covered by the Guardians and Wards Act under the procedure laid down therein. So that if a matter pending before the Court of Wards under the Guardians and Wards Act before it is taken, had been transferred to the Family Courts, it might have entered de novo proceedings and have taken more time instead of cutting short. It was, therefore, necessary that the proceedings pending before the District Courts under Guardians and Wards Act should be allowed to remain there. The procedure recommended by the Member as laid down under the Procedure Code is very cumbersome and dilatory, and the procedure that has been laid down to be followed under this Act is the one which has been recommended by the authors of the Law Reforms Commission.

A few points have been raised by Mr. Yusuf Khan. The first one being that a declaratory suit has been excluded from the purview of this Act. I accept that it has been excluded deliberately as a declaratory suit involves very complicated issues as he himself pointed out that a declaratory suit is filed where a woman, I would say an un-married girl, claims that she was never married and the Court should so declare a procedure that has laid down, and of which he actually made a complaint that even they are not allowed cross-examination. It was thought that it would be too dangerous to allow a Family Court to deal with adeclaratory suit.

Khan Muhammad Yusuf Khan : Sir my submission was declaratory suit in the alternative suit for dissolution of marriage, where will that suit be instituted ?

Minister of Law : It will be instituted before the ordinary Civil Court if it is a suit for a declaration. It is not necessary that the two prayers should be combined in one suit. If it is a suit for the dissolution of marriage it will go to the Family Court but if it is a suit for a declaration it will go to the ordinary Civil Court.

Mr. Speaker : That is a permissible form . . . .

Minister of Law : It is permissible no doubt, Sir but the difficulty is not there. Now the plaintiff has to make up her mind. If she wants to contest a suit—and have a declaratory suit—the ordinary Civil Court is open to her. If it is a suit for getting the marriage annulled or dissolved she has to go to the Family Court.

Mr. Speaker : That means, it has now become obligatory for her to make up her mind before the institution of the suit.

Minister of Law : Yes. The purpose I have explained that it will be too dangerous to expose her to go to the Family Court and make a prayer for a declaration where very complicated and delicate issues will be involved. In any case, it is a question of policy. If the Member feels and if the House feels that it is a matter which should go to the Family Court to be tried under a summary procedure I, on my part, will have no objection. What I am trying to explain is that this is not a lacuna. It is not that a declaratory suit has been deliberately excluded from the purview of the Act. This is not an omission.

" 'Loan' means a loan (including any transaction which in the opinion of the Registrar is in substance a loan), whether of money or in kind, which is not secured or is insufficiently secured, and taken from Co-operative Society by any person, whether a member of such society or not, or from a co-operative bank by any person but not a co-operative society, and includes—
(f) any amount....."

میں اس کو جناب سپیکر دھرانا نہیں چاہتا پہلے (ایف) پر اپنی گزارش کرتا ہوں—

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی عمد وریال میمن) — preamble سے شروع کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ وہ بعد میں لے لوں گا ۔

Mr. Deputy Speaker : Order please; go ahead Mr. Akhtar.

ملک محمد اختر—چونکہ اس پر چند باتیں بھی کہنی ہوتی ہیں ۔ اس لئے میں چاہتا ہوں ۔ کہ اسے بعد میں لے لیا جائے یہاں loan کی جو definition دی گئی ہے وہ یہ ہے ۔

" which in the opinion of the Registrar is in substance a loan....."

جناب سپیکر—loan کی جو definition ہے وہ اتنی غیر واضح ہے ڈکشنری میں اس کا مطلب قرضہ ہے جسے سب لوگ جانتے ہیں ۔ مگر یہ provide کر دینا کہ جو چیز رجسٹرار کی صوابدید میں قرضہ ہوگی اسے قرضہ قرار دیا جائیگا ۔ آپ یہ قانون قرضہ کی بازیابی کے لئے لائے ہیں اس سے

خدشہ ہے کہ کچھ ایسے advance جو قرضہ کے طور پر نہ لئے گئے ہوں ان میں آپ کے اس قسم کی definition دینے سے جو ضامن ہیں وہ بھی سزا کی دفعات میں شامل ہو جائینگے چلئے اگر آپ نے ایک چیز جو equity and justice کے خلاف ہے کرنی ہی تھی تو آپ نے یہ اپنے رجسٹرار کی صوابدید کیوں رکھی ہے ۔ رجسٹرار بڑا افسر ہوتا ہے ۔ میں ان کی مشینری کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ کہ مشینری یہ ہے ۔ فیلڈ سٹاف جو سروے کر کے سفارش کرتا ہے تو قرضہ دیا جاتا ہے ۔ اگر آپ نے قرضہ کی بازیابی کرنی تھی تو یہ طریقہ نہ تھا آپ کو نئی مشینری مقرر کرنی چاہئے تھی کہ آپ اس سٹاف کو سزا دیتے ۔ جس کی غلط سفارش سے یہ unsecured قرضے دیئے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں رجسٹرار کتنا بھی دیانتدار ہو ۔ وہ اپنے ریکارڈ کے مطابق فیصلہ کرتا ہے ۔ وہ فوراً ہر چیز کی پوری پوری تحقیقات نہیں کر سکتا ۔ میں اس بات کو مختصر کرتے ہوئے عرض کرتا ہوں ۔ کہ آپ اس بات میں حق بجانب نہیں کہ رجسٹرار جس نے خود قرضہ دیا ہو اس کی صوابدید پر چھوڑ دیا جائے ۔ کہ وہ کسی رقم کو قرضہ دے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد ایک اور دلچسپ اور مزے دار بات یہ ہے کہ loan میں کیا کیا شامل ہوگا ؟

loan کی تعریف میں ہے :—

" ..... whether of money or in kind ..... "

آپ ہی بتائیں یہاں kind کا مطلب کیا ہے ؟ میں تو سمجھا نہیں ۔ اغلباً کسی کو کوئی میٹیریل سپلائی کیا گیا ہوگا ۔ kind کی صورت میں اگر کسی کو loan دیا ہے ۔ تو وہ خود بخود اس میں شامل ہو جائیگا ۔ اس definition پر مجھے دوسرا اعتراض یہ ہے جیسا کہ comprehensive and indefinite loan کی term ہے کہ اس definition میں صرف اسی کو قرضہ قرار دیا گیا ہے ۔ جو غیر محفوظ ہو یا کافی طور پر محفوظ نہ ہو ۔

جناب والا ۔ loan کے item میں یہ بھی شامل کر دیا گیا ہے کہ جو insecure ہو یا insufficiently secure ہو یعنی جو secured loan ہو وہ loan کی آئیٹم سے باہر ہو گیا ۔ آپ نے دیانتداری سے ایک اچھا قانون بنانے کی بلاشبہ کوشش کی ہے مگر آپ کی جو عبارت ہے اس میں بڑا ابہام ہے تو کیا آپ اس کے لئے نیا قانون بنائینگے کیونکہ وہ اس قانون کے ضمن میں نہیں آتی فرض کیجئے آپ کا دس لاکھ کا loan ہے ۔ اور وہ آپ کے نظریہ کے

مطابق وہ secured ہے ۔ آپ اس جائیداد کو اس kind کو فروخت کرتے ہیں وہ چھ لاکھ میں فروخت ہوتی ہے ۔ آپ کے ریکارڈ میں loan secured ہے تو کیا آپ مقدمہ اس قانون کے تحت کریں گے یا کیا آپ اسے عام قرضہ تصور کرتے ہوئے دوسرے قانون کے تحت عدالت میں جائینگے یہ جواب طلب بات ہے اس کا جواب دیں کہ اگر یہ دوسرے قانون کے تحت عدالت میں جائینگے تو قانون کا مقصد فوت ہو کے رہ جاتا ہے ۔ قرضہ کی جلد باز یابی نہیں ہوتی ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے اگلی سطر میں یہ ہے ۔

"...and taken from a co-operative society by any person whether a member of such society or not,."

یہ جناب والا ۔ اس برائی کی جڑ اس وقت پیدا ہوئی جب آپ نے کوآپریٹو سوسائٹیوں کا جو قانون پنجاب اور فرنٹئر میں تھے اس کی دفعہ ۲۹ (۴) سے exemption عطا فرما دی ۔

Minister of Law : Mr. Akhtar, I think you will take about ten minutes more.

ملک محمد اختر ۔ تھوڑی سی تقریر کرنے دیجئے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ کوآپریٹو سوسائٹیز کے جو ممبر حضرات نہ تھے فساد کا باعث بھی ہوئے ۔ ۱۹۴۷ء میں کوآپریٹو سوسائٹیز کو جب آپ نے اجازت دے دی کہ وہ rural credit دینے والا بنیا جو تین قسم کا credit ہمیں دیتا تھا ایک تو وہ ہمیں نقد روپیہ دیتا تھا ۔ دوسرے وہ ہماری فصل خریدتا تھا ۔ (بنیا پنجاب میں کہتے تھے) تیسرے وہ دیہات میں عام چیزوں کا سپلائر بھی ہوتا تھا ۔ اس کے جانے کے بعد جب حبیب بنک اور آسٹریلیشیا بنک ہی باقی رہ گئے تو اس وقت کوآپریٹو بینکوں کو یہ اجازت دی گئی کہ ایسے علاقہ جات میں جہاں ایسی banking نہیں ہو سکتی تھی وہاں پر قرضہ جات دیں لیکن اسے misuse اور abuse کس طرح سے کیا گیا ۔ ایسے علاقہ جات میں قرضہ جات دیئے جہاں ضرورت نہ تھی مثلاً لاہور میں کافی قرضہ جات دیئے گئے ۔ اس وقت آپ کی کوآپریٹو سوسائٹیز کو بڑا فروغ حاصل ہوا ۔ مجھ جیسے آدمی جن کا کوآپریٹو سوسائٹیز سے تعلق نہ تھا ۔ انہوں نے fictitious membership حاصل کی ۔ یک لخت ممبر سازی کا نمبر بڑھ گیا نمبر بڑھانے کے بعد وہی لوگ جو managing

کمیٹی کے ممبر تھے - انہوں نے یہ کہا کہ اپنے ہیاسی loans کے لئے اور ان لوگوں کو قرضہ دیا گیا جو کوآپریٹو سوسائٹیز کے ممبر نہ تھے - اس طرح سے جناب سپیکر - آج ہمیں یہ definition کرنی پڑی - کہ وہ ایسے لوگ جو ممبر نہیں ان کو بھی loan کی item میں include کیا گیا مجھے صرف ایک فگر کا حوالہ دینا ہے - اور وہ فگر یہ ہے کہ ہمارے ۱۹۲۹ء میں ۱۲ بینک تھے - ۲۲ کروڑ ۸۰ لاکھ جن کا قرضہ تھا - اور اس کے مقابلہ میں اب ہم نے کم و بیش کروڑوں روپیہ قرضہ کوآپریٹو سوسائٹیز کے بینکوں کو کمرشل ادارے قرار دے دیا ہے - جناب سپیکر - اس طرح سے جو مقصد تھا وہ پورا نہ ہوا - جب non-muslim evacuees چلے گئے - جو رورل کریڈٹ کا کاروبار کرتے تھے ان کو substitute کرنے کے لئے تین ادارے رکھے ہیں -

ایک آپ کا ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ بینک ہے - ایک آپ کی کوآپریٹو سوسائٹی ہے - تیسرے جو ان کا تقاوی کا طریقہ کار تھا - یعنی اس میں جو بہترین حصہ تھا وہ کوآپریٹو سوسائٹیز کا تھا اور ہم اسے کمرشل ادارے گردانتے تھے - میں اس تفصیل میں نہیں جانا چاہتا - میں لاہور میں رہتا ہوں میں نے دیکھا ہے کہ انہوں نے بلیک مارکیٹنگ کی - جو ان کے پاس کپڑا تھا یا کوئی اور چیز تھی وہ diesel پرمٹ اپنے آدمیوں سے جاری کرواتے تھے اور ان کے پاس یہ چیزیں فروخت کرتے تھے - اور پھر وہ چیزیں بلیک مارکیٹ میں جاتی تھیں -

جناب سپیکر - آپ بتائیں کہ ہماری ۸۰ یا ۹۰ فیصدی دیہاتی آبادی ہے - اس کا کس طرح گلہ گھونٹا گیا ہے - اس کا کس طرح گلہ دبا گیا ہے - وہ مراعات جو ہم انہیں دیتے تھے ان سے چھین لی گئیں - اور کوآپریٹو سوسائٹیز کو bank کر کے رکھ دیا گیا - جناب سپیکر - مجھے افسوس ہے میں اسکے متعلق کافی کہہ چکا ہوں اب وہ بات جو loans کی item میں آئی ہے -

"any amounts which is due from any such person to a co-operative society or a co-operative bank, whether taken as a loan or not"

جناب والا - آپ ایسے charges کو لا رہے ہیں - آپ ایسے معاملات کو لا رہے ہیں اور جو آپ کا اصل مقصد

ہے object and reason ۔ آپ کا other recovery of loan جو منشا ہے ان سے آپ دور ہیں ۔ کیونکہ آپ کا منشا ہے کہ recovery of loans جو وہ وصول کی جائیں ۔ اگرچہ recovery کیلئے اتنی لمبی قید ہے ۔ جب وہ شخص آئے گا تب وہ اس کا نشانہ نہ بنے گا ۔ نشانہ بننا چاہئے جس نے بھی فراڈ کیا ہے ۔ لیکن آپ دیکھیں کہ اس ایکشن کے لئے آپ کی جو سزا ہے بنیادی حقوق اس وقت نہیں ہیں میں یہ بات کہہ دوں اگر آپ برا نہ منائیں ۔ جب بنیادی حقوق آ جائیں گے جو آپ non-payment کی صورت میں ۷ سال کی سزا ہے وہ ساری کی ساری میں سمجھتا ہوں چیلنج ہو کر altra vires ہو جائے گی ۔ اس طرح سے مجھے گزارش کرنا ہے ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر ڈپٹی سپیکر—آرڈر آرڈر

ملک محمد اختر—جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ آپ سیکورٹی کو چھوڑیئے آپ سزا دلوا لیجئے ۔ ہم بھی کہتے ہیں کہ بنیادی حقوق کے ہوتے ہوئے . . .

Minister of Revenue : May I make a submission, Sir, and I think I will have the support of all the members of the House. It is Friday today and, I think, we will adjourn at 12-30 P.M. So, it is no need to have tea break at 10-40 today.

Mr. Deputy Speaker : Is this the sense of the House that we should not have tea break today. (*Voices-yes*). There will be no tea break today at 10-40 a.m.

ملک محمد اختر—جناب والا ۔ اب مجھے loans کی جو دفعہ ہے اسکی شق ۲ کے متعلق عرض کرنا ہے ۔ یعنی اس میں ایک تو آپ نے original defaulter چھوڑ دیا اور ایک ایسا شخص جس سے کسی قسم کا متعلقہ dues تھا شامل کر دیا ۔

"Any amount due from any such person to a co-operative society or a co-operative bank under a decree passed by a Civil Court or an award given by an arbitrato or a decision of the Registrar, whether in exercise of his original or appellate jurisdiction,

یعنی آگے آپ یہ بتا رہے ہیں کہ ۱۳ فیصدی پہلے لیں گے اسکے بعد ۹ اقساط دیں گے ۔ اور 12 half yearly اقساط ہوں گی یعنی ۱۳ اقساط اس loans کیلئے دے رہے ہیں ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ جب ڈگری ہوگئی ۔ arbitrator کا award ہو گیا تو پھر loans کی item میں آپ شامل کرتے ہیں ۔ ڈگری تو آپ کی فوری recoverable ہے ۔ آپ loans

کی item میں شامل کرکے آسان اقساط لے رہے ہیں - اسکا بھی جواب دیجئے کہ موجودہ قانون کی فارم میں آپ اس سے کیسے نپٹیں گے -

جناب سپیکر - اب مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ سیکشن ۳ میں loans کی definition ہے -

"any loan due from any such person to a co-operative society or a co-operative bank which is the subject matter of any pending suit, arbitration proceedings, appeal or revision, whether under the Act or before any Court."

جناب والا - پھر وہی جھگڑا ہوگا جو کل ہوتا رہا ہے - Court of Wards میں آپ کی proceedings نہیں - آپ نے قانون بنا دیا سال ڈیڑھ سال تک سارا معاملہ معطل رہا - ان کو کچھ دینے کیلئے آپ کو نیا قانون بنانا پڑا - آپ اندازہ فرمائیں کہ آپ اس غلطی کو بھر دھرا رہے ہیں - اور وہ proceedings اس وقت کس قانون کے تحت چل رہی ہیں - ان proceedings کو loans کی item میں لانے کے بعد آپ کا کیا مطلب ہے کہ وہ proceedings ساری ختم کر دی جائیں گی یا ۳ ، آسان اقساط عطا کر دی جائیں گی یا اس سے آپ کی کیا مراد ہے کہ ان proceedings کو کیسے touch کر رہے ہیں - کیا یہ مطلب ہے کہ اگر کوئی دیوانی مقدمہ ہے (بلکہ آپ کسی کیس کا ذکر کر رہے تھے کہ وہ پانچ سال سے چل رہا ہے (وہ تین چار پانچ سال سے مقدمہ چل رہا ہے - اس کا جب ٹرائل ہوگا اس میں تاخیر ہوگی اور تمام دھندا ختم ہو جائے گا - پھر کیا کیا جائے گا - آپ کو چاہئے تھا کہ آپ اسے exempt کرتے - اس وقت جو ڈگری ہے اسکو ایسے طریقے سے وصول کریں کہ جو اس وقت proceedings ہیں وہ بدستور جاری رہیں - میری سمجھ سے یہ چیزیں بالاتر ہیں - پندرہ بیس روز میں پچیس تیس آرڈیننس لاتے ہیں - اور تمام آرڈیننس دو تین سطروں کے ہوتے ہیں - اور انکے پیچھے بڑی سی کتاب ہوتی ہے - اب آپ یہ اندازہ فرمائیں - کہ اتنا بڑا سندھ ایکٹ جس میں آپ ترمیم کر رہے ہیں - یا جسکے مطابق آپ اپنا قانون بنا رہے ہیں - کیا قانون بناتے وقت آپ نے ان باتوں کو دھیان میں رکھا ہے .....

راجا پھول محمد خان—پوائنٹ آف آرڈر— جناب سپیکر - معزز ممبر تقریر کر رہے ہیں - یا ہنس رہے ہیں -

Mr. Deputy Speaker : This is no point of order.

ملک محمد اختر—جناب سپیکر - میں گذارش کر رہا تھا - کہ اس طرح سے موجودہ proceedings کا اس پر جو اثر ہو گا - اور ان decrees پر جو اثر ہو گا - وہ اثر دور رس ہوگا تو اس طرح آپ نے

یہ تمام چیزیں اس آرڈیننس میں شامل کر کے کوئی اچھا اور مفید کام نہیں کیا ہے ۔ اب میں اسکی explanation کی طرف آتا ہوں ۔

Explanation—A loan is "insufficiently secured if it is not secured by mortgage, pledge, hypothecation or assignment of such property of the borrower or of his surety or of both, as in the case of a loan not exceeding thirty thousand rupees, the Assistant Registrar, and in the case of a loan exceeding thirty thousand rupees, the Registrar may think adequate;"

جناب والا ۔ اندازہ فرمائیے ۔ اب پھر وہی اعتراض ہے کہ رجسٹرار اور اسسٹنٹ رجسٹرار—چلئے ۔ ان میں کچھ اچھے لوگ بھی ہیں ۔ اسسٹنٹ رجسٹرار کو ہی لے لیجئے ۔ بعض ایسے بھی ہوں گے ۔ کہ جنکی connivance سے سارا دھندا کیا جاتا ہے ۔ ان کی سازش سے یہ loans دیئے گئے ہوں گے ۔ جنہوں نے بے نامی میں یہ loans رشتہ داروں کو دیئے ہوں گے ۔ آپ نے منیجنگ کمیٹی کے ممبران کو تو (ٹھیک ہے ۔ کہ) قابل گردن زدنی قرار دیا ہے ۔ لیکن ان افسران کا کیا بنیگا جو خود ہی قاتل ہیں اورخود ہی مسیحا ۔ انہوں نے خود ہی یہ loans بے نامی میں دیئے وہی اس fraud اور اس embezzlement کے part and parcel ہیں ۔ اور آپ ان کو ہی کہتے ہیں ۔ کہ وہی یہ قرار دیں کہ آپ کے جو pledges ہیں ۔ جو کہ آپ کی proper security form کرتے ہیں ۔ اگر جناب وزیر قانون اس کے لئے میری یہ تجویز مان لیں ۔ کہ اس قسم کے افسران کا بورڈ بنا دیا جائے ۔ بجائے اس کے کہ کسی individual یا کسی individual افسر کو یہ اختیارات دے دیئے جائیں ۔ کہ وہ یہ declare کریں کیوں کہ آپ کے سارے آرڈیننس کے پیچھے جو روح اور جذبہ کار فرما ہے وہ یہی ہے کہ قرضہ جات کی وصول یابی ہو سکے ۔ لیکن آپ کے رجسٹرار یا اسسٹنٹ رجسٹرار کا جو مسئلہ ہے ۔ میں اس سے اتفاق نہیں کر سکتا حالانکہ رجسٹرار اور اسسٹنٹ رجسٹرار کے سلسلے میں استثنیٰ بھی ہونگی ۔ لیکن اس کلاس نے منجملہ جو کردار ادا کیا ہے اس کے پیش نظر میرے خیال میں وہ ہمارے کسی قسم کے اعتماد یا رعایت کے مستحق ہی نہیں ہیں ۔ کہ ان سے وصولی کے لئے جو اقدامات ہم نے کرنے ہیں ۔ وہ ان کے ذمہ ہی لگا دیں (g) کو چھوڑ دیتا ہوں ۔ کیونکہ میں زیادہ لمبی باتیں نہیں کرنا چاہتا ۔

خان مکرم خان—وائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر— ان کا اعتراض تو ہمیشہ ایک ہی ہوا کرتا ہے ۔ اور وہ گورنمنٹ کی ہر تحریک کی مخالفت اسی بنا پر کرتے ہیں ۔ وہ پہلے تو اپنا اعتراض بتاتے نہیں

ھیں - اور لمبی چوڑی تقریر کر لیتے ھیں - اور اپنے کئے گئے اعتراضات کو بار بار ھر تحریک کے پیش ھونے کے بعد دھراتے ھیں اس طرح اس ایوان کا وقت ضائع ھو رھا ھے -

ملک محمد اختر—جناب سپیکر—میں یہ عرض کر رھا تھا - کہ دفعہ نمبر ۳ کافی ضروری دفعہ ھے -

"Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force or in any agreement or other instrument, award or decree of any Court, every loan outstanding for more than one year after the date when it was repayable, whether barred by limitation or not, in whole or in part, and every loan any instalment whereof was outstanding for more than one year after it became due, shall, unless repaid earlier, be repaid and secured in the manner provided in section 7."

مجھے اس میں Limitation پر اعتراض ھے . . . . . .

Mr. Deputy Speaker : How long will you take Malik Sahib?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I will take the whole day as long as I am relevant Sir.

Chaudhry Anwar Aziz : Point of order, Sir, who is going to decide whether he is relevant or not.

Mr. Deputy Speaker : The Chair will decide, you should know.

Chaudhry Anwar Aziz : But he is deciding himself that he is relevant.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, whenever I am not relevant you can just pull me out. I will try to be relevant. . . . . .

جناب سپیکر —اب مجھے یہ گذارش کرنا ھے - کہ آپ اسے limitation سے کیسے نکال سکتے ھیں - اس کا جو قانون ھے - وہ بالکل ھی ایک الگ چیز ھے - limitation میں آپ کو لازماً——یعنی جو retrospective loans ھیں آپ کے جو dead loans ھیں——دیکھئے آپ ذرا انصاف سے چلئے . . . . .

رانا پھول محمد خان — پوائنٹ آف آرڈر—limitation سے ملک صاحب کی مراد یونین کونسلوں کی limitation ھے - کیا وہ اس کے متعلق فرما رھے ھیں -

Mr. Deputy Speaker : That is not a point of order ; yes Malik Sahib.

ملک محمد اختر—جناب سپیکر—میں مودبانہ گزارش کر رھا تھا - کہ یہ limitation کی دفعات سے کیسے نکل سکینگے - یہ اسے retrospective effect کیسے دے سکیں گے - آپ اس کی وضاحت کیجئے - کیونکہ فرض کیجئے - کہ ایک قرضہ دس سال پہلے زائد المیعاد ھو چکا ھے اور آپ کی یہ رائے ھے - کہ اس کی وصولی کی جائے - تو یہ آپ کس طرح کریں گے - کہ آپ اسے limitation کی provision سے کس طرح نکال سکتے ھیں - اور یا پھر آپ fresh limitation لگائیں گے - جس سے کہ

limitation کی provisions واضح ہو جائیں - کیونکہ قرضہ جات کی بھی اقسام ہیں - آپ ان کو specify کریں کہ کسی قرضے کی میعاد کتنی ہوگی میرے خیال میں limitation کا جو مسئلہ ہے - اسے آپ اس طرح سے نہیں کر سکتے ہیں - اس کے بعد گذشتہ کافی سالوں سے آپ کی جو recoveries نہیں ہو رہی ہیں - اور ordinarily آپ کی جو limitation ہے - وہ میرے نظریے کے مطابق تین سال ہے - اور وصولی کے لئے تین سال کے بعد Co-operative Societies کے لئے کوئی special provision نہیں ہے - تو تین سال کی limitation کی proceedings سے آپکا جو مطلب ہے . . . آپ یہ دیکھئے - کہ . . . . میں اس ضمن میں دو چار اعداد و شمار دونگا - ۱۹۴۸-۴۹ء میں ۳۰۷ لاکھ روپے اور قرضہ دینے والے ۳۰۰۹ افراد تھے - ۱۹۴۹-۵۰ء میں ۶۵۳ لاکھ روپے واجب الوصول تھے - اور قرضداروں کی تعداد ۱۹۶۹۹ تھی - اسکے بعد ۱۳۵۳ لاکھ روپے وصول کرنے تھے - اور جنکو آپ نے قرضہ دیا تھا - ان کی تعداد ۲۲۱۲۹ افراد تھی - ۱۹۵۲-۵۳ء میں جو قرضہ آپ نے دیا تھا - وہ تھا ۱۰۳۱ لاکھ اور جنہوں نے قرضہ وصول کیا تھا - انکی تعداد تھی ۳۲۰۳۵ - تو اس طرح سے یہ قرضے بڑھتے ہی گئے - اور ان میں سے کافی تعداد میں لوگ باقیدار ہیں - اور یہ defaults پرانی ہیں آج سے پانچ سال قبل جب ۱۹۶۰ء میں آپ نے قانون بنایا تھا - تو اسوقت بھی defaults تھیں جو کہ میری دلیل کی حمایت کرتے ہیں - آج سے پانچ سال قبل بھی یہی حالت تھی - اور جو اعداد و شمار آپ نے فراہم کئے ہیں - ان سے پتہ چلتا ہے - کہ اس سلسلے میں آپکی وصولی insignificant ہے - اگر مارشل لاء حکومت کی برائی کو دور کرنے یا اسکا سدباب کرنے میں ناکام رہی ہے - تو وہ سب سے زیادہ انہی Co-operative Societies کا مسئلہ تھا - اور اسکے لئے ۱۹۶۰ء میں بھی جو اقدام کیا گیا تھا - وہ بھی بیکار ثابت ہوا تھا -

اب مجھے یہ گزارش کرنا ہے - کہ limitation کا جو مسئلہ ہے - اس کے متعلق میں کیا کہوں - کہ آپ حق بجانب ہیں یا نہیں ہیں - بہرحال اس میں آپ سزا کو جو with retrospective effect کر رہے ہیں - یہ کم از کم واجب اور درست نہیں ہے -

جناب سپیکر ۔ اب دفعہ ۴ میں یہ طریقہ ہے کہ کوآپریٹو سوسائٹی کے جو مینیجر ہوں گے ان کے لئے آپ نے یہ پروسیجر lay down کیا ہے ۔

"Every co-operative society and co-operative bank, through its Manager or Secretary, shall—

(a) when a loan obtained from it is not repaid by the date on which it is due for repayment, bring such fact, together with full details of the case and the particulars of the borrower and the surety, to the notice of the Assistant Registrar, when the amount of the loan does not exceed thirty thousand rupees, and to the notice of the Registrar, when the amount of the loan exceeds thirty thousand rupees ; and

(b) when so directed by the Registrar or the Assistant Registrar, as the case may be, within thirty days of receipt of such direction, furnish to the Registrar, or the Assistant Registrar, as the case may be, full information in respect of all cases of loans falling under section 3 required to be repaid or secured under section 7.

جناب سپیکر ۔ جب یہ معاملہ ان کے پاس پیش ہو گا تو دفعہ ۵ میں یہ کہیں گے ۔

On receipt of information under section 4 in respect of any loan, the Registrar or the Assistant Registrar, as the case may be, shall issue or cause to be issued a notice to the borrower and his surety requiring them to repay and secure the loan in accordance with the provisions of section 8.

جناب والا ۔ اس کے بعد اگلی provision ہے جس پر میں اپنی comments پیش کروں گا اور عرض کروں گا کہ یہ procedure ہاؤس کے سامنے پیش کرنا ضروری تھا ۔

(2) A notice under sub-section (1) may be served—

(a) by giving or tendering it to the person named in the notice ; or

(b) by enclosing it in a cover and sending such cover by registered post, acknowledgement due, to the last known address of the person named in the notice; or

(c) by affixing such notice on a conspicuous part of the last known residence of the person named in the notice; or

(d) by publication of the notice in a newspaper.

جناب والا ۔ جب یہ کراس آئیں گے تو پھر سیکشن ۶ میں جو طریق کار دیا گیا ہے اور جس پر مجھے کافی اعتراض ہے وہ یہ ہے ۔

"Where any borrower or his surety, to whom notice under section 5 is issued, does not admit the loan or any liability arising there from, such borrower or surety, as the case may be, shall, within thrity days of the receipt of the notice, submit, either personally or by registered post (acknowledgement due), a written statement to that effect to the Registrar or the Assistant Registrar, by whom such notice was issued or caused to be issued, and such Registrar or Assistant Registrar, as the case may be, thereupon shall cause notice to be issued to the co-operative society, or the co-operative bank, as the case may be, and in case of a benami loan, to the alleged beneficiary, and shall, after making such inquiry as he may consider necessary and giving the parties a reasonable opportunity of being heard, decide the matter."

جناب والا ۔ قابل اعتراض بات یہ ہے کہ adjudication کو یہاں جس وقت deny کرتا ہوں تو میرا مطلب یہ ہے کہ اس وقت رجسٹرار اور سب رجسٹرار کو منجملہ سب باتوں کے یہ بات کرنے کے اختیار دیئے گئے ہیں کہ فرض کیجئے کہ میرا تعلق نہیں یا میرا کسی لمیٹڈ کمپنی یا فرم سے یا ایسی سوسائٹی سے اتنا تعلق ہو کہ اس نے جو قرضہ لیا ہو اس کے لئے میرے حصہ میں کم liabilities آتی ہے ایسی صورت جب بنیادی طور پر میرا مقدمہ اچھا ہو اور سول کورٹ میں جانے سے منع کر دیا جائے تو اندازہ فرمائیے کہ جب آپ اپنے case میں جس میں documents execute کئے گئے ہوں اور loan deeds execute کئے گئے ہوں تو آپ ان loan deeds اور documents کو جیسا بھی چاہیں استعمال میں لائیں اور اس کے لئے Principal Debtor کے خلاف کارروائی فرمائیں لیکن surety یا ایسے شخص کو جو یہ کہے کہ کوئی loan claim نہیں کیا جا سکتا رجسٹرار یا اسسٹنٹ رجسٹرار کے رحم و کرم پر چھوڑ دیں میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی ناانصافی ہوگی ۔ آپ قدرے حق بجانب ہوتے اگر آئندہ کے لئے اس provision کا اعلان کرتے تو جو مناسب سمجھتا یا وہ ضمانت دیتا یا قرضہ لیتا یا کوئی بھی قصہ کرتا ۔ یعنی اس طرح آپ نے دیوانی عدالتوں کے دروازے بند کر دیئے ہیں میں سمجھتا ہوں ان اشخاص کے کالی زیادتی ہوئی ہے جو liability کے متعلق یہ دعوے کرتے ہیں اور ان کا اس کی liability سے کوئی تعلق ہے ہی نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہاں آپ نے جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ ایسے لوگوں کے لئے بھی surety کے لئے اور اس کے علاوہ دوسرے لوگوں کے لئے wide scope کر دیا ہے ۔ جس کا کسی قسم کا direct یا indirect یا کسی اور form میں تعلق ہوگا آپ اس کو طلب کر سکتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : You have repeated your point Malik Sahib. Avoid repetition as far as possible.

Malik Muhammad Akhtar : I will certainly, Sir. With pleasure I will obey your command.

جناب والا ۔ دفعہ سات میں اپ جو procedure یہاں تک آگیا ہے اس کے آگے دیکھئے آپ کیا کر رہے ہیں ۔

"Within sixty days of the service of the notice under section 5 in a case where the borrower does not deny the loan or the liability arising therefrom, and in the other case, within sixty days of the decision of the Registrar or Assistant Registrar, as the case may be under section 6, the borrower and his surety shall—

(a) secure the loan or the liability arising therefrom by mortgage, pledge, hypothecation or assignment of such property of the borrower or his surety or both as, in the case of a loan not exceeding thirty thousand rupees, the Assistant Registrar, and in the case of a loan exceeding thirty thousand rupees, the Registrar, may think adequate;"

(اے) کے متعلق تو میں عرض کر چکا ہوں یعنی رجسٹرار اور سب رجسٹرار کو اگر powers دیں تو میں ان کو bonafide نہیں سمجھتا ہوں کہ یہ اختیارات ان کو دئیے جائیں کیونکہ اگر وہ اپنی صوابدید کے مطابق حکم دے کہ جو ۳۰ ہزار کا قرضہ ہے اور صرف ۱۰ ہزار کا مال pledged ہے تو اسسٹنٹ رجسٹرار کہے کہ آپ قرضہ واپس دیں یا نہ دیں اور surety کو بھی اس کے مطابق عمل کرنا ہو گا اس کے آگے جو کلاز ہے وہ یہ ہے ۔

"(b) repay fifteen percent of the loan within six months of the service of notice under section 5, when he does not deny the loan or the liability ...."

جناب والا ۔ آپ ۱۰ فی صدی کی میعاد پر مجھ سے agree کریں گے اگر یہاں minimum کا لفظ بھی رکھتے تو کوئی justification بھی تھی آپ نے ۱۰ فی صدی کر دیا ہے اب بتائیے کہ جو آدمی دینا چاہے یعنی کوئی شخص دینا چاہتا ہے اور قانوناً اسے دینا بھی چاہیئے تو اس کے لئے آپ نے ۱۰ فی صدی قرضہ کر دیا ہے اگر اس میں آپ minimum کا لفظ add کر دیتے تو زیادہ واضح بات ہو جاتی ۔

Mr. Deputy Speaker : It is not the maximum. It does not mean that you cannot pay more.

وزیر قانون ۔ ہم کر لیں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ تو اس کے متعلق پھر کیا آپ اور آرڈیننس لائیں گے ۔ جناب والا ۔ یہ ۱۰ ۔ پرسنٹ demand کریں ۔

وزیر قانون ۔ اختر صاحب آپ جو کچھ کہہ رہے ہیں میں نوٹ لے رہا ہوں ۔

ملک محمد اختر — جناب والا ۔ اب "سی" کو لیجیے ۔

"repay the balance of the loan in twelve equal half-yearly instalments, the first instalment being due six months after the expiry of the period specified in clause (b)."

یعنی ۱۰ ۔ پرسنٹ دینے کے بعد آپ بتائیے کہ ۱۳ ۔ اقساط کیوں دے رہے ہیں یہاں پر اگر آپ اپنے کسی آفیسر کا discretion ہی کر دیتے تو میں سمجھتا کہ آپ انہیں غلط اختیار دے رہے ہیں لیکن جناب لا منسٹر صاحب یہ تو بتائیے کہ اگر کسی سے فوری طور پر کوئی چیز قابل وصولی ہو تو یہ ۱۳ ۔ اقساط ساڑھے ۶ ۔ سال میں اور ۸۰ فیصدی جو balance رہ جائے اسکی ادائیگی بعد میں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نامناسب اور ناواجب ہے ۔ اور میں سمجھوں گا کہ آپ نے غلط طریقہ کار اور omission سے یہ سہولت دے دی ہے ۔ مجھے یہ بتائیے کہ جب اسکی جائیداد ہے جب اسکے assets ہیں اور آپ کو دوسرے قوانین کے بذریعہ کورٹ سے ڈگری حاصل ہو سکتی ہے ایسی صورت میں ۸ کہاں کا انصاف ہے کہ آپ اس سے کہیں کہ ۱۰ ۔ فیصدی دے دیں اور اس کے بعد آپ ۱۳ ۔ اقساط بھی دے دیں ۔ آج مجھے صبح یہ خیال آ رہا تھا کہ اگر گورنمنٹ اس کا نام سندھ میموریل آرڈیننس رکھتی تو زیادہ اچھا ہوتا کیونکہ سندھ کی تاریخ میں یہ بڑا اچھا اور اہم قانون ہے تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جناب میمن صاحب نے ان کو ۱۳ ۔ اقساط دیکر انکی رعایت تو نہیں کر دی ۔

Mr. Deputy Speaker: This Act applies to the whole of West Pakistan.

Malik Muhammad Akhtar: But, Sir, the defaulters are from South.

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo): Not only from South but all over West Pakistan.

Malik Muhammad Akhtar: Most of these are from South.

Mr. Deputy Speaker: We have similar laws for the whole of West Pakistan.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ وہ جو انہوں نے فیگرز دیے وہ اسی علاقہ کی تھیں اور زیادہ defaulters اسی جگہ کے ہیں ۔

I stand corrected Sir. I should not say so. This may not injure anybody's feelings.

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ۳ ، اقساط جو کر دی گئی ہیں ۸۰ فیصدی قرضہ کی ادائیگی کے لئے یہ واجب نہیں ہے اب آگے آئیے

"If the amount of any loan or any part thereof to be repaid in accordance with the provisions of section 7 is not paid within the period or the periods specified in the said section, the same may, without prejudice to the provisions of section 10, be recovered according to the law and under the rules for the time being in force for the recovery of arrears of land revenue."

آپ اندازہ فرمائیے کہ ایک طرف تو آپ کی یہ دفعہ ہے اور دوسری طرف ایک اور دفعہ ہے اسے میں وہاں پر عرض کرتا ہوں

"Whoever contravenes any of the provisions of this Ordinance or the rules made thereunder shall be punishable with imprisonment for a term which may extend to seven years, or with fine, which, in the case of default in the repayment of a loan, shall not be less than one fourth of the amount of the loan outstanding against him, or with both."

جناب والا ۔ ایک طرف آپ ۷ سال کی سزا دفعہ ۱۰ میں دیتے ہیں اور پھر recovery of arrears of land revenue میں ۳۰ دن کی سزا ہے تو بتائیے کہ آپ اس میں کیسے امتیاز کریں گے یہ ایک ہی قانون میں دو مختلف چیزیں ہیں اور یہ دراصل قانون میں lacuna ہے

Mr. Deputy Speaker : What is the lacuna, I don't see.

ملک محمد اختر ۔ ایک طرف تو ۳۰ دن کی سزا دیتے ہیں ،

When you make recovery of arrears from him as arrears of land revenue.

Mr. Deputy Speaker : That is not a punishment; that is a mode of recovery.

Malik Muhammad Akhtar : You can punish over there. The Collector can just lock him up.

Mr. Deputy Speaker: Until he pays the loan. That is not a punishment but that is a mode of recovery.

Malik Muhammad Akhtar : But in any case there are two punishments; in the first case, there is an ordinary imprisonment of thirty days, and in the other case, it is seven years. They could have rectified it. We should have a better law. This law is going to be in our statute book and it may continue for 40, 50, 70 or 80 years.

تو میں یہ عرض کر رہا تھا اور مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ یہ attachment آپ اس وقت کر سکیں گے جس وقت آپ کے ۱۰ فیصدی payment کا default کرے یا ۸۰ فیصدی میں کسی قسط میں default کرے مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ payment کے لئے جو ہم انہیں یہ سہولت دے رہے ہیں وہ سہولت نہ دینی چاہئے ہمارا یہ

طریقہ کار ہونا چاہئیے کہ فوری طور پر under ordinary law دفعہ ۱۰ کو منہا کر دیا جائے لیکن آپ نے قرضوں کی وصولی کی جو لاتعداد سہولتیں اور لا محدود ٹائم دے دیا ہے کہ قرضوں کی ادائیگی ہوتی رہے اور اس سلسلے میں جو اصل مقصد جناب لا منسٹر صاحب نے اپنے بیان میں فرمایا ہے اس کے متعلق میں بعد میں عرض کروں گا یہ کافی سے زیادہ مراعات دے دی ہیں ۔ یہ کم و بیش ۷ سال کا عرصہ ۔ ۔ ۔ اب مجھے جناب ایک اور خدشہ ہے اور وہ کیا خدشہ ہے میں عرض کرتا ہوں کہ آج میں نے arrears کوآپریٹو سوسائیٹیز loans کے ادا کر دیئے اور آج میرے پاس جائیداد ہے اور جائیداد سے میں ۱۰ فیصدی ادا کرتا ہوں اس کے بعد بقایا ساڑھے ۶ سال میں جو دینا ہے تو میں اپنی immovable property sale کر دیتا ہوں یا میں اسے کسی طرح سے ٹھکانے لگا دیتا ہوں تو بتایئے کہ اگر ایک آدمی گر رہا ہو collapse ہو رہا ہو تو اس کا ساڑھے ۶ سال بعد arrears کیا ہوگا ممکن ہے کہ وہ اپنے پیروں پر کھڑا ہو جائے جیسے کہ بعض لوگ اپنے پیروں پر کھڑے ہو جاتے ہیں تو یہ جو ساڑھے ۶ سال کی سہولت دی ہے وہ آپ نے اصولی طور پر غلط دی ہے اور یہ آپ کے loans کی ادائیگی نا ممکن ہو جائے گی ۔ اور ساڑھے ۶ سال بعد اس کے arrears بہت ہو جائیں گے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میں اگلی دفعہ نہیں چھیڑتا ۔ اس کے بعد مجھے دفعہ ۱۱ پر آنا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر—دس کے بعد تو گیارہ ہی دفعہ ہے ۔

ملک محمد اختر—جناب میں نے دفعہ ۸ کو refer کیا تھا اور دفعہ ۸ کے بعد ۱۰ کی تھی اور ۹ چھوڑ دی تھی ۔ اب دفعہ ۱۱ یہ کہتی ہے

"No Court shall take cognizance of any offence under this Ordinance except on a complaint in writing made by the Registrar or an Assistant Registrar, or by a person duly authorized by the Registrar or Assistant Registrar."

یعنی آپ کے بینک کے ڈائرکٹرز یا مینیجنگ Committees جو ہیں ان کی پاورز تو کم کر کے رجسٹرار اور اسسٹنٹ رجسٹرار کو پاورز دے دی ہیں آپ انصاف فرمائیے کہ یہ لامحدود پاورز جو آپ رجسٹرار اور اسسٹنٹ رجسٹرار کو دیتے ہی چلے جا رہے ہیں اور انہیں نا خدا بنا رہے ہیں اس میں آپ کسی قسم کی ترمیم کریں بلکہ میں لا منسٹر صاحب سے ایک وعدہ لوں گا کہ اگر اس کی اچھی functioning ثابت نہ ہو تو وہ وعدہ کریں کہ اس کی برائیاں ترمیم

کر کے یعنی یہ نہیں کہ دو چار سال دیکھتے ہی رہیں بلکہ next سیشن میں کوئی نہ کوئی form ہمیں suggest کریں اور متعلقہ وزیر صاحب کاش ان کے پاس ہی محکمہ رہے وہ ہم کو ایک رپورٹ دیں اور ان خدشات کا ازالہ کریں جو میں نے ایسے اختیارات کے متعلق یا رجسٹرار اور اسسٹنٹ رجسٹرار کے پاورز کے سلسلے میں کہی ہیں اور اگر آپ دیکھیں کہ proper مشینری work نہیں کر رہی ہے تو جناب گورنر صاحب سے suggest کریں اور ان کو رائے دیں کہ وہ ان تمام امور کو ٦ ماہ کے بعد طے کریں اور اگر مناسب سمجھیں تو کوئی ایسی ترمیم لائیں جس سے یہ مراعات جو آپ نے دی ہیں ان facilities سے استفادہ کیا جاسکے اور اگر اس کے باعث کوئی نقائص درپیش ہوں تو انہیں دور کیا جا سکے - جناب والا - میں دفعہ ١٢ کو چھوڑتا ہوں اب دفعہ ١٣ یہ ہے -

"No Court or other authority shall have jurisdiction :—

(a) to entertain or adjudicate upon any matter which the Registrar or the Assistant Registrar is empowered by or under this Ordinance or the rules framed thereunder to dispose of or determine ; or

(b) to question the legality or validity of anything done under this Ordinance or the rules framed thereunder by the Registrar or an Assistant Registrar".

تو جناب والا - یہ سول کورٹس کو میں سمجھتا ہوں اگر آپ نے debar کرنا تھا تو ایک بڑی اچھی suggestion تھی کہ آئندہ اگر آپ اس چیز کو قابل قبول سمجھیں تو ضرور اس پر عمل کریں یعنی یہ کہ اگر آپ نے ہائی کورٹ میں کسی رجسٹرار کے خلاف ایکشن کو appealabl بنا دیا ہوتا تو بہت اچھا تھا - آپ سول کورٹس کو جب debar کرتے ہیں تو اس ضمن میں ہماری دو قسم کی رائے ہیں دو قسم کا خیال رکھتے ہیں ایک تو یہ کہ آپ کہتے ہیں کہ آپ طویل طریقہ کو مختصر کرنا چاہتے ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ سول کورٹس کو ان کی پاورز سے debar کر دینا کوئی اچھی چیز نہیں اور آپ اندازہ فرمائیے کہ سول کورٹس کو اس طرح سے debar کر دینا کہ وہ کچھ نہ کر سکیں تو یہ ایک غلط چیز ہے - خدارا اتنا تو کر دیجئے کہ ہائی کورٹ میں ہو ایگزیکٹو کے آرڈرز ہیں وہ directly appealable ہو جائیں - میں کہتا ہوں کہ سول کورٹ پر ہم سب کا اعتماد ہے اور ہونا بھی چاہئے اور رہے گا کم از کم ایسی پرویژن کر دی جائے کہ مظلوم پارٹی ہائی کورٹ میں جا سکے اور ہائی کورٹ کی original jurisdiction ہو اس میں کچھ

اس قسم کے رولز بنا دئیے جائیں جو کہ آپ بنانے کے لئے competent ہیں - پراونشل لیجسلیچر اس چیز کو کر سکتی ہے - کہ ایگزیکٹو کے جو آرڈرز ہوں جو ایکشن ہو وہ appealable ہو جائیں ان کو appealable بنا دیا جائے - ان کو وہاں پر آرٹیکل ۹۸ کے تحت ان کے متعلق درخواست دی جا سکتی ہے - آپ ان کو appealable بنا دیں اور اب جناب میں دفعہ ۱۳ (۲) کی جو کلاز ہے وہ عرض کرتا ہوں -

"No Court or other authority shall be competent to grant an injunction or other order in relation to any proceedings before the Registrar or the Assistant Registrar, or anything done or to be done by or at the instance of the Registrar or the Assistant Registrar under this Ordinance or the rules framed thereunder."

تو یہ بھی نئی بات ہے اس پر میں عرض کروں گا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ مجھے ایک اور گذارش بھی کرنی ہے کہ جب میمن صاحب نے بیان دیا تو اس دن کی اخبار کی کٹنگ میرے پاس ہے اور اس پر میں نے سوالات بھی کئے ہیں لیکن ہم پارٹیوں کے نام واشگاف نہیں کرنا چاہتے لیکن یہ تو فرمائیے کہ جہاں پر servant debtors ہوں یہ کیا پیارا لفظ ہے servant debtors کا - لفظ تو دو ہیں - یعنی بڑے بڑے لوگوں نے جو بے نامی پر اپنے سرونٹس کے نام پر loans حاصل کئے ہوئے ہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ اس بے نامی کو establish کرنے کے لئے کیا پروسیجر ہوگا - کیسے آپ ثابت کر سکیں گے کہ یہ بےنامی loans ہیں - اس کے لئے فلاں آدمی ذمہ دار ہے - پھر وہی difference of opinion آ گیا ہے - بے نامی قرضہ جات کی embezzlement کا جو پروویژن ہے وہ دفعہ ۴۰۶ اور ۴۰۹ تعزیرات پاکستان ہیں اگر کسی افسر نے بے ایمانی کی ہو تو اس کے خلاف ۴۰۹ میں جائیے اگر کسی ڈائیریکٹر نے یہ کام کیا ہو تو اگر وہ ۴۰۹ میں نہیں آتا تو اس کے خلاف ۴۰۶ میں جائیے - وہاں تو پولیس کا ڈنڈا ہے اور سی - آئی - اے - کا اور یا آپ کی سپیشل پولیس ہے وہ تو کسی نہ کسی طریقہ سے رشوت لے لیتے ہیں - جہاں ان کو رشوت ملے وہیں تو وہ dig out کرتے ہیں - یا پھر آپ کا اینٹی کورپشن ڈیپارٹمنٹ ہے ویسے میں مانتا ہوں کہ دو ایک اچھے افسر بھی آپ کے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اینٹی کورپشن ڈیپارٹمنٹ وہ تو establish کر لیتے ہیں بے نامی کو کہ کس نے کیا - کیا کیا اور کیوں کیا - لیکن میں پوچھتا ہوں کہ آپ کے پاس کون سے طریقے ہیں - کون کون سا پروسیجر ہے

یہ تعین کرنے کا - یہ طے کرنے کے لئے کہ بے نامی کے افسران کون ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ بے نامی کے افسران سارے فساد کی جڑ ہیں - اس بے نامی کو آپ کیسے پکڑیں گے - تو یہ میرا اعتراض ہے اور میں گزارش کروں گا کہ آپ جواب دیں تاکہ میں اپنی بات کو نہ دوہراؤں - دوسرا میرا اعتراض How to dig out this 'benami' business یہ ہے کہ زلف یار کی طرح جو آپ نے لمبی لمبی قسطیں کر دی ہیں اس سے assests وہ زیادہ آسانی سے خرد برد کر سکیں گے یعنی وہ assests جو immovable property کے ہوں گے - اور تیسرا میرا اعتراض یہ ہے کہ رجسٹرار اور اسسٹنٹ رجسٹرار کو لا تعداد اختیارات دے دیئے گئے ہیں اور چوتھی بات جو میں نے عرض کرنی ہے وہ یہ ہے کہ سول کورٹس کے اختیارات کو کم کر دیا گیا ہے بلکہ انہیں ان کے اختیارات سے debar کر دیا گیا ہے - آپ کو اس کا کوئی حل سوچنا چاہئیے -

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat - II) : Sir, I am not going to bore you with any long speech because most of the points have been covered. I think the learned Law Minister's brilliant exposition in the press interview was very very elucidating. I think, we are all in support of this every welcome piece of legislation to save most important and vital department of the Government, that is, the Co-operative Societies, from complete ruination. There are one or two suggestions that I would like to bring to your notice. All these loans, which give macabre reading when you look into the amounts that have been advanced by the co-operative societies, which have been given; have you taken any steps to investigate as to who were the persons who authorized these loans ? I think, the officials of the department are as much guilty of advancing these loans, in particularly they have done it, on not adequate security. There is another danger which I don't think has been understood by me. May be that you explain it. Supposing somebody declares himself bankrupt; what are you going to do in that event of bankruptcy ? Thirdly, you have given powers almost under the Civil Procedure Code to the Registrars and Assistant Registrars. I have no object to that. But the law of Evidence might be violated because the Registrar or the Assistant Registrar may not be having full legal knowledge. Supposing the Fundamental Rights or something of that nature comes in and the Registrar having no full knowledge of the Civil Procedure Code may be acting in a manner which may be violating the Civil Procedure Code or the Law of Evidence or other things of this nature and probablyon thatbasis somebody goes to that High Court whatwill be the position in thatcase. I wouldrequest you that just because the legal system, as it is very very complicated and when people not well-versed in legal matters are incharge of these things then there is a danger of violation of laws.

Minister for Communications and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo) : Sir, sufficiently has been said about the Co-operation Department on the earlier two ordinances which were discussed in this House and passed. As regards this ordinance, I would like to place facts before the House as to what were the reasons that compelled the Government to come forward and promulagate this ordinance. First, I would like to give a brief history and background of the Co-operation Department which started as early as 1913 and, at

that time, the Co-operative Societies were formed with the intention that credit facilities should be provided to the small land holders because they were facing otherwise difficulties to finance their development projects for their lands. Sir, this facility continued and worked very effectively up to the year 1947, that is to say, up to the time of Partition. After Partition, what happened, the Non-Muslims who were running the Commercial Banks which were working previously, left for India, and the Government had to come forward and call upon the Co-operative Department to take up financing functions to fill the vaccume created by the Non-Muslims as they left India. Regarding the other subject of Commerce, Sir, after the creation of such a situation, the Co-operative Banks were ordered to grant loans to the individual persons whether they were land holders or businessmen. While the banks were in the hands of a few individuals, these individuals took the entire money for their own benefit, and the result is today that there are about 50 crores of rupees outstanding against the various individuals and the societies in the Province. Here, I would like to mention that out of 50 crores, 12 crores are lying out standing against the societies while the other 38 crores are outstanding against various individuals. Out of these 38 crores, Sir, 12 crores are outstanding against those few individuals whose amount exceeds rupees 50 lakhs per person. Now, Sir, you can very well imagine that without this law which is now under discussion, how it is possible for us to take drastic steps to recover the money from these defaulters.

Sir, Malik Muhammad Akhtar has raised an issue regarding the un-secured loans, as to how the Government intends to recover them and what would be the fate of these loans as that is not provided in this Law. Sir, as far as unsecured loans are concerned, I must mention here that out of these 38 crores which are outstanding against various individuals, nearly, 90 per cent are the unsecured loans and that is the why this ordinance has come. With its help, we will able to take drastic steps to effect recoveries. So far as the remaining 10 per cent, we will deal them under the ordinary law which is already in existence. Sir, on the earlier two ordinances which remained under discussion in this House, it was suggested by some of the Members that why we should not appoint a Committee to probe into the working of the Co-operative Department and come to a final conclusion and improve the present difficulties. I may assure the House, in this connection, that we are sympathetically considering that proposition and very soon a Committee will be appointed which will represent the Government and the Non-officials who have sufficient co-operative experience.

Sir, some points have been raised by Malik Sahib, one of them being as to what would be the fate of the persons who obtained 'Benaami' loans and how these loans would be recovered. Sir, there are hundreds of persons who had taken 'Benaami' loans in the names of their servants and relatives having at the same time no property in their names. In some cases, Sir, the 'Benaami' loan supposing, stands in the name of 'A' and his address is given as at Lahore or Karachi nor something like that but he is not there. And it is really difficult to find a person as to where he is. But I am sure that with the efforts of my officers of the Department, we will be able to locate these people and collect the amount from them.

Sir, the powers have been given to the Registrars of the Civil Courts so that they may hold inquiry and finally come to a conclusion as to how and who is at fault and how recoveries should be effected. Previously it was a lengthy procedure and the persons used to go to the Civil Courts and it used to take years altogether to come to a conclusion as to who is at fault and how he is to be dealt with. To streamline the procedure, they have been so authorised, and I am sure that they are sufficiently experienced to finally come to a conclusion and make effective recoveries.

Malik Muhammad Akhtar stated during the course of his speech that he would like to know the results of this work after the lapse of six months when we meet again in December. In this connection, I assure him that we will be looking forward to placing the fact before the House as to what we have done in the last six months. With these few words, I request the House to approve the Ordinance.

Minister for Law and Parliamentary Affairs (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, if you permit me I will take only two minutes to reply to the queries raised by Mr. Aslam and Mr. Akhtar as I owe a duty to them.

The Minister Incharge has already said here that a Committee is under contemplation which will consist of officials and non-officials and the question as to how these unauthorised transactions took place and loans were advanced on wholesale and retail basis, will surely be looked into. It is true some of the officers who are responsible for this, are no longer in service. They have been retired-one of them being retired compulsorily because of this. Some officers are not now under the administrative jurisdiction of the Provincial Government. But after consulting the records it will not be difficult for the Government to reach them wherever they may be along with those defaulters. Mr. Aslam expressed doubt as to what will happen if anyone of them is declared bankrupt or in solvent. I can only say this as we say.

پھر تو اللہ بیلی ہے جو زیادہ طاقت والا ہے ۔

But every little pie that he has, every inch of property that he has and wherever it may, concealed or unconcealed, will surely be exposed of and the Government will lay hands upon it. He will never be spared. About the powers given to the Registrars and Assistant Registrars, as I have already made it clear, the powers of the High Court under Article 98 of the Constitution remain in tact. They survive and have not been affected, so that if there is anything which is against the fundamental rights, any Registrar or Assistant Registrar does not become amenable to the administrative control and superintendence that the Government exercises upon its officers. If it is found that the officers is not amenable to any control, he either remains in the Department to act according to law or will have to leave. Even if that does not prove as a sufficient deterrent, the doors of the High Court are always open.

Mr. Akhtar expressed as to how 'Benaami' transactions will be exposed. Let me assure him that it is the sixth sense which will expose them. The sixth sense will tell us who is who and who is the really 'Benaami' beneficiary under this loan and, as the Minister Incharge has promised in the next six months when we meet again, he will give you the results which, I am sure, you will appreciate. Let those who are the defaulters and have been benefitted in the past on account of their political influence realise once for all that time has come when they are going to meet their waterloop; their dooms days are very near. And it is in their interest that they must come out with payment. Whatever properties are there with them will be attached before judgement. The powers the officers have under the Co-operative Societies Act, their transactions will not be permitted to be mutilated in the names of the transferees. All possible legal action will be taken against those people and they should realise that earlier they do it the better it will be for them. It is in their interest to pay the dues like honest men and they will see that they gain. But if they still persist and feel that they can gain by dishonesty, let it be told to them rather brought home to them that dishonesty shall never pay....

Mr. Deputy Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Co-operative Societies and Co-operative Banks (Repayment of Loans) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April 1966.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN CRIMINAL LAW (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

Mr. Deputy Speaker : Next motion.

Minister of Law : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April, 1966.

Mr. Deputy Speaker : Motion moved is:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April, 1966.

Malik Muhammad Akhtar: Opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon) : Sir, the Ordinance has been opposed in exercise of the Constitutional right but I expect that Malik Akhtar and other Members here in this House at least will see and permit the passage of the Resolution in respect of this Ordinance today before we break.

This Ordinance, Sir, seeks to amend the Criminal Law Amendment Act of 1963 which has been in operation for the last two and a half years. In the process of its actual working decisions have been recorded by the High Court and the Supreme Court. Some practical difficulties have been pointed out by the Officers who actually implement and put this law into effect and as a result thereof it became necessary to amend this law. This House is aware and it is a matter of public record that in some cases the Commissioners referred cases to the Jirga after separating the offences (committed by accused persons) which are included in the Schedule and, therefore, referable to the Jirga from those non-scheduled offences to be tried by an ordinary Court. Some decisions were taken by the Commissioners separating the scheduled from the non-scheduled offences. Matters were taken to the High Court. These decisions were challenged and the High Court held that this bifurcation or separation of scheduled from non-scheduled offences is not permissible under the law. It was also decided by the High Court in some cases that before taking a decision and making a recommendation to the Commissioner by the Deputy Commissioner whether any case should or should not be referred to a Jirga the District Magistrate sent for the record and proceedings of cases pending before the High Court. The High Court has objected that this is not permissible.

Likewise, in some places it was found that besides the Additional District Magistrate, S.D.M. and Section 30 Magistrates there was still room for 1st Class Magistrates to be entrusted with the task of presiding over Jirgas because there were not sufficient number of Section 30, S.D.Ms. and Additional District Magistrates.

Then, Sir, there are some provisions about giving powers to the District Magistrates regarding the disposal of property and the cancellation of bail before the cases were referred to a Jirga. In order to supply these provisions and to obviate the difficulties which were experienced in the course of implementation of this law, as pointed out by the High Court, this Ordinance was undertaken and it has made a provision in regard to all the points which I have with all possible brevity placed before this House.

Sir, I would request the House to please join hands and pass the Resolution so that this Ordinance may go through.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر۔ اس سے قبل جیسا کہ اس ہاؤس میں نہایت ہی اچھی پریکٹس ہو گئی ہے کہ میں revelant ہو کر بات کروں اور اس طرح اچھی باتیں کہنے کا مجھے موقع مل جاتا ہے - میں اس ترمیمی آرڈیننس جس کے ذریعہ ہمارا جو فوجداری قانون کا ضابطہ ہے اس میں مختلف تراسیم کی گئی ہیں اس کی دفعہ ۹ کی طرف آتا ہوں - ورنہ مجھے تمام جرگہ کے قانون کے ساتھ اور یہ جو آپ نے Ordinary Course of Law سے ہٹا جو طریقہ اختیار کیا ہے اس کے ساتھ بھی قطعی طور پر اتفاق نہیں لیکن جو دفعات آپ نے یہاں پھر شامل کی ہیں ان کے متعلق ہی عرض کر سکتا ہوں اور عرض کروں گا - سب سے پہلے آپ نے نئے آرڈیننس کی دفعہ ۹ کے تحت یہ امنڈمنٹ کی ہے - اگر آپ اجازت دیں تو ساری امنڈمنٹ عرض کر دوں - ورنہ اس کی سمری عرض کرتا ہوں - یہاں ایکٹ کے پہلا شیڈول Part 'A' میں دفعہ ۱۶۶—۱۶۷ کی addition کی ہے - دفعہ ۳۹۲ اور ۳۹۷ جو Pakistan Penal Code کی ہیں اس کو یہاں add کیا گیا ہے - اسی طرح ''س،، میں بھی آپ نے غالباً دفعہ substitute کی ہے - ۳۳—۱۴۸ اور ۱۴۹ کے تحت بھی ایسے کرائمز شامل ہیں - ۱۹۳ تا ۱۹۷ کی دفعات کو شامل کیا ہے - ایسے 'Part B' میں جو off nces ہیں Section 3 and 5 of the Prevention of Corruption Act, 1947 میں آتے ہیں - وہ بھی شامل کر لی گئی ہیں - اسی طرح 'Part C' میں explanation کو omit کیا ہے -

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب والا - مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ آپ کا سابقہ جو قانون ہے اس کا ایک شیڈول تھا آپ نے اس میں ترمیم کر دی ہے - اس ترمیم سے اس قانون کی اس برے قانون کی جیسا کہ تمام پریس - تمام ہمارے اپوزیشن کے لیڈر - تمام ہمارے ملک کے educated اس کو agitate کر رہے ہیں - آپ نے اس میں بہت سی دفعات کا اضافہ کر دیا ہے - اس طرح سے بھی جب کبھی مواخذہ جرم ہونگے اس شیڈول کے تحت آپ نے بہت دفعات شامل کی ہیں - اور جن پر Fire Arms کا استعمال کیا گیا ہو وہ دفعات اس وقت شیڈول میں ہیں - causing death by negligence ایسی دفعات تھیں جس میں ارادہ قتل کیا جائے یا اس میں Fire Arms کا استعمال

کیا جائے ۔ اسی طرح سے مجھے یہاں یہ گزارش کرنا ہے ۔ کہ قتل اور ارادہ قتل کی ایسی دفعات ہیں ۔ جن کے تحت آپ مجرمین کو نہایت ہی سنگین سزائیں دینے کے مجاز ہیں ۔ تو آپ ایسی دفعات کے بجائے جرگے کا قانون یا جو بھی اس کا سابقہ نام ہے یا Criminal Law Amendment Act یا آرڈیننس ہے ۔ جیسے بھی آپ اسے define کرتے ہیں اس کے تحت میرے خیال میں انصاف کی گنجائش نہیں ہے ۔ قتل کے مقدمات اس نوعیت کے بھی ہوتے ہیں ۔ کہ ان میں بے گناہوں کو بھی سزا دی جا سکتی ہے ۔ اگرچہ آپ نے سزائے موت کی jurisdiction اس میں شامل نہیں کی ہے ۔ تاہم میں سمجھتا ہوں ۔ کہ جرگے میں ایسے سنگین جرائم کو triable قرار دینا.....جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں ۔ کہ جرگے کے ممبران کی تقرری.....میں کوئی بھی تلخی پیدا کرنا نہیں چاہتا اور میں حقائق تک ہی اپنی بحث کو محدود رکھنا چاہتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کی ذات گرامی کو اس میں لائے بغیر ہی میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ اس ایوان میں کوئی بھی دیانتداری کے ساتھ یہ دعوی نہیں کر سکتا ۔ کہ جرگے کی جو فہرستیں ڈپٹی کمشنر اور کمشنر مرتب کرتے ہیں ۔ وہ دیانتداری کے ساتھ مرتب کرتے ہیں ۔ یا تو آپ اس بات پر ہی اکتفا فرماتے ۔ کہ آپ نے جو Tribunals کے ممبر بنائے ہیں ۔ ان میں اس قسم کے ریٹائرڈ لوگ رکھے جاتے یا اس میں اس قسم کے ماہرین ہوتے ۔ جو ان localities کے مکین ہوتے ۔ کہ جن localities میں آپ نے مقدمات کو try کرنا ہوتا ہے ۔ اس طرح آپ کو وہاں پر اچھے لوگ اور اچھے سیاسی آدمی بھی مل جاتے ۔ لیکن ہم لوگ یہاں بھی پارٹی بازی کا شکار ہو جاتے ہیں ۔ کیونکہ ڈسٹرکٹ کے لوگوں کو approach بھی کیا جا سکتا ہے ۔ اور پھر آج کل ڈسٹرکٹس میں بھی دھڑے بندیاں ہیں ۔ حکومت کی اپنی بھی پارٹی ہے ۔ اور اس لئے جب چیئرمینوں وغیرہ کے انتخاب ہوتے ہیں ۔ تو اس میں بھی مسلم لیگ اپنے امیدواروں کی بالواسطہ یا بلاواسطہ امداد بھی کرتی ہے ۔ اور ان ہی سیاسی دھڑے بندیوں کے ہوتے ہوئے اور ان کے پیش

نظر جب آپ ان مقدمات کو Triable by Jirga قرار دیں - تو یہ ہرگز واجب نہیں ہے - اسی طرح آپ کے شیڈول کے پارٹ (a) میں دفعہ نمبر 363 کو بھی شامل کیا گیا ہے - بہر حال میں اس دفعہ کی تفصیل میں زیادہ نہیں جانا چاہتا - اور وہ دفعات جو ڈکیتی سے متعلق ہیں - یعنی دفعات نمبر ۳۹۰ - ۳۹۶ - ۳۹۷ جو شاید پہلے اس میں نہ تھیں - اس میں پہلے تو ایک میں triable تھا - لیکن اس میں نئی ترمیم کر کے اس میں دو دفعات کا اضافہ کر دیا گیا ہے - اور اگر ڈاکہ کا وقوعہ ہوتا ہے - تو اس میں کسی جرگہ کے ممبر کو کیوں triable قرار دیتے ہیں - (؟) اچھا چلئے - قتل ہوا - دو پارٹیوں کے درمیان یہ واقعہ پیش آیا - ان پارٹیوں کو حالات کا پتہ ہے - اور وہی اس پر زیادہ روشنی ڈال سکتے ہیں - لیکن ڈکیتی تو لازماً اس وقت ہوتی ہے - جب کہ باہر سے آ کر کوئی ڈاکہ ڈالے - یا جرم اس جگہ پر سرزد ہوتا ہے جہاں پر کہ مجرمین کو جاننے والے لوگ نہ ہوں - تو اس طرح ان کو کوئی رعایت ہو سکتی ہے - کونسی شہادت ہے - کہ جسے وہ ضائع کر سکتے ہیں - جس کے لئے آپ قانون شہادت کے تحت ہیں بلکہ اس طریق کار کو اختیار کر رہے ہیں - یعنی یہ جو نپ جرگے کے تحت cases کو triable کر رہے ہیں - میں چوری کے متعلق بعض دفعات کو چھوڑتا ہوں - اور صرف چند ایک اصولی باتیں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں - آپ نے پارٹ (B) میں باسکی دفعات نمبر ۳۷۹ ، ۳۸۰ ، ۳۸۱ اور نمبر ۳۸۲ کو شامل کیا ہے - جو کہ غالباً مویشیوں کی چوری کے متعلق ہے -

Mr. Speaker : These are provisions of the original ordinance.

Malik Muhammad Akhtar : But the original Schedule has been amended. Anyhow, if you say, I shall try to be brief.

تو جناب والا - نئی ترمیم سے شیڈول میں جو اضافہ کیا گیا ہے - میں ان ترمیم شدہ دفعات کے متعلق عرض کر رہا ہوں - لیکن اگر آپ کا یہ حکم ہے تو میں صرف نئی دفعات پر ہی کچھ عرض کرونگا - تو میں پارٹ (B) کے متعلق عرض کر رہا تھا - اس میں آپ نے پارٹ (B) کو جو substitute کیا ہے - وہ ہے -

Offences falling under item 81 of the schedule to section 167 of the Sea Customs Act and Section 7 of Land Custom Act.

جناب والا ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے ۔ کہ اب ایسی دفعات کو جرگے کے تحت triable تو کر دیا جائے ۔ جن میں ممبران حضرات مقامی طور پر ان سے واقفیت رکھتے ہوں اور جن کے علم میں ہو ۔ کہ قتل ہوا ہے یا نہیں ہوا ۔ اگر چہ قتل کی اتنی بڑی سزا ہے ۔ لیکن میں ایسے اشخاص کے ہاتھ میں یہ اختیار دینے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ جنکی تقرری سیاسی بنیادوں پر ہوتی ہے ۔ لیکن سمگلنگ کے متعلق تو مقامی آدمی واقف نہیں ہو سکتا ہے ۔ کہ یہ جرم سرزد ہوا ہے ۔ یا نہیں ۔ کیونکہ یہ جرم روز روشن تو سر زد ہی نہیں ہوتا ۔ تو آپ نے کس بنا پر اسکو جرگے کے سامنے triable قرار دیا ہے ۔ اور پھر اگر ان دفعات کی سنگینی کو بھی ملاحظہ فرمایا جائے ۔ تو پھر میں حکومت کو حق بجانب نہیں سمجھتا ۔ کہ وہ جرگے سے ایسی دفعات کو try کرائے ۔

جناب سپیکر — اب مجھے ان دفعات کے متعلق عرض کرنا ہے ۔ جو سیکشن نمبر ۳ میں ہیں ۔ اور جس میں ترمیم کی گئی ہے ۔ Original Act کی دفعہ نمبر ۳ کی جن دفعات میں ترمیم کی گئی ہے مجھے یہ عرض کرنا ہے ۔ میں پارٹ نمبر ۱ (a) پڑھتا ہوں ۔

"Where the Commissioner besides to refer, under the provisions of sub-section (1), the question of the guilt or innocence of any person to a Tribunal, and such person is accused of a scheduled offence, as well as one of more offences not specified in the First Schedule (whether committed in the course of the same transaction in which the scheduled offence was committed or otherwise), only the question relating to the scheduled offence shall be referred to the Tribunal, and the offence not specified in the First Schedule shall be dealt with as if this Act were not in force."

جناب والا ۔ scheduled اور un-scheduled جرائم اگر سرزد کئے جائیں ۔ تو اس صورت میں جو متعلقہ ملزم ہو گا ۔ تو اسے دو عدالتوں میں دوبارہ try کیا جانا مقصود ہے ۔ آپ ہی کہیں کہ یہ کہاں کا انصاف ہے ۔ کہ ایک trial کو آپ اتنا لمبا کر رہے ہیں ۔ چونکہ اس ملزم کا ایک مقدمہ ہو گا ۔ اور مقدمہ اسی صورت میں ہوگا ۔ کہ ان دفعات کی خلاف ورزی کی گئی ہو ۔ یا جرم کا ارتکاب کیا گیا ہو ۔ تو ایک جرم جب بہت سی دفعات کے تحت آتا ہو ۔ تو اس صورت میں اصول انصاف کے یا سزا دینے کے یہی دو طریقے ہوتے ہیں ۔ جو میں سمجھتا

ہوں ۔ کہ واجب نہیں ہے ۔ اسکے بعد اس سے بھی بڑی بات جو کی گئی ہے ۔ وہ دفعہ نمبر ۳ (۲) میں ہے وہ یہ ہے ۔

"Where any Court is enquiring into or trying any scheduled offence, whether alongwith an offence not specified in the First Schedule or otherwise, the reference in respect of the scheduled offence may be made at any time before the charge is framed against the accused person, and for the purpose of making such reference, the Commissioner may requisition the record of the case from the Court concerned".

جناب والا — اب کمشنر کو یہ اختیار دیدیا گیا ہے ۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو اختیارات دینے کے متعلق جو دفعات آگے آئیں گی ۔ وہاں پر تفصیل کے ساتھ عرض کرونگا ۔ لیکن اس ضمن میں انکو یہاں پر جو اختیارات دیئے گئے ہیں ۔ کہ جب ایک عدالت ایک scheduled جرم کو try کر لیتی ہے ۔ اور اسکے متعلق ایسے جرائم جو کہ scheduled نہیں ہیں ۔ تو کمشنر اس صورت میں مداخلت کر سکتا ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ جہاں اس قسم کی ترمیم کی گئی ہو ۔ تو وہ کسی بھی دیوانی یا فوجداری نوعیت کے مقدمات پر اثر انداز ہوتے ہیں ۔ قانون سازی کے وقت تو ہم ایسی باتوں کا دھیان نہیں کرتے ۔ کہ یہ ایک فرو گذاشت ہے ۔ ایک negligence ہے لیکن جس وقت عدالتیں اسے detect کر لیتی ہیں تو پھر اسکے بعد ہم ان میں ترمیم کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسی صورت میں جہاں آپ کی کسی نئے قانون میں اس قسم کی omission ہو جائے تو بجائے اس کے کہ آپ کئی amendments لائیں آپ ایک ترمیم پر ہی پھر غورو فکر کر لیا کریں ۔ آپ کا وہ محکمہ جو ترامیم کرتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس کی efficiency doubtful ہے اور وہ اپنے کام میں perfect نہیں کیونکہ جب ایک ترمیم کے ہوتے ہوئے آپ ایک اور ترمیم لانا چاہتے ہیں تو یہ کہاں گارنٹی ہے کہ آپ کا ڈیپارٹمنٹ اسی غلطی کا اعادہ نہیں کرے گا یا وہ اس میں کوئی ایسی بات پیدا کر دے کہ ایک اور ترمیم کی ضرورت پیش آجائے ۔ اگر اسی طرح ترامیم ہوتی رہیں تو trial میں بہت تاخیر ہو جائے گی ۔ اس لئے میری یہ humble submission ہے کہ جب بھی کوئی ترمیم کریں تو اس کو اس وقت کی proceedings کے مطابق کریں ۔ جیسا کہ اس

سے قبل بھی کہہ چکا ہوں مجھے دھرانا نہیں چاہئے آج کی ہم نے جو Guardian and Ward Act میں کیا اور اس میں پھر ترمیم کر رہے ہیں آپ اس طرح کریں کہ جو مقدمات pendings ہوں آپ ان کو exclude کرتے اور جو original proceedings ہیں اسے triable under common law قرار دیتے اور اس قسم کی ترمیم کر دیتے تاکہ اس قسم کی دوبارہ ترمیم کرنے کا اور کسی غلطی کا اعادہ کرنے کا امکان نہ رہ جاتا ۔

جناب سپیکر۔اب میں عرض کروں گا کہ میں باقی دفعات کو چھوڑ دیتا ہوں اور سیکشن ۴ پر آتا ہوں ۔ جس میں آپ نے پرانے سیکشن کو substitute کر دیا ہے ۔ اور اب جو جرگہ کے Presidents ہوں گے ۔ ان کے متعلق یہ ہے کہ ۔

"(a) a President, who shall be a Magistrate exercising powers of an Additional District Magistrate, or a Sub-Divisional Magistrate, or who is invested with powers under section 30 of the Code of Criminal Procedure, 1898, or who has exercised powers of a Magistrate of the First Class, whether continously or otherwise for a period of not less than three years; and".

تو اس میں جو آپ کے افسر مجاز ہیں آپ نے ان کو exhaustive کردیا ہے ۔ کہ کون کون مقرر کئے جا سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس دفعہ میں اور اس سے اگلی دفعہ میں جو آپ نے لکھا ہے میں پھر عرض کر دیتا ہوں ۔ در اصل جو آپ نے یہ کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے علاوہ سب ڈویژنل مجسٹریٹ اور کلاس ۱ کے مجسٹریٹ جو پہلے بھی تھے اور اب پھر آپ نے ان کو include کیا ہے یعنی کلاس ۱ اور سیکشن ۳۰ کے مجسٹریٹ سے لیکر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ تک کو آپ حق بجانب ہیں کہ ان کو اختیارات دے دیں کہ انہیں اتنی سزائیں دینے کا اختیار ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ درست نہیں دراصل ہم نے یہ تمام idea جو لیا ہے یہ جرگہ میں trial کا طریقہ ہے وہاں سے لیا ہے ۔ اور یہ بنیادی طور پر غلط ہے ۔ مجسٹریٹ کو اتنی پاورز دینا میں سمجھتا ہوں غلط ہے ۔ اگر آپ نے انگریز کے رائج کردہ قوانین کے پیچھے ہٹنا تھا اور نیا قانون لانا تھا تو آپ کو چاہئے تھا کہ آپ اسلامی قانون لاتے ۔ آپ نے اس کے عوض یہ کیا ہے کہ جب انگریز نے فرنٹیئر کو فتح کیا اور ایک سال کے بعد بلوچستان کو annex کیا تو وہاں پر جو customary law نافذ کیا اس قسم کا قانون آپنے نافذ کر دیا ۔ یہ ایف سی آر اس کی ایک form ہے ۔ آج اسی کو دوبارہ نافذ کر رہے ہیں حالانکہ پنجاب اسمبلی نے اس لاء کو repeal کیا تھا ۔ سندھ میں بھی ۱۹۵۹ء

یا اس کی قریب dates میں اسے repeal کر دیا تھا ۔ لاء کمیشن نے بھی اپنی رپورٹ میں اس کے خلاف لکھا تھا۔ اور جس کو آپ جرگہ کا ممبر قرار دیتے ہیں یہ idea بھی آپ نے وہیں سے لیا ہے ۔ آج سے ۲۰۰ سال پہلے انگریز نے ایسا کیا تھا ۔ ان دنوں لارڈ کلائیو نے جب شاہ عالم ثانی سے اختیارات لئے تو بنگال بہار اور اڑیسہ کے دیوانی مقدمات کے لئے یہ قوانین عاریتاً لئے لیکن اسلامی قانون سے پیچھے جانے کی جرات نہیں تھی البتہ یہ کیا کہ ڈاکہ زنی کے لئے اجتماعی جرمانہ کسی گاؤں پر لگانے کے لئے قانون بنایا ۔ ایف سی آر میں دفعہ ۲۳ اسی طرح موجود ہے ۔

جناب سپیکر—اس وقت جو تین جج ہوتے تھے ان کی مدد کے لئے قاضی اور مفتی لگا دئیے جاتے تھے آج انہیں قاضی اور مفتی کی جگہ سیاسی آدمیوں کو جو آپ کے favourites ہیں جرگہ کا ممبر بنا رہے ہیں اگر انصاف سے دیکھیں تو اس سے زیادہ زبردستی کسی کے عہد حکومت میں نہیں ہوئی ۔ جب آپ جرگہ سسٹم کا نفاذ کرتے ہیں تو اس میں آپ political consideration پر ممبر بنا رہے ہیں ۔

جناب سپیکر— میں irrelevant نہیں ہونا چاہتا کیونکہ میں ایسے ایکشن کو پسند نہیں کرتا اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ مجھے relevant رہنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ انگریزوں نے اگرچہ ۱۷۷۲ء یا اس سے قبل یہ اختیارات حاصل کر لئے تھے کہ برٹش انڈیا کے کچھ حصہ میں جہاں ان کی عمل داری تھی وہ وہاں غیر اسلامی قانون لگاتے لیکن چند سال تک تو انہوں نے جرات نہ کی بلکہ ایک ترمیم کی کہ برطانوی قانون صرف پارسیوں اور عیسائیوں پر نافذ ہوگا دوسری طرف ہم نے کس قدر بیباکی اور جرات کی ہے کہ ہم نے جب اس course سے differ کیا ہے ہمیں تو ذرا بھی احساس نہیں ہوا اور اب قاضی اور مفتی کی Courts کو revive کر رہے ہیں ۔ ۱۸۴۹ء میں جب سرحد پر انگریزوں نے قبضہ کیا اور پھر ۱۸۷۸ء میں بلوچستان پر قبضہ کیا تو وہاں ایف سی آر لگایا لیکن انہوں نے اپنا قانون نہیں لگایا ۔ اسلامی قانون کے وہ دشمن تھے اسلامی قانون نہیں لگا سکتے تھے ۔ اس لئے جرگہ کا قانون لگا دیا ۔ جو کسی طرح جمہوری طرز کا تھا ۔ اور Customary Law پر base کرتا تھا ۔ اس میں elders ہوتے تھے ان کا ہر فیصلہ unanimous ہوتا تھا ۔ اور اگر ان میں کوئی difference of opinion ہو جاتا تھا تو تمام

tribe کا referendum کرا لیتے تھے - یہ کسی حد تک حقیقت پسندانہ تھا اور حالات کے مطابق تھا - لیکن آپ نے جو نیا قانون بنایا ہے میں نہیں سمجھتا کہ اگر آپ نے Presidential Election کے لئے اس کا نفاذ کیا تھا تو پھر اسے آج کیوں consider کر رہے ہیں - میں معافی مانگ کر کہتا ہوں اس وقت جرگہ میں صرف وہ اشخاص بطور ممبر لئے جا رہے ہیں جنہوں نے آپ لوگوں کے لئے الیکشن میں بطور کام کیا ہے -

Mr. Speaker : Are you not discussing the basic ordinance?

ملک محمد اختر - جناب میں صرف ایک دو لائین اور عرض کروں گا -

کرم ہائے تو مرا گستاخ کرد -

میں صرف آدھ منٹ لونگا -

۱۹۳۱ء میں جب ایک انکوائری کمیٹی کی تشکیل کی گئی تھی - جسنے تمام سابق صوبہ سرحد کا دورہ کر کے یہ قرار دیا کہ اس ایف-سی-آر کو ۱۹۰۱ء میں نافذ کیا گیا تھا اس سے فرنٹیر اور فرنٹیر کے دوسرے علاقہ جات کو نجات دلائی جائے - اسکے بعد ۱۹۴۹ء میں سابق پنجاب کی حکومت نے اس کو منسوخ کیا - ۱۹۵۰ء میں سندھ اسمبلی نے اسے منسوخ کیا - ۱۹۵۹ء کے پاکستان لا کمیشن نے اسکو منسوخ کیا - لیکن ۱۹۶۰ء میں جب کانسٹی ٹیوشن بنایا گیا تو یہ اندازہ کیا گیا کہ الیکشن دوبارہ ہونگے تو اسوقت بھی اسکو نافذ کر دیا گیا - اسی طرح ۱۹۶۳ء میں ہماری predessor اسمبلی نے اسکو لگانے کا فیصلہ کیا - یہ قانون انتہائی غیر موزوں اور میں اس کو کسی قانون کی کتاب میں نہیں پاتا یہ انصاف کے منافی ہے ہر چیز کے منافی ہے اور بنیادی حقوق کے منافی ہے جو ہم کو اس قانون کو نافذ کرکے عطا کئے گئے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی اچھا کام نہیں کیا گیا ہے -

جناب سپیکر - اب میں دفعہ (۱-۷) کیطرف آتا ہوں -

"If any member of a Tribunal is personally interested in any party in the reference made to it under section 3 or is prejudiced against any such party, he shall, before taking oath, disclose such fact to the President, who shall thereupon refer the matter to the [District Magistrate for appointing another member in his place from the panel constituted under section 5."

اب جناب والا ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سیکشن ۱۰۰ کے تحت جو penal بنایا گیا ہے اسمیں اگر میں تو یہ assert کرتا ہوں اور یہ الزام آدمی ہیں لگاتا ہوں اور اسکو میں prove کرنے کے لئے تیار ہوں کہ اسمیں ۱۰۰-کے ۱۰۰ interested persons ہیں وہ تمام پولیٹیکل پارٹی کو belong کرتے ہیں—انکا تقرر پولیٹیکل basis پر کیا گیا ہے ۔ میاں یاسین وٹو صاحب نے ضلع کونسل میں ڈویژنل کونسل میں جو electoral college کا اور جسطرح سے چیئرمین بنائے جاتے ہیں وہ دھندا جو چلایا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister for Basic Democracies : Sir is it relevant ?

Mr. Speaker : Definitely not.

ملک محمد اختر—بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ panel تمام کا تمام interested persons کا ہے ۔ اول تو میں ان لوگوں میں اتنی اخلاقی جرأت نہیں پاتا کہ یہ اسقدر بلند اخلاق اور بلند اصول کے مالک ہیں جو جرگوں کے ممبر ہیں ۔ ان میں بعض M.P.As کا exception ہے لیکن میں کہوں گا کہ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو interested persons ہیں ۔ تو ان لوگوں کو مجاز کر دینا کہ وہ فیصلہ جات کریں بالکل بے معنی ہے ۔ اسکے بعد میں دفعہ ۷ (اے) جو بالکل بےسود ہے اسکو لونگا۔ اسمیں یہ ہے کہ اگر میں interested ہوں تو میری جگہ دوسرا آدمی لے آئیے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بالکل غلط اور بے سود دفعہ ہے ۔ کیونکہ وہ سب penal interested اشخاص کا ہے ۔ مجھے ایک واقعہ یاد آیا کہ لاہور ڈویژن کے جو پہلے کمشنر تھے ۔ وہ کسی علاقہ یا جگہ پر جب گئے اور وہاں انہوں نے جو penal میں آدمی لئے ان میں میاں معراج الدین بھی سابق ممبر تھے تو اسکے بعد اس کمشنر کے لئے یہ کہا گیا کہ چونکہ اسنے ہمارے مشورہ سے penal نہیں بنایا اس لئے اس کا تبادلہ کر دیا جائے ۔ تو بتائیے ——————

راجا پھول محمد خان — یہ غلط ہے ۔

ملک محمد اختر — یہ بالکل درست الزام ہے ۔ جناب والا ۔ اب یہ دیکھئے ——————

رائے منصب علی خان کھرل—پوائنٹ آف آرڈر - میں معزز ممبر سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا اس panel میں انکا نام بھی کاٹ دیا گیا تھا - آپ تو کوشش کرتے رہے تھے کہ نام آ جائے -

ملک محمد اختر — مجھے تو خدا نے لیگ سے نجات دلائی - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ شیڈول میں جو اس قسم کی لاتعداد چیزیں شامل کر دی گئی ہیں ان سے مغربی پاکستان میں انصاف کا جنازہ نکل چکا ہے اور کسی بھی جرگہ سے ہم کسی وقت یہ توقع نہیں کر سکتے کہ وہ انصاف کریگا اور جس میں پارٹی باز ، اور دیگر consideration کا شائبہ نہ ہو بلکہ میں یہ کہوں گا کہ ایک مرتبہ کوئی شخص جو شٹڈہ ایکٹ میں چالان شدہ تھا وہ بھی اس کا ممبر بن گیا تھا چنانچہ کسی نے panel کے ممبروں کے متعلق کوئی سوال کیا تو لسٹ میں وہ شخص جس کا شٹڈہ ایکٹ میں چالان ہو گیا تھا وہ بھی اس میں شامل تھا لہذا کمشنر کو وہ لسٹ منسوخ کرنی پڑی اور نئی لسٹ بنائی گئی - تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں اس قسم کے instances ہیں اور ممکن ہے اب بھی ایسے instances ہوں کہ انصاف کرنے والوں میں شٹڈہ ایکٹ میں چالان شدہ اشخاص کا نام نکل آئے - یہ اب بھی ریکارڈ ثابت کر سکتا ہے -

جناب سپیکر - اب ایک اور دفعہ ہے جس کے متعلق میں کچھ کہوں گا نہیں اور وہ صرف اس لئے دفعہ رکھی گئی ہے کہ اگر کوئی شخص ٹریبونل میں مر جائے تو اس کا substitute . . . . . .

رانا پھول محمد خان — اس کی جگہ آپ لے لیں گے -

ملک محمد اختر — میں نہیں لوں گا - جناب Chapter ۴ - میں repeal اور revision کی دفعات ہیں - بڑا آسان کیا گیا ہے اور بڑی مروت کی گئی ہے اور ہماری حکومت نوشیروان بن گئی ہے وہ عدل جہانگیری کے نمونے پر چلنے لگی ہے - یعنی وہ جو پراویژن یعنی executive کے پاس جو سارا معاملہ تھا وہ میں پڑھتا ہوں - شاید میں غلط کہہ رہا ہوں - Chapter ۴ - کی Heading ہے Appeal and Revision -

(1) Any party aggrieved by any decision given, sentence passed or order made, by the District Magistrate under any of the provisions of this Act, may, within thirty days of such decision, sentence, or order, prefer an appeal to the Commissioner."

جناب والا - میں غلط کہہ رہا تھا میں نے Heading دیکھ کر کہہ دیا تھا - جناب لا منسٹر صاحب نے اور جناب یسین وٹو صاحب نے بڑی اچھی Heading دی یعنی Repeal and Revision تو میں نے کہا کہ ہماری ان پہلے لوگوں سے نجات ہو گئی - آپ اندازہ

رہائیے کہ اگر جرگہ والے مجارٹی سے کہہ دیں کہ سزا ہے تو سزا ہے ۔ اس طرح ہمیں ان سے انصاف حاصل ہو گیا اور ہم اپیل کر سکیں گے ۔ پھر اپیل یا revision جو چاہے کہہ لیجئے اگر ہونا ہے تو کس کے پاس ہونا ہے تو وہ کمشنر کے پاس ہونا ہے اور وہی کمشنر ——————

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ وہی کمشنر جس کی آپ امداد کر رہے تھے ۔

ملک محمد اختر — اگر حق بات ہوگی تب کہی جائیگی اور اگر بری بات ہو گی تب کہی جائے گی ۔ تو جناب والا میں عرض کر رہا تھا کہ وہی کمشنر جس نے کسی بڑی personality کے زیر ہدایت ایک لسٹ provide کر کے notification کر دیا کہ یہ جرگہ کے ممبر ہیں ۔

Mr. Speaker: The Member should not repeal his agruments.

ملک محمد اختر— تو جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کمشنر کے پاس یہ جو اپیلوں کی دفعات ہیں ان کا ہونا درست نہیں۔ یعنی جوڈیشری کو آپ نے بالکل ہی ختم کر دیا ہے اور ایک بڑی دیر سے یہ بات چل رہی تھی اور ہم بھی کہا کرتے تھے کہ ایگزیکٹو کو جوڈیشری سے علیحدہ کیا جائے تو ہماری جو سابقہ حکومتیں تھیں وہ نہ کر سکیں لیکن ہماری موجودہ حکومت نے ایک بڑا بھاری کارنامہ سر انجام دیا وہ یہ ہے کہ جوڈیشری کو ایگزیکٹو بنا دیا یعنی اب یہ تمام executive functions کی ہیں اور جو بھی سزا جرگے سے دی جائے اس کے منسوخ کرنے کا یا اس کے منسوخ کرنے کے لئے اپیل کا جو طریقہ ہے وہ کمشنر صاحب کو ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس طرح سے انصاف کا ان دفعات کے مطابق جنازہ نکل چکا ہے اور انصاف کے دروازے عوام پر بند کر دیئے گئے ہیں اور میں ایسا کہنے میں بالکل حق بجانب ہوں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ نہایت ہی زبردست غلطی ہوگی جو انگریز نے بھی نہیں کی تھی ۔ جناب سپیکر۔ اب باب ۴ کا یہ جو سیکشن ۲ ہے اس کے متعلق میں یہ عرض کرتا ہوں ۔

"Any party agrieved by an order of the Commissioner referring a case to a Tribunal for decision or confirming a sentence of imprisonment exceeding seven years, or enhancing any sentence or converting a finding of acquittal into a finding of conviction, may within sixty days of the passing of such order, appeal to Government."

تو جناب والا ۔ ہم نے سنا تھا تجربہ بتاتا تھا ۔ ہم نے دیکھا تھا ہم اس سے روشناس ہیں ۔ کہ یہ گورنمنٹ کے جو سیکرٹری ہیں یہ پالیسی فریم کرتے ہیں اور منسٹر حضرات کے ممدو معاون ہوتے ہیں اور اگر سات سال سے زیادہ سزا ہو تو اس صورت میں اب اس حکم کے بعد

کمشنر کو فیصلہ کرنے کا اختیار دے دیا گیا ہے ۔ اب میں سیکریٹیریٹ کے اس نظام کی طرف آتا ہوں مجھے اس نظام کی طرف آنا ہے اور آپ اس چیز سے انکار نہیں کر سکیں گے آپ اس کو deny نہیں کر سکیں گے کہ آپ کی جو mercy petitions ہیں وہ بھی اسسٹنٹ لوگ deal کر کے آگے لاتے ہیں اور وہ کافی لائق لوگ ہوتے ہیں اور ان کا تجربہ کافی وسیع ہوتا ہے ۔ اب آپ اندازہ فرمائیے کہ ایک طرف تو آپ نے شیڈول میں کوریشن کے انسداد کے لئے جو دفعات ہیں ان کو شامل کیا ہے اور دوسری طرف او جی ایل (Open General License) رشوت کا آپ نے دیدیا ہے ۔ ماتحت عملہ نوٹنگ کریگا اور سات سال کی سزا پر comments کریگا کیونکہ آپ کے سیکرٹری اتنے فارغ نہیں ۔ چلیے آپ کے سیکرٹری دیانت دار ہی سہی لیکن ہائی کورٹ کا ایک جج جو ہے اس کا علم اور تجربہ کافی وسیع ہوتا ہے ۔ قانونی حیثیت کے اعتبار سے بھی اس کی کافی اچھی پوزیشن ہوتی ہے لیکن یہ بتائیے کہ یہ نوٹنگ کون کریگا وہ ایک اسسٹنٹ ہوگا سیکریٹیریٹ کا اندازہ کیجئے کہ کوئی بھی ایسا فل سٹاپ یا کاما ہو اس قانون میں اس ہنگامی قانون میں جس سے کہ کوئی اتفاق کر سکے ۔ آپ اپنی مظلوم رعایا کے ساتھ یہ ظلم کیوں روا رکھ رہے ہیں ۔ یہ سسٹم جو آپ لائے ہیں یہ وہ سسٹم ہے جیسے کہ elders کا فرنٹیر میں اگر اتفاق نہیں ہوتا تھا تو referendum ہوتا تھا تو میرا خیال ہے کہ اس سسٹم کی آپ کاپی کر رہے ہیں ۔ آپ نے محض اشک شوئی کے لئے یہ بات کی ہے کہ ایسا کر دیا جائے لیکن جو آپ نے طریقہ کیا ہے آپ ڈسٹرکٹ ججوں کے کورٹس سے ۔ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ سے ان تمام دفعات کو exclude کر رہے ہیں ۔ اب بتائیے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ مجھے ایک سوال کا جواب دیں debate کو windup کرنے سے پیشتر اور میں چاہتا ہوں کہ وزیر متعلقہ بھی اس میرے سوال کا جواب دیں کہ کیا آپ کی پولیس بدنام نہیں اس بات کے لئے کہ وہ جھوٹے مقدمات بناتی ہے اور ایسے بیگناہوں کو ان میں شامل کرتی ہے جن میں ان کا ذکر تک نہ ہو ۔ ایک آدمی قصور وار ہے یا اس کا کم قصور ہے چلئے اس کو آپ سزا دیتے ہیں مگر ایک آدمی جو وہاں پر موجود ہی نہیں تو اس کا نام بھی include ہو گیا کیوں کہ اس کی کسی کے ساتھ دشمنی ہے اور اس ملزم کے ساتھ جو پہلی سٹیج ہوگی میں اس کو نہیں دوہرانا چاہتا مگر میں یہ ضرور بات کہنی چاہتا ہوں کہ دوسری سٹیج پر جو انصاف کے دروازے ہیں وہ اس کے لئے بند کر دئے گئے ہیں—خدارا اس ہاؤس کو extend کر لیجئے میری تقریر کے بعد اور اس چیز کا جواب

دیجئیے — میرے اعتراضات پر غور کیا جائے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ مغربی پاکستان کی تمام آبادی سے ناانصافی کر رہے ہیں — ظلم کر رہے ہیں اگر آپ ان کو بہتر رعایا trust نہیں کریں گے تو یہ درست نہیں ہوگا میرے اعتراضات کا آپ جواب دیں جنکو میں نے عرض کیا ہے—جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ میں یہ Clause ۴ کی گئی جو دفعہ ہے ۔

"The Commissioner or Government shall not modify, alter or set aside any sentence, decision or order under section 18 without giving the parties an opportunity of being heard.

(2) Government and the Commissioner may, in exercise of their respective appellate jurisdiction, exercise all or any of the powers conferred on an appellate Court by the Code of Criminal Procedure 1898, and may also in any case enhance any sentence."

اب دیکھئیے جناب والا ۔ جو سپورٹ تھی جو آپ کا اصول تھا آپ نے خود اس کو اس دفعہ کے تحت منفی کر دیا ہے آپ کو اس طرح سے کہتے ہیں کہ جرگے میں مقدمات جائے ضروری ہیں شہادت نہ ملے تو شہادت نہ ملنے کے باعث جو جرگے کے ممبر ہیں وہ بھی ان کی حیثیت ہے کم از کم یہ ضرور ہے کہ وہ ان علاقوں سے روشناس ہوتے ہیں اور کلٹر کٹ سے تعلق رکھتے ہیں اور شہادت کے نہ ہونے کی صورت میں کچھ ایسا مواد یا میٹریل جو ریکارڈ پر نہ ہو وہ اکٹھا کر سکتے ہیں جس سے کسی جرم کا سرزد ہونا یا کسی ملازم کی بے گناہی ثابت ہو سکے لیکن جناب والا ۔ اب بتائیے کہ یہ حکومت آپ کی یہ آپ کے کمشنرز جنہوں نے محض ریکارڈ پر فیصلہ کرنا ہے اس ریکارڈ پر کوئی ایسی شہادت موجود نہیں وہ تو ان کا ذاتی علم ہے اور آپ کے assessors بھی جو جرگے اور ٹریبونل کے ممبر ہیں ان کا ذاتی علم ہے جس کے باعث انہوں نے سزا دینی ہے اور اب کمشنر نے اپیلوں میں یا revision میں فیصلہ کرنا ہے تو اب بتائیے کہ گورنمنٹ اور کمشنر ریکارڈ کے نہ ہوتے ہوئے اور یہ جو آپکا ایک شہادت ہے اس کی دفعات کو نہ استعمال کرتے ہوئے جو بھی ان کی وجدان پر finding ہے یا finding دی گئی ہے اس صورت میں سزا کو کیسے بڑھا سکتے ہیں یا سزا کو کیسے توڑ سکتے ہیں— چلئے میں اتفاق کرتا ہوں ایک منٹ کے لئے کہ وہ مظلوم پارٹی کے ساتھ اور اگر وہ شہادت کی عدم موجودگی میں یا ریکارڈ کی عدم موجودگی میں سزا کو بڑھاتے ہیں اور خصوصاً جبکہ ذاتی علم کی بنا پر سزا دی گئی ہے تو اندازہ فرمائیے کہ اس وقت یہ کیا مسئلہ ہوگا—میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کمشنر یا گورنمنٹ کے سیکریٹری جو ہیں انہیں لکھ کر حکومت کو دے دینا چاہئے کہ ہم کسی کی سزا کو بڑھانے یا کم کرنے کو تیار نہیں ۔ ہم اپنی عاقبت

خراب کرنے کو تیار نہیں ۔ہم ایسا گناہ کرنے کو تیار نہیں جس سے کسی آدمی کے ساتھ ظلم اور خصوصاً وہ آدمی جس نے حقیقت میں کوئی گناہ نہ کیا ہو اور یہ کہہ دیں کہ ہم ریکارڈ کی عدم موجودگی میں کوئی بات کرنے کو تیار نہیں۔ جناب والا یہ عجیب و غریب قانون ہے اس کی ایسی لاثانی اور لافانی دفعات ہیں کہ ہماری آئندہ آنے والی نسلوں پر بھی یہ قانون قابض رہے گا جب تک کہ ایسے حالات پیدا نہ ہو جائیں کہ حکومت کو خدا کا خوف آئے اور حکومت کسی اصول پر چلے حکومت کی آنکھیں کھلیں اور وہ یہ سمجھیں کہ انصاف کے دروازے جو ہم نے ان لوگوں پر بند کر دئیے ہیں وہ کھولے جائیں اور ان کو انصاف دینا چاہیئے اور جب تک یہ نہ ہو تب تک میں سمجھتا ہوں کہ ہماری مغربی پاکستان کی آبادی اس سے محروم ہو جائیگی ۔

اگر میں اعداد و شمار پیش کروں تو بہت وقت لگے گا لیکن میں آپ کو بتاتا ہوں ۔ کہ فوجداری مقدمات کی کم و بیش تمام دفعات اس میں شامل کی گئی ہیں ۔ اور اب ۳۵-۴۰ فیصد مقدمات جرگہ کے سامنے پیش ہونگے ۔ آپ نے دفعات ۳۰۲ -۳۹۵-۳۹۸ وغیرہ جو سنگین دفعات ہیں ۔ ان کو اس میں شامل کیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اب گورنمنٹ کو وہ اختیارات بھی دئیے گئے ہیں ۔

"Government may at any time call for the record of any case which has been decided by the Commissioner in which no appeal lies to it, and after giving the parties an opportunity of being heard, pass such order in the case, as it deems fit; Provided that nothing in this section shall be deemed to authorise Government to set aside :

(i) an order of the Commissioner refusing to refer the question of the guilt or innocence of any person to a Tribunal ; or

(ii) a finding on any question of fact of a Tribunal, where such finding has been accepted by the District Magistrate and the Commissioner, unless it is of opinion that there has been a material irregularity or defect in the proceedings or that the proceedings have been so conducted as to occasion a failure of justice,"

جناب سپیکر ۔ اب بلی تھیلے سے نکل آئی ۔ حکومت نے اس دفعہ کو شامل کرکے خود کو بے نقاب کر دیا ہے ۔ یعنی جہاں پر کوئی سی۔ایس۔پی۔قسم کا کمشنر یا کوئی اور انڈی پینڈنٹ آدمی ہو گا ۔ تو حکومت کے پاس یہ اختیار بھی ہے ۔ کہ وہ تمام ریکارڈ طلب کر لے اور اس ریکارڈ کو تلف کر کے یہ کر دیا جائے کہ وہ دی ہوئی سزا جو ہے . . . . .

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آپ کتنا وقت اور لیں گے ؟

Mr. Speaker : How long will you take, Mr. Akhtar ?

Malik Muhammad Akhtar : I will take some time; you may extend the time by five to ten minutes.

Mr. Speaker : How long will you take ?

Malik Muhammad Akhtar : I will take at least five minutes more, or I can finish it now

جناب سپیکر۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت نے براہ راست دخل اندازی کے لئے ۔ ایک دفعہ بنا لیا ہے ۔ کہ کسی بھی جرگہ کا فیصلہ کیا گیا ہو تو اس کا ریکارڈ طلب کیا جاسکتا ہے ۔ اور اس کے بعد اسکی ترمیم کی جاسکے ۔ اور ترمیم کی ضرورت میں سزا کو بڑھایا یا کم کیا جاسکے ۔

جناب والا ۔ میرا اندازہ ہے کہ خٹک صاحب بولیں گے ۔ اس لئے میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat II): Sir, it would be very unfair, though the discussion is academic. If I did not bring to the notice of the Government a few things about this enactment which is before us. Sir, our experience in the frontier regions is generally that we welcome every step wherewith you can curtail crime. Our entire law of crime needs the hon'ble Law Minister's very, very close attention, because it is not the legislation of the laws that leads to the curtailment of the crime. We have all these laws for a number of years, eversince the British came, but our experience has shown that when the first time death sentence was introduced, we have I think three hangings in the N.-W.F.P. but by the time of thirties and forties the hangings rose to 140 or so, and the incidence of murder had gone over 1400.

The Jirga system is very well-known to us, and its advantages are very well-known to us but at the same time in the hands of unscrupulous people, in the hands of people, who have no conscience; you are giving the power to the executive, you are giving such vast powers to the executive, Sir, that I really at times shudder to think. The hon'ble Leader of the House was a judicial officer then, and knows one of the Frontiers Chief Ministers there was a car passing or just trying to pass him, the Police escort stopped the car, and the second time the car tried to pass him, that man was challaned for an attempt to kill the Chief Minister. A Jirga was appointed of three members, and the man was sentenced to fourteen years imprisonment. The appeal from the Jirga went to the Commissioner and to the Government, and it was a change of Government that saved the man from the clutches of the executive.

While, Sir, I entirely appreciate and agree with every step that you take, but Sir, there is something, called appeal from the rigors of law. There is something where we should have a recourse to escape from the arbitrary and despotic behaviour of the executive. You see, you are not legislating for today. You are not legislating because the present regime will be in power. Yesterday we had very distinguished hon'ble Ministers here who were very noble men, but overnight they disappeared. How do we know that over-night you don't disappear. And if this law, the law that you are legislating now, falls into the hands of people from whose tyranny we would like some door of escape, I would therefore beg of you, Sir that while we fully support in every respect your attempt to curtail crime, your attempts to curb crime for God's sake, Sir, think of the time where an unscrupulous executive may completely destroy the very essence of the legal Government or where human liberty would fall into jeopardy.

With these remarks, Sir, I would like to conclude my speech.

Major Muhammad Aslam Jan : Mr. Speaker, Sir.....

Mr. Speaker : You want to make a speech.

Major Muhammad Aslam Jan: I withdraw Sir, because the Law Minister has to conclude.

Mr. Speaker : Yes, the Law Minister.

Minister of Law : It may be put to vote, Sir, it is now 12-30 p.m. I have got the points of the hon'ble member, and I entirely agree with him. But so far as we are concerned he is perfectly right that there is absolutely no stability and no uncertainty as to when we disappear but the law still remains. There has been a persistent and repeated demand from the elected representatives of this very House now and before, and from the public belonging to those areas to which the member himself belongs, that they want F.C.R. and F.C.R. cannot be had on account of certain difficulties envisaged and created by the Constitution they should at least have this law. But as he said, care will have to be taken to see that people don't act upon it dishonestly, and it does not depend upon the whim and caprice of those private individuals, who will be associated with this law. We have laid down in our laws as to who should qualify for appointment as Members on the Jirga, and, therefore, what is humanly possible will be done by the Government to see that it does work in the letter and spirit the hon'ble member wishes it to work.

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Criminal Law (Amendment Ordinance 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April 1966.

The motion was carried.

THE PUNJAB UNIVERSITY MALPRACTICES (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1966.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Law : Sir, I beg to move—

That the Assembly do approve of the Punjab University Malpractices (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April 1966.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Assembly do approve of the Punjab University Malpractices (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April 1966.

I will now put the question—

The question is—

That the Assembly do approve of the Punjab University Malpractices (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan, on 27th April 1966.

The motion was carried.

THE KARACHI CONTROL OF DISORDERLY PERSONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966.

Mr Speaker : Next motion, please.

Minister of Law ; Sir, I beg to move—

That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 29th April 1966.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1966 promulgated by the Governor of West Pakistan on 20th April, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Mr. Speaker : It is now 12-30 p.m. and the House is adjourned to meet again tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8-30 *a. m. on Saturday, the* 11*th June* 1966.

APPENDIX I

(*Ref* : **Starred Question No. 1743**)

ANNEXURE I

District Council, Muzaffargarh Schemes

COMMUNICATIONS

Construction and metalling of roads—

		Miles
1.	D. D. Panah to Jharkil *via* Leiah and Karor ..	60
2.	Karim Dad Qureshi to Jatoi Alipur *via* Kinjhir ..	51
3.	Muzaffargarh Monda-Kinjhar Grambagram	27
4.	Alipur Sitpur *via* Khairpur Sadat	14
5.	Muzaffargarh Sinawam *via* Mahmud Kot	22
6.	Kalarwali Damarwala Warianwal Bilawala to Jatoi ..	24
7.	Kot Sultan to M.M. Road *via* Pir Jhaggi	23
8.	Internal Roads in Thal area upto M.M. Road ..	200

9. Laying out of Railway Line connecting Panjnad with Muzaffargarh.

10. Provision of Telephone Exchange at Alipur-Kot Adu-Jatoi Karor and Fatehpur.

AGRICULTURE

11. Provision of one square to each tehsil consisting of one buldozer and two tractors.

12. Provision of one Sub-Workshop at District Headquarter.

13. Provision of one Agricultural Research Station, one Mobile Workshop and one Cold Storage at each tehsil.

14. Supply of implements to Union Councils on the basis of payment of half the price in lump sum amounts and the balance by instalments.

15. Installation of 1,000 tube wells on 50 per cent subsidy basis for anti-waterlogging and salinity measures.

16. Construction of Bund near Karor on Lala in order to feed up its water for irrigation in Nasheb Area.

ANIMAL HUSBANDRY

17. Establishment of Lives Stock and Dairy Farms throughout the District by private enterprizes, supply of machinery for the purpose by the Government and provision of lands by Government for the purpose wherever state land is available.

FOREST

18. Extension of irrigated plantation of Taunsa Barrage Area (Rakh Khanpur) over 15,000 acres and 3,000 acres.

19. Raising of nursery over 500 acres in Rakh Khanpur.

20. Raising of nursery in Leiah Tehsil.

21. Conversion of Scrub Forest into irrigated Plantation in Alipur Sub-Division.

EDUCATION

22. Proposed number of different Educational Institutions—

	Boys	*Girls*
(*i*) New Primary	300	300
(*ii*) Primary to be upgraded	32	14
(*iii*) Middle to be upgraded	16	17
(*iv*) Middle Schools for the introduction of Arts ..	102	*Nil*
(*v*) Middle Schools for improvement of buildings and equipments	16	16 7
(*vi*) Inter-colleges to be opened	2	1
(*vii*) Degree Colleges to be opened	1	..

HEALTH

23. Construction of four new Health Centres at Shahpur, Pattal Nunda, Karim Dad Qureshi and Binda Ishaq.

24. Upgrading of existing Dispensaries as Primary Health Centres (12) at Khangarh, Kinjhir, R. Wali, Langar Sarai, Rangpur Chaubara, Gujrat D. D. Panah Sitpur, Khairpur Sadat, Karor and Kot Sultan.

25. Expansion of Hospitals at Leiah and Kot Adu with provision of 30 beds for each.

26. Preparation of Preventive Scheme by Health Department for the whole District.

INDUSTRY

27. Setting up of one Textile Mill in Muzaffargarh District.

28. Setting up of three Sugar Mills at Karor, Kot Adu and Muzaffargarh.

29. Setting up of Hard Board Industry at Leiah.

APPENDIX II

(*Ref.*-Starred Question No. 2624)

STATEMENT SHOWING THE DISTRICT-WISE STRENGTH OF STAFF WORKING IN ANTI-CORRUPTION ESTABLISHMENT

Name of Unit	Name of Districts	Supdt. of Police	XEN	Prosg. Dy Supdt. of Police	Dy. Supdt. of Police	Senior Auditor	Inspectors	Prosg. Insp.	Sub-Insp.	Prosg. Sub-Inspt.	A.S.I.	Head Constable	Foot Constable
Central Region ..	Lahore ..	1	..	3	1	1	7	1	7	..	2	4	37
	Sheikhupura ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
	Gujranwala ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	..	4
	Sialkot ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
	Lyallpur ..	..	..	..	..	1	1	..	2	..	..	..	4
	Multan ..	..	..	..	1	..	1	1	1	..	..	1	10
	Jhang ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
	Montgomery ..	..	..	..	..	..	1	..	2	..	..	..	4
	Muzaffargarh ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	..	4
	D. G. Khan ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
	Rahimyar Khan ..	..	..	..	..	..	1	..	1		..	..	4
	Bahawal Nagar ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
	Bahawalpur ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	..	4
Total Central Region ..		1	..	3	2	2	14	2	21	..	2	5	76

APPENDIX

3105

Name of Unit	Name of District	Supdt. of Police	XEN	Prosg. Dy. Supdt. of Police.	Dy. Supdt. of Police.	Senior Auditor	Inspectors	Prosg. Insp.	Sub-Insp.	Prosg. Sub-Insp.	A.S.I.	Head Constable	Foot Constable
Northern Region ..	Rawalpindi ..	1	..	1	1	..	2	1	1	1	2	2	11
	Peshawar ..	..	..	..	1	..	1	1	3	..	..	2	7
	Mardan ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	..	2
	Abbottabad ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	..	2
	Campbellpur ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
	D. I. Khan ..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	..	1	1
	Sargodha ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	..	3
	Bannu ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
	Mianwali ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
	Jhelum ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	..	3
	Gujrat ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1
Total Northern Region..		1	..	1	2	..	8	2	12	1	2	5	33
Southern Region ..	Hyderabad ..	1	1	2	1	1	5	2	3	..	1	7	20
	Thatta ..	..	..	..	..	..	1	..	4	..	..	2	3
	Mirpurkhas ..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1	2	3
	Umerkot ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	1	2	3
	Sanghar ..	..	..	..	..	..	1	..	..	1	1	2	3
	Dadu ..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	..	2	3
	Sukkur ..	..	..	..	1	..	2	..	1	..	1	5	8
	Larkana ..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1	2	3
	Jacobabad ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	2	3
	Nawab Shah ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	2	3
	Khairpur ..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	1	2	3
	Quetta ..	..	..	..	..	..	1	..	1	..	..	3	6
	Kalat ..	..	..	..	..	..	..	..	1	..	..	..	2
	Karachi ..	..	..	..	1	..	2	1	2	..	..	4	13
Total Southern Region		1	1	2	3	1	18	3	11	..	7	37	78

40 PLA—M—535—9-11.66—SGPWP, Lahore

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Saturday, the 11th June, 1966

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۚ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

(پ ۴ س ۳ ع ۸ آیات ۱۵۹ تا ۱۶۱)

اے پیغمبر! اللہ کی رحمت سے تمہاری افتادِ مزاج ان لوگوں کے لئے نرم واقع ہوئی ہے اور اگر تم بدخو اور سخت دل ہوتے تو یہ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے تو ان کو معاف کردو۔ اور ان کیلئے مغفرت مانگو اور اپنے کاموں میں ان سے مشورہ کیا کرو۔ اور جب کسی کام کا عزم مصمم کرو تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھو بیشک اللہ بھروسہ رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اگر اللہ تمہارا مددگار ہے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اور وہ تمہیں چھوڑ دے تو پھر کون ہے جو تمہاری مدد کرسکے اور مسلمانوں کو چاہئے کہ اللہ ہی پر بھروسہ رکھیں۔

اور یہ کبھی نہیں ہوسکتا کہ کوئی نبی خیانت کرے۔ اور قیامت کرنے والوں کو قیامت کے دن خیانت کی ہوئی چیز حاضر کرنی ہوگی پھر ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ اور ان کے ساتھ بے انصافی نہیں کی جائے گی۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا ۔ آپ کی اجازت سے میں ایک ایسے سوال کے بارے میں اطلاع پیش کرنا چاہتا ہوں جو پچھلی دفعہ رہ گیا تھا۔ یہ سوال نمبر ۱۱۹۷ ہے۔ دیوان سید غلام عباس بخاری صاحب نے یہ سوال اللہ جوایا سکنہ جلال پور پیر والا کے متعلق پوچھا تھا۔ ان کی کچھ رقم بقایا تھی جس کے بارے میں یہ سوال آیا تھا۔ گورنمنٹ نے کنٹرولنگ اتھارٹی یعنی ٹاؤن کمیٹی کے چیف افسر کو ہدایت جاری کر دی تھی کہ وہ اس کی ادائیگی کر دیں۔ اس بارے میں اس وقت تک اطلاع نہیں ملی تھی ممبر صاحبان نے اصرار فرمایا تھا۔ اس سلسلہ میں آج مجھے یہ اطلاع عرض کرنی ہے کہ استاد مذکور کو ۳۲۳ روپے ۹۳ پیسے ۱۴ مئی ۱۹۶۶ کو ادا کر دئیے گئے ہیں۔ (تالیاں)

Mr. Speaker: Kazi Muhammad Azam Abbasi.

ERADICATION OF BEGGARY

*723. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Social Welfare be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that beggary is on the increase in the Province;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, reasons therefor and the steps Government intend to take to check it?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (a) No comprehensive survey of beggary has been conducted so for. It cannot be said with certainty whether beggary is on the increase in the Province.

(b) A Pilot scheme is being taken up in Lahore for the eradication of beggary. The Government would study the impact of the scheme on beggary before introducing it into other parts of the Province.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتائیں گے کہ اس سکیم کے ماتحت گداگری کو ختم کرنیکے لئے کیا اقدامات کئے جائیں گے؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا۔ اس میں سب سے پہلے گداگروں کی درجہ بندی کی گئی ہے جو تندرست گداگر ہیں ان کے لئے ایک سکیم بنائی گئی ہے کہ انہیں کسی کام کی تربیت دی جائے اور وہ جو اپاہج ہیں ان کے لئے اپاہج گھر بنائے جا رہے ہیں۔

سید عنایت علی شاہ ۔ انہوں نے جس پائلٹ سکیم کا ذکر کیا ہے اس کے بارے میں یہ بھی فرمایا ہے کہ اس کے نتائج دیکھیں گے اگر اچھے نکلے تو اسے صوبہ کی اور جگہوں میں جاری کرنے پر غور کریں گے اس طرح تو سالہا سال لگ جائینگے۔ کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ اس موذی مرض کی بیخ کنی کے لئے پولیس اور بنیادی جمہوریتوں اور دیگر سماجی اداروں کی خدمات حاصل کی جائیں؟

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ یہ بڑا ٹھوس قدم ہے اس مرض کے لئے جو بہت پرانا ہے اور جس کے بڑے خراب اثرات ہیں۔ اس کے لئے جامع پائلٹ سکیم بنائی گئی ہے۔ یہ کافی جامع پروگرام ہے جب اس کے کچھ نتائج معلوم ہونگے تو پھر مکمل اقدامات کئے جائیں گے۔

خان محمد یوسف خان۔ کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ پائلٹ سکیم آپ نے کب شروع کی اور اس کا انچارج کون ہے۔

وزیر سماجی بہبود (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ اصل میں پوزیشن یہ ہے اور جس طرح میرے دوست نے فرمایا ہے کہ گدا گری بہت پرانا مسئلہ ہے اس کو ختم کرنے کیلئے ہمیں اس کے سارے مسائل کا مکمل طور پر جائزہ لینا ہو گا۔ یہ کہنا کہ گدا گری بالکل جلد ختم کی جاسکتے

گی یہ حقائق سے منہہ موڑنے کے مترادف ہے۔ اس سلسلے میں ہم نے یہ کیا ہے کہ اعداد و شمار اکٹھے کر رہے ہیں اور سوالنامہ بھی محکمہ کی طرف سے تیار کیا جاچکا ہے۔ تمام یونین کونسلوں جو یونین کمیٹیوں اور ٹاؤن کمیٹیوں وغیرہ وغیرہ کو بھیجا جائے گا جس میں یہ جائزہ لینا مقصود ہے کہ جو گداگر ہیں ان کی تعداد کتنی ہے۔ کتنے گداگر معذور اور اپاہج ہیں اور کتنے پیشہ ور ہیں۔ یہ تمام تفصیل منگوا رہے ہیں جب تک ہمارے پاس اعداد وشمار نہ ہوں اس وقت تک تمام منصوبہ بندی نہیں ہو سکتی۔ لیکن اعداد وشمار اکٹھا ہونے تک خاموشی سے بیٹھ جانے سے بہتر ہے کہ ان پائلٹ سکیم کو شروع کر دیں تاکہ عملی تجربات سے اس کام کو وسعت دی جا سکے۔ گداگری کے کام کو کرنے کے لئے یہاں جو تجربات چھوٹے سکیل پر ہیں ان سے استفادہ کرنا آسان ہے۔ پائلٹ پراجیکٹ اگلے مالی سال میں شروع کرنا ہے۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم فرمائیں گے کہ آیا گداگری کا مسئلہ سرمایہدارانہ نظام کا لازمی جزو نہیں ہے جس نظام کی یہ حکومت اتنی پجاری ہے۔

وزیر سماجی بہبود ۔ جناب والا ۔ یہ اسلامی سوشیلزم کے مطابق کام ہے۔ اس کے مطابق ایک مقام ایسا آ سکتا ہے کہ جب خیرات دینے والا اور خیرات لینے والا ہی موجود نہ ہو۔

خان محمد یوسف خان ۔ جناب والا ۔ میں نے سوال کیا تھا کہ اس کا انچارج کون ہے۔

وزیر سماجی بہبود ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ اگلے مالی سال میں پائلٹ پراجیکٹ شروع کرنا ہے۔ پائلٹ پراجیکٹ کی جو سکیم تیار کی جا رہی ہے یہ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مغربی پاکستان کر رہے ہیں۔ جب پائلٹ پراجیکٹ شروع ہو گا تب اس کا انچارج مقرر کیا جائے گا۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ ۱۹ برس سے ہم یہ سنتے آ رہے ہیں کہ آ جائے گا۔ کیا جائے گا ہو جائے گا لیکن ہوتا کچھ نہیں ہے ۔ آج سے ۲۰ برس سے یہ کام محکمہ کر رہا ہے۔ اس سماجی برائی کو دور کرنے پر ہزاروں بلکہ لاکھوں روپیہ آپ خرچ کر چکے ہیں اور عوام کے بھی اس سلسلے میں بہت زیادہ مطالبات ہیں۔ لیکن اس کیلئے ابھی تک کچھ نہیں کیا گیا میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا آپ اسکی کوئی آخری تاریخ بتائیں گے کہ کب تک آپ یہ کام کر لیں گے ۔

وزیر سماجی بہبود ۔ جناب والا ۔ کبھی علم کی زیادتی بھی لاعلمی کا باعث ہو جاتی ہے۔ سوشل ویلفیئر کا محکمہ ۱۹۵۷ میں بنا اس سے پہلے سوشل ویلفیئر کا محکمہ نہیں تھا۔ جناب والا ۔ ہم ہر ایک چیز کے بارے میں جائزہ لے رہے ہیں۔ آئندہ مالی سال میں پائلٹ پراجیکٹ شروع کرنا ہے۔ اور اس سال بھی بجٹ میں ڈیڑھ لاکھ روپیہ اس غرض کے لئے رکھا گیا تھا مگر جنگ کی وجہ سے وہ رقم اس بارے میں خرچ نہیں کی جاسکی ۔ اس پراجیکٹ کے ساتھ اور بھی بہت ضروری چیزیں ہوتی ہیں۔ ہم اس کیلئے کام کر رہے ہیں۔ اگر ۲۰ سال سے ایک چیز نہیں ہو رہی تو اب ابتدا کی جا رہی ہے مجھے فاضل ممبر سے نرم الفاظ کی توقع تھی زیادہ سخت الفاظ کی توقع نہ تھی۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا جناب وزیر سماجی بہبود یہ فرمائیں گے کہ پائلٹ پراجیکٹ کس ضلع میں کس مقام پر یا کس شہر میں چلے گا۔

وزیر سماجی بہبود ۔ فی الحال پائلٹ پراجیکٹ لاہور میں چلائیں گے۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ چائنا میں گداگری اس رفتار سے تھی لیکن وہاں اب گداگری ختم ہو گئی ہے۔

وزیر سماجی بہبود ۔ جناب والا ۔ چائنا میں regimentation ہے ۔

ہر چیز کے لئے حکومت کی طرف سے حکم جاری ہو جاتا ہے۔ اور وہ کام ان کو کرنا ہوتا ہے سوشل۔پولیٹیکل۔ مذہبی اور اقتصادی کاموں کے کرنے کے مختلف طریقے ہوتے ہیں ۔

ملک معراج خالد ۔ کیا اسلامی سوشلزم چائینیز سوشلزم سے بہتر نہیں؟

وزیر سماجی بہبود ۔ یقیناً بہتر ہے۔

نوابزادہ رحمدل خان ۔ کیا یہ بہتر نہیں کہ Able bodied Beggars سے نجات حاصل کرنے کیلئے فوج میں بھرتی کرا دیں۔

وزیر سماجی بہبود ۔ جناب والا ۔ ممبر صاحبان جو چیزیں تجویز کر رہے ہیں اس کو فوجی یا نیم فوجی کہنا تو نہیں لیکن ہم اسے لیبر بٹالین کہہ رہے ہیں اور ہم کوشش کریں گے ان کے انچارج فوجی سپاہی یا حوالدار ہوں اور وہ ان کو کام کی ٹریننگ دیں اور ساتھ ہی ہم ان کی ذہنی اصلاح کرنے کی کوشش بھی کریں گے جس طرح شاہ صاحب نے فرمایا تھا کہ سماجی بہبود کے کارکنوں ۔ پولیس اور دوسرے اداروں سے اور آپ حضرات سے درخواست ہے کہ وہ مل جل کر اس معاملہ کو حل کریں ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ جب وزیر موصوف یہ فرماتے ہیں کہ اسلامی سوشلزم چائنا کے سوشلزم سے بہتر ہے تو کیا ہم توقع کر سکتے ہیں کہ پاکستان میں گداگری چائینا سے بہت جلد ختم ہو جائے گی۔

وزیر سماجی بہبود ۔ جناب والا ۔ میں نے اس سلسلےمیں جو پوزیشن تھی عرض کی ہے ۔ وقت اس چیز پر لگےگا۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ بڑی جلدی ختم ہو جائیگا۔ اس کام کو نہایت خلوص کے ساتھ اور سب لوگوں کے تعاون سے کرنا ہے۔ حکومت اس کام کو اکیلے سرانجام نہیں دے سکتی۔ اگر راسا معاشرہ اور سب لوگ اس کام کیلئے کوشش کریں تو یہ مسئلہ بہت جلد ختم

ہو جائیگا۔

سردار محمد اسحاق خان ۔ جناب والا ۔ میں آپ کے نوٹس میں یہ چیز لاتا ہوں کہ کوئٹہ میں گداگری کو ختم کرنے کیلئے مہم چلائی تھی۔ جب گداگروں کو محتاج خانوں میں لے جاتے تھے وہاں محتاج خانے کا انچارج کچھ نہ کچھ وصول کر کے رات کو چھوڑ دیا کرتا تھا ۔ اگر اسی طرح کا انتظام ہے تو میرا خیال ہے کہ گداگری کبھی ختم نہیں ہو سکے گی۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے۔

REVISION OF PAY SCALES OF SECRETARIES AND CHIEF OFFICERS OF LOCAL BODIES

***807. Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the pay scales of Secretaries and Chief Officers of Local Bodies of the Province were not revised when the general revision of pay scales of Government Officers was taken in hand in 1962;

(b) whether it is a fact that the said Officers have also not been allowed consolidated pay scales;

(c) if answers to (a) and (b) above be in the affirmative, reasons for not allowing revised pay scales to the said Secretaries and Chief Officers?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes. The revision of pay scales was held up on account of the constitution of the Local Councils Service. The Service has since been constituted and the grades of pay for the Service have been revised and consolidated under the West Pakistan Local Council Service (Pay Revision) Rules, 1966.

(b) No.

(c) Does not arise.

سید عنایت علی شاہ ۔ نظر ثانی کی کون سی تاریخ ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ۱۹۶۶ میں رولز جاری کر دیئے گئے ہیں۔

سید عنایت علی شاہ ۔ ۱۹۶۶ تو پورا سال ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس وقت صحیح تاریخ تو عرض نہیں کر سکتا۔ تقریباً چار مہینہ پہلے کی تاریخ ہے۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا revised pay scales کا اطلاق اسی دن سے ہو گا جس دن فیصلہ ہو گا۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کا اطلاق اس دن سے ہو گا جس دن گورنمنٹ ملازمین کو revised pay scales دیئے گئے ہیں یعنی دسمبر ۱۹۶۲ سے ۔

SETTING UP OF BEGGARS HOME AT HYDERABAD

*839. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Social Welfare be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a sum of Rs. 1,50,000 has been provided in the next year's budget to set up a Beggars Home in the Provincial Metropolis;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether Government have any scheme to set up a Beggars Home at Hyderabad also; if so, the approximate date by which the same will be established there?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : It is proposed to take up this scheme during the financial year 1966-67.

A scheme for the eradication of beggary is being lanched on pilot basis in Lahore. The impact of this scheme on beggary will be studied very closely before it is introduced in other parts of the Province.

COMMERCIAL AND RESIDENTIAL FLATS AND SHOPS CONSTRUCTED BY HYDERABAD MUNICIPAL COMMITTEE

*925. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state ;—

(a) the yearwise number of Commercial and residential flats and shops constructed by the Hyderabad Municipal Committee during the years 1960-61 to 1964 65 alongwith the expenditure incurred on their construction during each of the said years ;

(b) the number of flats and shops, out of those mentioned in (a) above rented out during each of the said years and the amount of rent recovered from the t nants during each year ;

(c) whether it is a fact that sufficient amount of rent in respect of the said flats and shops is due from the tenants;

(d) if answer to (c) above be in the affirmative, (i) the amount so recoverable, (ii) reasons for the non-recovery of the said amount and (iii) the officials responsible for the state of affairs?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) The number of commercial and residential flats and shops constructed during the years 1960 to 1965 is as under:—

Year	No. of the constructed shops and flats	Expenditure incurred
		Rs.
1960-61 ...	385 ...	2,78,999.00
1961-62 ...	10 ...	15,798.00
1963-64 ...	39 ...	9,00,000.00
1964-65 ...	141 ...	8,89,664.00

(b) Allotments of shops and flats.

Year of allotment	No. of shops and flats
1960-61 ...	333
1961-62 ...	10
1963-64 ...	21
1964-65 ...	74

(ii) Recovery of rent.

Year		Amount
		Rs.
1961	...	24,340.50
1962	...	48,263.71
1963	...	58,552.64
1964	...	59,594.01
1965	...	179,868.84

(c) Yes.

(d) (*i*) The arrears of rent recoverable from the tanants upto 31st March 1966 amount to Rs. 51,758.10 for shops and Rs. 1,124.27 for residential flats :

(*ii*) ***Reasons for the arrears are*** —

(1) Some of the shops are located towards the inner side of the Market and are not fit for business purpose. A number of persons to whom these shops were allotted ran away after a few days of the allotment. These shops, therefore, had to be sealed in 1964 as the allottees are not traceable in most cases ;

(2) Some of the allottees have withheld payment and have requested for reduction in rent which could not be granted by the Municipal Committee. They have gone in appeal to the Commissioner, who has yet to finally decide the matter ;

(3) Some of the allottees, who have fallen in arrears, requested for payment in easy instalments, which was acceded to and the arrears are thus being cleared gradually.

(*iii*) The question of fixing responsibility for accumulation of arrears on the concerned staff, therefore, does not arise.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے ۔ کہ انہوں نے ایسی دوکانیں کیوں بنائیں ۔ جو کہ تجارت کے نقطہ نظر سے سود مند نہ

تھیں - اور اسکی تعمیر کے لئے منصوبہ بندی کرتے وقت اسکا خیال کیوں نہیں رکھا گیا تھا -

وزیر بنیادی جمہوریت - فاضل رکن کی یہ بات درست ہے کہ اس بات کو منصوبہ بندی کرتے وقت دیکھنا چاہیے تھا - لیکن چونکہ اب عمارت تعمیر ہو چکی ہے - اور اب اسے مسمار کرنا نامناسب ہو گا - بہر حال مجھے ان کی اس بات سے اتفاق ہے کہ اسکی منصوبہ بندی کرتے وقت اس امر کا خیال رکھنا چاہئیے تھا -

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے - کہ آیا وہ ان افسران کے خلاف اقدامات کریں گے - کہ جنہوں نے اسکی غلط منصوبہ بندی کی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - اگر تو یہ کسی کی بد نیتی پر منحصر ہو تو اسکے خلاف اقدامات کرنے چاہئیں - لیکن اگر کوئی غلطی ہو گئی ہو - لیکن ایسا کرنے میں نیت بری نہ ہو - تو میرا خیال ہے - کہ اس سلسلے میں تحقیقات کرنا کہ منصوبہ بندی میں کوئی غلطی تھی یا نہیں تھی - اس بات پر مزید پیسہ ضائع نہیں کرنا چاہیے - کہ کہاں غلطی ہوئی تھی -

مسٹر حمزہ - کیا وہ اپنی طرح وہ اپنے عملے کو بھی نیک نیت ہی تصور کرتے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - کچھ لوگ نیک نیتی سے کام کرتے ہیں - کچھ نیک نیتی سے نہیں کرتے ہیں -

مسٹر حمزہ - نیک نیتی اور بد نیتی کا معیار کیا ہے - اتنا روپیہ جو سب کا سب اکارت گیا ہے - اسکے علاوہ آپ کے پاس انکی نیک نیتی اور بد نیتی معلوم کرنے کا کیا معیار ہے -

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب "کچھ لوگ" سے آپکی مراد محکمے کے کچھ لوگ ہیں۔ یا محکمے سے باہر کچھ لوگ ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ہر جگہ پر ہی کچھ لوگ نیک نیت ہوتے ہیں ۔ اور کچھ لوگ نیک نیت نہیں ہوتے ہیں ۔ اگر اس سلسلے میں کوئی تحریک استحقاق پیش ہو گئی ۔ تو آپ خود ہی اسکے ذمہ دار ہوں گے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جب یہ دوکانیں الاٹ کی گئی تھی ۔ تو کیا ان دوکانداروں سے کوئی ضمانت نہیں لی گئی تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ سوال میں ایسی کوئی بات دریافت نہیں کی گئی تھی ۔ البتہ اگر فاضل ممبر چاہیں ۔ تو مزید تسلی کر کے عرض کر سکتا ہوں ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ میں نے اس لئے یہ سوال پوچھا ہے ۔ کہ جواب میں کہا گیا ہے وہ دوکاندار جو دوکانیں چھوڑ کر چلے گئے ہیں ۔ بھاگ گئے ہیں ۔ اور ان سے وصولی نہیں ہو سکی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ جو لوگ چلے گئے ہیں ۔ اور ان سے جو وصولی کرنی ہے ۔ اگر انکی اب تلاش کیجائے ۔ تو ان کی تلاش میں زیادہ خرچ ہوگا ۔ اور اب ان کے ساتھ مقدمہ بازی پارے مفاد میں نہ ہو گی ۔ کیونکہ وہ رقوم اتنی ہیں ۔ کہ اگر انکی تلاش پر خرچ کیا جائے ۔ تو یہ خرچ ان رقوم کی نسبت زیادہ ہی ہوگا ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ انہوں نے جواب کے حصہ (د) کے حصے (i) (ii) میں ایک فقرہ استعمال کیا ہے ۔ جو صاف اور واضح نہیں ہے۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ "کچھ دوکانات مارکیٹ کے اندرونی حصہ میں واقع ہیں ۔

اور کاروباری لحاظ سے موزوں نہیں ہیں ۔ چند لوگ جنکو یہ دوکانات الاٹ کی گئی تھیں ۔ وہ الاٹمنٹ کے چند روز بعد ہی چھوڑ کر چلے گئے تھے ۔ اس لئے ان دوکانات کو ۱۹۶۳ء میں سر بمہر کر دیا گیا ۔ کیونکہ بہت سے الاٹیوں کا اتہ پتہ نہیں چلتا ہے ۔تو کیا یہ ابتک سر بمہر ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جواب سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے ۔ کہ یہ ابتک سر بمہر ہیں ۔ لیکن اگر کوئی شخص انہیں کرایہ پر لینے کے لئے تیار ہو تو ہم یہ دوکانیں کھلوا دیں گے اور انہیں اسلئے بند کیا گیا ہے ۔ کہ عمارت یا دوکانوں کو کوئی نقصان نہ پہنچے ۔ لیکن اب بھی اگر کوئی شخص انہیں کرایہ پر لینا چاہے ۔ تو اب بھی ان سے فائدہ حاصل ہو سکتا ہے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ کمشنر صاحب کے پاس اپیلیں pending ہیں تو کیا اسکے متعلق stay order لے لیا گیا ہے ۔ یا نہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کا فیصلہ ہونے کی جلد امید ہے ۔ اور جونہی اسکا فیصلہ ہو جائیگا ۔ ہم اس سلسلے میں ضروری اقدامات کر لیں گے ۔

PRIMARY SCHOOL OPENED BY LAHORE MUNICIPAL CORPORATION AT CHRISTIAN TOWN NEAR MUSLIM TOWN

*1206. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Lahore Municipal Corporation opened a primary school both for boys and girls at Christian Town near Muslim Town in 1954;

(b) whether it is a fact that the said school was closed down in 1962, if so reasons therefor;

(c) whether it is a fact that the said school was housed in a rented building owned by one Shamoon who has not been paid the rent for the said building by the said Corporation during the said period;

(d) if answer to (c) above be in the affirmative (i) reasons therefor (ii) the total amount of rent payable and (iii) the time by which the arrears of rent will be paid up to the above named person ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) No.

(c) and (d) The school was housed in a building owned by Mr. Shamoon which was offered by him free of rent. He started demanding rent from the September, 1961 and disputed the assessment made by the the Corporation. The school had, therefore, been shifted to another building in the adjoining locality called Rehmanpura. A cheque for Rs. 72.67 for the rent for the period of 4th September 1961 to 11th April 1962 has not been accepted by Mr. Shamoon and he can get it any time he likes.

میاں محمد شفیع ۔ یہ سکول مسلم ٹاؤن کے قریب عیسائی بچوں کی تعلیم کے لئے کھولا گیا تھا ۔ لیکن اب اسکو منتقل کر کے رحمان پورہ لے جایا گیا ہے ۔ تو کیا اس منتقلی کے ساتھ اسکی category تو تبدیل نہیں کی گئی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ اس سکول میں سارے ہی بچے پڑھ سکتے ہیں ۔ جیسا کہ جواب میں عرض کیا گیا ہے ۔ کہ مسٹر شمعون نے یہ وعدہ کیا تھا ۔ کہ وہ سکول کے لئے مفت عمارت دیں گے ۔ لیکن بعد میں انہوں نے کرائے کا مطالبہ کر دیا ۔ کہ ستمبر سے لیکر چھ ماہ تک کا کرایہ انہیں ادا کیا جائے ۔ تو اس لئے انہیں ۷۲٫۶۷ روپے کی offer کی گئی ہے ۔ جسے لینے سے انہوں نے انکار کیا ہے ۔ اس لئے اس سکول کو وہاں سے منتقل کر کے رحمان پورہ میں لے جایا گیا ہے ۔ اور وہاں پر مسلمان بچے بھی

پڑھ سکتے ہیں ۔ اور عیسائی بچے بھی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں ۔ اور پڑھنے کے معاملے میں بچوں کے مذاہب میں کوئی امتیاز نہیں برتا جاتا ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں ۔ کہ یہ سکول خاص طور پر عیسائی بچوں کے لئے ہی تھا ۔ اور مالک مکان نے وہ عمارت صرف عیسائی بچوں کی تعلیم کے لئے دی ہوئی تھی لیکن بعد میں جب اسنے عمارت کے کرائے کا مطالبہ کیا ۔ اور اسے کرایہ نہ ملا ۔ اور اس سکول کو منتقل کر کے دوسری آبادی میں لے جایا گیا ۔ جہاں عیسائی بچوں کی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں ہے ۔ تو اسی لئے وہ اب واویلا کر رہا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ معزز رکن مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ اس سلسلے میں تین سال کا لمبا عرصہ تحقیقات کرنے میں صرف ہوا ہے ۔ اور میں انہیں یقین دلاتا ہوں ۔ کہ کارپوریشن کی طرف سے یا گورنمنٹ کی طرف سے یا کسی بھی ادارے کی طرف سے کھولے گئے سکولوں میں بچوں کے داخلے پر مذہب کی کوئی قید نہیں ہے ۔ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھنے والا بچہ ان سکولوں میں تعلیم حاصل کر سکتا ہے ۔ ان میں عیسائی بچے بھی پڑھ سکتے ہیں ۔ اور مسلمان بچے بھی پڑھ سکتے ہیں ۔ اور میں انہیں یقین دلاتا ہوں ۔ کہ وہاں پر کسی بھی مذہب سے تعلق رکھنے والے جتنے بھی بچے وہ داخل کرانا چاہیں ۔ میں انہیں داخل کرا دونگا ۔

CONSOLIDATED PAY SCALES FOR THE EMPLOYEES OF TOWN COMMITTEES AND LOCAL COUNCILS

***1220. Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether consolidated pay scales for the employees of Town Committees and Local Councils have been prescribed ;

(b) if answer to (a) above be in the negative; reasons therefor and the time required for decision in the matter ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) Does not arise.

GRANT OF CONSOLIDATED PAY SCALES TO DRIVERS OF LORRIES MEANT FOR WATER SUPPLY BY MUNICIPAL COMMITTEE GOJRA

*1234. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Chairman, Municipal Committee Gojra, forwarded to the Officer on Special Duty (Rules) Lahore; the case regarding grant of consolidated pay scale to Drivers of Lorries meant for water-supply,—*vide* his Office No. 3013, dated 6th October 1964;

(b) whether it is a fact that nine reminders have since then been issued by the said Chairman to the Officer on Special Duty (Rules) Lahore, for early disposal of the case;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, reasons for the inordinate delay and time required for its disposal ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) No. Only three reminders were received.

(c) Necessary amendment has already been made,—*vide* Notification No. OSD (R)/M-10/64, dated the 2nd November 1965.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ انہوں نے جواب میں فرمایا ہے ۔ کہ officer on special duty کو ۶۴-۱۰-۶ کو چٹھی لکھی گئی تھی۔ اور اس کے بعد انکو تین reminder بھی بھیجے گئے تھے۔ اسکے باوجود انہوں نے ۶۵-۱۲-۲ یعنی کم وبیش ایک سال کے بعد انکا فیصلہ کیا تھا۔ تو کیا وہ یہ بتا سکتے ہیں۔ کہ یہ بات قابل اعتراض نہیں ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ بات واقعی قابل اعتراض ہے لیکن کل رات جب میں ان سوالوں کے جوابات کو آخری شکل میں تیار کر رہا تھا۔ تو میں نے متعلقہ افسر اور عملے کو ہدایت کر دی ہے۔ کہ وہ اس سلسلے میں محتاط رہیں۔

DRINKING WATER-SUPPLY SCHEMES FOR RURAL AREAS IN DISTRICT RAHIMYARKHAN

*1275. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) the names of drinking water-supply schemes for rural areas completed during the last five years in District Rahimyarkhan ;

(b) the expenditure incurred on each of the said schemes and the number of private water connections sanctioned under each scheme alongwith the income accuring from each of the said schemes ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) :

(a) 1. Rural Water Supply Scheme Adamwali

2. Rural Water Supply Scheme Ahmadpur Lamma.

3. Village Water Supply Scheme in Chak No. 146/p.

4. Village Water Supply Scheme in Chak No. 152/p.

5. Village Water Supply Scheme in Chak No. 130/p.

6. Village Water Supply Scheme in Chak No. 160/p.

7. Village Water Supply Scheme in Chak No. 139/p.

(b) *Name of Rural Water Supply Scheme Expenditure.*

1.	Adamwali		Rs. 1,046,14/-
2.	Ahmad pur Lamma . .		Rs. 1,82,902/-
3.	Chak No.	146/p.	
4.	Chak No.	152/p.	
5.	Chak No.	130/p.	Rs. 8,500/- on each scheme
6.	Chak No.	160/p.	
7.	Chak No.	139/p.	

Ahmadpur Lamma Scheme has not yet been energised by WAPDA. As such it is not functioning. No income is accuring from this scheme.

For Adamwali scheme, 15 private connections have been sanctioned. However, applicants have not so far provided internal fittings in their residences, which they are required to provide at their own expense. No income is accuring from this scheme either.

The rest of the schemes are all village Water-Supply Schemes, where only one or two handpumps have been installed on top of wells from where the villagers take water for drinking purposes. As such no income accrues from the village Water Supply Schemes.

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر صاحب بنیادی جمہوریت بیان فرمائیں گے کہ آدم والی اور احمد پور لما کی سکیم کونسی تاریخ کو مکمل ہوئی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ تاریخ تو پوچھی نہیں گئی جب تاریخ کے متعلق پوچھا نہ جائے ہم نہیں بتا سکتے ۔ آپ کا صرف یہی سوال تھا ۔

(a) The name of Drinking water supply Schemes for rural areas completed during the last 5 years in District Rahim Yar Khan.

اس کا جواب دے دیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ احمد پور لما کو پانی مہیا کرنے کی

سکیم پر -/۱۸۲۹۰۲ روپیہ خرچ ہوا اور ساتھ ہی آپ نے فرمایا ہے کہ بجلی مہیا نہیں کی گئی - کیا اس سے آپ کے محکمہ کی نااہلی اور ناکام منصوبہ بندی کا ثبوت نہیں ملتا -

وزیر بنیادی جمہوریت - ہم نے واپڈا کو request کی تھی لیکن ابھی اس کی محکمانہ منصوبہ بندی نہیں ہوئی - ہم نے اپنا کام مکمل کردیا ہے جونہی بجلی آ جائے گی کام شروع ہو جائے گا -

مسٹر حمزہ - میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ نے phasing کرتے وقت اور عمل درآمد کرتے وقت واپڈا سے کیوں نہیں پوچھا - اب یہ جو دو لاکھ روپیہ خرچ ہوا ہے یہ تمام کا تمام بیکار جائے گا - پہلے کیوں سوچ بچار نہیں کی گئی -

وزیر بنیادی جمہوریت - ہر چیز کے لئے پہلے پلاننگ کرنا پڑتی ہے چنانچہ اس کے متعلق بھی ہم نے واپڈا کو بجلی مہیا کرنے کے لئے لکھ دیا - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کر دیا ہے - واپڈا کی طرف سے جب بجلی مہیا ہو جائے گی تو کام شروع کر دیا جائے گا -

چودھری محمد نواز - جس وقت یہ سکیم شروع کی گئی تھی کیا اس وقت واپڈا سے دریافت نہیں کیا تھا کہ کتنے عرصہ میں بجلی سپلائی کر دیں گے -

وزیر بنیادی جمہوریت - میں اس کا واضح جواب نہیں دے سکتا - کیونکہ دوسرے محکمہ سے اطلاع حاصل کرنا پڑے گی - نیز اپنے محکمہ سے مزید اطلاع لینی ہو گی - لیکن مجھے امید واثق ہے کہ ایسی منصوبہ بندی کے لئے ایسی باتوں کا ضرور خیال رکھا جاتا ہے -

مسٹر حمزہ - آپ نے فرمایا ہے کہ آدم والی کو پانی مہیا کرنے کی سکیم پر -/۱۰۴۶۱۴ روپیہ خرچ ہوا - اس کے ساتھ ہی یہ فرمایا ہے کہ ۱۵ پرائیویٹ

کنکشن کی منظوری دی گئی ہے ۔ لیکن ان کو ابھی تک internal fitting مہیا نہیں کی گئیں ۔ کیا اس صورت حال سے آپ اندازہ نہیں لگا سکتے کہ آپ نے غلط investment کی ہوئی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہم نے اندازہ لگایا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ صاف ستھرا پانی عوام کے صحت اور گھریلو ضروریات کے لئے کتنا ضروری ہے ۔ جب بھی صاف پانی کی سکیم شروع کی جاتی ہے ۔ تو شروع میں جیسے عام‌طور پر ہوتا ہے کہ جب کوئی کام کیا جاتا ہے تو اس کی خرید کم ہوتی ہے ۔ لوگ اس کے فائدہ سے اتنے واقف نہیں ہوتے ۔ بعض اوقات‌تو شروع میں نقصان اٹھانا پڑتا ہے ۔ جوں جوں لوگوں کو اہمیت کا احساس ہوتا جائے گا ان کا اعتراض خود بخود ختم ہو جائے گا ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ جتنی پانی سپلائی کرنے کی سکیمیں تیار کی جاتی ہیں وہ صرف کاغذات پر محدود رہتی ہیں یا کبھی مکمل بھی ہوتی ہیں ۔ مثلاً راولپنڈی ہی کو آپ دیکھ لیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے لئے آپ نوٹس دیں ۔

PROVIDING SEWERAGE FOR GHAKKHAR TOWN IN GUJRANWALA DISTRICT

*1455. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Ghakkar Town in Gujranwala District is situated in a low lying area and water accommulates there during the rainy season ;

(b) whether it is a fact that a scheme providing Sewerage System for the said area was chalked out by the Public Health Engineering Department in the year 1956-57;

(c) whether it is a fact that the contract for the said scheme was given to a Contractor for completion of the said Sewerage System and Rs. 32,000 was paid to the said contractor;

(d) whether it is a fact that said contractor laid out only pipe-lines in the year 1956-57 but has not completed the work according to the plan uptil now ;

(e) if answers to (a) to (d) above be in the affirmative, reasons for not completing the said work and the date by which it is likely to be completed ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) Yes. A sum of Rs. 25.292/- was paid to the Contractor.

(d) Yes. As a result some payment was withheld and litigation is going on between the Town Committee and the Contractor on this account.

(e) The work is in hand and is expected to be completed within three months.

PROVISION OF DRAINS AND STREET LIGHTS, ETC., IN IQBAL STREET MAYO ROAD, LAHORE BY LAHORE CORPORATION

*1505. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please refer to the answer to my starred question No. 7565 given on the floor of the House on 14th January 1965 and state the action so far taken by the Lahore Corporation to provide drains and street lights, etc. in Iqbal Street, Mayo Road Lahore and in case no action has so far been taken by the Corporation, reasons thereof and the time by which the said amenities are intended to be provided to the residents of the said street ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : For necessary development of Iqbal Street, Mayo Road, Lahore necessary notice under Section 81(3) of the Municipal Administration Ordinance, 1960 have been issued by the Lahore Municipal Corporation to the residents and the work will be taken in hand as soon as the residents contribute 50% of the cost involved. Estimates have already been prepared.

مسٹر حمزہ - کیا وزیر صاحب فرمائیں گے آیا یہ لازمی ہے کہ یہ نالیاں اس صورت میں بنائی جائیں گی جب یہ لوگ اخراجات کے ۵۰ فیصدی روپے جمع کرائیں گے -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ پبلک سٹریٹ ہے اور پبلک سٹریٹ کے لئے ضروری ہے کہ وہاں کے باشندے اخراجات برداشت کریں پہلے تو پورا خرچ کرتے تھے اب ۵۰ فیصدی کر دیا ہے -

---

METALLING OF SHUJABAD-JALALPUR PIRWALA ROAD

*1689. **Syed Diwan Ghulam Abbas Bokhari** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please, refer to parts (a) and (b) of the answer to my starred question No. 1192 given by the Minister of Communications and Works on the floor of the House on 4th December 1965 and state :—

(a) whether it is a fact that the peace of work on the metalling of Shujabad-Jalalpur Pirwala road is very slow ;

(b) whether it is a fact that the unmetalled stretch of the said road between Jalalpur Pirwala and Qaber Musafir is so bumpy that it has become impassible for the vehicular traffic ;

(c) whether it is also a fact that the condition of the alternative road running along with the under construction portion of the said road is also highly deplorable ;

(d) if answer to (a) to (c) above be in the affirmative, the total funds allocated for the metalling of the said road and the amount so far spent there from and the time by which the remaining 15 mile long portion of the said road is expected to be metalled ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) Yes.

(d) Rs. 18,58,414 were allocated. Rs. 11,17,070 have been spent so far. The District Council is pressing Public Works Department very hard to complete metalling of this road urgently.

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ میری اطلاع کے مطابق ڈسٹرکٹ کونسل کی طرف سے جو روپیہ دیا گیا تھا وہ تقریباً ختم ہو چکا ہے ۔ ابھی ۱۵ میل کا ٹکڑا باقی ہے ۔ ڈسٹرکٹ کونسل نے اپنے بجٹ میں ڈیڑھ لاکھ روپیہ کی provision کی تھی ۔ اگر یہی صورت رہی تو اس ۱۵ میل کے ٹکڑے کو مکمل کرنے پر دس بارہ سال لگیں گے ۔ ان حالات میں کیا میں توقع کر سکتا ہوں ۔

۱۔ کہ وزیر صاحب مداخلت فرمائیں گے اور ریزرو فنڈ میں سے اس لائین کو مکمل کر دیں ۔ کیونکہ یہ حصہ کئی سالوں سے نامکمل پڑا ہے اور کوئی توجہ نہیں دی گئی ۔

۲۔ یہ کہ میرے سوال کے آخری فقرہ کے مطابق اس ۱۵ میل کے ٹکڑے کو مکمل کرنے میں کتنا عرصہ لگے گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ بخاری صاحب اس طرح تو یہ ضمنی سوال نہیں رہے گا ۔ یہ تو ایک تجویز ہو گی ۔ آپ صرف ایک ضمنی سوال دریافت کر سکتے ہیں ۔ کوئی اطلاع لے سکتے ہیں ۔یہ تو ایک تجویز بن جائے گی ۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو اپنے پہلے ضمنی سوال کا جواب سن لیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ چیز ڈسٹرکٹ کونسل کے اپنے اختیار میں ہے ان کو جب کوئی فیصلہ کرنا ہوتا ہے جیسا کہ فاضل ممبر کو دیکھنے کا اتفاق

ہوا ہو گا ۔ فیصلہ ووٹوں کی اکثریت سے کیا جاتا ہے ۔ بجٹ کے متعلق بھی ڈسٹرکٹ کونسل نے اپنے ذرائع کو دیکھنا ہوتا ہے ۔ اور اپنی ضروریات کو مدنظر رکھنا ہوتا ہے ۔ عوام کی رائے کا بھی خیال ہوتا ہے اس طرح یہ تین چار چیزیں دیکھی جاتی ہیں ۔ میں کوشش کروں گا اور ڈسٹرکٹ کونسل بھی کوشش کرے گا کہ استحقاق کی بنا پر مناسب اخراجات کئے جائیں ۔ فاضل ممبر کے ارشاد کے مطابق مناسب کارروائی کرنے کی کوشش کریں گے اور ہم ڈسٹرکٹ کونسل کو بھی کہیں گے کہ اگر اس کے مالی وسائل اجازت دیں تو وہ اس سڑک کو نظر انداز نہ کریں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ میرے آخری فقرہ کے مطابق کیا آپ فرمائیں گے کہ یہ ۱۵ میل کا ٹکڑہ کتنے عرصہ میں ختم ہو سکے گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں نہیں بتا سکتا ۔ اصل مسئلہ پیسوں کا ہے ۔ کیونکہ اس پر اخراجات تو اس رقم میں سے کئے جائیں گے جو فنڈز میں سے کسی سڑک کے لئے مخصوص کی گئی ہو ۔

مسٹر حمزہ ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل کا فیصلہ ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبران کی رائے کے مطابق ہوتا ہے ۔ کیا ان کو یہ علم نہیں کہ ان کی رائے کو اتنی اہمیت نہیں ہوتی جتنی کہ (ڈپٹی کمشنر) کی رائے کو دخل ہوتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ایسے خواب تو فاضل دوست ہی دیکھ سکتے ہیں۔

مسٹر حمزہ ۔ میں جانتا ہوں کہ ہر بات میں (ڈپٹی کمشنر) کی رائے کو دخل ہوتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ بالکل غلط ہے کیونکہ ڈسٹرکٹ کونسل میں تمام منتخب شدہ ممبران ہوتے ہیں کوئی سرکاری ممبر نہیں ہوتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ سرور صاحب جانتے ہیں کہ وہ برائے نام ہوتے ہیں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ جناب والا ۔ اگر ڈسٹرکٹ کونسل ایک پراجیکٹ کو اپنے ہاتھ میں لیتی ہے اور پھر اسکو ختم کرنے میں تاخیر کرتی ہے اور اپنی ایک پالیسی بنا کر بلا وجہ اس پالیسی کو ترک کرتی ہے جیسا کہ انہوں نے reserve فنڈ سے اس سڑک کی تعمیر کو اپنے ہاتھ میں لیا تھا اور خود ہی اسکو ترک کر دیا تو اس سلسلے میں کیا وزیر موصوف مداخلت فرما کر ڈسٹرکٹ کونسل کو مجبور نہیں کر سکتے اور ہدایات جاری نہیں فرماسکتے کہ وہ اپنی سابقہ پالیسی پر گامزن ہو کر reserve فنڈ سے اس سڑک کی تکمیل کر دیں یہ سڑک ۱۰ یا بارہ سال سے غیر مکمل پڑی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب اس کا جواب میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ جہاں بھی مفاد عامہ کے خلاف کوئی چیز ہوتی ہے وہاں کنٹرولنگ اتھارٹی کے کاموں میں حکومت مداخلت کرتی ہے تو ہم بغیر ساری بات کا جائزہ لئے ہوئے نہیں عرض کر سکتے کہ وہ reserve فنڈ سے یہ خرچ کر سکتے ہیں: نہیں یا انہیں حق ہے یا نہیں ہے لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ہم ان سے کہیں گے کہ وہ اپنے وسائل کو دیکھکر اس کام کو نظر انداز نہ کریں ۔

OPENING OF A MATERNITY HEALTH CENTRE IN JALALPUR PIRWALA TOWN

***1690. Syed Diwan Ghulam Abbas Bokhari** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :--

(a) whether it is a fact that Jalalpur Pirwala town is a Sub-Tehsil head-quarter having a population of more than 10 thousand ;

(b) whether it is a fact that there is no maternity health centre in the said town and in the case of emergency the female patients have to be taken to Shujabad or Multan for medical treatment ;

(c) whether it is a fact that the residents of the said town have been demanding the opening of the said health centre since long ;

(d) whether it is a fact that the Local Town Committee has already reserved a suitable plot of land for the building of the said health centre in the said town ;

(e) whether it is a fact that the questioner has already drawn the attention of the Government to the opening of the said centre but nothing has been done in this regard so far ;

(f) if answer to (a) to (g) above be in the affirmative, whether Government have any scheme to open a maternity health centre at the said town and to post a Lady Health Visitor there ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) It is a fact that Jalalpur Pirwala is a Sub-Tehsil Headquarter and its population is 8774.

(b) Yes.

(c) Yes.

(d) It is a fact that the Town Committee reserved 8 kanals for this purposes but the Health Department returned this plot to the Town Committee and demanded a building. The Committee has reserved its old office building for this purpose.

(e) Department is not aware of it.

(f) Since building has been made available, it is hoped that Health Department will take early steps to start this maternity centre.

دیوان سید غلام عباس بخاری - جناب والا - ۱۹۵۲ء سے یہ مطالبہ question کی صورت میں اور بجٹ کے جنرل ڈسکشن پر ہو رہا ہے اور اب کمیٹی نے بھی بلڈنگ دے دی ہے تو کیا مجھے کوئی وقت یا month یا date بتائی جا سکتی ہے جب عوام کا یہ مطالبہ پورا کر دیا جائے گا - کیونکہ ایک لاکھ کی آبادی میں ایک بھی ڈاکٹر یا نرس نہیں ہے اور عوام کو سخت تکلیف ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - میں آپ کی وساطت سے فاضل وزیر

صحت سے پرزور سفارش کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ وہ مہربانی فرمائیں گے اور اگلے سال تک یہ کام کر دیں گے ۔

UNDERTAKING OF WATER SCHEMES IN JALALPUR PIRWALA TOWN

*1692. **Syed Diwan Ghulam Abbas Bokhari** : Will the Minister, of Basic Democracies and Local Government be pleased to state : –

(a) whether it is a fact that Jalappur Pirwala town is a sub-tehsil headquarters and its population is more than 10 thousand;

(b) whether it is a fact that the sub-soil water in the eastern parts of the said town is salty and is not fit for drinking purposes ;

(c) whether it is a fact that the residents of the said town have been demanding since long for undertaking a water works scheme in the said town for the supply of sweet drinking water ;

(d) whether it is a fact that the questioner has already drawn the attention of the authorities concerned to this matter but nothing has been done in this regard so far ;

(e) whether it is a fact that Government have already implemented water works schemes in many cities and towns of Multan Division where sub-soil water is even fit for drinking purposes ;

(f) whether it is a fact that the Town Committee, Jalalpur Pirwala, has already provided a plot of land for the construction of a water tank thereon and the Department concerned has already done boring for testing the water in the said town ;

(g) if answer to (a) to (f) above be in the affirmative, whether Government intend to take immediate steps for undertaking the water works scheme in the said town ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) Yes.

(d) Yes.

(e) Yes.

(f) Yes.

(g) Yes. Water-Supply Scheme for Jalapur Pirwala was admitted in Annual Development Programme 1965-66 as a new scheme at an estimated cost of Rs. 6·16 lac and against this funds to the extent of Rs. 1 lac were placed at the disposal of this Department for expenditure during 1965-66. The work could not be started as due to emergency these funds were frozen. The funds are expected in 1966-67 if the funds are available when work on this scheme will be started. Investigations regarding suitable location of tubewell and Trial Bores in various parts of the town and surrounding the town are already in hand. The results of these trial bores have indicated that the quality of water in this area will not be satisfactory. The work of investigation is still continuing and it is expected that proper tubewell will be possible in Jalalpur Pirwala, scheme will be executed and good potable water will be available on completion of scheme.

اور میں یہاں پر یہ چیز عرض کر دوں کہ یہ ساری چیز availability of funds پر depend کریگی۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ جناب اسکے لئے میں نے suitable پلاٹ سپلائی کر دیا ہے اور وہ ایسی جگہ پر ہے جہاں پانی potable ہے اور bore کر کے دیکھ لیا ہے کہ پانی ٹھیک ہے کیا میں امید کر سکتا ہوں کہ وزیر موصوف اسکے لئے جیسے ہی فنڈ مہیا کر دیا جائے کوشش فرما کر اسی سال provide فرمائیں گے۔ اور یہ سکیم جاری رہ سکیگی کیونکہ وہاں ٹیوب‌ویل نصب ہو چکا ہے عملہ وہاں جا چکا ہے بورنگ کا سامان وہاں پڑا ہوا ہے اور جگہ بھی میں نے سپلائی کر دی ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں جہاں تک میرے محکمہ کا تعلق ہے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ہماری طرف سے کوئی دیر نہیں ہے ہم یہ کام سر انجام دے دیں گے صرف پیسہ کا مہیا ہونا ہے

وزیر خزانہ صاحب اگر پیسہ دے دیں گے تو یقیناً ہم مہیا کر دیں گے اور اگر پیسہ نہیں دیں گے تو مجبوری ہو گی۔

GRANT OF ADMINISTRATIVE POWERS TO CHAIRMAN OF UNION COMMITTEES

*1755. **Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani :** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state whether it is a fact that Government have invested the Chairman of Union Councils and Town Committees with wide administrative powers, if so, whether Government intend to grant similar powers to the Chairman of Union Committees, if so, when, if not, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Yes. The question of strengthening of Union Committees and conferring more powers on them is under consideration of Government.

Mr. **Muhammad Bakhsh Khan Narejo** : Will the Minister for Basic Democracies kindly let me know whether the Chairmen of Union Councils are authorised to issue certified copies of the form 678 in former Sind area?

Mr. **Speaker** : I think the member should give a fresh notice for that. The question related to the powers of the Union Committees and not Union Councils.

Mr. **Muhammad Bakhsh Khan Narejo** : Will the Minister for Basic Democracies kindly let me know whether the Chairmen are proposed to be given more judicials powers : and if so to what extent ?

Minister For Basic Democracies : Sir, the position about this is that for the time being we do not have any proposal under consideration where we are thinking of giving more judicial powers to the Union Councils. In certain cases, they have already considerable powers. We are continuously reviewing the working of the Basic Democracies and wherever and whenever need is felt to give more powers, we will not hesitate in doing so.

DEVELOPMENT PROGRAMMES BY LOCAL COUNCILS

*1760. **Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani** :Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that according to the decision taken at a meeting of senior officers of the Basic Democracies, Social Welfare Local Government and the Public Health Engineering Department held in Lahore on 6th March 1966, the quarterly meetings of the Chairman of Union Councils, Union Committees and Town Committees and the representative of the Public Health Engineering Department and the Directorate of Social Welfare are to be held under the Chairmanship of the Divisional Commissioner in each Division to discuss the matters of public interest and expedite implementation of development programmes;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the date on which any such meeting was held in Multan and the decision taken at the said meeting;

(c) in case no such meeting has been held so far, reasons thereof?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Watto): (a) No. (b) and (c) Question does no arise.

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : Will the Minister for Basic Democracies be pleased to say whether the Government propose to carry out these development programmes through the Basic Democrats?

Minister for Basic Democracies and Local Government : So far as I am concerned, if I have rightly understood the Member, he means whether the Basic Democracies are associated in the development programmes of the area. Sir, I will humbly submit that all the development programmes are processed through the Basic Democracies and in certain cases a programme starts right from the Union Council and goes up to the Divisional Council according to the amount to be spent at different stages and I think all the Basic Democrats are associated in the development of the area.

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : I want to know whether the Members of the National and Provincial Assemblies will be nominated on such development programmes.

Minister for Basic Democracies and Local Government : Sir as a matter of fact, they will be nominated to any body but as the Member is already aware of it, we have rssued instructions to the authority concerned that the Member of the Nationl and provincial Assemblies should be associated with the development programmes of the district and division. These orders and instructions were issued on a letter written by Mr. Speaker in this particular matter.

Mr. Speaker : On the initiation of the Member concerned ?

Minister for Basic Democracies and Local Government : Yes Sir.

سید عنایت علی شاہ ۔ وزیر موصوف نے اس سوال کے جواب میں کہا ہے کہ ہم نے head of the departments کو instruction issue کر دی ہیں کہ وہ consult کیا کریں لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ ابتک انہوں نے consult نہیں کیا تو کیا آپ اس کے متعلق تحقیقات فرمائیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب ہم نے ہر ایک head of the department کو ہدایات جاری نہیں کی ہیں کہ وہ consult کریں۔ میں نے یہ ڈویژنل کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کیلئے کہا ہے ۔ کیونکہ چیئرمین ڈویژنل کونسل کی حیثیت سے اور چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کی حیثیت سے کمشنر اور ڈپٹی کمشنر ہی کا یہ کام ہے کہ وہ ساری ڈولپمنٹ سکیموں کیلئے ہدایات جاری کیا کریں اور ساتھ ہی یہ بھی کہا ہے کہ بطور observer چاہے کوئی صاحب ڈسٹرکٹ کونسل یا ڈویژنل کونسل کے ممبر ہیں یا نہیں ہیں جا سکتے ہیں اور اگر کوئی صاحب ممبر ہیں تو بطور ممبر جا سکتے ہیں۔ اور جو حضرات ممبر نہیں ہیں انکو بطور observor بلایا جائے اور انہیں اختیار ہو گا کہ وہ بطور observor ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ کونسل میں کام کریں۔

Mr. Speaker: We are thankful to Mian Sahib for this.

میجر محمد اسلم جان ۔ میں بھی جناب وزیر بنیادی جمہوریت کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ ابھی تک میں نے تو یہ چیز نہیں دیکھی کہ راولپنڈی میں راولپنڈی کے ایم۔پی۔اے کو راولپنڈی کے ترقیاتی پروگراموں کے متعلق کمشنر راولپنڈی نے کبھی پوچھا بھی ہو۔ آپ اگر مہربانی فرما کر خاص طور پر ان کو یہ ہدایت کریں کہ لوکل ایم این اے اور ایم پی اے کو ہر ایک ترقیاتی پروگراموں سے متعلق اور ڈویژنل کونسل اور ڈسٹرکٹ کونسل میں بطور observers کے بلائیں تو بہتر ہو گا کیونکہ زبردستی تو ہم جا نہیں سکتے دروازے توڑ کر تو ہم گھس نہیں سکتے اگر ہمیں ہمارے علاقہ کے پروگراموں کے متعلق بلایا جائے تو ہم ممنون ہونگے ۔ کیونکہ ہمارے علاقہ کا درد ہم سے زیادہ تو سرکاری افسران کو نہیں ہو سکتا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں فاضل ممبر کا ممنون ہوں۔ گو آپ نے شکریہ ادا

کیا ہے اور مجھے ابھی راولپنڈی کے ایم پی ایز صاحبان نے ابھی آہستہ آہستہ فرمایا ہے کہ انہیں بلایا جاتا ہے ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل کونسل میں لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ فاضل ممبر کو اس کی اس سلسلہ میں اطلاع نہ ملی ہو تو اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے اور دوسرے یہ کہ ڈویژنل کونسل ابھی ابھی تشکیل ہوئی ہے ہم اس سلسلے میں دوبارہ پنڈی کے کمشنر صاحب کو ہدایت کریں گے کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ آپکو ایجنڈا وغیرہ اور دوسری چیزیں مہیا کیا کریں ۔

خان محمد یوسف خان ۔ آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ایم پی ایز اور ایم این ایز بطور observer ڈسٹرکٹ کونسل اور ڈویژنل کونسل میں جا سکتے ہیں لیکن میں اس کے ساتھ یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ ان کے اجلاس میں ان کی کارروائی میں حصہ بھی لے سکتے ہیں یا یہ کہ ان کو اس میں حصہ لینے کا حق حاصل ہو گا یا نہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و سماجی بہبود ۔ بطور observers کے ۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں ۔ باقاعدہ وضاحت قانونی طور پر تو شاید نہ ہوسکے یہ بتانے کے لئے کہ پوزیشن کیا ہے لیکن جب میں ایم-پی-اے تھا تو میں بطور observer کے جاتا تھا ۔ وہاں ہمیں کچھ کہنے کا تو حق ہوتا تھا لیکن ووٹ کا حق نہیں ہوتا تھا اور میرے خیال میں اب بھی یہ پروسیجر adopt کیا جائے گا کہ وہ اپنی بات کہہ سکیں گے رائے دے سکیں گے لیکن ووٹ کا حق نہیں ہو گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس سلسلے میں میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کیا observer کے صحیح معنی جو عملی طور پر دیکھنے میں آتے ہیں ایک خاموش تماشائی کے نہیں ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب تقریر کرنے کے بعد آدمی خاموش تماشائی نہیں رہتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے دیکھا ہے کہ وہ تقریر نہیں کر سکتے ۔

Mr. Speaker : Now the point is quite clear. The matter is quite clear. He says the members can make speech there.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جہاں تک میرا خیال ہے کہ اس سلسلہ میں مزید غور کر کے اگلی دفعہ عرض کر دیں گے مگر سابقہ طریقہ تو یہی ہے جو میں نے عرض کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ وہی پریکٹس جاری رہنی چاہئیے ۔

Mr. Speaker : That should continue.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ میجر اسلم جان صاحب نے وزیر موصوف کا شکریہ ادا کیا ہے اور وہ ہم واپس لیتے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is not a supplementary.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ کیا فاضل ممبر کو کسی دوسرے ممبر کا شکریہ واپس لینے کا حق ہے ؟ اور کیا وہ حق جتا کر کہیں ایسی چیز کا اظہار تو نہیں کر رہے جس کو انہیں نہیں کرنا چاہئے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب وزیر بنیادی جمہوریت نے فرمایا تھا کہ آہستہ سے ان کے کان میں راولپنڈی کے ایم پی اے نے کہا تھا انہیں بلایا جاتا ہے میری عرض یہ ہے کہ راولپنڈی کا صرف میں ایم۔پی۔اے ہوں ۔ ویسے ہمارے ڈویژن میں کیمبل پور اور جہلم بھی ہے ۔ مگر میں نے تو یہ

عرض کی تھی ۔ راولپنڈی کی ڈیولپمنٹ کے پروگراموں کے لئے راولپنڈی کے ایم این اے اور ایم پی اے کو نہیں بلایا جاتا ۔ جہلم کے ایم پی اے کو شاید بلایا جاتا ہو ۔ ہمارے علاقہ کے ترقیاتی پروگراموں کے لئے ہمیں بلایا جانا چاہیے ۔ نہ کہ جہلم والوں کو ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے واضح کر دیا ہے کہ وہ اس کے متعلق دیکھ لیں گے چیک کرلیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہم متعلقہ کمشنر کو یہ ہدایت کر دیں گے کہ وہ آئندہ اس چیز کا خیال رکھیں ۔

Mr. Speaker : No more supplementaries. Next question Mian Muhammad Shafi.

TUBE-WELLS AND HAND PUMPS IN THE WAR AFFECTED AREAS OF LAHORE AND SIALKOT DISTRICTS BEFORE RECENT WAR

***1838. Mian Muhammad Shafi** : Will the Minister of Basic Democracies and Social Welfare be pleased to state:—

(a) the number of tube-wells and hand pumps installed in the war affected areas of Lahore and Sialkot Districts for drinking purpose before the recent war;

(b) out of the number mentioned in (*a*) above, the number of tub-wells and hand pumps whose machinery was removed by the Indian Army during their occupation;

(c) the number of tube-wells and hand pumps which have been installed in the said areas after the withdrawal of forces; along with the expenditure incurred thereon?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (*a*) and (b) A survey is being carried out by the District authorities and information will be available after this survey is completed.

(*c*)	*District*		*Number of new hand-pumps*	*Expenditure*
			Rs.	Rs.
	Sialkot	...	599	1,84,000
	Lahore	...	91	25,025

Information about tubewells is being collected.

میاں محمد شفیع - جناب سپیکر۔ کیا میں وزیر موصوف سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ ہندوستان کی فوجوں کے حملے کی وجہ سے ہمارے بارڈرز پر پینے کے پانی میں جو کمی آگئی تھی وہ پوری ہو گئی ہے یا کہ وہ بدستور موجود ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - ہم نے عرض کیا ہے کہ اس سلسلہ میں جہاں مزید ضرورت ہے وہاں کام کیا جا رہا ہے اور جہاں تک پینے کے پانی کا تعلق ہے وہ کمی تو تقریباً تقریباً مکمل ہو چکی ہے اور اگر کسی جگہ پر کوئی شکایت ہو تو فاضل ممبر ہمیں بتادیں ہم اس کو فوراً دور کردیں گے ۔

INSTALLATION OF A TUBE-WELL IN GULISTAN COLONY, LAHORE

***1914. Chaudhri Idd Muahmmad**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) the date on which a tubewell was installed by Municipal authorities in Ward No. 17 Gulistan Colony Dharampura, Lahore;

(d) whether it is a fact that the said tube-well is not in working order since its installation if so, reasons thereof?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) 16-3-65. (b) Yes. The tube-well is not functioning as it is not provided with water-supply line due to non-availability of cast iron pipes.

سید عنایت علی شاہ ۔ یہ جناب والا ۔ لوہے کے پائپوں کی فراہمی کی ذمہداری کس پر ہے اور یہ کہاں سے دستیاب ہوتی ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ باہر سے منگوانی پڑتی ہیں کیونکہ جو ہمارے ملک میں بنتی ہیں وہ اس کے لئے مناسب نہیں ہیں۔ ہم انہیں باہر سے منگوانے کا انتظام کر رہے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ فارن ایکسچینج کی دقت کی وجہ سے شاید دیر ہو گئی ہو۔ ہم نے اس سلسلہ میں متعلقہ محکمہ کو چٹھی بھی لکھی ہے کہ ہمیں ۳۰ جون سے پہلے درآمد کرنے کی اجازت ملنی چاہئیے اور ہم اپنی طرف سے پوری کوشش کر رہے ہیں لیکن جو دقتیں ہیں وہ آپ کے سامنے ہیں۔

میاں محمد شفیع ۔ یہ کام کب مکمل ہو گا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ سوال یہ ہے کہ ۱۶-۳-۶۵ سے ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ہم ان پائپوں کو درآمد کر سکیں اور ہمیں اس کی اجازت مل جائے لیکن کچھ دقتیں ہمارے راستہ میں ہیں۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا ایسا کوئی انتظام نہیں کہ پہلے پائپوں کا انتظام کیا جائے اور بعد میں ٹیوب ویل لگائے جائیں کیونکہ ایسا کرنے سے رقم ضائع ہو جاتی ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ان دونوں چیزوں کا خیال کیا جاتا ہے منصوبہ بندی میں یہ دونوں باتیں رکھی جاتی ہیں لیکن بعض دفعہ ایسے حالات درپیش ہوتے ہیں جن کا پہلے اندازہ نہیں کیا جا سکتا تو کبھی ایسے

معاملات میں دیر ہو جاتی ہے اور اگر ہم یہ کہیں کہ پہلے ایک چیز باہر سے منگوائیں اور پھر لگائیں تو اس میں بھی وقت صرف ہو گا۔ کئی چیزیں پہلے سے ہی کرنی پڑتی ہیں لیکن کچھ دقتیں اس میں حائل ہو جاتی ہیں ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا آپ فرمائیں گے کہ ٹیوب ویل تو ۱۹۶۵ کے لگے ہوئے ہیں لیکن ابھی تک وہاں پائپ لائین نہیں بچھائی گئی تو کیا اس دوران میں ان کی مشینری وغیرہ چوری تو نہیں ہو گئی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا۔ اس کے متعلق سوال بھی نہیں تھا اور مجھے اطلاع بھی نہیں دی گئی اور میں یہی کہوں گا کہ فی الحال چوری نہیں ہوئی ۔

DELEGATION OF CERTAIN POWERS BY CHAIRMAN OF DISTRICT COUNCIL IN HYDERABAD DIVISION TO SECRETARIES AND ENGINEERS OF THEIR RESPECTIVE DISTRICT COUNCILS

*1935. **Mir Mir Muhammad Khan Talpur** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state whether it is a fact that certain Chairmen of District Councils in Hyderabad Division have delegated certain powers to the Secretaries and Engineers of their respective District Council, if so, the names of such District Councils, the dates of delegation of powers, the nature of such powers and whether, these power were delegated after obtaining prior approval from Government ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes. The names of District Councils, the date of delegation of powers and nature of such powers is given in Annexure 'A' * Approval of Government in the matter was not necessary.

---

*Please see Appendix 1 at the end.

میر محمد خان تالپور ۔ اس میں لکھا ہے کہ حیدرآباد کی ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین نے کچھ ایسے اختیارات تفویض کر دیئے ہیں میں پوچھتا ہوں کہ باقی ڈسٹرکٹ کونسلوں کے چیئرمین اپنے اختیار کسی دوسرے کو سونپ سکتے ہیں یا نہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جی ہاں سونپ سکتے ہیں مگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ کسی کو نہ سونپے جائیں تو یہ question of facts ہے اور اس کے لئے مجھے اطلاع وہاں سے منگوانی پڑے گی۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ جمہوریت کی بقا کے پیش نظر وائس چیئرمین کے عوام کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے کیا ڈسٹرکٹ کونسلوں کے چیئرمین پر یہ فرض عائد نہیں ہوتا تھا کہ وہ اپنے اختیارات وائس چیرمینوں کو دیدیتے بجائے اس کے کہ وہ سیکریٹریوں یا انجینیرز کو دیدیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جہاں وائس چیئرمین کو اختیار بطور خود چیئرمین کے حاصل ہیں اور باقی اختیارات کے تفویض کرنے کا اختیار چیئرمین کو ہوتا ہے اور ساتھ ہی دوسرے افسران کو اختیارات دینے کا ان کو اختیار ہے کیونکہ عملی ضرورت کے پیش نظر ان ساری چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے اور میں ایوان کے فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ تمام کارروائی عوام کے بہترین مفاد میں کی جاتی ہے۔

DEVELOPMENT CESS COLLECTED BY ALL MUNICIPAL AND TOWN COMMITTEES IN FORMER N.W.F.P. REGION

*1970. **Khan Ajoon Khan Jadoon**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that development cess at the rate of two annas per rupee on Octroi is being collected by all Municipal and Town Com-

mittees in Former N.W.F.P. Region ;

(b) whether it is a fact that development cess mentioned in (a) above has not been levied by other Municipal and Town Committees of West Pakistan ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, reasons therefor?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes.

(b) Yes.

(c) The case was levied by the former N.-W.F.P. Government and is being continued. The other Provincial Governments before integration did not levy such a cess and as such no levy is made in the rest of the Province.

خان اجون خان جدون ۔ جناب یہ cess سابق فرنٹیئر پرونس گورنمنٹ نے لگایا تھا۔ وحدت مغربی پاکستان کے بعد یہاں ایوان میں کئی دفعہ یہ سوال آیا ہے کہ یا تو اسے ختم کر دیا جائے اور یا اسے تمام صوبہ میں ایک جیسا کر دیں۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میں عرض کرونگا کہ ہم محکمہ finance کے ساتھ پہلےہی اس بارے میں کارروائی کر رہے ہیں ہم نے ان سے اس کے متعلق استدعا کی ہے کہ رقم لوکل باڈیز کو ٹرانسفر کر دی جائے تاکہ وہ اس سے اپنے علاقہ میں خرچ کر سکیں۔

خان اجون خان جدون ۔ آپ یہ فیصلہ کر دیجئے کہ یہ cess provincial consolidated fund میں نہیں جائیگا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ میرا محکمہ finance کے ساتھ کارروائی کر رہا ہے۔ ہم نے ان کو گذارش کی ہے کہ یہ فنڈ متعلقہ لوکل

باڈیز کو دے دیا جائے ابھی تک آخری فیصلہ نہیں ہوا۔

خان اجون خان جدون ۔ کب تک آخری فیصلہ ہو جائیگا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ یہ محکمہ finance پر منحصر ہے۔

WATER SUPPLY FACILITIES PROVIDED TO RESIDENTS OF VILLAGES BHUTTA

*1971. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Basic Democracies be pleased to state whether it is a fact that water-supply facilities provided to the residents of village Bhutta, Kemari Karachi, are inadequate and they are facing great hardship in this regard, if so, whether any scheme of water-supply for the above village and its surrounding areas has been prepared ; if so, the estimated cost thereof alongwith the scheduled date of completion of the said scheme ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): It is a fact that Bhutta Village has no permanent water distribution system as yet but ten community stand posts exist in this cluster through which water-supply is made available to the residents. The K.D.A. had prepared a project estimate for Bhutta village costing Rs. 859,020 for the laying of permanent water distribution including installation of Community Stand Posts. The whole Scheme of the Bhutta village costs Rs. 94.04 lacs with a deficit of Rs. 51.96 lacs which K.D.A. can ill afford to undertake as a self-financing scheme. The scheme was therefore referred to the Divisional Council in October last for providing funds for development of the area. The Divisional Council considered the case in November 1965 and decided that the case be kept pending till the emergency was over as there were no funds available with them. The K. D. A. is being asked to take further action.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ جس طرح یہ واٹر سپلائی پروگرام بنایا گیا تھا ۔ اس کے مطابق بٹھہ گاؤں کراچی کے rural area میں آتا ہے ۔ وہاں پانی کے لئے نلوں پر ہزاروں گھڑے پڑے ہوتے ہیں ۔ لوگوں کی باری

نہیں آتی ۔ کیا گورنمنٹ کے ۔ ڈی ۔ اے کو کوئی مالی امداد نہیں دے سکتی تاکہ اس سکیم کو جلد از جلد مکمل کیا جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں نے اس پراجیکٹ کے بارے میں تخمینہ عرض کر دیا ہے ۔ ہم نے کے۔ڈی۔اے کو لکھا ہے اور اس کے لئے کوشش کر رہے ہیں ۔ ان کو ہدایت کی جا رہی ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ آپ کو خود کچھ کرنا چاہیئے ۔ یہ چورانوے لاکھ کی سکیم بنائی گئی ہے Rural drinking water programme کی۔کے ڈی ۔ اے اکیلی ایسے کیسے کریگی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ further action سے مراد یہی ہے کہ اگر روپے کی ضرورت ہو تو حکومت قرضہ کی صورت میں یا کسی اور صورت میں دے سکتی ہے ۔ مگر پہلے جو دقتیں ہیں وہ آپ کے سامنے ہیں جن کی وجہ سے یہ کام نہیں ہو سکا ۔

خان اجون خان جدون ۔ وہ دقتیں آپ خود بتادیں ۔ کے۔ڈی۔اے کو لکھنے کی کیا ضرورت ہے ۔ یہ آپ کا اپنا فرض ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہم اسی کے ذریعہ سے سارے کام کرتے ہیں ۔

IMPLEMENTED PROJECTS DEVELOPMENT UNDER RURAL WORKS PROGRAMME IN 1963

*2047. **Mian Muhammad Shafi**: Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that various development projects were taken in hand under the Rural Works Programme in the Province in 1963;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the names of the said projects along with the names of those of them which are incomplete along

with the reasons therefor and the steps Government intend to take now for the completion of the said projects without further delay ;

(e) the total amount sanctioned for the said projects along with the amount remained unspent therefrom and the reasons therefor?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) 13,313 projects were taken in hand during the financial year 1963-64. Labour involved in giving the names of these projects is not commensurate with the benefit to be derived thereform. Some projects could not be completed as grants were received very late from the Central Government.

(c) Rs. 10 crore were sanctioned for these projects. Rs. 8.17 crores were spent. The unspent balance of Rs. 1.83 crore was utilized during the next financial year.

میاں محمد شفیع ۔ سنٹرل حکومت سے اس سال کتنا روپیہ ملا تھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس سال میں دس کروڑ روپے ملے تھے ۔

GRANT OF SCHOLARSHIP BY DISTRICT COUNCIL LAHORE TO SCHOOL GOING CHILDREN BY MARTYRS OF RECENT WAR

*2049. **Mian Muhammad Shafi** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the District Council, Lahore at its meeting held on 15th April 1966 took a decision to grant scholarships to the Schoolgoing children of the Martyrs who laid down their lives in defence of Pakistan during the last Indian attack in September 1965, and the said Council set up a Sub-Committee to recommend (i) the number of scholarship, (ii) the amount of each scholarships (iii) and the duration thereof ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the recommendations made by the said Sub-Committee and the time by which the said recommendations will be implemented ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) The Sub-Committee constitued for the purpose is examining the matter. Its recommendations will be implemented when finalised.

ARRANGEMENTS FOR STREET LIGHTING IN WARDS NOS: 22 TO 34 OF LAHORE CORPORATION AREA

***2050. Mian Muhammad Shafi** : Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) the names of the localities in Wards Nos. 22 to 34 in the Lahore Corporation Area where no arrangements of Street lighting exist ;

(b) whether it is a fact that the residents of the localities mentioned in (a) above pay the taxes levied by the said Corporation;

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, whether Government intend to make arrangements for street lighting in the areas mentioned in (a) above; if so, when, if not, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Only in Ward No. 24, in locality Pacci Thatti no street lighting arrangements exist.

(b) Yes.

(c) The street light will be provided if the residents pay their share of the expenditure involved as required under section 81 (7) of the Municipal Administration Ordinance.

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ میرے سوال کا جواب نامکمل ہے ۔ ان وارڈوں میں کم از کم بیس ایسے علاقے ہیں ۔ جہاں گلیوں میں روشنی کا انتظام نہیں جیسے کوٹ لکھپت ۔ بابو صابو ۔ سوڈیوال ۔ یہ سب علاقے روشنی سے بالکل محروم ہیں ۔ وہ لوگ کارپوریشن کو درخواستیں دے رہے ہیں ۔ کہ وہ آدھا خرچ دینے کو تیار ہیں مگر کوئی بندوبست نہیں ہو رہا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ ہوسکتا ہے کہ کوئی غلطی رہ گئی ہو ۔ اگر کسی جگہ کے رہنے والے اپنا خرچ کا حصہ ادا کرنے پر تیار ہوں اور کارپوریشن وہاں روشنی کا انتظام نہ کرتی ہو تو وہ میرے نوٹس میں لے آئیں ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ میں فوری انتظام کروں گا ۔

consult someone. But I would not be wrong Sir if I say that we were deliberately deprived of that opportunity to consult some experts, some economist or some accountant to guide us, to put in our views in a correct way or to make constructive suggestions. Anyhow, whatever it is, we have to put our suggestions, some of which might be constructive and might be considered by the august House and the Chairman of the Railways and might be of use to him, and some might be criticism not in bad faith, with good intentions that might be looked into and rectified, if possible.

Now at the very outset, Sir, dealing with Demand No. I, the first Demand is for Rs. 1,63,000, on account of an increase in price of coal, and the second Demand is of Rs. 67,44,000 as surcharge on diesel oil. Now, Sir, we have to see whether this diesel oil was only used by the railway engines or other vehicles too, which are plied on roads.

Mr. Deputy Speaker : What do you mean by the other vehicles except railway engine ?

Mr. Munawar Khan : I mean road transport, lorries, trucks, etc. Now we see that the charge or the surcharge was applicable not only to the oil or diesel used by the railways but some charge was also being paid by the owners of the various transport companies. We have to see whether those people sufferred any special loss because of the surcharge. No. They had been meeting out all the surcharge plus wear and tear because of the bad conditions of roads of which you are not unaware. They had been paying the highest possible price for the spare parts which is the highest in these days as compared with the past many years. Now, we see that those flourished and those people daily increase their vehicles in order to ply them on various routes. They run

and run to secure more route permits and thereby they have amassed huge wealth. Therefore, there is no reason why in the case of railways, when the surcharge was there, the railways should be in need of supplementary grant. Now they say that because of the Army movements the trains were rushed quickly or very frequently from one place to another. We have to see for how many days the war lasted. It was only for 21 days if I am not wrong. Of course, I am subject to correction.

Mr. Deputy Speaker : 17 days.

Mr. Munawar Khan : Thank you. So it lasted for only 17 days and, I think, everybody would be taking shelter, everydody would be taking asylum, behind this short war—a brawl I would say—of seventeen days. Sir, nations have been fighting wars for years and years while we here in 17 days have lost everything specially when the nation so liberally contributed and, I think, the nation contributed about fifty crores of rupees for the Defence Fund.

Mr. Deputy Speaker : I don't think the member is relevant to the motion.

Mr. Munawar Khan : I am coming to the point after giving this background. Because of the movement of Military, which is the central item of the Central Govenment on account of Defence being their subject, the military used the railways. Well, that demand should have been put before the Central Government and the expenses thus incurred should have been realised.

Mr. Deputy Speaker : How is that the responsibility of this House? You are discussing what the Central Government should have done.

Mr. Munawar Khan: The earnings of my railway, which is a provincial subject, were being used by the Central Government. The Central Government had to pay for it as I am paying interest on the amount given to me for the development of the railway to the Central Government. When I am paying it, when the Central Government demands its loans and its interest from me, there is no reason why I should not have put in my demand before the Central Government for using the railway which is a provinical subject.

Mr. Deputy Speaker: They pay for it.

Mr. Munawar Khan: When they pay for it then that income could very well meet all the expense. I am coming to another point that there should have been no increase in the use of diesel at all.

Mr. Deputy Speaker: The expenditure will entirely be on the income side. This Demand is on account of the expenditure.

Mr. Munawar Khan: I am coming to that. Sir, were all the trains in motion ? The answer is 'no'. Some trains were in motion and many were motionless because many routes were blocked. Why that much expense for the use of diesel oil particularly when many trains could not be plied because of war. During those days, as you know Sir and everybody knows, all the trains were not in motion regularly because of danger, because of apprehension and because of many other things. The Military needed some of the trains to move on those routes which were probably protected and those trains were used for the movement of the Army and equipment. My respectful submission is that when most of the trains were standing idle and only a few were being used ; how this excessive use of diesel ? The explanation, I am sorry I should say the reasons, would of course be given by the

Railway Minister in his speech to enlighten us as to how, when all the trains were not in motion and when only a few of them were in motion, this increase in the use of diesel oil cameabout.

Now, regarding coal Sir. Coal was imported from China and from some other countries.....

Mr. Deputy Speaker : Two minutes more. I have allowed the member fifteen minutes but I cannot give further time.

Mr. Munawar Khan : If you say I will sit down. But since I opened the debate I may be given some time more. It is, of course, your discretion.

Mr. Deputy Speaker : There are many cut motions.

Mr. Munawar Khan : There is plenty of time.

Mr. Deputy Speaker : We have three Demands and other members want to speak also.

Mr. Munawar Khan : I shall have to obey. We knew it before hand that when the entire show was to be rushed through in one day, when the entire show was to be .....

Mr. Deputy Speaker : The member may please come to the point.

Mr. Munawar Khan : I was talking about coal. I understand, of course I am subject to correction, that we had advanced rupees 82 lacs to India to supply us coal just before the war started. Now, why

this negligence knowing fully well the mentality of Hindus ? We have a bitter experience that on occasions our bogies were detained by the Indian in large number and they had been using them over there when our relations for some time past had become strained. Why should they have advanced the money ? Why should they not make such arrangements that as soon as the delivery was made payment could be made ? Some arrangements in that way could have been made keeping in view the designs of the Hindus on the other side. Now, what about that sum of rupees eighty-two lacs which is lying deposited with India for the supply of coal. If that is to be realised then this amount which is asked for because of the use of more coal, the import of coal from other countries could be decreased and that demand reduced by Rs. 82,000.00, when that amount was realised.

Now when we see, Sir, that the Government had been negligent or the Department had been negilgent in advancing that amount, that amount has got to be deducted from the present demand which is put in as Supplementary Demand because of the expenses incurred on coal. So I oppose Sir, that Demand No. 1, as put in by the Minister and urge that it may not be approved.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) - جناب والا - یہ مطالبہ زر نمبر ۱ جو ۸۴ لاکھ ۹۱ ہزار پر مشتمل ہے - یہ چار مختلف مدات کا مجموعی خرچ ہے - اور ان مدآت کے لئے ۶۶-۱۹۶۵ء کے اصل بجٹ میں چودہ کروڑ بانوے لاکھ روپے رکھے جا چکے ہیں- چوراسی لاکھ اکانوے ہزار کے اضافہ کا مطلب یہ ہے کہ جو خرچ پہلے متوقع تھا- اس میں ۶ فیصد اضافہ کیا جا رہا ہے- یہ اضافہ کا طریقہ میں سمجھتا ہوں کسی بجٹ کے آن مدآت کے بارے میں ہوتا ہے جو اسکے عام اخراجات سے متعلق ہوں- اس مد میں ۶ فیصد کا اضافہ بہت بڑا اضافہ ہے

اور اسکے لئے جتنے وزنی دلائل ہونے چاہئیں تھے میں سمجھتا ہوں کہ اس بیان میں نہیں دیئے گئے ہیں - جناب والا - اس کے لئے جو کچھ بھی دلائل اس سپلیمنٹری بجٹ کی آٹھ صفحے کی کتاب سے میسر ہو سکے وہ یہ ہیں کہ گذشتہ ۱۷ روزہ جنگ سے جو ہنگامی حالات پیدا ہوئے - وہ اخراجات میں اضافہ کا سبب بنے- چونکہ اس میں جنگ کے ہنگامی حالات کا حوالہ ہے- اس لئے میں مجبور ہوں - یہ کہنے کے لئے کہ ۶ ستمبر ۶۵ء کو جب ہندوستان کی بزدل افواج نے رات کی تاریکی میں اچانک پاکستان پر شبخون مارا اور جب مورخ ہمارے ملک کی تاریخ میں اس زریں باب کا اضافہ کریگا کہ ایک طرف ہماری دلیر مسلح افواج اور انکے ساتھ ساتھ لاہور اور سیالکوٹ کے نہتے شہری ہندوستان کی غرق آہن فوجوں کے مقابلہ میں پامردی سے ڈٹے رہے- اور انہوں نے اقبال کے اس مصرع کی عملی تفسیر پیش کر دی کہ

ع - مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

تو ایک طرف قوم جنگ لڑ رہی تھی ہزاروں لاکھوں افراد بے خانماں برباد ہو رہے تھے- اور بچے اور بوڑھے قتل ہو رہے تھے- اور دوسری طرف جنگ کے ختم ہونے کے فوراً بعد ہمیں یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ ہماری حکومت نے اس جنگ کو اور ہنگامی حالات کو ایک بہانہ بنا لیا ہے- ہر اضافہ اور زیادتی کے لئے اور ملک کے عوام پر ظلم و جو روا رکھنے کے لئے- ------

مسٹر ڈپٹی سپیکر - یہ صحیح بحث نہیں ہے-

مسٹر محمود اعظم فاروقی - آپ اطمینان رکھیں- میں کوئی غیر متعلقہ

بات نہیں کروں گا۔ میں عرض کر رہا تھا۔ کہ اس حکومت نے ہنگامی حالات کو ہر کام کے لئے استعمال کیا ہے ۔ اس بجٹ میں جتنی مدآت کے خرچ ہیں۔ یعنی یہ جو چار اخراجات ہیں اس سب کا جواز صرف یہ ہے ۔ کہ ہنگامی حالات اور جنگ کی ضروریات کی وجہ سے ان میں اضافہ ہوا۔ میں نے ایک ایک مد کا جائزہ لیا ہے ہنگامی حالات سے ان کے متاثر ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ فوج کی نقل و حرکت فوجی سامان کی نقل و حرکت جس سے اس میں بطور دلیل کے بیان کیا گیا ہے میں آپ کو اعداد و شمار سے بتاؤنگا کہ اس کی کوئی وجہ جواز نہ تھی ۔ ان اخراجات میں اضافہ کی ۔ جناب والا ۔ پہلی رقم ایک لاکھ تریسٹھ ہزار کوئلے سے متعلق ہے ۔ آپ کو یاد ہو گا اس ضمن میں کہ جب ریلوے کا بجٹ پیش کیا جا رہا تھا تو اس وقت میں نے وزیر ریلوے کو مطلع کیا تھا۔ کہ آپ نے کوئلے کے اخراجات تیئس لاکھ اکانوے ہزار روپے رکھے ہیں جس میں درآمدی کوئلہ اسی فیصد شامل ہے۔ اور ملکی کوئلہ صرف بیس فیصد ہے۔ تریانوے لاکھ اسی ہزار کا کوئلہ درآمد کیا جا رہا ہے اور چار لاکھ باسٹھ ہزار کا اپنا کوئلہ استعمال ہو رہا ہے ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا۔ کہ ہم جس حالات سے گزر رہے ہیں ان میں ہمیں بیرونی کوئلہ کے اوپر جو ہم درآمد کرتے ہیں کم از کم انحصار کرنا چاہئیے اب یہاں ایک کروڑ تریسٹھ لاکھ کے اضافہ کے بعد جو نیا تخمینہ آیا ہے اس میں پندرہ لاکھ انتیس ہزار بیرونی کوئلے پر خرچ کیا جائیگا۔ اور دس لاکھ پچیس ہزار ملکی کوئلہ پر۔ پہلے درآمدی اور ملکی کوئلہ کا جو تناسب ۸۰-۲۰ تھا اور اب وہ ۶۰-۴۰ ہے۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ اگر آپ کے ریلوے کے انجن آپ کے ورکشاپ

آپ کی بھٹیاں آج اس قابل ہیں کہ ۴۰ فیصد ملکی کوئلہ استعمال کر سکیں تو انکو جولائی ٦٥ میں صرف ۲۰ فیصد ملکی کوئلہ کیوں فراہم کیا گیا تھا اس بات کا تعلق اس اضافی خرچ سے اس لئے ہے کہ اگر آپ کے پیش نظر شروع ھی سے یہ بات ھوتی کہ بیرونی کوئلہ کم از کم استعمال کرنا ہے۔ تو پھر آپ کو یہ دلیل نہ دینی پڑتی کہ چونکہ ھندوستان سے کوئلہ آنا بند ھو گیا ہے اس لئے دوسرے ممالک سے کوئلہ درآمد کرنے پر زیادہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔

یہ آپ کی خراب پلاننگ تھی۔ یہ آپ کا ناقص منصوبہ تھا۔ چاھیے تھا کہ آپ اپنا پہلا بجٹ بناتے وقت اپنی مشینوں کیلئے ملکی کوئلے کا انتظام کرتے اور اس حد تک انتظام کرتے جتنا کہ وہ اب استعمال ھوتا رھا ہے۔ آج بیرونی کوئلہ آپ کم استعمال کر رہے ہیں۔ جبکہ مشینیں وھی ہیں۔ بھٹیاں وھی ہیں اور ورکشاپ بھی وھی ہے۔ آج سے ایک سال پہلے ہی منصوبہ کیوں نہیں بنایا جا سکتا تھا۔

جناب والا ۔ دوسرے اخراجات ڈیزل آئل سے متعلق ہیں۔ cost of other fuels میں ٦٧ لاکھ ۴۴ ھزار کا مزید خرچ پیش نظر ہے۔ اس کتاب میں کہا گیا ہے کہ نومبر ۱۹٦٥ میں مرکزی حکومت نے defence surcharge عائد کر دیا اس لئے جو خرچ پہلے پیش نظر ہے اس میں ٦٧ لاکھ ۴۴ ھزار کا اضافہ متوقع ہے۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ آپ کے بجٹ میں other fuels میں ۸ کروڑ ۸۷ لاکھ ۵۸ ھزار کی رقم موجود ھے۔ اگرچہ اس پورے سال کیلئے ۔ ۔ ۔

چودھری محمد سرور ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ چائے کا وقت ہوگیا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The House is adjourned till 11 a.m, today.

The Assembly then adjourned till 11.00 a.m.

The Assembly met at 11.00 a.m. Mr. Deputy Speaker in the Chair.

Mr. Deputy Speaker : Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ other fuels کے لئے اس ضمنی بجٹ میں آپ نے نئے اور اضافی اخراجات کا مطالبہ کیا ہے ۔ دراصل ان کے لئے میرے نزدیک وہ وجہ نہیں ہے جو آپ نے اس کتابچہ میں درج کی ہے ۔ آپ نے ہنگامی حالات کا ایک بہانہ بنا لیا ہے ۔ اور دوسری چیزوں کو اخفا میں رکھا ہے ۔ اس کی دلیل کے طور پر میں دوسری مد کی بابت عرض کر رہا تھا جو other fuels سے متعلق ہے ۔

جناب والا ۔ ۱۹۶۵-۶۶ میں جب یہ بجٹ پہلی دفعہ ترتیب دیا گیا ۔ اس میں other fuels کے لئے ۸۵۷۵۸۰۰۰/- روپیہ مختص کیا گیا تھا ۔ اور یہ رقم بارہ مہینہ کے لئے تھی ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سات ماہ کے لئے یعنی دسمبر ۶۵ سے جون ۶۶ تک کے لئے یہ وہ عرصہ تھا جب ریلوے کو Defence surcharge کا بار برداشت کرنا پڑا ۔ اس عرصہ میں other fuels کا خرچ ۵ کروڑ ۱۷ لاکھ ہونا چاہیئے تھا ۔ چنانچہ اب ۶۷۴۴۰۰۰/- روپیہ کا جو مطالبہ زر رکھا گیا ہے ۔ یہ اس ۸ کروڑ کی رقم سے متعلق نہیں بلکہ یہ اس ۵ کروڑ ۱۷ لاکھ کی رقم سے متعلق ہے ۔ یعنی other fuels پر جو اخراجات

دسمبر ٦٥ کے بعد کرنے تھے - کیونکہ دسمبر ٦٥ سے پہلے ان کا اطلاق نہیں ہوتا تھا - اس تناسب سے یہ ١٥ فیصد کا اضافہ ہوتا ہے - آپ نے جو وجہ بیان کی ہے کہ یہ Defence Surcharges کے علاوہ کوئی وجہ نہیں - یعنی ٦٧لاکھ ٣٣ ہزار کا اضافہ صرف Defence Surcharges کے طور پر کیا گیا ہے - جو نومبر ٦٥ میں حکومت نے Excise duty پر ٢٥ فیصد کے حساب سے عائد کیا تھا - یعنی اگر Excise duty -/١٠٠ روپیہ ہو تو Defence Surcharges -/٢٥ روپیہ ہوں گے - آپ کے اعداد و شمار کے مطابق ١٣ فیصدی کا اضافہ ہوا - اس کا یہ مطلب ہے - کہ other fuels پر Excise duty ١٠٠ فیصدی ہی ہو گی - لہذا other fuels پر اگر Excise duty ١٠٠ فیصدی ہو گی تو ٢٥ فیصد Defence Surcharges ٹوٹل Cost پر ١٣ فیصدی کے برابر ہوتا ہے - لیکن میں اچھی طرح سے جانتا ہوں کہ Excise duty کی شرح ١٠٠ فیصدی نہیں - اس لئے جب Excise duty کی شرح ١٠٠ فیصدی نہیں ہو گی - تو ١٣ فیصدی کا اضافہ Defence Surcharges کی وجہ سے نہیں ہو سکتا - ہو سکتا ہے - یہ کوئی اور خرچ ہو گا - یہ کوئی اور اضافی اخراجات ہوں گے - جن کو آپ نے Defence Surcharges کے پردے میں چھپانے کی کوشش کی ہے -

جناب والا - پھر میں عرض کروں گا - کہ 1966-67 کے پورے بجٹ میں جو ہمارے سامنے ہے - اور اس کے ساتھ جو white paper مہیا کیا گیا ہے - اس کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ 1965-66 میں نہ تو آپ کے Tons/Milage میں اضافہ ہوا - جتنا کہ متوقع تھا - اس کو نظر ثانی کرنے کے بعد بھی Tons اور Milage میں اضافہ نہیں ہوا - آپ کے Passenger Milage میں

بھی کوئی اضافہ نہیں ہوا ۔ پھر یہ اخراجات کیسے بڑھے ۔ یہ اخراجات operation کی زیادتی اور کوئلہ اور fuel oils کی وجہ سے بڑھتے ہیں ۔ جتنی زیادہ ریلیں چلائی جائیں گی ۔ اتنا ہی خرچ میں اضافہ ہو گا ۔ باوجود اس کے کہ ہنگامی حالات تھے ۔ باوجود اس کے کہ ۱۷ دن کی جنگ میں Wagon Load Tons میں اضافہ ہوا لیکن Passengers کی Milage میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ Civil Traffic میں کمی ہوئی ہے ۔ اور نتیجہ یہ ہوا ہے فوجی traffic نے دونوں کو offset کر دیا ہے ۔ تو آپ کے اتنے ہی اخراجات ہونے چاہئیں تھے ۔ جتنے کہ پہلے متوقع تھے ۔ اور civil traffic کی کمی کی وجہ سے جو saving ہوئی ہے ۔ وہ military traffic کے برابر ہونی چاہیئے تھی ۔ جب آپ کی ریلیں چلائی ہی نہیں گئیں ۔ milage زیادہ cover نہیں ہوا ۔ تو پھر کوئلہ پر کیسے زیادہ خرچ ہوگیا پھر اس میں ایک اور بات بھی ہے جس سے پتہ چلتا ہے ۔ کہ مسافر گاڑیوں اور مال گاڑیوں سے آپ کی آمدنی ۹۵ کروڑ ۳۰ لاکھ متوقع تھی ۔ اب آپ کے نظرثانی شدہ بجٹ میں ۹۵ کروڑ ۳۰ لاکھ روپیہ ہے ظاہر ہے کہ آمدنی کا انحصار اس بات پر ہے ۔ کہ ریلیں کتنی چلتی رہیں ۔ اور دیکھیں کہ وہ کتنا traffic اٹھاتی رہیں اور کتنا milage cover کرتی رہیں آپ نے کرایہ جات کم نہیں کئے ۔ ملٹری کو مفت نہیں لے جاتے رہے ۔ آپ ان سے کرایہ وصول کرتے رہے ہیں ۔ جب آمدنی میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ۔ اور جب milage میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ۔ تو پھر کوئلہ اور other fules اور operational cost میں اضافہ کی کوئی وجہ نہیں تھی ۔ سوائے اس کے کہ defence surcharges عائد ہو گیا اور آپ کو ادا کرنا پڑا ۔ اور اس کے بارے میں میں نے بتا دیا ہے ۔ کہ اگر ۱۰۰ فیصدی excise duty ہو گی تو

on the whole ۱۳ فیصدی کا اضافہ ہوا ۔ چونکہ ۱۰۰ فیصدی excise duty نہیں ہے۔ اس لئے یہ ۱۳ فیصدی کا اضافہ غلط ہے۔ اور یہ صحیح نہیں ہے ۔ دراصل یہ دوسرے اخراجات کو چھپانے کے لئے ہے ۔ جو کہ آپ عوام کو بتانا نہیں چاہتے ۔ پھر میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ یہ کہتے ہیں کہ

"loss on fuels, freight and handling charges....."

اس میں تقریباً ۵ لاکھ ۲۸ ہزار روپے کا اضافہ ہو گا جو سابقہ اخراجات کا تقریباً ۷ فیصد ہے۔ freight کا اور fuels کے آمد و رفت پر نقصان کا سارا انحصار اسی پر ہے ۔ کہ کتنی quantity اور کتنی مقدار میں fuel کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا گیا ۔ جب آپ کے fuel اور کوئلہ کی مقدار میں اضافہ ہو گا تو freight میں بھی اضافہ ہوگا اور اسکے loss میں بھی اضافہ ہوگا کیونکہ جتنی زیادہ handling ہو گی اتنا ہی زیادہ loss in transit and loss in handling ہو گا ۔ آپ نے fuel اور کوئلہ کے اضافی اخراجات میں یہ نہیں کہا ہے کہ آپ کے کوئلہ کی مقدار میں اضافہ ہوا یا یہ کہ fuel oil کی مقدار میں اضافہ ہوا ۔ اور آپ کو یہ کہنا بھی نہیں چاہیئے تھا کیونکہ دراصل آگے کے اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ milage وہی رہا آمدنی وہی رہی تو fuel کی quantity میں اور اسکی مقدار کے consumption میں کوئی اضافہ نہیں ہونا چاہیئے تھا ۔ جب fuel کی مقدار میں اضافہ نہیں ہوا تو اسکے freight میں کیسے اضافہ ہو گیا ۔ سوال یہ ہے کہ فرض کیجئے کہ دو ہزار ٹن یا دو ہزار گیلن fuel oil جو پہلے متوقع تھا اور اب نئے بجٹ میں بھی آپ نے دو ہزار گیلن fuel oil استعمال کیا اور اضافہ صرف defence surcharge کیوجہ سے ہوا اور quantity میں کوئی فرق نہیں ہوا تو

دو هزار گیلن جو پہلے بھی متوقع تھا اور وھی دو هزار گیلن آپ نے استعمال کیا تو اسکے freight میں کسطرح اضافه ہو گیا اور اسکے fuel کی handling میں کسطرح loss زیادہ ہو گیا ۔

جناب والا ۔ وقت کم ہے اور باتیں بہت ہیں لیکن میں ان کی تفصیل میں نہیں جاؤں گا مگر ان معروضات کے بعد یہ عرض کرونگا کہ پورا سپلیمنٹری بجٹ میں اور نظرثانی شدہ بجٹ ٦٦-٦٥ء دیکھنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہونچا ہوں کہ دراصل ہنگامی حالات اور جنگ کے تقاضوں کا بہانہ بنا کر محکمہ ریلوے نے اپنے نااهلیوں اور بد انتظامیوں کیوجہ سے یا یہ پلاننگ کی خرابی کیوجہ سے جو اخراجات زیادہ کیئے ھیں انکو اس ہنگامی حالات کے نقاب میں چھپا کر ھمارے سامنے پیش کیا ہے لیکن دراصل ان اضافی اخراجات کی وجوھات کچھ اور ہیں جو آپ اس ایوان کو بتانا نہیں چاھتے اور ایوان کو مغالطہ میں رکھکر انکو اس ایوان سے منظور کرانا چاھتے ھیں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور-٦) ۔ جناب سپیکر ۔ ھمارے کامیاب وزیر ریلوے نے بڑے طمطراق سے یہ ضمنی میزانیہ پیش کیا جب اسکے اعداد و شمار دیکھے تو ھمیں پتہ چلا کہ یہ میزانیہ کسی رفاہی مملکت کا نہیں بلکہ ایک ایسے بد قسمت ملک کا ہے جو ابھی دیگر ممالک سے کم از کم ایک سو سال پیچھے ھے ۔ جس دقیانوسی نقطہ نظر سے ریلوے کے میزانیہ کو فاضل دکھایا گیا ہے میرے خیال میں اسکی یہ بدترین مثال ہے اور ایسی ہی کارروائیوں کی وجہ سے ہمیشہ حکومت پر اعتراض کیا جاتا ہے لیکن اسکے باوجود اسنے اپنی پالیسی میں کوئی واضح تبدیلی نہیں کی ۔

ضمنی بجٹ میں ایک کروڑ ۱۰- لاکھ کی بجائے ایک کروڑ ۱۴-لاکھ کی آمدنی دکھائی گئی ہے جو کہ depreciation فنڈ میں جمع کر دی گئی ہے جہاں تک ریلوے کے اہلکاروں کی ضرورتوں اور سہولتوں کا تعلق تھا انکو مجرمانہ طور پر نظر انداز کیا گیا اور مسافروں کو جو مراعات یا سہولتیں پہونچانے کیلئے جن رقوم کی گنجائش رکھی تھی انکو بھی بری طرح گھٹایا گیا - مطالبہ زر نمبر (۱) item نمبر (۳) میں ہم سے ۶ لاکھ روپے کی رقم منظور کروانے کی گنجائش رکھی گئی ہے اور ہمیں یہ بتایا ہے کہ یہی وہ اخراجات ہیں جو freight and handling charges on fuel یعنی تیل وغیرہ کی درآمد پر زیادہ خرچ ہوا ہے -

جناب سپیکر - اس ۶ لاکھ روپے کی رقم کی منظوری ایوان بخوشی حکومت کو دے دیگا لیکن اسکا کوئی بھی جواز نہیں ہے - وہ اعداد و شمار جو کہ ہمارے سامنے حکومت کی طرف سے پیش کئے گئے ہیں ان سے صاف ظاہر ہے کہ پچھلے سال کی ریلوے کی کارگذاری کے مقابلے میں اس سال ریلوے کی کارگذاری بری اور ناقص ہے اور اس میں ترقی کی بجائے تنزل دیکھنے میں آتا ہے - قرطاس ابیض جو ہمیں بجٹ کے ساتھ دیا گیا ہے اسمیں بتایا گیا ہے Net ton miles per goods engine day per on line اسمیں ۱۹۶۴ء کے مقابلہ میں ۱۹۶۶ء میں کمی واقع ہوئی ہے - پہلے یہ ۲۲ ہزار ۲۹۷ تھا - اب ۲۱ ہزار ۲۷۴ ہے Engine miles per day engine on line (all engines) یہ فی دن (per day) پہلے ۱۰۷ تھا - اس سال ۱۰۰ ہے - Hours worked per day engine available for use پہلے ۱۲۰۳ تھا - اب ۱۱۰۳ ہے - اسکی اوسط پہلے ۳۵۳۱۴ تھی - اب ۳۵۲۹۰ ہے -

اسی طرح جتنے بھی اعداد و شمار دیئے گئے ہیں ان سے صاف پتہ چلتا ہے کہ محکمہ ریلوے کی کار گذاری پہلے سے بہت خراب رہی ہے - یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ ۶ لاکھ روپے کی رقم جبکہ محکمہ ریلوے نے پچھلے سالوں کے مقابلہ میں زیادہ کام نہیں کیا زیادہ آمدنی حاصل نہیں کی کہاں خرچ کی گئی - اگر یہ خرچ زیادہ ہے تو یہ اس چیز کی نشاندہی کرتا ہے کہ محکمہ ریلوے کا معیار پچھلے سالوں کے مقابلہ میں گر گیا ہے اور اسکی efficiency میں کمی واقع ہوئی ہے - جہاں تک losses on fuel کا تعلق ہے یہ اس ۶ لاکھ روپے کا جو انہوں نے مانگے ہیں ۲۵ فیصد سے بھی زیادہ ہے - جناب سپیکر - آپ کو علم ہے کہ جو مطالبہ زر ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے اسکی محض ایک ہی وجہ بتائی گئی ہے کہ سابقہ جنگ اور ہنگامی حالات کی وجہ سے ریلوے کے محکموں کو زیادہ کام کرنا پڑا لیکن قوم سے حکومت کا یہ مطالبہ رہا ہے کہ وہ اس حکومت کیلئے خون بہائے لیکن اس حکومت کا کردار یہ ہے کہ جو کام انکے ذمہ لگایا جاتا ہے اسمیں زیادہ سے زیادہ چوری کیجاتی ہے - یہ جو ایک لاکھ ۲۵ ہزار روپے کی رقم losses on fuels کیلئے رکھی گئی ہے - یہ محض اس چیز کی نشاندہی کرتی ہے کہ ریلوے کے محکمہ میں fuels کی چوری ہوتی ہے اور ناجائز طور پر جو نقصان ہوتا رہا ہے اس میں پہلے سے اضافہ ہوا ہے -

Item نمبر (۴) میں محکمہ کی طرف سے ۹-لاکھ ۹۴-ہزار روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے اسکا مقصد صرف یہ ہے

Additional amount to meet more expenditure on staff and stores due to increased traffic operations. Carriage and Wagons and Traffic.

جناب سپیکر ۔ جہاں تک اعداد و شمار جو ہمیں بہم پہنچائے گئے ہیں سے صاف پتہ چلتا ہے کہ پچھلے سال ریلوے نے پہلے سے زیادہ کام نہیں کیا اور زیادہ tonnage بھی نہیں اٹھایا ۔ جہاں تک ہماری مال گاڑیوں کا تعلق ہے اس مد سے بھی جو آمدنی ہوئی ہے وہ پچھلے سال کے مقابلہ میں ۴۰ لاکھ کم ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ ۹ لاکھ ۵۴ ہزار کی رقم جو کہ مطالبہ زر کی شکل میں پیش کی گئی ہے اس کے لئے ہماری ریلوے ایڈمنسٹریشن کے پاس کون سی معقول وجہ ہے ۔ اس کے علاوہ آپ کو اس چیز کا بھی علم ہے کہ ہنگامی حالات کی وجہ سے حکومت نے مختلف محکموں کے سیکریٹریز کو ہدایات جاری کی تھیں کہ نئی بھرتی نہ کی جائے بلکہ اکثر جگہ یہ مناسب سمجھا گیا کہ جو لوگ پہلے سے محکموں میں ملازم تھے انہیں نوکری سے علیحدہ کیا جائے لیکن یہ رقم جو اس مد میں رکھی گئی تھی میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت نے اور خاص طور پر محکمہ ریلوے نے ان ایام میں جبکہ ہنگامی حالات تھے جنگ کے پردہ میں لوگوں کو زیادہ بھرتی کر کے محکمہ ریلوے پر بوجھ ڈالا اور اس رقم کا آخر کار بوجھ عوام پر پڑے گا ان حالات کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ ریلوے کے محکمہ کے لئے یہ تمام رقوم جو اس مطالبہ زر میں پیش کی گئی ہیں کو حاصل کرنے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آ رہی۔ اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker : Next cut motion, Sahibzada Sahib.

Sahibzada Noor Hassan : Sir, I have simply to say that I completely agree with what the Member has said and I do not want to move my cut motion.

Mr. Deputy Speaker : Haji Sardar Atta Muhammad Lund is not present. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I move :

> That the total of Rs. 84,91,000 on account of ordinary working expenses ... ...

Mr. Deputy Speaker : It is an identical motion. It has already been moved. You need not move it.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر - میں relevant ہوتے ہوئے اور ان معاملات پر تبصرہ کرتے ہوئے صرف ڈیمانڈ نمبر ۱ کی شق نمبر ۴ پر عرض کروں گا جو یہ ہے -

> Additional amount required to meet expenditure on staff and stores due to increased traffic operation.

اس کی وجہ جواز یہ دی گئی ہے -

> As a result of increased traffic operations necessitated by greater military movement during the current year, an additional amount of Rs. 9,94,000 is required to meet the excess expenditure under the head 'Operating Staff'.
>
> A supplementary demand of Rs. 9,94 000 is accordingly presented.

(At this Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusuf Ali Shah, took the Chair.)

جناب سپیکر - جہاں تک اس محکمہ کی کارکردگی کا تعلق ہے جو اس

نے ہنگامی حالات اور جنگ کے دوران سر انجام دی اس کا میں حقیقتاً اعتراف کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے کافی اچھا کام کیا ہے (تالیاں)۔ میں پچھلے دسمبر کے سیشن میں بھی کہہ چکا ہوں کہ بلیک آؤٹ اور روشنی کے نہ ہوتے ہوئے بھی محکمے نے کوئی ایسا حادثہ نہیں ہونے دیا اور کام کافی اہلیت سے سرانجام دیا اور ہماری قلیل فوج تمام محاذوں پر برابر لڑتی رہی۔ جناب سپیکر۔ لیکن جہاں تک اس مزید رقم کے دینے کا تعلق ہے جو فگرز میرے محترم بھائی وزیر ریلوے نے اس ہاؤس میں پیش کی ہیں ان فگرز کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں یہ گذارش کروں گا کہ جو کام ڈیفینس کیخاطر بڑھا اتنا ہی کمرشل سائیڈ کی طرف کم ہوگیا اور اس لئے مجھے مزید رقم یا گرانٹ دینے کے لئے کوئی وجہ جواز نظر نہیں آرہی۔ مثلاً وزیر ریلوے صاحب نے اپنی تقریر کے صفحہ ۹ پر جو تخمینہ جات دیئے ہیں وہ یہ ہیں کہ سواری گاڑیوں سے کل آمدنی ۲۵ کروڑ ۶۵ لاکھ روپے کے منظور شدہ تخمینے کی نسبت ۴۰ لاکھ روپیہ زیادہ ہوئی ہے اور اس کے بر عکس بار برداری سے آمدنی ۳۲ کروڑ ۶۵ لاکھ روپیہ کے منظور شدہ تخمینے کی نسبت ۴۰ لاکھ روپیہ کم ہوئی۔ اس کی وجہ یہ دی گئی ہے کہ سال رواں میں ایک طرف تو گندم سیمنٹ اور آہنی اور فولادی اشیا کی در آمد کم ہوئی اور دوسری طرف کوئلے شکر اور پٹرول کی ترسیل میں کمی واقع ہوئی۔ جناب سپیکر۔ جب ایک طرف ڈیفنس کیوجہ سے۔ جنگ کیوجہ سے مسافر گاڑیوں میں دباؤ زیادہ ہوا تو اس کے عوض یہ جو ہماری کمرشل سائیڈ تھی اس میں deficiency ہو گئی اس صورت میں یہ ۹ لاکھ روپیہ کی رقم کی فالتو ڈیمانڈ جو کی گئی ہے

میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے کوئی وجہ جواز نہیں ہے ۔ جناب سپیکر میں نے کافی لمبی چوڑی تقریریں ریلوے پر تیار کی ہیں مگر ان کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ ان کا طریقہ طرز وغیرہ conservative ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر میں متعلقہ وزیر صاحب کو ناراض کئے بغیر اس بات میں کامیاب ہو جاؤں کہ وہ میری دی ہوئی تجاویز پر عمل فرمائیں تو بہت بہتر ہوگا اور خصوصاً اس وقت جبکہ ہمارا ملک جو کہ دشمنوں سے گھرا ہوا ہے اور جس میں ایمرجنسی declared ہے اور جبکہ ہمیں ہر پیسہ اور روپیہ بچا کر رکھنا چاہیے اور جس کی ہمیں سخت ضرورت ہے اس چیز پر عمل کرنا بہت ضروری ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بلا ٹیکس لگائے ہم یہ انکم بڑھا سکتے ہیں مجھے ایسے ذرائع کا پتہ ہے جس کی بنا پر ہم اپنی آمدنی بڑھا سکتے ہیں اور یہ انکم ۱۰ فیصدی بڑھائی جاسکتی ہے ۔ مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ آپ کا جو سٹاف ہے جس میں آپ اضافہ کر رہے ہیں ۱۰ لاکھ کا اس سے مجھے اختلاف ہے اور یہ جو آپکی کمرشل سائیڈ پر نظام ہے اس کی موجودہ شکل سے اس کے موجودہ set-up سے بھی مجھے اختلاف ہے ۔ جناب والا ۔ جس وقت یہ محکمہ مرکز کے پاس تھا اس وقت کوئی جواز دیا جا سکتا تھا کہ چونکہ ہمارے دو set up ہیں۔ ایک مغربی پاکستان میں اور ایک مشرقی پاکستان میں اور ان کے اوپر ہمارا ایک بورڈ ہے۔ اب جناب سپیکر ۔ کیا ہی اچھا ہو اگر ان تمام سفید ہاتھیوں کو retrench کر دیا جائے ۔ اور ان کی جگہ ہم صرف ایک جنرل منیجر یا وائس چیئرمین رکھیں اور اس کے ذمہ یہ تمام operation کمرشل یا دوسرے ۔ ۔ ۔ ۔

میاں محمد شفیع ۔ ملک صاحب کی تقریر کے آغاز میں point of order تو ہمیں یہ معلوم ہوا تھا کہ آج ان کے منہ سے چند کلمات خیر کے نکلے ہیں لیکن فوراً ہی ان کی تقریر بدل گئی ہے ۔ (قہقہہ)

Mr. Senior Deputy Speaker : It is not a point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ دس لاکھ کا اضافہ طلب کرنے کی بجائے یہ زیادہ بہتر ہو گا کہ اس محکمے میں retrenchment کی جائے پھر میں نے وزیر صاحب کو ایک تجویز پیش کرنی ہے بارہ فیصد کی تخفیف بہت سے محکمے جات میں کی گئی ہے اور اگر ریلوے کے محکمہ میں بھی وہ تخفیف کی جائے تو اس سے جو ہماری ایڈمنسٹریشن کے چارجز ہیں ۸ کروڑ ۳۴ لاکھ ۳۲ ہزار روپے کے اگر ان میں سے ساڑھے بارہ فی صد retrench کر دئیے جائیں تو ایک کروڑ چار لاکھ ۲۹ ہزار کی بچت ہو سکتی ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ ریلوے کو یہ exception کیوں دی گئی ہے اور یہ retrenchment. . . . .

Mr. Senior Deputy Speaker : This demand is about the increase of expenditure due to the the increase in the price of coal.

ملک محمد اختر ۔ جی ٹھیک ہے میں اس طرف بھی آتا ہوں۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Please try to be relevant ; it is due to the increase in price of coal.

ملک محمد اختر ۔ وہ جناب والا ۔ دس لاکھ روپے طلب کر رہے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ retrenchment سے یہ روپیہ مل سکتا ہے دوسرے محکمہ

جات میں ساڑھے بارہ فیصد retrenchment کی جا چکی ھے۔ ریلوے کو کیوں اس سے مستثنیٰ قرار دیاگیا ھے ۔ اب جناب سپیکر ۔ مجھے صرف یہ عرض کرنا ھے۔ کہ ہمارے پاس اس وقت ایسی فالتو آسامیاں ہیں کہ اگر انہیں retrench کر دیا جائے تو ہمیں یہ ضرورت محسوس نہیں ہو گی کہ ہمیں کسی قسم کی گرانٹ کے لئے منظوری درکار ہو ریلوے بورڈ کے متعلق میں عرض کر رہا تھا کہ موجودہ تنظیم میں ہمیں اسکی ضرورت نہیں بلکہ اسکے برعکس ہمارا ایک جنرل مینجر یا وائس چیئرمین یا کوئی اور ایسا افسر یہ کام چلا سکتا ھے۔

جناب سپیکر ۔ کچھ سال قبل ہمارے پاس صرف ایک ڈپٹی چیف کمرشل مینیجر تھا ۔ اسی طرح پہلے ہمارے پاس ایک ڈپٹی سی اور پی تھا۔ اب چار ہیں ۔ اسی طرح پہلے ہمارے پاس ایک چیف انجینئر تھا۔ جس کی jurisdiction پشاور سے کراچی تک یا کراچی سے دھلی تک تھی۔ اب چار ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے ایک دلچسپ بات یاد آ گئی اب ایک اور چیف انجینئر کی آسامی کی تجویز ھے۔ ان کا کام عمارتوں کو گرانے کے متعلق planning کرنا ہو گا۔ گویا اس محکمہ میں dismantling انجینئر بھی ہو گا اردو میں ہم اسے تخریبی چیف انجینئر کہیں گے۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اعلیٰ افسروں کی یہ فوج ظفر موج جو چار کے ہندسوں سے شروع ہوتی ھے اس کو اگر دو سے تقسیم کر دیا جائے تو دو افسر یہ کام سر انجام دے سکتے ہیں۔ اوز اس طرح ہمارے پاس کافی رقومات فراہم ہو سکتی ہیں۔ اور ہمیں ضرورت نہیں رہتی کہ کسی قسم کی ڈیمانڈ کمی

اور فنڈ سے اس جانب دیں۔ اسی طرح انجینئرنگ سائڈ پر دو ڈی۔ پی ہوتے تھے۔ جنہیں اب نوکر دیا گیا ہے اندازہ فرمائیے کہ ان سب اعلیٰ افسروں کے دوروں پر اور ان کے سیلونوں پر جو چلتے پھرتے محل ہیں کتنا زیادہ خرچ آتا ہو گا۔ اگر آپ زیادہ retrenchment میں نہ جائیں صرف اسی قدر کر دیں کہ یہ بڑے بڑے افسر ہیں ان میں سے پچاس فیصد کم کر دیں تو بھی ہمیں اس ڈیمانڈ کی ضرورت نہیں رہتی ۔

آخر میں جناب والا۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ گو ہمارے وزیر ریلوے اپنے کام میں کافی زیادہ دلچسپی لیتے ہیں اور انہوں نے ایک اچھے سیاستدان کی طرح اس بڑے نظام پر مکمل کنٹرول کیا ہوا ہے (تالیاں) تاہم نظام میں انقلاب آفریں اصلاحات کی ضرورت ہے سٹاف اس قدر بڑھا دیا گیا ہے۔ کہ ہم مجبور ہیں کہ اس چیز کے لئے گذارش کریں کہ سٹاف کو کم کریں موجودہ ریلوے بورڈ کو ختم کر دیا جائے صرف ایک وائس چیئرمین رکھا جائے۔ دو چیف انجینئر ہوں، نصف ڈپٹی چیف انجینئر ہوں۔ اس طرح جو کمرشل افسر ہیں ان تمام کو تخفیف کرکے اس بارہ لاکھ روپے کی کمی کو پورا کیا جائے۔

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان) ۔ جناب والا۔ وقت کی قلت کی وجہ سے جو کچھ میں عرض کرنا چاہتا تھا وہ میں عرض نہیں کر سکتا وہ کسی اور موقع پر عرض کروں گا۔ اس بد میں کل گرانٹ ۱۸ کروڑ ۲۷ لاکھ تھی اور سپلیمنٹری ڈیمانڈ ۱۹ کروڑ ۱۲ لاکھ ہے۔ یعنی اس پر ۸۴ لاکھ ۹۱ ہزار

زائد خرچ ہوا ہے۔ جو کل خرچ کا ۵ فیصد ہے۔ وہ defence charges پر ہوا ہے۔ جناب فاروق صاحب نے اس پر شک ظاہر کیا ہے کہ شاید ہم نے اس رقم میں کوئی اور چیز شامل کر دی ہے۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ رقم ۶۷ لاکھ ۴۴ ہزار تھی اور وہ ہم نے مرکز کو ادا کرنی ہے۔ یہاں گنجائش نہیں کہ اس میں کوئی چیز اور شامل کریں یہ وہی رقم ہے جو مرکز کو ہم نے ادا کرنی ہے۔

اسکے علاوہ ہمارا ۱۷ لاکھ ۲ ہزار روپیہ تیل اور سٹاف پر زائد خرچ ہوا ہے۔ تیل پر ۷ لاکھ ۲ ہزار اور سٹاف پر ۱۰ لاکھ خرچ ہوا ہے۔ جناب کو اور اس تمام مالک کو یہ علم ہے کہ گزشتہ سال ایسے حالات تھے جن کی بنا پر ملٹری ٹریفک اتنا زیادہ بڑھ گیا کہ ہمارا جتنا رولنگ سٹاک available تھا اس کو ہم نے کم سے کم کر کے استعمال کیا۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ خدا کے فضل و کرم سے ہماری وجہ سے ملٹری کی نقل و حمل میں کسی قسم کی کوئی روکاوٹ پیدا نہیں ہوئی۔ اگر گاڑیاں زیادہ چلائی جائیں تو ان کے لئے تیل بھی زیادہ درکار ہوتا ہے اور ان کے لئے سٹاف بھی زیادہ درکار ہوتا ہے۔ اس لئے یہ ۱۷ لاکھ ۲ ہزار زائد خرچ ہوا ہے۔ اب اس پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ میں نے اپنی بجٹ تقریر میں ٹن میل کا جو ذکر کیا ہے۔ اس میں میں نے یہ کہا ہے کہ ٹن میل سال ۱۹۶۵-۶۶ سے ۱ فیصدی کم ہے۔ لیکن میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ملٹری ٹریفک کو ہم ٹن میل میں شمار نہیں کرتے اس لئے یہ فگرز ظاہر کرتی ہیں کہ ایک طرف جتنے ٹن میل ۱۹۶۴-۶۵ میں

cover کئے ہیں اتنے ہی ۱۹۶۵-۶۶ میں cover کئے ہیں۔ دوسری طرف ملٹری ٹریفک جو تھی اس کی ضرورت پوری کی۔ ملٹری ٹریفک جیسا کہ آپ کو علم ہے رن کچھ کے جھگڑے کے بعد شروع ہوئی اور آج تک شروع ہے۔

جناب والا ۔ اسکے علاوہ کوئلے کا ذکر ہوا۔ کوئلے کے متعلق عرض یہ ہے کہ پہلے کوئلہ ہم بھارت سے لیا کرتے تھے اور بھارت کے کوئلے کی قیمت ۶۲ روپے فی ٹن تھی اور اسکی delivery واہگہ پر ہوتی تھی۔ اور ایسے حالات میں ہم بھارت سے کوئلہ نہیں لے سکتے اور نہ وہ دینے کیلئے تیار ہے ۔ تو ہم نے چین سے کوئلہ لینا شروع کیا۔ چین کے کوئلے کی قیمت ۷۸ روپے فی ٹن کراچی میں تھی اس لئے اس پر ایک لاکھ اور کچھ ہزار روپیہ زائد خرچ ہوا ۔ جہاں تک ہمارا تعلق تھا ہم نے اس سلسلہ میں پوری کفایت شعاری سے کام لیا اور ہماری کفایت شعاری کے باجود رقم ۱ لاکھ ۳۸ ہزار تھی۔

اب جناب والا ۔ ایک اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ اس ملک میں مختلف محکمہ جات جو کچھ کر رہے ہیں جہاں وہ غلطی کرتے ہیں اور وہ اپنے فرائض کو پورا نہیں کرتے وہ ہنگامی حالات اور جنگ کا حوالہ دیکر اس غلطی کو cover کرتے ہیں جہاں تک ریلوے کا تعلق ہے جو کچھ ریلوے نے جنگ کے دوران اور اس سے پہلے اور بعد میں کیا ہے وہ ملک کے بچے بچے کو معلوم ہے اور جو کچھ اس پر خرچ ہوا ہے وہ ہاؤس کے سامنے پیش کر دیا گیا ہے ۔ ملٹری ٹریفک کی نقل و حمل کیلئے عام حالات میں جو گاڑیاں چلائی جاتی تھیں اس سے ضرورت پوری نہیں ہو سکتی تھی اس کیلئے سپیشل

trains بھی چلانی پڑیں ۔ اس پر بھی زائد خرچ کرنا پڑا ۔ اس کے علاوہ ہم پر یہ اعتراض ہوا ہے کہ جو ہمارے اپنے ملک کا کوئلہ ہے وہ ہم زیادہ کیوں خرچ نہیں کرتے۔ جہاں تک ریلوے کی پالیسی کا تعلق ہے اس پالیسی میں سب سے زیادہ زیر غور مسئلہ جو ہے وہ یہ ہے کہ ریلوے کو باہر کی محتاجی سے کیسے بچایا جائے۔ اور اس کیلئے جو ہمارے وسائل ہیں ان کے مطابق جو کچھ ہم سے ہو سکتا ہے وہ ہم نے کیا ہے ۔ اور جو کچھ آئندہ ہم سے ہو سکتا ہے وہ ہم کر رہے ہیں ۔ اس سلسلے میں یہ سکیم جو آپکے سامنے آئی ہے کہ لاہور اور خانیوال کے درمیان برق ٹرین چلائی جائے یہ اس لئے ہے کہ باہر سے جو تیل اور کوئلے کی امپورٹ ہم کرتے ہیں اس سے نجات حاصل کر سکیں ۔ اور اپنے ملک میں جو برق قوت پیدا ہوتی ہے اس سے ٹرین operate کر سکیں۔ اس کیلئے ۲۰ فیصد پہلے ear mark کیا ہے اور ۴۰ فیصد اب ear mark کر رہے ہیں۔ اس کی بہت سی وجوہات ہیں۔

جناب والا ۔ ایک یہ کہ جس قسم کا کوئلہ ہمیں درکار ہے اس کی پروڈکشن ہمارے ملک میں بہت کم ہے ۔ میں آپ کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ وہ کوئلہ ہمیں ۱۹۶۴-۶۵ میں ۱۰۱۵۵ ہزار ٹن دستیاب ہو سکا ہے اور سال کے دوران میں ۲۵ ہزار ٹن دستیاب ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ جو fuel کا خرچ بڑھا رہے ہیں اس کی ایک وجہ ہے اور وہ ہے کہ جو main sections ہیں ان پر بھی جو انجن چلا رہے ہیں وہ ہائی سپیڈ انجن چلائے جاتے ہیں۔ اور برانچ سیکشن پر جو کوئلے سے انجن چلتے ہیں وہ

ہم استعمال کر رہے ہیں۔ وہاں سپیڈ کم ہوتی ہے اور اس میں high percent-age والا کوئلہ کام دے جاتا ہے۔ جیسے جیسے کوئلے کی پروڈکشن زیادہ ہوتی جائے گی اور کوئلے کی قسم اچھی ہوتی جائے گی تو میں اس ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں اس کی percentage بھی ساتھ ساتھ بڑھتی جائے گی۔

میں ان الفاظ کے ساتھ گزارش کرونگا کہ یہ ڈیمانڈ پاس کی جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now put the question.

The question is—

That the total of Rs. 84,91,000 on account of Ordinary Working Expenses Operating Expenses—Total New Expenditure be reduced by Rs. 84,90,999.

The motion was lost.

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now put the Demand.

The question is —

That a supplementary sum not exceeding Rs. 84,91,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June, 1966, in respect of Ordinary Working Expenses—Operating Expenses.

The motion was carried.

DEMAND NO. 2

Mr. Senior Deputy Speaker : Next Demand, please.

Minister of Railways : I beg to move —

That a supplementary sum not exceeding Rs. 38,04,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June, 1966, in respect of Appropriation to Funds and Payment of Return on Central/Provincial Government Investments.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Demand moved is :

> That a supplementary sum not exceeding Rs. 38,04,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on 30th June, 1966, in respect of Appropriation to Funds and Payment of Return on Central/Provincial Government Investments.

Mr. Hamza : Opposed, Sir.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I move :

> That the total of Rs. 38,04,000 on account of appropriation to funds and payment of return on Central/Provincial Governments—Total New Expenditure be reduced by Rs. 38,03,999.

Mr. Senior Deputy Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

> That the total of Rs. 38,04,000 on account of appropriation to funds and payment of return on Central/Provincial Governments—Total New Expenditure be reduced by Rs. 38,03,999.

Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - اس ڈیمانڈ کے بہت سے حصے ہیں - جن میں سے ایک یا دو حصوں کے متعلق ہی میں عرض کروں گا - سب سے پہلے تو مجھے یہ عرض کرنا ہے - بلکہ اسکی وضاحت کرانا ہے - یہ صفحہ نمبر ۷ پر ایک عنوان ہے -

> Additional amount required to meet more expenditure on account of more appropriation to Funds-Rs. 12,76,000 (New-Recurring) :

جناب والا - اس سے اگلی سطریں یہ ظاہر کرتی ہیں -

"Additional amount of Rs. 10,57,000 is required to provide for the full appropriation to the Depreciation Reserve Fund calculated at 1/30th of Capital-at-Charge on the basis of actual figures now available, and Rs. 2,19,000 to Improvement Fund on the basis of the amount of development surcharge on passenger traffic now worked out. In all, more funds to the extent of Rs. 12,76,000 are needed to provide full appropriation to the aforesaid Funds."

جناب والا ۔ یہ دس لاکھ ستاون ہزار روپے کی جو رقم Reserve Fund کے لئے طلب کی گئی ہے۔ دراصل depreciation جو دیتے ہیں۔ وہ تیس فیصد دیتے ہیں ۔ یہ دس لاکھ ستاون ہزار روپیہ جو طلب کر رہے ہیں۔ یہ اسکا تیسواں حصہ ہے۔ جسکا مطلب یہ ہوا۔ کہ اگر آپ اس دس لاکھ ستاون ہزار کو تیس سے ضرب دیں ۔ تو یہ رقم کئی کروڑ تک پہنچ جاتی ہے ۔ تو میں یہ نہیں سمجھ سکتا۔ کہ بجٹ میں یکلخت depreciation کی مد میں اسقدر رقم کا مطالبہ کرنے کی کیا وجوہات ہیں۔ اسی طرح سے مجھے یہ گزارش کرنا ہے ۔ کہ ۔ ۔ ۔ ۔ در اصل یہ میں اس لئے point out کر رہا ہوں ۔ کہ کہیں کوئی غلط فہمی نہ ہو گئی ہو ۔ کوئی کمی نہ رہ گئی ہو ۔ کوئی غلطی نہ رہ گئی ہو ۔ کہ اتنی بڑی رقم بطور depreciation کے طلب کی جا رہی ہے۔ اور اس سے میرے خدشات کو اور بھی تقویت پہنچتی ہے ۔ مگر میں جناب وزیر ریلوے سے مودبانہ گذارش کرونگا ۔ کہ وہ اپنی تقریر کے صفحہ نمبر ۹ پر پیرا نمبر ۱۲ کو ملاحظہ فرمائیں ۔ اور ان کو زحمت سے بچانے کیلئے میں اسے پڑھ بھی دیتا ہوں ۔

"سال رواں میں کل اخراجات کو جس میں عام کاروباری اخراجات ۔

فرسودگی کے محفوظ سرمایہ اور اصلاح و بہتری کے فنڈ میں منتقلی ، اور غیر ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگی شامل ہیں - ترمیم کر کے بقدر باون کروڑ پچاس لاکھ روپے کر دیا گیا ہے - جس سے باون کروڑ چھہتر لاکھ روپے کے منظور شدہ میزانیہ کی بہ نسبت ستائیس لاکھ روپے کی کمی ظاہر ہوتی ہے"

جناب والا - مجھے یہ گذارش کرنا ہے - کہ یہ جو کمی ہے - اور جسے ستائیس لاکھ روپے کہا گیا ہے- میرا اندازہ ہے-کہ یہ ستائیس لاکھ نہیں بلکہ چھبیس لاکھ روپے کے قریب ہے- اس طرح یہ جو ستائیس لاکھ روپے لکھا گیا ہے - اس سے ریلوے منسٹر صاحب کی تقریر کے ایک حصے کو کسی بھی چیف اکاؤنٹنٹ نے بے جا طور پر تنقید کا ہدف بنایا تھے - جو کہ جائز نہیں ہے - بہتر تھا کہ ستائیس لاکھ کے بجائے صحیح اور اصلی اعداد و شمار ہی دئیے جاتے - میں اسکو بھی نظر انداز کر دیتا - لیکن اس ستائیس لاکھ روپے کی جو break up دی گئی ہے - یا اسکا یہ جو جائزہ دیا گیا ہے - کہ "ستائیس لاکھ روپے کی کمی کی وجوہات یہ ہیں - عام کاروباری اخراجات میں بقدر گیارہ لاکھ روپے کی تخفیف ہوئی - بیرونی قرضوں پر سود کی ادائیگی بقدر ستائیس لاکھ روپے کم ہوئی - اور ملتوی کھاتوں اور منہائیوں میں دو لاکھ روپے کی حد تک تبدیلیاں ہوئیں - یعنی ستائیس لاکھ جمع گیارہ لاکھ اور جمع دو لاکھ روپے - جو کہ کل چالیس لاکھ روپے بنتے ہیں - یا تو یہ typing کی غلطی ہے - یا پھر میری ہی ناقص عقل میں یہ بات نہیں آ سکی یا پھر یہ متعلقہ اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ کی غلطی ہے - تو میرا point یہ ہے - کہ دراصل یہ کمی ستائیس لاکھ روپے کی نہیں ہے - بلکہ اگر آپ ان اعداد

و شمار کو دیکھیں - تو یہ کمی در حقیقت چالیس لاکھ روپے کی ہے - یہ چونکہ بجٹ کا معاملہ ہے - اس لئے آپ اسے reconcile کرائیں - کیونکہ آپ نے appropriation کے لئے یہ اعداد و شمار دی ہیں آپ ان میں تین items دے رہے ہیں - ایک تو ستائیس لاکھ روپے کی ہے - دوسری گیارہ لاکھ کی اور تیسری آپ دو لاکھ روپے کی item دے رہے ہیں - تو اسکے متعلق جو بھی وضاحت کی جائے یا پھر ہو سکتا ہے - کہ میں ہی غلط عرض کر رہا ہوں - بہر حال آپ اسکی وضاحت کر دیں - اور اب مجھے یہ عرض کرنا ہے - کہ آپکی اس مد میں repayment of loans کا بھی ذکر ہے -

جو کہ غالباً صفحہ نمبر ۶ کے پیرا نمبر ۲ میں ہے -

> According to the Separation Convention of 1961, return at the rate of 4 % per-annum is payable to Central/Provincial Government on their Capital Investments in the Railway. As calculated on the basis of the latest figures of Capital Investments at the close of the proceeding financial year, an additional amount of Rs. 21,40,000 is required on this account.

جناب سپیکر - یہ رقم اگر ہمارے پاس فاضل موجود ہے اور ہمارے بجٹ میں گنجائش ہے - تو ہم اس رقم پر چار فیصد سود کیوں ادا کریں - میں اپنی ان گذارشات سے کسی پر ہر گز تنقید نہیں کرنا چاہتا - کیونکہ سب ہی میرے لئے واجب‌الاحترام ہیں - سب ہی پاکستانی بھائی ہیں - اور میں سب کی عزت اور احترام کرتا ہوں - لیکن مجھے یہ بتایا جائے - کہ ریلوے ایک ایسا کمرشل ادارہ ہے - کہ جسکی efficient running کیلئے دو باتیں درکار تھیں - - گورنر صاحب کی طرف سے political side سے جو

اس محکمے کا سر براہ مقرر کیا گیا ہے وہ تو شکر ہے کہ ایک powerful شخصیت ہے - اور ہمیں پتہ ہے کہ وہ کسی طرح بھی اس بات کو برداشت نہیں کرسکتے - کہ انکے احکام کو نہ مانا جائے - اب اس طرف سے تو ہمیں ایک طرح سے اطمینان ہو گیا ہے -

"We have not a very good Minister as far as Railway Department is concerned."

جناب والا - مجھے یہ بتایا جائے (قطع کلامیاں) حمزہ صاحب کی جو بات بھی ہوتی ہے - مجھ سے زیادہ صحیح ہوتی ہے - میں تو خوشامدی ہوں -

جناب سپیکر - مجھے یہ بتائیے کہ میرے پاس کم و بیش ایک سو پندرہ صفحات ٹائپ شدہ ہیں - تو ان میں سے جو کچھ میں عرض کرسکونگا - وہ کردونگا - بقیہ ویسے ہی انکی خدمت اقدس میں پیش کر دونگا - تو جب آپکے پاس retrenchment کی سہولت موجود ہے - اور آپ کے پاس پرانے وسائل موجود ہیں- تو اس سود کی ادائیگی کےلئے اسے استعمال کیجئے - تاکہ مقروض رہنے کی بجائے قرضہ جات جلد از جلد ادا ہو سکیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza, you want to speak ?

مسٹر حمزہ (لائل پور-٦) - جناب سپیکر- اس مد میں دس لاکھ ٥٧ ہزار روپیہ کی رقم کی گنجائش depreciation کے لئے رکھی گئی ہے - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے - اور ملک اختر صاحب نے ضمناً بتایا ہے - کہ depreciation عام طور پر capital-at-charge کا ١/٣٠ حصہ ہوتا ہے

اور اس رقم کے یہاں آنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ capital-at-charge میں ۳ کروڑ ۱۷ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے - مجھے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ capital-at-charge کی اتنی رقم کا اضافہ کہاں کیا گیا ہے - میرا اعتراض یہ ہے کہ ضمنی بجٹ میں اتنی بڑی رقم کے اضافہ کی گنجائش نہیں رکھنی چاہیئے - جب آپ بجٹ پیش کریں - تو اس سے پہلے آپ کو محکمہ کے حساب و کتاب کا خیال رکھنا چاہیئے - کہ آئندہ ضمنی میزانیہ میں اتنی بڑی رقم کی دوبارہ ایوان سے منظوری نہ لینی پڑے -

جناب سپیکر - مجھے اس بات کا احساس ہے - اور تشویش ہے - کہ جہاں تک آمدنی اور خرچ کی مدات کا تعلق ہے - اس میں حکومت کی طرف سے کوئی زیادہ تبدیلی نہیں ہوئی - اس کے علاوہ جہاں تک depreciation fund کا تعلق ہے اس کے متعلق white paper میں ۳۰ جون ۶۶ تک credit balance تین کروڑ ۱۶ لاکھ تھا - اور اس سال جون ۶۶ تک سات کروڑ ۳۶ لاکھ ہے-

"Thus the closing balance in the Fund on 30th June, 1966 is expected to be of the order of Rs. 7.56 crores.

اس کا یہ مطلب ہے - کہ depreciation fund کو اس میں شامل کر لیں گے - تو ۳۰ جون تک ۷ کروڑ ۵۶ لاکھ روپیہ کی رقم ہو گی جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے - اور اس white paper میں بتایا گیا ہے -

This is designed to provide the cost of renewal and replacement of assets, as & when they become necessary.

جہاں تک میری ذاتی معلومات ہیں - ہماری ریلوے کو نئے ڈبے

خریدنے اور اُن کے مرمت کرنے اور دوسری مشینری کی مرمت کی ضرورت ہوتی ہے اکثر اوقات دیکھنے میں آیا ہے کہ وزیر ریلوے نے خود بتایا ہے ۔ کہ جب گاڑی پہلے ریلوے سٹیشن سے روانہ ہوتی ہے تو بوگی کی خرابی کی وجہ سے تو انٹر کلاس کے ڈبے کو replace کرنے کی گنجائش نہیں ہوتی ۔ میں نے اس ایوان میں ایک مثال پیش کی تھی ۔ لہذا سیالکوٹ سے کراچی تک شاہین ایک روز Inter class کے ڈبے کے بغیر ہی گئی ۔ ایک دفعہ مجھے لاہور سے لائل پور جانے کا اتفاق ہوا ۔ تو گاڑی ایک گھنٹہ لیٹ ہوئی ۔ کیونکہ اس کا انجن خراب ہو گیا تھا ۔ اور متبادل انجن کا انتظام نہیں ہو سکتا تھا ۔ یہ میرا ذاتی تجربہ ہے ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ آپ ایسی رقمیں کیوں جمع کرتے جاتے ہیں ۔ جب کہ اُن کے خرچ کی شدید ضرورت ہوتی ہے ۔ یہ اچھی پالیسی نہیں ۔

جناب والا ۔ Improvement fund کی مد میں دو لاکھ انچاس ہزار روپیہ کی رقم رکھی گئی ہے ۔ اس کا فیصد یہ ہے ۔

The improvement Fund, which was created on the Pakistan Railways in the year 1955-56, bears the cost of such works as are carried out for providing amenities to passengers and Railway staff as well as works which are of unremunertive character, but are otherwise essential from operational considerations.

اور اس revised estimate میں جو رقم رکھی گئی ہے وہ ۴ کروڑ ۸۶ لاکھ روپیہ ہے ۔

According to the Revised Estimates of the current year, the anticipated receipts into the Fund would be of the

order of Rs. 4.86 crores including a credit of Rs. 69 lakhs from foreign loans and interest receipt and another credit of Rs. 3 crores from the Central Government on account of transfer of part of the balance under Improvement Fund existing in the General Accounts on 30th June, 1962 i.e. prior to provincialisation. The estimated withdrawals from the Fund would be Rs. 1.15 crores, giving a net credit of Rs. 3.71 crores to the Fund. Thus the closing balance in the Fund on 30th June, 1966, is expected to be of the order of Rs. 7.52 crores.

اس پر مجھے یہ اعتراض ہے کہ یہ رقومات اکٹھی کر کے رکھی گئی ہیں ۔ اس فنڈ کا مقصد مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچانا ، ریلوے ملازمین کو مکانات کی سہولتیں مہیا کرنا اور ان کی دوسری ضروریات پورا کرنا ہے

جناب والا ۔ وزیر ریلوے کے اس قول سے مجھے سخت اختلاف ہے ۔ کہ مزدور بڑے مطمئن ہیں ۔ مجھے یقین ہے ۔ اور ذاتی طور پر عام ہے کہ وہاں قبرستان جیسی خاموشی ہے ۔ اور وہ محض اس لئے کہ ہماری حکومت ہمارے ہاں trade unions کو پھلنے پھولنے (flourish) نہیں دیتی ۔ نہ کام کرنے دیتی ہے ۔ اس تمام ملک کو انہوں نے ایک کھلی جیل بنایا ہوا ہے ۔ میں جانتا ہوں ۔ کہ پچھلے سال تقریباً ۹۰ بار ریلوے ٹریڈ یونین نے محکمہ کو ہڑتال کے نوٹس دیئے ۔ اُن کے مطالبات ابھی تک بدستور قائم ہیں ۔ اور کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ جہاں تک مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچانے کا تعلق ہے ۔ وہاں بھی یہی ماجرہ ہے ۔ جیسا کہ اس میں بتایا گیا ہے۔ کہ ہماری حکومت نے یا حکومت کے اس محکمہ نے پچھلے سال وہ رقم جو مسافروں کی سہولت کے لئے بہم پہنچائی ۔ ۵۱ لاکھ روپیہ تھی ۔ میں اس وقت ترقیاتی بجٹ (Development Budget) میں سے پڑھ

رہا ہوں ۔ اس میں ۵۱ لاکھ کی بجائے صرف ۹ لاکھ روپے کی رقم خرچ کی گئی ہے ۔ جہاں تک میرا خیال ہے ۔ اس بجٹ کی تیاری میں کچھ خوبیاں بھی ہیں ۔ لیکن یقین کیجیئے اس کا credit وزیر صاحب کو نہیں دے سکتا وزراء کو تو اس نظام میں محکمہ جات سے کوئی تعلق نہیں ۔ وہ تو صرف letter boxes کا کام کرتے ہیں ۔ اُن کو جو باتیں بتائی جاتی ہیں ۔ وہ ہم تک پہنچا دیتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ لیکن لیٹر بکس تو بولا نہیں کرتے ۔ وزراء تو بولتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ اُن کو محض باتیں بتائی جاتی ہیں ۔ محکمہ کے بنیادی اصولوں کے بارے میں انہیں کچھ پتہ نہیں ہوتا ۔ وہ صرف liaison آفیسر کا کام کرتے ہیں ۔ اُن کا کام محکمہ اور اسمبلی کے درمیان رابطہ قائم رکھنا ہوتا ہے ۔ لیکن جب اُن سے کچھ کہا جاتا ہے ۔ تو یہ کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرتے ۔ یہ عوام کے سامنے قطعاً جواب دہ نہیں ہیں ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ جو رقومات رکھی گئی ہیں ۔ اور جن مقاصد کے لئے رکھی گئی ہیں ۔ وہ پورے نہیں ہوئے ۔ مسافر اور خاص طور پر ریلوے کے مزدور چیختے اور چلاتے رہتے ہیں ۔ لیکن ان کی سہولتوں کا خیال نہیں رکھا جاتا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ اس طرح روپیہ اکٹھا کئے جانا یہودیوں کی پالیسی ہے ۔ جسکی اسلامی مملکت میں قطعاً گنجائش نہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ قابل اعتراض بات ہے ۔

مسٹر حمزہ - ۲۱ لاکھ ۴۰ ہزار کی جو رقم رکھی گئی ہے -

The payment and Return on Central/Provincial Government Capital Investments.

اس پر یہ اعتراض ہے - کہ یہ بہت بڑی رقم ہے - محکمہ ریلوے کو سال کے آغاز میں ہی اس کا علم ہونا چاہیئے تھا - تاکہ سال کے دوران کوئی بڑی تبدیلی نہ ہوتی - یا جو رقم بطور سود حکومت پاکستان کو اور صوبائی حکومت کو ادا کرتی ہے - اس کی ضرورت نہ پڑتی جہاں تک قرضہ جات کا تعلق ہے - مجھے اس پر بھی اعتراض ہے - ایک ارب ۲۳ کروڑ ۸۰ لاکھ سنٹرل گورنمنٹ کو دینا ہے - صوبائی حکومت کے دو قرضہ جات ہیں - ۱۷ کروڑ ۲۹ لاکھ کا ایک قرضہ ہے - اور دوسرا قرضہ ۵ فیصدی سود والا ۶ کروڑ ۳۰ لاکھ کا ہے - اس طرح جو قرضہ جات محکمہ کے ذمہ ہیں - ان کی مجموعی رقم ایک ارب ۴۵ کروڑ ۳۹ لاکھ ہے -

مسٹر حمزہ - میرے نزدیک اس محکمہ کو سال کے دوران یہ رقم واپس کرنے کی جو گنجائش رکھی گئی ہے اس کو فیاضی کہنا چاہیئے- اسکے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کر دوں اور آپ کو یاد بھی ہو گا کہ دوسری جنگ کے دوران امریکہ نے بعض اتحادیوں کو قرضے دئے تھے اور بعض قرضہ جات ایسے تھے کہ جنکی شرح ۲-فیصدی تھی- دوسرے ممالک نے اس پر سخت اعتراض کیا کہ اگر امداد دیجا رہی ہے تو ۲-فیصدی شرح سود پر کیوں دیجا رہی ہے- ویسے لوگ کہا کرتے ہیں اسلامی مملکت میں خصوصاً سودی کاروبار اسلام کے خلاف ہے لیکن سودی لین دین اسلامی مملکت میں اسلام کے خلاف ہونیکے باوجود لوگ سودی لین دین کرتے ہیں تو وہ اسلام کو اپنے معیار کے ساتھ بدلتے ہیں اور قرآن کو بھی بدل

دیتے ہیں۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza you are not relevant.

Mr. Hamza : I am quite relevant Sir.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب سپیکر ۔ ہم نے مسٹر حمزہ کے ان الفاظ کو برداشت کیا کہ وزرا لیٹر بکس ہیں اور وہ اپنی جگہ پر قائم ہیں وہ چلتے پھرتے ہیں لیکن خان منور خان جو پہلے ہماری پارٹی میں تھے لیکن اب اپوزیشن میں پہونچ گئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ وہ خود لفافہ ہیں لیکن ہاؤس میں یہ کہنا کہ اسلام کو بھی بدل دیتے ہیں اور قرآن شریف کو بھی بدل دیتے ہیں ہم نہیں برداشت کر سکتے اس لئے میں حمزہ صاحب سے کہوں گا اور گذارش کروں گا کہ اپنے ان الفاظ کو واپس لیں۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ عرض یہ ہے جناب سپیکر ۔ کہ ہم کمیونسٹ نہیں ہیں کہ قرآن شریف کے الفاظ بدل دیں۔ یہ ہم کبھی نہیں برداشت کریں گے۔ یہ الفاظ واپس لیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ بعض ایسے مسودات قانون اس ایوان میں آتے رہے جو بالکل قرآن اور سنت کے عین مطابق تھے۔ نیشنل اسمبلی اور پراونشل اسمبلی نے انکو بری طرح ٹھکرا دیا اور اسلامی قوانین کے خلاف فیصلہ کیا گیا اور اب بھی انکی خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ یہ ٹھیک ہے اور وہ کہہ سکتے ہیں کہ جو قوانین سنٹرل اسمبلی میں

آئے وہ اسلام اور قرآن کے مطابق نہ تھے اور ان پر اعترض کیا جا سکتا ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ فلاں قانون شریعت کے مطابق نہیں ہے۔ لیکن یہ کہنا کہ قرآن کو بھی بدل دیتے ہیں ہمارا یہ ایمان ہے کہ قرآن کا ایک حرف بھی قیامت تک نہیں بدلا جا سکتا اور نہ کسی آدمی کو بدلنے کی جرأت اور نہ طاقت ہے۔ مسٹر حمزہ وہ اپنے الفاظ واپس لیں "قرآن کو بدل دیتے ہیں" اور یہ سارے ہاؤس کی رائے ہے کہ مسٹر حمزہ اپنے یہ الفاظ واپس لیں۔

مسٹر حمزہ ۔ افسوس ہے کہ رانا پھول محمد خان زیادہ پڑھے لکھے نہیں ہیں۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ صدر محترم ۔ میں صرف دو ایک الفاظ آپ کی اجازت سے عرض کرتا ہوں ۔ پھول محمد خان نے جو پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے میں اسکی تائید کرتا ہوں۔ جو حمزہ صاحب نے تقریر کی ہے اور جو کچھ انہوں نے کہا اور جو کچھ وہ کہتے ہیں ہم سنتے ہیں ہم اسکے عادی ہو چکے ہیں ہم پر ان کی باتوں کا اب بہت کم اثر ہوتا ہے۔ حمزہ صاحب کسی کے اصولوں پر کسی کے طریقوں پر اور کسی کے عقائد پر اعتراضات کریں یہ قابل برداشت ہے اور ہم کو اس پر اعتراض نہیں ہے وہ ہم کو کہیں گورنمنٹ کو کہیں منسٹروں کو کہیں کسی کو اعتراض نہیں ہے۔ لیکن یہ کہنا کہ قرآن کو اپنے معیار کے مطابق بدل دیتے ہیں اور اسلام کو اپنے معیار کے مطابق بدل دیتے ہیں اس پر سخت اعتراض ہے اور ہم یہ کبھی نہیں برداشت کریں گے۔ یہ کہنے کے بعد بجائے اسکے کہ انکو شرم آئے وہ ہنس رہے ہیں میں اس پر سخت احتجاج کرتا ہوں وہ اپنے الفاظ واپس لیں اور ایوان سے

معافی مانگیں۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ میں سود کے متعلق عرض کر رہا تھا اور اسکے لیں دین کے متعلق ۔ ۔ ۔ ۔

میں اس کی definition کو وضاحت سے نہیں عرض کروں گا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا طریقہ کار یہ مناسب نہیں ہے ۔ اس کی definition سے ظاہر ہوتا ہے کہ summary trial کے سلسلے میں آپ نے اس کے کچھ حصہ کو کریمنل پروسیجر کوڈ سے لیا ہے لیکن جو اپیل کی provision تھی اس کو آپ نے eliminate کر دیا ہے اس طرح آپ کہاں تک حق بجانب ہیں کہ آپ کسی قانون کے ایک حصہ کو adopt کر لیں ایک پروسیجر کو adopt کرلیں لیکن بقایا پروسیجر کو چھوڑ دیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ

جوڈیشل پروسیجر کا جو لفظ ہے اس کو آپ Non-judicial proceedings کر دیجئے اس سے آپ کا یہ قانون زیادہ واضح ہو جائے گا ۔ جناب والا ۔ اب میں اس کی دفعہ ۴ ۔ چھوڑتا ہوں اور دفعہ ۵ ۔ پر آتا ہوں جس پر مجھے بہت کچھ کہنا ہے۔ جناب سپیکر۔ دراصل یہی دفعہ ہے جو سب سے زیادہ قابل اعتراض ہے اور اس کے وہ حصہ جات جن پر مجھ کو اعتراض ہے ان پر اکتفا کرتے ہوئے گزارش کروں گا ۔

"5. The Tribunal shall not be bound to follow the rules evidence prescribed under the Evidence Act, 1872 and may inter alia. . . . "

اور آگے جو directions ہیں ان پر میں بعد میں عرض کروں گا ۔ سب سے پہلے مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ آپ نے کریمنل پروسیجر کوڈ ، پاکستان پینل کوڈ اور ان انگریزوں کے ڈیڑھ سو سالہ گذشتہ قوانین کی دفعات کو بغیر تبدیل کیے ہوئے adopt کرلیا ہے ۔ لیکن ایکٹ میں مجھے مودبانہ گذارش کرنی ہے کہ ہمارے لا منسٹر صاحب نے اس قانون میں Evidence Act کے exclusion کی سرپرستی کیوں فرمائی ہے۔ Evidence Act ایک نہایت ہی مختصر اور جامع ہوتے ہوئے ایک comprehensive قانون ہے ۔ اور یہ ایسا ہے جیسے کوزے میں دریا بند کر دیا گیا ہو اور ایک نہایت ہی نفیس قانون ہے ۔ اس میں انصاف کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بہت اچھے ہی طریقے اختیار کئے گئے ہیں ۔ EvidenceAct کی جو دفعات ہیں ان کو یک لخت منسوخ کر دینا میں سمجھتا ہوں یہ واجب نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمایئے کہ ایک جج یا ایک Presiding آفیسر یا ایک ٹریبونل کے سامنے ایک شخص پیش ہوتا ہے تو اکیلا ہی وہ جج اس کا فیصلہ کرے گا یا فیصلہ کرنے کا مجاز ہوگا ۔ Evidence Act کے تحت اس پر کوئی پابندی نہیں ہے وہ نہ معلوم کس حد تک اپنے اختیارات استعمال کرے ۔ وہ جس evidence کو چاہے ریکارڈ کرے اور جس evidence

کو مناسب نہ سمجھے ریکارڈ نہ کرے ۔ تو مثال کے طور سے میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ ایک جرنلسٹ یا ایک اچھا وکیل بھی اس کی زد میں آ سکتا ہے اور ان دفعات کے تحت پکڑا جا سکتا ہے ۔ اس میں میں بھی آ سکتا ہوں اور میں بھی پکڑا جا سکتا ہوں اور ایک disorderly person کو بھی پکڑا جا سکتا ہے ۔ اس طرح سے کراچی میں کسی شخص کی عزت اس قانون کے تحت محفوظ نہیں ہے ۔ اور نہ محفوظ رہ سکتی ہے ۔ چلئے میں آپ کے ٹریبونل کو بھی مانے لیتا ہوں کہ آپ ایک ہی آدمی کو بٹھا دیجئے لیکن جو ہماری defence ہے اور جو ہمارے خلاف الزامات ہیں ان کے right اور left دونوں sides یعنی دونوں نظریات جب ہائی کورٹ میں یا سپریم کورٹ میں revision کے لیے جائیں تو وہاں ظاہر ہو سکے کہ کیا omissions کی گئی ہیں اور کیا کیا اور باتیں تھیں جن کو اس وقت تک پورا نہیں کیا گیا ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں دفعہ ۵ (اے) کی طرف آتا ہوں ۔

"direct that the whole or any part of the enquiry against any person complained of s' all be held in camera ;"

جناب والا ۔ آپ دیکھئے کہ آپ camera میں proceeding کرے" ہیں اندازہ فرمائیے کہ جج ایک ہے اور proceedings in camera ہیں ۔ اس جج کے اختیار میں ہے کہ وہ چاہے تو evidence ریکارڈ کرے اور چاہے تو نہ کرے ۔ ظاہر ہے کہ جب proceedings camera میں ہوں گی تو پریس میں بھی ان کا آنا مشکل ہے ۔ جناب والا ۔ پریس ہمارا ایک زبردست organ ہے اور یہی وہ ہتھیار ہے جس ہتھیار کے باعث حکومت اور آپ کے صدر مملکت مارشل لا کے نفاذ کو ختم کرکے جمہوریت کی بحالی پر مجبور ہو گئے اور شاید یہی اخبارات ہیں جن کی تنقید آپ کے ایوانوں اور محلات میں زلزلہ پیدا کر دیتی ہے ۔ proceedings in camera کا "لفظ" آپ ایسے case میں لکھتے جو rape سے متعلق ہوں یا جو abduction سے

متعلق ہوں ۔ ایسے cases میں آپ نے یہ لکھ کر کہ proceedings camera میں ہو گی بہت زیادتی کی ہے اور مجھے اس طرح اعتراض کی گنجائش بھی نہ ہوتی ۔

اب (بی) کی طرف آئیے ۔

"(b) for reasons to be stated in the order, accept evidence on affidavit of witnesses whose presence cannot be secured without such amount of delay or expense as would in the opinion of the Tribunal be unreasonable in the circumstances of the case, or on any other ground sufficient in the opinion and connected with any matter arising in the case ;

جناب سپیکر ۔ اس سے بھی ہم آگے چلے گئے ہیں یعنی ایک شخص یا ایک شہری جس کو سزا دینے کا مسئلہ ہے تو اس کو ۵ سال تک قید کی سزا دی جا سکتی ہے ۔ اس پر میں تفصیل سے اس وقت گفتگو کروں گا جب شیڈول پر آؤں گا ۔ اگر ایک disorderly person کسی جرم کے تحت کسی دوسرے کورٹ میں try کیا جائے گا تو اسے عام سزا جو کچھ ہے وہ دی جائے گی لیکن یہاں اس کو ۵ سال تک سزا دی جا سکے گی ۔ ایسی حالت میں ایک شخص کو جو آپ نے disorderly person declare کرنے کے لئے جو طریقہ اختیار کیا ہے کہ proceedings in camera کے علاوہ اس پر آپ جو بھی الزامات لگاتے ہیں ان کو آپ محفوظ کر لیتے ہیں کہ وہ عدالت میں نہ جانے پائیں کہاں تک مناسب ہے ۔ جناب سپیکر affidavit پر کسی کی قسمت کا فیصلہ کر دینا مناسب نہیں ہے ۔ یہ چیز پاکستان میں ہر شخص کو معلوم ہے کہ اچھی جرح سے ایک اچھا وکیل صداقت کو کھود کر نکال لیتا ہے ۔ ایسے معاملات میں cross examination سے ثابت کرتا ہے کہ اس شخص کے ساتھ ہماری دشمنی ہے اور یہ وجوہات ہیں جن کی بنا پر یہ جھوٹی شہادت دے رہا ہے یا اپنی شہادت میں مبالغہ آرائی کر رہا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں Evidence Act

کی کسی بھی دفعہ کو نہیں چھوڑنا چاہئے تھا ۔ ایک طرف تو آپ evidence کو ختم کر رہے ہیں اور دوسری طرف آپ جانتے ہیں کہ ہمارے villages میں بلکہ شہروں میں یہ چیز آ گئی ہے اور basic democracy کے بعد بہت دھڑے بندیاں ہیں ۔ میں آپ کی خدمت میں بیسیوں rulings پریوی کونسل اور دوسرے سپریم کورٹ کی پیش کر سکتا ہوں جن میں یہ ہے کہ اس ملک میں جھوٹی شہادت ڈھونڈھ لینے کے لئے زیادہ وقت درکار نہیں ہوتا اور اکثر لوگ آپ جانتے ہیں کہ قتل کے مقدمات میں اگر جھوٹی شہادتیں دیتے ہیں پھر protection ارر defence کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے مقابلہ میں cross examination سے facts کو unearth کرتے ہیں اور reveal کرتے ہیں یا جو معاملہ ہوتا ہے اس کی تہہ تک پہنچتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ غور فرمائیں کہ affidavit پر کسی کو سزا دینا واجب نہیں ہے اس کے بعد میں (ڈی) کو چھوڑتا ہوں اور اس کی دفعہ (۵) (ای) پر آتا ہوں اور اس کے بارے میں عرض کرتا ہوں جو اس طرح پر ہے :

"receive evidence of general repute in relation to the person complained of",

یعنی general repute کی evidence کو جو receive کرنا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہو سکتا ہے کہ بعض دیگر قوانین کی وجہ سے یا ان کی رو سے اس کی اجازت ہو لیکن میری ناقص رائے میں ایک آدمی کا جو فعل ہے جو اس کا جرم ہے یا اس نے جس جرم کو connive کیا ہو اس کو curtail کرکے مختصر کرکے اسی حد تک ہمیں دیکھنا چاہئیے ۔ میں اس کی باقی دفعات کو چھوڑتے ہوئے اب دفعہ ۶ پر آتا ہوں ۔ یہ جو prosecution کا طریقہ ہے اور کسی شخص کو disorderly person declare کرنے کا

طریقہ کار ہے یعنی جو اس کے لیے ضابطہ مقرر ہے یا ضابطہ مقرر کیا گیا ہے وہ اس طرح پر ہے۔

"(1) The Tribunal shall take cognizance of a case only when information in respect of a specified person is laid before it by a police officer of the area concerned, not lower in rank than an Inspector of Police who has taken part in the investigation of the case. The information shall be signed by the Officer concerned and shall briefly set out—

(*a*) the practices with which the person complained of is charged ;

(*b*) instances, with details of time and place, of such practices ;

(*c*) a statement of any relevant general reputation in which the said person is held and any other ground on which the information is based ;

(*d*) names and other particulars of witnesses who will be produced to support the allegations contained in the information ; and

(*e*) whether the said person is sought to be declared a disorderly person or a dangerous disorderly person.

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب عام طور پر طریقہ کار اسمبلی کی debates کے لئے جو ہے وہ یہ ہے کہ پہلے ایک سیکشن کو پڑھا جائے اور پھر اس سے اپنی دلیل کو واضح کیا جائے ۔ تو میرے خیال کے مطابق اس سے اور بھی بہتر یہ ہے کہ آپ اپنے notes تیار کیجئے اور ان کی بناء پر اپنے دلائل پیش کر کے ان پر بحث کیا کیجئے ۔ جہاں آپ کو emphasis دینا بہت ضروری ہو وہاں صرف سیکشن دیا کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ I am sorry Sir مجھے اس کا دوسرا پارٹ پڑھنا چاہئیے تھا جس پر کہ مجھے اعتراض ہے اور میں وہی عرض کرتا ہوں ۔ دوسرا پارٹ کافی قابل اعتراض ہے وہ اس طرح ہے ۔

"The officer laying the information may, if he thinks fit enclose any of the above particulars in a sealed cover and request that the same be kept secret, and the Tribunal shall order that such particulars shall not be disclosed at any stage of the enquiry,..."

اب جناب والا ۔ دیکھئیے الزامات آپ نے لگا دئیے چلئیے اتنا تو کر دیجئے کہ جو الزامات ھیں اور جو جرائم کئے گئے ھیں ان کی تفصیل تو آپ دے دیں ۔ چارج شیٹ میں جو الزامات ھیں انہیں سر بمہر لفافہ میں رکھنے کا مطلب ھم نہیں سمجھ سکے اور یہ چیز ھم پر واضح نہیں ھوئی کہ جو متعلقہ انسپکٹر ھے یا ڈپٹی ایس ۔ پی ۔ ھے وہ سر بمہر لفافہ میں ان الزامات اور متعلقہ particulars کو رکھے اور یہ نہیں بتایا جائے گا کہ کیا particulars ھیں کیا جرم ھے ۔ کس وقت جرم کیا گیا ۔ کس شخص نے کیا اور کوئی وھاں موجود بھی تھا یا نہیں ۔ یعنی افسران جن کا حوالہ اوپر دیا گیا ھے وہ اس سے متعلقہ انفارمیشن کو سر بمہر لفافہ میں بھیجیں گے اور مزید برآں زیادتی کی بات یہ ھے کہ وہ یہ بھی استدعا کر سکیں گے کہ یہ particulars کسی سٹیج پر بھی disclose نہ کئے جائیں بلکہ وہ یہ بھی کہہ سکیں گے کہ گواھان کے نام نہ بتائے جائیں ۔

"names of the witness shall not be disclosed until such time as such witness is produced in evidence ;..."

اب آپ اندازہ فرمائیے کہ فوجداری اور دیوانی کے مقدمات میں گواھوں کی ایک لسٹ رکھی ھوتی ھے اور اس لسٹ کے مطابق آپ اپنا cross-examination تیار کرتے ھیں ۔ آپ یہ ظاھر کرتے ھیں یہ ثابت کرتے ھیں کہ اس شخص سے آپ کی کیا دشمنی ھے کیا عناد ھے ۔ آپ اس کے خلاف دستاویزات پیش کرتے ھیں اور اس کے ساتھ سابقہ مقدمات کا حوالہ پیش کرتے ھیں جن میں آپ نے اس کے خلاف شہادت دی ھو ۔ اس طرح اس کی دشمنی ثابت ھوتی ھے ۔ آپ گواھوں کو اس وقت disclose کریں گے جس وقت اس آدمی کے خلاف شہادت دینا مطلوب ھو تو اندازہ فرمائیے کہ یہ کہاں کا انصاف ھے ۔ آپ کیسے ان چیزوں کو اچھا خیال کر سکتے ھیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد دفعہ سات میں یہ قرار دیا گیا ھے کہ ایک سمن جاری کر دیا جائے گا جس کے ذریعے

مقدمہ کی اطلاع دی جائے گی اور پھر آپ اندازہ فرمائیے کہ اس سمن کے علاوہ bailable or non-bailable warrants بھی بھیجے جا سکتے ہیں اندازہ فرمائیے کہ نہ تو اس شخص کے خلاف مقدمہ درج ہوا ہے اور صرف اس لئے کہ اس کے کاغذات بھیجے گئے ہیں کہ اس کی شہرت خراب ہے یا پولیس کے ریکارڈ پر اس کا ریکارڈ اچھا نہیں لیکن بلا کسی جرم کے بلا کسی بات کے جس سے یہ ظاہر ہو کہ وہ قابل گردن زدنی ہے آپ کا ٹریبونل اور وہ بھی ایک آدمی پر مشتمل وہ اس شخص کے non-bailable warrants جاری کر سکتا ہے بلکہ اس کے علاوہ آگے جو پروسیجر ہے وہ یہ ہے کہ non-bailable warrants جاری ہونے کے بعد جب اسے پیش کیا جائے گا تو عدالت اگر چاہے تو اس کی ضمانت لے سکتی ہے اگر وہ مناسب خیال نہ کرے تو وہ اس کی ضمانت لینے سے انکار بھی کر سکتی ہے اور ایسی صورت میں اس کو custody میں بھیج دیں گے ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ یہ آپ اس شخص کے متعلق ایسا کر رہے ہیں جس کے متعلق آپ کا انسپکٹر یا ڈی ۔ ایس ۔ پی کسی خاص خدشات کی بنا پر اسے disorderly person declare کرانا چاہتے ہیں بلا اس لحاظ کے کہ اس نے کوئی جرم کیا ہو بلا اس کے کہ اس کے خلاف کوئی ایف ۔ آئی ۔ آر درج ہوا ہو ۔ بلا اس چیز کے کہ اس نے آپ کی پی ۔ پی ۔ سی کے تحت کوئی جرم کیا ہو لیکن جب وہ جرم کرے گا تو وہ ordinary court میں try ہو گا تو ان دفعات میں میں پوچھتا ہوں کہ کون سا justification ہے کوئی بھی ایسی بات ہے جس کو یہ کہہ سکیں کہ یہ درست ہے ۔ اب دیکھیئے کہ جس شخص کو disorderly person قرار دینا منظور ہے اور جس نے پی پی سی کے تحت کوئی بھی جرم نہ کیا ہو تو اس کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ یہ انصاف نہیں ہے ۔ اگلی دفعات کو دیکھنے سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ ان کے ساتھ کیا طریقہ اختیار کیا جائے گا ۔ اگر کوئی اس کی ضمانت نہ دے تو انہوں نے جو اپنا طریقہ کار اختیار

کیا ہے وہ سمری ٹرائل کا ہے کریمنل پروسیجر کوڈ کے تحت - مختصر یہ کہ ملزم کو وہ مراعات دئے بغیر جو وہ حاصل کر سکتا ہے یا کر سکتا تھا آپ اسے براہ راست سزا دلا سکتے ہیں اور disorderly person declare کر سکتے ہیں - جناب سپیکر - میں اس سے اگلے دو سیکشنوں کو چھوڑتا ہوں اور میں ۱۰-۱۱ کے بعد سیکشن ۱۲ پر آتا ہوں -

"If the Tribunal is satisfied, as a result of enquiry held under this Act, that the person complained against :

(i) frequents for immoral purposes houses or localities inhabited by prostitutes;"

یعنی وہ brothel houses میں یا prostitutes کے پاس اگر جاتا ہے تو جناب والا - جس حکومت نے قحبہ خانے بند کرنے کے لیے دس بارہ سال بعد قانون بنایا اور آج بھی اس پر جو عملدرآمد ہو رہا ہے - وہ مجھ سے زیادہ خود ارباب اختیار جانتے ہیں کہ وہی کسبیاں اپنے لائیسنس یافتہ اڈوں سے نکل کر شریفوں کے محلوں میں پھیل چکی ہیں -

مسٹر سپیکر - تشریف رکھیئے - ایوان کی کارروائی بیس منٹ کے لئے ملتوی کی جاتی ہے -

The Assembly thin adjourned till 11-00 a. m.

The Assembly met at 11-00 a. m. Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker. *Yes, Malik Akhtar.*

ملک محمد اختر (لاہور- ۲) - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ دفعہ نمبر ۱۲ جس کا heading ہے -

"Declaration of Disorderly persons and dangerous disorderly persons".

یعنی جو اس تمام گورکھ دھندے کا باعث اس قافلے کی منزل اور اس قانون کا goal ہے - وہ یہی دفعہ نمبر ۱۲ ہے - جس کے تحت کسی شخص کو

Disorderly یا Dangerously Disorderly person قرار دینا مطاوب ہے ۔ مجھے تو یہ کہنا چاہیئے کہ اب اس کی qualifications کیا ہوں گی ۔ جس طرح کہ الیکشن کے قانون میں ہے کہ ایک رائے دہندہ یا امیدوار کی کیا qualifications ہوں گی یا بہ الفاظ دیگر اس عام شہری کی کیا qualifications ہوں گی کہ جسے Disorderly یا Dangerously Disorderly person قرار دیا جا سکیگا ۔ میں اس کے متعلق سب سے پہلے تو یہ عرض کر رہا تھا کہ آپ کہتے ہیں کہ اگو وہ prostitution کے مقامات پر frequently جاتا ہو۔ میں دھرانا تو نہیں چاہتا ۔ لیکن اب کہے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ وہ حکومت جو اسلامی مملکت کی حکومت ہونے کے باوجود بھی کئی سال تک یہ practice کرتی رہے کہ prostitution کے اڈے باقاعدہ لائسنس سے کھولتی رہے تو وہ کس حد تک حق بجانب ہے کہ وہ خود ہی ایک گناہ کی زندگی کی اجازت دے اور پھر جب کوئی آدمی اس جگہ کا frequent visitor ہو تو اس کے بعد اسے یہ قرار دے کہ وہ شخص Disorderly person ہے ۔ ان کے پاس ایسے شخص کو پرکھنے کا کیا معیار ہے ۔ کیا ایسے محلے جہاں پر کہ prostitution ہوا کرتی ہے ۔ آیا انہوں ۔' وہاں پر کوئی ایسا رجسٹر رکھا ہے ۔ جس سے یہ معلوم ہو سکے گا کہ آیا وہ frequent visitor ہے یا نہیں ۔ میرا یہ دعویٰ ہے کہ آپ کے اس قانون کے ہوتے ہوئے بھی prostitution پہلے سے زیادہ بھیانک اور بدترین شکل میں اس بد نصیب صوبے میں موجود ہے ۔ اس سلسلے میں میں ایک inquiry report کا حوالہ دیتا ہوں ۔ جس وقت لاہور میں prostitution کو ختم کیا گیا تھا تو متعلقہ علاقے کا جو تھانیدار تھا ۔ اس کی آمدنی اس قانون کے نفاذ کی وجہ سے ہزاروں روپے تک پہنچ گئی ۔ کیونکہ وہ اس قسم کے پرائیویٹ اڈوں کی سرپرستی کرتا تھا ۔ اس کے بعد اس تھانیدار کے خلاف تحقیقات ہوئیں اور بہت سے الزامات اس کے خلاف لگائے گئے ۔ اس سے آپ کو اس بات کا اندازہ ہو جائے گا کہ آپ اگر کسی آدمی کو کسی کام کے کرنے سے روکتے ہیں ۔ تو وہ کام اور بھی پھلتا

پھولتا ہے ۔ آپ اگر راشننگ کر دیتے ہیں تو وہی اشیاء بلیک مارکیٹ میں فروخت ہونا شروع ہو جاتی ہیں تو میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر یہ حکومت prostitution کو سرے سے ختم ہی کرنا چاہتی ہے تو اس کے لیے کوئی ایسی عبرتناک سزائیں تجویز کرے کہ اس برے کام میں ملوث لوگوں کو سات سال تک کی سزا دی جا سکے لیکن اس چیز کا خیال رکھیں کہ اس کو اپنی صفائی پیش کرنے کا حق ہو ۔ صرف یہ نہ ہو کہ ایک سب انسپکٹر یا انسپکٹر اس کے متعلق لکھ دے اور ان کے لکھے پر ہی آپ اس کو سزا دے دیں اور وہ اپنی صفائی میں کچھ کہہ بھی نہ سکے ۔

جناب سپیکر ۔ موجودہ معاشرے کے ہوتے ہوئے اور موجودہ حالات کے ماتحت کسی شخص کو صرف اس بات پر سزا دے دینا کوئی اچھی بات نہیں ہے کہ اس کے متعلق صرف یہ کہا گیا ہو کہ وہ Disorderly یا Dangerously Disorderly person ہے یا یہ کہ وہ prostitutes کے پاس frequently جاتا ہے ۔ کیا آپ کے اس لفظ frequently کے معنی یہ ہیں کہ وہ شخص وہاں پر مہینے میں چار بار جاتا ہے کیونکہ مسلمان ہونے کی حیثیت میں تو اس کو یہ حق ہی نہیں ہے ۔

If he visits for the purpose the houses or the locality inhabited by prostitutes.

اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ ان کی نظر میں یا ان کے قانون کے مطابق ایک آدھ بار کسی کا وہاں پر جانا کوئی بری بات نہیں ہے حالانکہ شرع کی رو سے تو وہاں پر ایک بار بھی جانا گناہ ہے لیکن ہماری حکومت کے نظر ۔ کے مطابق ان بدکاری کی جگہوں اور ان brothels میں frequently جانے سے ہی یہ جرم بن جاتا ہے ۔ میں وزیر قانون سے پوچھتا ہوں کہ ان کا یہ جملہ باقی قوانین سے کیا inconsistent نہیں ہے ۔ اب آپ ہی بتائیے کہ

وہ کون سے prostitution کے اڈے ہوں گے کہ جہاں پر یہ معلوم ہو سکے گا کہ کوئی شخص frequently visit کرتا ہے تو اس کے بعد اسے Disorderly person قرار دیا جائے گا ۔ آپ ایک قانون بناتے ہیں کہ prostitutes کے پاس کوئی آدمی نہیں جا سکتا ۔ آپ اس کے لائسنس کو ختم کرتے ہیں لیکن پھر بھی آپ اس صورت میں اس کلاس کو باقی رکھ رہے ہیں ۔ آپ اس کو اس طرح کیوں نہیں رکھتے۔ جس طرح کہ اسلامی قانون میں ہے کہ اگر کوئی شخص pros itutes کے پاس جائے تو اسے سنگسار کر دیا جائے لیکن آپ کہتے ہیں کہ ایک آدھ بار جائے تو ٹھیک ہے البتہ اگر وہ زیادہ بار وہاں جائے تو پھر قانون کی گرفت میں آئے گا تو آپ کا یہ قانون اسلامی قانون سے شدید مخالفت رکھتا ہے لیکن یہ وزیر قانون کے بس کی بات نہیں ہے ۔ آپ نے مغربی پاکستان کے تمام قوانین کو یکجا کرنا ہے ۔ حکومت کی یہی پالیسی ہے اور میرا خیال ہے کہ اس پالیسی میں کسی حد تک ان کی بھی شاید رائے ہو گی لیکن اعلیٰ اشخاص اور بر سر اقتدار حکومت کی تو پالیسی یہی ہے کہ آرڈیننس کے ذریعے قانون سازی کی جائے اور آرڈیننس کے ذریعے جو قانون سازی ہوتی ہے اور اس کے جو نتائج ہیں وہ آپ کے سامنے ہیں ۔ اب آپ شق (۲) کو ملاحظہ فرمائیں وہ یہ ہے کہ :

"Frequent resorts of vice such as drinking or gambling dens, or places where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed; .....

جناب والا ۔ یعنی آپ امتناع شراب کر چکے ہیں لیکن اس قانون میں جو برائی ہے ۔ اس قانون کی رو سے frequent drunkard جو ہوں گے وہ تو قابل گردن زدنی قرار دیے گئے ہیں لیکن اگر ایک دو بار پی جائے تو آپ کہتے ہیں کہ پھر کوئی بات نہیں ہے ۔ اسی طرح سے آپ کے gambling dens ہیں ۔ اگر آپ اسے اس طرح سے کرتے تو پھر شاید اس میں کچھ appeal ہوتی ۔

"If a person is a gambler or if he is a drunkard".

آپ کہتے ھیں نہیں اگرچہ frequently کرے تو ھم اسے قابل مواخذہ سمجھیں گے اور اس سے باز پرس کریں گے ۔ میں پوچھتا ھوں کہ آپ اس کو بل کے فارم میں کیوں نہیں لاتے ۔ لینڈ ریونیو بل کو دیکھئیے اس میں ۲۵۰ ترامیم آچکی ھیں ۔

Mr. Speaker. No discussion about that.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مجھے اس پر یہ اعتراض کرنا ھے کہ یہ frequent کا جو لفظ ھے "resorts of vice such as drinking and gambling dens" یا ایسی جگہیں جہاں opium اور intoxicating drugs بکتے ھیں ۔ جو لوگ وھاں frequently جائیں گے ان کو آپ disorderly person قرار دیں گے۔ اب بتائیے اس کا کون ذمہ دار ھے ۔ اب آپ ان قحبہ خانوں اور منشیات کے اڈوں کو ختم ھی کیوں نہیں کر دیتے۔ ان کو ختم کرنے کی بجائے آپ یہ کر رھے ھیں کہ اگر کوئی شخص ایک بار ان اڈوں پر جائے تو اس کے لئے اجازت ھے لیکن frequently جانے والے کو گردن زدنی سمجھا جائے گا ۔ تیسری بات یہ ھے کہ وہ جو "generally appears in public while drunk" آپ اندازہ فرمائیں کہ آپ کے پاس اور بھی قوانین ھیں ۔ آپ شراب بند کر چکے ھیں پھر یہ frequent کی سمجھ نہیں آئی ۔ آپ کے پاس Criminal Procedure Code, Pakistan Penal Code اور آبکاری کے قوانین علیحدہ ھیں ان کے تحت prosecute کر سکتے ھیں جب آپ کے پاس دوسری موٹر اور پرزور مشینری ھے جس پر کروڑھا روپے کے اخراجات کر رھے ھیں ان کے ھوتے ھوئے ان چھوٹے چھوٹے جرائم کے لئے الگ قانون بناتے ھیں ۔ شرعی نقطۂ نگاہ سے یہ تباہ کن ھیں ان کو ختم کرنا چاھئے ۔ یہ ساری باتیں ھیں ۔ پھر یہ disorderly person کون ھوگا ۔ جو ایسی برائیوں سے مبرا ھے ۔ جو آپ کی دسترس سے محفوظ رہ سکے گا ۔ آپ تو کسی کو بھی

disorderly person قرار دے سکتے ہیں ۔ یہ نہایت ہی insignificant اور بے معنی سی provision کی گئی ہے ۔ آپ نے شاید اندازہ نہیں کیا ۔ کہ ایسے قانون کے consequences کیا ہوں گے ۔ لہذا میں یہ کہنے پر حق بجانب ہوں گا ۔ کہ آپ یہ چاہتے ہیں کہ کراچی کی ۲۵ لاکھ کی آبادی پر ایڈمنسٹریشن کا hold مضبوط سے مضبوط تر ہو ۔ جہاں آپ نے دو بار شکست کھائی ہے ۔

Mr. Speaker : Please don't repeat your argument.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ Adicting to smoking opium کے متعلق یہ ہے ۔

"or (*iv*) is addicted to smoking opium ; or

(*v*) uses obscene or abusive language in public ; "

یہ تو گالیاں ہیں ۔ مجھے بھی لوگ گالیاں دیتے ہیں ۔ جتنے بھی سیاسی لوگ ہیں ہر روز گالیاں کھاتے ہیں ۔ فرض کیجئے کہ میں برسر اقتدار پارٹی میں ہوں تو جو پولیٹکل ورکرز ہوں گے ۔ اگر مجھ سے کوئی فرو گذاشت ہو جاتی ہے ۔ تو وہ بھی گالیاں دیں گے ۔ اب کوئی representative ہو یا ایم پی اے یا ایم این اے رہ چکا ہو ۔ کوئی بھی ہو اس سلسلہ میں آپ ہر ایک کو disorderly person قرار دے دیں گے ۔ خدارا خوف کیجئے ۔ یہ کوئی آپ کی کالونی نہیں یا کوئی British Empire کی کالونی ہے ۔ آپ لوگوں کی کیوں respect نہیں کرتے آپ یہاں کے شہریوں کی آزادی کیوں سلب کر رہے ہیں یہ ایف سی آر کیوں لگا رہے ہیں ۔ کیوں آپ نے Criminal Law لگایا ہوا ہے کہیں غنڈہ ایکٹ نافذ کیا ہوا ہے ۔ آپ اس بات کا اعتراف کریں گے ۔ کہ آپ کا نظم و نسق بالکل تباہ و برباد ہو چکا ہے ۔ یہ ایسے evil ends ہیں کہ آپ کی پارٹی انہیں درست کرنے کے لئے بے بس ہے غور

سے دیکھیں تو معلوم ہو گا کہ آپ کے اپنے پاس کوئی اختیارات نہیں ۔ ایڈمنسٹریشن کا ایک علیحدہ محکمہ ہے ۔ جسے ہوم ڈیپارٹمنٹ چلا رہا ہے ۔ اس نے نظم و نسق کو بالکل ختم کرکے رکھ دیا ہے ۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ نظم و نسق shatter ہو گیا ہے تو آپ ان لوگوں کو prosecute کیوں نہیں کرتے جو اس کے ذمے دار ہیں ۔ آپ ہم سے ایسے قوانین کیوں بنواتے ہیں ۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ملک میں یا کراچی میں جرائم ہیں تو ان لوگوں کو prosecute کیوں نہیں کرتے ۔ دراصل یہ لوگ corrupt ہیں اور صرف اسی کو prosceute کرتے ہیں جو ان کا آلہ کار نہیں بنتا ۔

اس کے بعد آپ abusive language استعمال کرنے والے کو جو disorderly person قرار دیتے ہیں یہ آپ کے لئے جائز اور موزوں نہیں ۔ اور کسی طرح بھی جائز نہیں ۔ جناب سپیکر۔ اب میں دفعہ ۶ پر آتا ہوں یہ بھی غلط ہے کاش لا منسٹر صاحب دیکھتے اور اس غلطی کو correct کر لیتے یعنی ۱۹۵۲ کے قانون میں ۴ کے بعد ۵ اور پھر ۶ آنا چاہیے تھا وہاں ۴ ہی چلا آرہا ہے ۔ یہ قانون کا محکمہ ہے لیکن اس قسم کی غلطی سے واقف نہیں ۔

Mr. Speaker : With me it is (*vi*).

Malik Muhammad Akhtar : It is not (*vi*).

Minister of Law : That is why I have been complaining that you bring in here editions of 1886.

ملک محمد اختر ۔ یہاں تو جناب بات comma سے بھی بڑی دور چلی جاتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا یہ کتاب میمن صاحب نے سپلائی کی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جی نہیں ۔ یہ اسمبلی سیکرٹریٹ سے حاصل کی ہے ۔

وزیر قانون ۔ آپ غالباً یہ کتاب کسی Second-hand bookstall سے لے آئے ہیں ۔ کوئی نیا ایڈیشن لے لیں ۔ (قہقہہ)

ملک محمد اختر ۔ اس پر دیکھئے اسمبلی کی مہر ہے ۔ میں بڑی احتیاط برتتا ہوں میں نے یہ خریدی نہیں بلکہ رعایتاً لی ہے ۔ کیونکہ میں تو اتنے وسائل نہیں رکھتا تمام کتابیں حاصل کرنا میرے لئے مشکل ہے ۔ یہاں 12(vi) ہونا چاہئے جس کو آپ نے 12(iv) لکھا ہے اور پھر آپ کہتے ہیں کہ 12(vi) exist نہیں کرتا ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بہت دور رس نتائج نکل سکتے ہیں ۔ لا منسٹر صاحب کو چاہئے تھا کہ وہ اس غلطی کو پکڑ لیتے بجائے اس کے کہ مکھی پر مکھی مارتے چلے جاتے ۔ اور اس پر دستخط نہ فرماتے ۔ اس غلطی کے بارے میں پھر آئندہ جب Press and Publication Ordinance آئے گا تو عرض کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ یہ وہ ضمن ہے جس کے تحت کسی کو disorderly person قرار دیا جا سکتا ہے اور سزا دی جا سکتی ہے ۔

یعنی اگر وہ

"Publishes, distributes, circulates s lls or offers for sale....."

میرا اندازہ ہے کہ کوئی اور معاملات defamation کے ہوں گے ۔

"it shall declare that such person is a disorderly person and direct that his name be publicly notified in the prescribed manner, and placed on the prescribed list of disorderly persons."

اس کی زد میں اخبارات آ سکتے ہیں ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order Sir. Let me read out the section for him.

Malik Muhammad Akhtar : My book is not clear ; please help me.

Chaudhri Anwar Aziz : Not only your book is not clear, your speech is also not clear.

It reads Sir,—

"publishes, distributes, circulates, sells or offers for sale any obscene book or picture or other objects ;"

Malik Muhammad Akhtar : This is again, Sir, the copy supplied to me by the library.

Mr. Speaker : Then the member please move on to his next argument.

ملک محمد اختر۔ جناب سپیکر۔ اس سے اندازہ کیا جائے تو آپ نے بڑا اچھا کیا اور بتا دیا کہ اس میں Publication of obscene literature کا ذکر ہے ۔ اس میں circulation پر پابندی ہے ۔ حالانکہ یہ دفعہ Press and Publication Ordinance میں موجود ہے ۔ جو حل ہی میں نافذ ہوا ہے ۔ اور اس دفعہ پر کافی بحث ہوئی ہے ۔ اب آپ بتائیے کہ آپ کے latest laws کے ہوتے ہوئے اس کو کہیں آپ ۔ ڈبل تو نہیں کر دیا ۔ جب کوئی دفعہ ایک قانون میں موجود ہے تو پھر اسے دوبارہ کسی قانون میں لانے کی ضرورت نہیں ۔ جیسا کہ پچھلے دنوں Weight and Measures Ordinance کے سلسلہ میں میں نے کہا تھا کہ ایک دفعہ جو اس میں موجود تھی اسے Cotton Control Act میں بھی include کر دیا ہے اور وہ نافذ العمل تھی ۔ Press and Publication Ordinance کے بعد اخبار والوں اور پبلشروں اور owners of publishing houses کی گردن مضبوطی سے دبا رکھی ہے ۔

Minister of Law : May I very respectfully submit, Sir, what have we to do with the Press and Publications Ordinance ? The member is harping on the injustices and inequities done to the Press.

ملک محمد اختر ۔ میں جناب والا ۔ یہی عرض کروں گا کہ آپ کے پاس یہاں دفعات موجود ہیں ——————— لیکن دراصل بات یہ ہے کہ ہمارے لا منسٹر صاحب پریس آرڈیننس کو بہت جلدی defend کرنے لگتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کے ہوتے ہوئے مزید دفعات کا ہونا کوئی اچھی قانون سازی نہیں ہے ۔ آپ چاہے پہلے قانون کو دوبارہ نافذ کریں اور اس میں جو جو غلطیاں defects اور جو omissions ہو چکی ہیں ان کو correct کیا جائے اور آپ ان کو repeat کریں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ تو disorderly person کے متعلق بالکل insignificant معاملات ہیں اور بالکل ایسی چیزیں ہیں جو معاشرہ میں ۹۹ – فیصدی اشخاص سے سرزد ہوتی ہیں خواہ کسی وقت قصداً یا نادانستہ طور پر ہی کیوں نہ ہوں۔ لیکن اگر آپ ان کو disorderly person declare کر دیں گے تو پھر مجھے ایک اور خدشہ ہے ——————— میں یہاں پر الیکشن کو refer کرنا نہیں چاہتا لیکن یہ ضرور ہے کہ اگر وہ disorderly person کہنے کے مطابق نہ چلیں گے تو آپ کا انسپکٹر یا کوئی بھی آفیسر ان کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کرے گا اور اس کے لئے وہ حق بجانب نہیں ہو سکتا ۔ اب جناب والا ۔ اس میں ایک provision یہ ہے کہ اگر ایک آدمی کو disorderly person declare کیا جائے گا تو اس سلسلے میں دو تین باتیں اور عرض کروں گا اور وہ یہ کہ اگر آپ نے کسی کو disorderly person declare کر دیا تو یہ اس شہری کی disqualification ہو گی اور اس کو شہری حق سے محروم کر دیا جائے گا ۔

Section 12(2) says :—

"(2) If the Tribunal is satisfied, as a result of enquiry as aforesaid, that any person complained against—

(*i*) having previously been declared a disorderly person, has since such declaration acted in any manner specified in the preceding sub-section, or has contravened any prohibitory order under section 14 made in respect of him by the Tribunal ; or

(*ii*) corrupts young persons, by initiating them in the practice of any vice which if established against any person to the satisfaction of the Tribunal would entail his being declared a disorderly person or a dangerous disorderly person under this section ; or

(*iii*) annoys or molests other persons, particularly women or young persons ; or

(*iv*) publishes, distributes, circulates, sells or offers for sale any obscene book or picture or other objects ; or

(*v*) does obscene acts including wilfully exposing his persons in public ; or

(*vi*) insults the modesty of women by using foul language or making indecent sounds or gestures, or by exposure of his person or the person of any other individual or of any object or otherwise however ; or

(*vii*) engages in kidnapping or seducing women or young persons or procuring women or young persons for immoral purposes ; or

(*viii*) indulges in unnatural carnal intercourse ; or

(*ix*) keeps a drinking or gambling den, or place where opium or other intoxicating drugs are smoked....."

disorderly person declare ہونے کے بعد یا تو وہ تھانے میں بند ہو جائے گا یا کراچی سے extern کردیا جائے گا ۔ یا پھر وہ نیک چلنی کی ضمانت دے گا ۔ اگر اس نے نیک چلنی کی ضمانت نہیں دی اور اگر ضمانت دینے کے بعد بھی اس نے کوئی ایسی بات کی جس سے کہ اس کی ضمانت منسوخ کرنا پڑی تو ضمانت منسوخ کر کے اس کو حوالات میں ڈال دیا جائے گا اور اگر کراچی سے باہر چلا گیا تو پھر اس شخص کی ضرورت نہیں مجھے یہ بتائیے کہ آپ اس قدر بے بس کیوں ہیں ۔ آپ کی انتظامیہ نے جب ایک شخص پر جب کوئی چیز واجب قرار دے دی اور اس پر کوئی

پابندی لگاتی ہے یا کوئی بندش کرتی ہے تو اس کے بعد repeat کرنے کا کیا سوال ہے ۔ دراصل بات یہ ہے آپ نے لکھا ہوا ہے ۔

"insults the modesty of women.....kidnaping or seducing women...

آپ اندازہ فرمائیے کہ ان کے لئے جب دیگر قوانین ہیں تو پھر ان دفعات کو لگا کر اس کو disorderly person قرار دے کر ان کو تمام حقوق سے اور تمام privileges سے جو کہ ایک شہری کو پاکستان میں حاصل ہیں اور پھر dangerously disorderly person قرار دے کر کیوں ان کا ستیاناس کر رہے ہیں ۔ یعنی وہ کسی کاروبار کے لائق نہیں رہے گا اور نہ کسی کام کے لائق رہے گا وہ تمام حقوق اور privileges سے محروم ہو جائے گا ۔ جناب والا ۔ میں نے صرف ایک ایک لائن کا حوالہ دیا ہے ۔ اب میں اگلی شق پر آتا ہوں :۔

"keeps a drinking or gambling den, or place where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed, or makes a livelihood out of such den or place by acting as a tout or otherwise howsoever, or engages in the illicit manufacture or sale of liquor or opium or other intoxicating drugs ;"

جناب والا ۔ یہ درست ہے کہ جو آدمی ایسی باتیں کرے اس کو قابل گردن زدنی ضرور ہونا چاہئے وہ معاشرے کا سب سے بڑا دشمن ہے لیکن اس کے لئے آپ کے پاس پینل کوڈ ، کریمنل پروسیجر کوڈ اور Evidence ایکٹ موجود ہیں اور ان طریقوں سے اور ان pro.edures سے اگر آپ کسی کو debar کرتے ہیں اور ان الزامات پر مستوجب سزا گردانتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ ایسا کر سکتے ہیں لیکن آپ اس طرح حق بجانب نہیں کہ آپ نے کسی کو مشکوک سمجھا اور آپ نے اس پر پابندی لگوا دی یا اسے disorderly person یا d ngerously disorderly person قرار دلوا دیا ۔ dangerous کا جو لفظ ہے اس کا مطلب میں سمجھتا ہوں کہ اس کی

زندگی اور اس کی reputation اور اس کے ذریعہ معاش کے دروازے بند کر دینے کے مترادف ہے ۔ آپ اس طرح serious الزامات لگا رہے ہیں ۔ اس کے علاوہ مثلاً آپ کہتے ہیں کہ gambling den run کرتا ہے ۔ run کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ مہینوں سے دنوں سے ہفتوں سے run کرتا ہے یعنی جوا کے لئے کسی جگہ کا استعمال کیا جا رہا ہے ۔ چنانچہ جب کسی پولیس انسپکٹر کو یہ اطلاع ملے گی کہ میرے علاقہ میں وہ gambling den run کرتا ہے تو وہ اس کو فوراً قابل گردن زدنی قرار دے دے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو آپ نے پروسیجر اختیار کیا ہے اس کے تحت پولیس آفیسر خود مجرم ہے ۔ اب میں صرف ایک بات جو بنیادی ہے وہ کہتا ہوں جسے مجھے آخر میں کہنا چاہئے تھا اور وہ یہ ہے کہ evidence کے نہ ہوتے ہوئے اگر آپ کسی شخص کو disorderly قرار دے دیں گے تو اس طرح آپ شہریوں کی آزادی کو سلب کر لیں گے اور شہریوں کی آزادی کو کھیل سمجھیں گے ۔

جناب والا ۔ یہ پاکستان جو ہم نے لا الہ الا اللہ کی اساس پر بنوایا اور جس کے لئے ہم نے گردنیں کٹوائیں اس میں آپ برسر اقتدار آ کر خود تو مستفیض ہو رہے ہیں اور تمام مراعات حاصل کر رہے ہیں لیکن ہمیں زندگی کا کوئی حق دینے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں اور ہمیں اپنی defence کا حق دینے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملک کی بد نصیبی ہے اور میں پھر دہراتا ہوں کہ یہ ہمارے ملک کی بد نصیبی ہے کہ پاکستان میں جس کو ہم نے خون بہا کر حاصل کیا اس میں ہماری آزادیاں سلب کر کے رکھ دی گئی ہیں ۔

Mr. Speaker : The member may please conclude his speech.

ملک محمد اختر ۔ جناب ابھی تو مجھے کافی کہنا ہے ۔ بہرحال میں جلدی کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ ایک اور عجیب و غریب دفعہ ہے اور وہ یہ کہ اگر میں کسی کی مخالفت کرتا ہوں یا میں کسی کو oppose کرتا ہوں یا میں برسراقتدار طبقہ سے اتفاق نہیں کرتا ہوں یا کسی پولیس آفیسر سے اتفاق نہیں کرتا ہوں تو وہ مجھے یہ قرار دے دے گا کہ یہ manageable نہیں ہے ۔ تو یہ ایک طرح سے intimidation ہے ۔

"makes a livelihood or extorts money or other property, or any concession or favour from any one by any form of intimidation ;"

یہ intimidate کرنے کے لئے اور اس کا مطلب ہے کسی پر رعب ڈالنا یہ معمولی سی نوعیت کا جرم ہے تو اگر کوئی کسی کو intimidate کرے تو اس کو disorderly person declare کیا جا سکتا ہے اور یہ ہرگز واجب نہیں ہے ۔ یہ اندازہ فرمائیے اگر آپ نے اس قانون کو لانا ہی تھا تو اسے ٹھوس بنیادوں پر لاتے جس سے یہ ظاہر ہوتا کہ اس قانون کی ضرورت ہے ۔ آپ جس طریقہ سے جس طور سے اس کو لے کر آئے ہیں میں سمجھتا ہوں یہ درست نہیں ۔ پھر آپ کہتے ہیں کہ جو coins کو counterfeit کرتا ہے یا counterfeit coins بناتا ہے اس کے لیے سزا موجود ہے اور آپ اس کو disorderly person قرار دلوانے کے لیے عام عدالتوں میں کیوں نہیں جاتے ۔ کیوں نہیں آپ اس کو ۱۰ سال کی سزا یا transportation for life دلواتے ۔ آپ تو یہ کرنا چاہتے ہیں کہ ایک شہادت کی دفعات کو بھی پیش نظر نہ رکھا جائے اور ملزم کو اس سے استفادہ کا حق آپ چھینتے ہیں ۔ آپ چاہتے ہیں کہ اسے cross examination کی اجازت نہ دی جائے اور آپ یہ بھی چاہتے ہیں کہ اس کو disorderly person قرار دیا جائے ۔ بتائیے کہ یہ کہاں کا انصاف ہے ۔ ہم غلام نہیں ہیں ۔ اب ہم آزاد ہو چکے ہیں ۔ ہم آپ کے بھائی ہیں ہر شخص کو برابر کا حق ہے ۔ اس ملک کا آئین ہمیں تحفظ دیتا ہے ۔ آپ خود آئین کی

provisions کے خلاف اس قانون کے ذریعے ہمارے بنیادی حقوق نفی کرنا چاہتے ہیں اور اس طریقہ پر ہمارے تمام حقوق ساقط ہو کر رہ جائیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ میں حقیقتاً نہایت ہی مختصر ہونے کی کوشش کر رہا رہا ہوں اور آپ سے معافی بھی مانگتا ہوں ۔ اب دیکھئے counterfeit coins کی نسبت ۔ اس کی سزا کے لیے کس قدر آپ کے پاس سنگین دفعات موجود ہیں ۔ اس سے آگے آئیے کیونکہ بات یہیں ختم نہیں ہوتی ۔

Section 12(2) (xv) says :—

"Is by habit a smuggler of goods through custom or octroi or other tax barriers, without payment of the requisite duty or tax or in contravention of a lawful order prohibiting the export or import across such barriers ;"

دیکھئیے سمگلنگ کی روک تھام کے لیے آپ کے پاس بڑے وسیع اختیارات ہیں لیکن آپ جس طریقہ سے ایک سمگلر کو disorderly person قرار دلوانا چاہتے ہیں اس طریقہ کار سے مجھے اختلاف ہے ۔ آپ وہ سزا دیجئے جو ایک سمگلر کو ایک عام قانون کے تحت دے سکتے ہیں جو اس سے کہیں سنگین ہوتی ہے ۔ میں آپ سے اس ضمن میں درخواست کرتا ہوں کہ آپ میری تجاویز پر غور فرمائیں ۔ آپ کا جو اینٹی سمگلنگ سٹاف ہے آپ ان کی جائیداد کے assets کو لیجئے پھر دیکھئیے کہ ان میں سے ہر ایک شخص سمگلر ہے اور ان میں سے ہر ایک کے پاس کروڑوں روپیہ کی جائیداد ہے ۔ کسی کے پاس لاکھوں روپیہ کی ہے ۔ آئیے دیکھئیے کہ اس برائی کی اصل بنیاد کیا ہے ۔ اس برائی کو کیسے درست کیا جائے اور آپ کہتے ہیں کسی شخص کو پکڑ لو ۔ مثال کے طور پر میرے دوست میاں معراج الدین ہیں جو بڑے ہی حکومت کے وفادار ہیں ۔ آج یہ اس طرف آ جاتے ہیں ۔ ان کی بسیں چلتی ہیں ۔ کوئی شخص سمگلنگ کا سامان

ان کی بس میں رکھ کر لے آتا ہے ۔ barrier cross ہو جاتا ہے اور پولیس میاں معراج الدین کو پکڑ لیتی ہے تو پھر اس کو disorderly person قرار دیا جاتا ہے اور اس کے پاس کوئی ایسا ذریعہ نہیں کہ وہ اپنی حفاظت یا defence کر سکے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : I am on a point of order, Sir. Mal k Muhammad Akhtar has made a personal attack on me as far as.....(*interruptions*).

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I withdraw and I apologize.

He is my younger brother.

جناب سپیکر ۔ اب آپ اندازہ فرمائیے جہاں مجھے یہ اعتراض ہے کہ آپ نہایت ہی معمولی سی بنیاد پر کسی کو disorderly person قرار دے سکتے ہیں وہاں مجھے یہ بھی اعتراض ہے کہ نہایت ہی سنگین قسم کے الزامات ہیں جو کہ لگائے جا سکتے ہیں ان کے لیے آپ حق بجانب نہیں ہیں ۔ آپ کے پاس original jurisdiction کے کورٹس ہیں ۔ آپ کی کریمنل پروسیجر کوڈ ہے ۔ پی ۔ پی ۔ سی ۔ ہے اور کسٹم ایکٹ وغیرہ ہیں ان کے ہوتے ہوئے بھی آپ یا تو یہ کہئیے کہ ہماری انتظامیہ بے بس ہو چکی ہے ۔ یہ انتظامیہ ختم ہو چکی ہے یہ انتظامیہ ordinary courts of law کو کنٹرول نہیں کر سکتی تو ہم کہیں چلو دو چار چھ ماہ کے لیے آپ ہنگامی قانون لے آئیں ۔ آج سن ۱۹۵۲ کے بعد اگر کسی کو عمر قید دی جائے تو وہ ۱۴ سال ہوتی ہے اور یہ لعنت کراچی کے اوپر مسلط ہے آپ نے اس پر مسلط کر رکھی ہے اگر آپ کے انتظامیہ کی مشینری درست ہوتی صحیح ہوتی تو میرا خیال ہے کہ آپ اس قانون کو استعمال بھی نہ کرتے جناب سپیکر۔ سزا دینے کا جو طریقہ کار ہے مجھے اس سے شدید اختلاف ہے میں سمجھتا ہوں کہ پروسیجر جو ہے اس کا طریقہ جو ہے وہ غلطیوں سے بھرپور ہے وہ بے حد غلطیوں کا حامل ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کے ارشادات

گرامی کی قدر کرتا ہوں بلکہ میں تو آپ کے اشاروں کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہوں کہ کسی طرح سے میں مختصر ہو جاؤں لیکن کیا کریں داستان جو ہے یہ بڑی لمبی ہے ۔ یہ ایک قانون ہے اور ہزار داستانوں کا حامل ہے ۔ مجھے اس میں برائیاں ہی برائیاں نظر آتی ہیں ۔ یہ عوام کے ساتھ بے انصافی ہوگی اگر ان برائیوں کو ۔ نقاب نہ کیا جائے ۔ جناب والا ۔ آگے چل کر forgery کے متعلق اس طرح ہے "is by habit a forger" تو آپ اندازہ کر لیجئے کہ اس جرم کے لیے دو تین سال تا سات سال تک سزائیں موجود ہوں تو آپ اندازہ فرمائیے ۔ اگر آپ کسی کو forger ثابت کر سکتے ہیں تو کس نے آپ کا ہاتھ پکڑا ہے آپ کیوں نہیں اس ملزم کو ordinary court of law میں لے جاتے ۔ بار بار اس کا چالان کر دیا جائے اور اگر متعلقہ عدالت اس کو acquit بھی کردے تو اس acquittal کو کوئی حیثیت نہیں دی جاتی کیونکہ غنڈہ ایکٹ میں شبہ برقرار رہتا ہے اگر آپ ordinary court of law میں فیل ہو جاتے ہیں تو اس وقت آپ ان دفعات کا shelter لیتے ہوئے ان معاملات کو اس قانون کے تحت لاتے ہوئے یہ کوشش کرتے ہیں کہ گو اس شخص کی بے گناہی ثابت بھی ہو چکی ہے پھر بھی اس کو سزا دلوائی جائے ۔ اب جناب والا ۔ اگر وہ مال مسروقہ میں حصہ دار ہو یا وہ مال مسروقہ وصول کرتا ہو تو اس کے لیے ایک عام دفعہ ہے جو کہ ۴۱۱ ہے اور جس کے تحت تین سال تک سخت سزا دی جاسکتی ہے اور اگر stolen property کسی کا بیل یا مویشی خرید لیتا ہے اور اگر وہ مال دار ہے اور اگر وہ کوئی بھینس یا کوئی ایسی facility اپنے اہل و عیال کے لئے خرید لیتا ہے اور بعد میں وہ چوری کی ثابت ہوتی ہے اس کو بھی سخت سزا دی جاتی ہے ۔

اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے عام قانون سے کافی پرے ہٹ کر جانے کی کوشش کی ہے وہ درست نہیں ۔ جناب والا ۔ اس سے آگے نہایت

ھی ضروری اور اھم سیکشن ھے لیکن میرا اندازہ یہ ھے کہ یہ سیکشن ختم ھو رھا ھے اجازت دیں تو عرض کروں اور اس کو بھی دیکھ لوں ۔

"makes a livelihood by cheating, fraud, black marketing (that is to say, engaging in transactions involving the transfer sale or movement of goods in contravention of any lawful order controlling such transfer, sale or movement), acting as an intermediary between bribe-givers and corrupt officials or persons in public life, or by any other corrupt or dishonest means,"

جناب والا ۔ اس دفعہ پر میں زیادہ اعتراض کروں گا کہ اگر وہ رشوت دلاتا ھے تو اس کو disorderly person قرار دیا جائے لیکن جناب والا ۔ اس کو پکڑے گا کون ؟ کیا وہ شخص اس کو پکڑے گا جو اس کو رشوت دلاتا ھے ۔ پھر آپ کے انسپکٹر اور ڈی ۔ ایس ۔ پی ۔ ھیں اور آپ یہ کہتے ھیں کہ وہ رشوت دلاتا ھے اور اس کا رشوت کا کاروبار ھے اور وہ tout ھے اور اس قسم کے کاروبار میں ملوث ھے تو وہ سب سے پہلے پولیس کو رشوت دلائے گا اور پولیس کی بھی آپ کی ایسی مشینری ھے جو آپ نے اس بات کے لئے مقرر کر رکھی ھے کہ کوئی ڈی ۔ ایس ۔ پی ۔ یا انسپکٹر اس کو disorderly person قرار دلوا سکتا ھے ۔ میں اپنے دلائل کو پھر دوھراؤں گا کہ آپ کے پاس رشوت کا دینا دلوانا اور اس کے انسداد کے لئے کافی مؤثر زور دار اور اچھی دفعات پہلے سے موجود ھیں ۔ حقیقتاً کافی موثر اور زور دار ھیں لیکن خواہ وہ اچھی دفعات ھوں آپ قانون سے کیوں اس قدر پیچھے جا رھے ھیں ۔ کیوں ایسی باتیں کرتے ھیں جن سے خواہ مخواہ شک پیدا ھو پھر جناب والا ۔ سب سے بڑی بات جو اس قانون میں ھے وہ یہ ھے ۔

"It shall declare that such person is a dangerous disorderly person, and shall direct that his name be publicly notified in the prescribed manner, and be placed on the prescribed list of dangerous disorderly persons,

جناب والا ۔ میں نے اس ملک میں اپنی مختصر زندگی میں کئی بے گناہوں کو ۳۰۲ میں سزا پاتے دیکھا ہے ۔ میں نے اپنی پولیس کی دسترس اور استبداد سے کسی کو بچتے نہیں دیکھا ۔ اندازہ فرمائیے ۔ وہ کئی بے گناہ کو سزا دلوا دیتے ہیں ۔ اس کے بعد زیادہ تشویشناک امر یہ ہے کہ اس میں کسی بے گناہ کے لیے بچنے کا کوئی راستہ ہی نہیں ہے ۔ اس میں اتنی خامیاں ہیں جن سے آپ کی ایڈمنسٹریشن کی طرف سے ناجائز فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے ۔ بلکہ اس کا اندھا دھند استعمال ہو سکتا ہے اور جو ان کے پاس ۳۶ prosecutions ہیں آپ ان کی لسٹ لائیں ان میں سے بیشتر ایسے افراد ہونگے جو عام قانون کے تحت بری ہو چکے ہیں انہیں غنڈہ قرار دینے کے لئے ان کو disorderly person قرار دینے کے لئے وہ ان دفعات کا سہارا لیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے گذارش یہ کرنا ہے کہ جب وہ کسی شخص کو اس دفعہ کے تحت شہر بدر کریں گے تو اس کی تجارت یا ذریعہ معاش ختم ہو جائیگا ۔ اب جو یہ طریق کار ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Will the member finish in five minutes.

Malik Muhammad Akhtar : At least one hour more. I will take at least fifteen minutes in dealing with the Schedule.

Mr. Speaker : The member has already taken one hour.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I am the only person who is expressing the view point of this side of the House (*interruptions*). In that case I will be finishing by half past twelve and I will not be speaking on the next Ordinance.

Mr. Speaker : Try to be brief.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اب جو طریق کار ہے ۔ وہ یہ ہے کہ جس کسی شخص کو غنڈہ یا خطرناک غنڈہ قرار دے دیا جائے گا ۔ اسے کہا جائے گا ۔ میں (الف) کو چھوڑ دیتا ہوں جس کے خلاف یہ معاملہ ثابت ہو جائے وہ ایک یا ایک سے زیادہ

ضمانتیں دے اور تین سال کے لئے اس کا ضامن ہو ۔ کہ وہ کوئی ایسا جرم نہیں کرے گا جو تعزیرات پاکستان کی زد میں آتا ہو ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ آپ کے پاس کافی مناسب دفعات ہیں ۱۰۹ ، ۱۱۰ ، ۱۰۷ وغیرہ ۔ پھر وہ ایسی دفعات لائے ہیں ۔ جس میں یہ چیز ہوگی کہ اسے مناسب شہادت اور صفائی کا موقع نہیں ملے گا ۔ اس طرح دو قانون جو ہیں متناقص ہوں گے ۔ ایک تو موجودہ زیر بحث اور دوسرے وہ جس کے متعلق ہماری قانون کی کتابوں میں دفعات موجود ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ یہ تین سال کے لئے ایک شخص کو ۱۰۹ یا ۱۱۰ کی دفعات میں پابند کر رہے ہیں اور اسے صفائی کا حق نہیں دے رہے ۔ اس کے بعد جناب سپیکر ۔ میں دفعہ ۱۳ (ب)پر زیادہ معترض نہیں ہوتا دفعات ۱۰۷ اور ۱۰۹ جو موجود ہیں ان کا چربہ ہے ۔ مگر یہ جو جزو (ج) ہے اس میں آپ زیادتی کر رہے ہیں ۔

13(c) It may direct that the person complained of shall not visit any house or quarter inhabited by prostitutes, or any drinking or gambling dens, or any place where opium or other intoxicating drugs are smoked or otherwise consumed or any other specified locality.

مجھے سب سے پہلا اعتراض یہ ہے کہ آپ بلا کسی کو موقع دئیے یا آسانی دئیے کہ وہ اپنی صفائی دے سکے آپ اسے غنڈہ یا خطرناک غنڈہ قرار دیں گے اور اسے کہہ دیں گے کہ فلاں آبادی میں نہ جائے ہو سکتا ہے کہ آپ جہاں سے اسے نکالیں وہاں اس کے رشتہ دار ہوں یا اس کا وہاں کاروبار ہو ۔ جب آپ کے پاس عام قانون ہے ۔ جس کے تحت آپ اسے سزا دلا سکتے ہیں ۔ پھر اس مخصوص قانون کے تحت جس کو ہنگامی حالات میں نافذ کیا گیا ہے آپ کیسے حق بجانب ہیں کہ اسے کہہ دیں کہ وہ کسی خاص ایریا میں نہ جائے اس سے آگے آپ دیکھیں یہ نہایت ہی عجیب دفعہ ہے ۔

"shall not visit any house or quarter inhabited by prostitutes."

آپ نے اس میں لکھا ہے کہ وہ کسی ایسے مکان میں نہ جائے جہاں کہیں فاحشہ عورت رہتی ہو مگر اب ایسی کوئی جگہ ہی نہیں ہے ۔ جہاں کوئی فاحشہ عورت رہتی ہو کیونکہ ایک دوسرے قانون کے ذریعے قحاشی کو بند کیا جا چکا ہے ۔ اس لئے یہ دفعہ دیگر قوانین سے منافی ہے ۔ جناب والا ۔ اس طرح اسے ایسی جگہوں پر جانے سے بھی منع کر دیا گیا ہے جہاں شراب خوری اور جوا بازی ہو ۔ وہ ایسی جگہوں پر نہیں آئے گا ۔ حکام کے علم میں ایسی جگہیں ہیں ۔ ڈی ۔ ایس ۔ پی ۔ اور انسپکٹر کو معلوم ہے کہ فلاں جگہہ یہ اڈے ہیں اور وہ اسے وہاں جانے سے روکیں گے ۔ یہ کیا قانون ہے جو دیگر قوانین سے متضاد اور متصادم ہے ۔ یہ مذاق ہے ۔ آپ نے کیوں ایسا نہیں کیا کہ یہ موجودہ قانون بناتے وقت ان باتوں کو مد نظر رکھتے کہ بعض قوانین منسوخ ہو چکے ہیں یا ان میں ترمیم ہو چکی ہے یا وہ باقی نہیں رہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس دفعہ ۱۳ (۲) میں ہے کہ ایسی ہدایات دی جائیں گی کہ اسے محدود کر دیا جائے گا اور اسے حکم دیا جائے گا کہ وہ فلاں جگہ رپورٹ کرے ۔ اسے یہ بھی کہا جائے گا کہ وہ فلاں کوچہ سے باہر نہ آئے مجھے تیسری بات پر اعتراض ہے آپ اندازہ فرمائیں ایک شخص جو کراچی کا رہنے والا ہے اسے وہاں سے شہر بدر کر دیا جائے اگر آپ کو حقیقتاً یہ کرنا ہی تھا تو آپ پہلے وہ تمام الزامات جو اس کے خلاف تھے انہیں ثابت کرتے ۔ پھر اس کے بعد یہ ظلم کرتے کہ اسے اپنے فیصلہ سے اپنی جگہ سے اپنے محلہ سے یا اپنے شہر سے باہر کر دیا جائے ۔ ایسی صورت میں ضروری تھا کہ آپ انہیں روزگار مہیا کریں دستکاری مہیا کریں یا ان کو کسی انڈسٹری پر لگائیں اس کا یہ مطلب ہے کہ وہ شخص جو آپ کے جائز یا ناجائز فیصلے کا شکار ہوگا آپ اس بے چارے پر روزگار

کے تمام دروازے بند کر دیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد جلا وطنی کے بعد آپ اسے نئے علاقے میں پابند کرتے ہیں جو پابندی کا قانون ہے ۔ یہ بھی غلط ہے ۔

جناب والا ۔ میرا صرف یہ اعتراض ہے کہ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ جو طریقہ کار ہے اگر آپ اس میں عام قانون کے تحت جو معاملات ہیں ان کو شامل کر لیں تو مجھے اعتراض نہ ہوتا ۔ تو اصل بنیاد جو ہے وہ یہ ہے کہ آپ اس کو defence کا حق نہیں دیتے اور ایک ایسے الزام پر کسی شخص کو اس کے علاقہ سے ۔ اس کے شہر سے بدر کرنا چاہتے ہیں میں اس میں آپ کے ساتھ اتفاق نہیں کر سکتا ۔

جناب والا ۔ میں سکولز اور کالجز کی provisions کو discuss نہیں کرتا ۔ مجھے یہ کہنا ہے کہ آپ اسے روک سکتے ہیں کہ وہ کہیں نہ جائے اور ایسی جگہوں پر نہ جائے مثلاً سینما ۔ تھیٹر amusement partes other places of public entertainment اب آپ بتائیں کہ اس شخص کو تین سال کے لیے پابند کر دیا ہے کہ وہ کسی سینما یا تھیٹر place of public entertainment میں نہ جائے ۔ جو الزامات اس کے خلاف ہیں میں انہیں دھرانا نہیں چاہتا اور جو طریقہ کار ہے نہ اسے دھرانا چاہتا ہوں ۔ آپ اس کا جینا دوبھر کرنا چاہتے ہیں ۔ اور ان مراعات سے اس کو محروم کرنا چاہتے ہیں جو ایک عام شہری کو حاصل ہیں ۔ اس قانون کی ہر لائن اور ہر دفعہ بنیادی حقوق سے متصادم ہے ہمارے بنیادی حقوق کے منافی ہے ۔ جناب اس میں اس قسم کی بہت سی چیزیں ہیں جن کو میں نہیں پڑھتا ہوں وہ پبلک پارکس وغیرہ ہیں ۔ جو اس چارے کے لیے سستی تفریح ہو سکتیں ہیں ۔ آپ نے اس کو جیل سے تو باہر رکھا لیکن اس کو تمام مراعات سے ۔ تمام amusement سے اور تمام باتوں سے محروم کر دیا ہے ۔

جناب والا ۔ میں اپنی تقریر کو نہایت ھی مختصر کرتے ھوئے دفعہ ۱۴ اور ۱۵ کو چھوڑتا ھوں ۔ جناب والا ۔ شیڈول کے متعلق بعد میں عرض کروں گا ۔ اب دفعہ ۱۶ جو ھے وہ یہ ھے Revision of Tribunal's order

جناب والا ۔ میں کوشش کروں گا کہ اپنی تقریر کو مختصر کروں مجھے صرف ایک دو دفعات پر عرض کرنے دیا جائے ۔ سیکشن ۱۶ میں ھے ۔

Revision of Tribunal's orders. No appeal shall lie from any order made by the Tribunal, but in relation to any such order section 4, or section 12, or section 15, the High Court may call for the record of the case, and if the Tribunal appear :-

(a) to have exercised a jurisdiction not vested in it by law,

(b) to have failed to exercise a jurisdiction so vested, or

(c) to have acted in the exercise of its jurisdiction illegally,

the High Court may make such direction as it may deem sufficient for the rectification of the error or omission and the Tribunal shall conduct itself accordingly "

جناب والا ۔ میرے پاس دو غنڈہ ایکٹ کی کتابیں موجود ھیں ۔ میں ان میں سے نہیں پڑھوں گا ۔ اس میں آپ نے کمشنر کے پاس ایسی اپیل کی اجازت دے رکھی ھے لیکن disorderly person یا dangerously disorderly person کا جہاں تک تعلق ھے آپ نے اپیل کا جو حق تھا وہ بھی چھین لیا ھے ۔

آپ اندازہ فرمائیں میں اس procedure کو کیا دھراؤں میں سمجھتا ھوں اس کے متعلق بار بار کافی کچھ کہہ چکا ھوں ۔ جس وقت وہ اکیلا شخص ۔ وہ اکیلا کلکٹر یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بلا شہادت قلم بند کئے ۔ بلا مواقع فراھم کئے اور sealed envelope میں تمام چیز کو رکھ کر کسی شریف شہری کو disorderly person یا dangerously disorderly person کر دے گا اس کے بعد وہ آخری بات ھو جائے گی ۔ مہر ثبت کر دی جائے گی جب

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی مہر کاغذ پر لگ گئی تو اس آدمی کی تقدیر ختم ہو گئی ۔ وہ نہ انتظامی اتھارٹی کے پاس ۔ نہ جوڈیشیل اتھارٹی کے پاس نہ ہائی کورٹ کے پاس جا سکے گا ۔ آپ اندازہ فرمائیں یہ ہمارے لیے باعث ندامت نہیں ؟ ہم کس قسم کی قانون سازی کر رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ غنڈہ ایکٹ میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے بعد کمشنر (غالباً ٹریبونل ایک سے زیادہ افراد پر مشتمل ہوتا ہے) کو powers دے دی ہیں کہ کمشنر اس کو سن لے اس مسئلہ میں وہ بات نہیں ہے ۔ آپ انصاف فرمائیں کہ ایک شخص کو ۔ ایک شہری کو ۔ ایک پاکستانی کو ۔ اور کراچی میں رہنے والے کی آزادی کو آپ سلب کر دیتے ہیں آزادی کے سلب کرنے کے بعد آپ یہ کرنا چاہتے ہیں کہ اس کے پاس right of appeal بھی نہ ہو ۔ آپ بتائیں جب آپ نے کریمینل لا امنڈمنٹ ایکٹ کا نفاذ کر دیا ہے ۔ اس بد نام قانون ۔ اس کالے قانون کے بعد اس قانون کی کیا ضرورت تھی ۔ یہ آپ اندازہ لگائیں کہ آپ نے سول معاملات میں عدالتوں کے اختیارات بھی باقی نہیں چھوڑے ہیں اور کریمینل معاملات میں appellate authority کو ختم کر دیا ہے ۔ اس قانون نے یہ کر دیا ہے کہ اس کا word جو ہوگا وہ final word ہوگا ۔ میمن صاحب کراچی سے متعلق ہیں اور ہنگامی قانون نافذ کرتے وقت ان کے متعلق نہیں دیکھا ۔ آج آپ خدا کا خوف دل میں لائیے ۔ یہ آپ کے متعلقہ لوگ ہیں لوگوں کے لیے آزادی سب سے بڑی نعمت ہے ۔ آزادی کے لیے ہی گردنیں کٹائی جاتی ہیں ۔ آزادی کے لیے ہی ہم نے صد سالہ جنگ لڑی ۔ کراچی کے لوگ زیادہ محب الوطن ہیں جن کی اکثریت مہاجرین کی ہے ۔ آج آپ نے ان کے لیے disorderly persons کا قانون اور dangerously disorderly persons کا قانون نافذ کر دیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Law : I rise on a point of order, Sir. My friend is now embarking on a very dangerous and delicate issue when he brings in Muhajirs.

Malik Muhammad Akhtar : I withdraw those words.

Minister of Law : I will give a very bad retort.

Malik Muhammad Akhtar : I withdraw that remark and I stand corrected.

جناب والا ۔ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے ۔ ہمارے جو بھی اشخاص اس سے متاثر ہوں گے ۔ (میں ۲۵ لاکھ اشخاص کو چھوڑتا ہوں) ان کو یہ حق حاصل نہ ہو گا کہ وہ کسی قسم کی اپیل کر سکیں ۔ البتہ جو ذرا سا حق ان کو حاصل ہے وہ یہ ہے کہ ان کے ریکارڈ میں اگر کوئی legal flaw رہ گیا ہے تو آئین کے آرٹیکل ۹۸ کے تحت اس کو منگوایا جا سکتا ہے ۔ اس دفعہ کے تحت کمشنر اس ریکارڈ کو طلب کر سکتا ہے ۔ جناب سپیکر مجھے اس دفعہ کے متعلق نہایت شدت سے اعتراض ہے ۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر جناب وزیر قانون صاحب اس میں ترمیم کرتے ۔ کبھی آئندہ اس میں ضرور extension ہو گی جیسا کہ گزشتہ ریکارڈ سے ظاہر ہے ۱۹۶۸ میں بھی امنڈمنٹ آئے گی تو اس وقت امنڈمنٹ لاتے وقت اس بات کا اضافہ فرمائیں کہ ترمیم جو ہو اس میں ہائی کورٹ کو اختیار دیا جائے کہ وہ اپیل سن سکیں اور ہائی کورٹ میں ان معاملات کو appealable کر دیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ اب مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ اس سے زیادہ سنگین دفعہ ۱۷ ہے ۔ میں آپ کی اجازت سے اس دفعہ کی پہلی دو لائنیں پڑھوں گا ۔

> "Notwithstanding anything contained in the Pakistan Penal Code, the Whipping Act, 1909, or any other law for the time being in force, when a dangerous disorderly person is convicted under an Act mentioned in the first column of the Schedule to this....."

وہ schedule جس کا میں بار بار ذکر کر رہا ہوں ۔

"...Act for an offence punishable under any of the sections of that Act mentioned against it in the second column of the said Schedule, the maximum punishment that may be awarded, on such conviction shall be that appearing in the corresponding entry in the third column thereof"

جناب والا ۔ اب میں شیڈول پر آتا ہوں ۔ میں اس پر کوئی لمبی چوڑی بحث نہیں کروں گا ۔ لیکن شیڈول میں جو کچھ کیا گیا ہے ۔ میں پہلے دفعہ ۱۷ کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ جب ایک شخص جو کہ disorderly ہو ۔ یا جس کو dangerously disorderly قرار دے دیا جائے گا ۔ جو لقب یا خطاب اسے مرحمت فرمایا جائے گا ۔ کہ وہ disorderly یا dangerously disorderly ہے ۔ تو اس کے بعد اگر وہ عام جرم کرے گا ۔ تو اس کے لئے جو سزا ہوگی ۔ تو وہ عام نوعیت کی سزا سے قدرے مختلف ہوگی ۔ اس میں ایک آدھ دفعہ کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ تو میں اس پر کچھ زیادہ اعتراض تو نہیں کرتا البتہ سب سے پہلے تعزیرات پاکستان کی جو ۱۴۳ ، ۱۴۴ اور ۱۵۱ کی دفعات ہیں ۔ اور جن سے یہ مطلوب ہے ۔ اور اگرچہ میرا یہ حق ہے کہ میں ان پر بحث کر سکوں ۔ اور کئی دن تک اپنی بحث کو جاری رکھ سکوں ۔ لیکن آپ کے حکم کی تعمیل میں میں زیادہ وقت نہیں لوں گا — تو دفعہ ۱۴۳ میں تعزیرات پاکستان میں جو سزا ہے ۔ وہ چھ ماہ ہے ۔ لیکن یہاں پر دفعہ ۱۴۳ کی خلاف ورزی کرنے والے کو دو سال کی سزا دی جائے گی ۔ اسی طرح دفعہ ۱۵۱ میں چھ ماہ کی سزا ہے ۔ لیکن یہاں پر اس دفعہ کے تحت جرم سرزد ہونے کی صورت میں مجرم کو جو سزا دی جائے گی ۔ اور عام عدالت (اگر اس کا ساتھی کوئی ہے) ۔ تو اس مجرم کے ساتھی کو جسے dangerously disorderly قرار نہ دیا گیا ہو ۔ اس کو تو چھ مہینے ہی کی سزا ہو گی ۔ لیکن جو شخص کہ dangerously disorderly person قرار دیدیا گیا ہو ۔ ایسے دو سال تک کی سزا دی جاسکتی ہے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, we have the Schedule before us. Let Mr. Akhtar discuss the principles involved.

Mr. Speaker : But he can refer to it while discussing it.

Chaudhri Anwar Aziz : He is not discussing. He is just now reading the Schedule word by word.

ملک محمد اختر۔ جناب سپیکر۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ تمام دفعات میرے پاس موجود ہیں ۔ اور اگر میں ان کا حوالہ دیتا رہوں ۔ اور ان کو ایوان کے سامنے پڑھ کر پیش کروں ۔ اور ان پر اپنی بحث جاری رکھوں تو اس میں کم از کم مزید دو دن اور لگ جائیں گے ۔ لیکن آپ کے حکم کے مطابق میں اسے curtail کرتے ہوئے اس کا comparison کرنے کے لئے ہی مختصراً عرض کروں گا ۔ ورنہ میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں ۔ کہ irrelevant ہوئے بغیر بھی اس پر دو دن تک بحث کی جاسکتی ہے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order. Why is Mr. Akhtar using two days or three days as a threat?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس طرح تعزیرات پاکستان کی دفعہ نمبر ۱۵۳ کے تحت جو سزا رکھی گئی ہے وہ چھ ماہ ہے لیکن اس قانون کے تحت ایک disorderly person کو دو سال کی سزا دی جائے گی ۔ اب آپ دفعہ نمبر ۱۵۳ (اے) کو ملاحظہ فرمائیں ۔ مناسب تو یہ تھا کہ وہ اس چیز کی وضاحت کرتے ۔ کہ دفعہ نمبر ۱۵۳ (اے) کیا بلا ہے ۔ وہ اس کی وضاحت اس ایوان میں کرتے ۔ ۔ ۔ میں صرف مقابلہ کرکے بتا رہا ہوں کہ عام حالات میں اس کی سزا دو سال ہے ۔ لیکن disorderly person کا لقب دینے کے بعد اسے پانچ سال کی سزا دی جا سکتی ہے ۔

Five years rigorous imprisonment and whipping.

آپ اندازہ کیجئے کہ disorderly person قرار دیا جانا کس قدر بھیانک

بری اور بھاری بات ہے اور وہ طریق کار اور جرم جس کے تحت کسی کو disorderly person قرار دیا جا سکتا ہے ۔ وہ کس قدر filmsy اور ridiculous ہے ۔ وہ کس قدر harsh اور horrible ہے ۔ اسی طرح میں دفعہ نمبر ۱۵۷ اور دفعہ نمبر ۱۵۸ کے متعلق عرض کروں گا ۔ وہاں پر چھ مہینے کی سزا ہے لیکن یہاں تین سال ہے ۔ سیکشن نمبر ۱۰۷ کے تحت عام حالات میں ایک سال کی سزا ہے ۔ لیکن یہاں پر دو سال قید بامشقت ہے ۔ اسی طرح سے سیکشن نمبر ۱۷۲ اور نمبر ۱۷۳ میں صرف چھ ماہ کی سزا رکھی گئی ہے ۔ لیکن disorderly person کے لئے یہ سزا ایک سال کر دی گئی ہے اور جو ظلم کی بات ہے ۔ وہ یہ ہے کہ دفعہ نمبر ۱۷۴ کے تحت (جو شاید بڑی ہی mild دفعہ ہوگی) ۔ اس کے لئے سزا ایک ماہ ہے ۔ لیکن انہوں نے اسے بڑھا کر سزا ایک سال کر دی ہے ۔ اس طرح سے دفعہ نمبر ۱۸۶ کے تحت صرف تین ماہ کی سزا ہے ۔ لیکن یہاں پر اسے بڑھا کر دو سال کر دی گئی ہے ۔ دفعہ نمبر ۱۸۸ میں ایک ماہ کی سزا ہے ۔ لیکن یہاں پر اسے بڑھا کر دو سال سزا اور whipping کر دی گئی ہے ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ ہمارا ملک کس طرف جا رہا ہے اور ہماری قانون سازی کس طرف جا رہی ہے ۔ دنیا روز بروز متمدن ہو رہی ہے اور آپ whipping کو ہر مرحلے پر متعارف کر رہے ہیں ۔ آپ ہی فرمائیں کہ یہ کہاں تک جائز ہے ۔ اسی طرح سے دفعہ نمبر ۱۸۹ میں دو سال کی سزا ہے ۔ لیکن یہاں پر اس سزا کو بڑھا کر تین سال کر دی گئی ہے ۔ دفعہ نمبر ۱۹۰ میں دو سال کی سزا ہے ۔ لیکن یہاں پر بڑھا کر سزا تین سال اور whipping کر دی گئی ہے ۔ دفعہ نمبر ۲۲۴ میں دو سال کی سزا رکھی گئی ہے ۔ لیکن اسے بڑھا کر یہاں پانچ سال کر دی گئی ہے ۔ اگر آپ ایک disorderly person کو اپنے defence کے لئے وہ تمام حقوق اور وہ تمام privileges دے دیتے ۔ تو پھر شاید میں ہرگز اس بات پر معترض نہ ہوتا ۔ لیکن جس

شخص کو اس بات سے محروم کر دیا گیا ہو کہ وہ اپنے defence کے لئے بھی کچھ نہ کر سکے اور جو حق اسے اس بر عظیم میں گذشتہ ڈیڑھ سو سال سے اور بعض حالات میں گذشتہ ڈیڑھ سو سال سے تعزیرات پاکستان کے تحت حاصل تھا اور جس کو کبھی ترمیم بھی نہیں کیا گیا اور جو میرے خیال میں اب اس قانون کے مطابق بنیادی حقوق کے بھی منافی ہے اور یہ آپ کے دوسرے ان قوانین سے بھی بالکل مختلف ہے جن کی validity کو چیلنج بھی کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس میں آپ نے ہر شخص کے لئے whipping بھی رکھ دی ہے ۔ اسی طرح دفعہ نمبر ۲۲۵ (بی) میں چھ ماہ کی سزا ہے اور یہاں پر اسے بڑھا کر چھ ماہ اور whipping کر دی گئی ہے اور دفعہ نمبر ۲۹۳ میں دو سال کی سزا ہے ۔ لیکن یہاں پر اسے بڑھا کر دو سال اور whipping کر دی گئی ہے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order. Very respectfully I would like to draw your attention on this particular point that Mr. Akhtar is time and again reading the Sections which are contained in column 2 and 3. The Schedule is before us and, he should say what he wants to derive out of this. He is reading every section one by one which is already before the House. I would like to request that he should be asked to give his statement as far as facts are concerned.

Malik Muhammad Akhtar : I am giving the variation.

Mr. Speaker : So far as the Sections of the Penal Code are concerned Mr. Akhtar should keep in mind that many eminent lawyers are sitting here and the House is not ignorant of the Penal Code. He can say that in every Section of the Penal Code punishment has been enhanced ?

ملک محمد اختر ۔ میں دو چار منٹ میں شیڈول کو ختم کرتا ہوں ۔ اسی طرح سے بہت سی دفعات ہیں اور میرے اندازے کے مطابق کم و بیش چالیس فیصد کا اس میں اضافہ ہے اور جو whipping کا فرق ہے ۔ میں اس کو عرض کروں گا ۔ بقایا عرض نہیں کرتا ۔ تو جناب سپیکر

اب یہ جو دفعات confinement کے متعلق ہیں (۳۴۲ سے ۳۴۷ تک) اس میں addition کر دی گئی ہے اور original سزا کے ساتھ اب whipping بھی ہوگی ۔ یہ confinement تو معمولی سی بات ہے کسی وقت اور کہیں بھی کوئی confine ہو سکتا ہے ۔ اگر کوئی شخص کہیں سے آتا ہے اور دروازہ بند ہو جاتا ہے تو کیا وہ confinement ہو گی ۔ یہ تو معمولی سی بات ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ واجب نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ اس طرح سے آگے ۴ دفعات آتی ہیں ۳۵۳ سے ۳۵۶ تک ان میں بھی whipping کی سزا کو add کیا ہے ۳۵۷ میں سزا کو دوگنا کیا گیا ہے اور whipping کو add کیا گیا ہے ۔ ۳۶۶ سے ۳۷۷ کی دفعات عورتوں کے متعلق ہیں ۔ abduction وغیرہ کے متعلق اور اس میں whipping کو ساتھ شامل کیا گیا ہے ۔ اس کے بعد کافی ضروری دفعہ ہے جس کا میں نے پہلے بھی ذکر کیا ہے اب پھر اسے repeat کرتا ہوں ۔ وہ stolen property کا مسئلہ ہے ۔ دفعات ۴۱۱ سے ۴۱۷ تک ۔ ۴۱۱ میں سزا ۶ ماہ تھی اور ۴۱۴ میں تین سال ۔ اب اس کو ۵ سال کر دیا ہے ۔ ۴۱۷ سے ۴۲۰ تک کی جو دفعات ہیں یہ سب سزائیں forgery کی ہیں ۔ جس کو پہلے convict کر کے ۶ ماہ کی سزا دیتے تھے اب اسے ۵ سال کر دیا ہے ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ اپنی جگہ پر ہیں ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ جی ہاں ۔ میں اپنی نشست پر ہوں ۔

میری گذارش ہے کہ سوا دو گھنٹے سے ملک صاحب تقریر فرما رہے ہیں ۔ کیا اس کے لئے کوئی وقت مقرر نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے لئے کوئی وقت مقرر نہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے اس شیڈول پر بھی اعتراض ہے ۔ یہ دفعات ۵۰۴ سے ۵۰۹ تک ہیں ۔ اس میں ایک دفعہ ۵۰۵ شامل نہیں یہ publication کے متعلق دفعات ہیں ۔ ان میں یہ ہے کہ اگر میں یہ کہوں کہ خٹک صاحب نے فلاں کام غلط کیا ہے ۔ تو defamation بن سکتی ہے ۔ اگر یہ غلط فہمی سے کر دیا ہو اور میں ثابت نہ کر سکوں تو مجھے disorderly person قرار دیا جائے گا اور بید کی سزا دی جائے گی ۔ خواہ کتنی ہی معمولی اور mild سی فروگذاشت ہو ۔ اس کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ سزا دینا درست نہیں اور اس میں آپ قطعاً حق بجانب ہیں ۔ پھر آگے Bombay Prevention of Gambling Act کی دفعات ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے معاشرہ میں روزمرہ ایسے جرائم ہوتے ہیں لیکن اس کو بھی کافی حد تک قابل سزا کر دیا ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں ایک اور دفعہ کی طرف آتا ہوں ۔ یہ دفعہ ۲۰ ہے اس سے پہلے دفعہ ۱۹ ہے جس میں ہے کہ کسی disorderly person کے thumb impressions لئے جائیں اور اس کا فوٹو تھانے میں لگایا جائے خواہ وہ بے گناہ ہی کیوں نہ ہو ۔ اس کو آپ اس حد تک بدنام کر دیں گے کہ وہ مکمل طور پر c iminal minded ہو جائے پھر کسی ایسے شخص کی واپسی کے لئے کوئی راستہ نہیں ہوگا ۔ اگر اس سے ایسا سلوک روا رکھا جائے گا تو وہ سوسائٹی سے بھاگ جائے گا یا وہ خود دار ہے تو خود کشی کر لے گا ۔ جناب میں اس دفعہ کو چھوڑتا ہوں اور دفعہ ۲۰ پر آتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ تمام سزائیں جو punishable ہیں ان کو cognisable اور non-bailable قرار دیا جائے گا ۔ اگر کوئی شخص drink کرکے آتا ہے اگر وہ جرم non-cognisable ہوگا تو آپ اسے کیوں disorderly person قرار دیں گے ۔ اور اگر کوئی disorderly person واقعی شراب کا عادی ہے تو آپ اندازہ

فرمائیے کہ بجائے اس کے کہ آپ اس کی اصلاح کریں آپ نے اس کے لئے deterrent punishment مقرر کر دی ہے اور اس کے جرم کو non-bailable قرار دیا ہے ۔ اس کے بعد عرض کروں گا کہ ایسی چھوٹی چیزوں کے لئے اس قانون کا اطلاق نہایت ہی نا واجب ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر کسی ایجنسی کو یہ اختیارات دے دیتے جو قابل اعتماد ہوتی تو پھر ان باتوں میں آپ حق بجانب ہوتے ۔ چہ جائے کہ اس کے فیصلہ کے لئے پولیس افسران کو یہ اختیارات دے دیں ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں دفعہ ۲۱ کے متعلق عرض کروں گا ۔

"No proceedings taken or orders passed under this Act, shall be called in question otherwise than as provided hereunder and no civil or criminal proceedings shall be instituted against any person for anything done or intended or purporting to be done under this Act, or against any person for any loss or damage caused to, or in respect of any property, as a result of an act done or purporting to be done under this Act,"

میں نے جو پڑھا ہے اس میں سی پی سی کے تحت ان اشخاص کے خلاف کارروائی بند کر دی ہے جنھوں ۔ کوئی ایکشن لیا ہو ۔ ایسی exemption تو آپ نے سی پی سی میں دی ہے ۔ جب کہ کسی نے maliciously نہ کیا ہو ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہ protection کیا ہے ۔ گویا جلاد کے ہاتھ میں تلوار ہے ۔ اور اس کو یہ بھی حق دیا ہے کہ اس سے پوچھا بھی نہیں جا سکتا ۔ یہ جو آپ کے پولیس کے افسر ہیں میرے نزدیک ان کی reputation ان disordely persons سے اچھی نہیں ان کو آپ نے اس قدر protection دی ہے کہ کہیں go d faith کا لفظ نہیں ۔ وہ اگر کوئی ایسی بات کریں جو انہیں نہیں کرنی چاہئے تھی تو آپ مواخذہ نہیں کر سکتے ۔ نہ تو کوئی اپیل ہے نہ ہی ان کے خلاف کوئی کارروائی کی جاسکتی ہے ۔ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اپنے executive سے بھی

immune کر دیا ہے ۔ یعنی اگر کوئی ڈی ایس پی ہوا ڈی اور آئی جی اس کو سزا دے دے یہ جانتے ہوئے کہ وہ واقعی malicious act کا مرتکب ہوا تو اس سیکشن کے تحت اگر کوئی ہائی کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹائے یا Higher Authorities کے پاس جائے تو جو آرڈر پاس کیا گیا ہو اور سزا دی گئی ہو تو چاہے لاکھ میں ایک case ہو یا ہزار میں سے ایک case ہو جس میں disorderly person سے زیادتی کی گئی ہو اور کسی پولیس افسر کو سزا دی گئی ہو تو میں سمجھتا ہوں وہ اس سے بھی immune ہو گا ۔ اس کےخلاف کوئی کارروائی نہیں کی جاسکتی ۔ آپ کہیں گے میں مخالفت برائے مخالفت کررہا ہوں ۔ نہیں ایسی بات نہیں بلکہ صحیح عرض کر رہا ہوں کہ اس میں کوئی justification نہیں ۔ اور یہ کوئی کار خیر نہیں ۔ فرق صرف اتنا ہے کہ سی پی سی میں جو دفعہ ۵ سے ۷ سیکشن میں good faith کا لفظ ہے اس میں تو وہ بھی نہیں ۔ یہاں تو یہ کیا گیا ہے کہ اس لفظ کو نکال کر malicious action کو protection دی ہے ۔ اور پھر executive Orders سے بھی immune قرار دیا گیا ہے ۔ بتائیے یہ کیا قانون سازی ہے یہ کیا باتیں ہیں اور یہ کیا کیا جا رہا ہے ۔ اب ایسے قانون پر کیسے بحث نہ کی جائے ایسے قانون پر کیسے اعتراضات نہ کیے جائیں ۔ میں کہتا ہوں کہ ہم برطانیہ کی کالونی میں نہیں ہیں ۔ آپ برطانیہ کے جانشین ضرور ہیں لیکن ہمارے بنائے ہوئے ہیں ۔ اس وقت ملک آزاد ہو چکا ہے آپ کو شہری آزادیوں کو protect کرنا ہوگا ۔ احترام کرنا ہوگا ۔ اتنے وسیع اختیارات جو آپ ایگزیکٹو کو دے رہے ہیں ان کی وجہ سے آپ ہمیں ہمارے حق اور حقوق سے محروم کر رہے ہیں ۔ یہ کہاں کا انصاف ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اگر میرے اعتراضات کا جواب نہ دیا جائے تو یہ بھی میری بدنصیبی ہوگی ۔

جناب والا ۔ اب دفعہ ۲۲ کو دیکھیے جو اس کے provisions ہیں ۔

"The Provisions of this Act, and any order made or action taken under this Act, shall have effect notwithstanding anything inconsistent therewith contained in any enactment, other than this Act, for the time being in force, and in any instrument having effect by virtue of any such enactment other than this Act."

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب ھاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*) The House is not in quorum, let the bells be rung (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ پہلی دفعہ میں جو proceedings ہوں گی وہ کسی کورٹ میں چیلنج نہیں ہو سکتیں ۔ اس پر میں عرض کر چکا ہوں ۔ دفعہ ۲۲ میں جو action لیا گیا ہے وہ بھی قانون سے inconsistence ہے ۔ یہ ہماری secret book of law کا سنہری حرفوں میں لکھا ہوا قانون تاریخ میں محفوظ رہنے والا قانون تمام قوانین کو over ride کر جائے گا ۔ یہ dangerous disorderly person قرار دینے کا طریقہ بہت لا جواب ہے ۔ اور ایک الہامی طریقہ ہے ۔ جناب والا ۔ ہمیں سوچنا چاہیے کہ ایسی دفعات اس ملک ۔ ۔ ۔ ۔

ملک معراج خالد ۔ ملک صاحب ایک ہی وقت میں تعریف بھی کر رہے ہیں اور ایک ہی وقت میں اس سے انکار بھی کر رہے ہیں کہیں ان کی تقریر تضاد بیانی کا شکار نہ ہو جائے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ یہ قانون قانون کی کم و بیش ۲۰—۲۵ کتابوں سے incosistent ہوگا ۔ اور ان کتابوں سے اس قانون کا کوئی کلاز inconsistency نہیں کرے گا ۔ اور اس لیے نہیں کرے گا کہ اس سے مقصد حاصل ہوتا ہے اور مقصد یہ ہے

کہ جس کو disorderly person قرار دینا ہوگا اس قانون سے disorderly person قرار دے دیا جائے گا ۔ جناب والا ۔ اگر لا منسٹر صاحب ایک لفظ لکھ دیتے تو یہ قانون لا جواب ہو جاتا اور وہ یہ کہ یہ کانسٹی ٹیوشن کے provisions کو over ride کرے گا ۔ جناب والا۔ یہ ہمارے آئین سے inconsistent ہے اور یہ fundamental rights سے inconsistent ہے ۔

جناب سپیکر۔ اب یہ دیکھئے کہ کوئی بھی آرڈر اس بیچارے کو disorderly person ہونے سے نہیں چھوڑے گا اور اس کو سزا دے گا ۔ اور disorderly person قرار دے دے گا ۔ یا dangerous disorderly person قرار دے دے گا کوئی پولیس کا آفیسر ڈنڈا پکڑ کر آ جائے گا اور کہے گا کہ چلو میاں فلاں حکم کی تعمیل کرو اور اگر کسی حکم کی تعمیل نہ کی تو اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا ۔

"A breach of any order made under clause (1)(c) or clause (2) (a) or clause (2) (b) of section 13 shall be punishable with imprisonment of either description which in the case of a disorderly person may extend to one year and in the case of a dangerous disorderly person to three years.

یعنی آپ اس کو کہتے ہیں کہ فلاں جگہ تجھ کو پابند کیا جائے گا تو کراچی میں نہیں آئے گا ۔ جناب اگر اسکی موت اس کو لا ہے یا کوئی اور واقعہ پیش آ جاتا ہے اور اس کو آنا پڑتا ہے یا اس کے اھل و عیال کی محبت اس کو کھینچ لاتی ہے یا اس کے کاروبار کے حالات اس کو مجبور کرتے ہیں کہ وہ وہاں آئے تو probation آفیسر (آج کل probation officer کے فرائض میاں معراج الدین سر انجام دے رہے ہیں) ۔ جس کا تقرر کر دیا گیا ہے اس کے حکم کی تعمیل نہ کرنے سے کوئی عدالت نہیں بٹھائی جائے گی اور نہ کوئی ٹریبونل بیٹھے گا بلکہ وہی probation officer اگر کوئی disorderly person ہے تو اس کو ایک سال کی سزا دے دے گا اور اگر dangerous disorderly person ہے تو اس کو تین

سال کی سزا دے دی جائے گی ۔ جناب سپیکر۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ نہ اس کی داد ہے نہ فریاد نہ اس کی کوئی defence ہے ۔ یہ ہماری حکومت جو بھی قوانین بنا رہی ہے وہ میں پھر دھراؤں گا کہ لاثانی ہیں اور زلف یار کی طرح ان کے معیار بڑھتے جاتے ہیں ۔ یہ لاثانی اور لافانی قانون ہے جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیے دفعہ ۴۳ میں ہے کہ :

(1) The Administrator of Karachi shall appoint an officer of police not lower in rank than a Deputy Superintendent of Police to be a Probation Officer.

(2) It shall be the duty of the Probation Officer under the general control of the Tribunal.

to have the superintendence of all disorderly persons and dangerous disorderly persons in the Capital of the Federation with a view to preventing them from evil association and assisting in their rehabilitation as useful citizens ;

جناب والا ۔ سنہ ۱۹۶۷ میں کراچی capital of the federation نہیں ہوگا لیکن کیوں میمن صاحب کیا probation آفیسر کو disorderly person کے ساتھ پنڈی منتقل کیا جائے گا ۔ جیسے سرکاری ملازم کو بھیجا گیا ہے یعنی یہ جو قانون ہے وہ capital کے متعلق ہے ؟

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ پوائنٹ آف آڈر ۔ جناب ملک صاحب نے لا منسٹر کو میمن صاحب کہہ کر خطاب کیا ہے ۔ وہ ان سے بلا واسطہ خطاب کر سکتے ہیں ؟ ۔

مسٹر سپیکر ۔ بلا واسطہ خطاب تو نہیں کر سکتے لیکن ان کا منشاء یہی تھا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ پڑھنے سے کچھ باتیں آشکار ہو جاتی ہیں ۔ یہ فرمائیے کہ دفعہ ۴۳ ۔ جو ہے جسکو میں دھراتا ہوں :

"……to have the superintendence of all disorderly persons and dangerous disorderly persons in the Capital of the Federation with a view to preventing them from evil association and assisting in their rehabilitation as useful citizens ;

یہ کراچی کے لئے قانون ہے یا Federal Capital یا دارالخلافہ کے متعلق قانون ہے جو Federal Capital پر بھی نافذ کر دیا جاے گا ۔

چودھری انور عزیز ۔ یہ amend ہو چکا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ amend نہیں ہوا ہے ۔ اور اگر اس میں amendment ہوئی ہے تو اس کو ظاہر کر دیا جاتا ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس قانون میں disorderly person کے لئے probation آفیسر مقرر کر دیا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ پروسیجر کا تقاضا یہ ہے کہ آخر اتنے دھندے کر کے اتنے اخراجات سے اتنی کوشش اور کاوش سے جسے آپ disorderly person یا dangerous disorderly person declare کریں گے تو اس کے ذریعہ معاش کا کیا ہوگا اس کے خاندان والوں کی کیا حالت ہو گی اس کے کاروبار کی کیا حالت ہوگی اور اس کے ذریعہ معاش کے لئے probation officer کیا کرے گا ۔ یا اس کے لئے یہ ہوگا کہ وہ اپنے رشتہ داروں پر depend کرے اور اپنے خورد و نوش کے اخراجات ان سے حاصل کرے اور اگر اسکے رشتہ دار نہ ہوں تو پہلے اپنے خاندان والوں کو مارے اور پھر خود مر جائے یا کسی اور جرم کا ارتکاب کرے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ probation آفیسر کا تقرر کیا جانا اس کے لئے کیا کرے گا ۔

Mr. Speaker : The Member had requested that he would finish his speech till 12-30. He has only one minute more.

Malik Muhammad Akhtar : I obey the Chair's orders and I retreat.

Mr. Speaker : Would the Law Minister like to reply ?

Minister of Law : Sir.....

Chaudhri Anwar Aziz (Sialkot—IV) : Sir I will have only three minutes.

Whatever Mr. Akhtar has said, I would leave it to the Law Minister to reply to him. There are certain other facts, which I would like to bring to the notice of the House.

Sir, this Act was promulgated on the 28th of April, 1957, and it was promulgated for five years ; then in 1957 on the 6th of September, it was amended. After that it was again amended in 19 2 ; then it was again amended in 1963 ; then it was again amended in 1964 ; then it was again amended in 1965 ; and now it is being amended in 1966. Sir, considering all the six amendments, I have been able to frame an amendment, which may be substituted very easily in place of the amendment which we have before us at present, and that is—

"Amendment is hereby amended that all amendments with regard to our future amendments shall be amended in our next amendment."

Exactly the words used in this amendment are six, so they cover the present amendment.

Apart from that, there is a great legal lacuna in this particular amendment. This Act, when amended in 1962 said : "It is amended upto and including the 13th day of April, 1962." From then onwards all the amendments that were for the figure 1962 ,it should be 1963, 1964, 1965, 1966 and so on, and the amendments came on a day which was later than the 13th day of April. You will have to help me here, Sir, as this is a legal point. That is that when an Act is to be workable till a particular time and an amendment does not come into it before that time expires, and if an amendment is made later on, it does not have any retrospective effect—and which in this particular case we do not have—then this Act every year was without effect from four days to twenty seven days, and in one particular case, it was without effect for four months. That means, Sir, that every year the Courts, the Tribunal started a case, witnesses were heard, evidence was given and money was spent on it, a particular person was undergoing a trial, and then because the law lapsed, all those proceedings were thrown overboard, and when the law came into effect again, then proceedings have to be begun anew.

In this particular Act, Sir, that we have before us, it was promulgated on the 10th of May, 1966. That means between 13th of April, 1966 and 10th of May, 1966... ..

Mr Speaker : Is it 13th or 30th.

Chaudhri Anwar Aziz : It is 13th day of April. Even if it is 30th, then for 10 days it was without effect, there was no law, known as the

Karachi Control of Disorderly Persons Ordinance. And this has not happened only this year. It has been happening every year.

Mr. Speaker : By Act XXX of 1957, it was amended in these words :

> "In sub-section (2) for the words 'five years' the words and figures upto and including the 30th day of April, 1962" shall be substituted.

Chaudhri Anwar Aziz : Even if that is granted, Sir, then in that case this particular present amendment was promulgated on the 10th of May. That means that for ten days there was no Act.

Mr. Speaker : It was promulgated on 29th April, 1956, and this is the motion, which is before the House.

Minister of Law : Mr. Anwar, is making a mistake. He is looking into the copy which the Assembly has supplied. See the note at the end, which says that this Ordinance was published in the Gazette of West Pakistan (Extraordinary) datd the 29th April, 1966.

Chaudhri Anwar Aziz : I stand corrected in that case, Sir. My second point, very briefly, is that this Act gives effect to a particular policy—that is, to control the disorderly persons in Karachi ; it is to be extended now for one year—almost for the past five years. Why not delete the words that we have in Section 2, and only say that this Act should come into effect at once, and shall continue to be in force. Five years should be deleted. We should say that it will come into force at once, because when we give enhancement to an Act for one year, what we are saying is that after one year, there will be no need for it. For the past fourteen years, we have had this Act. It was promulgated in 1952, it is continuing and there are many cases pending under it. So when we find that it is no more useful, we can repeal it.

With these suggestions, I resume my seat.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : In fact, Sir, there is nothing good or bad but thinking makes it so. I don't find anything wrong with the logic or the wisdom or philosophy behind what the member said for the last nearly two hours, but probably there is something wrong with his thinking. On the one hand, I heard the member saying that the figures of the cases, which are pending under this Act in Karachi are so very encouraging and small in number that there is hardly any need for this law to be on the statute book ; it has proved so very effective. On the other hand, I don't know how and why the member feels completely disappointed on account of these figures. If today the number of murders were to go down to something like 38 per year in the province, probably the member would advocate the complete

withdrawal of laws relating to the punishment of murders. This is a philosophy, a logic which atleast I, on my part, could not understand. If this law, as I very respectfully submitted, has proved so very effective that the authorities have not found it necessary or expedient to use it beyond this limited measure, then I fail to see how it could possibly be argued that this should not remain on the statute book.

Sir, the member talked of very peaceful conditions in Karachi compared to what he said were the conditions in 1947 and 1948. On his own showing, this law came into existence in 1952. This is the baby of Mr. Gurmani, which has been nourished and it has became an adult. Probably he forgot a very ugly and unhappy incident, which took place in Karachi in the beginning of the year 1965, and I fail to see how and with what justification could it be said that the need has disappeared. I agree, I admit, I confess, and I have no hesitation in making this confession that this is an extraordinary law. This is a very harsh law as he described it, but may I very respectfully beseach and tell him—he is probably familiar with the activities and the methods employed by local and national goondas but—he hardly knows that there are international goondas in Karachi, and a very extraordinary and harsh law is required to meet that situtation in Karachi. Hence this law, which is being continued from year to year. The Government is very alive to the very harsh nature of this law and, it is, therefore, very hesitant to put it permanently on the statute book ; it is, therefore, being continued for a year, and if need be, if circumstances and conditions so required, it may be continued, but I plead guilty to one charge of the member that there should be a unified law and I will at the earliest stage consider as to how to unify this law. Whether the Control of Goondas Ordinance should be extended to Karachi to replace this Act or this should be extended to the whole of West Pakistan, just to satisfy him that the law has been unified. Sir, it is an irony of fate that the member, who probably could not be knowing much about the detailed circums ances and conditions in Karachi has, taken upon himself this task of condemning this law when not a single member from Karachi has thought of condemning this or saying a word against it. This would only go to show that there is need of this law and it shall remain on the Statute Book at least for the year for which it has been enacted. The member referred to the special rules of evidence and condemnation of a person on mere general reputation. May I respectfully remind him that is it not a general reputation, a charge, a factor on which people are bound down for three years and if they fail to give security are sent to jail under the Criminal Procedure Code—itself ? I would respectfully draw his attention to certain clauses of Section 110 which deal with condemnation of a person if his general reputation is that he is a bad character and in this context may I again respectfully remind him that this is not a new law on which decisions are taken merely on affidavits. He knows it too well that these affidavits are used in civil courts on the basis of which decisions are taken. These affidavits are just the evidence on which the High Court decides petitions and, if need be, persons are called which is also the case here. If there is a slightest doubt about the veracity of what any witness said or if he made a wrong statement, he can surely be called and subjected to cross-examination.

The member has also made a reference that in view of the fact that

prostitution has been banned, where are those dens to which this law can apply or could be utilized against? I would not say anything more. The member is a resident of Lahore and he should know better that it is not only the red light area where he will come across prostitutes who indulge in this vice, I don't make any insinuation, but the misfortune is that these dens can be found elsewhere in the Province, and not only in the professional area. It is, therefore, the reason why Karachi is being included where this law is still necessary. The member said that if a person is externed out of Karachi under this law and if he happens to have something to do in connection with his profession or business in Karachi he would be debarred from entering the prescints of Karachi. May I again very respectfully remind him and request him to ponder and consider this question. Does he want this fellow, who has been externed out of Karachi, to come back to Karachi and attend to that very profession and avocation for which he had been externed? If that is the idea that he should come back to Karachi and again indulge in these vices which he took up as a profession then, I would respectfully submit, he shall not be permitted to enter into Karachi to again indulge in those vices.

The member also referred to the use of abusive and disorderly conduct resulting in all the punishments or any one of them prescribed under this Act. May I again respectfully remind him kindly to read the Constitution and the rules carefully. If a member of this House becomes persistently disorderly and abusive and does not comply with the rules and is named by the Speaker and continues to remain away, per force under the orders of the Speaker and the resolution of this House, for a continuous period of 30 days then he forfeits his membership under the Constitution. If a member can be visited with this penalty, as I described, under the Constitution; why should we sympathise with a goonda, with an undesirable person who is a menace to the society and should be effaced from the face of the society.

The member made a grievance again as to why this Ordinance was issued. The life of the present Act was to expire on the 30th April of this year and there was no other way to keep this law alive except to issue an Ordinance, and, therefore, the same was issued only a day before the life of this Act would have expired. Last but not the least, I would submit that during these two hours I have been listening very patiently to him so much so that my colleagues complimented me here that they admired my patience to hear this debate—a very learned speech from the member for two hours—but I personally feel that it is not really the merit of the matter which prompted the member to go on with his speech for two hours. It is probably some other agency which is responsible for prompting him to be on his legs for two hours. If that agency could co-operate with this House, I think, the member might have cut down his speech. But I again concede him his right. It is his Constitutional right and he can, by all means, exercise it. We will have the patience to listen to him again but I would make one appeal to him. Please don't co-operate, don't show any sympathy to the undesirable element particularly in Karachi, where you find over 20 lakhs of people, which is the nerve centre of the country and they should have absolutely no sympathy whether inside or outside the House. With these few words I would appeal to him to join hands with us and see that this resolution is passed unanimously.

Malik Muhammad Akhtar : On a point of personal explanation, Sir.

Mr. Speaker : After I have put the question.

The question is—

That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 29th April, 1966.

The motion was carried.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I would like to explain that it is my own inspiration and my own study that enables me to place my comments before the House. I have not been approached by any outside agency or by even the other members I should say. I say what I honestly feel.

باقی یہ لمبی بات ہے ۔

باغ بہشت سے مجھے حکم سفر دیا تھا کیوں
کار جہاں دراز ہے اب میرا انتظار کر

آپ ھی نے مجھے یہاں بھیجا ہے ۔

THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLES TAXATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

Mr. Speaker : Next motion please.

Minister of Law : I beg to move—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th May, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Not opposed.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th May, 1966.

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th May, 1966.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN URBAN RENT RESTRICTION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966

Minister of Law : I beg to move—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Urban Rent Restriction (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th May, 1966.

Mr. Speaker : The motion moved is

That the Assembly do approve of the West Pakistan Urban Rent Restriction (Amendment) Ordinance, 1966, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th May, 1966.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I had, in some minor detail, dealt with this question on an earlier occasion while replying to a supplementary question of a member here in this House. This Ordinance seeks to validate certain orders passed by the Rent Controller in Karachi. This House is aware that the Rent Restriction Ordinance, 1959, is in force after the merger of Karachi on 1st July, 1961. An amending Ordinance was passed in the year 1962 and by a notification this Ordinance was applied to Karachi, to be precise and exact, on 1st July, 1963.

Malik Muhammad Akhtar : Excuse me, Sir, are you referring to Ordinance No. 21 or 22 ?

Mr. Speaker : Yes, it is 21; it was issued on 11th May. Is the Member opposing ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly Sir, I am opposing it.

Minister of Law : Under this Ordinance Sir, as it is applicable to Karachi as it is on and after 1st July, 1963, appellate powers were conferred on the District Judges & Additional District Judges. In Karachi, probably elsewhere, the appellate powers were exercised by District Judges but at least in Karachi, District Judges felt that they had powers of District Courts and appeals filed before the District Judges, some of them, were transferred by them to the Additional District Judges. In one case reported in 1965 PLD Supreme Court (page 459) in the case of Khadim Mohiuddin and others versus Chaudhry Rehmat Ali a case came before the Supreme Court in which a District Judge had transferred an appeal to an Additional District Judge for disposal The Supr me Court held that District Judge under the Rent Restriction Ordinance acted as persona designata and not as District Court and had, therefore, no power to transfer any appeal to an Additional District Judge for disposal and consequently the decisions taken in appeal by the Additional District Judge were held to be *ultra vires* and without authority and without jurisdiction. This also happened in Karachi. Certain matters were actually taken to the High Court on the ground that the Additional District Judges had no powers to dispose off the appeals. In order to validate these proceedings and decisions taken by the Additional District Judges under a *bona fide* mistake committed by judicial officer in that he had powers to transfer this matter, this ordinance has been issued. It does not do anything else. It only validates the decisions taken by a judicial authority namely the Additional District Judge who, otherwise, has powers as appellate authority under the Rent Restriction Ordinance itself. I thought this small mistake on the part of the Judicial authority for whom the Member had always eloquence, has always sympathy and appreciation, would condone this small mistake on their part but it appears it is destined that even judiciary will not escape at his hands. In any case I again repeat that it is his constitutional power and let the judiciary also have its share at the hands of the Member if he chooses to do so.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲)۔ جناب سپیکر۔ The West Pakistan Urban Rent Restriction Ordinance, 1966 کے تحت کچھ ترامیم کی گئی ہیں ۔ اور وہ ترامیم مغربی پاکستان ہنگامی قانون نمبر ۶—۱۹۵۹ کی دفعہ ۱۵ کے تحت کی گئی ہیں ۔ ایک سب سیکشن دفعہ ۱۵(۱) کے بعد لگا دیا ہے ۔ جیسا کہ وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ ۱۹۵۹ کا قانون یہاں موجود تھا ۔ اور اس کا نفاذ کراچی میں نہیں تھا بلکہ ۱۹۵۹ کے قانون میں ایک subsequent ترمیم کی گئی ہے ۔ اس ترمیم کے ذریعے یہ جو الفاظ تھے وہ حذف کیے گئے ہیں ۔ ان لفظوں کی deletion سے یہ قانون تمام مغربی پاکستان urban areas پر نافذ تھا اس کا نام Urban Rent Restriction Ordinance, 1966 ہے ۔ اگرچہ پہلے کچھ عرصہ کے لیے کم و بیش ۳ سال کے لیے کراچی کے ایریا کو اس قانون کی زد سے exempt کیا گیا تھا ۔

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ وزیر قانون صاحب نے ذکر کیا ہے کہ اس amendment کو جس amendment کے ذریعہ extend کیا گیا ہے اس کی جو jurisdiction ہے اس میں کچھ lacuna رہ گیا ہے ۔ اس lacuna کے باعث یہ ترمیم کرنی ضروری ہو گئی جس کو موجودہ شکل میں ایوان میں پیش کیا گیا ہے ۔

جناب سپیکر۔ پیشتر اس کے کہ میں اس ترمیم پر اپنی گزارشات عرض کروں مجھے مودبانہ یہ عرض کرنا ہوگا کہ یہ شقیں ہیں جو دفعہ ۱۵(۱) میں subsequently لگائی ہیں ۔ یہ (۱)—(I-A)—(I-B) ہیں ۔

"(1) Any party aggrieved by an order made by the Controller under Section 1, Section 10, Section 12, or Section 13, may, within thirty days of the date of such order, prefer an appeal in writing to the District Judge having jurisdiction over the area where the building or rented land, in relation to which the order is passed, is situated.

(1-A) On such appeal being preferred, the District Judge may himself hear it or refer it for disposal to an Additional District Judge having jurisdiction over the area where the building or rented land, in relation to which the order is passed, is situated.

(1-B) The District Judge may recall an appeal made over by him to an Additional District Judge and either hear it himself or refer it for disposal to another Additional District Judge having Jurisdiction as provided in sub-section (1-A) ; provided that the District Judge shall not so recall or make over an appeal which is part-heard."

جناب والا۔ The West Pakistan Urban Rent Restriction Ordinance, 1959 میں ۳ operative دفعات ہیں جن کو refer کیا گیا ہے جن میں rent controller کے متعلق کارروائی کا ذکر ہے ۔ دفعہ ۱۰ اور ۱۲ کے ہوتے ہوئے اس lacuna کے باعث دور رس نتائج ہوں گے جو litigants کو face کرنے ہونگے original amendment 1962 کے ساتھ دائرہ اختیار کو extend کیا گیا ہے ۔ کراچی میں اس وقت جو نتائج برآمد ہوئے ان نتائج کا اس lacuna کے باعث انداز مقدمات پر اثر ہوا ۔ operative دفعہ ۴ Rent Restriction Act کے ۔

مطابق اور دفعہ ۱۰-۱۲ اور ۱۳ کے مطابق جو بھی نتائج برآمد ہوئے وہ کافی سنگین نوعیت کے تھے ۔

Minister for Revenue (Khan Habibullah Khan) : Mr. Speaker Sir, I think there are one or two minutes more to run before we rise. If the Member over there wants to finish his speech within 5 or 10 minutes we will then prefer to sit.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, it is a controversial measure.

Minister for Revenue : It is not a controversial measure you know. The other one was ; if you finish it within 5 or 10 minutes then we will prefer to sit.

Malik Muhammad Akhtar : I am afraid it is a lengthy Ordinance.

Minister of Revenue : Do you want to take one hour ?

Malik Muhammad Akhtar : About an hour.

Minister of Revenue : You don't take pity on yourself nor on ourselves. Have some mercy on yourself for God's sake.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ تو یہ دفعات جن کے متعلق میں عرض کر رہا تھا ۔ نمبر ۴ ، ۱۰ ، ۱۲ ، اور ۱۳ ہیں ۔ یہ دفعات ہیں جو operative دفعات ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان دفعات کا مجھے ذرا حوالہ دینا ہوگا ۔

Mr. Speaker : It is now 1-00 p m. and the House is adjourned to meet again at 5-30 p.m.

The Assembly then adjourned till 5-30 p.m. the same day.

EVENING SITTING

The Assembly met at the Assembly Chamber at 5-30 p.m. Mr. Speaker (Chaudhri Muhammad Anwar) in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۡ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْــَٔـلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

(پ ۳ س ۲ ع ۵ و ۶ آیات ۲۷۲ تا ۲۷۴)

(اے پیغمبر تم ان لوگوں کی ہدایت کے ذمہ دار نہیں ہو بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت بخشتا ہے۔ اور جو کچھ بھی تم مال خرچ کرو گے تو اس کا فائدہ تمہیں کو ہوگا۔ اور تم جو کچھ خرچ کرو گے اللہ کی خوشنودی کیلئے کرو گے۔ اور جو کچھ مال تم بھلائی (کے کاموں) میں خرچ کرو گے وہ تمہیں پورا پورا دے دیا جائیگا۔ اور تمہارا بالکل نقصان نہیں کیا جائیگا۔ اور تم جو (خرچ کرو گے) ان حاجتمندوں کیلئے جو اللہ کی راہ میں گھر بیٹھے ہیں اور ملک میں کسی طرف بھی آنے جانے کی طاقت نہیں رکھتے (مانگنے سے شرماتے ہیں) یہانتک کہ سوال نہ کرنیکی وجہ سے ناواقف شخص انکو مالدار سمجھتا ہے۔ تم انکے چہروں سے پہچان لیا کرو۔ وہ شرم کے سبب لوگوں سے منہ پھوڑ کر اور لپٹ کر سوال نہیں کرتے اور تم جو بھی مال خرچ کرو گے۔ بیشک اللہ اسکو جانتا ہے۔ جو لوگ اپنا مال رات دن ظاہر و پوشیدہ بھلائی کے کاموں خرچ کرتے ہیں ان کا صلہ پروردگار کے پاس ہے اور ان کو کسی طرح کا نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمزدہ ہوں گے۔ وما علینا الا البلاغ

PRESENTATION OF THE WEST PAKISTAN BUDGET (GENERAL) FOR THE YEAR 1966-67

Mr. Speaker : Finance Minister to present the West Pakistan Budget (General) for the year 1966-67.

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ جناب والا ۔ میں حکومت مغربی پاکستان کا بجٹ برائے سال ۱۹۶۶-۶۷ء ایوان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

اس بجٹ کو مختصر اور جامع دستاویزات کی شکل میں مرتب کیا گیا ہے جن میں نہ صرف آمدنی اور اخراجات کے اعداد و شمار دئیے گئے ہیں ۔ بلکہ حکومت کی مالیاتی پالیسیوں کو بھی صراحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے ۔ وہ بھاری بھر کم دستاویزات جن میں اہم حقائق عام تفصیلات کے گورکھ دھندے میں نہاں ہیں اور جو صرف افسران حسابات کے مطالب کی چیز ہیں اب ایوان میں پیش نہیں کی جا رہی ہیں ۔ تاہم انہیں حسب خواہش مہیا کیا جا سکتا ہے ۔

۱۹۶۶-۶۷ء کا بجٹ سات دستاویزات پر مشتمل ہے جنہیں جناب گورنر مغربی پاکستان کے حکم کے تحت ایوان کے رو برو پیش کر دیا گیا ہے ۔ جلد اول میں سالانہ بجٹ کا خلاصہ ایک کیفیت نامے کی صورت میں ہے ۔ جلد دوم میں چھوٹی اور بڑی مدات حسابات کے تحت صوبائی وصولیات کی تفصیل دی گئی ہے ۔ جلد سوم و چہارم میں غیر تصویبی اخراجات کے تخمینے اور ترقیاتی و غیر ترقیاتی امدادی رقوم کے لئے مطالبات ہیں ۔ جلد پنجم میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کی تفصیلات درج ہیں اور گو یہ سالانہ بجٹ کے کیفیت نامے کا جزو نہیں تاہم یہ تیسرے پنج سالہ منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کئے گئے مالیاتی اقدامات کا ایک ضروری ریکارڈ ہے ۔ جلد ششم کو آئین پاکستان کی دفعہ ۱۰۲ کے مطابق مرتب کیا گیا ہے اور اس کا تعلق طویل المیعاد منصوبوں کی مرحلہ وار سرمایہ کاری سے ہے ۔

آخری جلد ایک یاد داشت ہے جس میں ان سب امور کی وضاحت ایک بیانیہ پیرائے میں کی گئی ہے جو دیگر جلدوں میں اعداد و شمار کی صورت میں درج ہیں ۔

بجٹ کی ان دستاویزات کے علاوہ میں اس ایوان کے رو برو ایک قرطاس ابیض اور ایک اور دستاویز موسومہ بہ ''بجٹ سازی کا پس منظر،، پیش کر رہا ہوں ۔

قرطاس ابیض میں بجٹ وسائل سرکاری قرضے غیر ترقیاتی اخراجات اور ترقیاتی پروگرام کا جائزہ لیا گیا ہے ۔ ''بجٹ سازی کا پس منظر'' کو پہلی مرتبہ پیش کیا جا رہا ہے ۔ اسے اس غرض سے مرتب کیا گیا ہے کہ اس ایوان کے معزز ارکان کو حوالوں میں سہولت حاصل ہو سکے ۔ اس میں بجٹ کیلنڈر بجٹ سے متعلق اصطلاحات کی تعریف آئین پاکستان کی رو سے مقرر شدہ مالیاتی ضابطہ کار تیسرے پنج سالہ منصوبے میں ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات کے درمیان فرق اور محکمہ مالیات کے تنظیمی ڈھانچے کا چارٹ شامل ہیں ۔ مجھے یقین ہے کہ یہ دستاویز اپنی معمولی ضخامت کے باوصف ''بقامت کہتر بقیمت بہتر'' کے مصداق غیر معمولی طور پر مفید ثابت ہو گی ۔

اس ایوان کے روبرو ۱۹۶۶-۶۷ کے بجٹ کے تخمینوں کی وضاحت سے قبل مجھے اجازت دیجئے کہ میں ۱۹۶۴-۶۵ء کے حسابات اور ۱۹۶۵-۶۶ء کے ترمیم شدہ تخمینوں کے بارے میں چند باتیں عرض کر سکوں ۔

حسابات ۔

۱۹۶۴-۶۵ء کے حسابات جناب کمپٹروار اور اڈیٹر جنرل کی طرف سے موجودہ مالیاتی سال کے دوران میں موصول ہوئے تھے ۔ یہ حسابات

۲۲ کروڑ روپے کے محاصل کا فاضلہ ظاہر کرتے ہیں جس سے اخراجات سرمایہ کی سرمایہ اندازی کے لئے استفادہ کیا گیا - ۱۹۵۵-۵۶ء سے ۱۹۶۴-۶۵ء تک دس برسوں کے حسابات جاریہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ کل وصولیات محاصل ۹۶۵ کروڑ روپے تھیں جب کہ ان کے مقابل کل اخراجات محاصل ۸۴۶ کروڑ روپے تھے - ان دس برسوں کی مدت میں حساب محاصل کی مد میں ۱۱۹ کروڑ روپے کی رقم فاضل رہی ہے - تاہم حساب سرمایہ پر اخراجات ۵۹۷ کروڑ روپے تک تھے جن میں سے صرف ۱۳۴ کروڑ روپے محاصل اور سرکاری تجارت کے فاضلات سے لئے گئے تھے - باقی ۴۶۳ کروڑ روپے سرکاری قرضوں کی مختلف صورتوں میں مثلاً مرکزی حکومت کا نقد ترقیاتی قرضہ غیر ملکی قرضہ جات مارکیٹ کے قرضہ جات غیر سرمایہ بند قرضہ اور امانتوں سے پورے کئے گئے - اس کے علاوہ دس برس کی اس مدت کے دوران میں بقایا جات زر نقد میں سے بھی ۶ کروڑ روپے کی رقم حاصل کی گئی -

وحدت مغربی پاکستان کے بعد پہلے دس برسوں کے دوران میں صوبے کے مالیاتی معمولات بحیثیت مجموعی تسلی بخش رہے ہیں - ۱۹۵۵-۵۶ میں بجٹ کے محاصل کی کل وصولیات ۵۱.۶ کروڑ روپے تھیں جب کہ ۱۹۶۴-۶۵ء میں یہ وصولیات ۱۷۱.۲۹ کروڑ روپے ہیں جو دس برسوں میں ۳۳۵ فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہیں - اس اضافے کے کماحقہ احساس کے لئے صرف اس امر کا اظہار کافی ہے کہ آج صرف دو محکموں یعنی تعلیمات اور صحت پر اخراجات ۱۹۵۵-۵۶ء کے بجٹ کے محاصل کے تحت کل اخراجات سے زیادہ ہیں - یہ اضافہ ایک تو صوبے کے انضمام کی وجہ سے ہے جو حکومت کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ مصنوعی انتظامی حد بندیوں کی رکاوٹوں کو خاطر میں لائے بغیر اقتصادی مسائل پر بھرپور

توجہ دے سکے ۔ دوسرے اس کی وجہ موجودہ حکومت کی ٹھوس مالیاتی اور دور رس اقتصادی پالیسیاں ہیں ۔

۱۹۶۵-۶۶ء کی اہم خصوصیات ۔

مالیاتی سال ۱۹۶۵-۶۶ء کی جو اب قریب الاختتام ہے متعدد غیر معمولی خصوصیات تھیں جن کی وجہ سے خصوصی اور کسی حد تک غیر روایتی مالیاتی اقدامات کرنا ناگزیر ہوگیا ۔ اس سال کی چند ایک اہم خصوصیات حسب ذیل ہیں :—

(۱) یہ تیسرے پنجسالہ منصوبے کا پہلا سال تھا جس کا آغاز دوسرے منصوبے کے کامیاب اختتام کے جلو میں ہوا ۔ امیدیں بلند تھیں اور اخراجات وافر ۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام ۱۹۶۰-۶۱ء (ترمیم شدہ تخمینہ) میں ۶۷.۵ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۱۹۶۴-۶۵ء (ترمیم شدہ تخمینہ) میں ۱۲۷.۶ کروڑ روپے تک جا پہنچا تھا ۔ اس بھاری اضافے نے نہ صرف توقعات میں اضافہ کیا بلکہ ترقیاتی اخراجات کے اضافہ شدہ مصارف کو کھپانے کے لئے بھی کافی استعداد پیدا کر دی ۔ اس لحاظ سے یہ ایک فطری امر تھا کہ گزشتہ پانچ برسوں میں ترقیاتی اخراجات میں اضافے کا جو رجحان قائم ہوا تھا وہ ۱۹۶۵-۶۶ء میں بھی جاری رہے ۔ متعدد نئی ترقیاتی سکیموں سے اصولی طور پر اتفاق کیا گیا اور انہیں اس توقع پر سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کر لیا گیا کہ یہ سال کے دوران میں باضابطہ طور پر منظور ہو جائیں گی ۔

(۲) ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات کی کوئی نئی تعریف موجود نہ ہونے کی وجہ سے بعض اخراجات جنہیں دوسرے پنج سالہ

منصوبہ کے اختتام پر غیر ترقیاتی اخراجات کی حیثیت سے دکھایا جانا تھا بدستور ترقیاتی اخراجات کے طور پر دکھائے جاتے رہے ۔

(۳) صدارتی حکم نمبر ۲۳ بابت ۱۹۶۲ء کے تحت ادائیگی سود کی مد میں تین سال کے لئے ۴ کروڑ روپے سالانہ کی چھوٹ ملی ۔ صوبہ مغربی پاکستان ۳۰ جون ۱۹۶۵ء کو ختم ہونے والے تین برسوں کے دوران ۱۲ کروڑ روپے تک امداد سے مستفید ہوا ۔ مالیاتی سال ۱۹۶۵-۶۶ء میں نہ صرف یہ کہ صوبے کو ۴ کروڑ روپے کی یہ رعایت نہیں ملی بلکہ اس کی مدت کے دوران جمع شدہ بقایا جات کی پہلی قسط کی ادائیگی کے لئے مزید دو کروڑ روپے مہیا کرنے پڑے بالفاظ دیگر ۱۹۶۴-۶۵ء کے مقابلے میں ۱۹۶۵-۶۶ء کا آغاز سود کی مد میں ۶ کروڑ روپے کے اضافہ شدہ واجبات سے ہوا ۔

(۴) مد سائر خرچ کے لئے وسائل مختص نہیں کئے گئے کیونکہ توقع تھی کہ اس مد کے اخراجات بچتوں کے ذریعے پورے ہوں گے یا پھر اسے باز تصرف کی غرض سے بروئے کار لایا جائے گا ۔

(۵) بیرونی امدادی پروگرام کا سائز کنسورشیم کے اجلاس کے التوا کی وجہ سے متاثر ہوا ۔

(۶) مالیاتی سال کا آغاز رن کچھ میں لڑائی کی وجہ سے ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات میں ۵ فیصد تخفیف سے ہوا ۔

(۷) اور آخرش یہ کہ بھارت نے ستمبر ۱۹۶۵ء میں اعلان جنگ کے بغیر پاکستان پر حملہ کر دیا ۔ اس جنگ میں ہماری قابل قدر مسلح افواج اور لائق تحسین عوام نے جوش جہاد سے سرشار

ہو کر دشمن کا مقابلہ کیا ۔ جیسے کہ تمام جنگوں کا خاصہ ہوتا ہے اس جنگ نے بھی بجٹ میں مقرر آمدنی اور اخراجات کی سطحوں کو متاثر کیا ۔

ان تمام اہم لیکن مالیاتی لحاظ سے ناموافق خصوصیات کے مقابلے میں بظاہر صرف ایک نئی خصوصیت ایسی تھی جس نے صوبائی مالیات کے حق میں کام کیا ۔ قومی مالیاتی کمیشن جو آئین پاکستان کی دفعہ ۱۴۴ (۴) کے تحت قائم کیا گیا تھا نے یہ سفارش کی کہ آمدنی پر ٹیکسوں سیلز ٹیکس چائے، تمباکو اور جھالیا پر ایکسائز ڈیوٹی اور پٹ سن اور کپاس پر برآمدی ڈیوٹی سے حاصل شدہ خالص رقوم میں صوبوں کا حصہ بڑھا کر ۶۵ فیصد کر دیا جائے اور مرکز صرف ۳۵ فیصد حصہ اپنے پاس رکھے ۔ اس سفارش پر بروئے صدارتی حکم مجریہ ۱۹۶۵ء یکم جولائی ۱۹۶۵ء سے عملدرآمد ہوا ۔

قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ناموافق امور سے پیدا شدہ نازک مالیاتی صورت حال سے جسے جنگ نے نازک تو بنا دیا تھا صوبائی حکومت کس طرح عہدہ برآ ہونے میں کامیاب ہوئی ۔ میں اس مرحلے پر ان خصوصی اقدامات کو معرض بحث میں لانے کی کوئی ضرورت نہیں سمجھتا جو صوبائی حکومت کی طرف سے اس صورت حال سے نپٹنے کی خاطر اختیار کئے گئے ۔ اب جب کہ موجودہ مالیاتی سال کے صرف دو ہفتے باقی رہ گئے ہیں اور ہنگامی حالات کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تمام مالیاتی مطالبات کوئی نیا محصول لگائے یا پرانے محصولات میں اضافہ کئے بغیر پورے کئے جا چکے ہیں با اطمینان یہ کہا جا سکتا ہے کہ صوبائی حکومت نے اس پیچیدہ صورت حال سے عہدہ برآ ہونے کے لئے جو اقدامات کئے تھے وہ بفضلہ کامیاب رہے ہیں ۔ تاہم اس سے چند واضح

نتائج نکلتے ہیں جن میں سے میں یہاں صرف تین نتائج کا ذکر کروں گا۔ اول یہ کہ کامیابی عوام کی بھرپور تعاون کی مرہون منت ہے عوام نے آزمائش کے وقت ثابت قدمی، ضرورت کے وقت فیاضی، جد و جہد کے دوران جوش و خروش اور ہنگامی اقتصادی مسائل کے مقابلے میں با وقار حب وطن کا مظاہرہ کیا۔ (تالیاں) اقتصادی طرز عمل کے معروف معیارات کے مطابق ان حالات میں سکون کی جگہ پریشانی استقامت کی بجائے مایوسی اور اخلاقی اور اقتصادی توانائی کی بجائے روپے کی قیمت اور حوصلے دونوں میں کمی آ جاتی ہے۔ عوام نے اس کے خلاف نئے اور با وقار اقتصادی طرز عمل کی ایک نئی اور روشن مثال قائم کی ہے۔ (تالیاں)

دوم یہ کہ ہماری معیشت پر جو شدید دباؤ پڑا اور جس طریقے سے اس کا رد عمل سامنے آیا اس سے اس معیشت کی اندرونی قوت مدافعت اور ایسے صدمات کے مقابلے کی طاقت کا اظہار ہوتا ہے۔ آخر میں مجھے یہ اعتراف کرنا ہے کہ یہ ملک صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں کی بالغ نظری کا ممنون احسان ہے جن کی قیادت میں پاکستان مضبوط سے مضبوط تر ہوتا جا رہا ہے۔ (تالیاں) جناب ملک امیر محمد خاں گورنر مغربی پاکستان کی دانش مندانہ رہنمائی بھی صوبائی انتظامیہ کو اس قابل بنایا ہے کہ وہ ایسے ہنگامی اقدامات وضع کرے اور بروئے کار لا سکے جن کی وجہ سے ایک غیر یقینی اور آزمائشی سال میں بھی ہماری مالیات کو استحکام حاصل رہا ہے۔ (تالیاں)۔

ترمیم شدہ تخمینہ جات ۱۹۶۵-۶۶ء۔

اب میں سال ۱۹۶۵-۶۶ء کے بجٹ محاصل اور بجٹ سرمایہ کے ترمیم شدہ تخمینوں کی طرف آتا ہوں۔ ۱۹۶۵-۶۶ء کی وصولیات محاصل کا تخمینہ بجٹ ۱۷۷ء۱۹ کروڑ روپے تھا جب کہ ترمیم شدہ تخمینہ

۱۷۱۴۱ کروڑ روپے ہے - ۶۴۱۸ کروڑ روپے کا فرق انکم ٹیکس سیلز ٹیکس دفاعی محکموں سے وصولیات سے آمدنی میں کمی اور مرکز اور صوبائی حکومتوں کے درمیان ادائیگی اور متفرق تسویہ جات کی وجہ سے ہے - تاہم کارپوریشن ٹیکس ، موٹر وہیکلز ایکٹ کے تحت آمدنی ، آبپاشی اور متفرق مدات حساب میں وصولیات کے ترمیم شدہ تخمینوں میں اضافہ ہوا ہے -

۱۹۶۵-۶۶ء کے لئے اخراجات محاصل کا تخمینہ بجٹ ۱۷۵۴۲۳ کروڑ رو۔ تھا جب کہ ترمیم شدہ تخمینہ صرف ۱۶۵۴۹۹ کروڑ روپے ہے - ترمیم شدہ تخمینے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اخراجات میں ۹۴۲۴ کروڑ روپے کی بچت کی گئی ہے -

ایوان کو یہ جان کر مسرت ہوگی کہ آمدنی میں ۶۴۱۸ کروڑ روپے کی کمی کے باوصف ہنگامی حالات کے دوران آمدنی اور اخراجات کو ایسی سوجھ بوجھ سے استعمال کیا گیا کہ بجٹ پیش کرنے کے وقت ۱۴۹۵ کروڑ روپے کے جس فاضلہ محاصل کا تخمینہ لگایا گیا تھا وہ بڑھ کر ۵۴۰۲ کروڑ روپے ہو گیا ہے (تالیاں) فاضلہ محاصل میں اس اضافے سے اس احتیاط کی بخوبی عکاسی ہوتی ہے جو حکومت ہنگامی حالات کے دوران مالیات کو سنبھالنے کے لیے بروئے کار لاتی رہی ہے -

۱۹۶۵-۶۶ء کے سرمایہ بجٹ میں ۱۵۰۴۷۸ کروڑ روپے تک کی وصولیات و اخراجات کی گنجائش رکھی گئی تھی جس کا تعلق ۱۹۰ کروڑ روپے (خالص) کے سالانہ ترقیاتی پروگرام سے تھا - جیسے کہ آپ کو بخوبی علم ہے سالانہ ترقیاتی پروگرام پر دسمبر ۱۹۶۵ء میں نظر ثانی کی گئی تھی اور اسے گھٹا کر ۱۴۰ کروڑ روپے کر دیا گیا تھا - حساب سرمایہ پر کل

اخراجات کا ترمیم شدہ تخمینہ ۱۰۳۶۳۸ کروڑ روپے ہے جس میں سے ۹۶۶۷۶ کروڑ روپے سرمایہ بجٹ کے تحت ترقیاتی اخراجات کو ظاہر کرتے ہیں ۔ سرمایہ بجٹ میں وصولیات کے سلسلے میں ۶۶-۱۹۶۵ء کے ترمیم شدہ تخمینے میں سب سے زیادہ کمی مرکزی حکومت کی طرف سے ملنے والے قرضہ جات کی وجہ سے ہے ۔

تخمینہ جات بجٹ ۶۷-۱۹۶۶ء

اب میں ایوان کے سامنے سال ۶۷-۱۹۶۶ء کے بجٹ کے تخمینہ جات پیش کرتا ہوں ۔ صوبائی مجموعی فنڈ کی کل وصولیات کا تخمینہ ۱۹ء۳۸۹ کروڑ روپے ہے ۔ جب کہ ۶۶-۱۹۶۵ء (ترمیم شدہ تخمینہ) میں یہ وصولیات ۳۵۱۶۵۸ کروڑ روپے تھیں ۔ صوبائی مجموعی فنڈ سے کل ادائیگیاں ماسوائے مد سائر خرچ ۶۷-۱۹۶۶ء میں ۳۹۰۶۴۶ کروڑ روپیہ ہوں گی جب کہ ۶۶-۱۹۶۵ء (ترمیم شدہ تخمینہ) میں یہ ادائیگیاں صرف ۱۴ء۳۵۳ کروڑ روپے تھیں ۔

۶۶-۱۹۶۵ء (ترمیم شدہ تخمینہ) کے ۱۷۱۶۰۱ کروڑ روپے کے مقابلے میں ۶۷-۱۹۶۶ء کے لیے وصولیات محاصل کا تخمینہ ۱۷۷۶۵۵ کروڑ روپے ہے ۔ اس سے ۶۶-۱۹۶۵ء کے ترمیم شدہ ، تخمینوں کے مقابلے میں ۶۵۴۶ کروڑ روپے کا اضافہ ظاہر ہوتا ہے ۔ یہاں ۶۷-۱۹۶۶ء کے بجٹ کی وصولیات محاصل کے تخمینوں اور ۶۶-۱۹۶۵ء کے بجٹ کے تخمینہ جات کے تقابل کا سوال اٹھایا جاسکتا ہے ۔ سال رواں کے تخمینہ جات بجٹ کے مقابلے میں اضافہ صرف ۳۶ لاکھ روپے ہے اور اس سے نظریہ یہ ظاہر یہ غلط تاثر قائم ہو سکتا ہے کہ وصولیات محاصل جامد و ساکن ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ وصولیات محاصل میں ایک بھاری اضافہ ہوا ہے جو ان اعداد و شمار سے نمایاں نہیں ہوتا ۔ ۶۶-۱۹۶۵ء کے تخمینہ جات بجٹ میں وصولیات محاصل میں ۱۲۶۳۹ کروڑ روپے کی ایک رقم شامل کی گئی تھی جو تین وسائل یعنی غیر ملکی امدادی رقوم ایکسائز ڈیوٹی اور منافع پر پھیلی ہوئی تھی ۔ اس رقم کو ۶۷-۱۹۶۶ء کی وصولیات محاصل سے خارج

کر دیا گیا ہے کیونکہ ۱۹۶۵-۶۶ء کے دوران دیہی تعمیراتی پروگرام کے لیے دستیاب ہونے والی ۱۰ کروڑ روپے کی رقم اب امدادی رقم کی حیثیت سے دستیاب نہیں اور امتناع شراب کے پروگرام کی جنوبی ریجن اور کراچی تک توسیع کی وجہ سے ایک کروڑ روپے کے خسارے کا اندازہ ہے اور ایک غیر منفعتی پروجیکٹ پر منافع کسی صورت میں واجب ۵۷ لاکھ روپے کی چھوٹ کی گنجائش بھی بجٹ میں رکھی گئی ہے - با الفاظ دیگر ۱۹۶۶-۶۷ء کے تخمینہ جات کے مقابلے میں محض ۳۶ لاکھ روپے کا نہیں بلکہ ۱۲ ۵۷ء کروڑ روپے کا اضافہ ظاہر کرتے ہیں -

محاصل بجٹ میں اخراجات کا تخمینہ ۱۹۶۵-۶۶ء کے تخمینہ جات بجٹ کے ۱۷۵ ۲۳ء کروڑ روپے کے مقابلے میں ۱۷۲۶۴۸ کروڑ روپے ہے - با الفاظ دیگر سال رواں کے بجٹ کے مقابلے میں آئندہ سال اخراجات محاصل ۲۶۷۵ کروڑ روپے کم ہوں گے - یہ گویا اس امر کا ایک اور ثبوت ہے کہ حکومت اپنے اخراجات کو اپنے وسائل کے اندر محدود رکھنے کا عزم کر چکی ہے اور وہ موجودہ مالیاتی سال کے دوران میں اختیار کئے جانے والے کفایتی اقدامات کے فوائد کو وقت گزرنے کے ساتھ ضائع نہیں ہونے دے گی -

محاصل بجٹ میں فاضلہ محاصل کا تخمینہ ۱۹۶۵-۶۶ کے تخمینہ جات بجٹ میں ۹۵ء ۱ کروڑ روپے کے مقابلے میں ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۵۶۰۷ کروڑ روپے ہے فی الحقیقت محاصل کی یہ فاضل رقم ۸۶۰۷ کروڑ روپے ہے - لیکن تین کروڑ روپے مد سائر خرچ کے لیے نشان زد کر دیئے گئے ہیں - اب تک مد سائر خرچ کی پشت پر کوئی وسائل نہیں ہوئے تھے لیکن تجربے نے اس مد کے لیے کوئی وسائل نشان زد کرنے کی صورت واضح کر دی ہے اور اس لیے اس مقصد کے لیے اولین مرتبہ ۳ کروڑ روپے مختص کئے جارہے ہیں - اخراجات محاصل برائے سال ۱۹۶۶-۶۷ء میں نئی مدات

اخراجات کے لیے ۶۲۷ء۶ کروڑ روپے اور ترقیاتی بجٹ سے غیر ترقیاتی بجٹ کو منتقل ہونے والے اخراجات کے لیے ۱۳۵ء۱ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں ۔ یہ رقم ان رقوم کے علاوہ ہے جو سال رواں کی بعض تخفیفات کی بحالی کے لیے بجٹ میں شامل کی گئی ہیں ۔ بالفاظ دیگر ۱۹۶۵-۶۶ء کے مقابلے میں اخراجات محاصل کی نئی مدات کے لیے ۶۲ء۷ کروڑ روپے کے تعین کے باوجود یہ ممکن ہوسکا ہے کہ ۵۰ء۷ کروڑ روپے کے فاضلہ محاصل کا اعلان کیا جائے۔

۱۹۶۶-۶۷ء کے لیے سرمایہ بجٹ میں ۱۹۶۵-۶۶ء (ترمیم شدہ تخمینہ) کے ۱۰،۳۴۳۸ کروڑ روپے کے مقابلے میں وصولیوں اور ادائیگیوں کے لیے ۱،۵۳۴۳۵ کروڑ روپے کا تخمینہ لگایا گیا ہے ۔

ترقیاتی پروگرام ۱۹۶۶-۶۷ء

ترقیاتی پروگرام ۱۹۶۶-۶۷ء کے لیے مجموعی تعین ۱،۹۰۴۳۶ کروڑ روپے ہے تاہم تقریباً ۵ فیصد کمی کی توقع ہے ۔ اس لیے خالص ترقیاتی پروگرام کا تخمینہ ۱،۸۰۴۳۷ کروڑ روپے ہے ۔

ترقیاتی پروگرام کی سیکٹروار تخصیص پر بحث کرنے سے قبل ایوان کے لیے ان اخراجات کی علاقہ وار تقسیم کے متعلق جاننا شاید باعث دلچسپی ہو ۔ صوبائی سکیموں کے لیے ۸۲۴۹۰ کروڑ روپے کی تعین کی گئی ہے ۔ یہ وہ سکیمیں ہیں جو اپنے وسیع مقاصد اور سلسلہ فوائد کی ہمہ گیری کے لحاظ سے کسی خاص علاقے میں نہ تو محدود ہیں اور نہ ہی اس سے منسوب کی جا سکتی ہیں ۔ ۱۹۶۰-۶۱ء میں ۴۶۶۶ کروڑ روپے کی تخصیص کے مقابلے میں ۱۹۶۶-۶۷ء میں صوبائی سکیموں کے لیے ۸۲۴۹۰ کروڑ روپے کی رقم رکھی گئی ہے جو ۷۷۴۶ فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہے اور جس سے

اس امر کی بخوبی توضیح ہوتی ہے کہ حکومت وحدت مغربی پاکستان سے حاصل ہونے والے مواقع سے پورا پورا اقتصادی فائدہ اٹھا رہی ہے۔ صوبائی سکیموں کے لیے تخصیص کے علاوہ ۲ کروڑ روپے کی ایک غیر مختص شدہ رقم بھی ہے جس سے ایسی سکیموں میں سرمایہ لگانے کے لئے استفادہ کیا جائے گا جنہیں آئندہ مالی سال کے دوران میں فوری عمل درآمد کے لیے منظور کیا جائے۔ بقیہ رقم کو انضمامی یونٹوں میں مندرجہ ذیل طریقے سے تقسیم کیا گیا ہے :-

سابق شمال مغربی سرحدی صوبے کے لیے ۱۲٫۳۸ کروڑ روپے، سابق پنجاب کے لیے ۴۷٫۴۸ کروڑ روپے، بہاول پور کے لیے ۱٫۹۹ کروڑ روپے سابق سندھ کے لیے، ۲۷٫۵۲ کروڑ روپے سابق بلوچستان کے لیے، ۳٫۱۷ کروڑ روپے، کراچی کے لئے ۱۱٫۳۶ کروڑ روپے اور سرحدی علاقہ کے لیے ۱٫۵۷ کروڑ روپے ہے۔

علاقہ وار تعینات کو آگے قسمت ھا پر تقسیم کر دیا گیا ہے۔ جس طرح مجموعی پروگرام میں صوبائی اور علاقائی سکیمیں ہیں اسی طرح ہر علاقہ میں علاقائی سکیموں کے علاوہ ایسی سکیمیں بھی شامل ہیں جو صرف ایک قسمت سے متعلق ہوں۔ ۱۹۶۶-۶۷ء میں مختلف قسمت ھا کی ترقیاتی سکیموں پر ہونے والے مجوزہ اخراجات کا تقابلی مطالعہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ اخراجات کی سب سے بڑی رقم قسمت حیدر آباد کے لیے نشان زد کی گئی ہے۔ یہ رقم ۱۲٫۳۰ کروڑ روپے ہے۔ قسمت ھا کے ترقیاتی پروگرام کے سائز کی بنا پر دوسرا تیسرا اور چوتھا درجہ باالترتیب کراچی (۱۱٫۳۶ کروڑ روپے) سرگودھا (۱۰٫۸۸ کروڑ روپے) اور خیر پور (۱۰٫۸۳ کروڑ روپے) کو حاصل ہے۔

ترقیاتی پروگرام ۱٬۸۹۱ سکیموں پر مشتمل ہے جن میں سے ۱٬۵۷۸

جاری سکیمیں ہیں جو تکمیل کے مختلف مراحل میں ہیں اور ۳۱۳ نئی سکیمیں ہیں جنہیں پہلی بار آئندہ مالی سال کے دوران میں شروع کیا جائے گا ۔ ۴۳۴ سکیمیں فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ سیکٹر کی ہیں جن میں سے ۱۶۳ سکیموں کا تعلق دیہات میں آب رسانی کے نظام سے ہے ۔ تعلیمات ، صنعت اور صحت کے سیکٹروں کی ۲۸۴ سکیمیں ہیں جن میں سے ۱۹۸ سکیمیں صرف تعلیم سے متعلق ہیں ۔ زراعتی سیکٹر کی سکیموں کی تعداد ۳۹ کے لگ بھگ ہے ۔ پانی اور برقیات کے سیکٹر کی ۳۲۳ سکیمیں ہیں ۔ حمل و نقل اور مواصلات کے سیکٹر کی سکیمیں ۳۱۶ ہیں ۔

تاہم سکیموں کی تعداد مالیاتی تخصیص کے سائز سے کسی صورت متناسب نہیں ہے مثلاً پانی اور برقیات کے سیکٹر کی سکیمیں تعداد میں تین دیگر سیکٹروں سے کم ہیں لیکن اس کی مالیاتی حد بندی سب سے زیادہ ہے ۔ پانی اور برقیات کے سیکٹر کی تعیین ۷۸٫۸ کروڑ روپے ہے جو ۱۹۶۶-۶۷ء کے مجموعی پروگرام کا ۳۶٫۱۶ فیصد ہے ۔

اس کے بعد حمل و نقل اور مواصلات کے سیکٹر کی تعیین سب سے زیادہ ہے ۔ یہ تعیین ۴۱٫۰۲ کروڑ روپے ہے اور پروگرام کا ۲۱٫۵۴ فیصد بنتی ہے ۔ اس کے بعد زراعتی سیکٹر (بشمول دیہی تعمیرات) آتا ہے جس کے لیے تعیین ۳۱٫۶۵ کروڑ روپے ہے صنعت کے لیے ۲۰٫۵۹ کروڑ روپے اور تعلیم صحت کے لیے ۸٫۹۲ کروڑ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ سیکٹر کے لیے تعیین ۱۰٫۲۳ کروڑ روپے ہے اور معاشرتی بہبود اور افرادی قوت کے سیکٹر کے لیے تعیین ۹۲ لاکھ روپے ہے ۔ ۲ کروڑ روپے کی مجموعی گنجائش ایسی ہنگامی سکیموں کے لیے رکھی گئی ہے اس رقم کو پس ماندہ ریجنوں اور ترقیاتی پروگرام کے نسبتاً چھوٹے سیکٹروں کے لیے استعمال کرنا مقصود ہے ۔

پانی اور برقیات کے سیکٹر کے لیے تعیین صرف ۱۹۶۶-۶۷ء کے لیے ہی سب سے زیادہ سیکٹر وار تعیین نہیں ہے بلکہ صوبہ میں باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت ترقی کے آغاز کے وقت سے ہی اب تک کبھی اتنی بڑی رقم اس مد میں خرچ نہیں ہوئی ۔ پانی اور برقیات کے سیکٹر میں سب سے زیادہ اخراجات ۱۹۶۴-۶۵ میں کئے گئے جو کہ ۶۰٫۲۱ کروڑ روپے تھے جب کہ آئندہ سال میں اس سیکٹر کے لیے ۶۸٫۸۴ کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں ۔ اس سے صاف طور پر واضح ہو جاتا ہے کہ آپ کی حکومت پانی اور برقیاتی قوت کے وسائل کی بسرعت ترقی اور ان سے استفادہ کرنے پر بیش از بیش توجہ دے رہی ہے تاکہ ملک خوراک کے معاملے میں خود کفیل ہو سکے ملکی صنعتوں کے لیے زرعی خام پیداوار کی مقدار میں اضافہ ہوسکے زرعی اشیاء کی قابل برآمد فاضل مقدار بڑھائی جا سکے سیم اور تھور سے متاثرہ اراضی کی اصلاح کی جا سکے اور اراضی کو سیلابوں اور خشک سالی سے بچایا جا سکے پانی اور برقیات کے سیکٹر کو سب سے زیادہ سیکٹر وار تعیین حاصل ہوتی رہی ہے اور مستقبل قریب کے چند ایک برسوں تک ایسے ترقیاتی پروگرام میں یہ مقام بدستور حاصل رہے گا ۔

اس شعبے میں عملدرآمد کرنے والے چار ادارے ہیں یعنی پانی اور بجلی کا ترقیاتی ادارہ (واپڈا) ، محکمہ آبپاشی ، زرعی ترقیاتی کارپوریشن اور زمین اور پانی کا ترقیاتی بورڈ ۔ واپڈا کے آبی پروگرام میں ۲۳٫۵۲ کروڑ روپے کے اخراجات کی گنجائش رکھی گئی ہے جس میں سے ۱۷٫۳۶ کروڑ اصلاح اراضی کے پروگرام کے لیے مخصوص ہیں ۔

تخمینہ لگایا گیا ہے کہ بالائی سندھ کے میدانوں میں ۲۱٫۴۷ ملین ایکڑ کے مجموعی نہری آب رس رقبے میں سے ۱۰٫۷ ملین ایکڑ کے لگ

بھگ یا تقریباً ۵۰ فیصد رقبہ تھور سے متاثر ہے ۔ زیرین سندھ کے میدانوں میں ۹ء۱۴ ملین ایکڑ میں سے ۲ء۳۲ فیصد رقبہ شدید طور پر تھور زدہ اور ۸ء۹۵ فیصد معمولی طور پر تھور زدہ ہے ۔ حکومت تھور پر قابو پانے اور اصلاح اراضی کے مسئلے کو کامل سنجیدگی اور تندھی سے حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے ۔ تاہم طاس سندھ میں وسیع اور سائنٹیفک بنیادوں پر پانی اور زمین کے متعلق تحقیقات کی گئی ہے اور ان تحقیقات کے نتائج کا مسلسل جائزہ لیا جاتا ہے ۔ اس سروے کی بنیاد پر اصلاح اراضی کے ان مختلف منصوبوں کے ممکن العمل ہونے کی رپورٹیں تیار کی جاتی ہیں جو ضروری منظوری حاصل ہونے کے بعد سالانہ ترقیاتی پروگرام کا حصہ بن جاتے ہیں ۔ واپڈا نے دوسرے پنج سالہ منصوبے کے دوران میں شمالی علاقے میں تھور کے انسداد اور اصلاح اراضی کے دو منصوبوں کی تکمیل کی جن کے لیے ۱ء۳۳ ملین ایکڑ رقبے پر محیط ۱،۹۳۲ ٹیوب ویل لگائے گئے اور جن پر کل اخراجات ۲۰ء۵۳ کروڑ روپے اٹھے ۔ تیسرے پنج سالہ منصوبے کے لیے اصلاح اراضی کے پروگرام کو کافی پھیلا دیا گیا ہے اور تجویز ہے کہ یہ پروگرام ۱۰ ملین ایکڑ رقبے پر محیط ہوگا ۔ جس میں سے ۸ء۶۲ ملین ایکڑ رقبہ واپڈا کے زیر اختیار آئے گا ۔ ۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران میں واپڈا کے زیر کار اصلاح اراضی کے بڑے بڑے پروگرام حسب ذیل ہیں :—

(۱) اصلاح اراضی چج دوآب	۶ء۰۵ کروڑ روپے
(۲) زیرین تھل	۵ء۰۰ کروڑ روپے
(۳) علاقہ خیر پور	۴ء۰۰ کروڑ روپے
(۴) بالائی رچنا	۱ء۷۱ کروڑ روپے
(۵) لاڑکانہ ۔ شکار پور	۰ء۶۰ کروڑ روپے

واپڈا کا ترقیاتی پروگرام ۲۹ء۹۱ کروڑ روپے کے اخراجات پر مشتمل

ہے ۔ حالیہ سالوں میں اس شعبے میں بے حد ترقی ہوئی ہے ۔ بجلی پیدا کرنے کی نصب شدہ استعداد موجودہ مالیاتی سال کے آخر میں ۶۷۶ ملین واٹ سے بڑھ کر ۱۹۶۶-۶۷ء کے آخر تک ۸۴۸ ملین واٹ ہو جائے گی ۔ سکھر تھرمل پاور سٹیشن میں توسیع کرنے ، حیدر آباد تھرمل پاور سٹیشن کو وسعت دینے ، موبائل جنریٹنگ سیٹ خریدنے ، نیچرل گیس پاور سٹیشن لائل پور کو مکمل کرنے ، منگلا ہائیڈل پراجیکٹ کو توسیع دینے اور جنوبی زون تھرمل سٹیشن اور وارسک ری ریگولیٹنگ پراجیکٹ کے بارے میں کچھ ابتدائی کام کرنے کے لیے بجٹ میں گنجائش رکھ لی گئی ہے ۔

برقی قوت کی تقسیم کے لیے ۱۲ء۵۰ کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے تقسیمی نظام میں اضافوں تجدید اور تبدیلیوں کی سکیم کا مقصد بجلی کی پیداوار اور طلب میں اضافے کے پیش نظر ضروری توسیعات اور تجدیدات کرنا ہے ۔ صارفین کی تعداد جو ۳۰-۶-۶۰ تک ۳،۱۱،۵۸۶ تھی بڑھ کر ۳۰-۶-۶۵ تک ۸۷،۸۶۶ ، ۶ تک جا پہنچی ہے ۔ اندازہ ہے کہ اس تعداد میں موجودہ مالی سال کے آخر تک مزید ۳۰۰ ، ۸۳ صارفین کا اضافہ ہو جائے گا ۔ ۱۹۶۶-۶۷ء کے لیے مقررہ معیار ۱ ، ۰۰ ، ۰۰۰ سروس کنیکشن ہے ۔ یہ تجویز بھی بجٹ میں موجود ہے کہ ۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران ۴۵۰ دیہات میں بجلی پہنچائی جائے جب کہ ۱۹۶۵-۶۶ء کے دوران صرف ۱۰۰ دیہات میں بجلی پہنچائی گئی تھی ۔

زراعتی سیکٹر (بشمول دیہی تعمیراتی پروگرام) کے لیے تعین ۳۱ء۶۵ کروڑ روپے ہے ۔ اس میں سے دیہی تعمیراتی پروگرام کا حصہ ۵ کروڑ روپے ہے ۔ دیہی تعمیراتی پروگرام پر اخراجات کو ۱۹۶۵-۶۶ء کی سطح پر برقرار رکھنا ممکن نہیں ہو سکا کیوں کہ اس پروگرام کے لیے دستیاب ہونے والی رقوم کی نوعیت امدادی رقوم سے تبدیل ہو کر قرضے کی شکل اختیار کر چکی ہے۔

زراعتی سیکٹر میں سب سے زیادہ زور مصنوعی کھاد کے پروگرام پر دیا گیا ہے مصنوعی کھادوں کی فروخت ۱۹۶۲-۶۳ء میں ۱۹۷،۰۰۰ ٹن سے بڑھ کر ۱۹۶۵-۶۶ء میں تقریباً ۳۳۰،۰۰۰ ٹن تک جا پہنچی ہے امید ہے کہ ۱۹۶۶-۶۷ء میں دس لاکھ ٹن کھاد تقسیم کی جائے گی ۔ آئندہ مالی سال کے دوران مصنوعی کھاد کی فروخت پر رعایت کی صورت میں ۱۱ کروڑ روپے کا خرچ برداشت کیا جائے گا جب کہ موجود مالی سال کے دوران میں اس مد کے لیے صرف ۸ کروڑ کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

۱۹۶۵-۶۶ میں فصلوں کے تحفظ کے لیے صرف ۱۶۵ کروڑ روپے کی گنجائش تھی جسے ۱۹۶۶-۶۷ء کے لیے بڑھا کر ۲۳۲ کروڑ روپے کر دیا گیا ہے ۔ اسی طرح مشینی کاشت کے فروغ کے لیے اخراجات ۲۵.۶ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۳۸۵ کروڑ روپے ہو جائیں گے ۔ ۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران زراعتی تعلیم سے متعلق ۱۱ سکیموں کے لئے ۵۷ لاکھ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے جن میں ۸ نئی سکیمیں ہوں گی ۔ پرورش حیوانات کے لیے ۱۹۶۵-۶۶ء (ترمیم شدہ تخمینہ) میں مختص کردہ ۸۲ لاکھ روپے کی رقم کو بڑھا کر ۱۹۶۶-۶۷ء کے لیے ۹۹ لاکھ روپے کر دیا گیا ہے ۔ کراچی ''ملک سپلائی پلانٹ'' نے پہلے ہی کام شروع کر دیا ہے اور لاہور ملک پلانٹ آئیندہ مالی سال کے دوران کسی وقت کام شروع کر دے گا ۔ یونین کونسلوں میں سٹاک اسسٹنٹوں کو متعین کرنے کی سکیم پہلے ہی رائج کر دی گئی ہے ۔ آئندہ سال کے بجٹ میں ان یونین کونسلوں کو جہاں سٹاک اسسٹنٹ ملازم رکھ لیے گئے ہیں ۔ ادویہ فراہم کرنے کی غرض سے ۱۰ لاکھ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔

غلام محمد بیراج اور گڈو بیراج کے علاقے میں اراضی کا ترقیاتی پروگرام تسلی بخش طور پر روبہ ترقی ہے ۔ ۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران غلام محمد بیراج میں

۰۰۰ ، ۴۷ اور گڈو بیراج میں ۰۰۰ ، ۵۷ ایکڑ اراضی کو قابل کاشت بنانے کی تجویز ہے - ۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران جنگلات کے ذیلی سیکٹر کا مطمع نظر ۰۰۰ ، ۸ ایکڑ رقبے میں آبپاشی ، درخت کاری ، ۰۰۰ ، ۱ ایکڑ سے زیادہ رقبے میں صنعتی اغراض کے لیے نرم لکڑی کے درخت لگانا ۰۰۰ ، ۱۶ ایکڑ سے زائد رقبے میں جنگل کاری ، انہار ، شارعات اور ریلوے لائن کے ساتھ ساتھ ۶۱۰ ، ۳ میل پہ قطاروں میں درخت لگانا ہے - مغربی پاکستان کے شمال مغربی حصے میں جنگلاتی وسائل کے لیے نقشہ جات اشتمال اراضی مرتب کرنے کی غرض سے ایک بہت بڑی ترقیاتی سکیم تیار کی گئی ہے -

۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران صنعتی ترقی کیلئے ۲۰۵۵۹ کروڑ روپے کی مجموعی گنجائش رکھی گئی ہے - جس میں سے ۱۷۸۸۲ کروڑ روپے مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کے ذریعے صرف کئے جائیں گے - مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کیلئے تعیین کردہ رقوم کو مشین ٹول فیکٹری ہیوی میکینیکل کمپلیکس ، ہیوی الیکٹریکل کمپلیکس زیل پاک فیکٹری کی توسیع کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینیرنگ ورکس اور ملتان میں مصنوعی کھاد کی فیکٹری کو متوازن کرنے کے لئے صرف کیا جائے گا -

۱۹۶۶-۶۷ء کے ترقیاتی پروگرام میں سڑکوں اور پلوں کے لئے ۱۴۴۱ کروڑ روپے کی گنجائش رکھی گئی ہے - بجٹ میں جہلم کے مقام پر دریائے جہلم پر ، لاہور کے مقام پر دریائے راوی پر ، آدم واہن کے مقام پر دریائے ستلج پر ، چیچا وطنی کے مقام پر دریائے راوی پر اور ٹھٹھہ سجاول سڑک پر دریائے سندھ پر پل تعمیر کرنے کے لئے گنجائش رکھی گئی ہے - شارعاتی پروگرام میں ۱۵۰ میل لمبی تار کول سڑک کی تعمیر اور ۱۰۰ میل لمبی سڑکوں کی مرمت شامل ہے - دو اہم زیر کار تعمیرات

کراچی اور حیدر آباد کے درمیان شاہراہ اعظم اور کراچی ۔ کوہاٹ ۔ کوئٹہ ۔ زاھدان کی آر ۔ سی ۔ ڈی شاہراہ ہے ۔

ترقیاتی پروگرام میں تعلیمی سیکٹر کے لئے ۹۴۵۳ کروڑ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے ۔ ثانوی تعلیم کے لئے سب سے زیادہ ہے جس کے بعد بالترتیب یونیورسٹی ، تعلیم ، وظائف ، پرائمری تعلیم اور کالج کا نمبر آتا ہے ۔

مجموعی پروگرام ۔

ترقیاتی اخراجات کے تخمینہ جات جن کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے ۔ حکومت کے کل اخراجات کے محض ایک جزو کی نشان دھی کرتے ہیں ۔ اخراجات کی ترقیاتی اور موزوں اصلاح دستیاب نہ ہونے کی بنا پر وہ اخراجات جو غیر ترقیاتی کہلاتے ہیں ان کی درجہ بندی کی اساس دوسرے پنج سالہ منصوبہ کے دوران میں منصوبہ بندی کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ایک تعریف پر مبنی ہے ۔ یہ تعریف حتمی نہیں بلکہ کسی حد تک ایک جدید تعریف جو موجودہ بعض تناقضات کو دور کر سکے کے اجراء کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے ۔ ان حالات میں ترقیاتی اور غیر ترقیاتی دائروں میں اخراجات کی مجموعی رقوم کا ذکر ۔ حد ضروری ہے ۔ کیونکہ یہی وہ اعداد و شمار ہیں جن سے مختلف جہتوں میں صوبائی حکومت کی مساعی کی وسعت کار واضح طور پر ظاہر ہو سکے ۔ ۱۹۶۶-۶۷ء میں پانی اور برقیات کے سیکٹر کا مجموعی پروگرام ۸۶۴۷۷ کروڑ روپے کا ہے ۔ جبکہ ۱۹۶۵-۶۶ء (ترمیم شدہ تخمینہ) میں یہ پروگرام ۶۵۴۰۲ کروڑ روپے تھا ۔ زراعتی سیکٹر میں (ماسوائے دیہی تعمیرات) ۱۹۶۶-۶۷ء کے لئے کل مجوزہ اخراجات ۳۸۴۶۹ کروڑ روپے ہیں جب کہ ان اخراجات کی موجودہ سطح ۳۴۴۰۳ کروڑ روپے ہے ۔ تعلیمی سیکٹر میں مجموعی پروگرام

۱۹۶۵-۶۶ء (ترمیم شدہ تخمینہ) میں ۳۷ء۱۲ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۴۰۶۰ کروڑ روپے ہو جائے گا۔ مجموعی پروگرام میں تناسب کے لحاظ سے سب سے زیادہ اضافہ صنعتی سیکٹر میں ہوا ہے جس میں یہ پروگرام سال رواں میں ۹۶۰ کروڑ روپے کے اخراجات سے بڑھ کر ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۱۶۵۸ کروڑ روپے تک جا پہنچا ہے۔

سرمایہ اندازی کی حکمت عملی۔

جناب والا۔

ایوان کو فطری طور پر اس امر سے آگاہ ہونے کی خواہش ہوگی کہ مجموعی پروگرام میں لگایا جانے والا سرمایہ کیونکر حاصل کیا جائیگا اور آیا مجوزہ اخراجات کو موجودہ ٹیکسوں سے ہی پورا کیا جا سکتا ہے۔ میں اس موقع پر آپ کی خدمت میں گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت مغربی پاکستان سال ۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران میں کوئی نئے ٹیکس عائد کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔ (تالیاں) حکومت صرف موجودہ ٹیکسوں کو ہی برقرار رکھے گی۔

حکومت۔ انتظامی اور مالیاتی نوعیت کے بہت سے اہم فیصلے کئے ہیں جن کی رو سے نئے ٹیکس عائد کئے بغیر ہنگامی حالات کے دوران عائد شدہ تخفیف کی بحالی، نئے اخراجات، سرکاری قرضہ کے بڑھتے ہوئے واجبات کو پورا کرنا اور بعض اخراجات کو ترقیاتی بجٹ کی جانب منتقل کرنا ممکن ہو گیا ہے۔ اخراجات، سرمایہ کاری اور وصولی محاصل کے مالیاتی جائزے کی روشنی میں حکومت نے ایسے مختلف طریقہ ہائے کار پر سنجیدگی سے غور کیا جنہیں نئے سال کے تمام اخراجات اور تقاضوں کو بطریق احسن پورا کرنے کے لئے اختیار کیا جا سکے۔ حکومت اس امر

سے بخوبی آگاہ ہے کہ عوام ہر قسم کی قربانی کے لئے ہر وقت تیار ہیں آزمائش کی کٹھن گھڑی کے دوران ان کی رضاکارانہ اور فراخدلانہ خدمات کے اعتراف کے طور پر حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ نئے ٹیکس عائد کرنے کے بجائے سرمایہ اندازی کی حکمت عملی کی ایسی پالیسی کو اختیار کیا جائے۔ جو مالیاتی نظام کی اصلاح اور سرمایہ کی بہتر کارکردگی پر مبنی ہو۔

اس سے قبل کہ میں اس پالیسی کی مزید وضاحت کروں میں مرکز کی جانب سے تفویض کردہ رقوم اور غیر ملکی امداد جو صوبائی محاصل کے ساتھ مل کر بجٹ کے محاصل میں آمدنی کے تین بڑے وسائل کی تشکیل کرتی ہیں، کے متعلق بھی چند الفاظ آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ صوبائی حکومت کو مرکزی ٹیکسوں کی تفویضات سے حاصل ہونے والی وصولیات ۱۹۵۶-۵۷ء میں ۱۴۶ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۶۳۴۳۱ کروڑ روپے ہوگئی ہیں۔ ۱۹۶۶-۶۷ء میں سیلز ٹیکس میں سے صوبائی حکومت کا حصہ تخمیناً ۲۹۶۵ کروڑ روپے اور ۱۷۶۷ کروڑ روپے بالترتیب ہے۔

مرکزی حکومت کی جانب سے امدادی رقوم میں مصنوعی کھاد کی فروخت میں رعایت کی مجموعی رقم بڑھ جانے کی وجہ سے قدرے اضافہ ہوا ہے۔ تاہم غیر ملکی امدادی رقوم سے وصولیات میں بھاری کمی واقع ہوگئی ہے۔ ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۱۹۶۵-۶۶ء (ترمیم شدہ تخمینہ) کے ۱۴۴۳ کروڑ روپے کے مقابلے میں صرف ۵۴۲ کروڑ روپے حاصل ہونے کی توقع ہے۔ یہ بھاری کمی دیہی ترقیاتی پروگرام کی سرمایہ اندازی کے ڈھانچے میں تبدیلی کے باعث ہوئی ہے۔

صوبائی وصولیات محاصل ۱۹۵۵-۵۶ء (ترمیم شدہ تخمینہ) میں ۱۸۶

کروڑ روپے سے بڑھ کر ۶۶-۱۹۶۵ء (ترمیم شدہ تخمینے) میں ۴۹ء۷۰ کروڑ روپے ہوگئی ہیں۔ ان محاصل میں ۶۷-۱۹۶۶ء کے دوران کوئی اضافہ ظاہر نہیں ہوتا کیونکہ جس قدر اضافے کا اندازہ لگایا گیا تھا فی‌الواقعہ امتناع شراب اور آبیانہ (خالص) میں کمی کے باعث ہونے والے خسارے نے برابر کر دیا ہے۔ وصولیات آبیانہ (مجموعی) ۶۶-۱۹۶۵ء (ترمیم شدہ تخمینے) میں ۲۹ء۴۷ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۶۷-۱۹۶۶ء میں ۳۰ء۲۷ کروڑ روپے ہو گئی ہیں لیکن اخراجات کار ۱۲ء۹۵ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۱۵ء۰۰ کروڑ روپے ہو جانے کا نتیجہ خالص وصولیات میں کمی کی صورت میں نکلا ہے۔ گذشتہ دس برسوں میں مالیہ اراضی اور آبیانے سے حاصل ہونے والے آمدنی کا تناسب مجموعی صوبائی محاصل میں کم ہو گیا ہے۔ یہ تناسب جو ۵۶-۱۹۵۵ء میں ۷۲ فیصد تھا ۶۷-۱۹۶۶ء میں ۵۰ فیصد سے بھی قدرے کم ہو جائے گا۔ بڑے بڑے صوبائی ٹیکس مالیہ اراضی آبیانہ موٹر گاڑیوں کا محصول اسٹامپ ڈیوٹی 'ایکسائز ڈیوٹی' تفریحی ٹیکس اور پراپرٹی ٹیکس ہیں۔ یہ سات ٹیکس صوبائی وصولیات محاصل کا ۹۰ فیصد فراہم کرتے ہیں حالانکہ ان کے علاوہ چالیس دیگر ٹیکس حبوب اور ڈیوٹیاں ہیں جن سے صرف ۱۰ فیصد وصولیات محاصل فراہم ہوتی ہیں۔

دیگر صوبائی وصولیات سے آمدنی جن میں جنرل ایڈمسٹریشن اور رفاہی محکموں کی آمدنی قرضوں پر منافع اور سرکاری زرعی اراضی کی فروخت سے ہونے والی آمدنی شامل ہے ۶۱-۱۹۶۰ء میں ۱۸ء۸۲ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۶۷-۱۹۶۶ء میں ۴۸ء۶۸ کروڑ روپے ہو گئی ہے۔

اب میں سرمایہ اندازی کی اس حکمت عملی کی طرف رجوع کرتا ہوں جس کا میں نے قبل ازیں حوالہ دیا تھا۔ حکومت نے مختلف محکموں

اور سکیموں کے اخراجات کا تفصیلی جائزہ لیا ہے اور بعض صورتوں میں ذیل کے رجحانات مشاہدے میں آئے ہیں جن کی اصلاح کی ضرورت محسوس کی گئی ہے :—

(۱) عبوری مدت کے لئے دی جانے والی مراعات کے مستقل حیثیت اختیار کر لینے کا رجحان پایا جاتا ہے جس سے ایسے مفادات وجود میں آ جاتے ہیں جو ان مراعات کے واپس لینے میں مزاحم ہوتے ہیں ۔

(۲) ابتدا میں خارجی وجوہات کی بنا پر کئے جانے والے اخراجات انجام کار انتظامی وجوہات کی بنا پر مستقل نوعیت اختیار کرنے لگتے ہیں ۔

(۳) بعض تجارتی اور نیم تجارتی سرگرمیوں میں دی جانے والی رعایت کو کم یا ختم کیا جا سکتا ہے ۔

(۴) ترقیاتی پروگرام کے بڑھتے ہوئے حجم کے پیش نظر بہت سے نئے ادارے قائم کئے گئے ہیں جن سے کہیں کہیں کاموں اور اخراجات کے سلسلے میں تکرار واقع ہو گئی ہے ۔

جہاں تک صوبائی سرمایہ کاری کا تعلق ہے اس سلسلے میں مالیاتی جائزے سے جو اہم نتائج اخذ کئے گئے ہیں ان کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں :—

(۱) قومی اقتصادی کمیشن کی اس سفارش پر کہ غیر نفع بخش سکیموں پر سرمایہ کاری کو ممکن حد تک کم کر دیا جائے ۔ پنج سالہ منصوبے کے نظم و ضبط سابقہ مواعید مشروط قرضوں

اور علاقائی ترقیاتی ضروریات کے پیش نظر پر عمل درآمد کرنا بہت مشکل ہے ۔

(۲) بعض منصوبوں سے اگرچہ عوام کو وسیع اقتصادی منفعت حاصل ہوئی ہے لیکن ان سے صوبے کو اتنی آمدنی نہیں ہوئی جو ان منصوبوں کی نگہداشت کے اخراجات پورے کرنے کے لئے بھی کافی ہو ۔

(۳) یہ بھی تقریباً کلیہ بن چکا ہے کہ جب کسی ترقیاتی منصوبے کی ابتدائی منظوری کے بعد اس میں ترمیم کی جاتی ہے تو وہ ترمیم اس کے نفع بخش ہونے پر ناموافق طور پر اثر انداز ہوتی ہے ۔

(۴) بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری جس کو انجام کار پرائیویٹ سیکٹر میں منتقل کرنا مقصود ہوتا ہے کسی نہ کسی وجہ سے پبلک سیکٹر میں برقرار رہتی ہے ۔ صوبائی محاصل کی فراہمی کے سلسلے میں یہ بات معلوم ہوئی کہ محاصل جمع کرنے والے محکموں کی تنظیم ، جدید اور محکمہ مالیات اور محاصل جمع کرنے والے بعض اداروں کے درمیان زیادہ گہرا رابطہ قائم کرنے کی ضرورت ہے ۔

اب میں ایوان کو ان اہم پالیسی فیصلوں سے آگاہ کرتا ہوں جو اخراجات سرمایہ کاری اور فراہمی محاصل کے حالیہ جائزے کی بنیاد پر کئے گئے ہیں ۔

(۱) جیسا کہ آپ کو علم ہے حکومت پاکستان نے صوبائی

حکومتوں کے مشورے سے گندم کی قیمت فروخت پر سے رعایت واپس لے لی ہے ۔ صوبائی ذخیروں سے گندم کی اجرائی قیمت بڑھا کر ۱۷٫۲۵ روپے فی من کر دی گئی ہے ۔ قیمت خرید بھی ۱۳٫۵۰ روپے فی من سے بڑھا کر ۱۴٫۵۰ روپے فی من کر دی گئی ہے ۔ یہ فیصلہ کاشتکاروں کو فائدہ پہنچانے اور ترقیاتی اخراجات کے لئے مزید رقوم فراہم کرنے کی غرض سے کیا گیا ہے ۔

(۲) حکومت ۔ مصنوعی کھاد کی قیمت فروخت میں دی جانے والی رعایت میں بھی ترمیم کر دی ہے اس رعایت کو ۵۰ فیصد سے گھٹا کر تقریباً ۳۵ فیصد کر دیا گیا ہے ۔ رعایت میں ۱۵ فیصد کمی کے نتیجہ میں ہونے والی بچت کو بھی ترقیاتی پروگرام میں لگایا جائے گا ۔ تاہم حکومت مصنوعی کھاد کے پروگرام کو توسیع دینے کا ارادہ رکھتی ہے اور ۱۹۶۶-۶۷ میں دس لاکھ ٹن مصنوعی کھاد کی تقسیم کے پروگرام کے تحت تخفیف کردہ شرح پر بھی مجموعی رعایت موجودہ مالی سال کے دوران ۵۰ فیصد فارمولے کی اساس پر صرف شدہ رقم کی نسبت بہت زیادہ ہوگی ۔

(۳) محکمہ زراعت مشینی کاشتکاری کے فروغ کے لئے ایک ایسی سکیم چلا رہا ہے جس میں آمدنی اخراجات سے کم ہے ۔ محکمہ زراعت کے پاس ۳۲۱ مشینیں ہیں جن کی تعداد آئندہ مالی سال کے آخر تک بڑھ کر ۷۰۷ اور ۱۹۶۷-۶۸ء کے آخر تک ۱۰۳۱ ہو جائے گی ۔ جبکہ زرعی ترقیاتی کارپوریشن ''بغیر نفع نقصان'' کی اساس پر مشینی کاشتکاری کو فروغ دینے کے منصوبہ پر عملدرآمد کر رہی ہے ۔ محکمہ زراعت میں رعایت کے نتیجے میں حکومت کو کثیر مالی بار برداشت کرنا پڑ رہا ہے ۔ موجودہ رعایت کے حساب سے ایک سال کے بعد مجموعی رعایت ۲ کروڑ روپیہ کے لگ بھگ ہوگی ۔ اس رعایت کو اس امر کے پیش نظر

غیر ضروری خیال کیا گیا ہے کہ پرائیویٹ سیکٹر میں اور زرعی ترقیاتی کارپوریشن کے ذریعے مشینی کاشتکاری کی توسیع بغیر نقصان اٹھائے ہوئے تسلی بخش طور پر ہو رہی ہے ۔ ان حالات میں حکومت نے زراعت میں مشینی کاشتکاری کی ترویج کے سلسلے میں یکم جولائی ۱۹۶۶ء سے رعایت واپس لے لینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ تاہم اسے کوئٹہ اور قلات قسمتوں میں برقرار رکھا جائے گا ۔

(۴) محکمہ زراعت کے شعبہ زرعی انجینئرنگ کو بہتر ارتباط اور کفایت کی غرض سے زرعی ترقیاتی کارپوریشن کی تحویل میں دے دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے ۔

(۵) فی الحال فصلوں کے تحفظ لئے ۱۰۰ فیصد رعایت دی جاتی ہے ۔ یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ مفت ہونے کی وجہ سے اس کام کی انجام دھی غیر موثر ہے اور اسے استفادہ حاصل کرنے والوں کا پورا اعتماد اور تعاون بھی حاصل نہیں ہو سکا اس کے علاوہ اس پروگرام کو باقی ماندہ علاقوں تک وسعت دینے کے لئے بھی اس مالیاتی لحاظ سے حوصلہ شکن ثابت ہوا ہے ۔ حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ فصلوں کے تحفظ پر رعایت ۱۰۰ فیصد سے گھٹا کر ۷۵ فیصد کر دی جائے اور اس طرح سے بچائی ہوئی رقوم کو اس سکیم کے دائرہ عمل میں توسیع کرنے کے لئے صرف کیا جائے ۔ اخراجات وصول کرنے کا طریق کار تا حال زیر غور ہے ابھی تک اس کی حتمی صورت کا فیصلہ نہیں کیا گیا اور ممکن ہے کہ حکومت کو کسی مناسب وقت پر واجبات کی فراہمی کے لئے قانونی اختیارات حاصل کرنے کے لئے اس ایوان سے رجوع کرنا پڑے ۔

(۶) حکومت نے مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کے مکمل شدہ منصوبوں میں سے سرمایہ واپس لینے کے عمل کو تیز تر کرنے کا

فیصلہ کیا ہے ۔ کارپوریشن کو بھی اپنے منصوبوں میں خود سرمایہ لگانے کے لئے کثیر سرمائے فراہم کرنے کی ہدایت کی جا رہی ہے ان دونوں ذرائع سے ۶۷-۱۹۶۶ء میں ۵ کروڑ روپے فراہم کئے جائیں گے ۔

(۷) واپڈا کے شعبہ برقیات کے مالی اغراض و مقاصد پر نظر ثانی کرنے کے لئے ایک کمیٹی قائم کی جا رہی ہے تاکہ واپڈا اپنے توسیع اور تجدید کے پروگراموں کے لئے خود ہی زیادہ رقوم فراہم کر سکے ۔

(۸) حکومت نے ایک اور کمیٹی قائم کی ہے جس کا مقصد اصلاح اراضی کے منصوبوں کے اور چھوٹے ٹیوب ویلوں و پمپنگ کی مختصر سکیموں کے اقتصادی اور مالیاتی فوائد کا جائزہ لینا ہے ۔ کیونکہ حکومت ایسے پروگراموں کو خود کفیل بنانے کے حق میں ہے ۔

(۹) حکومت نے ریلوے بقایا جات کو صوبائی حکومت کے بقایا جات عمومی سے علیحدہ کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے کیونکہ اس طرح علیحدہ کرنے سے ہر دو حسابات کی بہتر نگرانی اور منصوبہ بندی ہو سکے گی ۔ اس فیصلے پر آئندہ مالی سال میں عمل درآمد کیا جائے گا ۔

(۱۰) پاکستان ویسٹرن ریلوے میں صوبائی سرمایہ کاری سے منافع کی شرح ۶۵-۷-۱ سے ۴ فیصد سے بڑھا کر ۵ فیصد کر دی گئی ہے ۔ ۶۷-۱۹۶۶ میں اس طریقے سے حاصل شدہ آمدنی کو ریلوے ہی کے ترقیاتی پروگراموں کے لیے محکمہ ریلوے کو واپس کر دیا جائے گا ۔

(۱۱) بچت کمیٹی نے بڑے بڑے محکموں اور نیم سرکاری اداروں کے ڈھانچے اور تنظیم کا جائزہ تقریباً مکمل کر لیا ہے ۔ اس کی سفارشات پر بجٹ سیشن کے فوراً بعد غور کیا جائے گا اور اس طرح سے ہونے والی بچت

کر ترقیاتی پروگرام میں لگایا جائے گا ۔

(۱۲) مجموعی طور پر مالی محاصلات کی مقدار میں اضافہ ہو جانے کے باوجود ذرائع اور وسائل کے قرضے کی حد اور وقتی طور پر بنکوں سے قرضہ لینے کی حد کافی عرصہ سے ایک ہی سطح پر رہی ۔ صوبائی حکومت نے مرکزی حکومت کے مشورے سے عارضی قرضوں کی گنجائش کی حد کو ۵ کروڑ روپے تک بڑھا دیا ہے جس سے اخراجات میں توازن برقرار رکھنے میں بڑی مدد ملے گی ۔ اسی سلسلے میں حکومت کا ارادہ ہے کہ آئندہ سال میں کچھ مزید تمسکات خریدے جائیں تاکہ ذرائع و وسائل کے معاملات کی کار کردگی میں سہولت پیدا کی جا سکے ۔

(۱۳) حکومت نے آمدنی اور اخراجات میں مطابقت پیدا کرنے میں کچھ دشواری محسوس کی ہے ۔ صوبائی حکومت کے محکمہ مالیات اور مرکزی حکومت کی وزارت مالیات میں بڑا فرق یہ ہے کہ جہاں صوبے میں یہ محکمہ صرف اخراجات کی منظوری دیتا ہے مرکزی وزارت مرکزی محاصل کی فراہمی پر انتظامی نگرانی بھی رکھتی ہے ۔ اس لیے مرکزی وزارت مالیات وصولیات کی آمد اور اخراجات کی دقت کے ارتباط اور نگرانی کے لیے بدرجہا بہتر حالت میں ہے ۔

وصولیات کی مرکزی تفویضات اور مرکزی اور غیر ملکی امدادی رقوم سے حصول کا تعین محکمہ مالیات کے مشورے سے کیا جاتا ہے ۔ مالیہ اراضی اور آبیانے کی وصولیوں کا طریقہ کار بھی ایک مدت سے قائم شدہ ہے ۔ تاہم مالیہ اراضی اور آبیانہ کو چھوڑ کر دیگر صوبائی ٹیکسوں کی رقوم کی فراہمی کے اخراجات کے ساتھ تطبیق دینا ضروری معلوم ہوتا ہے اس لیے حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ کی دوبارہ تنظیم کی جائے اور محکمہ مالیات کے ساتھ اس کا تعلق کچھ اس قسم کا ہو جیسا

کہ مرکزی وزارت مالیات اور اس کے ٹیکس وصولی کرنے والے اداروں کے درمیان ہے ۔

(۱۴) بعض ایسے کام ایسے ادارے اور ایسے عہدے بھی ہیں جن کو صوبائی حکومت کی تحویل میں لئے جانے کے سلسلے میں بلدیات کو اپنے حصے کی رقوم ادا کرنی پڑتی ہیں ۔ اس مد سے وصولیات حسب توقع ثابت نہیں ہوئیں حتیٰ کہ حکومت نے اپریل ۱۹۶۵ء سے ایسی رقوم کو لوکل ریٹ سے وضع کرنا شروع کر دیا ۔ اس مد سے وصولیوں کو بہتر اور با ضابطہ بنانے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بنیادی جمہوریتوں کے محکمے کو اس مد سے حاصل ہونے والی آمدنی کی نگرانی کے فرائض سونپ دیئے جائیں ۔

(۱۵) حکومت نے یکم جولائی ۱۹۶۴ء سے دستکاریوں ، پیشوں اور ہنروں پر ایک ٹیکس عائد کیا تھا ۔ اس مد سے وصولیاں متعدد وجوہات کی بنا پر تخمینوں سے کم رہی ہیں ۔ اس ٹیکس کے تحت سب سے زیادہ آمدنی انکم ٹیکس کی تشخیص کے تحت آنے والے افراد سے حاصل ہوئی ہے ۔ صوبائی حکومت نے محسوس کیا تھا کہ تشخیص کے ریکارڈ اور ٹیکس فراہم کرنے والے ادارے کی تکرار سے بچنے کے لیے مرکزی حکومت سے درخواست کی جائے کہ وہ صوبائی حکومت کی جانب سے انکم ٹیکس تشخیص کیے جانے والوں سے یہ ٹیکس اکٹھا کرے ۔ مرکزی حکومت کی رضامندی حاصل کر لی گئی ہے اور ٹیکسوں کی فراہمی کا کام یکم جولائی ۱۹۶۶ء سے مرکزی بورڈ آف ریونیو کی تحویل میں دینے کے لیے قواعد میں ضروری ترمیم کی جارہی ہے ۔ اس فیصلے سے تقریباً نصف کروڑ روپے کی باقاعدہ آمدنی ہو سکے گی ۔

جناب والا ۔ اس مقام پر میں چھپی ہوئی تقسیم شدہ تقریر کے متن سے انحراف کی اجازت چاہتا ہوں تاکہ آپ کو حکومت مغربی پاکستان کے ایک تازہ ترین فیصلے کی اطلاع دے سکوں ۔ حکومت مغربی پاکستان نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ میں شہید ہو جانے والے فوجیوں کی جائداد کو جو بیوگان یا نابالغ یتامیٰ کے نام ہو صوبائی شہری جائداد ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا جائے ۔ وہ عظیم قربانی جو ان شہداً نے ملک و ملت کے تحفظ اور استحکام کے لیے پیش کی یہ فیصلہ اس کے پیش نظر ایک حقیر مگر ضروری خراج تحسین ہے ۔

جناب والا ۔ میں نے ایوان کے روبرو حکومت کے بجٹ اور بجٹ سازی کی پالیسی کے چیدہ چیدہ خواص پیش کر دیے ہیں ۔ مجھے اب بارگاہ رب العزت میں ۔ پایاں رحمت و برکت کی دعا کے سوا مزید کچھ عرض نہیں کرنا ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں اس معزز ایوان کے روبرو آئندہ مالی سال کے لیے بجٹ پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

THE WEST PAKISTAN FINANCE BILL, 1966

(*Introduction*)

Mr. Speaker : Finance Minister to introduce the West Pakistan Finance Bill, 1966.

Minister for Finance (Sheikh Masood Sadiq) : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Finance Bill, 1966.

Mr. Speaker : The West Pakistan Finance Bill, 1966, stands introduced.

There is no other item on the orders of the day. The House is adjourned for tomorrow to meet at 8·30 a.m.

The Assembly then adjourned till 8·30 a.m. on Tuesday, the 14th June, 1966.

APPENDIX

(Ref : Starred Question

CLASS I

Name and Designation	Nature of charges
1. Dr. M. R. Arain, D. H. S., Khairpur Region.	Irregularity in the grant of Contracts etc.
2. Dr. Mudassir Khan while posted as Asstt : Director Health Services, Peshawar.	Guilty of Corruption with discharge of Official duties.
3. Dr. Rehmat Ullah Ch., M. S. Muzaffargarh now Opthalmologist, B. V.H ospital, Bahawalpur.	Guilty of misconduct and corruption.
4. Dr. Zafar Ali Shah, Assistant Director, Sargodha Region.	Guilty of misconduct gross negligence and inefficiency.
5. Dr. Habib Ullah Sadiq, Asstt : Prof : of T.B & Chest Diseases, L.M.C., Hyderabad.	At the instance of the Anti-Corruption Establishment for mal-practices as M. O. T.B. Hospital, Sargodha.

I

No. 2699)

OFFICERS

Date of Institution of case	Time by which case will be completed
3-1-1966 The S & GAD have been requested to take necessary action with regard to institution of inquiry as he is the Regional Head.	It depends on S & GAD and Anti-Corruption Establishment.
30-11-1965	It depends on the A.C.E. (Special Judge-cum-Inquiry Officer).
8-4-1966 Orders regarding institution of the inquiry will be issued on receipt of reply from A.C.E. as to who should be appointed as Enquiry Officer.	It depends on the A C E.
10-3-1966	It depends on the Special Judge cum-Inquiry Officer, A.C.E.
Charge sheet was served on the officer in May last.	Not possible to indicate the time as the officer has requested for extension in time limit for the submission of his explanation.

CLASS II SPECIAL

	Name and Designation	Nature of charges
1.	Dr. Akhtar Hussain (W. P. HS.III) Registrar, East Surgical Ward, Mayo Hospital, Lahore.	Negligence in attending the patient who on account of failure to provide adequate medical aid, died in the Hospital.
2.	Mr. M.A. Bhatti, Demonstrator attached to the department of Epidemiology and Bio-statistics, Institute of Hygiene and Preventive Medicines, Lahore.	Absence from duty without permission for one day and night during Emergency.
3.	Dr. Rafi-ud-Din, Medical Officer, Lehia.	Disobedience of transfer orders.
4.	Dr. Muhmmad Shariff, Medical Officer, Govt. Rural Dispensary, Mochh.	Misappropriation of Government medicines etc.
5.	Dr. Muhammad Mustafa, Medical Officer I/C School Health Services Unit, Quetta.	Embezzlement of Government money.
6.	Dr. Saeed Ahmad formerly Medical Officer, Pind Dadan Khan.	Misappropriation of Govt. money.
7.	Dr. Abdul Qayyum formerly Medical Officer, Mailsi.	Receipt of illegal gratification.
8.	Mr. M. F. Mirza, Administrative Officer Quetta.	False Travelling Allowanec claim.

GAZETTED OFFICERS

Date of institution of case	Time by which case will be completed
5-7-1965.	Within about a month.
4-12-1965.	Within about a fortnight.
11-10-1965.	
18-11-1965.	
27-5-1965.	No specific time limit could be determined as completion of the case depends upon various formalities required in the disposal.
April, 1963.	
20-4-1966.	
19-9-65.	

NON-GAZETTED

	Name and Designation	Nature of charges
1.	S. Riaz Ali Shah, Accountant.	Misappropriation of Imprest Money of the Contractor.
2.	Mr. Anwar ul Haq Chishti, Dispenser.	Misappropriation of stores.
3.	Mr. Muhammad Younas, Laboratory Assistant.	Negligence of duties.
4.	Mr. Abdul Salam, Dispenser.	Misappropriation of Government Stores.
5.	Mr. Muhammad Rafiq, Senior Clerk, Regional Health Directorate, Peshawar.	Embezzlement of Government money.
6.	Mr. Muhammad Shafi I, Upper Division Clerk, Govt : Stores Depot, Lahore Cantt.	Preparation of bogus and false bills and received payment from Accountant General West Pakistan's office.
7.	Mr. Ghous Bux Abro, Asstt : Storekeeper, T.B. Sanatorium, Kotri.	Co-accused in the complaint against Dr. S. M. Ansari, Ex-Civil Surgeon, Sukkur.
8.	Mr. Muhammad Akram Saleem, Food Inspector & Distt : Inspector Sanitation and Vaccination, Dadu District.	Illegal gratification punishable under Section 161 PPC and Section 5(2) of PC Act-11-1947 (framed by Anti-Corruption Department).
9.	Mr. Ghulam Shabir, Storekeeper, Govt : Lady Reading Hospital, Peshawar.	Misappropriation of Government Stores and money.

STAFF

Date of institution of case	Time by which case will be completed
25-11-1964.	An enquiry was completed but a second enquiry has been ordered which is in progress.
1-4-1965.	Nearly completed.
30-3-1966.	Within a fortnight or so.
1-6-1966.	Within a month.
29-7-1965.	Within this month.
18-5-1966.	In due course. Under Police Investigation.
8-6-1965.	In due course as the case is under investigation by the Police.
30-4-1966.	In due course as the case is under investigation with the Police.
Has remained under trial in the Court of Law since July, 1959 and has recently been acquitted by Court under the benefit of doubt. Departmental enquiry will follow.	Within a period of six months.

10.	Mr. Ghulam Ahmad, Dark Room Asstt: Lady Reading Hospital, Peshawar.	Misappropriation of Government Stores and money.	Under investigation by the Police since October, 1965 and has not yet been finalized.	Within a period of six months.
11.	Mr. Nazar Hassan, Junior Clerk, Account Branch, Lady Reading Hospital, Peshawar.	—do—	Under investigation by the Police since 20-12-1965 and has not yet been finalized.	—do—

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 14th June, 1966

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۖ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ۗ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

(پ ۳ س ۲ ع ۴ آیات ۲۶۱ تا ۲۶۹)

جو لوگ اپنا مال اللہ کی خوشنودی کی راہ میں خرچ کرتے ہیں (انکے مال) کی مثال اس دانے کی سی ہے جس کے بونے سے سات بالیں نکلیں اور ہر ایک بال میں سو سو دانے ہوں۔ اور اللہ جس کے مال کو چاہتا ہے زیادہ کر دیتا ہے۔ وہ کشائش والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ جو لوگ اپنا مال اللہ کے راستے میں خرچ کرتے ہیں پھر اس کے بعد نہ تو اُس خرچ کا کسی پر احسان رکھتے ہیں۔ اور نہ کسی کو ایذا پہونچاتے ہیں۔ اُن کا صلہ اُن کے پروردگار کے پاس تیار ہے۔ اور نہ اُن کو کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

جس خیرات دینے کے بعد ایذا دی جائے۔ اس سے تو میٹھی بات کہدینی اور اُس کو درگذر کرنا کہیں بہتر ہے اور اللہ بے پرواہ اور بردبار ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : The Question Hour. Sheikh Fazal Hussain.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I have to do the job of the Parliamentary Secretary as well today. This is a question which was replied to on the last turn but was ordered to be repeated today.

Mr. Speaker : Sheikh Fazal Hussain.

INSTALLATION OF A STEEL MILL NEAR KOT ADU

***1711. Sheikh Fazal Hussain :** Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there was a scheme for the installation of a Steel Mill at a place near Kot Adu in District Muzaffargarh ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said Mill has been installed ; if not, reasons thereof ?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) ۔

(الف) جی ہاں ۔

(ب) مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر مل نصب نہیں کی گئی ہے :—

(۱) جنوری ۱۹۵۵ء میں اس وقت کی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن نے کوٹ ادو میں لوہے اور فولاد کی ایک مل قائم کرنے کا منصوبہ حکومت کو پیش کیا تھا ۔

(۲) کوٹ ادو کے مقام پر مل قائم کرنے کی تجویز اس لئے پیش کی گئی تھی کہ اس دور کی حکومت کے منصوبوں کے مطابق سوئی گیس پائپ لائن اس کے قریب سے گزرنی تھی اور یہاں ایک تھرمل پاور سٹیشن قائم کرنے کا بھی منصوبہ تھا ۔

(۳) کوٹ ادو کے مقام پر مل قائم کرنے کی تجویز کو اس لئے ترک کر دیا گیا کہ ماہرین کے مشورے پر سوئی گیس پائپ لائن کی گزرگاہ کو کوٹ ادو سے گڈو بیراج ۔ ملتان کی جانب تبدیل کر دیا گیا ۔

Sir, the answer has been substituted. I had to sit with the officers late and put the reply in a proper order.

سید عنایت علی شاہ - کیا وزیر صاحب بتا سکیں گے کہ صوبے میں جتنے بھی فولاد کے کارخانے چلتے ہیں کیا وہ سوئی گیس سے چلتے ہیں ؟

وزیر قانون — جہاں سوئی گیس پائپ لائن موجود ہے یا جہاں سوئی گیس پائپ لائن آ جاتی ہے وہاں کارخانے اسی سے چلتے ہیں اور جہاں سوئی گیس پائپ لائن نہیں ہے وہاں بجلی سے چلتے ہیں لیکن جہاں تک سٹیل مل کا تعلق ہے اس کے لئے یہ مناسب سمجھا گیا ہے کہ جہاں سوئی گیس ہو وہیں اس کو لگایا جائے کیونکہ اس سے خرچ کم آتا ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ جہاں تک سوئی گیس کا تعلق ہے میرے خیال میں مغربی پاکستان میں کئی ایسے کارخانے ہیں جو سوئی گیس کے بغیر چلائے جاتے ہیں مگر میں پوچھتا ہوں کہ اگر یہ سٹیل مل لگانا ضروری تھا تو پھر کس بہانے سے اس کو نظر انداز کیا گیا ؟

وزیر قانون ۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ سٹیل مل لگائی جائے ۔ سوئی گیس اس وقت کراچی میں موجود ہے ۔ کوٹ ادو کی طرف لائن لے جانے کی possibilities explore ہو رہی ہیں اور اگر بیرونی امداد مل گئی تو انشاءاللہ وہاں سٹیل مل لگ جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر اطلاعات نے فرمایا ہے کہ کوٹ ادو کی بجائے سٹیل مل دوسری جگہ اس لئے منتقل کی گئی ہے کیونکہ بیرونی امداد کی کمی تھی ۔ کیا وہ ادارے جو آپ کو بیرونی امداد دے رہے تھے انہوں نے یہ شرط لگائی تھی کہ اگر کوٹ ادو میں کارخانہ لگایا جائے گا تو اس کے لئے مدد نہیں دی جائے گی ؟

وزیر قانون ۔ ہم نے ایسا نہیں کہا جیسا کہ معزز ممبر نے سمجھا ہے ۔ کوٹ ادو سے ہم نے مل اس لئے شفٹ کی کیونکہ بیرونی امداد نہیں مل رہی تھی اور چونکہ ہمیں سوئی گیس پائپ لائین نہیں مل سکتی تھی اس لئے ہم نے وہاں سے شفٹ کر دیا ۔ بیرونی امداد کے آنے کا تو ہم نے ذکر نہیں کیا ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا وزیر صاحب ہمیں یہ یقین دہانی کرائیں گے کہ جب تک سوئی گیس دستیاب نہ ہو وہاں پر فولاد کا کارخانہ نہ لگایا جائے ۔

وزیر قانون ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ سٹیل مل کو لگانے کے لئے کوشش جاری ہے اور اگر بیرونی امداد آ گئی تو انشاءاللہ وہاں لگ جائے گی ۔

سردار حاجی عطا محمد ۔ کیا جناب وزیر اطلاعات بتائیں گے کہ پہلے جو سکیم بنائی گئی تھی اس پر کتنا خرچ آئے گا اور اس کے متعلق پہلے کیوں نہیں سوچا گیا ۔

وزیر قانون ۔ میں نے کہا ہے کہ یقیناً خرچ ہوا مگر چونکہ سوئی گیس پائپ لائن وہاں سے گذرنی تھی اس لئے مل لگانا وہاں تجویز کیا گیا مگر جو سوئی گیس لگا رہے تھے ان کے consultants نے یہ بتا کر اپنا رخ بدل لیا کہ یہ جگہ اس کے لئے موزوں نہیں ہے اور انہوں نے اس کا رخ گڈو بیراج کی طرف کر دیا تو اس میں ہمارا قصور نہیں یہ تو سوئی گیس پائپ لائن کے جو consultants ہیں اور جو ایکسپرٹ ہیں انہوں نے یہ فیصلہ کیا ۔

خان محمد یوسف خان ۔ اگر بیرونی امداد نہ ملی تو کیا مل نہیں لگائی جائے گی ؟

وزیر قانون ۔ اگر اپنے سرمائے سے لگا سکیں تو ذرا مشکل تو ہے لیکن ناممکن نہیں ۔

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی ۔ آج کے پاکستان ٹائیمز میں لنڈن کی خبر تھی کہ جرمنی کو جو یہاں سے Ore بھیجا گیا تھا اور اس سے وہ جو سٹیل بنائیں گا وہ کہتے ہیں کہ بڑی اچھی کوالیٹی کا ہو گا تو میں دریافت کرتی ہوں کہ یہ جو کراچی میں مل بنے گا تو اس کے متعلق کہا گیا ہے کہ باہر سے لوہا آئے گا ۔ اگر یہاں پر پاکستانی لوہا دستیاب ہے جس سے سٹیل بنے گا تو کیا جرمنی مدد دینے کے لئے تیار ہے ۔ فارن ایکسچینج وغیرہ کا معاملہ ہے تو کیا وہ یہ بات قبول کریں گے ؟

وزیر قانون ۔ ہم نے یہ نہیں کہا کہ ایک مل بنے ۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ جتنی بھی ملیں بنیں تو اچھا ہے ۔ جرمن فرم والے

کام کر رہے ہیں ۔ اگر وہاں کا Ore لاگت کے لحاظ سے اور باقی سب لحاظ سے مفید رہا تو ہم تو کہتے ہیں کہ ۲۰۰ بنا لیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ محترمہ نے جس اخبار کا حوالہ دیا ہے اس میں اس کا خاص ذکر نہیں ہے بلکہ وہ یہ ہے ۔

"One important factor emphasised in favour of the Kalabagh plant is its low foreign exchange cost, in view of the fact that it can bank on the sufficient supply of indigenous iron ore."

تو میں اس خبر کے پیش نظر آپ سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ نے یہ جو دو جگہوں پر کارخانے لگانے کا فیصلہ کیا تھا اور جب یہ expert advice آئی ہے تو اس کے پیش نظر کارخانہ پہلی جگہ پر لگایا جائے گا یا کالا باغ میں لگایا جائے گا ؟

وزیر قانون—میں نے عرض کیا ہے کہ جو iron ore برآمد ہوا ہے وہ ابھی experimental stage پر ہے اور جو سکیم پہلے ripe ہو جائیگی اور ہمیں مفید محسوس ہو گی وہاں ہم لگائیں گے اور اگر دونوں کی دونوں اکٹھی ripe ہو گئیں تو دونوں لگا دیں گے ۔

SETTING UP OF A MACHINE TOOL FACTORY IN LANDHI KARACHI

***1767. Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a Machine Tool Factory is being set up by West Pakistan Industrial Development Corporation in Landhi, Karachi;

(*b*) whether it is a fact that a Training Institute will also be attached to the said factory;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) the estimated cost of the said factory, (*ii*) the likely date by which the said factory will go into trial production, (*iii*) the kind of tools and other machinery to be manufactured by the said factory, (*iv*) the estimated number of skilled and un-skilled labourers, separately, to be employed in the said factory, (*v*) the estimated cost of the said Institute and the approximate date by which it will start functioning, (*vi*) the number of skilled workmen to be produced annually by the said Institute, and (*vii*) whether Government have any scheme to set up similar factories and Training Institutes in other parts of the Province; if so, the areas where the said factories and the said Institutes will be established ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) (*i*) Total capital cost Rs. 96.1 million foreign exchange component being Rs. 54.9 million.

(*ii*) Trial production to start in December, 1967.

(*iii*) It is proposed to manufacture initially 2 types of milling machines and of the two table sizes.

1000×225 mm

1300×330 mm

Accessories and equipment for these machines will also be manufactured. The production programme would be extended in gradual stages to include the following machine tools Radial drilling machines, Boring machines, Centring

machine, Capstons, Combination Tool & Twist drill grinding machines, Universal tool grinding machines (for milling cutters, reamers, nobbs, etc.) Carbide metal tool grinding machines. Hand operated surface grinding machines. Universal Grinding machines, Universal wood working machines, measuring instruments, such as Vernier Calipers, Vernier height gauges, Micrometers, Block gauges, snap gauges, screw pitch gauges, taper gauges, straight edges and surface plates.

(*iv*) Skilled : 1,303

Unskilled : 734

(*v*) Estimated cost Rs. 37 lacs to start functioning by end of 1966.

(*vi*) Skilled technicians 250 annually.

(*vii*) There are proposals to set up a Heavy Mechanical Complex and a Heavy Electrical Complex in the Province which will have similar Training Institutes.

...

IMPLEMENTATION OF RECOMMENDATIONS OF MURREE HILLS HIGH POWERED COMMISSION REPORT.

*1997. **Khan Muhammad Yusuf :** Will the Minister of Law please refer to the assurance given by him on the floor of the House on 1st July 1965, while speaking on my Resolution for examination of the Report of Murree Hills High Powered Commission and implementation of the recommendations of the said Commission and state the action taken or intended to be taken for the implementation of the said recommendations; if no action has so far been taken reasons, therefor?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the question relating to the implementation of the recommendations of the Murree Hills High Powered Commission, which was to be answered today, does not pertain to the Law Department. Notice was received in the Law Department on the 3rd May 1966, and on the same day, it was transferred to the Agriculture Department in original.

Khan Muhammad Yusaf : In view of the reply, would this question be repeated Sir ?

Mr. Speaker : Yes, this would be repeated on the turn of the Agriculture Department. Will Makhdoom Sahib please take note of this question? He will have to answer this question on his turn.

Minister of Agriculture and Food : Alright, Sir,

HANDICRAFT CENTRES

*2082. **Mr. Muhammad Umer Qureshi :** Will the Parliamentary Secretary for Industries be pleased to state—

(*a*) the location of Handicraft Centres established in the Province along with the income accrued therefrom and the expenditure incurred thereon and the articles manufactured at the said centres ;

(*b*) the dates of installation of machinery if any in the said centres along with the cost thereof ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon):

(*a*) The Handicraft Development Centres are located at the following places :—

(1) Khairpur.

(2) Hala.

(3) Kalat.

(4) Quetta.

(5) Bahawalpur.

(6) Multan.
(7) Lahore.
(8) D. I. Khan.
(9) Murree.
(10) Rawalpindi.
(11) Peshawar.
(12) Loralai.

The income from the sale of the products manufactured by the trainees so far during the current year is Rs. 1,30,938. The annual allocation of the Handicraft Centres is Rs. 3·14 lacs. The Centres are promotional and provide for training facilities in different handicrafts. The handicrafts for which training facilities are provided are--

(1) Pottery.
(2) Copper ware.
(3) Lacquer turning.
(4) Basketry.
(5) Wood carving.
(6) Ivory inlay.
(7) Cotton and Wool Weaving.
(8) Wooden toy making.
(9) Niwar and durrees.
(10) Cane work.
(11) Embrodiry.
(12) Lairi work.
(13) Leather work, etc.

(*b*) The Handicrafts Development Centres were established in the year. 1957-58. The cost of the actual equipment installed at these Centres is Rs. 1,36,535.

نوابزادہ رحیم دل خان—جناب کیا یہ درست ہے کہ لسٹ کے مطابق دئیے گئے سینٹرز کے علاوہ گجرات، گوجرانوالہ، وزیرآباد، سیالکوٹ، کورنگی، کراچی، چمن، چھاچھرو اور حیدرآباد میں بھی سینٹرز کام کر رہے ہیں ؟

وزیر قانون—صاحب ہم اس سلسلہ میں اس وقت کوئی commitment نہیں کر سکتے ۔

خان محمد یوسف خان—یہ راولپنڈی کے سینٹرز کیا کام کر رہے ہیں ؟

وزیر قانون—صاحب ہم یہ فرداً فرداً تو نہیں بتا سکتے ۔ آپ اس کے لئے ایک علیحدہ سوال دیدیں تو پھر راولپنڈی کے بارے میں تمام تفصیلات پوری کر کے آپ کو عرض کر دیں گے ۔

چودھری محمد ادریس—یہ سینٹرز ۱۹۵۷ء سے نقصان میں جا رہے ہیں تو کیا ان کو قائم رکھنے کی پھر بھی ضرورت محسوس ہو رہی ہے ؟

وزیر قانون—سینٹرز جو ہم رکھتے ہیں وہ صرف نفع کے لئے ہی نہیں رکھتے وہاں تو ٹریننگ دینی ہوتی ہے اور ٹریننگ دیکر ماہرین پیدا کرنے ہوتے ہیں ۔ اگر ہمیں نقصان بھی ہو تو ہمیں قوم اور ملک کے لئے انہیں رکھنا ہے اور رکھنا پڑتا ہے ۔

چودھری محمد ادریس—۱۹۵۷ء سے اب تک صرف ۵۶۱ آدمی trained ہوئے ہیں گویا ہر سینٹر کی اوسط صرف ۵ آدمی آتی ہے کیا آپ اس رفتار سے مطمئن ہیں ؟

وزیر قانون—صاحب اگرچہ ہم مطمئن نہ بھی ہوں لیکن اگر آپ معاف فرمائیں تو میں پھر کہتا ہوں کہ ٹریننگ حاصل کرنے والے جو recruits ہوتے ہیں ان کی ذہنی صلاحیت پر بھی دارو مدار ہے ہمیں تو ان کو تربیت دینی ہی پڑتی ہے ۔ اور اس کے لئے ٹائم لگتا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد—یہاں وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ بعض طلبا کند فہم ہوتے ہیں میرا سوال یہ ہے کہ آپ کے طلبا کند فہم ہیں یا استاد کند فہم ہیں۔

وزیر قانون—میں صرف یہ کہونگا وہ ایک شعر ہے فارسی کا مگر یہاں اسے پڑھنا مناسب نہیں ہوگا باہر بتا دیں گے ۔

خان محمد یوسف خان—آپ نے فرمایا ہے کہ یہ تربیت لینے والوں پر منحصر ہے کیا آپ نے ان کے لئے کوئی incentive مہیا کیا ہے ۔

وزیر قانون—جو وہاں سے ٹرینڈ ہو کر جاتے ہیں ان کے لئے ساری دنیا پڑی ہے سارا ملک پڑا ہے آپ کو چاہئے آپ لے جائیں مجھے چاہیئے میں لے جاؤں ہمارا کام ہے ہم نے ٹریننگ دے دی ۔ سر بازار بیٹھے ہیں جی چاہے تو لے لو — (تالیاں)

مسٹر حمزہ—وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ مجھے ضرورت ہو تو میں لے لوں کسی اور کو ضرورت ہو تو وہ لے لے لیکن جہاں تک کسی وزیر کا تعلق ہے ان کو جو پرمٹ ملتے ہیں وہ چھوٹی

صنعتوں کے نہیں ہوتے اور یہ لوگ گھریلو صنعتوں کے لئے تربیت پاتے ہیں اس سلسلہ میں آپ کا کیا ارشاد ہے؟

وزیر قانون—میں یہاں ارشاد کرنے کے لئے کھڑا نہیں ہوتا عرض کرنے کے لئے کھڑا ہوتا ہوں۔

COTTAGE INDUSTRIES DEVELOPMENT TRAINING CENTRES

*2083. Mr. Muhammad Umer Qureshi : Will the Parliamentary Secretary, Industries, be pleased to state :—

(*a*) the location of Cottage Industries Development Training Centres established in the Province;

(*b*) the nature of training imparted in the said centres and the facilities provided to the trainees;

(*c*) the institutions in which the postings of the said trainees are made after the completion of their training;

(*d*) the number of trainees who completed their training in the said centres up to 15th April 1966 and the expenditure incurred on their training;

(*e*) whether the accounts of the said centres have ever been audited;

(*f*) if answer to (*e*) above be in the affirmative the date on which the audit of the said accounts was conducted and whether the audit report thereof was made public, if not, reasons therefor and whether Government intend to provide for the inspection of the said reports by any person interested therein?

Minister of Law : (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) The Cottage Industries Development Training Centres are located at the following places :—

(1) Khairpur.
(2) Hala.
(3) Kalat.
(4) Quetta.
(5) Bahawalpur.
(6) Multan.
(7) Lahore.
(8) D. I. Khan.
(9) Murree.
(10) Rawalpindi.
(11) Peshawar.

(*b*) Training is imparted in various crafts, such as Pottery, Copper Ware, Lacquer Turning, Basketry, Wood Carving, Ivory Inlay, Cotton and Wool Weaving, Wooden Cane Work, Embroidery, Lairi work and Leather Work. The training period lasts for 12 months and during this period the trainees are paid Rs. 30 per mensem as stipend.

(*c*) On completion of training the trainees take up employment of their own with other industrial units or start their own work.

(*d*) (*i*) 561 persons have been trained in various crafts up to 15th April 1966.

(*ii*) Rs. 2,843 per trainee per annum.

(e) Yes.

(f) The accounts of these Centres have been audited up to 1963-64 by the external auditors appointed by the Government. The accounts for the year, 1964-65 are under audit.

The accounts as well as audited reports are published in the Accounts Books published by the Government.

سید عنایت علی شاہ—جناب عالی ۔ ہمارے ملک میں عورتیں زیادہ ہیں ۔ مردوں کی بجائے اگر عورتوں کو یہاں ٹریننگ کے لئے لیا جائے تو اس سے ملکی معیشت کو بہت فائدہ ہو گا اور اس سے کچھ نقصان بھی نہیں ہوگا ۔

وزیر قانون—مجھے اس بات کا علم نہیں ہے کہ ہمارے ہاں عورتیں زیادہ ہیں اور مرد کم ہیں ۔ جہاں تک عورتوں کو کام میں لگانے کا تعلق ہے ہمارا آئین بھی ہمیں یہ تلقین کرتا ہے انہیں مساوات کا حق دیتا ہے اگر عورتیں اس ٹریننگ پر آمادہ ہوں تو ہم بڑی خوشی سے انہیں لے لیں گے ۔

چوہدری محمد ادریس—۱۹۶۴-۱۹۶۵ء کے حسابات ابھی تک آڈٹ کیوں نہیں ہوئے۔

وزیر قانون—بعض لوگ ہمارے معزز ممبر جیسے تیز فہم ہوتے ہیں بعض میرے جیسے کم فہم ہوتے ہیں اسلئے دیر ہو جاتی ہے بہر حال آڈیٹنگ جاری ہے کام رکا نہیں ۔

مسٹر حمزہ—وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ بعض میرے جیسے کم فہم ہوتے ہیں ۔ جناب والا ۔ہم نے سوال آڈیٹنگ کے متعلق پوچھا تھا ۔ آڈیٹنگ وزیر قانون نے نہیں کرنی اگر اچھی طرح نہ کی جائے تو بہت سا روپیہ غبن ہو جاتا ہے بد عنوانیاں ہوتی ہیں ۔

وزیر قانون—کوئی بدعنوانی نہیں ہے ہو گی تو ظاہر ہو جائے گی آڈیٹنگ کا کام ہے دیر لگ ہی جاتی ہے ۔

خان اجون خان جدون—یہ انڈسٹریل سنٹر جو مختلف مقامات پر ہیں آپ نے ان میں ٹرین ہونے والوں کی مجموعی تعداد دی ہے ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ہر سنٹر میں کتنے آدمی سالانہ ٹرین کرتے ہیں ۔

وزیر قانون—میں اس وقت ایک ایک کے لئے علیحدہ عرض نہیں کر سکتا ۔ جزو (د) میں مجموعی تعداد عرض کر دی ہے ۔ ہر ایک کے متعلق اگر پوچھتے تو وہ بھی دے دیتے ۔

خان اجون خان چدون—کیا آپ ان گیارہ سنٹروں میں ہر ایک کی ایک ٹرم کی تعداد دے سکتے ہیں -

وزیر قانون—ہم نے ۱۰ اپریل ۱۹۶۶ء تک کی کل تعداد دے دی ہے -

خان اجون خان چدون—کیا آپ کے پاس یہ ہے کہ سالانہ کتنے اشخاص کی ٹریننگ ہوتی ہے -

وزیر قانون—اس وقت نہیں دے سکتے اگر آپ یہ تفصیل وار سالانہ تعداد چاہتے ہیں تو انشاء اللہ دے دیں گے -

خان محمد یوسف—آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر عورتیں ٹریننگ کے لئے آئیں تو آپ انہیں لینے کے لئے تیار ہیں - کیا آپ کو معلوم ہے کہ بعض عورتیں کھلے بندوں نہیں آنا چاہتیں کیا آپ ان کے لئے کوئی علیحدہ انتظام کرنے کیلئے تیار ہیں -

وزیر قانون—ہم ان کی تعداد دیکھیں گے - اگر ان کے لئے علیحدہ انتظام کرنا مالی اور دیگر لحاظ سے قابل عمل ہو گا تو ان کا الگ سنٹر بنا دیں گے ہمارا مقصد تو ٹرین کرنا ہے ان میں عورتیں بھی ہو سکتی ہیں - یہ مشورہ معقول ہے اگر عورتیں آئیں گی تو ہم ان کے لئے انتظام کر دیں گے -

خان اجون خان چدون—ان کے جواب سے ظاہر ہے کہ جب سے یہ سنٹر بنے ہیں اس وقت سے ۱۰ اپریل ۱۹۶۶ء تک صرف ۵۶۱ اشخاص ۱۱ سنٹروں میں ٹرین ہوئے ہیں کیا یہ تعداد بہت کم نہیں - کیا اس میں اضافہ کی گنجائش رکھی گئی ہے

وزیر قانون—کافی گنجائش ہے - جو لوگ دلچسپی لیتے ہیں انہیں ہم ٹریننگ دیتے ہیں اگر کوئی دلچسپی نہ لے تو ہم اسے مجبور نہیں کر سکتے یہ نہیں کہ ہم کسی کو انکار کر دیتے ہیں -

---

CEMENT FACTORIES

***2516. Chaudhri Abdul Ghani:** Will the Parliamentary Secretary, Industries, be pleased to state :—

(a) the number of Cement Factories in the Province and the year-wise production of each of the said factories along with the facilities provided to each of the said fatcories for the procurement of raw material;

(b) yearly supply of Cement to East Pakistan?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن)۔(الف) ایک کیفیت نامہ جس میں صوبے کی سیمنٹ فیکٹریوں کے نام اور ہر فیکٹری کی ۱-۷-۶۵ سے ۳۰-۶-۱۹۶۶ تک کی مدت کی سال وار تخمینی پیداوار درج ہے ایوان کے سامنے پیش ہے ۔ ان تمام فیکٹریوں کو قابل صرف ذخائر اور فاضل پرزہ جات درآمد کرنے کی عام سہولتیں دستیاب ہیں ۔

(ب) سال ۱۹۶۵-۱۹۶۶ میں مغربی پاکستان سے مشرقی پاکستان کو سیمنٹ کی سپلائی کی مقدار تقریباً ۱ لاکھ ٹن تھی ۔

STATEMENT

Serial No.	*Name of Unit*	*Production from 1st July 1965 to 30th June 1966 (in lac tons)*
1	M/s. Pakistan Progressive Cement Industries Ltd., Dandot.	0·55
2	M/S. Pakistan Progressive Cement Industries, Karachi.	1·60
3	Associated Cement Co. Ltd., Rohri	0·90
4	Associated Cement Co. Ltd., Wah	2·90
5	Ismail Cement Industries, Karachi	4·00
6	Valika Cement Industries, Karachi	3·00
7	Pakistan Cement Factory, Hattar	1·80
8	M/s. Maple Leaf Cement Factory Ltd., Iskanderabad, District Mianwali.	2·90
9	Zeal Pak Cement Factory, Ltd., Hyderabad	5·10
	Total	22·75

چودھری عبدالغنی — کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ باوجود اس کے کہ سیمنٹ بہت بہتات میں مہیا ہو رہا ہے مارکیٹ میں اس کی بڑی قلت ہے اور سیمنٹ بلیک مارکیٹ میں فروخت ہوتا ہے ۔ کیا اس کے متعلق کوئی انتظام ہے کہ سیمنٹ بلیک مارکیٹ میں فروخت نہ ہو ؟

وزیر قانون ۔ جناب والا ۔ اس وقت مارکیٹ میں سیمنٹ کی قلت نہیں ہے ۔ جنہوں نے ڈھو لئے ہوئے ہیں وہ بھی اپنے ڈھو واپس کر رہے ہیں ۔ آپ کو جتنا بھی سیمنٹ چاہئے ہم مہیا کر سکتے ہیں لیکن اس وقت کوئی قلت نہیں ہے ۔

چودھری عبدالغنی — جناب والا ۔ ہمارے علاقہ میں سیمنٹ بلیک مارکیٹ میں فروخت ہو رہا ہے ۔

چودھری محمد ادریس — کیا وزیر موصوف فرمائیں گے کہ مغربی پاکستان سے بھی سیمنٹ بر آمد ہو رہا ہے ۔

وزیر قانون — جہاں تک مجھے علم ہے سیمنٹ بر آمد نہیں ہو رہا ہے ۔

I require notice for this to be very precise and exact for this reply.

مسٹر حمزہ — جناب وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ اس وقت ہمارے صوبہ میں سیمنٹ کی قلت نہیں ہے ۔ کیا آپ محض حیدر آباد کے متعلق فرما رہے ہیں یا سارے مغربی پاکستان کے متعلق فرما رہے ہیں ۔

وزیر قانون — جناب والا — میں صرف حیدر آباد کے لئے عرض نہیں کر رہا بلکہ میں گوجرہ ۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ اور سارے مغربی پاکستان کے لئے عرض کر رہا ہوں ۔

سید عنایت علی شاہ — کیا وزیر صاحب یہ بتا سکتے ہیں کہ ملکی کارخانوں میں جتنی پروڈکشن سیمنٹ کی ہوتی ہے کیا وہ ہماری ضرورت پوری کر سکتی ہے ؟

وزیر قانون ۔ جہاں تک مجھے علم ہے ہماری ضرورت پوری ہو رہی ہے اور یہاں سے ہم مشرقی پاکستان کو بھی سیمنٹ دے رہے ہیں ۔

خان محمد یوسف — کیا وزیر موصوف بتائیں گے کہ ستار سیمنٹ فیکٹری بھی سیمنٹ produce کر رہی ہے ۔

Minister of Law : This factory has started production in December, 1965. Estimated production 1·81 lac tons.

سردار محمد اسحاق خان — کیا جناب وزیر صاحب فرمائیں گے کہ آئندہ بھی کوئی سیمنٹ فیکٹری لگانے کا خیال ہے ۔ اگر ہے تو وہ کس علاقہ میں لگائیں گے ؟

وزیر قانون ۔ جناب والا ۔ اس وقت تو میں اس کے متعلق نہیں کہہ سکتا ۔ اس کے لئے نوٹس چاہئے ۔

چودھری محمد ادریس — کیا وزیر موصوف فرمائیں گے کہ مشرقی پاکستان میں جو سیمنٹ بھیجا جا رہا ہے وہ گورنمنٹ اکاؤنٹ پر بھیجتے ہیں یا پرائیویٹ اکاؤنٹ پر بھیجتے ہیں ۔

وزیر قانون — جناب والا ۔ اس کے متعلق میں اس وقت عرض نہیں کر سکتا کہ وہ گورنمنٹ اکاؤنٹ پر جاتا ہے یا پرائیویٹ اکاؤنٹ پر جاتا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا ۔ جو آپ نے اسماعیل سیمنٹ انڈسٹری کا ذکر کیا ہے وہ کراچی میں نہیں ہے ۔

وزیر قانون — اسماعیل سیمنٹ انڈسٹری کراچی میں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا ۔ وہاں اس نام کی کوئی فیکٹری نہیں ہے ۔

وزیر قانون — ہمارے سرکاری ریکارڈ میں تو ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — میں یقیناً ..... جانتا ہوں کہ اسماعیل سیمنٹ انڈسٹری کے نام کی کوئی فیکٹری نہیں ہے ۔ I know it very well

Minister of Law : I will check it up again, Sir.

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ وزیر موصوف نے فرمایا ہے کہ سیمنٹ ملک میں فالتو پڑا ہے ۔ کیا تعمیری کاموں کی وجہ سے سیمنٹ کی اتنی زیادہ بہتات ہو گئی ہے ۔

وزیر قانون — دونوں وجہ ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ — میں جناب وزیر صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کئے دیتا ہوں کہ سیمنٹ ہرگز نہیں ملتا اور بلیک مارکیٹ میں ملتا ہے ۔ جو جواب ملا ہے وہ صحیح نہیں ملا ہے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے کس سے پوچھا ہے کہ سیمنٹ زیادہ ہے یا کس نے آپ کو بتایا ہے کہ سیمنٹ زیادہ ہے ۔

سید عنائیت علی شاہ — جناب والا ۔ کیا میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ اگر کارخانے ہماری سیمنٹ کی ضروریات کو پورا کر سکتے ہیں تو امپورٹ کرنے کی کیا ضرورت ہے ؟

وزیر قانون — ہم امپورٹ نہیں کرتے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ میں نے پوچھا تھا کہ یہ اطلاع کس نے دی ہے کہ سیمنٹ زیادہ ہے ۔

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ محکمہ ان کو اطلاع دیتا ہے -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - کیا آپ کے حلقہ نیابت کے ووٹر نے بتایا ہے کہ سیمنٹ کی قلت نہیں ہے -

وزیر قانون - میں اس کا نام بتانے کی ضرورت نہیں سمجھتا -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - آپ اس کا نام بتائیں -

وزیر قانون - ہم نام اس لئے نہیں بتاتے کہ آپ اس کے ساتھ جھگڑ پڑیں گے -

---

INDUSTRIAL UNITS SET UP IN BAHAWALPUR DIVISION

***2517. Chaudhri Abdul Ghani:** Will the Parliamentary Secretary, Industries, be pleased to state the number of industrial units set up in Bahawalpur Division by the locals and the persons belonging to other areas separately since 14th October 1955, along with the new schemes under consideration of Government for the setting up of industrial units with their locations in the said Division ?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) — ۱۹۶۰ء کے بعد سے اب تک بہاول پور ڈویژن کے لئے منظوری دینے والے مختلف اداروں نے جن صنعتی یونٹوں کی منظوری دی ہے ان کی تعداد ۲۷ ہے - ان صنعتی یونٹوں کے کوائف پر مشتمل ایک کیفیت نامہ ایوان کے رو برو پیش ہے -* ۱۹۵۵ سے ۱۹۶۰ تک کی مدت کے لئے معلومات دستیاب نہیں ہیں -

جہاں تک اس بارے میں معلومات کا تعلق ہے کہ کوئی صنعتی یونٹ کسی مقامی یا بہاول پور ڈویژن سے باہر کے کسی شخص کے حق میں منظور ہوا ہے - یہ معلومات تمام یونٹوں کے بارے میں دستیاب نہیں ہیں کیونکہ بعض پراجیکٹ پبلک لیمٹیڈ کمپنیوں کی صورت میں ہیں جن کی منظوری پی - آئی - سی - آئی - سی نے دی ہے -

مغربی پاکستان سمال انڈسٹریز کارپوریشن نے بہاول پور کے چھوٹی صنعتوں کے علاقے میں ۸ صنعتی یونٹوں کی منظوری دی ہے - تین مقامی اشخاص کے لئے اور ۵ بیرونی اصحاب کے لئے - یہ صنعتی یونٹ پرائیویٹ سیکٹر میں سرمایہ لگانے والوں کی طرف سے قائم کئے جائیں گے -

---

*Please see Appendix at the end.

چوہدری عبدالغنی — کیا وزیر متعلقہ اس امر کی وضاحت فرمائیں گے کہ ضلع بہاولنگر جو پس ماندہ ایریا ہے اس میں صنعت لگانے کا کوئی پروگرام ہے ؟

وزیر قانون - اس کے متعلق اس وقت کچھ نہیں کہہ سکتے - اس وقت کوئی پروگرام نہیں ہے -

چوہدری محمد ادریس — جناب والا - انڈسٹری یونٹ کے لئے دو درخواستیں لی جاتی ہیں ایک لوکل سے اور دوسرے باہر والے سے - آپ یہ بتا سکتے ہیں کہ کس کو preference دیا جاتا ہے -

Minister for Law : It is a general question. That will depend upon Industry to Industry and place to place.

مسٹر حمزہ — فیکٹری لگانے کے لئے جب لائسنس دیتے ہیں تو کیا آپ اس چیز کا خاص خیال رکھتے ہیں کہ وہ سرکاری مسلم لیگ کے عہدہ دار ہوں -

مسٹر سپیکر — یہ ضمنی سوال نہیں ہے -

مسٹر حمزہ — اخبارات میں ہمیشہ آتا ہے کہ فلاں عہدہ دار کو فلاں کارخانہ لگانے کی اجازت ملی -

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

مسٹر حمزہ - کیا ابھی تھوڑا عرصہ گزرا سابقہ جنرل سیکرٹری مسلم لیگ کو کارخانہ لگانے کی اجازت نہیں دی گئی ؟

Mr. Speaker : But this question of the member is not admissible. He may take his seat. His question is not relevant.

وزیر قانون — لازمی نہیں ہے کہ وہ مسلم لیگ کا ممبر ہو - لیکن یہ بہت ضروری اور لازمی ہے کہ وہ قوم کا دشمن نہ ہو -

مسٹر حمزہ — کیا آپ نے خلیق الزمان اور عبدالوحید خان کو کارخانہ لگانے کی اجازت نہیں دی -

مسٹر سپیکر — حمزہ صاحب آپ تشریف رکھیں -

DOCUMENTARIES PRODUCED BY INFORMATION DEPARTMENT

***2555. Rai Mansab Ali Khan Kharal :** Will the Minister of Information be peased to state the number and kinds of Documentaries produced and distributed by the Information Department during 1964-65 and 1965-66 along with (*i*) the total expenditure incurred on the production of each of the said documentaries, and (*ii*) the benefits accrued to Government from their production?

Minister of Law : (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): The Information Department produced eight-films in all three during the year 1964-65 and five during 1965-66 involving a total expenditure of Rs. 1,30,623.

Break up:—

Rs. 53,750 during 1964-65.
Rs. 76,873 during 1965-66.

Details are as under—

1964-65			Rs.
(1) B, D. Convention	.. Feature-*cum*-Documentary	..	10,500
(2) جشن خیبر	.. Documentary	..	13,250
(3) نو نہال	.. Feature	..	30,000
1965-66—			
(1) جہیز	.. Feature	..	23,729
(2) زندہ ہے لاہور	.. War Documentary	..	16,128
(3) Civil Defence	.. War Documentary	..	10,706
(4) خواتین اور جنگ	.. War Documentary	..	13,110
(5) Self Defence	.. War Documentary	..	13,200

Audio-visual publicity is one of the most-effective media in a country like ours where the percentage of literacy is low. The documentaries produced by the Information Department are both educative and informative and at the same time entertaining. Thousands of people see these films daily during the shows given by nine mobile cinema units throughout the Province and the Department projection hall for the benefit of school children of Lahore. These films—

(1) Educate people on Government Development Programmes.

(2) Induce a sense and create a spirit of participation among the people.

(3) Create public confidence.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ انہوں نے جو Documentary films تیار کی ہیں - ان میں ایک فلم جشن خیبر کے متعلق بھی ہے - اور جشن خیبر کے سلسلے میں اکثر اخبارات میں آیا تھا - کہ اس میں نیم برہنہ ناچ بھی ہوئے تھے جس پر کہ لوگوں نے اپنی نفرت کا اظہار بھی کیا تھا - تو کیا آپ کی اس فلم میں بھی نیم برہنہ ناچ دکھائے گئے ہیں -

وزیر قانون—جی نہیں - آپ اپنے اس اصول پر قائم ہیں کہ فلم دیکھنا بت پرستی ہے - ورنہ آپ دیکھتے - تو آپ کو بھی معلوم ہو جاتا کہ اس میں نیم برہنہ ناچ نہیں دکھائے گئے -

Mr. Speaker: Would Mr. Farooqi like to see it.?

مسٹر محمود اعظم فاروقی—ان کا یہ جواب ہی کافی ہے۔

سید عنایت علی شاہ—جناب والا۔ محکمہ اطلاعات یہ جو فلمیں بناتی ہے۔ میرے خیال میں اس پر زیادہ خرچ آتا ہے۔ تو کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ وہ یہ فلمیں کسی فلم پروڈیوسر کو ٹھیکے پر دے دیا کریں تاکہ نسبتاً ان پر خرچ کم ہو۔

وزیر قانون—میرا خیال ہے۔ اگر ہم یہ فلمیں اپنے ملازمین اور Technicians سے بنائیں تو ان پر خرچ کم ہوتا ہے۔ اور اگر ٹھیکے پر بنوائیں تو ان پر خرچ زیادہ آتا ہے۔ لیکن اگر معزز رکن یہ یقین دلا دیں کہ ٹھیکے پر دینے سے نسبتاً کم خرچ آئے گا تو میں آج ہی ان کو اس کا ٹھیکہ دے دوں گا۔

مسٹر حمزہ—کیا وزیر اطلاعات یہ بتائیں گے۔ کہ ملک کی عام آبادی کی زندگی تو اجیرن ہے تو پھر آپ وقتاً فوقتاً یہ جشن کس چیز کے مناتے ہیں۔

وزیر قانون—یہ جشن تو تواریخی یادگار کا منایا جاتا ہے جس طرح آپ اپنی سالگرہ منایا کرتے ہیں۔ اسی طرح یہ قومی یادگار ہے۔ اور ہم اس قومی یادگار کا جشن مناتے رہیں گے۔

مسٹر حمزہ—کیا وزیر اطلاعات یہ بتائیں گے۔ کہ وہ کونسی یادگار ہے کہ جس کا جشن مناتے ہیں ؟

وزیر قانون—خیبر۔ شاید آپ نے خیبر کا نام نہیں سنا ہے۔

RESERVATION OF SCOOTERS, MOTOR CYCLES AND AUTO-CYCLES FOR GOVERNMENT SERVANTS

*2593. **Mr. Mahmood Azam Farooqi**: Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that 20 per cent of the total import of Scooters, Motor Cycles and Auto Cycles has been reserved by the Provincial Government for its employees ;

(*b*) whether it is a fact that the said employees do not constitute even 1 per cent of the total population of the Province ; if so, reasons for the reservation ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) Import of Scooters, Motor-cycles and auto-cycles has since been removed from commercial licencing and placed on Bonus. The question of reservation of quota for Government employees therefore, does not arise.

(*b*) In view of reply to (*a*) above, question does not arise.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا - پہلی چیز تو یہ ہے کہ اس سوال کا جواب مجھے نہیں ملا - حالانکہ اس کا جواب میری میز پر رکھا ہونا چاہئیے تھا تاکہ میں اس کے متعلق ضمنی سوال تیار کر سکتا - بہر حال انہوں نے جو جواب دیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے - کہ غالباً ان کی اطلاع صحیح نہیں ہے کیوں کہ بونس ووچرز پر سکولروں کی درآمد کا فیصلہ ہونے کے بعد ہی اس reservation کے متعلق ان کا notification جاری ہوا ہے -

وزیر قانون—اگر وہ کسی individual کیس کے متعلق فرما رہے ہیں تو میں اسے تسلیم کر لوں گا - ورنہ آپ کا سوال یہ ہے -

"Whether it is a fact that 20% of the total import of Scooters, motor cycle and auto cycles has been reserved by the Provincial Government for its employees", the reply is "No." This has been given up. It is now on bonus voucher.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—اس کے متعلق میں نے عرض کیا ہے - کہ یہ جواب صحیح نہیں ہے - آپ اسے دوبارہ check کر لیں -

وزیر قانون—بہتر ہے - میں اسے دوبارہ check کر لوں گا -

مسٹر محمود اعظم فاروقی—تو کیا یہ سوال اگلی باری پر پھر پوچھا جا سکے گا -

وزیر قانون—آپ جس طرح کہیں میں کرنے کے لئے تیار ہوں -

Mr. Speaker: This question will be repeated on the next turn.

FAUJI SUGAR MILL, TANDO MUHAMMAD KHAN, HYDERABAD DISTRICT

*2641. **Mir Mir Muhammad Khan Talpur :** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the people residing near the Fauji Suguar Mill, Tando Muhammad Khan, Hyderabad District, are put to inconvenience as the result of the ashes that come out of the chimneys of the said Mill ;

(*b*) if answers to (*a*) above be in the affirmative, the steps proposed to be taken in this behalf ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) No such complaint has been received so far.

(*b*) Question does not arise.

DEVELOPMENT OF SERICULTURE

*2646. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) the steps taken by Government during the last five years to develop Sericulture in the Province and the result achieved thereby ;

(*b*) whether any pamphlet has been published to acquaint the public about the benefit of Sericulture ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) The West Pakistan Small Industries Corporation has a field organization of Sericulture staff comprising 82 Sericulture Supervisors, 18 Sericulture Inspectors, 7 Assistant Superintendents Sericulture, 3 Sericulture Research Assistants, 3 Superintendents Sericulture and 1 Assistant Manager (Sericulture) to advise and closely supervise silk worm rearing, grainage and reeling operations to develop Sericulture industry in the Province.

Three Silk Grainage Centres each at Khanspur in Peshawar Zone, Murree in Rawalpindi Zone and Mastung in Quetta Zone have been established for production of diseased free silk seed. 1876¾ ounces of diseased free silk seed were produced at these Centres and 5686½ Ozs. were imported from China, Italy and France. The same quantity was distributed amongst Sericulturists in the Province producing 72,060 Lbs. silk yarn worth Rs. 36,03,000·00.

9,27,341 mulberry saplings of approved varieties produced at Mulberry Nurseries at Gujranwala, Gujrat, Nainakote, Lyallpur, Peshawar, Mastung and Loralai were distributed amongst the Sericulturists for planting in their fields to develop the Sericulture industry.

Five Demonstration Farms each at Peshawar, Gujranwala, Lyallpur, Loralai and Mastung have been established and land for setting up of two more Demonstration Farms at D. I. Khan and Haripur Hazara is under acquisition.

Three Silk Filature Centres established at Peshawar, Rawalpindi and Mastung have reeled 46,670 Lbs. of dry cocoons producing 6,726 Lbs. silk yarn, 3,208 Lbs. of silk waste and 14,922 Lbs. of basiny cocoons.

(*b*) No pamphlet has been published on Sericulture so far. However, the field staff of the West Pakistan Small Industries Corporation is stationed at places which cover quite a number of villages to render technical advise, impart practical training and give demonstration to Sericulturists on the spot, whenever needed.

رائے منصب علی خان کھرل—کیا منٹگمری کی فضا اور ماحول ریشم کے کیڑے پالنے کے لئے مناسب نہیں ہے ؟

وزیر قانون—مجھے افسوس ہے کہ میں اس کام میں expert نہیں ہوں کہ اس کا جواب دے سکوں ۔

INSTALLATION OF A STEEL MILL AT KALA BAGH

*2647. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that iron-ore has been found in Kala Bagh area of Mianwali District ; if so, the steel contents of the ore ;

(*b*) whether it is a fact that a Steel Mill has been proposed to be installed in the said area to exploit the said ore ; if so, the likely date of its installation?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاہ میمن)—(الف) جی ہاں - ضلع میانوالی میں چچالی (نزد کالا باغ) میں یو - این پاک منزل سروے پراجیکٹ کے اشتراک سے ۱۲۵ ملین ٹن خام لوہے کا ایک محفوظہ دریافت کیا جا چکا ہے - اس خام لوہے میں خالص لوہے کی مقدار ۳۲ فی صد ہے -

(ب) چچالی سے نکلنے والے خام لوہے پر مبنی کالا باغ کے علاقے میں فولاد کا کارخانہ قائم کرنے کی تجویز مغربی پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کی طرف سے مرتب کی جا چکی ہے - یہ تجویز اس پراجیکٹ رپورٹ پر مبنی ہے جو سیلز گنر انڈسٹریبا گمبھ مغربی جرمنی نے تیار کی ہے - یہ رپورٹ زیر غور ہے - اس لئے فولاد کے کارخانے کے قیام کی تاریخ سے مطلع کرنا ممکن نہیں ہے -

چودھری محمد ذواز—جناب والا - کیا وزیر موصوف کو معلوم ہے کہ کئی سالوں سے اخبارات میں آ رہا ہے - کہ کالا باغ میں اگر ایک سٹیل مل قائم کی جائے تو مفید ثابت ہوگی - آپ نے time limit نہیں بتائی - کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح سے دوسرے پروگرام ہوتے ہیں یہ بھی اسی طرح چلے گا -

وزیر قانون—یہ امید رکھنا نا مناسب ہے آپ اس کے متعلق اخبارات میں پڑھنے کے لئے ذرا انتظار کریں -

جعفر علی شاہ اقالیق—جناب والا - چترال میں بھی iron or پایا جاتا ہے اور ملک میں higher grade کا ہے - اس کے contents ۶۸ فیصد ہیں - کیا اس سے استفادہ حاصل کرنے کا کوئی پروگرام ہے ؟

وزیر قانون—اس وقت تو نہیں - اگر وہاں کوئی ذخیرہ موجود ہے تو میں اس کے متعلق اطلاع متعلقہ محکمہ کو پہنچا دوں گا تا کہ اگر وہ مناسب سمجھیں تو اسے exploit کریں -

چودھری محمد ذواز—جیسا کہ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ اخبارات میں پڑھنے کا انتظار کریں وہ اس پر غور تو کر چکے ہیں اب کیا خوض کرنا باقی ہے -

وزیر قانون—خوض بھی ہو چکا ہے ۔ اب صرف آپکو اخبارات میں پڑھنے کا انتظار کرنا ہوگا ۔

سردار حاجی عطا محمد—یہ عجیب بات ہے کہ وزیر صاحب کو چترال کے ذخیرہ کی اطلاع نہیں ۔ اور ابھی تک معلوم نہیں کہ وہاں کوئی ذخیرہ ہے ۔ یہ تو نہیں کہ آپ کی نگاہ میں جو حکومت یا ملک کے خلاف ہو آپ اسے کوئی پرمٹ نہیں دیتے کیا اسی طرح آپ ان کو بھی نظر انداز کر دیں گے ۔ کہ چترال حکومت کے خلاف ہے ۔

وزیر قانون— جناب والا ۔ مجھے علم نہیں ۔ میرا علم محدود ہے لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ جیسے حاجی صاحب کو رمل اور نجوم کا علم ہے مجھے نہیں ۔

سردار حاجی عطا محمد—تو پھر کیا وزیر صاحب گوارا کریں گے کہ ان کا جو اطلاعات کا محکمہ ہے وہ میں لے لوں ۔

وزیر قانون—مجھے خوشی ہوگی کہ یہ پوسٹ لے لیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ملاں اور قانون اکٹھے نہیں جا سکتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یسین وٹو)—جناب والا

تمنائیں بہت ہیں اور وسعت اس کی کافی ہے
سوالی بن کے دامن ناپتا پھرتا ہوں صحرا کا

چودھری محمد نواز—اگر وزیر قانون صاحب اس کے متعلق کچھ ارشاد فرمائیں تو بڑی مہربانی ہوگی ۔

SETTING UP NEW INDUSTRIES IN THE PROVINCE

*2695. **Mr. Abdul Qayum Qureshi :** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Central Government have recently released Foreign Exchange to the Provincial Government for setting up new Industries in the Province; if so, the amount released along with the balance of Foreign Exchange from the previous allocation;

(*b*) whether it is a fact that applications were invited by the Industries Department from the public for the distribution of the said Foreign Exchange for setting up new Industries; if so, the number of applications so far received?

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) — (الف) جی نہیں ۔

(ب) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

CONDITION OF CINEMA HOUSES IN THE PROVINCE

*2698. **Mr. Abdul Qayum Qureshi :** Will the Minister of Information be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Gallery of Ritz Cinema, Lahore, collapsed in December, 1965 and a number of persons were killed and injured;

(*b*) whether it is a fact that Government issued instructions for the thorough checking of all the Cinema Houses in the Province; if so, the number of Cinema Houses so far checked, along with the number and names of those out of them found in the state of utter disrepair and the action taken or intended to be taken in this respect?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon):

(a) Yes.

(b) Yes, instructions were issued for the inspection of all Cinema Houses in the Province. The information so far received regarding the Cinemas, which were found in a state of utter disrepair, is as follows :—

(*i*) Ritz Cinema, Rawalpindi — The Cinema has been closed.

(*ii*) Rose Cinema, Rawalpindi — Cinema closed.

(*iii*) Shah Talkies, Hala — Performance Licence cancelled.

(*iv*) Shahin Talkies, Shahdadpur. — Proprietor has been instructed to effect repairs within one month, failing which the licence will be cancelled.

(*v*) Pakistan Talkies, Kotri — Notice for repairs issued.

(*vi*) Imperial Cinema, Sukkur — Licence suspended from 13th April, 1966.

(*vii*) Regal Cinema, Mianwali — Two galleries found unsafe have been sealed for repairs.

(*viii*) Radhu Palace, Multan — Cinema closed for repairs.

(*ix*) Prakash Talkies, Dera Ghazi Khan. — Licence suspended.

(*x*) Nishat Cinema, Chichawatni. — Licence was suspended but restored after repairs.

(*xi*) Rex Cinema, Montgomery — Licence suspended.

The rest of the information will be placed before the House as soon as received.

مسٹر عبدالقیوم قریشی - اس سوال کا جواب نہ تو میرے پاس آیا ہے اور نہ ہی کتاب میں چھپا ہے -

وزیر قانون و اطلاعات - میں حیران ہوں کہ ایوان کی میز پر کیوں جواب نہیں آیا -

Mr. Speaker : The Assembly Secretariat has not received the answer.

مسٹر ھمزہ - کیا وزیر اطلاعات بتائیں گے کہ سینما کی عمارت کی زبون حالی کا خیال رٹز سینما میں جانیں ضائع ہونے کے بعد کیوں آیا ؟

وزیر قانون و اطلاعات - میرے محکمہ کا براہ راست یہ کام نہیں - اس کے لئے ہر سال ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لائسنس جاری کرتے ہیں - اور وہ اسوقت کرتے ہیں - جب متعلقہ ایگزیکٹو انجینیئر بی اینڈ آر ان کو سرٹیفیکیٹ دے دیتا ہے دراصل یہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا کام ہے - جب یہ واقعہ ہوا تو میں نے مناسب سمجھا اگرچہ اس بات کے لئے میرا محکمہ ذمہ دار نہیں تھا پھر بھی میں نے زیادہ سے زیادہ دلچسپی لی - اس کے بعد میں نے آرڈر کر دیا - آپ کی اطلاع کے لئے میں عرض کر دوں کہ اس سے پہلے بھی اس قسم کی instructions جاری کی جا چکی ہیں -

مسٹر سپیکر - یہ سوال اگلی مرتبہ پھر دریافت کیا جائے گا کیونکہ اس کا جواب موصول نہیں ہوا - علاوہ ازیں انفارمیشن مکمل نہیں ہوئی -

---

ENQUIRY AGAINST HAJI SH. MUSHTAQ AHMAD, DEPUTY DIRECTOR OF INDUSTRIES, LAHORE REGION, LAHORE.

*2713. **Dr. Sultan Ahmad Cheema :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that an enquiry is being conducted by the Anti-Corruption Department against Haji Sh. Mushtaq Ahmad, Deputy Director of Industries, Lahore Region, Lahore, for the alleged mal-administration, misuse of official powers and tampering of office record;

(*b*) whether it is a fact that the said Officer is posted as Deputy Director of Industries, Lahore Region, for the last four years and during this period the Anti-Corruption Department recommended his transfer to avoid further tampering of records and exercising undue influence on witnesses but the said recommendations have not been accepted;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for not accepting the recommendations of the Anti-Corruption Department despite the fact that he has otherwise completed the usual tenure of three years on his present post;

(*d*) whether it is a fact that the said officer was formerly posted as Deputy Director of Industries, Multan Region, in 1957 and in view of his mal-administration, the then Commissioner, Multan Division, gave adverse reports against him and recommended that he should not be posted as a Regional Head; if so, action taken on the said report?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) Yes, on the following charges as indicated in the questionaire served on the officer:—

(*i*) appointments of a few junior clerks against temporary posts without advertising the posts to the Manager, Employment Exchange during ban period and officer's alleged relationship with them.

(*ii*) grant of leave to a junior clerk for a month when the clerk is alleged to have been attending office to clear work.

(*iii*) allotment of the house occupied by the officer as a refugee.

(*iv*) failure to take action on the census of manufacturing industries forms received from the Directorate of Industries and Commerce, West Pakistan.

(b) The Officer has not yet completed four years of service as Regional Deputy Director of Industries. The Anti-Corruption Department approached Government for his transfer. The recommendation was not, however, accepted by Government.

(*c*) The entire record of the case had been taken into possession by that Department from the office of the Deputy Director of Industries, Lahore Region, and evidence of all concerned officials also recorded; there existed no possibility of tampering with the record which was no longer in the officer's custody.

(*d*) At the instance of the Anti-corruption Department, enquiries were made from the Commissioner, Multan Division, who has denied the issue of any adverse letter or report against this Officer.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - کیا یہ صحیح ہے اور کیا یہ گورنمنٹ کی پالیسی ہے کہ افسروں کو ۳ سال سے زیادہ کسی ایک مقام پر رکھنا ٹھیک نہیں ہے -

Minister of Law : As far as possible that is the policy.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - اگر ایسا ہے تو حاجی صاحب کو ۳ سال سے زیادہ لاہور میں کیوں رکھا گیا جب کہ ان کو لاہور میں اب چار سال ہو جائینگے - کیا اب چار سال کے بعد بھی ان کو ni on دی جائے گی یا ان کا تبادلہ کیا جائے گا ؟

وزیر قانون - جناب عالی ہم نے عرض کیا ہے کہ as far as possible تبادلہ کرتے ہیں لیکن یہ سروس کی ency پر ہے جو ہاؤس میں ہمیشہ عرض کیا ہے کہ اس کے اندر کوئی رول نہیں ہے کہ ۳ سال کے بعد کسی افسر کا تبادلہ کر دیا جائے -

چوہدری محمد ادریس - کیا لا منسٹر صاحب کو معلوم ہے کہ سروس رول اب اسٹڈ ہو چکے ہیں اور ۱۹-۵-۶۶ کو وہ notify بھی ہو گئے ہیں جن کے تحت

"The Government has further decided that no officer of the category posted to district or divisional staff at Lahore and Karachi be allowed to stay for longer than three years. This decision has been taken as a further step to circumvent the misuse of official position."

کیا منسٹر صاحب یقین دہانی کرائیں گے کہ ان کے rules ہوتے ہوئے وہ اس آفیسر کا case personally دیکھیں گے اور اگر ضرورت ہوئی تو اس کا تبادلہ کر دیں گے -

Minister of Law : In pursuance of this direction contained in the Policy Circular which the member has read in the House today the transfer of this officer alongwith those who have remained here in Lahore for more than three years is under consideration and a decision will be taken soon.

رانا پھول محمد خان - کیا وزیر قانون یہ فرمائیں گے کہ حاجی صاحب کی ترقی اس لئے روک دی گئی کہ ان کے خلاف انکوائری ہو رہی ہے -

وزیر قانون - یہ تو اس وقت میں نہیں کہہ سکتا کہ ان کی ترقی اس وجہ سے روک دی گئی لیکن بعض حالات میں یا اگر serious allegations ہوں تو ترقی روک دی جاتی ہے -

Mr. Ajoon Khan Jadoon : On the face of the facts as stated in the answer, there are very serious allegations against this officer in which inquiries are being held and the Anti-Corruption Department also recommended his immediate transfer. May I know what were the special reasons for continuing this officer to stay here for four years when his tenure was only for three years?

Minister of Law:— ہم نے کہا ہے کہ So far as those allegations are concerned, the member feels they are very serious. I would not.....

سردار حاجی عطا محمد - پوائنٹ آف آرڈر - جناب یہ بڑا اہم سوال ہے - یہاں رشوت ستانی کا بازار گرم ہے اس کے لئے میں وزیر اطلاعات کو عرض کروں گا کہ وہ اردو میں تقریر کریں -

وزیر قانون - حاجی صاحب میں اردو ہی میں وضاحت کروں گا جیسی میری اردو ویسی آپ کی سمجھ معاملہ بن جائے گا - (قہقہہ)

میں عرض کر رہا تھا کہ جہاں تک اس افسر کے کے خلاف الزامات کا تعلق ہے معزز ممبر سمجھتے ہیں کہ وہ بہت سنگین ہیں اور زیادہ سے زیادہ سنگین ہیں میں ان سے نہایت ادب سے عرض کروں گا کہ وہ اتنے سنگین نہیں ہیں لیکن الزامات یقیناً ہیں - اینٹی کرپشن والوں نے اس آفیسر کے خلاف جو کچھ ریکارڈ تھا وہ لے کر اس افسر کے خلاف ۱۴ — گواہوں کی شہادتیں ختم کر لی ہیں - اینٹی کرپشن والوں نے اس افسر کے تبادلہ کے لئے لکھا تھا لیکن کچھ اور وجوہات کی بنا پر اس افسر کا تبادلہ نہیں کیا گیا ہے لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ اس افسر کے تبادلہ کا سوال

اب زیر غور ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کا فیصلہ جلد ہو جائے گا ۔

سردار حاجی عطا محمد - جناب کیا یہ صحیح نہیں ہے کہ تبادلہ یا ترقی رسائی پر ہوتی ہے ۔ اور اس طرح جتنا عرصہ بھی چاہے کوئی ٹھہر سکتا ہے ۔

وزیر قانون - حاجی صاحب معلوم نہیں آپ کس قسم کی رسائی کی بات کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر - جناب یہ جو اس قدر الزامات بیان کئے جا رہے ہیں ان کا origin کیا ہے اینٹی کرپشن والوں نے کیوں انکوائری start کی ۔

وزیر قانون - آپ نوٹس دیں تو ہم بتائیں گے کہ ۱۹۶۴ء میں یہ case شروع ہوا تھا ۔

چودھری محمد ادریس - کیا جناب لا منسٹر صاحب کا یہ خیال ہے کہ ممبر صاحب نے جو کچھ کہا ہے وہ درست نہیں ہے یعنی یہ کہ charges اتنے serious نہیں ہیں تو میں نہایت ادب سے لا منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان کے خلاف یہ first charge ہے کہ انہوں نے بغیر advertisement کئے اور بغیر گورنمنٹ کو بتائے اور بغیر ایمپلائمنٹ اکسچینج کی اطلاع کے کچھ جگہوں پر اپنے رشتہ داروں کو ملازم رکھ لیا کیا ان کے خیال میں یہ serious چارج نہیں ہے ۔

وزیر قانون - میں نے عرض کیا ہے کہ serious ہے لیکن میں آپ کو اپنے انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے متعلق بتاتا ہوں کہ ۵ برس سے کمیشن کے ذریعہ advertisement ہو رہا ہے اور سروس کمیشن کے advertisement کے باوجود حالت یہ ہے کہ ہمیں آج تک آدمی نہیں ملا ۔ تو جس وقت ضرورت پڑ جاتی ہے آدمی رکھنا ہی پڑتا ہے ۔ ایسی حالت میں جو charges ہیں میں ان کو serious نہیں تصور کرتا جیسا کہ آپ تصور فرماتے ہیں ۔

RECRUITMENT OF MR. ZAFAR MAHMOOD, AS ASSISTANT INDUSTRIAL DEVELOPMENT OFFICER IN LAHORE REGION.

***2714. Dr. Sultan Ahmad Cheema:** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce be pleased to state:—

(*a*) the requisite qualifications prescribed for direct recruitment to the post of Assistant Industrial Development Officer in the Industries Department;

(*b*) whether it is a fact that the Deputy Director of Industries, Lahore Region, recruited Mr. Zafar Mahmood, a real brother of Mr. Abdul Latif, Deputy Director of Industries (P. I. P. Wing), Headquarter's Office, as Assistant Industrial Development Officer in Lahore Region, in the month of November, 1963, despite the fact that the said Mr. Zafar Mahmood did not fulfil the prescribed qualifications; if so, reasons for the said recruitment?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) Before 1964, no specific qualifications were prescribed for the post of Assistant Industrial Development Officer in the Industries Department. After promulgation of the West Pakistan Industries Department Subordinate Service (Regional) Rules notified on 3rd December, 1964, the requisite qualifications are—

> Graduate in Science (Physics and Chemistry) or Commerce or Economics or Diploma in Textile Technology/Crafts Technology/Sericulture from a recognised University with preference to candidates having practical experience.

(*b*) Yes, it is correct that at the time of his recruitment Mr. Zafar Mahmood did not possess the qualifications which were later prescribed for recruitment to the post. Mr. Zafar Mahmood was recruited in November, 1963. At that time there were no prescribed qualifications for the post of Assistant Industrial Development Officer. However, he passed his B. Sc. in the second division in May, 1964.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ— اسوقت جو پوسٹ advertise کی گئی تھی اسمیں اسکی qualification گریجویٹ تھی اگر یہ صحیح ہے تو وہ advertisement دیکھنے کے بعد کیا اس شخص کے خلاف کوئی action لینے کیلئے تیار ہونگے کہ انہوں نے ایسا کیوں کیا ۔

وزیر قانون — میں نے عرض کیا ہے کہ ۱۹۶۴ء سے پہلے کے رولز میں کوئی ایسی qualification نہیں تھی ۔ اگر گریجویٹ نہیں تھا تو action لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ— جناب یہ درست نہیں ہے کہ ۱۹۶۴ء سے پہلے کے رولز یا قانون میں کوئی قانونی معیار اس ملازمت کیلئے نہیں تھا ۔ میرے پاس ثبوت موجود ہے ۔ پاکستان ٹائمز میں پبلک سروس کمیشن کیطرف سے جو advertisement ہوا ہے اسمیں واضح طور پر تعلیمی معیار درج ہے ۔ جو میں آپ کی خدمت میں پڑھکر پیش کرتا ہوں ۔

"Situation Vacant:

Applications are invited through the Employment Exchange for 13 temporary posts of Assistant Industrial Development Officers in the grade of Rs. 150—10—250—15—370 (likely to be continued) to the various Regional Offices of the Directorate of Industries, West Pakistan as shown below :—

Lahore Region	..	6
Multan Region	..	4
Peshawar Region	..	3

Now I have got a copy of advertisement in which the same qualifications are given by the Public Service Commission Advertisement dated 31st March 1955. I need not repeat because the same qualifications are given in the rules framed in the year 1964.

وزیر قانون—جہاں تک پہلے advertisement کا ذکر فاضل ممبر نے کیا ہے تو اس میں qualifications تو نہیں بتائی گئیں اور نہ ہم نے qualifications کا ذکر کیا ہے - ۱۹۵۵ء میں ہم نے کہا تھا qualifications فلاں فلاں ہوں لیکن اگر معزز ممبر فرماتے ہیں تو یہ سن ۵۵ کا نہیں اس وقت تو انڈسٹری کا محکمہ صوبائی حکومت کے ماتحت نہیں تھا تو یہ ہو سکتا ہے کہ اس وقت صوبائی حکومت کا کوئی رول ہو - اس وقت میں نہیں کہہ سکتا لیکن اگر معزز ممبر مجھے میٹیریل دیدیں تو میں ان کو جواب دیدوں گا - I will check up and I am subject to correction.

مسٹر محمود اعظم فاروقی— وزیر صاحب اگر یہ کہہ دیں کہ محکموں میں بدعنوانیاں ہو رہی ہیں تو ٹھیک ہوگا - صاف طور پر وہ کہہ دیں تو درست ہوگا اور بات صاف ہو جائیگی -

وزیر قانون—کسی محکمہ میں بدعنوانیاں نہیں ہو رہیں لیکن آپکی جماعت میں یقیناً ہیں -

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

Setting up of Sugar Mills in Tando Division

***2750. Rais Khan Muhammad Khan Nizamani :** Will the Parliamentary Secretary, Industries be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the number of Sugar Mills in Tando Division is not sufficient for crushing the entire sugarcane crop of the said area and the sugarcane growers in the said area are experiencing great inconvenience and difficulties on this account;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government have any scheme to set up any more sugar mills in the said area ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان مکرم خان) — (الف) ٹنڈو محمد خان حیدر آباد ڈویژن کا سب ڈویژن ہے - حیدر آباد ڈویژن میں کھانڈ کے مندرجہ ذیل کارخانے کام کر رہے ہیں :—

۱ - فوجی شوگر ملز لمیٹیڈ ، ٹنڈو محمدخان

۲ - حبیب شوگر ملز لمیٹیڈ ، نواب شاہ

۳ - باوانی شوگر ملز لمیٹیڈ ، تلہار

(ب) ٹنڈو محمد خان میں گنے کے زیر کاشت رقبے کے بارے میں معلومات فوری طور پر دستیاب نہیں ہیں ۔ تاہم مغربی پاکستان کے ۱۹۶۲-۶۳ء کے زرعی اعداد و شمار کے مطابق ضلع حیدر آباد میں گنے کے زیر کاشت رقبہ ۳۰،۰۰۰ ایکڑ ہے جو بمشکل کھانڈ کے دو کارخانوں کیلئے کافی ہو سکتا ہے ۔

SETTING UP INDUSTRIAL ESTATES IN MONTGOMERY

*2761. **Mr. Nazir Ahmad :** Will the Parliamentary Secretary of Industries be pleased to state :—

(*a*) the number of Industrial Estates so far established by the West Pakistan Small Industries Corporation along with the number of such estates proposed to be established in the Province during 1966-67;

(*b*) whether Government intend to set up such estates in Montgomery; if so, when if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (a) So far 9 Industrial Estates have been set up by the West Pakistan Small Industries Corporation. Another 8 Industrial Estates are proposed to be established during the 3rd Five Year Plan. Work on some of these estates will be taken up in 1966-67 subject to availability of funds. Final decision in regard to the location of the proposed Estates has not so far been arrived at.

(*b*) In view of reply to (a) above, question does not arise.

SETTING UP OF INDUSTRY IN SHEIKHUPURA DISTRICT

*2810. **Chaudhri Manzur Hussain :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce, be pleased to state:—

(*a*) whether West Pakistan Industrial Development Corporation has set up any Industry in Sheikhupura District; if so, the details thereof;

(*b*) whether there is a proposal to set up any new industry in the said District during the 3rd Five Year Plan; if so, the nature thereof and the amount allocated for the purpose?

Parliamentary Secretary (Khan Mukrram Khan): (*a*) No.

(*b*) No plan at the moment.

SETTING UP OF INDUSTRY IN BACKWARD AREAS OF TAUNSA TEHSIL AND TRIBAL AREAS OF D. G. KHAN

*2858. **Mr. Manzoor Ahmad Khan Qaisrani:** Will the Parliamentary Secretary, Industries, be pleased to state, whether there is any proposal under consideration of Government to set up any Industry in the backward areas of Taunsa Tehsil and the Tribal Areas of D. G. Khan ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان مکرم خان)— جی نہیں ۔ تاہم حکومت نے مغربی پاکستان کی ۲۰۰ صنعتوں کیلئے جدول صنعتی سرمایہ کاری میں ۵۸۶ء۷ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی گنجائش کا اعلان کر دیا ہے ۔ یہ قطعاً پرائیویٹ پارٹیوں کا کام ہے کہ وہ ایسی صنعتوں کیلئے منصوبے مرتب کریں اور نیم خود مختار سرمایہ اندازی ایجنسیوں مثلاً صنعتی ترقیاتی بنک پاکستان کارپوریشن برائے

صنعتی قرضہ و سرمایہ کاری مغربی پاکستان سے زرمبادلہ اور مقامی کرنسی میں قرضہ حاصل کرنے کیلئے رجوع کریں ۔ ان ایجنسیوں میں حکومت کے نمائندے اس غرض کیلئے موجود ہیں کہ وہ یہ اہتمام کر سکیں کہ تونسہ تحصیل ، ڈیرہ غازی خان کے قبائلی علاقوں جیسے پس ماندہ علاقوں کو مقابلتاً ترقی یافتہ علاقوں سے موصول ہونے والی درخواستوں پر ترجیح دی جائے ۔

SETTING UP OF A SUGAR MILL IN SHEIKHUPURA DISTRICT

***2906. Malik Ghulam Ali :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that sugarcane is grown in abundance in the Sheikhupura District ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to establish any sugar mill in the said district ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, (*i*) approximate date on which the sugar mill will be established, (*ii*) the amount allocated therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان مکرم خان) ۔ محکمہ زراعت کے تازہ ترین دستیاب تخمینوں کے مطابق ضلع شیخوپورہ میں سال ۱۹۶۵-۶۶ء کے لئے ۵۲۰۰۰ ایکڑ اراضی پر نیشکر کی کاشت کی گئی ہے ۔

(ب) جی نہیں ۔

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

SETTING UP OF NEW INDUSTRY IN SHEIKHUPURA DISTRICT

***2907. Malik Ghulam Ali :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce, be pleased to state :—

(*a*) whether West Pakistan Industrial Development Corporation has set up any industry in the Sheikhupura District during the last three years; if so, details thereof, if not reasons therefor;

(*b*) whether the said Corporation intend to set up any new industry in the said district during the 3rd Five Year Plan Period; if so, the amount allocated in this regard?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan): (*a*) No. The location of industries set up by the WPIDC depends on the advice of consultants and availability of materials particularly required for such industries.

(*b*) No.

TRANSFER OF SERICULTURE FROM INDUSTRIES TO FOREST DEPARTMENT

*2954. **Sardar Muhammad Ahmad Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government are contemplating to transfer the subject of Sericulture from Industries Department to Forest Department ; if so, reasons therefor ;

(*b*) whether Government propose to lay down any procedure for determination of seniority of the staff working at present in Sericulture Department in the Tribal Areas after their transfer from Industries Department to the Forest Department ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان مکرم خان) —(الف)جی ھاں ۔
(ب) سوال کے اس جزو کا تعلق محکمہ زراعت سے ہے
اور یہ محکمہ ھذا کا کام ہے کہ وہ محکمہ زراعت
کے عملے کے بالمقابل پیلہ پروری کے عملہ کی
سینیارٹی کا تعین کرنے کے لئے اصول وضع کرے
یہ موضوع بھی محکمہ زراعت ھی سے تعلق
رکھتا ہے ۔

INSTALLATION OF A SUGAR MILL IN JHANG DISTRICT

*2963. **Mr. Ghulam Shabir** : Will the Parliamentary Secretary, Industries, be pleased to state, whether there is any proposal under consideration of Government to install a Sugar Mill in Jhang District; if so, the time by which the same will be implemented along with the proposed location of the mill?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان مکرم خان) ۔ جی نہیں ۔

QUESTION OF PRIVILEGE

RE: INCORRECT ANSWER TO STARRED QUESTION NO. 2814 BY THE MINISTER OF BASIC DEMOCRACIES

Mr. Speaker : Now we will take up the privilege motion of Major Muhammad Aslam Jan. He had moved it yesterday. Would Mr. Jan like to make a short statement?

میجر محمد اسلم خان (راولپنڈی - ۱) ۔ جناب سپیکر ۔
اس سے پہلے کہ میں اس پرولیج موشن پر کچھ عرض کروں
میں ایک آدھ بات اس سلسلہ میں یا اس ضمن میں وضاحت
کے طور پر عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ وہ یہ کہ کل اور پرسوں
سے میں یہ سن رہا ھوں کہ لوگوں کا خیال ہے کہ شاید میرا
جو ارادہ پرولیج موشن کے تحریک کرنے کا ہے اس کے ذریعے
میں حکومت پر تنقید کرنا چاھتا ھوں لیکن میں یہ عرض کر
دوں کہ میں اس جماعت سے تعلق رکھتا ھوں جس کو کہ مسلم لیگ

کہتے ہیں - اور اسی کے ٹکٹ پر میں آیا ہوں اور اس کی تمام پالیسیوں سے مجھے اتفاق ہے -

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر- جناب سپیکر — جب کبھی مسلم لیگ کا ذکر میں نے یا میرے ساتھیوں نے کیا آپ نے ہمیشہ اعتراض کیا - ویسے کسی ممبر کا کسی پارٹی سے تعلق رکھنا کوئی برا نہیں - لیکن میں پوچھتا ہوں کہ کیا اس چیز کا اس ایوان سے کوئی تعلق ہے -

مسٹر سپیکر—قطعاً نہیں -

مسٹر حمزہ—محض گورنمنٹ کی خوشامد کرنے کے لئے یہ انہوں نے نیا ڈھب نکالا ہے - کیا یہ چیز مناسب ہے -

مسٹر سپیکر—میجر صاحب ، حمزہ صاحب کو اس پر اعتراض ہے اس لئے آپ ایک مختصر سا بیان اپنے پرولیج موشن کے سلسلہ میں دے سکتے ہیں -

میجر محمد اسلم جان—جناب والا — میرا کوئی تنازعہ یا میرا کوئی عناد جناب وزیر سماجی بہبود مسٹر محمد یاسین خان وٹو سے نہیں ہے اور نہ ہی میں نے اس لئے پرولیج موشن پیش کی ہے کہ مسٹر احمد شاہ کمشنر راولپنڈی سے میری کوئی دشمنی ہے یا میرا کوئی عناد ہے - یہ میں نے ایک اصول پر کیا ہے اور وہ اصول یہ ہے کہ ہمارے کچھ حقوق ہیں ان کے تحفظ کے لئے ان پر بولنے کے لئے ہمیں اجازت ہونی چاہئے - چنانچہ میں اس چیز کی وضاحت کرنی چاہتا تھا اس سے بالکل کسی شخص کو یہ خیال نہیں کرنا چاہئے کہ میری کسی سے دشمنی یا عناد ہے - میں تو صرف اس کی وضاحت کرنی چاہتا ہوں تا کہ آپ لوگ اس کو غلط رنگ میں نہ لیں -

وزیر سماجی بہبود و بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) - آج تو آپ لاء منسٹر کی سی باتیں کر رہے ہیں -

میجر محمد اسلم جان - اس لئے جناب والا مجھے پوری امید ہے کہ جب میں اس موشن پر کچھ عرض کروں تو اس کو کوئی ذاتی رنگ نہیں دیا جائیگا اس سلسلے میں میں یہ عرض

کروں گا کہ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ ہم جب بھی کوئی سوال کرتے ہیں تو کوئی محکمہ اگر اس کا جواب نہ دے سکے یا وہ کچھ ایسی چیز بیان کریں جس سے یہ معلوم ہو کہ جواب گول مول اور evasive ہے تو اس سے ممبر متعلقہ کی تسلی کیسے ہو سکتی ہے۔ تو وہ ایسا جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس سلسلہ میں میں ایک مثال پیش کرنی چاہتا ہوں جو کل ہی ہوئی ہے۔

مسٹر سپیکر—میجر صاحب آپ شارٹ سٹیٹمنٹ دیں جس سے یہ ظاہر ہو کہ آپ کا بریچ آف پرولیج کیسے ہوا اس چیز کے متعلق آپ فرمائیں۔

میجر محمد اسلم جان—اس سلسلے میں ایسی چیزیں عام ہو رہی ہیں اس لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

مسٹر سپیکر—آپ اس کے متعلق فرمائیں کہ یہ غلط جواب کس طرح پر ہے۔

میجر محمد اسلم جان—بہت اچھا جناب۔ جناب والا گزشتہ سال ۳۱ جولائی کو راولپنڈی میں ڈویژنل کونسل کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں مجھے پہلی بار بلایا گیا اور اس کے بعد مجھے نہیں بلایا گیا۔ وہاں پر میں نے کمشنر صاحب راولپنڈی سے پانی کی قلت کے متعلق ایک سوال کیا۔ کمشنر صاحب نے جواب دیا کہ راولپنڈی میں پانی کے متعلق کافی کام ہو رہا ہے اور جو راولپنڈی کے نزدیک راول ڈیم ہے جس پر حکومت نے ڈھائی لاکھ روپیہ خرچ کیا ہے وہاں سے ہیلی واٹر ورکس تک پانی لے جایا جائے گا اور جون ۱۹۶۶ء تک ہر حالت میں راولپنڈی کو ۲۴ گھنٹے پانی مہیا ہوگا۔ اس جواب کے بعد کمشنر صاحب نے ایک پریس سٹیٹمنٹ جاری کیا جو کہ پاکستان ٹائمز اور نوائے وقت میں یکم اگست ۱۹۶۵ء کو شائع ہوا جس کی کاپی جناب والا میں نے اپنے ریزولیوشن کے ساتھ لگا دی تھی۔ اس کے بعد چونکہ ہمیں آج تک پانی مہیا نہیں ہوا اور پانی کی تکلیف دن بدن بڑھتی گئی اور عجیب لوگوں کی حالت ہے اور جس کے متعلق میں نے پچھلے سال اور بجٹ سیشن میں بھی

عرض کیا تھا کہ لوگ اپنے کاموں پر جانے سے پہلے اپنے گھڑے اور بالٹیاں نلکوں کے نیچے رکھ جاتے ہیں اس امید سے کہ جب واپس آئیں گے تو پانی ہوگا ۔ تو یہ ہماری تکالیف تھیں اور جب تک کسی کو معلوم نہ ہو کہ پانی کی کیا تکلیف ہے تو وہ اس وقت تک اس چیز کا احساس نہیں کر سکتا ۔ تو جناب والا جب پانی کا مسئلہ زیر غور آیا تو میں نے پانی کے متعلق ایوان میں تین سوال کئے ۔ پہلا سوال جناب والا یہ تھا کہ آیا راولپنڈی میں حال ہی میں راولپنڈی میونسپل کمیٹی کا ایک ڈرائیور پانی بیچتا ہوا پکڑا گیا ۔ دوسرا سوال یہ تھا کہ آیا جو پانی آپ نے راولپنڈی کو مہیا کرنے کا وعدہ کیا ہے کیا وہ وعدہ پورا ہوا یا نہیں اور تیسرا سوال بھی اسی قسم کا تھا ۔ کمشنر صاحب نے فرمایا کہ پانی کو راول ڈیم سے ہیلی واٹر ورکس تک لانے کی جو سکیم ہے اس کے متعلق یہ ہے کہ چھ سات میل کا فاصلہ ہے ۔ اس کے لئے تعمیر کا کام ہوگا ۔ کھدائی ہوگی ۔ پائپ لگائے جائیں گے تو انہوں نے مزید یہ فرمایا کہ وہ اپنے ساتھ لوکل ایم ۔ پی ایز اور ایم ۔ این ایز کو اپنے پندرہ روزہ دورہ پر لے جایا کریں گے تو کیا وہ ہمیں ساتھ لے کر گئے ۔ تو جناب والا یہ سوال ہے جو کہ specific سوال تھا ۔

"Whether it is a fact that in a meeting of the Divisional Council held in the month of July 1965, the questioner raised the same issue and the Commissioner, Rawalpindi Division informed the Council and later issued a press statement on the 31st July, 1965, that considerable progress had already been made in Rawalpindi Greater Water Supply Scheme and that by June 30th 1966, a 24 hour water supply would be available to the citizens of Rawalpindi. If so whether the same promise has been fulfilled.

تو جناب والا اس کا جواب یعنی محکمہ کا جواب یہ تھا ۔

Yes, for the period of completion indicated was Summer 1967 and not June 1966.

تو جناب والا ۔ میں نے اس کی تکمیل کے متعلق نہیں پوچھا تھا میں نے تو صرف یہ عرض کیا تھا کہ جو وعدہ کیا تھا کہ ہم جون ۱۹۶۶ء تک چوبیس گھنٹے کا پانی مہیا کریں گے وہ پورا ہوا ہے یا نہیں اس لئے کہ جو ہمیں جواب دیا گیا ہے وہ اس کے بالکل برعکس ہے یہ

ہمارے حقوق اور مراعات ہیں کہ ہمیں صحیح جواب دیا جائے اور جو جواب دیا جائے وہ ambiguous اور evasive نہ ہو جناب والا جو ہم یہاں پر سوالات کرتے ہیں وہ دراصل عوام کے مطالبات ہوتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر—کیا آپ نے یہ پوچھا تھا کہ یہ سکیم مکمل کب ہو گی ۔

میجر محمد اسلم جان—جی نہیں ۔

مسٹر سپیکر—میجر صاحب ۔ آپ نے اپنے سوال میں کہا تھا ۔

".....and later issued a press statement on 31st July, 1966 that considerable progress had already been made in the Rawalpindi Greater Water Supply Scheme and that by June 30th 1966, a 24 hourly water supply would be available to the citizens of Rawalpindi."

یعنی آپ صرف ان کے وعدے کے متعلق پوچھ رہے تھے ۔

میجر محمد اسلم جان—کہ انہوں نے اپنا وعدہ پورا کیا یا نہیں ۔ کہ راولپنڈی کے عوام کو ۲۴ گھنٹے کا پانی مل رہا ہے یا نہیں ۔ انہوں نے اس پر نئی شرط لگا دی ہے ۔ اس کا مطلب ہے میں نے غلط کہا ۔ وہ فرماتے ہیں ۔ کہیں میں نے پوچھا تھا آیا یہ پنڈی والوں کو پانی مل رہا ہے ؟ "کہیں" کا مطلب ہے ہاں مل رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر—انہوں نے وعدہ تو کیا تھا لیکن تکمیل کی تاریخ ۱۹۶۷ء میں بتائی اس کا مطلب ہے کہ یہ جواب super fluous تھا ۔

میجر محمد اسلم جان—یہ super fluous تھا اور غلط ہے ۔

مسٹر سپیکر—غلط کیسے ہوا ؟ آپ یہ فرمائیں کہ آپ کے سوال کا جواب incorrect کیسے تھا ؟

میجر محمد اسلم جان—میں یہ پوچھ رہا ہوں کہ لوگوں کو پانی چوبیس گھنٹے ملتا ہے یا نہیں وہ جواب دیتے ہیں ۔

Yes, water is available to the citizens of Rawalpindi for 24 hours.

لیکن اب بھی وہاں لوگ پانی کے لئے ترس رہے ہیں - چھ میل اوپر پانی ہے - صدر صاحب اور گورنر صاحب نے خاص طور پر دلچسپی لی اور ہمارے لئے راول ڈیم بنایا تاکہ ہمیں پانی مہیا ہو -

وزیر بنیادی جمہوریت و سماجی بہبود (سید محمد یاسین خان وٹو)-جناب والا - میں اس سلسلہ میں یہ عرض کرونگا - کہ میرے فاضل دوست کو معاملات کے سمجھنے میں کچھ غلطی ہو گئی ہے یا یہ کہ ان کا منشا یہ ہو کہ اس سوال کا جواب ان الفاظ میں دیا جائے یہ اپنی جگہ پر بات ہے - میں جناب کی اجازت سے اس کا تھوڑا سا پس منظر بیان کرنا چاہتا ہوں - فاضل ممبر صاحب نے اپنے سوال میں یہ ارشاد فرمایا ہے - کہ انہوں نے ڈویژنل کونسل کی میٹنگ میں یہ سوال اٹھایا تھا جس کے جواب میں کمشنر صاحب نے یہ کہا کہ جون ۱۹۶۶ء تک راولپنڈی میں ۲۴ گھنٹے پانی ملنا شروع ہو جائیگا - ان کے ارشاد کے مطابق کوئی پریس سٹیٹمنٹ جاری ہوا اس بارے میں میں جناب والا اس ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ جہاں تک اس واٹر سپلائی سکیم کا تعلق ہے کمشنر اور حکومت کا پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ پوری دلچسپی لے رہے ہیں اور پچھلے سال ۲۰-۱۱-۶۵ کو ہمارے وزیر خزانہ کی صدارت میں ایک میٹنگ ہوئی اس میں میں بھی موجود تھا - اور میرے محکمہ کے دوسرے افسر بھی اور پنڈی کے متعلقہ افسر بھی - کمشنر راولپنڈی بھی-اس میں یہ فیصلہ ہوا کہ اس سکیم میں کچھ ٹیکنیکل باتیں ہیں اس لئے ایک ٹیکنیکل کمیٹی مقرر کی گئی - جس میں کے - ڈی - اے کراچی کے کچھ انجینئر تھے اور لاہور سے بھی کچھ انجینئر تھے - ان سے کہا گیا کہ وہ سکیم کو دیکھ کر ہمیں رپورٹ پیش کریں پھر میٹنگ ہوئی جس کی صدارت میں نے کی - وہ ۷-۱۰-۶۶ کو ہوئی - اس میں اس ٹیکنیکل کمیٹی کی رپورٹ منظور ہوئی - اس سکیم کے اس سال میں دو مراحل ہیں اور دونوں بیک وقت شروع کئے جائیں گئے - اس میں نہ صرف یہ کمیٹی پوری دلچسپی لے رہی ہے بلکہ حکومت اور محکمہ بھی پوری دلچسپی لے رہا ہے

عملی طور پر جو پہلی phase میں کام ہوا ٹھیکیدار نے مناسب کام نہیں کیا - جس کی وجہ سے اس کے ٹھیکے کے بارے میں مناسب اقدام کیا جا رہا ہے - حکومت کو اس امر کا پورا احساس ہے - کہ پانی راولپنڈی واٹر سپلائی ریزروائر تک پہنچنا ضروری ہے اور اس کے لئے مناسب اقدام کیا جا رہا ہے - اس سال کا بجٹ آپ کے سامنے ہے - اس میں دونوں phases کے لئے ۲۰ لاکھ کی تجویز موجود ہے اگرچہ عام حالات میں بہت سی نئی سکیموں کو پیسہ نہیں دیا گیا - مگر پنڈی کے خصوصی حالات اور ضرورت کے تحت اور اس بات کے پیش نظر کہ وہاں کے عوام کو ضرورت ہے اور یہ ہمارے ملک کا دارالخلافہ ہے اور ہماری افواج کا ہیڈ کوارٹر بھی ہے اس سکیم کو پوری اہمیت دی جا رہی ہے - جہاں تک واقعات اور معاملات کا تعلق ہے تو میرا جواب یہ ہے باقی جہاں تک کسی ٹیکنیکل بات کا تعلق ہے تو اصل پوزیشن یہ ہے ڈویژنل کونسل کی جو کارروائی ہے اس میں فاضل ممبر خود موجود تھے - اس دن کی میٹنگ میں جہاں تک کمشنر کی پریس سٹیٹمنٹ منٹ کا تعلق ہے کمشنر نے کوئی پریس سٹیٹمنٹ نہیں دیا - اخبارات نے جو انکی اپنی ہی خبر تھی اس کی بنیاد پر ڈویژنل کونسل کی میٹنگ کی کارروائی کو لکھا ہے اس کارروائی میں یہ اندراج موجود ہیں -

"The Commissioner is reply to the question raised by Major Muhammad Aslam Jan, Bar-at-Law, M. P. A., apprised the House that steps are being taken to overcome the present shortage of water in Rawalpindi city and cantonment area. He said that water would be made available round the clock from the Rawal Dam. He promised to take M. N. As and M. P. As and the Divisional Councillors with him to show the progress of the water supply project."

Mr. Speaker: When was that statement issued ?

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ ہیں جناب اس کارروائی کے minutes - اس کے بعد کمشنر نے ایک بیان جاری کیا - دو میٹنگیں ہو چکی ہیں جس میں قطعی طور پر ساری کارروائی مکمل کر دی گئی ہے - مئی ۱۹۶۶ء میں اخبارات والوں سے بات چیت کے دوران انہوں نے ایک بیان جاری کیا کہ جنوری ۱۹۶۷ء تک یہ دونوں فیزز مکمل ہو جائیں گے - یہ بیان مئی ۱۹۶۶ء میں دیا گیا ہو سکتا ہے اس چیز میں کچھ

میرے فاضل دوست کو اپنی جگہ سمجھنے میں تضاد یا غلطی ہوئی ۔ جہاں تک ہمارا تعلق ہے میرے اس بیان کے بعد یہ بات واضح ہے کہ کوئی غلط اطلاع ہاوس کو نہیں دی گئی بلکہ ہماری کوشش ہمیشہ یہی ہوتی ہے کہ جو بھی واقعات ہوں وہ ایوان کے سامنے رکھ دیئے جائیں ۔ اگر کسی سے غلطی ہو گئی ہو تو ہم اس کی اصلاح کی کوشش کرتے ہیں اور جو بات درست ہو اس کے لئے دیانتداری سے کوشش کرتے ہیں ۔ اگر فاضل اراکین ہم سے مطمئن نہ ہوں اور کہیں کہ فلاں معاملہ میں انکوائری کرائی جائے تو ہم فوراً اس کے لئے تیار ہو جاتے ہیں ۔ ہو سکتا ہے کسی ممبر کو کسی معاملہ میں یہ اختلاف ہو کہ الفاظ یہ نہیں ہونے چاہئیں اور ان کی بجائے یہ ہونے چاہئیں ۔ ڈویژنل کونسل کی میٹنگ میں میرے فاضل دوست نے یہ سوال اٹھایا تھا۔ میں نے عرض کر دیا ہے اخبارات میں اس میٹنگ کی جو روئداد آئی اس کی بنا پر یہ لکھ دیا ۔ پانی کے بارے میں یہ عرض ہے کہ یہ سکیم ایک کروڑ ۴۰ لاکھ کی سکیم ہے ۔ پچھلے سال اس کے لئے ۴۸ لاکھ روپیہ رکھا گیا تھا ۔ اب پچیس لاکھ اور رکھ دیا گیا ہے ۔ وہ پہلا مرحلہ bifuroation point تک ہے ۔ جہاں سے میونسپل کمیٹی کے لئے ہیلی واٹر ورکس تک پانی جائیگا اور کنٹونمنٹ اپنا پانی علیحدہ لے جائے گی ۔ اور جب دوسری phase مکمل ہو جائے گی تو پائپ لائن کی distribution کا کام سارے شہر میں تقسیم آب کے لئے پھر شروع کیا جائیگا ۔ جب دوسرا phase مکمل ہو جائے گا تو جو موجودہ پائپ لائنز ہے اس میں پہلے سے زیادہ تیزی کے ساتھ پانی آئے گا ۔ distribution کے لئے تیسرے phase کا کام بعد میں کیا جائیگا ۔ جہاں تک اس سکیم کی اہمیت کا تعلق ہے حکومت اس کام کو پہلے ہی کر رہی ہے ۔ سوال ۔ جواب اور کمشنر کی پریس سٹیٹ منٹ تو میں نے پہلے عرض کر دی ہے ۔ اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ میرے فاضل دوست کے ارشادات کا جواب غلط نہیں دیا گیا ہے یہ غلط فہمی میں مبتلا ہیں ۔ ان گزارشات کے ساتھ جناب والا میں عرض کروں گا کہ اس پرولیج موشن کو rule out of order کر دیا جائے ۔

میجر محمد اسلم جان۔ جناب والا۔۔۔ویسا کہ وزیر سماجی بہبود نے فرمایا ہے کہ غلط فہمی ہوئی ہے مجھے غلط فہمی سننے میں تو ہو سکتی ہے لیکن بعد میں پریس سٹیٹمنٹ جو اگست ۱۹۶۵ء میں پاکستان ٹائمز میں چھپی ہے وہ یہ ہے ۔ "Water supply for city by June next" تو ۱۹۶۵ء سے ۱۹۶۶ء ہو سکتا ہے اس میں غلط فہمی ہو سکتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس سٹیٹمنٹ کے بعد کیا آپ اس موشن کو press کرتے ہیں ۔

وزیر سماجی بہبود ۔ جناب والا اخبارات کی سٹیٹمنٹ کے ہم پابند نہیں ہیں ۔ ۱۹۶۶ء تک یہ ہونا ہے ۔ جہاں تک ریکارڈ کا تعلق ہے ڈویژنل کونسل کے ریکارڈ میں فاضل ممبر کا نام بھی موجود ہے ۔ فاضل ممبر کے سوال کے بارے میں کمشنر نے جو assurance دی تھی وہ بھی موجود ہے ۔ فاضل ممبر نے خود تقریر فرمائی تھی ۔ اخبار متعلقہ کی رپورٹنگ نادرست ہو سکتی ہے ۔ جناب والا میں نے پوزیشن کو explain کر دیا ہے اگر اس کے باوجود میرے فاضل دوست مطمئن نہیں ہیں تو میں عرض کروں گا کہ اس موشن کو rule out of order کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker : Does the Member press his motion after the statement of the Minister ?

میجر محمد اسلم جان ۔ جہاں تک مجھے غلط فہمی ہونیکا سوال ہے . . . . . .

Mr. Speaker : The Member has heard everything. Now does he press his motion ?

Major Muhammad Aslam Jan :In that case Sir, I will press this motion. Instead of the Minister saying that he would make an enquiry from the Commissioner as to why he had given an incorrect reply to the department.

بجائے اسکے . . . . . .

Minister of Law : Would you Sir permit me to make an appeal to the member.

جناب والا۔۔۔میں صرف میجر محمد اسلم صاحب کو یہ عرض کروں گا کہ اخبار والے غلطیاں خصوصاً پاکستان ٹائمز والے کبھی کبھی کر لیتے ہیں اس کو اس light میں لینا چاہیے

I appeal to him that he may not press his motion.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ''نزلہ بر عضو ضعیف'' بار اخبار پر پڑ جاتا ہے ۔ آپ نے اخباروں کو عجیب تماشا

بنا رکھا ہے ۔ غلطیاں آپ کی ہوتی ہیں اور ذمے ان کے لگاتے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ وزیر قانون صاحب نے اس کے متعلق پہلے بھی کچھ فرمایا تھا ۔ ان کے کہنے پر میں اس موشن کو press نہیں کرتا ۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

ADJOURNMENT MOTIONS

MURDER OF AN ACCUSED WHILE IN POLICE CUSTODY BETWEEN JHELUM AND GUJRAT (*Concld.*)

Mr. Speaker : We will now take up the adjournment motions. Adjournment motion No. 23 given notice of by Mr. Hamza was deferred for today. It was about the murder in Gujrat.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): With your permission, Sir, I would like to place before the House a short note, and I believe the member will be satisfied and may not press his motion.

On the basis of the report received from the S. P. Gujrat, the brief facts of the case are that one Muhammad Zaman Gujrat of Chillianwala of District Gujrat, an under-trial prisoner, was confined in the District Jail, Jhelum, and was wanted in case No. 8, dated the 18th February 1965 under sections 207 and 394 of Pakistan Penal Code, Police Station Dinga, District Gujrat, on 9th June 1966. At about 7-15 a.m. one Head Constable and two Foot Constables, one of them armed with a service rifle, were travelling in Bus No. 5287 G. T. along with the under-trial prisoner to be produced in the court of A. D. M., Gujrat. The same day some persons boarded the Bus at Sarai Alamgir. When the bus reached near mile No. 94/7, bullets were shot at Muhammad Zaman, under-trial prisoner. The head constable incharge of the escort saw three passengers armed with revolvers firing at the under-trial prisoner from the rear of the bus. The bullets hit Muhammad Zaman in the head and back. The head constable grapoled with one of the accused and during the scuffle sustained injuries. The bus was stopped by the driver and in the meanwhile 11-12 persons armed with rifles were seen emerging from the road-side bushes and opened fire in the air presumably with a view to frighten the travellers in the bus. In the ensuing panic and pandemonium the passengers ran away helter skelter out of fear and all the accused persons managed to make good their escape. The head constable incharge reported the matter at the Police Station Kharian at 8—30 a.m. on 9-6-66, on which F.I.R. under section 302 had been registered at the Kharian Police Station.

The District Inspector has proceeded to the spot with the investigation in hand. No arrest has been effected so far. Further development of the case would be reported in due course. S. P. Gujrat has moved the Superintendent of Police, Jhelum to place both the head constable and the two foot constables on escort duty under suspension for dereliction of duty.

The record shows that this Muhammad Zaman who was shot dead, was an under-trial prisoner in the following five cases on various charges under sections 307, 394, 307 and 302. As far as the adequacy or otherwise of the escort guard was concerned, the guard was adequate for the under-trial as per rules.

These are the facts. Undoubtedly, this is a dereliction on the part of the escort party the head constable and the two foot constables, and as I said, they have

been put under suspension. After due enquiry, which is allowed under the law and the rules, I assure the member on the floor of this House that condign punishment will be meted out to those who have failed in their duty. We expect that this dastardly crime, this cold-blooded murder will be brought to book.

It appears that this unfortunate man who was facing trial under five cases, probably, had some enemies who took chance of his being escorted to the court, got into the bus duly and fully armed and brought about this unfortunate incident. We regret very much that this has happened but under the circumstances as narrated by me before this House I personally believe that there has been no default on the part of the Police while escorting the deceased exceptthat after this incident took place a little more care was necessary particularly when the Head Constable was armed with rifle and it could have been used. We could not anticipate it. They will have to face the inquiry and, may be, under the cricumstances the Head Constable could not fire his rifle inside the bust because it might have caused some other innocent death or murder. I am not defending or holding any brief for the police. The failure of duty is there and I hope they will meet with the fate they amply deserve.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر قانون کا ممنون ہوں انہوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ اگر پولیس پارٹی (escort) جو کہ مسلح تھی اپنے فرائض صحیح طور پر ادا کرتی تو یہ صورت حال یا یہ واقعہ معرض وجود میں نہ آتا میں ان کی خدمت میں اتنا عرض کرنے کے بعد اس تحریک التوا کو مزید press تو نہیں کرونگا لیکن ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ مغربی پاکستان کے صوبے میں عام طور پر پولیس کے بارے میں کہا جاتا ہے اور مجھے بھی ذاتی طور پر یہ علم ہے کہ مرغیوں کا گوشت کھا کھا کر انہوں نے مرغیاں مہنگی کر دی ہیں لیکن جب جان دینے کا وقت آتا ہے تو وہ بھاگ جاتے ہیں اور جنگ کے دوران بھی انہوں نے یہی کیا اس چیز کے پیش نظر میں آپ سے یہ کہونگا کہ آپ اس بارے میں سخت اقدامات کریں اور جنہوں نے جرات مندی سے کام لیا انکی حوصلہ افزائی کریں اور جو اس قسم کی بزدلی دکھاتے ہیں انکو سخت سزائیں دیں تا کہ اس طرح سے دوسرے لوگوں کو تنبیہ ہو سکے اور مغربی پاکستان میں بسنے والے عام لوگوں کی جان و مال کی زیادہ صحیح طریقے پر حفاظت کرسکیں ۔

Mr. Speaker : Does the Member press it ?

مسٹر حمزہ—اب میں امید کرتا ہوں کہ وہ میری ان معروضات کے پیش نظر (اور قائد ایوان بھی میری طرف دیکھ کر سر ہلا رہے ہیں) بخوشی اس سلسلے میں ضرور ہی کچھ نہ کچھ کریں گے اس لیئے میں اس تحریک التوا کو press نہیں کرتا ۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

DETERIORATION OF LAW AND ORDER SITUATION IN FORMER BALUCHISTAN AND SIND REGION—*contd.*

Mr. Speaker : Next adjournment motion is also by Mr. Hamza who has already asked for leave to move it.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varai Memon): Yes Sir.

Sir, apart from the technical objection I had hinted at the other day when this motion was read here in this House that this motion dealt not with one specific instance but with more murders, more injuries and more dacoities; still I would place the facts before the House as I promised the other day. I hope again that the member will see his way not to press it in the light of facts which are these :—

"Late Mr. Inayat Ullah Khan, S.P./Special Branch Quetta-Kalat Region, who was proceeding to Hyderabad on an official enquiry along with his wife and two sons, aged 6 and 8 years, was murdered by two unknown assailants between 1·40 a.m. and 1.44 a.m. the time when the passenger train (44 Down) left Nuttal Railway Station, a 'B' area, and the time when the train was pulled to a stop. Late Mr. Inayat Ullah Khan was travelling in a first-class coupe of the Quetta Passenger which left Quetta at 5 p.m. on 10-6-66. It is reported that the window of the coupe was left open for fresh air as the fans had gone out of order. It cannot be said with any certainty, but according to the reports that have been received so far, the murderers probably entered the train at Nuttal Railway Station and committed the heinous crime by entering the coupe through the open window when the train left that station at 1·40 a.m. on 11-6-66. It has not yet been verified from the wife of the deceased as to how the train was pulled to a halt. She is in mourning and is not in a mood to come out with full facts as are within her knowledge — the incident being so very recent — but we expect that they will be brought around and will come to light. The assailant inflicted 16 dagger-knife wounds and did him to death. When the train came to a halt, on the chain being pulled, the assailants escaped into darkness before anybody could realise either the gravity of the situation or the occurrence of the murder. It is too premature to hazard any guess about the motive of the offence. Late Mr. Inayat Ullah was sleeping on the upper berth of the coupe. The description of the assailants has been given as wearing beards and loose mazri clothes. A blood-stained knife and ten paisa coins have been found near the track close to the outer signal. S.P./Karachi alongwith two of his D.S.Ps. S.P./Quetta and D.I.G./Railways have arrived at the scene of occurrence and are engaged in investigations. D.I.G./Quetta and Commissioner/Kalat have also visited the scene of occurrence. The coupe in which the crime took place was allowed to proceed to Sukkur for detailed examination at Sukkur".

It would, therefore, show that this crime has been committed by some unknown persons. Probably, it seems, they did not see eye to eye with the deceased because it is evident from the fact that his two sons were also there but, they escaped unhurt and they have not been molested. In any case it is premature to say anything at this stage. All the possible resources of the Government and the most senior officers, available round about and even here at Lahore, have been put in charge of the investigation of this crime and we expect the crime will be unearthed after facts are collected and obtained from the widow of this unfortunate S. P. It is a very unfortunate incident and our hearts go to the bereaved in grief. We condole with the family but it was ordained by nature that he had to lose his life under these circumstances. Undoubtedly, it is a very sad and sudden death but God's ways are very peculiar. Those whom God loves die young, we can only say at this stage. I would, therefore, request the member not to press his motion.

مسٹر خمزہ(لائلپور-٦) - جناب سپیکر - جناب وزیر قانون نے جن جذبات کا اظہار کیا ہے ان میں میں برابر کا شریک ہوں اور مجھے بڑا دکھ ہے کہ ہمارے ایک محافظ محکمے کے اتنے اہم افسر بھی اس قسم کے واقعہ کا

شکار ہوئے۔میں نے اپنی تحریک التوا میں دوسرے دس آدمیوں کے قتل کئے جانے کا بھی ذکر کیا تھا دراصل میں نے یہ تحریک التوا سیاسی اختلافات کی بنا پر پیش نہ میں کی بلکہ مجھے اور مغربی پاکستان کی عام آبادی کو یہ احساس ہے کہ ہمارے ہاں امن و امان کی صورت حال روز بروز مخدوش ہوتی جارہی ہے اور اس سلسلے میں میں آج کے ''پاکستان ٹائمز'' کی ایک خبر کا کچھ حصہ آپکی خدمت میں پڑھ کر سناتا ہوں۔

"..Theft in city localities....lack of action emboldens criminals"

''پاکستان ٹائمز'' میں جو یہ تبصرہ چھپا ہے آپ اس سے اندازہ فرمائیں کہ جوں جوں وقت گزرتا جارہا ہے مغربی پاکستان میں امن و امان کی حالت دگرگوں ہوتی جارہی ہے۔میرے خیال میں ریاست کا تصور جس دن بھی کسی شخص کے ذہن میں آیا تھا تو یہ محض اسوجہ سے تھا کہ لوگ امن و امان کی زندگی بسر کر سکیں کیونکہ اس کے بغیر لوگوں کی عزت جان و مال محفوظ نہیں رہ سکتے اور ریاست کا اولین فرض یہ ہوتا ہے کہ لوگوں کی عزت جان مال کا تحفظ کرے۔میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت اس معاملے میں بری طرح ناکام رہی ہے اور آج تک ہماری حکومت نے ایسے کسی بھی معاملے کو اہم نہیں سمجھا کہ جس کے متعلق تحریک التوا admit کرنے کے بعد اس پر غور کرے۔

Mr. Speaker : Is'nt the member discussing the motion itself ?

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ایک نہایت ہی نازک اور اہم مسئلہ ہے اور اگر جناب وزیر قانون ہم پر نہ بھی رحم کریں کہ ہم تو تھوڑے سے ہیں بلکہ مغربی پاکستان کے صوبے کی آبادی پر رحم کریں کہ اس تحریک التوا پر دو گھنٹے کے لئے بحث ہو جائے تاکہ تمام مکتب خیال کے لوگ اس پر اظہار رائے کر سکیں اور حکومت ان سے مشورہ کرے۔ کہ کن خطوط پر چل کر وہ عوام کی جان و مال کی زیادہ صحیح طریقے پر حفاظت کر سکتی ہے۔

Mr. Speaker : Does the member still press it inspite of the statement given by the learned Law Minister?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ میں نے جو دوسرا واقعہ بیان کیا ہے اسکے بارے میں تو انہوں نے کچھ فرمایا ہی نہیں۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ عام نظم و نسق کی حالت کے متعلق ہے اور اس پر بحث کرنے کیلئے آپ کو بجٹ پر عام بحث کے دوران میں وقت مل جائے گا۔

مسٹر حمزہ - اسکا یہ مطلب ہوا کہ آپ بھی یہی فرماتے ہیں کہ میں اس تحریک التوا کو واپس لے لوں -

مسٹر سپیکر - نہیں - میں نہیں کہتا -

مسٹر حمزہ - آپ نے اشارۃ فرما دیا ہے اس لئے میں تحریک التوا کو press نہیں کرتا -

وزیر قانون(مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) - حمزہ صاحب میں یہ عرض کروں گا کہ پاکستان ٹائمز میں جو کچھ دیا گیا ہے اور لاہور شہر میں جو کچھ ہو رہا ہے میں با ادب عرض کروں گا کہ اگر ان باتوں کو زیادہ ابھارا جائے گا تو اس سے غنڈوں اور لوفروں کو encouragement ملتی ہے - آپ ذرا خود بھی سوچیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا - اتنی جانوں کا ضیاع ہوا ہے اور اتنے افسوسناک واقعات پیش آئے ہیں جس سے میں سمجھتا ہوں کہ ہر ایک کا دل متاثر ہوا ہے - کیا یہ مناسب نہیں ہو گا کہ ہم ان کے لئے دعائے مغفرت اور دعائے خیر ہی کر لیں -

مسٹر سپیکر - فاروقی صاحب عام طور پر ایسا کوئی parliamentary precedent نہیں -

SHORTAGE OF CANAL WATER IN CHISHTIAN, DISTRICT BAHAWALNAGAR

Mr. Speaker : Next motion, Sahibzada Noor Hassan.

Sahibzada Noor Hassan (Bahawalnagar IV) : Sir, I beg to ask for leave to make a motion that the business of the Assembly be adjourned to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the situation caused by the shortage of canal waters in Tehsil Chishtian, District Bahawalnagar which has caused grave situation and the people of that particular area have demanded that the area be declared a calamity area. This is a matter of vital public importance and needs to be discussed immediately.

Mr. Speaker : Is there any opposition to this motion?

Minister for Revenue (Khan Habibullan Khan) : Sir I rise to oppose this adjournment motion not because we have no sympathies with the cultivators of that area but, keeping aside their hardships and needs, I oppose it on technical grounds. As, you are aware Sir, adjournment motion must be self-contained and self explanatory and it should also fulfil certain conditions laid down in the Rules of Procedure. In this connection, I will just invite your kind attention to the relevant Rule 47 & also to Rule 49. Rule 47 says—

> "a motion for an adjournment of the business of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of recent and urgent public importance may be made with the consent of the Speaker."

And then Sir, rule 49 places some restrictions on the right enabling one to make an adjournment motion. It says:

"The motion shall relate to a single specific matter of recent occurrence."

Now Sir, you will observe that the text of the motion is this "situation caused by the shortage of canal waters in Tehsil Chishtian, District Bahawalnagar, which has caused grave situation and the people of that particular area have demanded that the area be declared as 'Calamity Area'." Now Sir, it has not been made clear as to what is the damage suffered by the people due to shortage of water supplies as there are, as far as I have been able to ascertain, 4 canals in that area and the motion does not mention as to in which of the canals the shortage of water-supply has occurred.

Mr. Speaker : All these canals are running in Tehsil Chishtian, District Bahawalnagar?

Minister for Revenue : Yes Sir. And they also run in some other tehsils. But here it has not been specified as to in which of the canals the shortage of water-supply has occurred. Secondly Sir, it has been asserted in the adjournment motion that a situation has been created which calls for a declaration of Calamity in that area. Now again it has not been made clear as to what damage has been caused. As you know Sir, there was Rabi crop last year and now this is the season of Kharif. We don't know to which crop does he refer. We are already aware that Rabi was wasted and Kharif is now being sown.

Thirdly Sir, time has not been specified as to when this shortage of water-supply took place. Whether it has taken place recently or it occurred some time back. According to my information Sir, the Tehsil Council met on the 11th May and they also gave ventilation to the same grievances. I will refer Sir, to a letter sent by the Secretary, and Development Officer of Basic Democracies, in which he had made a reference to a meeting of the Tehsil Council held on 11th May. This has been addressed to the Minister for Irrigation who has marked it to me.

The Secretary of the Tehsil Council says, "Sir, I have the honour to submit herewith a copy of the resolution of the Tehsil Council Chishtian meeting held on 11th May, 1966 demanding Chishtian Tehsil to be declared as 'Calamity Area'. This is in continuation of this Office No. 16-15, dated 11th May, 1966."

As a matter of fact, Tehsil Council Chishtian held a meeting on the 11th May, and, as it was said, they passed a resolution in which it was stated that due to certain circumstances and troubles regarding shortage of water, drought and lack of drinking water and so many other things and also the failure of the crop, a situation has been created which calls for declaration of calamity in that area. This was stated as far back as 11th May. Hence, as I have already stated, it is not a matter of recent occurrence. This thing is continuous at least for the last 5 weeks. Had this been of recent occurrence, of course, I could not have objected to it on that ground. It will be admitted and conceded by the mover of the adjournment motion that he should not have been ignorant of the State of affairs if they existed since.

So about the nature of the situation as to whether it is of recent occurrence, definite or indefinite, I have already submitted. I may further submit that the system of land revenue assessment in that area is such that if the crops fail, the people get this automatic relief in the case of failure of crops and I can the Member, that they will be given relief as allowed under the Rules. It is the policy of the Government. According to that Sir, as I may explain, if damages in Rabi are between 6 annas and less than 8 annas, they will get 25%; if they are 4 annas and less than 6 annas, 50% relief will be given but if these are less

than 4 annas, then 100%. These are the rules. I am also submitting Sir, an information which has been given by the Chief Engineer, Irrigation about the so-called shortage of canal waters. It is as follows:—

"It is a fact that supplies in the rivers had been at their lowest during Rabi 1965-66 and Kharif 1966. Added to this was the September 1965 war, which caused the diversion of Pakistan share in the Indian territory. This resulted in short supplies generally on all the Sutlej Valley Project Canals. The concerned Chief Engineer reports that whatever was humanly possible was done to feed this canal during Rabi 1965-66. The supplies available from B.S. Link were run in Sadiqia Canal and Fordwah Canal and the channels of Chishtian Tehsil received their share of supply. This general shortage in river Sutlej cannot be made up unless Balloki Sulemanki Link II, Qadirabad Balloki Link and Rasul Qadirabad Link are completed to transfer supplies from river Jhelum.

"The concerned officers report that there is no unrest among the people. The Fordwah Canal is also now running according to availability of supplies which have improved recently. The local officers state that there are no such conditions in the field which warrant the declaration of the area in question as a calamity area."

My submission is that in the circumstances of the case, as I have submitted already this area cannot be declared as a calamity area for the simple reason that under section 3 of the West Pakistan National Calamities Act only that area can be declared as a calamity area where damage is suffered on account of either fire or flood or hailstorm, locust or epidemic or some other such thing. The shortage of canal water cannot be a ground for declaring an area as a calamity-affected area. If there is, however, shortage of food-grains, fodder or drinking water then I can assure the Member, through you, that all suitable steps will be taken to give relief to the people and the authorities concerned would see that people's hardships are removed as far as humanly possible.

So, to sum up, there are two things. So far as the question of declaring an area as a calamity area is concerned under the law it cannot be done because the so-called damage suffered by the people is not due to fire, epidemic, hailstorm, locust or such other calamity. Therefore it cannot be declared a calamity area. Secondly, if there is any hardship caused to the people because of the failure of the crop they will get relief, as I have already submitted in land revenue. If it is a question of fodder or food-grains or drinking water the appropriate authority will take all possible steps to relieve the hardship of the people and help them as far as possible.

With these few words I hope and I am confident that the Member, in view of the situation I have explained and in view of the assurances given to him would agree to withdraw his adjournment motion.

صاحبزادہ نور حسن - water shortage کے سلسلے میں وزیر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے میں اسکے متعلق کچھ عرض کروں گا - عرض یہ ہے کہ جو نہریں ہیں وہ صرف تحصیل چشتیاں فورٹ عباس اور بہاولنگر کو irrigate کرتی ہیں -

مسٹر سپیکر - صاحبزادہ صاحب چشتیاں میں کتنی نہریں ہیں -

صاحبزادہ نور حسن - چشتیاں میں دو تین نہریں ہیں جو چشتیاں اور فورٹ عباس کو irrigate کرتی ہیں - اور اسمیں یہ بھی لکھا ہوا ہے -

There is shortage of water in Fort Abbas Tehsil also.

نمبر (۲) عرض یہ ہے کہ وزیر صاحب فرماتے ہیں کہ اسمیں specifically mention نہیں ہے کہ کونسی crop affect ہوئی ہے - اسکے متعلق عرض ہے کہ ربیع crop میں جسکا ۲۰ ایکڑ رقبہ ہے وہ اب دو ایکڑ بھی کاشت نہیں کر سکتا اور خریف کی پوزیشن بھی بہت خراب ہے -

مسٹر سپیکر— یہ صورت حال کب سے پیدا ہوئی ہے

صاحبزادہ نور حسن— یہ صورت حال بہت دنوں سے ہے اور اب لوگوں نے اپنے اپنے گھروں سے بھی نکلنا شروع کردیا ہے -

مسٹر سپیکر— water shortage کی تکلیف کب سے ہے -

صاحب زادہ نور حسن— جناب اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ اس تکلیف سے لوگ اب اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ انہوں نے گھروں سے بھی نکلنا شروع کر دیا ہے اور یہ تکلیف بہت دنوں سے ہے اور foddes crop کی اتنی تنگی ہے کہ لوگ جانوروں کو درختوں کے پتے توڑ توڑ کر چارہ کے طور پر کھلاتے ہیں - اب انہوں نے فرمایا ہے کہ

Relief should be provided in the form of remittance of land revenue.

تو میں یہ عرض کروں گا کہ صرف لینڈ ریونیو کی remittance کافی نہیں ہے بلکہ ایسے measures adopt کرنے چاہئیں کہ وہاں بھوسہ وغیرہ باہر سے پہنچانے کی اجازت ہو اور اس کی سپلائی کی جا سکے - وہاں کے لوکل آفیسرز کہتے ہیں that it should not be declared calamity area کیونکہ وہاں نہ hail storm آیا اور نہ locust swarm آئے — مگر جناب والا— water shortage is in itself a calamity

واٹر سپلائی کے سلسلے میں انہوں نے جو کچھ assurance دی ہے مجھے یقین ہے کہ وہ اس سلسلے میں کافی اقدامات کریں گے اور توجہ فرمائیں گے اور اس سلسلے میں کافی سے زیادہ توجہ فرمائیں گے تاکہ لوگوں کو وہاں ریلیف ملے -

Mr. Speaker : Does the Member press his motion or not ?

Sahibzada Noor Hasan : In view of the assurance given by the Minister I do not press the motion.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT 1965-66

DISCUSSION ON EXPENDITURE CHARGED UPON THE PROVINCIAL CONSOLIDATED FUND

Mr. Speaker : The House will now have discussion on Expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund as shown in the Supplementary Budget Statement of 1965-66. Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۸) :جناب والا—یہ کوئی ۱۹ کروڑ ۳۶ لاکھ کا ضمنی مطالبہ زر سنہ ۱۹۶۶—۱۹۶۵ کے لئے ہے جب میں نے اس کی تفصیلات کو پہلی نظر میں دیکھا تو اس وقت میرا تاثر یہ تھا کہ اس پر کسی زیادہ گفتگو کی ضرورت نہیں ہے اور اس کی دو وجوہات تھیں۔ ایک تو یہ کہ یہ سارا سر charged expenditure ہے جس میں اس ایوان کے اختیارات محدود ہیں یعنی صرف ہم بحث میں حصہ لے سکتے ہیں ہمیں اس میں ترمیم و اضافہ کا کوئی حق حاصل نہیں ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ باوجود اس کے کہ یہ ۱۹ کروڑ ۳۶ لاکھ روپے کا مطالبہ زر ہے لیکن صوبے کے دو کروڑ کے بجٹ میں یہ صرف ۱۰ فیصدی کا اضافی خرچ ہے اور ظاہر ہے کہ بجٹ بناتے وقت جو لوگ اس پر کام کرتے ہیں وہ سب انسانی ذہن اور انسانی دماغ سے ہی سوچتے ہیں اور انسانی ذہن بہت دور تک آگے نہیں دیکھ سکتا اس لئے اخراجات میں کمی بیشی ہونا یہ بالکل normal اور فطری ہے ۔ اسلئے میں نے تقریر نہ کرنا طے کیا تھا کیونکہ میں بلا وجہ تنقید کرنے اور ایوان کا وقت ضائع کرنے کا عادی نہیں ہوں لیکن جب میں نے دوبارہ اس کے اعداد و شمار کا تفصیل سے جائزہ لیا تو میں نے محسوس کیا کہ اگر میں وزیر مالیات اور اس ایوان کو دو تین چیزوں کی طرف متوجہ نہ کروں تو میں اپنے فرض سے کوتاہی کرونگا پہلی چیز یہ ہے کہ اس ۵—صفحہ کی دستاویز میں کم سے کم دو نہایت اہم غلطیاں ہیں یہ اعداد و شمار کی غلطیاں ہیں یا ٹائپ کی غلطیاں ہیں۔ بہر حال یہ غلطیاں موجود ہیں جنہیں میں اب بتاؤں گا۔ اس اہم دستاویز میں اس طرح کی غلطیوں کا راہ پا جانا میں سمجھتا ہوں کہ یہ وزیر مال یا ان کے عملہ کی کار کردگی پر کوئی اچھا تاثر نہیں چھوڑتا اب اس کے صفحہ ۳ پر جہاں پر کہ "interest on permanent loans" کا ذکر ہے ۔

(۱) پر اس میں آپ فرماتے ہیں

"The *ad hoc* provision of Rs. 20,25,000 made at that time, has proved to be insufficient, Thus there is an excess of Rs. 19,04,970..."

Mr. Speaker. The member may please take his seat. The House is adjourned for twenty minutes for tea break.

The Assembly then adjourned till 11-00 *a.m.*

The Assembly met at 11-00 *a.m. Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusuf Ali Shah, in the Chair.*

Mr. Senior Deputy Speaker: Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی : جناب والا میں عرض کر رہا تھا کہ جب میں نے ۵ صفحوں پر مشتمل Supplementary Budget Statement کا غور سے مطالعہ کیا تو میں نے محسوس کیا کہ اس میں تین چیزیں ایسی ہیں کہ اگر میں وزیر مالیات اور اس معزز ایوان کو اس طرف متوجہ نہ کراؤں تو میرے خیال میں میں اپنے فرض سے کوتاہی کرونگا جناب والا ۔ یہ ایک بہت چھوٹا سا document ہے ۔ اور اس میں جو ٹائپ کی غلطیاں ہیں وہ بہت اہم ہیں ۔ اتنے چھوٹے document میں غلطیوں کا راہ پا جانا آپ کی کار کردگی پر کوئی اچھا تاثر نہیں چھوڑتا اسی کے صفحہ ۳ پر فرماتے ہیں :-

A-1-Interest on Permanent Loans-A-1-(10).

.....The *ad hos* provision of Rs. 20,25,000 made at that time has proved to be insufficient. Thus there is an excess of Rs.19,04,970 of which Rs. 58,650 can be met out of Savings within the appropriation. Accordingly a supplementary appropriation of Rs. 19,04,970 is required.

اس میں پہلی فگر ۱۹,۰۴,۹۷۰ کی ہے ۔ حالانکہ یہ فگر ۱۹,۶۳,۶۲۰ ہونی چاہئے جو ۱۹,۰۴,۹۷۰ اور ۵۸,۶۵۰ کا مجموعہ ہے اسی طرح سے صفحہ ۴ پر آئٹم ۶ میں آپ فرماتے ہیں ۔

B-Interest on Unfunded Debt-B-5 (i)-Interest on General Provident Fund.

.....The expenditure is usually of a fluctuating nature. Against the budget provision of Rs. 71,20,000, the audit office have proposed Rs. 94,14,000. This has resulted in an excess of Rs. 24,94,000 of which Rs. 2,000 can be met from savings within the appropriation. Hence a net supplementary appropriation of Rs. 24,91,100 is required.

یعنی آپ کے اخراجات کے بارے میں آڈٹ والوں نے جو رقم propose کی ہے ۔ وہ ۹۴ لاکھ ۱۴ ہزار روپے تھی ۔ اس کے مقابلہ میں آپ کے پاس پہلے بجٹ میں جو پرووِیژن موجود ہے وہ ۷۱ لاکھ ۲۰ ہزار روپے ہے ۔ اسطرح زائد رقم ۲۲ لاکھ ۹۴ ہزار ہے اور ۲۴ لاکھ ۹۴ ہزار نہیں بنتی ۔ یا تو یہ ۷۱ لاکھ ۲۰ ہزار کی فگر غلط ہے یا ۹۴ لاکھ ۱۴ ہزار کی فگر غلط ہے یا ۲۴ لاکھ ۹۱ ہزار ایک سو کی فگر غلط ہے ۔ ان تین اعداد میں سے ایک ضرور غلط ہوگی ۔ اگر دونوں کو جمع تفریق کریں تو ۲۲ لاکھ ۹۴ ہزار بنتی ہے ۔ اگر یہ تینوں

فگرز غلط ہیں تو آپ کی ڈیمانڈ سرے سے ہی غلط ہو جاتی ہے -

جناب والا—میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ بہت بڑے بجٹ میں جو کئی سو صفحات پر مشتمل ہوتا ہے اور اسکی ہزاروں مدیں ہوتی ہیں - اس میں اس طرح کی تفریق و جمع کی غلطیاں ہو جانا قابل معافی ہے - بہر حال انسانی دماغ ہے مشین نہیں جو غلطی نہیں کر سکتا - لیکن اس چھوٹے سے سپلیمنٹری بجٹ میں جو پانچ صفحات پر مشتمل ہے دو تفریق کی اہم غلطیاں آپ کی کارکردگی پر کوئی اچھا تاثر نہیں چھوڑتی ہیں -

جناب والا—دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا تھا وہ یہ ہے کہ اس میں تمام اخراجات سود سے متعلق ہیں - میں جانتا ہوں کہ حکومت کی پالیسی سود لینے ایا دینے کے بارے میں کیا ہے لیکن میں بحیثیت مسلمان اپنا یہ فرض سمجھتا ہوں کہ جب بھی میرے سامنے کوئی ایسا مسودہ قانون - کوئی بل - کوئی مطالبہ زر یا کوئی بجٹ یا کوئی سٹیٹمنٹ آئے جس میں سود لینے اور دینے کا ذکر ہو تو میں اپنے دین سے غداری کروں گا اگر میں پیش کرنے والے کو اسکی طرف متوجہ نہیں کراتا کہ اسلام میں سود کی کیا حیثیت ہے - میں جانتا ہوں کہ یہ آپ کی طے شدہ پالیسی ہے اور شاید آپ اس پر نظرثانی کرنے کو تیار نہیں ہیں - لیکن اپنا فرض ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتا - میں آپ کو ضرور یہ بات بتاتا رہوں گا - اگر آپ ایک دفعہ نہیں ایک ہزار دفعہ بھی بجٹ سٹیٹمنٹ یا کسی ڈیمانڈ میں سود کے لینے یا دینے کا تذکرہ کریں گے تو میں ہزار مرتبہ یہ بات کہوں گا کہ :

"شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات"

سود کے بارے میں اسلام کے بالکل واضح احکام ہیں اور آج ۱۴ سو سال کے بعد بھی اس میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوا - تمام فقہاء اسلام - تمام علماء کرام اس بات پر متفق ہیں کہ سود لینا اور دینا دونوں حرام ہیں

خود آپ کی مقرر کردہ اسلامک ایڈوائزری کونسل غیر مبہم اور واضح الفاظ میں اپنی رائے کا اظہار کر چکی ہے کہ سود لینا اور دینا حرام ہے - تو اگر سود بجٹ میں شامل ہے تو یہ تمام اسلامی احکام کے خلاف ہے اور ناجائز ہے - آپ کا وہ دستور جو آپ نے اپنے ہاتھوں سے بنایا ہوا ہے اس میں آپ نے طے کیا ہے کہ سود اور ربا کو بند کرنے کی کوشش کی جائے گی لیکن اس کے باوجود آپ کی حکومت میں اس کو کہیں ختم ہوتے ہوئے نہیں دیکھتا اور نہ یہ دیکھ رہا ہوں کہ آپ اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرنے کو تیار ہیں - یہ میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ میں آپ کو اسکے متعلق بتاتا رہوں اور میں بتاتا رہوں گا -

جناب والا— یہ اس بجٹ میں تین اخراجات ہیں اور یہ تمام اضافی اخراجات محاصل کے ہیں جو اس ایوان کے سامنے رکھے ہیں - یہ اس بات کا نتیجہ ہے - کہ جب آپ اس سال کا بجٹ ابتدائے سال میں ترتیب دے رہے تھے تو اس وقت آپ نے اخراجات کا صحیح تخمینہ نہیں لگایا - میں یہ بات مانتا ہوں کہ آمدنی اور خرچ کے تخمینے کو ہی بجٹ کہتے ہیں اور انسانی ذہن جو بھی تخمینہ بناتا ہے - اس میں خامیوں، ترامیم اور اضافے کے امکانات ناگزیر ہوتے ہیں - لیکن انسانی ذہن کی اس کوتاہی کے باوجود بھی یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جب بھی ہم کسی ادارے کا یا کسی حکومت کا یا اپنے گھر کا بجٹ بنائیں تو اس میں نظر ثانی کی گنجائش تو ہو لیکن کم سے کم اور یہ صورت نہ ہو — لیکن اگر یہ صورت ہو تو یہ budgeting کے اصول کے خلاف ہے - اور یہ متعلقہ عملے کی کارکردگی کے بارے میں خراب تاثر دیتی ہے - کہ اگر آپ ایک بجٹ میں دس روپے کا خرچ کا اندازہ رکھیں - لیکن نظر ثانی کے بعد یہ معلوم ہو - کہ اب تو پچاس روپے خرچ ہو گا - تو اگر دس روپے کے خرچ کا اندازہ تھا - لیکن نظر ثانی کے بعد یہ خرچ ایک روپیہ زیادہ یا ایک

روپیہ کم ہو جائے ۔ تو یہ بات تو سمجھ میں آ سکتی ہے ۔ کہ یہ فکر کی کوتاہی کا نتیجہ ہے ۔ لیکن اگر دس روپے کے خرچ کے اندازے پر نظر ثانی کے بعد دس روپے خرچ کا اضافہ کیا جائے اور اس اضافے کی کوئی خاص وجہ نہ بتائی جائے تو اس کے بارے میں یہ سمجھا جائے گا کہ وہ پہلا تخمینہ صحیح نہیں تھا ۔ اور اس کو پوری توجہ ، محنت اور جان فشانی کے ساتھ مرتب نہیں کیا گیا تھا ۔ اس بارے میں میں آپ کی خدمت میں دو مثالیں عرض کروں گا ۔ پہلی مثال ہے —

"interest on permanent loans" کی ۔ جس کے لئے آپ کے بجٹ میں بیس لاکھ پچیس ہزار روپے کی provision کی گئی تھی لیکن اب اس میں اضافہ کر کے اسے انتالیس لاکھ انتیس ہزار روپے کر دیا گیا ہے ۔ یعنی یہ آپ کی پہلی provision سے ستانوے فی صد زیادہ ہے ۔ لیکن اس کے لئے ہمیں کوئی وجوہات نہیں بتائی گئیں ۔ کہ اس اضافے کی کیا وجوہات ہیں ۔ کہ کم از کم ہمیں اس کی وجوہات تو بتا دیتے آپ کہتے ہیں کہ ۔

At the time of framing budget estimates, 1965-66 it was not possible to foresee correctly the interest liability of this loan."

یہ ٹھیک ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ جس وقت آپ بجٹ بنا رہے تھے ۔ اور چونکہ یہ loan آپ نے دوران سال ہی میں float کیا تھا ۔ اس لئے اس وقت اس کے interest کا صحیح اندازہ لگانا ممکن نہیں تھا ۔ لیکن

"The *ad-hoc* provision of 20 lakhs 25 thousand made at that time . . . . . " *ad-hoc* provision.

جب آپ نے بیس لاکھ پچیس ہزار روپے کی کی تھی۔ تو ظاہر ہے کہ آپ نے اس کے لیے کوئی بنیاد رکھی ہو گی ایسا تو نہیں ہے ۔ کہ آپکو آسمان سے وحی آ گئی کہ آپ اس کے لیے بیس لاکھ پچیس ہزار روپے رکھ دیں یا کسی چڑیا نے آپ کے کان میں آ کر کہہ دیا کہ آپ ایسا کریں اور آپ نے بیس لاکھ پچیس ہزار روپے کی provision کر دی اس کے لیے آپ کے پاس کیا اعداد و شمار تھے آپ کے پاس کیا بنیاد تھی اور وہ کیا سبب تھا کہ آپ نے پچاس لاکھ روپے کا provision نہیں کیا اور بیس

لاکھ روپے کا provision کر دیا تو اگر آپ کے پاس یہ بنیادیں موجود ہوں تو آپ ان کا جائزہ لے کر کہہ سکتے ہیں کہ اس کی کیا وجوہات تھیں کہ بیس لاکھ پچیس ہزار روپے کا جو اندازہ کیا گیا تھا وہ آج انتالیس لاکھ انتیس ہزار روپے ہو گیا ہے تو اگر آپ کے پاس بنیاد موجود تھی تو آپ اس سے معلوم کر سکتے ہیں کہ اتنی بڑی variations کی کیا وجوہات ہیں اور وہ وجوہات آپ کو اس ایوان کو بھی بتانی چاہیئں - یہ ٹھیک ہے کہ یہ مطالبہ زر charged expenditure کے لئے ہے اور اس پر ایوان کو ووٹ نہیں دینا ہے- لیکن چونکہ ہم اس پر یہاں اس ایوان میں بحث کرتے ہیں - اس لئے چاہیئے تھا - کہ آپ ہمیں بتاتے کہ جب یہ بیس لاکھ روپے کے خرچ کا اندازہ رکھا گیا تھا اور اب یہ بڑھ کر چالیس لاکھ روپے یعنی دگنا ہو گیا ہے تو اس کی کیا وجوہات ہیں اور آپکے پہلے اندازے میں بنیادی غلطی کیا تھی - اور آخر وہ بنیادی اعداد و شمار کیا تھے - جو بعد میں غلط ثابت ہوئے - اور جسکی وجہ سے خرچ میں اتنا کثیر اضافہ ہوا اور یہ رقم دگنی ہو گئی - اسی طرح سے آپ کا دوسرا item ہے - 'floating of loans' اس میں آپ فرماتے ہیں

"Hence this head is never susceptible of correct estimation."

یعنی اس خرچ کی مد ایسی ہے کہ جس میں کبھی بھی صحیح اندازہ نہیں لگایا جا سکتا - دراصل خرچ کی کوئی بھی مد ایسی نہیں ہو سکتی - کہ اس سے آپ خرچ کا صحیح اندازہ لگا سکیں - آئندہ سال کیلئے خرچ کی جو بھی مد ہو گی - اس کے متعلق آپ کہہ سکتے ہیں کہ اس میں کمی بیشی ہو سکتی ہے - لیکن اس کمی بیشی کے لئے کوئی وجہ تو ہونی چاہیئے - آپ اسکی وجہ یہ بتاتے ہیں -

"The provision of 25 lakhs made in Budget estimates, 1965-66 is likely to prove insufficient in the light of the progressive expenditure for the past months of the current year."

یعنی خرچ میں اس اضافے کی بنیاد یہ ہے - کہ اس سال کے آخری مہینوں میں اخراجات زیادہ ہوئے - جس سے کہ آپ کی cash position متاثر ہوئی - اور آپ کے اخراجات بھی متاثر ہوئے - اور اسطرح آپ کی سود کی رقم میں بھی اضافہ ہوا

میں آپ سے کہتا ہوں ۔ کہ آپ کے اس بجٹ کے مطابق سال کے تمام اخراجات بجٹ کے مطابق ہی ہوئے ہیں ۔ اور اس بات کے لئے میں یہ دلیل پیش کرتا ہوں ۔ کہ آپ نے کسی خرچ کے لئے کوئی Supplementary demand نہیں رکھا جب آپ اپنے بجٹ کی مدات کے کسی خرچ کے لئے ایوان کے سامنے کوئی مطالبہ زر ہی نہیں رکھتے ۔ آپ نے جب کوئی ایڈیشنل ڈیمانڈ ہی نہیں رکھی ۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا ۔ کہ سال ۶۶-۱۹۶۵ء میں آپ کے تمام اخراجات آپ کے بجٹ کے اندازے کے مطابق ہی ہوئے ۔ الا ان پانچ مدات کے ۔ تو جب آپ کے تمام اخراجات آپ کے بجٹ کے اندازے کے مطابق ہی ہوتے رہے ۔ تو پھر کیا وجہ ہوئی ۔ کہ آپ کی cash position میں اتنا زبردست fluctuation ہوا کہ آپ کی سود کی رقم کے لئے بجٹ میں جو پہلا اندازہ بیس لاکھ روپے کا تھا ۔ اب آپ کے خرچ کا اندازہ ساٹھ لاکھ روپے ہو گیا ۔ یعنی آپ کے بجٹ کے تخمینے سے تقریباً ایک سو چالیس فیصد زیادہ ہو گیا ۔ یعنی تین گناہ ہو گیا ہے ۔ تو میں آپ سے پوچھتا ہوں ۔ کہ اگر بجٹ بناتے وقت آپ اپنی cash position کا صحیح اندازہ نہیں کر سکے ۔ اور اپنے آئندہ اخراجات کی رقم کو صحیح بنیادوں پر assess نہیں کر سکے تو آپ ہمیں بتائیے کہ وہ کیا وجوہات تھیں ۔ جن کی وجہ سے آپ کے اندازے میں غلطی ہوئی ۔ اور آپ کی سود کی رقم پچیس لاکھ سے ساٹھ لاکھ روپے ہوگئی ۔ یعنی تقریباً تین گنا کا فرق ہو گیا ۔ تو جناب والا ۔ یہ دو تین چھوٹی چھوٹی باتیں تھیں ۔ جو کہ میں نے محسوس کیں ۔ اور اس سارے بجٹ کو دیکھنے کے بعد میں یہ محسوس کرتا ہوں ۔ کہ اس میں ایوان کو اعتماد میں لینے کی کوشش نہیں کی گئی ۔ میں نے ابھی جو دو مثالیں عرض کی ہیں ۔ اگر کوئی شخص اسکا جائزہ لے تو اس اضافے کے لئے کسی مد کے متعلق بھی واضح طور پر یہ نہیں بتایا گیا ہے ۔ بجٹ بناتے وقت کیا اعداد و شمار اور کیا بنیاد پیش نظر تھی ۔ کہ جسکی بناء پر ad hoc تخمینہ کیا گیا تھا ۔ اور بجٹ provision کی گئی تھی ۔ اور اب اس میں

دگنا یا تگنا اضافہ ہو گیا ہے ۔ اور اس تخمینے میں اضافے کی کیا وجوہات تھیں ۔ کہ یہ دگنا یا تگنا اضافہ اس میں ہوا ہے ۔ صرف یہ کہہ دینا کہ یہ fluctuate ہوتی رہتی ہیں ۔ اور اسکا کوئی صحیح اندازہ نہیں ہو سکتا ہے ۔ یہ تو کوئی دلیل نہیں ہے ۔ یہ بالکل evasive سی دلیل ہے ۔ کہ اس خرچ میں fluctuation ہوتا رہتا ہے کیونکہ یہ تو ہر شخص جانتا ہے ۔ یہ تو سڑک پر چلنے والا ایک قلی بھی جانتا ہے ۔ کہ آپ کوئی بھی تخمینہ بنائیے ۔ اور کوئی بھی اندازہ آپ ایک سال پہلے لگائیں ۔ اس میں fluctuation ہونے کا پورا امکان موجود ہے ۔

لیکن یہ fluctuations کیوں ہوا ۔ اس ایوان کو آپکو یہ بتانا چاہئے تھا اور جو بات ہم آپ سے چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ آپکو یہ بتا دینا چاہئیے تھا کہ آپکے اخراجات میں جو دگنا یا تگنا اضافہ ہو رہا ہے اسکی وجہ کیا ہے ۔ آپکی کونسی بنیادیں متزلزل ہوئیں اور کونسے خرچ ہیں اضافہ ہوا ۔ میں ان دو تین گزارشات کے ساتھ وزیر مالیات سے درخواست کرونگا کہ وہ جب اس قسم کی کوئی بات کریں تو وہ براہ کرم ہمارے سامنے مکمل دستاویزات رکھیں اور ایوان کو اعتماد میں لینے کی کوشش کریں اور ایوان کو صحیح صورت حال سے باخبر کریں اور بجٹ بناتے وقت بھی اپنے عملے کو یہ ہدایت کیجئے کہ بجٹ بناتے وقت زیادہ سے زیادہ صحیح بنیادوں پر تخمینے قائم کرنے کی کوشش کریں تاکہ آئندہ اس میں اضافے اور مزید تراسیم کے امکانات کم سے کم پیدا ہوں ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر سپلیمنٹری بجٹ کی اس چھوٹی سی کتاب میں جو Demands بڑھانے کیلئے کہا گیا ہے میں اسکے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں پہلی Demand Interest on Irrigation Works پر ہے اور دوسری Demand اسی طرح سے Discharge on Tax پر ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ہمارا نظام اب ہمارے بین الاقوامی تعلقات بلکہ ہماری خارجہ پالیسی میں تبدیلی کے باعث قدرے مختلف ہو چکا ہے اور اب ہمیں زیادہ خود کفیل ہونے کی کوشش کرنا چاہئیے اگر میں یہ عرض کروں — یہ

بڑی لمبی figures ہیں مثلاً یہ .Demand No. I ہے اسمیں بیس لاکھ پچیس ہزار روپے سے اضافہ کرکے انتالیس لاکھ انتیس ہزار نو سو ستر روپے پارٹ (a) میں loans کی رقم بڑھا کر کر دی گئی ہے -

جناب سپیکر - اسطرح سے یہ ۲۰ لاکھ کو بڑھایا گیا ہے اور اس میں ۳۰ لاکھ کا اضافہ کرکے اسے ۶۰ لاکھ کر دیا ہے item نمبر ۳ میں ۸۰ ہزار کی رقم کو بڑھا کر ۹۵،۳۳۰ روپے کردیا ہے item نمبر ۴ میں ۲۰ ہزار کا اضافہ کیا ہے یعنی اسمیں جو ۳ لاکھ کی رقم تھی اسے بڑھا کر ۳ لاکھ ۲۰ ہزار کر دیا ہے اسطرح سے سنٹرل گورنمنٹ کے جو قرضہ جات ۲،۰۵۷،۳۳،۶۹۰ - روپے کے تھے اب وہ ۲،۷۰،۵۸،۲۹۰ روپے ہو گئے ہیں اب آپ ملاحظہ فرمائیں کہ منجملہ اور باتوں کے کسطرح بتدریج crease ہوئی ہے اب سود کی رقم ۳،۷۰،۶۸،۴۹۶ روپیہ بن گئی ہے چنانچہ مجھے ان قرضہ جات کے پس منظر میں جانا ہو گا اور یہ ثابت کرنا ہو گا کہ قرضہ جات کی رقوم ہر سال بڑھ رہی ہیں -

۱۹۶۵-۶۶ کے بجٹ میں قرضہ جات کی ادائیگی کے سلسلہ میں جو سود کی رقم تھی وہ ۳۰ کروڑ ۴۰ لاکھ تھی یعنی حکومت کو اسقدر گراں سود دینا پڑا ہے جب میں ان قرضہ جات کا تقابل کرونگا تو جناب سپیکر مجھے اس سے ذرا قبل پچھلے سالوں میں ان رقومات کو compare کرنا ہو گا جو سود کی ہیں اور جن کیلئے آپ نے provision کی ہے اور یہ ثابت کرونگا کہ سود کتنا گراں ہے اور تیزی سے بڑھ رہا ہے اسن رقم سے جو ۳۰-۶-۶۰ کو provide کی گئی وہ ۴،۸۰،۶۳،۳۴۰ روپیہ تھی ۶۵-۱۹۶۴ میں ۳۰ کروڑ ۲۰ لاکھ کا مطالبہ کیا گیا -

۶۶-۱۹۶۵ میں ۳۰ کروڑ ۴۰ لاکھ مہیا کیا گیا آپ اندازہ کیجئے کہ یہ رقم ۳۰-۶-۶۰ کو ۴ کروڑ ہو گئی تھی پھر یہ رقم بڑھکر ۳۰ کروڑ ۴۰ لاکھ ہو چکی تھی -

اب اسی طرح میں Principal sum کی طرف آتا ہوں اور ان قرضہ جات کی رقوم کا تقابل کرونگا اور بتاؤں گا

کہ یہ کس تیزی سے بڑھ رہے ہیں - پہلے قرضہ دو ارب ۲۵ کروڑ تھا ۳۰-۶-۶۵ کو وہی ۴ ارب ۹۴ کروڑ ہوگیا -

جناب سپیکر - اس طریقہ سے جب کہ ہم نے تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں ۱۳۵۰ کروڑ کے اخراجات کرنا منظور کئے اور ۴ ارب ۹۴ کروڑ میں یہ ۱۳۵۰ کروڑ کی رقم جمع کی جائیگی تو ۱۹۷۰ء میں وہ ۱۷ ارب بن جائے گی جس پر سود کم و بیش ایک ارب کے قریب ہوگا -

جناب سپیکر - قرضہ جات کے دو حصے ہوتے ہیں ایک تو وہ ہے جو ہم مقامی طور پر فروخت سے حاصل کرتے ہیں اور دوسرے وہ جو بیرونی ممالک سے حاصل کرتے ہیں جہاں تک بیرونی ممالک کے قرضہ جات کا تعلق ہے ان میں سب سے زیادہ قرضہ جو ہم لیتے تھے وہ امریکہ سے لیتے تھے - امریکہ جو قرضہ ہمیں دیتا تھا وہ تمام دنیا کے قرضہ جات سے زیادہ ہوتا تھا اور اس کی تین قسمیں ہوتی تھیں -

۱ - Projecct Loans

۲ - Commodity Loans

۳ - P. L. 480 وغیرہ -

جب Commodity Loan دیا جاتا تھا تو اس commodity کی جو قیمت ہوتی تھی وہ اس قدر زیادہ ہوتی تھی کہ یہ سود در سود ہو کر تناسب سے کہیں زیادہ ہو جاتا تھا اور figures کہیں سے کہیں پہنچ جاتی تھیں -

Project Loans کے لئے تمام کام کو اس ملک کے کنٹرول میں دینا ہوتا تھا جس سے قرضہ حاصل کرتے تھے پھر اس ملک کے ماہرین Technicians اور Experts کو بلانا ہوتا ہے - ان کی تنخواہیں اور مختلف سہولتیں اور دیگر مشینری کی قیمت ادا کرنا ہوتی ہے یا امپورٹ کرنا ہوتی ہے - اس طرح وہ رقم ۴۰ فیصدی کے قریب بن جاتی تھی - اور یہ ہمیں برداشت کرنا پڑتی تھی - یعنی اتنی رقم اس ملک کو واپس چلی جاتی تھی -

جناب سپیکر ۔ اب میں اس کی شرح کو بیان کرونگا جو بتدریج یہ ممالک ہم سے سود کی شکل میں وصول کرتے ہیں اس شرح سے آپ دیکھیں گے کہ ہر سال کتنی رقم بن جاتی ہے ۔

High Tension Project کے لئے ۱۹۶۰-۶۱ء کے سال میں جو قرضہ لیا تھا اس کی شرح ساڑھے تین فیصد تھی ۔

۱۹۶۱-۶۲ء میں امریکہ سے جو قرضہ لیا اس کی شرح ساڑھے چھ فیصد تھی ۱۹۶۲-۶۳ء میں ورلڈ بنک سے جو قرضہ لیا تھا اس کی شرح ساڑھے پانچ فیصد تھی ۔

اسی سال یعنی ۱۹۶۲-۶۳ء میں ایک قرضہ امریکہ سے لیا تھا اس کی شرح ۵.۷۵ فیصد تھی ۔

مغربی جرمنی کے ایک قرضہ کی شرح ۳ء۳ فی صد تھی ۔ دوسرے قرضہ کی شرح ۵ء۵ فیصد اور تیسرے قرضہ کی شرح ساڑھے پانچ فیصد تھی ۔ اس سے آپ اندازہ فرمائیں کہ ہماری مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت جو اس قسم کا کاروبار کر رہی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ قطعاً منفعت بخش نہیں ہے ۔ آپ یہ اندازہ لگائیں کہ جو قرضہ جات ڈویلپمنٹ پر لگائے جاتے ہیں یہ دو قسم کے ہوتے ہیں ۔ Productive اور Non productive یہ بڑے گراں قرضہ جات ہیں ۔ Non productive Projects یعنی سڑکیں اور ایسی ہی دوسری چیزیں ہیں جن کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے اور ہمیں Return of Loan کے لئے اپنے تمام sources کو tap کرنا پڑتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارا ملک ایک غریب ملک ہے اور ہم جو ڈویلپمنٹ کے پروگرام بنا رہے ہیں ان کی ہمیں ضرورت ہے ۔ ہم نے جتنے ۵ سالہ منصوبے بنائے ہیں ان میں ہمیں کامیابی ہوئی ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں جو return ہوا ہے اور جو فی کس increase ہوئی ہے وہ یہ ہے ۔

۱۹۶۰ میں ۲۳۶ تھی ۔

گذشتہ سال ۱۹۶۵ میں ۳۸۰ تھی ۔

آپ اندازہ فرمائیں کہ ان تمام دھندوں کے باوجود اور تمام کوششوں کے باوجود ہم جو achievements کرنا چاہتے تھے وہ نہیں ہوئیں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ تو factual position تھی ۔ اب میں ان مسائل کی طرف آتا ہوں جن سے ہمیں دو چار ہونا ہوگا ۔ جن پر ہمیں اپنا بجٹ بناتے وقت دھیان کرنا ہو گا ۔

وزیر خزانہ نے جو تقریر کی تھی اس میں انہوں نے فرمایا تھا کہ کسی قسم کے نئے ٹیکس نہیں لگائے گئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ قابل مبارک باد ہیں لیکن اگر یہ کہا جائے کہ تمام وسائل اور resources جو ہمیں حاصل ہیں ہم ان سے مکمل طور پر استفادہ کر رہے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہرگز درست نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ بیرونی ممالک کے قرضہ جات پر انحصار کرتے ہوئے جو ڈولپمنٹ ہم نے کی ہے اور کر رہے ہیں وہ کسی وقت بھی رک سکتی ہے ۔

جہاں تک ہماری منصوبہ بندی کا تعلق ہے آپ جانتے ہیں کہ ہم خوشی سے ہر منصوبہ کو دوسرے ممالک کی تحویل میں کنٹرول کی حد تک دے دیتے ہیں ۔ اور ان کی interference کو برداشت کرنا پڑتا ہے ۔

لیکن گذشتہ ہولناک جنگ جسکے متعلق میں آج پورے وثوق سے اس ایوان میں کھڑے ہوکر کہتا ہوں کہ یہ امریکہ کی سی آئی اے اور Americans نے ہم پر حملہ کروایا ۔ امریکہ سب سے بڑا ساہوکار ہے جس سے ہم قرضہ لیتے تھے تو جناب سپیکر جس ملک سے ہم قرضہ لیتے تھے اسکی منشاء کے مطابق ہمنے اپنی خارجہ پالیسی نہیں رکھی تو اسکی سزا بھگتنے کے لئے ہم پر حملہ ہوا ۔ اس لئے میں ان قرضہ جات کو بہت سنگین سمجھتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اپنے وسائل کو ہی tap کر کے اپنی ڈولپمنٹ کرنی چاہئے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ قرضہ جات یہ فرسودہ مشینری اور یہ سفید ہاتھی جو technicians کے روپ میں ہمارے ملک میں بھیجے جاتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ہماری situation ہمارا محل وقوع اور ہمارے جنگی حالات ایسے ہیں کہ ان سے ان لوگوں کا باخبر ہونا ہمارے ملکہ کی سلامتی کے منافی ہے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ کیا یہ درست ہے کہ آجکل گورنمنٹ کی یہ پالیسی ہے کہ پابندی اڑا دی جائے ۔ روٹ پرمٹ نہ رہیں ۔

وزیر قانون ۔ مجھے علم نہیں ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ آپ نے کیا کہا ہے کہ آرٹی اے بالکل مختار مطلق ہے ۔ جس کو چاہے جب چاہے پرمٹ دے سکتی ہے اگر آپ کے نوٹس میں لایا جائے کہ موٹر وھیکل ایکٹ کے رولز میں ہے کہ پرمٹ دینے سے پہلے سروے کیا جائے ۔ اور انہوں نے اس شرط کو پورا نہ کیا ہو ۔ اور پرمٹ دے دئے ہوں تو کیا آپ ان کے خلاف کوئی اقدام کرینگے ؟

وزیر قانون ۔ اگر آرٹی اے کسی قانون سے انحراف کرتی ہے ۔ تو قانون نے آپکو پی ٹی اے کے پاس اپیل کا حق دیا ہے ۔ میں یہ بھی عرض کروں کہ آر ٹی اے میں اس ھاؤس کے نامزد ممبر موجود ھیں ۔ اور وہ اپنی ذمہداری پوری طرح محسوس کرتے ھیں اگر آپ کے علم میں ہو اور آپ اس کی مثال ھمارے نوٹس میں لائیں تو جو قانون اجازت دیتا ہوگا ھم یقیناً اس کے خلاف وہ قانونی کارروائی کرینگے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ کیا یہ درست ہے کہ انہوں نے عارضی پرمٹ بڑی کثرت سے دئیے ھیں ۔

وزیر قانون ۔ ہوگا صاحب یہ انکا اختیار ہے ۔ کثرت سے دئیے ہونگے وہ اپنا قانونی اختیار استعمال کرتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر مواصلات فرمائیں گے کہ آر ٹی اے جو روٹ پرمٹ دیتی ہے ۔ ان میں سے بیشتر ایسے ہیں جو ملک کے عوام کے مفاد کے لئے نہیں بلکہ سرکاری درباری لوگوں کو نوازنے کے لئے دئیے جاتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ یہ سراسر غلط ہے ۔ ایک روٹ پرمٹ ایسی کمپنی اور شخص کو دیا گیا ہے جو ملک کے بہی خواں ہیں جو ملک کے دشمن ہیں ان کو یقیناً انکار کیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ کے اس قانون کے تحت پرمٹ دینے سے پہلے سروے کی شرط لگائی ہے ۔ کیا آپ مجھے یہ سروے کی تعریف بتانے کے لئے تیار ہیں ؟

Mr. Speaker : No criticism please. The member may please ask his supplementary question.

وزیر قانون ۔ یہ آپکو پتہ ہے کہ ہم غداروں کو پرمٹ نہیں دیتے ۔

مسٹر حمزہ ۔ انہوں نے جو جواب دیا ہے یہ بے معنی ہے اور بغیر سوچے سمجھے دیا ہے ۔

وزیر قانون ۔ جناب انہوں نے ضمنی سوال کیا ہے میں لازماً اس

کا جواب دینے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ انہوں نے حوالہ دیا ہے اگر جواب بےایمانی کا ہے جیسے معزز ممبر کہتے ہیں تو میں یہ تو نہیں کہونگا کہ اسے حذف کیا جائے مگر اتنا ضرور کہونگا کہ اگر جواب بےایمانی کا ہے ۔ تو سوال بھی سراسر بےایمانی کا ہے (قطع کلامیاں)

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب عالی ۔ دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ جو پرسٹ ہیں وہ عوام کی ضروریات یقیناً پوری نہیں کر سکتے ۔ میں فرنٹیر کے متعلق وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہاں لوگوں کی ضروریات ان سے پوری نہیں ہوسکتیں کیا وہ آر ٹی اے کو تاکید فرمائیں گے کہ جہاں ضرورت ہو وہاں پرسٹ دئے جائیں ۔

وزیر قانون ۔ اگر کسی خاص روٹ کے لئے کوئی شکایت ہے تو ہمارے علم میں لے آئیں ۔ ہم ان کو لکھ کے بھیج دیں گے ۔ اگر وہاں روٹ پرمٹ کم ہیں ۔ تو وہ انکو بڑھا دیں اور عوام کی ضروریات کو پورا کریں ۔ قانون کے تحت جو گورنمنٹ کے اختیارات ہیں ہم وہ ضرور استعمال میں لائیں گے ۔

Mr. Speaker : No more supplementaries.

Khan Muhammad Yusuf Khan : Point of Order, Sir, May I know whether the word بےایمانی is parliamentary or not ?

Mr. Speaker : That is not.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر صاحب ہمارے منسٹر صاحب جواب دیتے ہیں کہ روٹ پرمٹ غداروں کو نہیں دئیے جاتے کیا اس کے یہ معنی ہیں ۔ X X X X X ؟*

*Expunged as ordered by the Speaker.

Mr. Speaker : This remark of Haji Sahib is expunged from the proceedings of the Assembly.

حاجی صاحب ایسے ایمارکس واپس لینے چاھئیں ۔ آپ اپنے الفاظ واپس لیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ آپکے حکم کے مطابق میں واپس لیتا ہوں ۔

PLYING OF BUSES BY FIRDOUS BUS SERVICE COMPANY BETWEEN SHUJABAD AND KHAN BELA *via* JALALPUR PIRWALA

***2442. Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that 2 route permits have been issued to Firdous Bus Service Company for plying its buses between Shujabad and Khan Bela *via* Jalalpur Pirwala ;

(*b*) whether it is a fact that the road between Jalalpur Pirwala and Khan Bela is kucha ;

(*c*) whether it is a fact that the said company is plying its buses only between Shujabad Jalalpur Pirwala and not up to Khan Bela with the result that the people of the areas between Jalalpur Pirwala and Khan Bela are facing great hardships ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative whether Government intend to ensure that the said company plies its buses up to Khan Bela regularly ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) No complaint has been received by the Regional Transport Authority, Multan to this effect so far.

(*d*) It is legally obligatory upon the company to ply its service up to Khan Bela regularly. If and when any violation is detected, the Regional Transport Authority would take necessary steps.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔ جب تک پل کو بنا رہے ہیں یہ ٹریفک کہاں سے چلتا ہے ؟

وزیر تعمیرات ۔ اسکے لئے متبادل انتظام کیا گیا ہے ۔

CONSTRUCTION OF BRIDGE IN JAMRAO CANAL

*2478. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo.** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that the bridge in Jamrao Canal on Shahdadpur—Sanghar main road being damaged has been closed to heavy traffic; if so, (*i*) since when, (*ii*) steps taken by Government to reconstruct the said bridge, and (*iii*) the date by which its reconstruction will be completed ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ جی ہاں ۔

(*i*) ۱۵ جنوری ۱۹۶۶ء

(*ii*) پل کو آیندہ مالی سال میں از سر نو تعمیر کرنے کی تجویز ہے ۔

(*iii*) ایضاً ۔

WATER PONDS ON SULTAN AHMAD ROAD REHMANPURA

*2538. **Khan Muhammad Akbar Khan** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there are water ponds on Sultan Ahmad Road (Wahdat Link Road) between Bukhari Market and Jamia Masjid Rehmanpura and Mosquitoes breed therein ;

(*b*) whether it is a fact that water of the said ponds overflows the said road damaging house of Rehmanpura Colony ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to (*i*) take steps for filling the said ponds ; (*ii*) check the overflow of water, and (*iii*) take steps to get rid of the mosquitoes ; if so, when ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) جی نہیں ۔ البتہ رحمان پورہ کالونی کے مغربی حصہ میں پانی کا ایک نالہ بہتا ہے ۔

(ب) جب نالہ میں طغیانی آتی ہے ۔ تو پانی نواحی علاقوں میں پھیل جاتا ہے اور ایف بلاک کے کچھ حصے اس سے متاثر ہو جاتے ہیں۔

(ج) محکمہ انہار سے پہلے ہی اس سلسلہ میں رجوع کیا جا چکا ہے اور ان سے کہا گیا ہے کہ وہ طغیانی کو روکنے کے لئے مناسب اقدام کریں ۔

SHAHDADPUR NAWAB SHAH ROAD

*2540. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the road between Shahdadpur and

Nawab Shah is in a state of utter disrepair and repair work thereon has not been carried out since long;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to repair the said, road if so, when, and if not, reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکرٹری۔ (الف) اس سڑک کا وہ حصہ جو سیم اور ۱۹۶۴ء کی شدید بارشوں سے خراب ہو گیا تھا مرمت کر دیا گیا ہے۔ سڑک اب اچھی حالت میں ہے۔

(ب) سالانہ مرمت کا کام مہیا شدہ رقم میں سے کیا جا رہا ہے۔ باقی مرمت کا کام اگلے مالی سال میں رقم مہیا ہونے پر کیا جائے گا۔

PROVIDING FLUSH SYSTEM IN CHAUBURJI GARDEN'S ESTATES, MULTAN ROAD, LAHORE

*2563. **Mr. Hamza**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether there is any scheme under consideration of Government to provide flush system in the Chauburji Garden's Estate, Multan Road, Lahore; if so, the time by which the same is likely to be implemented there?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon): No such suheme is under consideration of Government.

مسٹر حمزہ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتائیں گے کہ سرکاری ملازمین کے لئے لاہور میں جو دو مخصوص بستیاں ہیں وہاں تمام کے تمام کوارٹروں میں فلش سسٹم موجود ہے؟

پارلیمنٹری سیکرٹری۔ اس کے لئے fresh notice دے دیجئے۔

مسٹر حمزہ - جناب والا - مجھے یہ علم ہے کہ لاہور میں جتنی سرکاری ملازمین کے لئے مخصوص بستیاں ہیں ان میں فلش سسٹم موجود ہے - کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کیا وجہ ہے کہ وہ بستی جو ۱۹۲۸ میں معرض وجود میں آئی اس میں فلش سسٹم کیوں موجود نہیں ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں آپ کے علم سے اتفاق نہیں کر سکتا آپ کے علم میں یہ بات ہو گی لیکن ہمارے علم میں نہیں ہے -

مسٹر حمزہ - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری اپنے ریکارڈ سے دیکھ کر بتا سکتے ہیں .....

مسٹر سپیکر - ان کے علم میں یہ بات نہیں ہے لیکن آپ کے علم میں یہ بات ہے کہ دوسری جگہ فلش سسٹم نہیں ہے - اس کے لئے وہ علیحدہ نوٹس چاہتے ہیں -

مسٹر حمزہ - جناب والا - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بستی گورنمنٹ اہلکاروں کے لئے مخصوص ہے اور ۱۹۲۸ میں معرض وجود میں آئی تھی - کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ابھی تک فلش سسٹم لگانے کی گنجائش کیوں نہیں رکھی ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - جناب والا - میں نے پہلے ہی عرض کیا ہے کہ ابھی ہمارے پاس ایسی سکیم نہیں ہے کہ ہم ان کو فلش سسٹم دے سکیں - جیسے ہماری financial situation improve کرے گی - ہم اگلے سال یا اس کے بعد اس کام کو

کریں گے (میں straightaway کچھ نہیں کہہ سکتا) اس وقت ہمارے پاس کوئی سکیم زیر غور نہیں ہے -

میاں محمد شفیع - کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائیں گے کہ اس بستی کے پاس سے فلش سسٹم کو join کرنے کے لئے کوئی نالا گزرتا ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - اس کے لئے fresh notice دے دیجئے -

---

METALLING THE ROAD FROM ASTABAL TO CHAK NO. 68/10-R, TEHSIL KHANEWAL

*2564. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in spite of repeated requests made by the inhabitants of the adjoining villages of Chak No. 68/10-R, the road from Astabal to the said Chak in Tehsil Khanewal, District Multan has not so far been metalled ;

(*b*) whether it is a fact that Deputy Commissioner, Multan visited the said Chak some times ago and promised to make the said portion of the said road metalled ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the time by which the said portion of the said road will be metalled ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) اسٹبل تا چک نمبر $\frac{68}{10\text{-R}}$ سڑک محکمہ بی اینڈ آر کی نہیں ہے - یہ سڑک ڈسٹرکٹ کونسل کی ہے - اس لئے

اس کے پختہ کرنے کے کام کی ذمہداری محکمہ بی اینڈ آر کی نہیں ہے ۔ اہل علاقہ نے اس سڑک کو پختہ کرنے کے لئے اس محکمہ کو کوئی درخواست نہیں دی ۔

(ب) محکمہ بی اینڈ آر کے پاس اس قسم کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔

(ج) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ سوال کا جواب جو دیا ہے وہ یہ ہے کہ یہ سڑک ان کی نہیں ہے یہ سڑک ڈسٹرکٹ کونسل کی ہے کیا آپ مہربانی فرما کر یہ سوال بیسک ڈیموکریسی ڈیپارٹمنٹ کو بھیج دیں گے تا کہ بیسک ڈیموکریسی ڈیپارٹمنٹ اس کا جواب دے ۔

Minister of Communications and Works: Sir, this question does not relate to the Communications and Works Department.

اگر ممبر صاحب چاہیں تو بیسک ڈیمو کریسی ڈیپارٹمنٹ سے پوچھ سکتے ہیں ۔ ہمارے پاس ایسی کوئی سکیم زیر غور نہیں ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ یہ سوال بیسک ڈیمو کریسی ڈیپارٹمنٹ کو بھیج دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جونیجو صاحب کیا یہ Communications and Works کی سڑک نہیں ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات - جی نہیں -

Mr. Speaker : This question would be transferred to the Basic Democracies Department.

MAINTENANCE OF PLAY GROUNDS AND LAWNS IN CHAUBURJI GARDENS ESTATE, MULTAN ROAD, LAHORE.

***2571. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the number of play grounds and lawns in Chauburji Gardens Estate, Multan Road, Lahore along with the strength of establishment employed for their maintenance ;

(*a*) whether it is a fact that the said lawns and play grounds in the said Estate are neither regularly watered nor properly maintained since Independence ; if so, reasons therefor and the action Government intend to take against the officials responsible for not maintaining the said play grounds and lawns properly ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) چوبرجی گارڈن اسٹیٹ لاہور میں ایک بڑا کھیل کا میدان ہے اور ۲۱ چھوٹے لان ہیں - ایک ہیڈ مالی اور ۵ مالی ان کی نگہداشت کرتے ہیں -

(ب) جی نہیں - پودوں باڑوں اور سبزہ زاروں کی مناسب طریقے سے نگہداشت کی جاتی ہے - لیکن چونکہ نہری پانی دستیاب نہیں اور اسٹیٹ میں صرف دو چھوٹے ٹیوب ویل ہیں جو زیادہ تر گھریلو ضروریات کو پورا

کرتے ہیں اس لئے باغیچوں کی آبپاشی پورے طور پر نہیں ہوتی ۔

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا معزز پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائیں گے کہ پانی کے بغیر پودوں اور پھولوں کے سر سبز رہنے کی مناسب نگہداشت کیسے ہو سکتی ہے اور نگہداشت کرنے کا کون سا طریقہ ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ جناب والا ۔ ہمارے پاس جتنا بھی پانی موجود ہے اس سے جو کچھ دیکھ بھال کر سکتے ہیں اس سے زیادہ دیکھ بھال کر رہے ہیں ۔ جب تک پانی زیادہ نہیں ہوتا لان وغیرہ زیادہ اچھے نہیں ہو سکتے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا وزیر صاحب محسوس نہیں کرتے کہ جب پودوں وغیرہ کے لئے پانی نہیں ملتا ہے تو آپ پانی کا بندوبست کریں ۔

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ جناب والا ۔ وہاں دو ٹیوب ویلز ہیں ۔ ایک ٹیوب ویل کے پانی کا جو discharge ہے وہ ۷ ہزار گیلن فی گھنٹہ ہے ۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ پانی زیادہ ہو ۔ اگر ہمیں ہمارے وسائل اجازت دیں گے تو کوئی اور ٹیوب ویل لگا دیں گے ۔

چودھری محمد سرور خان - سوال کا جو پہلے جواب دیا ہے اس میں یہ لکھا تھا 'There is one big grassy ground' اب 'grassy' کا لفظ کاٹ دیا ہے -

وزیر مواصلات و تعمیرات - "grassy" پہلے تھا - میں نے کہا تھا کہ محکمہ والے وہاں جائیں اور مجھے بتائیں کہ صحیح پوزیشن کیا ہے - جو اصل پوزیشن ہے وہ اب بتائی گئی ہے -

چودھری محمد سرور خان - actual situation کے پیش نظر تو یہ ہے 'There is one muddy ground'

Minister of Communications and Works: It is a play ground.

میاں محمد شفیع - کیا وزیر موصوف بتائیں گے کہ ٹیوب ویل کے علاوہ کبھی اس آبادی کو نہر کا پانی دیا جاتا تھا ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات - ممکن ہے پہلے دیا جاتا ہو -

میاں محمد شفیع - کیا وزیر موصوف یہ بتا سکتے ہیں کہ دو ٹیوب ویلز کب سے لگے ہوئے ہیں ؟

Minister of Communications and Works: I need fresh notice for that.

METALLING OF ROAD CONNECTING SANGJANI AND TAXILA

*2616. **Major Muhammad Aslam Jan:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there exists on Government record

connecting Sangjani and Texila *via* Dhok Jandoo, Dhok Chokar, Behek Billian Pind Nawsheri, Thatta Khalil, Bin Bhola, Dhok Saidu, Pind Gondal, Jhuggian and Sarai Khola ;

(*b*) whether it is a fact that the road mentioned in (*a*) above has not been metalled and in actual fact is only a track ;

(*c*) whether it is a fact that the population of the area mentioned in (*a*) above is about 50,000 ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to metal the said road ; if so, when ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) جی نہیں ۔

(ب) صرف ایک کچا راستہ سنگجانی سے ٹیکسلا تک جاتا ہے ۔

(ج) محکمہ تعمیرات کو اس کا علم نہیں ۔

(د) سوال میں بیان کئے گئے راستے کو پختہ کرنے کی کوئی تجویز نہیں ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میں وزیر صاحب کے اس خیال سے اتفاق کرتا ہوں کہ ہمارے ہاں روڈ سسٹم دنیا کے بہت سے ممالک سے بہتر ہے ۔ لیکن جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ ہمارے ہاں جو روڈ سسٹم ہے اس کے متعلق انہوں نے انگلستان ، سکاٹ لینڈ اور ویلز کی مثال دی ہے ۔ میں اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر بتاتا ہوں کہ تمام یورپ میں جو دیہات ہیں وہ inter connected ہیں by metalled roads اس لئے میں ان سے عرض کروں گا کہ ہمارا سسٹم مڈل ایسٹ اور افریقی ممالک سے

زیادہ بہتر ہے ۔ میں پھر عرض کروں گا کہ اس قسم کی جگہیں جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے Sangjani اور ٹیکسلا جن کی آبادی ۵۰ ، ۶۰ ہزار کی ہے اور درمیان میں دیہات بھی ہیں اور یہ وہ علاقہ ہے جہاں کے اکثر لوگ فوج میں بھرتی ہیں ۔ کچی سڑک پر جب لوگوں کی آمد و رفت بند ہو جاتی ہے تو کیا آپ اس پر غور فرمائیں گے کہ اس کو پختہ کر دیا جائے تاکہ لوگوں کو آمدورفت میں آسانیاں مہیا ہو سکیں ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کافی ایسے گاؤں ہیں اور کافی ایسی منڈیاں ہیں جن کو سڑکوں کی بہت ضرورت ہے ۔ ہم یہ سوچ رہے ہیں کہ ہم پلان بنائیں اور پورے مغربی پاکستان میں سروے کریں کہ جتنی بھی آبادیاں ہیں ان کو پکی سڑکوں کے ساتھ ملا دیں ۔ ہم نے غیر ملکی ماہرین سے reference کیا ہے کہ جتنی بھی کیٹیگریاں ہیں I category, II category, III category ان سب کو assess کر کے recommendation کریں کہ دیہات کو کیسے اور کس طریقہ سے پکے راستے کے ساتھ ملایا جائے ۔ امید ہے کہ جب ان کی رپورٹ آ جائے گی تو جو plan ہو گا اس کو implement کریں گے ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : Why foreign consultants ? Don't we have consultants in our country ?

Minister of Communications and Works : Foreign consultants have experience of the foreign countries. They will be able to advise us more effectively.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے کہ غیر ملکی ماہرین نہیں ہونے چاہئیں اس کے متعلق میری یہ تجویز ہے کہ بجائے غیر ملکی ماہرین کے خود وزیر متعلقہ foreign country

میں جا کر دیکھیں کہ کس طریقہ سے اور کیسے کام ہوتا ہے اور پھر آ کر اپنے ماہرین سے کام کرائیں ۔ اس طرح ہمارا زر مبادلہ بھی بچے گا ۔

Minister of Communications and Works : The job is not given purely to foreign consultants.

Mr. Speaker : That is a suggestion for the Minister to be sent abroad.

CONSTRUCTION OF A ROAD FROM KHAKI TO BAFFA IN TEHSIL MANSEHRA

*2618. **Khan Malang Khan**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the former District Board Hazara constructed a road from Khaki to Baffa in Tehsil Mansehra, District Hazara ;

(*b*) whether it is a fact that on the recommendation of District Officer estimates for the metalling of the said road were drawn up several times but the road has not yet been metalled by Government ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above in the affirmative, the time by which the abovesaid road will be metalled ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ اس سوال کا تعلق محکمہ بنیادی جمہوریت ، سماجی بہبود اور لوکل گورنمنٹ سے ہے ۔ لہذا یہ سوال اس محکمہ کو مطلوبہ جواب کے لئے بھیج دیا گیا ہے ۔

خان ملنگ خان ۔ جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کرتا ہوں ۔ کہ میرا مقصد سوال پوچھنے کا یہ تھا ۔ کہ تیسرے منصوبے میں

پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ نے اس سڑک کو رکھا ہے یا نہیں۔ یہ سڑک ڈسٹرکٹ بورڈ نے بنائی تھی ۔ لیکن یہ ٹریفک کے لئے نہیں کھولی گئی تھی ۔ تو سوال اس لئے کیا تھا ۔ کہ وہاں ضلعی آفسران نے پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی سے اسکا تخمینہ بنوانا تھا اور یہ سوال اس لئے کیا ہے ۔ کہ آیا اس سڑک کو تیسرے منصوبے میں رکھا گیا ہے ۔ یا نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپکا سوال تو یہ نہیں تھا۔

خان ملنگ خان ۔ آپ سوال ملاحظہ فرمائیں ۔ "آیا یہ امر واقعہ ہے ۔ کہ ضلعی افسران کی سفارش پر مذکورہ سڑک کو پختہ کرنے کیلئے کئی بار تخمینہ لگایا گیا تھا ۔ تو سڑک کو پختہ کرنا محکمہ مواصلات ہی کا کام ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ بی ڈی ۔ والوں کا بھی کام ہے ۔

خان ملنگ خان ۔ ہمارے ضلع میں بی ۔ ڈی والے سڑک کو پختہ نہیں کرتے ۔ بلکہ وہ سڑکوں کو خراب کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر سڑک سرکاری ہے ۔ تو پھر یہ کام محکمہ مواصلات و تعمیرات کا ہے ۔

Minister of Basic Democracies: (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Sir he should withdraw that remark; that was uncalled for. انہوں نے کہا ہے ۔ کہ یہ جو بی ۔ ڈی والے ہیں ۔ وہ سڑکوں کو خراب کرتے ہیں ۔ (قطع کلامی) ۔

خان ملنگ خان - خراب کرنے سے میرا مطلب یہ تھا کہ ان کے پاس رولر نہیں ہوتے -

وزیر بنیادی جمہوریت - اب ہم نے رولر منگوا لئے ہیں -

PROVIDING REFUGEE COLONY AT HASILPUR

*2656. **Mr. Abdul Qayyum Qureshi** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that no refugee colony has been provided at Hasilpur in District Bahawalpur ; although thousands of refugees are living in a very miserable condition ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for developing the site presently occupied by refugee into a residential Colony ; if so, the time by which the same will be implemented and in case there is no such scheme, the steps Government intend to take to rehabilitate them ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) جی ہاں - بمطابق سروے ۱۹۶۳ء قصبہ حاصل پور میں صرف ایک ہزار بے خانماں خاندان ہیں -

(ب) جی ہاں - ضلعی حکام سے قصبہ حاصل پور میں مہاجر کالونی کی کوئی تجویز موصول نہیں ہوئی اور نہ ہی کسی ایسی سکیم پر بوجہ قلت سرمایہ اور دوسرے مقامات جہاں ضروت اشد تر ہے کے تقدم کے اعتبار سے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں عمل در آمد کرنے کی توقع ہے -

مسٹر عبدالقیوم قریشی - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے میرے سوال کے حصہ (ب) کا یہ جواب دیا ہے - کہ ضلعی حکام کی طرف سے اس مہاجر کالونی کے لئے کوئی تجویز نہیں آئی ہے - میں یہ یقین سے کہہ سکتا ہوں - کہ عرصہ دراز سے یہ کیس وہاں چل رہا ہے اور ڈپٹی کمشنر صاحب نے تین چار مرتبہ موقع بھی دیکھا ہے اور کمشنر صاحب بھی وہاں گئے ہیں - وہاں جگہ بھی نہیں ہے تو کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ جہاں پر مہاجر بیٹھے ہیں - وہیں انہیں آباد کر لیا جائے - اور ان سے رقم لے لی جائے - تا کہ دونوں مسائل حل ہو جائیں -

Mr. Speaker : That is a suggestion for cation.

SUSPENSION OF CONSTRUCTION WORK OF HASILPUR FORT ABBAS ROAD

***2666. Mr. Abdul Qayyum Qureshi** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that construction work of Hasilpur Fort Abbas Road *via* Chhuna Wala was taken into hand in the colony area of Tehsil Hasilpur, District Bahawalpur ;

(*b*) whether it is a fact that construction work on the said road has been suspended since long ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the date on which the construction work was suspended along with the reasons therefor ;

(*d*) whether the construction work would be resumed ; if so, when if not, the reasons therefor ;

(e) the amount allocated for the construction of the said road so far together with the amount spent and whether the remaining amount will be spent on the construction of this road ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) جی ھاں ۔ مورخہ یکم مارچ ۱۹۶۳ء کو اس سڑک کے پہلے پانچ میلوں پر کام شروع کیا گیا تھا ۔

(ب) جی ھاں ۔ ٹھیکیدار نے مورخہ سات اپریل ۱۹۶۵ء کو کام بند کر دیا تھا ۔

(ج) ٹینڈرز طلب کرنے کے بعد سب سے کم ٹینڈر والے ٹھیکیدار میسرز شاہ محمد گلزار محمد کو کام الاٹ کیا گیا ۔ ٹھیکیدار نے یہ کام مورخہ یکم مارچ ۱۹۶۵ء کو شروع کیا اور مورخہ سات اپریل ۱۹۶۵ء کو بند کر دیا ۔ کیونکہ محکمہ پی اینڈ آر اور ٹھیکیدار میں سامان کے لانے اور لیجانے کی رقم کی ادائیگی پر تنازعہ پیدا ھو گیا تھا ۔ کیس سول کورٹ بہاولپور میں دائر ھو چکا ھے اور آیندہ تاریخ پیشی ۱۳ جولائی ۱۹۶۶ء مقرر ھوئی ھے ۔

(س) پہلے ۵ میلوں پر کام کورٹ کے فیصلے کے بعد شروع ھو گا ۔ اور بقایا میلوں پر کام آیندہ مالی سال کے دوران جس میں مبلغ دو لاکھ روپے تجویز آئے ھیں ۔ شروع کیا جائے گا ۔ سال رواں میں ایک لاکھ روپے الاٹ ھوئے اور یہ رقم سامان کے اکٹھا کرنے پر خرچ ھو چکی ھے ۔

(د) اس کام کی مالی حیثیت ۶۵-۱۹۶۴ء اور ۶۶-۱۹۶۵ کی حسب ذیل ہے ۔

سال	جو الاٹمنٹ وصول ہوئی	جو رقم خرچ ہوئی
۱۹۶۴-۶۵ء	۱٬۸۳٬۰۰۰	۱٬۸۴٬۱۸۶
۱۹۶۵-۶۶ء	۱٬۰۰٬۰۰۰	۱٬۰۰٬۲۰۸ (۶۶-۵ تک)
	۲٬۸۳٬۰۰۰	۲٬۸۴٬۳۹۴

مسٹر عبدالقیوم قریشی ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے ۔ کہ یہ کیس عدالت میں جانے سے پہلے Arbitration Board کے پاس بھی جا چکا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی ہاں ۔

مسٹر عبدالقیوم قریشی ۔ تو اسکا کیا فیصلہ ہوا تھا ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ اس Arbitration Board کے فیصلے کے خلاف کورٹ نے فیصلہ کیا ہے ۔

چودھری سیف اللہ خان تارڑ ۔ میرا سوال یہ ہے ۔ کہ وزیر موصوف جیسا کہ funds کی کمی کی عام بات کرتے ہیں ۔ کیا انہوں نے جو بے ایمان انجینئرز ہیں ان کو خدا کا واسطہ دیا ہے کہ اس سال سارے کا سارا روپیہ سڑکوں پر ہی خرچ کریں ۔ (قطع کلامی) ۔

مسٹر عبدالقیوم قریشی - یہ جو انہوں نے دو لاکھ تراسی ہزار روپے دکھائے ہیں کہ خرچ ہو چکے ہیں۔ پچھلے سال بھی میں نے یہ سوال اٹھایا تھا اور وہاں پر تو ایک فرلانگ تک بھی مٹی نہیں ڈالی گئی ۔ تو یہ دو لاکھ تراسی ہزار روپے کس بات پر خرچ ہوئے ہیں ۔ میں وہاں کا رہنے والا ہوں ۔ وہاں تو ایک فرلانگ پر بھی مٹی نہیں ڈالی گئی ۔ تو کیا یہ دو لاکھ تراسی ہزار روپیہ کاغذوں پر خرچ ہو جاتا ہے ۔ یہ کہاں پر خرچ ہوا ہے ۔

وزیر مواصلات - میرے پاس جو تفصیلات ہیں وہ یہ ہیں ۔

Earthwork	...	1,61 lakh cft.
Supply of Stone Metal	...	4050 cft. ہے

مسٹر عبدالقیوم قریشی - کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے ۔ کہ کیا یہ نہیں ہو سکتا ۔ کہ یہ کیس چلتا رہے ۔ اور اسکا ٹھیکا کسی اور کو دے دیا جائے ۔ تا کہ عوام کو تکلیف نہ ہو ۔

وزیر مواصلات ۔ جو portion ہے ۔ وہ پہلے پانچ میل کا ٹکڑا ہے ۔ اور ہم اسے تقسیم نہیں کر سکتے ہیں ۔ جب تک کہ کورٹ فیصلہ نہ کرے ۔ لیکن اس سے آگے میں نے چیف انجینئر کو ہدایت کی ہے ۔ کہ جیسے بھی ہو دو لاکھ روپے کا ٹھیکہ وہاں سے آگے شروع کرے ۔

میاں محمد شفیع ۔ ایگریمنٹ کی کلاز سے یہ واضح ہے کہ اگر کسی ٹھیکیدار کا کوئی جھگڑا محکمے کے ساتھ پیدا ہو جائے تو وہ Arbitration Board کے پاس جائے ۔ اس کے بعد وہ کورٹ میں جاتا ہے ۔

اس کو بلیک لسٹ کرنے کے بعد اس کا ایگریمنٹ منسوخ کر دیا جاتا ہے اور کسی نئے ٹھیکیدار کو کام دے دیا جاتا ہے وہاں تو اس portion کو روکنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ فوری طور پر اس کا ٹھیکہ منسوخ کر کے کیا یہ کسی اور کو نہیں دیا جا سکتا ۔

وزیر مواصلات ۔ یہ جھگڑا تو اسی portion پر ہے ۔ اس لئے اس کو تقسیم نہیں کیا جا سکتا ہے جب تک عدالت فیصلہ نہ کرے لیکن ہم کوشش کرتے ہیں کہ اس سے آگے دوسرے ٹھیکیدار کو دیں اور ایسا ٹھیکیدار جو خواہ مخواہ جھگڑا پیدا کرے ۔ ہم اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دیتے ہیں ۔

میاں محمد شفیع ۔ آپ ایگریمنٹ کی کلاز نمبر ۲۶ کو پڑھیں ۔ اس کے تحت تو کام کو روکنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ ٹھیکیدار کے کلیم کا تو کورٹ نے الگ فیصلہ کرنا ہے ۔ کام بند کرنے کا تو کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا آپ جس کو چاہیں یہ کام فوری طور پر الاٹ کر سکتے ہیں ۔ کسی اور ٹھیکیدار کو الاٹ کر دیں ۔

وزیر مواصلات ۔ آپ کی تجویز کو examine کر لوں گا ۔

ISSUANCE OF ROUTE PERMITS FOR ABBOTTABAD MURREE ROUTE

*2715. **Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that according to the decision taken by the

R.T.A. Peshawar in its meeting held on 21st December, 1965, five route permits were issued for Abbottabad-Murree route ;

(*b*) whether it is a fact that only two buses are being plied on the said route although six months has passed since the said five route permits were issued for Abbottabad-Murree route ;

(*c*) whether it is also a fact that some local persons applied for the said route permits and the Deputy Commissioner, Hazara recommended their cases, but one permit was issued to a person from Haripur Hazara and the others to a resident of Peshawar;

(*d*) whether it is a fact that the persons to whom route permits were not issued, had given assurance to the said R.T.A. that they would ply on the said route brand new buses ;

(*e*) if answer to (*c*) and (*b*) above be in the affirmative reasons for not granting the said route permits to persons referred to in (*d*) above whether Government intend to reconsider its decision in respect of issuance of the said route permits ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) انیس آدمیوں نے جن میں مقامی بھی شامل تھے ایبٹ آباد مری روٹ کے پرمٹ کے لئے درخواستیں دی تھیں ۔ ان میں سے چھ کی ڈپٹی کمشنر ہزارہ نے سفارش کی تھی جن میں سے تین کے نام پرمٹ منظور ہوئے ۔ چوتھا پرمٹ ہزارہ کی ایک ٹرانسپورٹ کمپنی کو دیا گیا جس کی سفارش بھی ڈپٹی کمشنر نے کی تھی ۔ پشاور سے پرمٹ حاصل کرنے والا صاحب پشاور ۔ ایبٹ آباد ۔ نتھیا گلی

روٹ کا ایک پرانا اپریٹر تھا ۔ یہ ایبٹ آباد ۔ مری روٹ کا ایک حصہ ہے ۔ ۱۹۵۱ع میں پشاور ایبٹ آباد روٹ کو قومیانے کی بنا پر اسے اس روٹ سے محروم ہونا پڑا تھا ۔

(د) جی ہاں ۔ تمام درخواست دھندوں نے ایسا یقین دلایا تھا ۔

(ہ) نہیں ۔ یہ معاملہ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے احاطہ اختیار میں ہے جو تمام درخواستوں کا فیصلہ ان کی نوعیت اور موٹر وھیکلز آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۵ع کی دفعہ ۴۹ میں مندرج احوال کی روشنی میں کرتی ہے ۔ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا فیصلہ جس فریق کے خلاف ہو اسے ایسے فیصلہ کے خلاف اپیل کا حق ہے ۔

سردار گل زمان خان ۔ سوال کے جزو (ب) کے جواب میں وہ فرمائے ہیں کہ وہاں پر ابتک جو پانچ روٹ پرمٹ جاری کئے گئے تھے ۔ ان پر صرف دو بسیں چل رہی ہیں ۔ تو باقی تینوں پر بھی بسیں چل رہی ہیں ۔ یا نہیں ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): The position, Sir, is this that whosoever gets a permit and is not in a position to ply it immediately after the permit is granted has also a right under the North-West Frontier Motor Vehicles Rules, which are still in operation, to pay the late fee and ply it. In any case, the delay in this case is entirely unreasonable and the question of continuing or cancellation of these permits is under consideration of R. T. A. Peshawar, and it is expected that decision will be taken very soon.

مسٹر حمزہ - کیا میں معزز ممبر سے پوچھ سکتا ہوں - کہ آیا انہوں نے اپنا نام تبدیل کر لیا ہے - کیونکہ میرے پاس جو فہرست ہے - اس میں انکا نام سردار گل زمان ہے -

مسٹر سپیکر - یہ چھپائی کی غلطی ہے -

سید عنایت علی شاہ - کیا جناب وزیر صاحب بتا سکیں گے - کہ کیا یہ ضروری ہے - کہ جس علاقے میں بسیں چلتی ہوں - اس علاقے کے لوگوں کو روٹ پرمٹ دئیے جائیں -

وزیر قانون - یہ کوئی ضروری نہیں ہے -

The Law does not require this. But as far as possible this policy is pursued.

خان اجون خان جدون - کیا آپ کے نوٹس میں یہ بات ہے - کہ اکثر جن آدمیوں کو روٹ پرمٹ دئیے جاتے ہیں - وہ دوسروں کو کرائے پر دیکر بسیں چلاتے ہیں - اسکے لئے آپ نے قانون میں کیا گنجائش رکھی ہے -

Minister of Law : It is an offence under the Motor Vehicles Ordinance of 1965 if any such transfer takes place. Any such case brought to the notice of the Government, if established, can entail prosecution as well as cancellation of the permit forthwith.

ملک محمد اختر - میں نے ایسی ہی روٹ پرمٹ کو اپنی پرولیج موشن میں mention کیا تھا لیکن یہ کہا گیا کہ میں ذاتی وجوہات کی بنا پر move کر رہا ہوں - اب ان کی یقین دہانی پر میں تحریری طور پر

دے دوں گا اور توقع کروں گا کہ وہ case کو register کریں -

مسٹر سپیکر - آپ کا ضمنی سوال کیا ہے ؟

ملک محمد اختر - یہ کہ اس پر عمل نہیں ہو رہا -

I will submit to him and let him get it registered.

سردار گل زمان خان - روٹ پرمٹ جاری کرنے کے بعد بسوں کو کتنا وقت دیا جاتا ہے -

وزیر قانون - reasonable time دیا جاتا ہے -

Reasonable period. Sir, that varies with the R.T.A. Ordinarily, 15 day's time is given to put the buses on road but there is no fixed time within which it must be done statutorily.

میاں محمد شفیع - کیا یہ ممکن نہیں کہ جتنے روٹ پرمٹ دئے جائیں اتنی ہی بسیں چلائی جائیں -

Mr. Speaker: The Member may give a fresh notice for this question.

Mr. Ahmed Mian Soomro: Is it not a fact that the number of buses itself has to be mentioned in the application for the route permit ?

Minister of Law: It is definitely so. It is mentioned.

مسٹر حمزہ - کیا وزیر صاحب کے علم میں کوئی ایسا case نہیں کہ روٹ پرمٹ ایک شخص کو ملا ہو لیکن اس نے وہ کسی دوسرے شخص کو ٹھیکے پر دے دیا ہو - ایمانداری سے بتائیں -

وزیر قانون ۔ حمزہ صاحب نے ایمانداری سے سوال کیا ہے اس لئے ایمانداری سے جواب دیا جائے گا ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہمیں جس جس case میں ثبوت مل گیا ہے ان کے روٹ پرمٹ cancel کر دئے گئے ہیں لیکن بعض ایسے cases بھی ہیں جن کے لئے کوئی ثبوت نہیں ملا ۔ اس لئے ان کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا جا سکتا ۔

CONFIRMATION OF ASSISTANT ENGINEERS BELONGING TO FORMER PUNJAB

*2733. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that large number of Assistant Engineers belonging to Former Punjab working in the Buildings and Roads Department have not yet been confirmed despite the fact they have put in service of more than 10 to 15 years ;

(*b*) whether it is a fact that a large number of permanent posts of Assistant Engineers are lying vacant in the former Punjab Region in the said Department since long ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for not confirming the said Assistant Engineers;

(*d*) whether it is a fact that similar Engineers working in other Regions have been confirmed with the result that temporary Engineers of former Punjab have become junior to such Engineers in the other regions although originally they were senior to them ; if so, reasons for their prior confirmations ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) نہیں ۔ اصطلاحی طور پر اسسٹنٹ انجینئر کا لفظ درجہ دوم کے مستقل افسران کے مفہوم میں ہی استعمال ہوتا ہے ۔ علاوہ ازیں محکمہ میں عارضی اسسٹنٹ انجینئر بھی موجود ہیں ۔

(ب) اس نوعیت کی مستقل آسامیاں صرف سابق پنجاب میں ہی خالی نہیں ہیں بلکہ مغربی پاکستان کے تمام خطوں میں اس طرح کی آسامیاں خالی پڑی ہیں جس کا سبب یہ ہے کہ ملازمت ہائے سرکار کے قوانین و ضوابط ابھی تکمیل پذیر ہیں لیکن جہاں تک سابق پنجاب کا تعلق ہے وحدت مغربی پاکستان سے قبل والی مستقل آسامیاں پر ہو چکی ہیں اور ان آسامیوں کے حصہ میں آنے والے افسران کو مستقل کیا جا چکا ہے ۔

(ج) ملازمت ہائے سرکار درجہ دوم کے جمیعت ہائے عملہ کے قوانین و ضوابط کی عدم تکمیل ۔

(د) نہیں ۔ سابق پنجاب کے عارضی اسسٹنٹ انجینئر صاحبان کو مستقل نہ ہونے کے باعث دوسرے خطوں کے افسران کے بالمقابل ترقی و مشاہرات کے مواقع کے حاصل کرنے میں کوئی نقصان نہیں پہنچا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کیا یہ

ایوان کا procedure ہے کہ کسی سوال کا جواب متعلقہ ممبر کو ہی دیا جاتا ہے دوسرے ممبران کے میز پر نہیں رکھا جاتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا مطلب ہے کہ written answer نہیں رکھا جاتا ۔

چودھری محمد نواز ۔ جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ہاؤس کا یہ procedure ہے کہ اگر کسی ممبر کا سوال فہرست میں نہ چھپ سکا ہو تو وہ اس کی نشست پر رکھ دیا جاتا ہے ۔ Yes any supplementary?

میاں محمد شفیع ۔ کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ جن انجینئروں یا اسسٹنٹ انجینئروں کو مستقل نہیں کیا گیا ان کی سروس ، ترقی یا seniority میں تو فرق نہیں پڑے گا ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ پنجاب کے جتنے انجینئر تھے وہ سب مستقل ہو چکے ہیں ۔ ان پر کوئی effect نہیں ہوا ۔

CONSTRUCTION OF A ROAD FROM KADHAN TO BAHDAMI IN TALUKA BADIN

*2741. **Rais Khan Muhammad Khan Nizamani** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a Scheme for construction of a road from Kadhan to Bahdami in Taluka Badin was included in the Second Five-Year Plan ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative whether the said road has since been construced, if not, reasons therefor and the time by which the said road will be constructed ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) یہ سڑک ایگریکلچرل ڈیویلپمنٹ کارپوریشن کے چارج میں ہے -

(ب) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

رئیس خان محمد خان نظامانی - میں یہ عرض کروں گا کہ اس سوال کو Agriculture Development Corporation کو ٹرانسفر کیا جائے-

مسٹر سپیکر - میں آپ کی بات نہیں سمجھا -

رئیس خان محمد خان نظامانی - یہ Agriculture Development Corporation کے محکمہ کو ٹرانسفر کیا جائے -

مسٹر سپیکر - مسٹر جونیجو کیا یہ سوال آپ کے محکمے کا نہیں -

Minister of Communications and Works : No, Sir. It relates to the A.D.C and the A.D.C. is connected with the Agriculture Department.

مسٹر سپیکر - یہ سوال متعلقہ محکمہ کو بھیجا جائے -

This question would be replied to on the turn when the Agriculture Department will answer the questions.

RECRUITMENT AND PROMOTION TO POSTS OF PERMANENT ENGINEERS IN THE B & R. DEPARTMENT

*2747. **Rais Khan Muhammad Khan Nizamani** : Will the Minister of

Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government have fixed 25 years age-limit for direct recruitment as well as for promotion to the posts of permanent Engineers in the Buildings and Roads Department ;

(*b*) whether it is a fact that previously the departmental candidates were promoted to the said posts up to the age of 35 years ;

(*c*) whether it is a fact that due to the said fixation of age-limit most of the departmental candidates in former Province of Sind have been adversely affected ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government to grant relaxation up to the limit of 35 years in case of departmental candidates for the said posts ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) ملازمت میں محض براہ راست داخلہ کی خاطر ۲۱ سال تا ۲۵ سال کی عمر معین کی گئی ہے اور مستقل انجنیئروں کی آسامیوں پر ترقی دینے کی غرض سے عمر کی کوئی حد مقرر نہیں ہے ۔

(ب) نہیں ۔

(ج) نہیں ۔

(د) خارج از بحث ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میرے دو سوال ۲۸۱۶ اور ۲۸۱۷ تھے ۔ وزیر صاحب نے صاف گوئی سے بتا دیا ہے کہ سوال نمبر ۲۸۱۶ کا جواب ابھی نہیں مل سکا ۔ جس کے لئے میں ممنون ہوں ۔

لیکن وزیر صاحب کو معلوم ہے کہ یہ دونوں سوالات inter connected ہیں اس لئے دوبارہ ان کو repeat کیا جائے - ۲۸۱۷ کا جواب مل گیا ہے - ۲۸۱۶ کا جواب نہیں ملا - بہتر ہے کہ اب دونوں کا جواب اکٹھا دیا جائے -

They are of great public importance.

Minister of Communications and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo): I have no objection.

مسٹر سپیکر - کیا ۲۸۱۶ کا جواب نہیں آیا -

وزیر مواصلات - جی نہیں -

Mr. Speaker: Both these questions will be repeated on the next turn.

SHORT NOTICE QUESTION AND ANSWER

Mr. Speaker: There is a Short Notice Question from Haji Sardar Atta Muhammad Lund. The Member may please read out his question.

UNAUTHORISED OCCUPATION OF PLOT NO. 125 IN COMMERCIAL AREA OF MUMTAZABAD COLONY, MULTAN.

*3148. **Sardar Haji Atta Muhammad Lund**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that plot No. 125 in Commercial area of Mumtazabad Colony, Multan has been occupied by some one unautorisedly;

(*b*) whether it is a fact that the entire population residing in the vicinity of the said plot has objected to the unauthorised occupation of the plot and the Commissioner, Multan Division and Deputy Commissioner, Multan have been informed about the matter ;

(*c*) whether it is a fact that due to the said unauthorised possession of the said plot the feelings of the residents of the said area are very high and public peace and tranquality is in danger ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the action taken by the Government in the matter, and if no action has so far been taken, reasons therefor ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) :

(الف)
(ب) یہ سوال ہوم ڈیپارٹمنٹ سے متعلق ہے ۔ اور معزز
(ج) ممبر اس کا جواب اس محکمہ سے طلب فرمائیں ۔
(د)

Mr. Speaker: Had the Minister not received separate notice for this short notice question ?

Minister for Communications: Sir, I had received and accepted the notice and actually when I probed into the facts, I was informed that the matter rests with the Home Department and they will be the proper authority to reply to this question.

Mr. Speaker: Will the Law Minister please accept the notice of this question ?

Minister for Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, we have accepted this and we will take two to three days to reply to this question.

Mr. Speaker: Let it be 20th.

حاجی صاحب جونیجو صاحب نے یہ کہا ہے کہ یہ سوال ہوم ڈیپارٹمنٹ سے متعلق ہے ۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ میں میمن صاحب نے آپ کے

سوال کو admit کر لیا ہے ۔ اور ۲۰ تاریخ کو اس سوال کا جواب دیا جائیگا ۔

Minister for Law : Sir, the Home Department is having its turn on the 18th. Let this also be on the 18th.

Mr. Speaker : Alright, let it be on the 18th.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE.

CONSTRUCTING ROADS IN MONTGOMERY DISTRICT

***2762. Mr. Nazir Ahmad :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether any scheme for constructing more roads in Montgomery District has been included in 1966-67 budget; if so, the names of the roads proposed to be constructed under the said scheme ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) : جی ہاں مندرجہ ذیل دو سکیموں پر سال ۱۹۶۶-۶۷ء میں کام ہو گا ۔

(الف) مغربی پاکستان ہائی وے پر میل ۶۰۰ تا ۷۵۸·۵۸ میں چوڑائی کا کام ۔

(ب) منٹگمری ۔ عارف والا ۔ قبولہ ۔ بھکاں ۔ بہاولنگر کو بہتر بنانے کا کام ۔

METALLING OF KOHAT—SHEIKH MUHAMMADI SHAHAB KHEL—SARBAND BARA HILL ROAD

***2799. Mr. Jalal-ud-Din Khan :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a Scheme has already been formulated

by Government to metal Kohat-Bara Road *via* Sheikh Muhammadi Shahab Khel—Sarband Bara Hill Road which is availed of by nearly 2 lakhs of people and hundreds of Tongas, Pehras for transportation of vegetables and grains from rural areas to the city ;

(*b*) whether it is a fact that the said road has not so far been metalled, if so, the time by which the same will be metalled ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ (الف) جی نہیں ۔

(ب) یہ سکیم ہمارے (مجوزہ) پنجسالہ منصوبہ میں شامل ہے ۔ اسکی لمبائی ساڑھے چار میل اور اس پر تخمیناً ساڑھے چار لاکھ روپے لاگت آئے گی ۔ لیکن یہ سال ۱۹۶۶-۶۷ء کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ میں شامل نہیں ہوئی ہے ۔

———

GOVERNMENT QUARTERS IN WAHDAT COLONY, LAHORE

***2801. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) number of Quarters constructed by Government in Wahdat Colony, Lahore, along with the expenditure incurred thereon ;

(*b*) the average yearly rent recovered by Government from the Government employees residing in the said colony ;

(*c*) category-wise staff of the Buildings and Roads Department appointed to take care of the said colony along with the total amount so far incurred on account of their pay and allowances ;

(*d*) the amount so far spent on the repairs of the quarters, roads, maintenance of gardens and tube-wells of the said colony ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) : (الف)

کوارٹرز - ۱۱۴۱ عدد

اخراجات - مبلغ ۱،۳۸،۷۱،۳۴۰ روپے

(ب) اوسط سالانہ کرایہ - مبلغ ۳،۸۲،۰۰۰ روپے

(ج) عملہ - (۱) ورک سپروائزر/سپرنٹنڈنٹ - ۷ نفر

(۲) شکائت نویس محرر - ۱ ''

(۳) چوکیدار - ۸ ''

(۴) معمار - ۳ ''

(۵) بڑھئی - ۲ ''

(۶) مزدور - ۴ ''

(۷) ٹیوب ویل ڈرائیور - ۹ ''

(۸) تیل انداز - ۳ ''

(۹) نل ساز - ۶ ''

(۱۰) نل ساز مزدور - ۵ ''

(۱۱) نل درست کنندہ - ۱ ''

(۱۲) مہتر بدرو - ۱۰ ''

(۱۳) خاکروب/جمعدار - ۱۷ ''

(۱۴) نگران اشجار - ۱ "

(۱۵) مالی - ۱۸ "

(۱۶) بہشتی - ۲ "

(۱۷) گاڑیبان - ۱ "

(۱۸) برق ساز - ۵ "

(۱۹) برق ساز مزدور - ۳ "

(۲۰) مشین ساز - ۱ "

(۲۱) مشین ساز مزدور - ۱ "

جملہ - ۱۰۸ نفر

اخراجات بابت تنخواہ اور بھتا - مبلغ ۲۳۶،۷۰،۷ روپے -

(د) مبلغ ۲،۵۷،۹۳۰ روپے (بہ شمول ادائیگی تنخواہ عملہ مذکورہ بالا)

WIDENING OF GARHI HABIB ULLAH—BOI ROAD

*2843. **Sardar Gul Zaman Khan:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Garhi Habib Ullah—Boi Road is so narrow that hardly a jeep can ply on it ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to widen the said road during the 3rd Five Year Plan period; if not, reasons therefor ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ (الف) کیونکہ یہ سڑک محکمہ بی اینڈ آر کی تحویل میں نہیں ہے اسلئے اس محکمے کو اس کی چوڑائی کے متعلق علم نہیں ۔

(ب) نہیں ۔ کیونکہ یہ پی ڈبلیو ڈی کی سڑک نہیں ہے ۔

BRIDGE ON HILL TORRENT SANGHAR

***2860. Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no bridge on the hill torrent Sanghar ;

(*b*) whether it is a fact that the people of the said area are facing difficulties for want of a bridge there ;

(*c*) whether it is a fact that considerable loss of life and property is sustained every year in the said hill torrent due to the non-existence of a bridge; if so, whether Government intend to construct the said bridge at the time of construction of Kashmore—Dera Ismail Khan road *via* Dera Ghazi Khan ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں

(ج) کسی جائداد یا جانی اتلاف کا محکمہ کے ریجنل دفتر کے پاس کوئی ریکارڈ نہیں ہے ۔

سانگھڑ ندی پر تونسہ کے نزدیک پل تعمیر کرنے کی سکیم حکومت کے زیر غور ہے ۔

CONSTRUCTION OF A SUPER HIGHWAY FROM KARACHI TO PESHAWAR *via* DERA GHAZI KHAN AND TAUNSA SHARIF

***2862. Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that sanction has been accorded for construction of a Super Highway from Karachi to Peshawar *via* Dera Ghazi Khan and Taunsa Sharif ; if so, the likely date by which construction work thereon would be taken in hand?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ جی نہیں ۔ کراچی سے پشاور تک براستہ ڈیرہ غازی خان اور تونسہ شریف کوئی اعلیٰ شاہراہ تعمیر کرنیکی کوئی تجویز نہیں ہے ۔

SCHEME FOR CONNECTING HEADQUARTER OF EACH UNION COUNCIL WITH MAIN ROAD

***2871. Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether Government have any scheme for connecting the headquarter of each Union Council in the Province with the main roads of the District concerned by constructing the link road?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ جی نہیں ۔

ایسی ملانے والی سڑکوں کی تعمیر ہر ضلع کونسل کی اپنی ذمہ داری ہے اور بعض حالات میں تو انہوں نے خود اپنے اپنے پنجسالہ منصوبے تیار کر رکھے ہیں - یونین کونسل کو ضلعی صدر مقام سے ملانے والی سڑکوں کی تعمیر کا کام اس محکمے سے کوئی تعلق نہیں ہے -

---

BREACHES IN METALLED ROAD FROM TAUNSA SHARIF TO TIBI QAISRANI

*2876. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that metalled road from Taunsa Sharif to Tibi Qaisrani breached at certain places last month ; if so, reasons thereof and the number of breaches occurred in the said road ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - جی ہاں - اپریل ۱۹۶۶ء میں تونسہ شریف سے ٹبی قیصرانی جانے والی سڑک میں بعض جگہوں پر شگاف پڑ گئے تھے - یہ شگاف واہ کے پہاڑی نالہ جسکے قرب و جوار میں غیر معمولی بارش کی وجہ سے اچانک پانی آ گیا تھا اس پانی کی زد سے پیدا ہوئے - ان شگافوں کی کل تعداد بارہ ہے -

---

TAUNSA ROAD

*2881. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that breaches occur each year in Taunsa Road at Bohar ; if so, reasons therefor ;

(*b*) whether it is a fact that the level of land to Western side of the said road is Rod Kohi area is becoming higher and higher each year and thus causing danger to the said road ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the remedial steps taken by Government in this behalf;

(*d*) whether it is a fact that Government had acquired land along the said road on its Western side so that water instead of accumulating along the road, should flow through the culverts to check further increase in the earth level to the Western side of the said road;

(*e*) whether it is a fact that the level of channels of water has become so high, that water cannot flow through them smoothly, if so, the reasons for defects in these channels, and the remedial steps Government intend to take in this behalf;

(*f*) whether it is a fact that the said channels have not been cleaned and desilted so far; if so, the time by which the said channels will be cleaned and desilted?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) -

(الف) پہاڑی نالہ کی وجہ سے تونسہ سڑک کو ہر سال نقصان پہنچ جاتا ہے اور قرب و جوار کے علاقہ میں بارش کی زیادتی کی وجہ سے پانی سڑک کی سطح پر بہنے لگتا ہے -

(ب) جی ہاں -

(ج) جی نہیں - زمین صرف معمول کے مطابق سڑک کو ۱۱۰ فٹ تک کی حد تک رکھنے کیلئے حاصل کی گئی تھی -

(ہ) اس محکمہ کو اس بات کا کوئی علم نہیں ہے کیونکہ سڑک کے ساتھ اس محکمہ کی تحویل میں کوئی نالیاں نہیں ہیں -

(و) جیسا کہ اوپر (د) میں جواب دیا گیا ہے -

GRANT OF PROPRIETORY RIGHTS TO ALLOTTEES OF 'D' TYPE IN LATIFABAD TOWN, HYDERABAD

*2920. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that allottees of 'D' type quarters in Latifabad Town, Hyderabad have already paid the cost of the quarters alongwith interest thereon ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that proprietory rights of the said quarters have so far been transferred to the said allottees ;

(*c*) whether it is a fact that Government have raised the rate of interest charged over the cost of 'D' type quarter in the said town from 6¼ per cent to 9½ per cent;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons therefor ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔

(الف) ۔ جی نہیں ۔

(ب) ۔ بروئے جواب مندرجہ بالا برائے (الف) اس کا سوال ھی پیدا نہیں ھوتا ۔

(ج) ۔ سود اور تعزیری سود کی شرح بالترتیب ۶ فیصدی اور نو فیصدی یکم جولائی ۱۹۶۵ء سے نئی الاٹمنٹوں کے سلسلہ میں بڑھائی گئی ھے ۔ معاھدات برائے فروخت جو کہ اس تاریخ سے پہلے تکمیل پذیر ھو چکے ھیں ۔ ان پر اس فیصلہ کا اطلاق نہیں ھو گا ۔

(د) الاٹمنٹ کی شرائط و قیود کے مطابق حقوق ملکیت سات سال بعد الاٹیوں کو تفویض کئے جانے چاہئیں ۔ بشرطیکہ انہوں نے تمام قیمت ادا کر دی ہو اور دوسری شرائط کی تکمیل بھی کر دی ہو ۔ زیادہ تر الاٹیوں نے اپنے کوارٹروں کی پوری قیمت ابھی تک ادا نہیں کی اور نہ ہی دوسری شرائط کی تکمیل کی ہے ۔ تاہم حکومت ان مہاجر الاٹیوں کے بارے میں جو کہ مالکانہ حقوق کے حقدار ہو گئے ہیں فیصلہ کرنے پر غور کر رہی ہے ۔

———

METALLING OF CHISTIAN MEHTAJHEDU ROAD

***2971. Sahibzada Noor Hassan :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that work of metalling Chistian-Methtajhedu road was taken in hand last year but was stopped during the Indo-Pakistan War ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, when the work is likely to be restarted and the time required for its completion alongwith the amount allocated for the purpose with ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ (الف) اس سڑک کا کام ۶۴ - ۱۹۶۳ء میں شروع کیا گیا تھا ۔ مگر مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے کام کی رفتار سست رہی ۔ موجودہ مالی سال میں صرف ۲۰ ہزار کی رقم مہیا کی گئی ہے ۔

(ب) اگلے مالی سال میں کام کی رفتار تیز ہو جائے گی کیونکہ اس سال میں اس کام کے لئے ۲۰۸۰ لاکھ روپے رکھے گئے ہیں۔ اور سال ۶۸ - ۱۹۶۷ء میں اس کام کو مکمل کرنے کی تجویز ہے بشرطیکہ باقی ماندہ رقم مہیا ہو سکی۔

CONSTRUCTION OF A PERMANENT BRIDGE OVER RIVER SUTLEJ

*2974. **Sahibzada Noor Hassan :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether there is any scheme under consideration of Government to construct a permanent bridge over river Sutlej replacing the present boat bridge between Bahawalnagar and Arifwala ; if so, the date by which the said Scheme will be implemented ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - مجوزہ سالانہ ترقی پروگرام ۶۷ - ۱۹۶۶ء میں دریائے ستلج پر پل تعمیر کرنے کی مفصل تحقیقات کے لئے مبلغ پچاس ہزار روپے مہیا کئے گئے ہیں۔

یہ تحقیقات مکمل ہونے پر مفصل ڈیزائن اور تخمینہ تیار کیا جاوے گا۔ پھر سکیم ترقیاتی منصوبہ بندی پارٹی کو برائے منظوری پیش کی جاوے گی۔

امید ہے۔ کہ پل کی تعمیر تیسرے پنج سالہ منصوبہ کے آخر میں شروع کی جائے گی۔ بشرطیکہ بجٹ میں گنجائش ہوئی اور پل تعمیر کرلیکی منظوری حاصل ہو گئی۔

WIDENING OF ROAD BETWEEN KOHAT AND PESHAWAR

*2989. **Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Highway between Kohat and Peshawar is very narrow and traffic thereon is very heavy, specially in winter season when sugarcane is carried from Peshawar to Bannu Sugar Mill ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to widen the said road during the 3rd Five Year Plan period ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) پشاور کوہاٹ سڑک کو چوڑا کرنے کا کام ہمارے مجوزہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں شامل ہے ۔

WIDENING OF ROAD BETWEEN RAWALPINDI AND KOHAT

*2990. **Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that highway between Rawalpindi and Kohat is very narrow and a portion thereof has been damaged rendering it unfit for vehicular traffic ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative whether Government intend to repair and widen the said road in the Third Five-Year Plan period ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ (الف) اس سڑک کی چوڑائی تنگ ہے اور مختلف جگہوں پر ۹ فٹ سے لے کر ۱۲ فٹ تک چوڑی ہے ۔ سڑک آمد و رفت کے لئے ٹھیک

ہے اور ہر قسم کی آمد و رفت کے لئے استعمال کی جا رہی ہے ۔ اگرچہ بعض میلوں میں سڑک کی سطح پر خرابی کے آثار ظاہر ہو رہے ہیں اور Resurfacing کے محتاج ہیں ۔

(ب) سڑک کی Resurfacing کا کام اُن حصوں میں پہلے ہی شروع ہو چکا ہے جن میں خرابی کے آثار نمودار ہو رہے تھے اور اُمید کی جاتی ہے کہ آئندہ سال یہ کام مکمل ہو جائے گا ۔ اس سڑک کو مستقبل قریب میں چوڑا کرنے کی کوئی تجویز نہیں ہے ۔ اگر پیسے مل سکے تو مناسب وقت پر اس کام کو بھی کرنے پر غور کیا جائے گا ۔

PROMOTION OF CLASS II OFFICERS IN FORMER N.W.F.P.

***2991. Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the officiating S. D. Os. of Buildings and Roads Department in former N. W. F. P. area are entitled to promotion against 20% permanent posts of P. S. E. Class II ;

(*b*) whether it is a fact that 23 per-integration permanent posts of P. S. E. II, are vacant in the said area out of which 5 posts reserved for pre-integration promoted S. D. Os. ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the time by which the pre-integrated promoted S. D. Os. are likely to be appointed against the said five permanent posts of P. S. E. Class II ?

(الف) .. وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو)

ہاں ۔

(ب) جی نہیں صرف چھ آسامیاں خالی ہوئیں جن میں سے صرف ایک ماتحت انجنیئرنگ عملہ کے حصہ میں ہے ۔

(ج) ایک آسامی جس کا مندرجہ بالا جز (ب) میں حوالہ دیا گیا ہے ۔ سابق صوبہ سرحد کے ایک قائم مقام ایس ڈی او کے مستقل کئے جانے سے پر ہو چکی ہے ۔

ROUTE PERMITS FOR PLYING BUSES ON ABBOTTABAD-NATHIA GALI BARIAN—MURREE ROAD.

*2996. **Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Parliamentary Secretary Transport be pleased to state :—

(*a*) the number of route permits issued by the Peshawar Regional Transport Authority for plying buses on Abbottabad-Nathiagali-Barian-Murree road ;

(*b*) whether buses are actually plying at present on the said route ;

(*c*) the number of Government Transport Service buses plying from Abbottabad to Murree and whether Government intend to increase their number in the near future ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) پالچ پرمٹ مورخہ ۲۲ ۔ دسمبر ۱۹۶۵ء کو منظور کئے گئے جن میں سے دو اب تک جاری کئے جا چکے ہیں باقی تین گاڑیاں پیش کرنے پر جاری کئے جائیں گے ۔

(ب) جیسا کہ (الف) مندرجہ بالا پر بیان کیا گیا ہے ۔ فی‌الحال دو بسیں چل رہی ہیں ۔

(ج) گورنمنٹ ٹرانسپورٹ سروس ایبٹ آباد اور مری کے درمیان دو سروسز اور نتھیا گلی اور مری کے درمیان ایک سروس چلا رہی ہے ۔ مستقبل قریب میں ان کی تعداد میں کسی اضافہ کی تجویز زیر غور نہیں ہے ۔

ROUTE PERMITS FOR PLYING BUSES ON ABBOTTABAD LORA ROAD

*2997. **Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Transport, be pleased to state :—

(*a*) the number of route permits issued by Road Transport Authority Peshawar for plying buses on Abbottabad-Lora Road in Tehsil Abbottabad of Hazara District, alongwith the dates on which the said route permits were issued ;

(*b*) whether buses are actually plying on the above said route, if not, reasons therefor ;

(*c*) whether Road Transport Authority, Peshawar intend to issue more route permits for plying buses on Abbottabad– Lora Road ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) ۱۳ دسمبر ۱۹۶۱ء کو مقصود تا لورا روٹ کے لئے پانچ پرمٹ منظور کئے گئے جن میں سے ایک کی توسیع ایبٹ آباد تک مورخہ ۲۳ اکتوبر ۱۹۶۳ء کو کی گئی ۔ اس طرح ایک بس اس پرمٹ پر ایبٹ آباد سے لورا براستہ مقصود چل رہی ہے ۔

(ب) جیسا کہ (الف) بالا پر بیان کیا گیا ہے ایک بس ایبٹ آباد سے لورا براستہ مقصود چل رہی ہے ۔

(ج) اس روٹ کا سروے کرنے کا ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی پشاور ارادہ رکھتی ہے ۔ مسافروں کی ضروریات کے پیش نظر اگر ضرورت محسوس کی گئی تو مزید پرمٹوں کے اجرا پر غور کیا جائے گا ۔

PACCA ROADS IN NAWABSHAH DISTRICT

*3018. **Haji Rais Darya Khan Jalbani :** Will the Minister of Communications and Works please refer to answer to starred question No. 194 of Pir Qurban Ali, M.P.A. given on the floor of the House on May, 31, 1966 and state :—

(*a*) the total mileage of pacca roads excluding National Highway, in Nawabshah district ;

(*b*) the total mileage of pacca roads excluding National Highway in the former Sind constructed after 1955;

(*c*) the towns connected by the pacca roads mentioned in (*b*) above ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔

(الف) ۔ ۷۶ میل ۔

(ب) ۔ ۶۰.۱۴۱۳ میل ۔

(ج) ۔ مندرجہ ذیل شہروں کو ملانے کے لئے سڑکوں کا کام جاری ہے اور ان میں سے بعض سڑکیں مکمل ہونیوالی ہیں ۶۰.۱۴۱۳ میل جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے ان ہی سڑکوں میں سے

مکمل شدہ حصہ ہے ۔ جھٹ پٹ اسطے محمد ۔ کوٹری پٹیارو ۔ سنگھڑ۔سندھڑی ۔ کوٹری سیہون ۔ پٹیارو منجھند ۔ امری ۔ لکی ۔ دادو سیہون ۔ لکی سیہون ۔ دادو ۔ کے ۔ این شاہ ۔ کمیر ڈرگ روڈ ۔ سکھر پیر جو گوتھ ۔ ٹنڈوالہہیار ۔ ٹنڈو غلام علی براستہ ھلالی مہراب پور گھوٹکی خانپور ۔ کھورا ۔ پری ۔ کنڈویارو ۔ نوشہرہ و براستہ دو بیلو ۔ تھارو شاہ ۔ راٹوڈیرہ گڑھی یاسین ۔ لاڑکانہ نو ڈیرہ ۔ چورکنری ۔ لاڑکانہ ۔ ڈوکری ۔ اریجا ۔ مونھیڑرو رٹو ڈیرو ۔ شیر محمد تاھیم ۔ گڑھی یاسین شکار پور ۔ نصیر آباد ۔ وارا ۔ سندھڑی ۔ کھپر ۔ بابر لوئی ۔ پریالو ۔ حیدر آباد ۔ شیخ بھکر لو ۔ اجاری ۔ کھپرو بھلاڈسم سمارو عمر کوٹ ۔ سدرجانیو جتوئی ۔ ٹنڈوالہہ یار ۔ نصیر پور ۔ ھستگورجا ۔ سامی ۔ سگون ۔

PACCA CONSTRUCTION ON GOVERNMENT LAND ON THE SIDES OF NATIONAL HIGH WAY IN FORMER SIND

*3019. **Haji Rais Darya Khan Jalbani :** Will the Minister of Com munications and Works please refer to answer to my starred question No. 1607 given on the floor of the House on May 31st, 1966 and state :—

(*a*) whether the Superintending Engineer was competent to grant permission for pacca construction on Government land on the sides of the National High Way; if not, reasons for which the Superintending Engineer granted the permission and the action taken against him ;

(*b*) whether the Superintending Engineer was competent to grant lease of Government land for a period of more than one year at a time; if not, reasons for which the lease for more than one year was granted by Superintending Engineer and the action taken or intended to be taken against him ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - (الف) - جی نہیں - سپرنٹنڈنگ انجنیئر نے صرف عارضی تعمیر کے لئے ہی اجازت دی تھی -

(ب) - جی نہیں - چیف انجنیئر صاحب سے کہا گیا ہے کہ وہ متعلقہ سپرنٹنڈنگ انجنیئر کی جواب طلبی کرے -

---

PACCA CONSTRUCTION ON GOVERNMENT LAND ON THE SIDES OF NATIONAL HIGHWAY IN FORMER SIND

***3021. Haji Rais Darya Khan Jalbani**: Will the Minister of Communications and Works please refer to answer to my starred question No. 1607, given on the floor of the House on May 31st, 1966 and state whether it is a fact that the area upon which pacca construction has been made is more than the area actually leased out: and the lessee is collecting rent for the shops constructed by him on the land not leased out ; if so, reasons therefor and the action Government intend to take in this regard ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - جی نہیں - اس سلسلے میں کارروائی کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

---

CONSTRUCTION OF ROAD BETWEEN UMARKOT AND MIRPUR KHAS

***3033. Rana Chander Singh**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the length of road between Umarkot

and Mirpur Khas in District Tharparkar is about 64 miles;

(*b*) whether it is a fact that a portion of the said road has been metalled;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative (*i*) how much portion of the road has been metalled, (*ii*) when construction work was started, (*iii*) when the construction will be completed, (*iv*) the amount allocated for the said construction, (*v*) the amount spent uptil now?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - (الف) - جی ہاں -

(ب) - جی ہاں -

(ج) - (*i*) ۱۲ میل -

(*ii*) جنوری ۱۹۵۷ء -

(*iii*) امید کی جا سکتی ہے کہ اگر فنڈ مل گئے تو جون ۱۹۷۰ء تک یہ کام مکمل ہو جائے گا -

(*iv*) اس کام کے لئے ۵۷ - ۱۹۵۶ء سے ۶۶ - ۱۹۶۵ء تک کل ۴۲ لاکھ ۱۱ ہزار روپے کی رقم الاٹ کی گئی ہے -

(*v*) اوپر بیان کی گئی الاٹ شدہ رقم کے مقابلے میں مئی ۱۹۶۶ء تک کل ۱۳ لاکھ ۷۹ ہزار روپے خرچ ہوئے ہیں -

---

METALLING OF ROADS IN DESERT AREAS IN DESERT SUB-DIVISION OF DISTRICT THARPARKAR

*3035. **Rana Chander Singh**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there are no 'pucca' roads in Desert Areas in Desert Sub-Division of District Tharparkar;

(*b*) whether Government intend to metal the roads in the said area; if so, when and the amount allocated for the purpose; and if not, reasons therefor?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - (الف) - جی ھاں -

(ب) - ریگستانی علاقہ کی تمام کچی سڑکیں ڈسٹرکٹ کونسل تھر پار کر کی تحویل میں ھیں - محکمہ تعمیرات کے پاس ان سڑکوں کو پختہ کرنے کی کوئی سکیم نہیں ھے -

---

METALLING OF ROAD FROM HASILPUR TO FORTABBAS

*3045. **Mr. Abdul Qayyum Qureshi**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that an amount of Rs. 3 lacs was allocated in 1965-66 for metalling of the road from Hasilpur to Fortabbas;

(*b*) whether it is a fact that the said road has not so far been metalled, if so, reasons therefor and the time by which the said road will be metalled?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - (الف) سال ۱۹۶۵-۶۶ء میں اس سڑک کو پختہ کرنے کے لئے چار

لاکھ روپے کی رقم مہیا کی گئی تھی لیکن ہنگامی حالات کے باعث اس رقم کو گھٹا کر ایک لاکھ کر دیا گیا ۔

(ب) ٹینڈر طلب کرنے کے بعد اس ٹھیکیدار کو جس نے سب سے کم نرخ پر ٹینڈر دیا تھا کام دے دیا گیا ۔ ٹھیکیدار نے یکم مارچ ۱۹۶۵ء کو کام شروع کیا لیکن حکومت اور ٹھیکیدار کے درمیان سامان دلانے اور لے جانے کی قیمت کی ادائیگی کی بابت جھگڑا ہو جانے کی وجہ سے ٹھیکیدار نے ۷ اپریل ۱۹۶۵ء کو کام بند کر دیا ۔ بہاولپور کی دیوانی عدالت میں مقدمہ دائر کر دیا گیا ہے اور اگلی تاریخ پیشی ۱۳ جولائی ۱۹۶۶ء مقرر ہوئی ہے ۔ موجودہ سال کی ایک لاکھ روپے کی الاٹ شدہ رقم پہلے ہی سے سامان اکٹھا کرنے پر صرف کی جا چکی ہے ۔ جونہی عدالت فیصلہ کرے گی یہ کام دوبارہ شروع کر دیا جائے گا ۔ اگلے سال یعنی ۱۹۶۶-۶۷ء کے لئے دو لاکھ روپے کی رقم مخصوص کی گئی ہے اور اگر پیسے ملتے رہے تو امید ہے کہ یہ سڑک ۱۹۶۸-۶۹ء تک مکمل ہو جائے گی ۔

METALLING OF HASILPUR ISLAM HEAD ROAD

*3049. **Mr. Abdul Qayyum Qureshi** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Hasilpur Islam Head Road in Bahawalpur District has become impassable due to *Sem* between miles 7 and 8 on the said road ;

(*b*) whether it is a fact that no attention has so far been paid towards its metalling or repairing;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor and whether Government intend to repair it ; if so, when ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) : (الف) اس سڑک کے میل ۷ اور ۸ کو زیر زمین پانی کی سطح اونچی ہو جانے اور بھاری آمد و رفت کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے ۔ لیکن اُن پر آمد و رفت آسانی سے جاری ہے اور سڑک آنے جانے کے قابل ہے ۔

(ب) اس سڑک پر مناسب توجہ دی جا رہی ہے اور کوششیں جاری ہیں تاکہ اس سڑک کو مرمت کی قلیل رقم کے ساتھ ہی درست حالت میں رکھا جائے ۔

(ج) اس سڑک کو دوبارہ درستی (Re-conditioning) اور خاص مرمت کرنے کا 1,33,460 روپے کا تخمینہ تیار کر لیا گیا ہے اور اگر پیسے مل گئے تو کام شروع کر دیا جائے گا ۔ بہرحال اس سڑک کو گاڑیوں کے لئے مناسب حالت میں رکھنے کے لئے کوششیں جاری رہیں گی ۔

———

APPOINTMENT OF ANTI-CORRUPTION STAFF IN WEST PAKISTAN ROAD TRANSPORT BOARD

***3070. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Transport, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that due to the appointment of Anti-Corrup-

tion staff in West Pakistan Road Transport Board expenses of the Department have increased by Rs. 1,28,000 ;

(*b*) whether it is a fact that even after the appointment of the abovesaid staff the number of cases of fraud has not been reduced in the said Board ;

(*c*) whether it is a fact that the abovesaid staff have registered a few cases of corruption against the conductors and subordinate staff but no case has been detected against staff holding higher posts ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative whether Government intend to abolish the posts of Anti-Corruption staff in the said Board ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) An allocation of Rs. 1,71,160 was made in the budget of the Road Transport Corporation for the year 1965-66. The actual expenditure during that year was, however, Rs. 1,15,480.

(*b*) The Anti-Corruption staff of the Road Transport Corporation has been helpful in reducing corruption in this Organization. They have investigated a large number of cases involving allegations of corruption, mal-practices, favouritism and negligence. They have also succeeded in organizing traps in which accused were caught red handed while taking illegal gratification. Besides, they arranged occasional surprise checking of buses of various Services in order to prevent and detect leakage of revenue.

(*c*) It is not correct that a few cases of corruption were registered only against Conductors and subordinate staff. In fact the Anti-Corruption Cell investigated and disposed off a number of cases againt officers also besides those registered against the subordinate officials.

(*d*) No.

GOVERNMENT BUSES LYING OUT OF ORDER IN HYDERABAD REGION

*3071. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Parliamentary

Secretary, Transport be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that 90 Government buses are lying out of order in Hyderabad Region for the last two years ;

(*b*) whether it is a fact that Transport Board has suffered a loss of about rupees two crore on account of the said buses having remained out of order ;

(*c*) whether it is a fact that the said fact has been brought to the notice of Chairman, West Pakistan Road Transport Board ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*b*) above be in the affirmative, whether it is a fact that no action has so far been taken to put the said buses in working order ; if so, reasons therefor and the steps Government to take in the matter ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) It is not correct that 90 buses are lying out of order in G. T. S. Hyderabad for the last two years.

(*b*) It is not correct that the Road Transport Board has suffered a loss of Rs. two crores on account of any buses having remained out of order.

(*c*) The fact is that the position of off road buses is constantly under review in R.T.C. by Officers of various lends both in the Services and at Headquarters.

(*d*) Necessary action to bring buses which are off road back on the road is taken by officers concerned at various lends all the time. This action consists of purchase of necessary spare parts and repairs of various types, powers for which are delegated to Officers at various lends.

APPOINTMENTS, PROMOTIONS AND TRANSFERS OF EMPLOYEES OF THE TOWN PLANNING DEPARTMENT IN PESHAWAR REGION

*3093. **Mr. Jalal ud-Din Khan** : Will the Minister of Communications and Work, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that appointments, promotions and transfers

of employees of the Town Planning Department are to be made region-wise ;

(*b*) whether it is a fact that in Peshawar Region the posts falling vacant in the said Department in Peshawar Region are filled by transfer of employees from other regions ; if so, reasons therefor ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد جونیجو) : (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔ ترقی کی صورت میں آسامی قابلیت اور سنیارٹی کی بنا پر پر کی جاتی ہے ۔ اس وجہ سے بعض اوقات دوسرے ریجن سے پشاور ریجن میں تبدیلی کی جاتی ہے ۔ قوانین ملازمت کے تحت اس کی اجازت ہے ۔

REPAIR OF HAZAR KHAWANI—MUSA ZAI ROAD IN PESHAWAR TEHSIL

*3095. **Mr. Jalal-ud-Din Khan:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that Hazar Khawani—Musa Zai Road in Peshawar Tehsil is in a very bad conditions; if so, whether Government intend to take steps for the repairs of the said road ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ حضر خوانی موسیٰ زئی سڑک محکمہ تعمیرات کی تحویل میں نہیں ہے لہذا اس کی مرمت کی کوئی سکیم اس محکمہ میں نہیں ہے ۔

CONSTRUCTION OF A ROAD BETWEEN JHELUM AND PIND DADAN KHAN

*3114. **Mian Abdul Aziz:** Will the Minister of Communications

and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there was a scheme to construct a road between Jhelum and Pind-Dadan Khan during 1954 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the construction work on a portion of the said road was taken in hand in the said year ; if so, (*i*) length of the road metalled, (*ii*) the amount spent thereon, and (*iii*) the time by which the construction of the said road will be completed ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو) - (الف) جی ہاں -

(ب) جی ہاں -

(*i*) ۳۵٬۳۶۶ میل -

(*ii*) ۵۸٬۲۷٬۳۱۶ روپے -

(*iii*) باقی ماندہ میل ۱۰ سے ۱۸ تک کے کام کے بارے میں ٹھیکیدار نے دیوانی مقدمہ دائر کیا ہوا ہے اور عدالت نے حکم امتناعی جاری کر رکھا ہے - ٹھیکیدار کے دائر کردہ دیوانی مقدمہ کے فیصلہ ہو جانے کے بعد ہی اس حصے میں کام مکمل کیا جائے گا - ان حالات کے تحت کام کے مکمل ہونے کی کوئی حتمی تاریخ نہیں بتائی جا سکتی -

———

LEAVE OF ABSENCE OF M. P. As.

Mr. Speaker: Now we will take up the leave applications of the Members.

RANA PHOOL MUHAMMAD KHAN

Secretary: The following application has been received from Rana Phool Muhammad Khan, M. P. A:—

گذارش ہے ۔ کہ مورخہ ۳۱ مئی ۱۹۶۶ء
کے اجلاس صوبائی اسمبلی میں حاضر نہ ہو سکا ۔
کیونکہ ڈسٹرکٹ کونسل لاہور کا اجلاس ۳۱
مئی ۱۹۶۶ء کو تھا ۔ از راہ کرم مورخہ ۳۱
مئی ۱۹۶۶ء کی رخصت منظور فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker: Rana Phool Muhammad Khan is not present. I would like to point out one thing that so far as absence from the Session of the Assembly is concerned very cogent reasons should be given and I do'nt think this is a cogent reason but this is up to the House whether to accept this reason or not. The meeting of the District Council is not as important as the meeting of the Assembly.

The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried

SYED INAYAT ALI SHAH

Secretary: The following application has been received from Syed Inayat Ali Shah, M. P. A:—

"With due respect I beg to state that I am not feeling well, therefore, am unable to attend the Assembly to-day the 1st June, 1966. It is requested that I may very kindly be granted leave for 1-6-66."

Mr. Speaker.: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried

MR. MUHAMMAD HASHIM LASSI

Secretary: The following application has been received from Mr. Muhammad Hashim Lassi, M. P. A:—

گذارش ہے کہ ضروری کام کی وجہ سے
مورخہ ۲۳ مئی ۱۹۶۶ء سے ۲۹ مئی ۱۹۶۶ء
تک اسمبلی کے موجودہ اجلاس میں شرکت نہیں
کر سکا ۔ برائے مہربانی مندرجہ بالا تاریخوں کی
چھٹی عنایت فرمائیں ۔

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

HAJI GHULAM AKBAR KHAN KHAKWANI

Secretary: The following application has been received from Haji Ghulam Akbar Khan Khakwani, M. P. A:—

ابھی ڈاکٹر کی رائے میں مجھے مزید علاج
اور آرام کی ضرورت ہے لہذا ۳۰ مئی ۱۹۶۶ء

تا ۴ جون ۱۹۶۶ تک رخصت عنایت فرمائی
جاوے۔

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS HAJI DARYA KHAN JALBANI

Secretary: The following application has been received from Rais Haji Darya Khan Jalbani, M.P.A:—

"As I have to go home on account of some private work I shall be thankful if you grant me leave for 6th and 7th June, 1966."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

BEGUM MUMTAZ JAMAL

Secretary: The following application has been received from Begum Mumtaz Jamal, M.P.A:—

میری طبیعت بدستور خراب ہے۔ مورخہ دو اور تین
جون ۱۹۶۶ء کی رخصت عنایت فرماویں۔

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK SIKANDER KHAN

Secretary: The following application has been received from Malik Sikander Khan, M.P.A:—

"Due to illness I could not attend meetings of the Assembly held from 21-6-66 to 30-6-66 and from 20-5-66 to 27-5-66. House may kindly be moved for my leave for the above period."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

NAWABZADA ASGHAR ALI

Secretary: The following telegram has been received from Nawabzada Asghar Ali, M.P.A:—

"Unable to attend Session being sick with influenza grant leave from 27th May 1966 to 2nd June 1966".

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SYED MUHAMMAD HASAN SHAH

Secretary: The following telegram has been received from Syed Muhammad Hassan Shah, M.P.A:—

"Wife serious could not attend Assembly Session leave from 23rd May 1966 to 5th June"

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

DEWAN SYED GHULAM ABBAS BOKHARI

Secretary : The following application has been received from Dewan Syed Ghulam Abbas Bokhari, M.P.A ;—

مجھے ایک ذاتی کام کی وجہ سے ایک یوم کی
رخصت درکار ہے - براہ کرم مورخہ 2/6/66 کی
رخصت عنایت فرماویں -

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

NAWABZADA RAHIM DIL KHAN

Secretary : The following application has been received from Nawabzada Rahim Dil Khan, M.P. A :—

"I could not attend the Assembly Session on 3-6-66 so I may kindly be granted leave of absence for that date."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. ZAIN NOORANI

Secretary : The following application has been received from Mr. Zain Noorani, M. P. A. :—

"As I had to go back to Karachi on some urgent work, I shall be obliged if you will be kind enough to grant me leave from 30th May, 1966 to 5th June, 1966."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SYED MUHAMMAD HASSAN SHAH

Secretary ; The following application has been received from Syed Muhammad Hassan Shah, M.P. A :—

"Due to unavoidable circumstances I could not attend the meetings of the Assembly held from 23-5-66 to 3-6-66. Leave for the said period may he allowed to me."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MAZHAR HUSSAIN GHALLOO

Secretary : The following application has been received from Mr. Mazhar Hussain Ghalloo, M.P.A. :—

"As I am going home with urgent work I would request that I may be granted leave for 6th and 7th instant."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ATALIQ JAFER ALI SHAH

Secretary : The following application has been received from Ataliq

Jafer Ali Shah, M.P. A.:—

"I am not feeling well to-day. I, therefore, request for leave of absence for to-day and to-morrow i.e., 6th and 7th June, 1966.

Mr. Speaker : The question :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK QADIR BAKHSH

Secretary : The following application has been received from Malik Qadir Bakhsh, M.P.A:—

گذارش ہے کہ ۶ جون ۱۹۶۶ء تا ۱۵ جون ۱۹۶۶ء میں کارروائی اسمبلی میں شریک نہ ہو سکوں گا ۔ کیونکہ نہایت ہی ضروری اور اہم امورات نجی میں مصروف ہوں ان ایام کے لئے رخصت منظور فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR MUHAMMAD ISHAQ KHAN

Secretary : The following telegram has been received from Sardar Muhammad Ishaq Khan, M.P.A:—

"Please excuse my absence for sixth and seventh from Assembly".

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

BRIGADIER CHAUDHRI FATEH KHAN

Secretary : The following application has been received from Brigadier Chaudhri Fateh Khan, M.P.A :—

"I request that I may kindly be sanctioned 3 days leave from 9th June 1966 for private affairs."

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN AJOON KHAN JADOON

Secretary : The following application has been received from Khan Ajoon Khan Jadoon, M.P.A:—

"I could not attend the meeting of the Standing Committee on Home Affairs held on 30th April, 1966, due to delay of Khyber mail on that date.

I, therefore, request that the House may kindly be asked to grant me leave for that day."

Mr. Speaker : The question is:

The the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR MUHAMMAD AYUB KHAN

Secretary: The following application has been received from Sardar Muhammad Ayub Khan, M.P.A :—

"Due to illness I was unable to attend Assembly on 30th and 31th May, 1966. I request that leave of absence may kindly be granted for the said two days."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD AKBAR KHAN KANJU

Secretary: The following application has been received from Mr. Muhammad Akbar Khan Kanju, M.P.A :—

گذارش ہے ۔ کہ بوجہ بیماری مورخہ ۲۴ مئی ۱۹۶۶ء ، ۲۶ مئی ۱۹۶۶ اور ۲۷ مئی ۱۹۶۶ء کو اسمبلی کی کارروائی میں حصہ نہیں لے سکا ۔ مہربانی کر کے سہ یوم کی رخصت عطا فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

HAJI SAADULLAH KHAN

Secretary: The following application has been received from Haji Saadullah Khan Daur Darpa Khel, M.P.A :—

گذارش ہے ۔ کہ بیمار ہوں ۔ اس لئے تین یوم کی

رخصت از ۸ جون ۱۹۶۶ء تا ۱۰ جون ۱۹۶۶ء عطا فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK SIKANDER KHAN

Secretary : The following application has been received from Malik Sikdander Khan, M. P. A :—

"I have received a message from my brother at Kotri that my wife is not in a state of proper health and on that account my attendance at home is necessary. I would, therefore, request that I may be allowed leave for the above purpose from 10-6-66 to 21-6-66 (both days inclusive."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN SAIFULLAH KHAN

Secretary : The following application has been received from Mian Saifullah Khan, M. P. A.:—

"In conection with the visit of the President and the Governor to Quetta, I will not be here uptil 6th June, 1966. I shall be grateful if you kindly grant me leave from 4-6-66 to 6th of June, 1966."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

NAWABZADA SADIQ HUSSAIN QURESHI

Secretary: The following application has been received from Nawabzada Sadiq Hussain Qureshi, M. P. A.:—

"I beg to submit that I may kindly be granted 20 days leave from 9-6-66 as I have to attend to urgent domestic affairs at Multan where my presence is essential."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN JAMSHED KHAN MOHMAND

Secretary: The following telegram has been received from Khan Jamshed Khan Mohmand, M. P. A.:—

"Due to illness could not attend session (.) kindly excuse my absence from 23-5-66 to the end of the Session."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

DEWAN SYED GHULAM ABBAS BOKHARI

Secretary: The following application has been received from Dewan Syed Ghulam Abbas Bokhari, M. P. A.:—

"گذارش ہے ۔ کہ بندہ کو ایک ذاتی ضروری کام

کے لئے ۳ جون ۱۹۶۶ء کو جانا پڑا ۔ برائے مہربانی

۳ جون ۱۹۶۶ء کے لئے رخصت منظور فرما کر مشکور فرمایا جائے۔"

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

NAWABZADA CHAUDHRI ASGHAR ALI

Secretary : The following telegram has been received from Nawabzada Chaudhri Asghar Ali, M. P. A.:—

"Ill with fever can't attend Assembly Session from 6th June 1966 to 11th June, 1966 (.) please excuse absence."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SAHIBZADA NOOR HASSAN

Secretary: The following application has been received from Sahibzada Noor Hassan, M.P.A:—

"Respectfully I have to submit that recently I had a Typhoid attack and therefore was unable to attend the meetings of the House on 2nd, 3rd, 6th, 7th and 8th June, 1966. Kindly grant the leave for the said days."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SYED BASHIR AHMAD SHAH

Secretary: The following application has been received from Syed Bashir Ahmad Shah, M.P.A:—

"I could not attend Session of the Assembly from 23rd May, 1966 to 8th June, 1966 due to certain personal affairs.

I request that the House may kindly be moved for grant of leave to me for the aforesaid period."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN MUKARRAM KHAN

Secretary: The following application has been received from Khan Mukarram Khan, M.P.A.:—

گذارش ہے ۔ کہ بندہ کے بیٹے کے قتل کے مقدمہ میں مورخہ ۱۱ جون ۱۹۶۶ لغایت ۱۴ اپریل ۱۹۶۶ مصروف رہے گا ۔ استدعا ہے ۔ (اس یوم یعنی ۱۱، ۱۳، ۱۴ جون ۱۹۶۶ کے لئے) بندہ کی درخواست منظور فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD MUSA KHAN BUGHIO

Secretary: The following application has been received from Mr. Muhammad Musa Khan Bughio, M.P.A :—

"I could not attend the meetings of the Assembly Session held from 31st May, 1966 to the 6th June, 1966, due to some private reasons. Leave may kindly be granted to me for the said period."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD ASLAM KHAN KHATTAK

Secretary: The following application has been received from Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak, M.P A. :—

"Since I am not feeling well to-day I shall not be able to attend the Assembly Session on 11-6-1966. Kindly excuse my absence."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN SAIFOOR KHAN

Secretary. The following application has been received from Khan Saifoor Khan, M. P A.:—

"مودبانہ گذارش ہے ۔ کہ مجھکو ایک ضروری کام
ہے ۔ اسلئے مجھکو مورخہ ۱۳ جون ۱۹۶۶ء سے ۱۹

جون ۱۹۶۶ء تک کی رخصت عنایت فرمائی جاوے ۔
مہربانی ہو گی" ۔

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN JAMSHED KHAN MOHMAND

Secretary: The following application has been received from Khan Jamshed Khan Mohmand, M. P. A.:—

"گذارش ہے ۔ میں بیمار ہوں اور اسمبلی کے
اجلاس میں شرکت کرنے سے قاصر ہوں ۔ لہذا استدعا
ہے ۔ کہ مجھے ۸ جون ۱۹۶۶ء تا اختتام سیشن تک
رخصت دی جائے" ۔

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

HAJI GUL HASSAN

Secretary: The following telegram has been received from Haji Gul Hassan, M. P. A:—

"Pray extend leave granted due to ill health from 1-6-66 to 10-6-66".

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN ABDUL AZIZ

Secretary: The following application has been received from Mian Abdul Aziz, M. P. A.:—

"I most humbly and respectfully beg to say that I have got an urgent work at home at Jhelum. Therefore one day leave for 11th June, 1966, may kindly be granted."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مجھے ایک بات پوچھنی ہے وہ یہ کہ آج کے امروز میں ایک تصویر ہے جسمیں ملک بچہ صاحب مسرت گرلز ہائی سکول میں تقریر فرما رہے ہیں اس میں خواتین بھی بیٹھی ہوئی ہیں ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ملک بچہ صاحب کی صنف کیا اس چیز کی اجازت دیتی ہے کہ وہ خواتین کے جلسوں میں شریک ہوں اور کیا فوٹو گرافرز وہاں جا سکتے تھے جبکہ گورنر صاحب کا حکم یہ تھا کہ مرد خواتین کے اجلاس میں نہیں جائیں گے تو مجھے ان کی صنف کے بارے میں شبہ ہو رہا ہے ۔

Mr. Speaker: There is something about Malik Sahib.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آج کے امروز میں ایک تصویر چھپی ہے جس میں ملک بچہ صاحب مسرت گرلز ہائی سکول میں تقریر کر رہے ہیں جس میں خواتین بھی موجود ہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ کیا وہ خواتین کے لئے محرم ہو گئے ہیں اور

دوسرے کیا فوٹوگرافرز بھی خواتین کے لئے محرم ہیں جبکہ گورنر صاحب کا حکم ہے کہ فوٹو گرافر اور دوسرے مرد خواتین کے جلسوں میں نہیں جائیں گے ۔

وزیر تعلیم (ملک خدا بخش بچہ) ۔ میں اپنے دوست فاروقی صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مس مسرت میرے محترم دوست شیخ فضل الہیٰ کی ایک معذور بچی ہے جس نے ایک سکول اپنے نام پر وہاں جاری کیا ہوا ہے ۔ جس سلسلہ میں انہوں نے میری اور اس بچی کی تصویر دیکھی ہے وہ میری لڑکیوں کی طرح ہے اور لڑکیوں سے بھی اگر زیادہ کہہ دیں یعنی ہمشیرہ کہہ دیں تو زیادہ بہتر ہے کیونکہ میں ان کو بزرگ سمجھتا ہوں تو اس لحاظ سے میں وہاں گیا تھا ۔ محرم اور غیرمحرم کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

مسٹر محمد اسلم خان خٹک ۔ قبل ازیں کہ جناب وزیر با تدبیر اپنی وضاحت پیش کریں کیا مجھے فاروقی صاحب یہ بتائیں گے کہ کیا از روئے شریعت یہ منع ہے کہ مرد خواتین کو address نہیں کر سکتے ۔

وزیر تعلیم ۔ خٹک صاحب کا سوال وزنی ہے ۔ پہلے وہ ان کو جواب دیدیتے پھر میں جواب‌الجواب کچھ کہہ دیتا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں تو آپ کی پالیسی کے متعلق گفتگو کر رہا ہوں اس لئے کہ شریعت تو یہاں خارج از بحث ہے ورنہ شریعت بل مسترد نہ ہوتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ ویسے فارقی صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر جو تھا وہ ریلوے بجٹ کی عام بحث سے کوئی تعلق نہیں رکھتا انہوں نے ایک observation کی تھی جس کا جواب ملک صاحب نے دے دیا ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ میں ان کی توجہ کا بیحد مشکور ہوں ۔

WEST PAKISTAN BUDGET (RAILWAY) 1966—67

DISCUSSION ON THE RAILWAY BUDGET AS A WHOLE

Mr. Speaker : The House will now have discussion on the Railway Budget as a whole. Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائیلپور ۔ ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ ذرائع آمدورفت اور نقل و حمل قوم کی مادی ترقی اور ملک کی آبادی کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں اور اس ضمن میں محکمہ ریلوے کو جو اہمیت حاصل ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں لیکن مجھے اس ترقی پر اور ملک کی اس حصے کی ریلوے سے یہ شکایت ہے کہ اس کی طرف سے جو بجٹ ہمارے سامنے پیش کیا گیا وہ کسی ترقی پسند ملک کا بجٹ نہیں ۔ بڑی عجیب بات ہے کہ محکمہ ریلوے چند ایک میلوں کی پٹری بچھا کر اور ایک پانچ ٹن لوہے کی بھٹی لگا کر اپنے کام پر بغلیں بجاتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ صورت حال افسوس ناک ہے ۔ مجھے امید ہے کہ جناب وزیر ریلوے کو علم ہو گا کہ اسی ایشیا میں اور وہ ایشیا جس کو بہت پسماندہ کہا جاتا ہے ۔ ایک ایسا ملک بھی ہے جس کو جاپان کہا جاتا ہے جس میں ایک

ٹن لوھا بھی پیدا نہیں ھوتا اور وہ دوسرے ممالک سے لوھا منگواتا ھے لیکن اس کے باوجود اس نے لوھے کی بہت بڑی صنعت قائم کی ھے اور اس ملک نے ریل کی تیز رفتاری میں - ریل کے ڈبے بنانے میں - ریل کی لائینیں بچھانے میں تمام دنیا کے ریکارڈ مات کر دئیے ھیں - لیکن اگر ھمارے وزیر با تدبیر جیسا کہ خٹک صاحب نے ابھی فرمایا ھے ریلوے کو ملکی ضروریات پورا کرنے کے لئے استعمال میں لائیں تو اس سے ترقی کے مرحلے اور قریب تر آ جائیں - مگر ان کے رویہ سے یا بجٹ سے یہ ظاھر ھوتا ھے کہ انہوں نے جو وعدے پچھلے سال ریلوے بجٹ میں کئے تھے وہ بھی ایفا نہیں کئے - جناب سپیکر - آپ کو علم ھے - کہ پچھلے سال ریلوے کے ترقیاتی بجٹ میں ۲۶ کروڑ ۵۰ لاکھ کی گنجائش رکھی گئی تھی - مگر بعد ازاں اس مد میں ۴ کروڑ کی بچت دکھائی گئی ھے - جناب وزیر صاحب کے فرمان کے مطابق ھنگامی حالات کی وجہ سے یہ رقم لے لی گئی تھی - انہوں نے بھی فرمایا ھے کہ یہ کام اگلے سال پورے کر لئے جائیں گے مجھے ان سے امید تھی کہ حال ھی میں انہوں نے جو وعدہ کیا تھا وہ ریلوے کا بجٹ پیش کرتے وقت اسے پورا کریں گے - مگر انہوں نے نہ تو ملکی ترقی کو سامنے رکھا اور نہ اپنے وعدے کو - آج ھمارے سامنے جو بجٹ پیش ھے آئیندہ سال اس میں ترقی کے لئے صرف ۶۶ کروڑ ۶۱ لاکھ کی گنجائش رکھی گئی ھے -

جناب سپیکر - ریلوے کے محکمہ کا اس سے پہلے محض روڈ ٹرانسپورٹ سے مقابلہ ھوتا تھا - میں سمجھتا ھوں کہ روڈ ٹرانسپورٹ کو بعض ایسی مشکلات در پیش ھیں کہ ریلوے کا محکمہ اس کے مقابلہ میں

بہت اچھی پوزیشن میں ہے لیکن اس کے باوجود اس کی کارگزاری اس حد تک خراب ہے کہ ریلوے کا محکمہ اس کے ساتھ مقابلہ کرنے میں بھی ناکام رہا ہے ۔ اس کا بین ثبوت یہ کہ پچھلے سال ہمیں بار برداری کی مد میں چالیس لاکھ روپے کم وصول ہوئے ۔

جناب وزیر موصوف نے اپنی تقریر میں یہ بھی فرمایا تھا کہ جہاں تک بالائی کمپارٹمنٹ کا تعلق ہے ان سے آمدنی پہلے سے کم ہوتی جا رہی ہے ۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جہاں پہلے ان کا مقابلہ محض روڈ ٹرانسپورٹ سے تھا اب لازمی طور پر انہیں پی آئی اے سے مقابلہ کرنا پڑتا ہو گا اور اس سے شکست کھانے کا یہ ثبوت ہے ۔

جناب سپیکر ۔ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں ترقیاتی بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کی بجائے یہ کمی بڑی ہی تشویشناک ہے ۔ بالخصوص اس صورت حال کے پیش نظر کہ ایسی مشینری جو ہم بیرونی ممالک سے درآمد کرتے تھے آج اس کی قیمت بہت بڑھ گئی ہے اس لحاظ سے جو رقم اس مد میں رکھی گئی ہے وہ پہلے سے بہت ہی زیادہ کم ہے ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت کی طرف سے میرے اس اعتراض پر یہ جواب دیا جا سکتا ہے کہ ہنگامی حالات میں یا اس سے قبل بھی ریلوے کو ملک کے اندر یا باہر سے قرضے حاصل کرنے میں بہت دقت پیش آتی ہے (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ریلوے کا محکمہ جن آیام میں سینٹر کے پاس تھا آپ نے دیکھا ہو گا کہ اس

وقت ہم اس سے معقول آمدنی حاصل کرتے رہے ہیں اور جو قرضہ جات ہم نے مرکزی حکومت سے یا غیر ممالک سے لیے تھے ان کو باقاعدہ شرائط کے مطابق ادا کرتے رہے میرے خیال میں اس محکمہ کی ساکھ اس حد تک بری نہیں ہے کہ اگر ہماری حکومت یہ فیصلہ کرتی کہ اسے ریلوے کی مزید ترقی کے لئے یا اس کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے غیر ممالک سے قرضے حاصل کرنے کی ضرورت ہے تو وہاں سے کروڑوں ڈالر کی امداد نہ مل جاتی ۔ اس ملک میں ریلوے کو ترقی دینے کے ایسے امکانات موجود ہیں کہ جتنا روپیہ ریلوے کا محکمہ خرچ کرے گا اسے اس سے لازمی خاطر خواہ آمدنی حاصل ہو گی ۔ جناب سپیکر میں سمجھتا ہوں کہ ریلوے کے محکمے کو اس ترقی پذیر ملک میں لوگوں کو خوشحال بنانے میں جو رول ادا کرنا ہے اسے قطعاً نظر انداز کیا گیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس محکمہ کی جو اہمیت ہے اور اسے جو سہولتیں اور مراعات حاصل تھیں ان کے ہوتے ہوئے بھی اس محکمہ نے اس حد تک ترقی نہیں کی ۔ جناب سپیکر ۔ آج حالت یہ ہے کہ نہ تو یہاں خاطر خواہ ترقی ہوئی ہے اور نہ وہ رقم جو ترقیاتی کاموں کے لئے بچائی گئی تھی ریلوے میں سفر کرنے والے مسافروں کو اور خاص طور پر ان لوگوں کو جو نچلے درجہ میں سفر کرتے ہیں زیادہ سہولتیں دینے پر خرچ کی گئی ۔ علاوہازایں ریلوے کے نچلے درجے کے ملازموں اور مزدوروں کو جو سہولتیں دی گئی ہیں وہ بھی قطعاً ناکافی ہیں ان کی زندگی کے حالات دوسرے کارخانوں کے مزدوروں کے مقابلہ میں کسی لحاظ سے بھی

بہتر نہیں ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ قرطاس ابیض کے صفحہ ۲۵ پر جناب وزیر ریلوے نے میرے اس بیان کی تائید کی ہے اس میں یہ فرمایا ہے ۔

"This allocation is not adequate to enable the Railway to fulfil the obligations that the Developments envisaged in the country's Third Five-Year Plan will impose on it. According to the latest estimate, the total outlay during the Third Plan is expected to be of the order of Rs. 148. 64 crores. During the current year, which is the first year of the Third Plan the expenditure would be Rs.22.72 crores. An outlay of Rs. 26.61 crores has been provided for the year 1966-67 and the balance of Rs. 99.31 crores will be spread over the remaining three years of the Third Plan."

جناب سپیکر ۔ ۵ سالہ منصوبہ کے مطابق بھی تقریباً سوا سو کروڑ روپیہ اس محکمہ کی ترقیاتی سکیموں پر خرچ ہونا تھا ۔ اور اس کی اوسط تقریباً ۳۰ کروڑ روپیہ فی سال بنتی ہے ۔ اس محکمہ کی ملکی ترقی سے لاپروائی کا آپ اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ۳۰ کروڑ روپیہ سالانہ خرچ کرنے کی بجائے پچھلے سال صرف ۲۲ کروڑ روپیہ خرچ کیا اور اس سال ۲۶ کروڑ ۶۱ لاکھ کی گنجائش رکھی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ قرطاس ابیض میں دیئے گئے اعداد وشمار سے صاف ظاہر ہے کہ ریلوے کی آمدنی پچھلے سال جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں گڈز ٹرانسپورٹ کی مد میں ۴۰ لاکھ روپیہ کم ہوئی ہے ۔ اس سال جناب وزیر ریلوے صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ پچھلے سال کے مقابلہ میں ۲ فیصد ٹریفک زیادہ ہے ۔ وزیر باتدبیر نے یہ حکم صادر فرمایا ہے کہ آئندہ سال اس ملک کی غریب آبادی اور ریلوے کی سہولتوں سے استفادہ کرنے والی آبادی ۵ فیصد زیادہ کرایہ ادا کرے گی ۔ اس کے پیش نظر ہمیں یہ توقع تھی کہ مسافر گاڑیاں چلانے سے جو آمدنی اس سال حاصل ہو گی وہ

پچھلے سال کے مقابلہ میں ۷ فیصد زائد ہو گی ۔ لیکن اعداد وشمار جو اس ایوان میں وزیر ریلوے کی طرف سے پیش کئے گئے ہیں ان سے صاف ظاہر ہے کہ صرف ۸۲ کروڑ روپیہ کی گنجائش رکھی ہے حالانکہ ۱ کروڑ ۸۲ لاکھ روپے کی زائد گنجائش ہونی چاہئے تھی ۔ مجھے معلوم نہیں کہ جناب وزیر صاحب نے غلطی کی ہے یا محکمہ نے بذات خود اپنی نا اہلی کو چھپانے کیلئے ایسا کیا ہے ۔ میں ان کے اپنی اس نااہلی کو ماننے پر ان کو داد دیتا ہوں اور یہ وہ جرأت ہے جو اکثر اوقات اس حکومت کو نصیب نہیں ہوتی ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہے کہ ۱۹۴۷ء میں جب پاکستان معرض وجود میں آیا تو اس وقت مغربی پاکستان میں ریل کی پٹریوں کی کل لمبائی ۵،۳۷۰ میل تھی اور آج صرف ۵،۳۳۳ میل ہے یعنی اس میں صرف ۳۷ میل کا اضافہ ہوا ہے ۔ جناب وزیر ریلوے بذات خود بہت طاقتور ہیں اور وہ یہ فرماتے ہیں کہ ان کے محکمہ نے بہت زیادہ ترقی کی ہے ۔ لیکن مجھے نظر نہیں آتا کہ وہ ترقی کہاں ہوئی ہے ۔ اگر ترقی کی گئی ہے تو وہ یہ ہے کہ انہوں نے افسران کی بھرتی فراخ دلی سے کی ہے ۔ جس طرف بھی دیکھیں محکمہ میں افسران کی تعداد پہلے سے دگنی تگنی موجود ہے حالانکہ ان کو یہ بھی علم ہے کہ مغربی پاکستان میں جب سے ریلوے بورڈ کی گنجائش رکھی گئی ہے اس سے عام آبادی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا اور ان کی ریلوے کی انتظامیہ پہلے سے بہتر کام نہیں کر رہی ہے تو اس وجہ سے اب مشرقی پاکستان میں اسکی قطعاً گنجائش نہیں رکھی گئی اور نہ ہی اس کی ضرورت محسوس کی گئی ہے ۔

جناب وزیر ریلوے نے یہ فرمایا ہے کہ ریلوے کی آمدنی روز بروز بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے لیکن میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ آپ کے افسران کی فوج ظفر موج نے یہ آمدنی نہیں بڑھائی بلکہ حقیقت حال یہ ہے کہ جسکے متعلق ایک ہی مثال آپکے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ ۱۹۳۸ میں تھرڈ کلاس کا کرایہ لاہور سے کراچی تک ۱۳ روپے تھا لیکن اس وقت ۲۴ روپے ۵۰ پیسے ہے ۔ جب یکم جولائی سے آپ ۵ فیصد زائد وصول کریں گے تو یہ کرایہ ۲۵ روپے ۷۳ پیسے ہو جائے گا ۔ تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ آپ پہلے سے دوگنا کرایہ وصول کر رہے ہیں ۔ تو یہ آپ کی کارگزاری ہے اور افسر جو آپ وقتاً فوقتاً مقرر کرتے رہے ہیں ان کی اس میں کوئی contribution نہیں ہے ۔ ماسوائے اس کے کہ ریلوے کی آمدنی کا بہت بڑا حصہ ان افسران کی عیش و عشرت پر صرف کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے علاوہ جناب وزیر ریلوے صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ریلوے کی کارکردگی پہلے سے بہت اچھی ہے بلکہ یہاں دوسرے ممالک کے مقابلہ میں کرایہ بہت کم ہے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ کیا آپ دوسرے ممالک کے مقابلہ میں مسافروں کو سہولتیں بہم پہنچاتے ہیں ۔ آپ Handbook of Information میں یہ فرماتے ہیں کہ آپ کا محکمہ تھرڈ کلاس سے ۹۵ فیصد آمدنی حاصل کرتا ہے ۔ آپ بتائیں کہ اس کلاس میں سفر کرنے والوں کو آپ کتنی سہولتیں بہم پہنچاتے ہیں ۔ آپ جب دوسرے ممالک کی ریلوے کی کرایہ کی شرح سے مقابلہ کرتے ہیں تو خدا را آپ کو یہ بات بھی سامنے رکھنی چاہئے کہ آپ مسافروں کو کیا

سہولتیں بہم پہنچاتے ہیں ؟ اور وہ مزدور جن کا آپ خون چوستے ہیں ان کو آپ کتنی سہولتیں بہم پہنچاتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے مزدور کا رہن سہن دنیا کے تمام ممالک کے مزدوروں کے مقابلہ میں نچلی سطح پر ہے بلکہ ان سے بھی کم تر ہے ۔ وہ بمشکل اپنے روح اور جسم کے رشتے کو قائم رکھ سکتا ہے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر)

جناب وزیر ریلوے صاحب نے یہ بھی فرمایا تھا کہ ان کے محکمہ کی طرف سے چلائی گئی جو گاڑیاں ہیں ان کی رفتار پہلے سے بڑھ گئی ہے یا اوسط رفتار بڑھ گئی ہے ۔ میں ان کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کرونگا کہ آپ کے محکمہ کا یہ دعویٰ کہ رفتار تیز تر کر دی گئی ہے دیکھنے میں نظر نہیں آتا ۔ کراچی سے پشاور کا سفر یا کراچی سے لاہور کا سفر پہلے سے زیادہ عرصہ میں ختم ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے محکمہ نے tokenless اور Rail interlocking سسٹم جاری کیا ہے اس کے اس قدر نقصان ہیں کہ آپ گاڑیوں کی رفتار تو تیز کر دیتے ہیں لیکن اس tokenless system کے نقائص کو چھپانے کیلئے ان گاڑیوں کو وقتاً فوقتاً سٹیشنوں پر زیادہ عرصہ کے لئے adjustment کرنے کیلئے کھڑا کرنا پڑتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں وزیر ریلوے کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کروں گا کہ آپ نے جو یہ فرمایا ہے کہ آپ کی ریلیں ۹۶ ۸۳ فیصد بر وقت پہنچتی ہیں میں سمجھتا ہوں یہ محض اس قسم کے اعداد و شمار ہیں جس قسم کے ہمیں پولیس بہم پہنچاتی ہے ۔ کیونکہ یہ آپ کے محکمہ نے خود ہی ریکارڈ رکھنا ہوتا ہے اور جو گاڑی ایک گھنٹہ لیٹ ہوتی ہے لکھ لیا جاتا ہے کہ گاڑی بر وقت پہنچی ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر اس چیز کا علم ہے

کہ چھوٹے سٹیشنوں یا برانچ لائینوں سے مجھے جب کبھی لاھور آنے کا اتفاق ھوا تو شاذ و نادر ھی گاڑی وقت پر پہنچی ھو ۔ عجیب بات ھے کہ آج آپکے محکمہ نے یہ بات کہی ھے اور اس غلط بیانی کا ریکارڈ قائم کیا ھے جس سے دونوں باتیں balance ھو گئی ھیں اور آپ کے credit میں کوئی بات نہیں رھی ۔

جناب سپیکر ۔ tokenless system جو اس محکمہ نے اور ریلوے ایڈمنسٹریشن نے اپنایا ھے اس کی تمام مشینری ھمیں بیرونی ممالک سے درآمد کرنی پڑتی ھے ۔ اگر جناب وزیر موصوف دور اندیش ھوتے تو انہیں چاھئے تھا کہ سب سے پہلے اس مشینری کے بنانے کا انتظام اپنے ھاں کرتے ۔ تاکہ ھمیں باھر سے یہ چیزیں نہ منگوانی پڑتیں ۔ اگر ھمیں مرمت کی ضرورت پڑتی تو ھم باآسانی مرمت کر سکتے ۔ آج صورت حال یہ ھے کہ ایک تو یہ سسٹم ٹھیک کام نہیں کر رھا ھے اور اس کے ساتھ محکمہ ریلوے کو ملک کے باھر سے مشینری منگوانی پڑتی ھے جس سے ھمارے ملک کا زر مبادلہ ضائع ھوتا ھے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں اسی ضمن میں ریل کاروں کا بھی ذکر کروں گا ۔ ۶۲ - ۱۹۶۱ میں ۲۸۶۶۰ ریل کاریں چلائی گئیں اس کا یہ مطلب ھے کہ ۲۸،۶۶۰ ریل کاریں ایک جگہ سے دوسری جگہ گئیں اور آئیں اور اسکے مقابلہ میں ۶۳ - ۱۹۶۲ میں ۲۸،۸۷۷ - ۶۵-۱۹۶۴ میں ۲۰،۵۴۶ ریل کاریں چلائی گئیں یعنی ۸۲۳ ریل کاریں کی کمی واقع ھوئی ۔ لیکن ساتھ ھی ساتھ بڑے افسوس کا مقام ھے کہ ریل کاروں کو چلانے کے

لئے اس محکمہ نے ایک ڈپٹی چیف ورکس مینجر اور ہر ڈویژن میں ایک ڈویژنل ورکس مینجر اور بہت سے ورکس مینجر مقرر کئے ہیں اور بہت سا ماتحت سٹاف اس کے علاوہ ہے ۔ اتنا سٹاف رکھنے کے بعد بھی ریل کاروں کی تعداد گھٹائی گئی ہے ۔

یہ سٹاف ۱۹۶۱-۶۲ء میں موجود نہیں تھا ۔ مجھے علم نہیں ۔ کہ ان نئے عہدوں اور نئی آسامیوں کی گنجائش کس لئے رکھی گئی ہے ۔ ماسوائے اس کے کہ یہ ریلوے انتظامیہ پر ایک بوجھ بنیں ۔ اسکے علاوہ مجھے ان کا اور کوئی فائدہ نظر نہیں آتا ۔ جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں میں مزید اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔ ۱۹۵۹-۶۰ء میں ایک لاکھ چھ ہزار تین سو ستاون مسافر گاڑیاں یا ملی جلی گاڑیاں چلائی گئیں اور ان میں بارہ کروڑ گیارہ لاکھ انیس ہزار مسافروں نے سفر کیا ۔ یعنی فی ریل گاڑی میں ایک ہزار ایک سو چھیالیس مسافروں نے سفر کیا ۔ اسکے مقابلے میں ۱۹۶۴-۶۵ء میں ایک لاکھ باسٹھ ہزار تین سو آٹھ مسافر گاڑیاں چلائی گئیں اور ان میں تیرہ کروڑ سولہ لاکھ چھ ہزار مسافروں نے سفر کیا ۔ یعنی پچیس ہزار نو سو اکانوے مزید گاڑیاں چلائی گئیں ۔ لیکن اوسطاً فی گاڑی میں سفر کرنے مسافروں کی تعداد گیارہ سو چھیالیس سے گھٹ کر آٹھ سو بارہ ہوگئی ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے ابھی جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں یہ عرض کیا تھا ۔ کہ انہوں نے یہ دعویٰ کیا ہے ۔ کہ ہماری گاڑیاں پہلے سے تیز چل رہی ہیں ۔ میں انکی خدمت میں دوبارہ یہ اعداد و شمار پیش کرتا

ہوں پچھلے سالوں کے مقابلہ میں کہ تیز رو پشاور سے کراچی ایک گھنٹہ بیس منٹ لیٹ پہنچتی ہے ۔ چناب ایکسپریس کراچی سے پشاور ایک گھنٹہ پندرہ منٹ تاخیر سے پہنچتی ہے ۔ خیبر میل پشاور تا کراچی پچیس منٹ لیٹ پہنچتی ہے ۔ تیزگام راولپنڈی سے کراچی ایک گھنٹہ تاخیر سے پہنچتی ہے ۔ یعنی ان گاڑیوں نے اپنے اپنے مقام پر پہنچنے میں زیادہ وقت لیا ہے ۔ کراچی ایکسپریس لاہور سے کراچی اڑھائی گھنٹے زیادہ وقت لیتی ہے ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی) ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے افسوس ہے ۔ کہ ننکانہ صاحب کے ممبر صاحب نے مجھے پھر درمیان میں ٹوک دیا ہے ۔ بہر حال ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ حالانکہ پچھلے سالوں میں پچیس ہزار نو سو اکانوے گاڑیاں زائد چلائی گئی ہیں ۔ لیکن اسکے مقابلے میں جہانتک افسران کا تعلق ہے ۔ ۱۹۶۰ء میں انکی تعداد انیس تھی اور ۱۹۶۶ء میں انکی تعداد انتیس ہو گئی ۔ جیسا کہ میں نے ابھی ابھی اعداد و شمار سے ثابت کیا ہے ۔ کہ گاڑیوں کی تعداد میں تقریباً تینتیس فیصد اضافہ ہوا ہے ۔ لیکن انکے افسران کی فوج ظفر موج کی تعداد میں باون فیصد اضافہ ہوا ہے ۔ اسکے علاوہ جناب وزیر ریلوے نے بجا طور پر replacements and repairs کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے ۔ کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ اگر وہ پہلے mechanical minded یا technical minded نہیں بھی تھے ۔ تو بھی وزیر ریلوے بن جانے کے بعد اب انہیں اس ضمن میں بہت ہی عبور حاصل ہو گیا ہو گا ۔ (اور میرا خیال ہے ۔

کہ انہوں نے ریلوے کا یہ دوسرا میزانیہ پیش کیا ہے) ۔ اسی لئے انہوں نے اپنے میزانیہ میں depreciation fund کو بہت ہی زیادہ اہمیت دی ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں یہ عرض کردوں ۔ کہ آپ کے محکمے نے عام نظم و نسق پر ۶۳ - ۱۹۶۲ء میں بارہ اعشاریہ پانچ فیصد رقم اپنی کل آمدنی میں سے خرچ کی تھی - ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں اس کا تناسب پندرہ اعشاریہ پندرہ تھا ۔ اور اب ۶۷ - ۶۶ء میں پندرہ اعشاریہ دو ہے ۔ عام نظم و نسق پر ان کا یہ خرچ کیوں بڑھتا رہا ۔ حقیقتاً اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے ۔ کہ جب حکومت نے پچھلے دو تین سال سے retirement کی عمر ساٹھ سال مقرر کی تھی ۔ تو ریلوے کی انتظامیہ نے ریل کے ڈبوں اور پٹڑیوں اور انجنوں کو تو تبدیل کرنے کی کوشش کی ہے ۔ لیکن وہ افسران جو کہ overage ہو چکے ہیں اور جن کو مرمت کرنے کے باوجود بھی وہ اچھے طریقے سے کام نہیں کر سکتے ۔ بہتر نہیں سوچ سکتے ان کو اس محکمے میں بلاوجہ رکھا گیا ہے ۔ ملک اختر صاحب تو ان کے لئے بہت سخت الفاظ استعمال کیا کرتے ہیں ۔ لیکن میں وزیر ریلوے کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا ۔ کہ جب آپ نے دیکھ لیا ۔ کہ جب آپ پرانے انجنوں کے پرزے چاہے روز تبدیل کرتے رہیں اور ان کی مرمت چاہے آپ اکثر اوقات کرتے بھی رہیں ۔ تو بھی وہ نئے انجن کی طرح کام نہیں کر سکتے ہیں ۔ بعینہ انسانی مشینری کا بھی یہی حال ہے ۔ کہ ایک ایسی stage آ جاتی

ہے ۔ کہ اس کے بعد چاہے آپ ان کو کشتے کھلائیں ۔ جتنی آپ انہیں زیادہ تنخواہیں دیں ۔ لیکن اس کے باوجود وہ بہتر طریقے پر کام نہیں کر سکتے ۔

ایک ممبر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ وہ اسی طرح ٹھیک نہیں ہو سکتے جس طرح آپ کے پرزے بدلنے کے بعد بھی آپ ٹھیک نہیں ہوں گے ۔

Mr. Speaker: This is not a point of order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ آپ نے دیکھا ہو گا ۔ کہ محکمہ ریلوے اس قسم کا ایک محکمہ ہے ۔ کہ جس میں اہلکاروں کی ترقی کے امکانات بہت ہی محدود ہیں اور کسی اہل کار کو جب تک کسی مناسب وقت تک ترقی نہیں ملے گی ۔ اس وقت تک وہ اپنی جسمانی طاقتوں کو پورے طور پر استعمال نہیں کرے گا ۔ اس لئے ان میں نئے خیالات نئے ولولے اور نئے جذبات پیدا کرنے کے لئے یہ لازمی ہے کہ وہ افسران یا وہ کاریگر جو بہتر کام کر سکتے ہیں اور جو بہتر کام کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں ۔ ان کو ترقی کے مواقع بہم پہنچائے جائیں آپ کو اس حقیقت کا علم ہو گا کہ حکومت نے آج تک پے سروس کمیشن کی رپورٹ بھی شائع کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی ۔ اس پر عمل کرنا درکنار رہا ۔ اس محکمے کے انجینئرنگ سٹاف کے لئے بالخصوص اور دوسرے عملے کے لئے بالعموم ترقی کے امکانات بہت محدود ہوتے ہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے ۔ کہ عام اہل کار پوری دلچسپی

کے ساتھ کام نہیں کرتے ۔ آپ کو اس حقیقت کا بھی علم ہو گا ۔ کہ پاکستان کی تمام کی تمام التظامیہ کا ڈھانچہ بلکہ اس ملک کی تمام تر پالیسی ھی C.S.P. افسران کے ھاتھ میں ھے ۔ آپ C.S.P. افسران کی ترقی کے بارے میں دیکھئے کہ ایک شخص ایک ھی سال میں ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں حمزہ صاحب سے دریافت کرنا چاھتا ھوں ۔ کہ محکمہ ریلوے میں کتنے C.S P. افسر کام کر رھے ھیں ۔ جن کے متعلق کہ وہ تقریر فرما رھے ھیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ۔ وہ تو صرف ان کا حوالہ دے رھے ھیں ۔ در اصل ان کے متعلق تو وہ بجٹ پر عام بحث کے دوران میں ھی کچھ فرمائیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا ۔ کہ ایک C.S.P. افسر نو عمر اور نو آموز ھوتا ھے اور میرے خیال میں ان کی قابلیت انجینئرنگ کالج کے ان طلباء کے مقابلے میں جو کہ اچھے نمبر لے کر وھاں سے ڈگری حاصل کرتے ھیں ۔ کسی لحاظ سے بھی بہتر نہیں ھوتی ۔ لیکن ایک C.S.P. افسر تین ھی سال میں ڈپٹی سیکرٹری ھو جاتا ھے ۔ اسے سینئر سکیل مل جاتا ھے اور اس کے بہت ھی جلد بعد وہ ڈپٹی کمشنر بن جاتا ھے ۔ آپ دیکھئے ۔ کہ ان کو ترقی حاصل کرنے کے مواقع بھی حاصل ھیں ۔ روپیہ حاصل کرنے کے مواقع بھی انہیں میسر ھیں ۔ اور اللہ کی مخلوق کو پریشان کرنے کے

مواقع بھی انہیں میسر ہیں ۔ لیکن اس محکمے کے بدقسمت انجینئر صاحبان جنہوں نے کہ اس قوم کی قسمت کو بدلنا ہے ۔ جنہوں نے کہ اس قوم کو ترقی کی منزل کی طرف لے جانا ہے اور بڑی تیزی سے پہنچانا ہے ۔ جب تک آپ ان کے جذبات اور خواہشات اور ان کے کام کی حوصلہ افزائی نہیں کریں گے ۔ آپ کس طرح ان سے ٹھیک طرح سے کام لے سکیں گے ۔ آپ یقین کیجئے ۔ کہ آپ محض محکمہ ریلوے کا نقصان نہیں کر رہے ہیں ۔ بلکہ سارے پاکستان کا نقصان کر رہے ہیں ۔ یہ جو ترقی کی راہ میں روکاوٹ اور تاخیر ہے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہے ۔ کہ اوپر سے لے کر نیچے تک اس محکمے نے جس قدر بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہے ۔ وہ نہیں کر سکتا ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں ۔ کہ وزیر ریلوے کو اس طرف خاص طور پر توجہ دینی چاہئے ۔ کہ وہ افسران جو اہلیت اور قابلیت کے مالک ہیں ۔ اور جو بہتر طریقے سے کام کر سکتے ہیں ۔ چاہے وہ انجینئر ہوں ۔ چاہے وہ کلرک ہوں ۔ آپ انہیں ترقی کے مواقع بہم پہنچائیں ۔ اور جو لوگ کام نہیں کر سکتے ہیں ان کی جگہ نیا خون لائیے ۔ ان کی جگہ نئے خیالات کے لوگ لائیے ۔ ان معروضات کے ساتھ میں وزیر ریلوے سے یہ توقع کرتا ہوں ۔ کہ وہ محکمے میں بنیادی تبدیلیاں لانے کی کوشش کریں گے تا کہ یہ محکمہ صحیح معنوں میں ایک ترقی پذیر ملک کی ریلوے کا محکمہ کہلانے کا کم از کم مستحق تو بن سکے ۔

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۔ ۱) ۔ صدر محترم ۔ ہمارے ریلوے منسٹر صاحب کا یہ دوسرا بجٹ ہے ۔ پہلے بجٹ کے دوران عام

بحث میں یہ توقع کی گئی تھی ۔ کہ وہ اپنی مسلمہ اہلیت اور قابلیت کو بروئے کار لا کر محکمہ ریلوے کو حیات نو بخشیں گے ۔ اب یہ توقع کہاں تک اور کس حد تک پوری ہوئی ہے ۔ اس کا اندازہ لگانے کے لئے سابقہ واقعات اور حالات ہمارے سامنے موجود ہیں ۔

سال رواں کے دوران بے حد کٹھن اور پر آشوب حالات جنگ ہم پر مسلط کر دئے گئے تھے ۔ لیکن محکمہ ریلوے کے ملازمین نے اپنے فرض کی ادائیگی جس نہایت احسن طریقہ سے کی ہے وہ قابل ستائش ہے (نعرہ ہائے تحسین) ۔

صدر محترم ۔ جنگ کے دوران حکومت کے ہر افسر نے خواہ وہ ریلوے سے متعلق ہو یا کسی اور محکمہ سے اپنے فرض کی ادائیگی نہایت اچھے طریقہ سے کی ہے ۔ یوں تو ہر شہری نے خواہ وہ تاجر ہو یا کوئی ملازم، کارخانے دار ہو یا مزدور، سرکاری ملازم ہو یا زمیندار ہر فرد ۔ جنگ کے دوران اپنے فرائض نہایت ہی خوش اسلوبی سے ادا کئے ہیں اور اس فرض کی ادائیگی میں انہوں نے کوئی احسان نہیں کیا ۔ یہ تو ہر ایک آدمی کا فرض تھا کہ اپنے فرض کی ادائیگی نہایت احسن طریقہ سے کرے ۔ لکین محکمہ ریلوے نے ان دنوں جس جرأت اور عزم کا اظہار کیا ہے وہ ہمارے محترم ریلوے منسٹر کی حیات نو کا نتیجہ ہے ۔ جو آنہوں نے ایک سال کے دوران میں ریلوے کے ملازمین کو بخشی تھی ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا ۔ زیر بحث بجٹ میں تعمیر و ترقی کے لئے جس عزم کا اظہار کیا گیا ہے اور اس تعمیر و ترقی کے ساتھ خوش حالی کا انقلاب لانے کی کوشش کی ہے اگر اسے بہ نظر تحسین نہ دیکھا جائے ۔ تو زیادتی ہو گی ۔

حضور والا ۔ دفاعی ضروریات کے پیش نظر اور ملک کے موجودہ حالات کے مطابق قوم کے ہر فرد نے مزید قربانی کیلئے اپنے آپ کو تیار کر لیا تھا ۔ اور پہلے سے توقع کی جا رہی تھی جو بالکل جائز تھی کہ ان حالات میں ضروریات کو پورا کرنے کے لئے taxes میں اضافہ ناگزیر ہے ۔

ریلوے نے کرایوں میں جو ۵ فیصدی اضافہ کیا ہے ۔ عام حالات میں دشوار اور ناجائز معلوم ہوتا لیکن موجودہ دفاعی ضروریات کے پیش نظر قوم کا ہر فرد اس اضافہ کو برداشت کرنے کے لئے اپنے آپ کو تیار کر چکا ہے ۔ وہ اس اضافہ کو نہایت خندہ پیشانی سے قبول کرے گا ۔ ہم اس اضافہ کی حمایت اس لئے کرتے ہیں کیونکہ یہ اضافہ نہایت ضروری تھا اور ملک کے دفاعی حالات و ضروریات اس کے متقاضی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ محترم ریلوے منسٹر صاحب نے اپنی تقریر کے آغاز میں فرمایا تھا ۔

"گذشتہ جنگ نے جو ہم پر مسلط کی گئی تھی ۔
اور جس میں ہم نے عزم صمیم اور جرأت عظیم کا

شاندار مظاہرہ کیا ہماری قومی زندگی کے ہر پہلو کو بدرجۂ اتم متاثر کیا ہے ۔ رفتہ رفتہ ایک ایسا انقلاب رونما ہو رہا ہے ۔ جو پورے معاشرے پر حاوی ہے اور جو اس ضرورت کا احساس دلا رہا ہے ۔ کہ ہم زیادہ سے زیادہ اپنے اخلاقی اور مادی وسائل سے استفادہ کریں ۔ رد و بدل کے اس تقاضے کو اس انہماک پر اثر انداز نہیں ہونا چاہئے ۔ جو کہ ہماری معاشی ترقی کے نصب العین کے حصول میں ہے اور جس کا مقصد یہ ہے کہ قلیل ترین عرصہ میں عوام کے لئے خوشحالی کا ایک نیا دور پیدا ہو سکے ۔ اگرچہ اس سلسلہ میں ہمیں بڑی آزمائشوں سے گذرنا پڑے گا ۔ پھر بھی ہم ایک نئے جوش اور عزم کے ساتھ اس راستے پر گامزن رہیں گے ۔''

صدر محترم ۔ محترم وزیر ریلوے کے ارشادات کے پیش نظر اور ان کے عزم کو مد نظر رکھتے ہوئے جو وہ قوم کی خوش حالی کے لئے ایک انقلاب رونما کرنے کی خاطر اپنے دل میں رکھتے ہیں میں چند تجاویز پیش کرنے کی جرأت کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ ہمیں معلوم ہے ۔ اس وقت ہماری ریلوے میں پانچ قسم کی کلاسسز موجود ہیں ۔ یعنی ریلوے نے مسافروں کے ۵

قسم کے درجے بنائے ہوئے ہیں ۔ سب سے پہلے تھرڈ کلاس یا رائل کلاس ہے ۔ یہ ریلوے کی آمدنی کا ۹۵ فیصد حصہ پیدا کرتا ہے ۔

۲ ۔ انٹر کلاس ۔

۳ ۔ سیکنڈ کلاس ۔

۴ ۔ فرسٹ کلاس ۔

۵ ۔ فرسٹ کلاس ائیر کنڈیشنڈ ۔

میں سمجھتا ہوں اور یہ صرف میرے ہی جذبات نہیں بلکہ اس مسئلہ کے متعلق ہمارے ملک کی ۹۵ فیصد آبادی کا خیال ہے کہ ان ۵ درجوں کی تقسیم نہ صرف غیرضروری ہے بلکہ وقت کے تقاضوں کے مطابق نہیں ہے اور یہ کہ ان ۵ درجوں کو ختم کر کے صرف دو درجوں کو رائج کرنا چاہئے ۔ یعنی Upper اور Lower ۔ اگر یہ الفاظ موزوں نہیں تو فرسٹ اور سیکنڈ کلاس کا نام دے دیں ۔ برانچ لائین پر تو پہلے ہی تین درجے موجود ہیں ۔ وہاں فرسٹ کلاس اور فرسٹ کلاس ائیر کنڈیشنڈ موجود نہیں ۔ برانچ لائنوں پر انٹر کلاس کو ختم کر دیں اور سیکنڈ اور تھرڈ کلاس کو کوئی بھی نام دے دیں ۔ یا کسی اور درجہ میں تبدیل کر دیں ۔ تو وہاں صرف دو درجے رہ جاتے ہیں اگر تھوڑی سی دقت ہے تو وہ Main Lines پر پیش آئے گی ۔ وہاں Rolling Stock کو تبدیل کر کے نیا سٹاک بنانا ہو گا ۔ جس میں دو قسم کے درجے ہوں ۔ Main Lines پر Upper کلاس کا ایک قلیل سا ایسا طبقہ ہو گا ۔ جو اس درجہ بندی کو پسند نہیں کرے گا ۔ لیکن ۹۵ فیصد عوام Lower درجہ میں سفر کرتے

ھیں اور وہ ھی ۹۵ فیصدی آمدنی کا باعث ھیں اس لئے ان پانچ درجوں کو ختم کیا جائے ۔ ان کی ضرورت نہیں ۔ اس کے متعلق یہ دلیل دی جا سکتی ھے کہ جب درجوں میں تبدیلی کی جائے گی تو اخراجات میں کچھ اضافہ ھو جائے گا ۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا ھے ۔ برانچ لائنوں پر اخراجات میں کسی قسم کے اضافہ کی توقع نہیں ۔ اگر اضافہ کی کچھ توقع ھے ۔ تو Main Lines پر ھے ۔ لیکن Main Lines پر جیسا کہ محترم وزیر نے فرمایا ھے ۔ کہ بالائی درجہ کے مسافروں سے آمدنی میں کمی ھو گئی ھے ۔ اس کا یہ مطلب ھے ۔ کہ Main Lines پر بھی Lower درجہ کے مسافروں کی تعداد میں اضافہ ھو رھا ھے ۔ بالائی درجہ کے مسافروں کی تعداد میں کمی ھو رھی ھے اس طرح اگر ان کو دو درجوں میں تبدیل کر دیا جائے تو اخراجات میں بہت تھوڑا اضافہ ھوگا جنھیں برداشت کر لینا چاھئے اور یہ ضروری بھی ھے اور وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ھے ۔

حضور والا ۔ دوسری تجویز جو Branch Lines کے متعلق ھے وہ پابندیٔ اوقات اور محکمہ کی کارکردگی کے بارے میں ھے ۔ اس سلسلہ میں محترم ریلوے منسٹر سے بہتر اور کون سرٹیفیکیٹ دے سکتا ھے ۔ جب وہ یہ کہتے ھیں ۔ کہ سال رواں میں پابندیٔ اوقات کا تناسب ۸۳.۶ فیصد رھا ۔ اور ایک خاص ھفتہ کے دوران میں جس کو پابندیٔ اوقات کا ھفتہ کہنا چاھئے اس کی ratio ۹۷.۴ فیصد رھی ۔ میں سمجھتا ھوں کہ موجودہ حالات میں پابندیٔ اوقات کی ۸۳.۶ فیصد کی نسبت بھی یقیناً قابل تعریف اور قابل ستائش ھے ۔ لیکن ریلوے کے ملازمین جو ایک خاص ھفتہ میں

پابندیٔ اوقات کے تناسب کو ۱۹۷۴ء تک لے جا سکتے ہیں ۔ تو سال کے دوران میں بھی اُن کو اسی فرض شناسی کو قائم رکھنا چاہئے جو فرض شناسی انہوں نے اس خاص ہفتہ کے دوران ظاہر کی اور اگر ایک سال کے دوران زیادہ محنت اور زیادہ دیانتداری اور فرض شناسی سے کام کیا جاتا رہا تو یقیناً پابندیٔ اوقات میں مزید اضافہ کی گنجائش ہے ۔

جہاں تک main لائینوں کا تعلق ہے وہاں یقیناً کارکردگی بہتر ہے ۔ ریلیں پابندیٔ اوقات سے چلتی ہیں وہاں سہولتیں موجود ہیں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہے ۔ لیکن حضور والا ۔ جہاں تک برانچ لائنوں کا تعلق ہے وہاں مزید سہولتیں اور مزید پابندیٔ اوقات کی ضرورت ہے اور جس میں یقیناً اضافہ کیا جا سکتا ہے ۔

Mr. Speaker: The House stands adjourned for 20 minutes for Tea Break.

The Assembly then adjourned for twenty minutes.

The Assembly met at 11.00 a.m. Mr. Speaker in the Chair.

چودھری محمد ادریس ۔ صدر محترم ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ سال رواں کے دوران ہماری ریلوے کی پابندیٔ اوقات اور کارکردگی کا معیار یقیناً قابل تعریف رہا ۔ مین لائین پر بھی معیار کافی زیادہ رہا ہے لیکن برانچ لائنوں پر پابندیٔ اوقات اور کارکردگی کے معیار میں اضافہ کی ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ برانچ لائینوں پر اس میں اس لئے اضافہ نہیں کیا جا سکتا یا نہیں کیا جا رہا ہے کہ یہاں کے سپروائزری سٹاف نے اپنے فرض کی ادائیگی میں اس جذبہ اور مہارت کا اظہار نہیں کیا جس

کی ان سے توقع ہے ۔ وہ اگر سپروائزری سٹاف برانچ لائینوں پر بھی اپنے فرض کی ادائیگی میں اضافہ کرے تو وہاں پر بھی پابندیٔ اوقات اور معیار کارکردگی میں اضافہ ہو سکتا ہے ۔ اور ایسا کیا جانا نہایت ہی ضروری ہے ۔

جناب سپیکر ۔ تھرڈ کلاس کے مسافروں کو مزید سہولتیں دینے کے سلسلہ میں میری تین تجویزیں ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی مجھے یہ تسلیم ہے کہ سال رواں کے دوران اور اس سے پیشتر اس درجہ کے مسافروں کو کافی سہولتیں دی گئی ہیں مگر حضور والا ۔ اس درجہ کے مسافروں کو سفر کے دوران مزید سہولتیں دینے کے سلسلہ میں ابھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے ۔ اونچے درجہ کے مسافروں کے لئے جب کسی قسم کی تکلیف نوٹس میں آئے ۔ تو اس کا فوراً ازالہ ہو جاتا ہے لیکن نچلے درجہ کے مسافروں کے لئے جن کی تعداد ۹۵ فیصد ہے اور جو تقریباً ۹۵ فیصد آمدنی دیتے ہیں ان کو سہولتیں مہیا کرنے میں کافی دیر کی جاتی ہے حالانکہ اس درجہ میں سہولتوں کے اضافی کی بہت ضرورت ہے ۔ جناب والا ۔ تیسرے درجہ کے مسافروں کے ڈبوں میں انتہائی بھیڑ ہوتی ہے اور برانچ لائینوں پر تو یہ بھیڑ دیکھنے کے قابل ہوتی ہے اس بھیڑ کو کم کرنے کے لئے ضروری ہے ۔ کہ ریلوں میں اضافہ کیا جائے ۔ یا موجودہ ریلوں میں تیسرے درجہ کے مزید ڈبے لگائے جائیں ۔ جناب والا ۔ جو پرانے ڈبے ہیں ۔ برانچ لائینوں پر ان کی حالت یقیناً قابل رحم ہوتی ہے ۔ میں نے پچھلے کسی دن جناب ریلوے وزیر کی خدمت میں مودبانہ عرض کیا تھا کہ وہ کسی برانچ لائین پر کسی

دن بطور منسٹر نہیں بلکہ بطور ملک محمد حیات سفر کر کے دیکھیں تا کہ ان کو تکالیف معلوم ہو جائیں اس صورت میں یقیناً تیسرے درجہ کے مسافروں کے ڈبوں کی حالت جلد درست ہو جائے گی اور اسے درست ہو جانا چاہیئے ۔ تیسرے درجہ کے مسافروں کے ڈبوں کی حالت بہتر بنانی چاہیئے اور اسے بہتر ہونا چاہیئے چھوٹے سٹیشنوں پر نہ شیڈ ہوتا ہے اور نہ پینے کے پانی کا انتظام ہوتا ہے ۔ وہاں تیسرے درجہ کے مسافروں کے لئے سائے اور پانی کا انتظام ہونا نہایت ہی ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ ریلوے منسٹر نے اپنی تقریر کے آغاز میں جیسا کہ میں نے ابھی حوالہ دیا ہے قوم اور ملک کے لئے خوشحالی کا انقلاب لانے کا وعدہ کیا ہے ۔ اس انقلاب کی تکمیل اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ ہم اپنی موجودہ ریلوے لائین میں اضافہ اور توسیع کریں ۔ میں اس کے لئے صرف دو تجویزوں کی نشان دھی کرتا ہوں ۔ جو نہ صرف خوشحال کا انقلاب لانے کے لئے ضروری ہیں بلکہ ملک کی موجودہ دفاعی ضروریات کے لئے بھی نہایت ضروری ہیں ۔

جناب والا ۔ کوٹ ادو کشمور ریلوے لائین کی تکمیل سے نہ صرف اس علاقہ کی خوشحالی بڑھے گی بلکہ ملک کی دفاعی ضروریات بھی پوری ہوں گی لیکن جناب والا ۔ یہ منصوبہ اس وقت تک زیادہ افادیت کا حامل نہیں ہو سکتا جب تک اس میں مزید اضافہ نہ کیا جائے میرا مطلب یہ ہے کہ اگر لاہور کو براہ راست اس منصوبہ سے منسلک کر دیا جائے

تو اس کی افادیت میں مزید اضافہ ہو جائے گا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ لائل پور کو براستہ جھنگ کوٹ ادو سے ملا کر لاہور کو براہراست کراچی سے ملا دیا جائے ۔ اس طرح ایک تو دفاعی لحاظ سے ہمارے پاس متبادل روٹ ہو جائے گا اور دوسری طرف تھل کا وہ علاقہ جو سندھ اور جہلم کے درمیان سینکڑوں میل دور تک پھیلا ہوا ہے جو پہلے غیر آباد تھا اور اب آباد ہو چکا ہے وہاں کے لوگوں کو بھی سفر کی سہولتیں میسر آ جائیں گی ۔ اس کے لئے ہمیں صرف ۱۳۰ یا ۱۴۰ میل نئی لائین بنانی پڑے گی اس سے ایک طرف لاہور اور کوئٹہ کے درمیان کئی سو میل کا فاصلہ کم ہو جائے گا اور دوسری طرف لاہور کو لائل پور کے ذریعہ پشاور کے ساتھ متبادل راستہ مل جائے گا ۔ اور اسی طرح لاہور کو لائل پور کے ذریعہ کراچی کے ساتھ بھی متبادل راستہ مل جائے گا ۔ جو دفاعی ضروریات کے لئے نہایت ہی ضروری و نا گریز ہے اس کے علاوہ ایک اور تجویز جو نہایت اہم ہے اور جو سابق فرنٹیئر سے تعلق رکھتی ہے یہ ہے ۔ کہ مالاکنڈ ایجنسی سے آگے ریلوے لائین کی توسیع ہو ۔ اس سے ریلوے کی آمدنی میں بھی اضافہ ہو سکتا ہے اس وقت اغلباً ریلوے لائین درگئی تک ختم ہو جاتی ہے میرے وہ دوست جنہوں نے اس علاقہ کو دیکھا ہے ۔ وہ اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ سوات اور دیر کا علاقہ نہایت ہی زرخیز ہے ۔ اور وہاں بے شمار قسم کی نہایت ہی ضروری معدنیات ہوتی ہیں ۔ اور یہ اس تک استعمال میں نہیں آ سکتیں جب تک ہم اپنی ریلوے لائین کی توسیع نہ کریں ۔

جناب والا ۔ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان نئے منصوبوں کی تکمیل کے لئے لازمی طور پر مزید سرمایہ کی ضرورت پڑے گی ۔ اس وقت ہماری حالت ایسی ہے کہ ہم مزید سرمایہ اکٹھا نہیں کر سکتے اور ہم مزید سرمایہ ان منصوبوں پر نہیں لگا سکتے ۔ میں ایسی تجاویز پیش کرتا ہوں کہ عوام پر مزید ٹیکس نہ لگانے سے بھی ہم اتنا سرمایہ مہیا کر سکتے ہیں کہ چار سال کے اندر ہم اپنے علاقوں میں ریلوے میں توسیع کر سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے نہ صرف توقع ہے بلکہ یقین ہے کہ اگر ہمارے ریلوے کے ملازمین اس جذبہ اس محنت اور اس فرض شناسی کے صرف ۵۰ فیصدی حصہ کو قائم رکھیں جو انہوں نے جنگ کے دوران قائم کیا ۔ تو یقیناً ہماری آمدنی میں اضافہ ہو گا ۔ جناب والا ۔ اس محکمہ میں دیانتدار ۔ فرض شناس اور محنتی افسروں کی کمی نہیں ہے صرف اس جذبہ کو قائم رکھنے کی ضرورت ہے جو جنگ کے دوران قائم کیا تھا ۔ اگر اس جذبہ کو قائم رکھتے ہوئے کام کریں تو آمدنی میں اضافہ ہو گا اور اگر ہم کو مزید سہولتیں دیں ان سے حسن اخلاق کا برتاؤ کریں تو ہم مسافروں کی تعداد میں اضافہ کر سکتے ہیں ۔ ان دونوں طریقہ کار سے مجھے یقین ہے کہ ریلوے کی آمدنی میں اگر زیادہ نہیں تو ۱ فیصدی کا ضرور اضافہ ہو سکتا ہے ۔ ۱ فیصدی کے اضافہ سے ہی بجٹ میں ۶۰ لاکھ سے زائد مزید آمدنی ہو جائے گی ۔

جناب ریلوے منسٹر صاحب نے اپنی تقریر میں بجا طور پر فرمایا ہے کہ آئندہ سال عام اخراجات میں ۱۱ لاکھ کی کمی متوقع ہے ۔ حضور والا اگر ہم تھوڑی سی مزید محنت سے کام کریں اور ان بدعنوانیوں اور ذرائع کو بند کر دیں جن سے leakage ہو رہی ہے (کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا کہ ریلوے کی آمدنی میں تھوڑی بہت leakage نہیں ہو رہی) تو ریلوے کی آمدنی میں یقیناً مزید اضافہ ہو سکتا ہے ۔ اگر اس کو بند نہیں کیا جا سکتا کم تو کیا جا سکتا ہے کنسٹرکشن برانچ میں جو محکمہ ریلوے کی انجینئرنگ برانچ ہے اس میں بہت ضیاع ہوتا ہے صرف اس کو کم کرنے سے کم از کم ۵۰ یا ۶۰ لاکھ روپے کی مزید رقم بچ سکتی ہے ۔ اس طرح ایک کروڑ روپیہ مہیا ہو جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ زیر بحث بجٹ میں ہم ۲ کروڑ ۲ لاکھ روپے کی رقم depreciation account کو دے رہے ہیں ۔ depreciation account میں مقررہ رقم ہم پہلے ہی دے چکے ہیں ۔ ہر سال آمدن کا مقررہ حصہ depreciation account میں چلا جاتا ہے ۔ یہ ۲ کروڑ ۲ لاکھ کی رقم depreciation account کو نہیں دینی چاہئے اس کے نہ دینے سے depreciation account میں کوئی فرق نہیں پڑے گا ۔ جناب وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ یہ رقم depreciation account میں دینے سے اس account میں استحکام پیدا ہوگا ۔ اگر ہم ۲ کروڑ ۲ ہزار روپیہ کی رقم depreciation account میں نہ دیں تو اس سے کیا نقصان ہو جائے گا اگر استحکام پیدا کرنا ہی ہے تو ایک کروڑ روپیہ اس account میں دیدیا جائے اس طرح اس account سے ہم ۱ کروڑ کی رقم بچا سکتے ہیں اور اس طرح

ہر سال ہم دو کروڑ روپے کا سرمایہ مہیا کر سکتے ہیں ۔ اگر ہم ۲ کروڑ کی رقم ایک سال میں ریلوے لائین کی توسیع کیلئے خرچ کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ پانچ ۔ چھ سال میں ہم اپنی ریلوے لائنز میں اتنی توسیع کر سکتے ہیں کہ یہ ہمارے موجودہ وزیر ریلوے کا یقیناً ایک یادگار کارنامہ باقی رہے گا ۔ جس کو آنے والی نسلیں یقیناً یاد کریں گی ۔

جناب والا ۔ ایک اور تجویز جس پر پہلے سے عمل ہو چکا ہے اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آئندہ جو بھی ورکشاپ بنائی جائے یا جو بڑے بڑے منصوبے بنائے جائیں ان کے متعلق یہ کوشش کی جائے کہ وہ بڑے شہروں کے نزدیک نہ ہوں ۔ ہمیں جن حالات سے دو چار ہونا پڑا ہے وہ ہم سب کو معلوم ہیں ۔ اسکے علاوہ ڈیفنس کا تقاضا بھی یہی ہے ۔ اس اصول پر پہلے ہی عمل کرکے مغل‌پورہ ورکشاپ کو راولپنڈی منتقل کیا جا چکا ہے ۔ آئندہ بھی ایسا ہی کیا جانا چاہئے ۔

جناب والا ۔ اپنی تقریر ختم کرنے سے پیشتر اپنے ضلع اور شہر کے متعلق ایک منٹ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ میرے شہر کی بد قسمتی ہے کہ یہ برانچ لائین پر واقع ہے ۔ پچھلے تین سالوں سے نہایت مہربانی کرتے ہوئے اس شہر کیلئے ایک تیز رفتار گاڑی چلائی گئی اور وہ تین سال تک چلتی رہی ۔ غالباً اس گاڑی کی سبک رفتاری کو

میرے ضلع کی سخت آب و ہوا موافق نہ آئی اور اس سبک رفتار گاڑی کو بند کر دیا گیا ۔ اگر اس گاڑی کو اب extend نہیں کیا جا سکتا تو اتنا ضرور کیا جائے کہ فرسودہ ریلوے لائین کو تبدیل کر کے اس لائین پر گاڑیوں کی رفتار میں اضافہ کیا جائے جیسا کہ پچھلے دنوں میرے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر ریلوے نے اعداد و شمار دیئے تھے اور اس سے یہ ثابت ہوتا تھا کہ یہاں ۱۹۰۵ء میں ۷۵ پونڈ کی فرسودہ پٹری کی لائن بچھائی گئی تھی تو اس کو تبدیل اور مرمت کرنے کی طرف فوری توجہ دی جائے ۔ رفتار کا جو معیار ۱۹۳۰ء سے پیشتر قائم کیا گیا تھا اس میں تھوڑا سا اضافہ کر دیا جائے ۔ جناب والا ۔ سرگودھا اور جھنگ کا فاصلہ ۷۰ میل ہے ۔ سرگودھا اور جھنگ کے درمیان ریل گاڑی چار ساڑھے چار گھنٹے میں جاتی ہے اور اس وقت اسکی اوسط رفتار تقریباً ۱۵ میل فی گھنٹہ ہوتی ہے اس کے مقابلہ میں بس یہی سفر ڈیڑھ گھنٹہ یا دو گھنٹہ میں طے کر لیتی ہے ۔

جناب والا ۔ ان گزارشات کے بعد مجھے امید ہے کہ جناب ریلوے منسٹر صاحب مجھے اور میرے ضلع کو اپنی عنایات سے محروم نہیں فرمائیں گے ۔

Mr. Zain Noorani (Karachi-I): Mr. Speaker, Sir, at the very outset I thank you for having provided me with this opportunity of expressing my opinion and views on the Railway Budget.

Sir, I would like to add my feeble voice to that of my friend who spoke just before me in congratulating the Railway Minister for presenting a well-balanced Railway Budget to this House, particularly so in view of the emergency and the war through which we recently passed. If you

will remember, Sir, last year in the month of June speaking on the Railway Budget I sounded a warning and expressed my fears regarding Bharat's evil intentions and had made an appeal for the galvanising of the Railway administration into a state of emergency to meet any such eventuality. Subsequent events have proved that not only what I said was true but in addition to that they proved something else. They proved that our Railway administration could rise to the occasion and that our railway men—be they engine drivers or singal men—be they office workers or be they officers, all of them to a man—rose to the occasion and proved to the world that every Pakistani is a patriot who would rather lay down his life than allow a single inch of Pakistani soil to be conquered by a nation like Bharat.

Sir, just as we would fail in our duty if we do not express our appreciation of the valour and the courage of our armed forces we would be failing in our duty if we do not expre s our appreciation for a similar heroic demonstration on the part of our railway men.

(*At this stage, Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusuf Ali Shah,* took the Chair).

And, therefore, Sir, from the floor of the House I today salute the railway men irrespective of what their position is in the railway administration and I say, "Pakistan is proud of you".

Next, Sir, I would be failing in my duty if I do not express appreciation of this entire House to the ever-smiling, ever-obliging and ever-efficient Railway Minister who, everyone knows, is to a great extent responsible for building up the morale of the railway administration and for ensuring that the Railways have today become one of those efficient and praise-worthy Departments of which we can be proud.

A Budget, Sir, is normally judged, whether it be the country's budget or the Provincial Budget or be it the Railway Budget, it is generally judged by what it offers to the common man, the man in the street, and bouquets or brick-bats are showered on the person presenting the Budget on the basis of what it contains. This Budget, Sir, probably is an exception. In spite of the fact that freight and passenger rates have been increased by five percent, this Budget has been widely acclaimed and welcomed. The reason for this Sir is that after the recent happenings, we

Pakistanis are ready to give our all for the development of the Nation or for any of its activities, and in West Pakistan, Sir, we have accepted this rise also because subsequently we found that our Finance Minister, Sheikh Masood Sadiq, does not intend collecting the golden egg from the proverbial hen by imposing any new taxes on the common man. But, Sir, with all humility I would like to venture forth and make a humble submission to the Railway Minister, and I hope he would consider it in the spirit in which it is being offered. I notice, Sir, that with the addition of this five percent in freight and passenger traffic rates, the Railway Minister hopes to make an additional income of a little over two crores of rupees. This, Sir, two crores of rupees will in turn be transferred to the Depreciation and Reserve Fund. Now, Sir, in order to understand the situation, you must appreciate that already over 5 crores of rupees will normally be transferred to this Depreciation and Reserve Fund, being 1/30 of the normal capital-at-large, but an addition of 2 crores is also going to be transferred. Last year if you examine the Budget figures, you had contemplated transferring your entire net profit, which was to amount to 114 lakhs of rupees, to this Fund. Therefore, it is obvious that even this year if you will not transfer two crores of rupees but one crore of rupees but one crore of rupees heavens are not going to fall. Your own figures show that after your withdrawals this year from the Depreciation Fund for various objectives which you have in mind in 1966-67, you will be left with a credit balance of 11 crores of rupees at the end of the financial year. A crore of rupees less is not going to make any difference. A credit balance of 11 crores of rupees in the Depreciation and Reserve Fund is more than sufficient for our present needs. Therefore, my suggestion, Sir, is ; please do go ahead, increase your fares for the higher class of travellers but there is no earthly reason why that increase should be inflicted on the Third Class passengers. Mark you, Sir, I still hold that people on their part are willing to accept this additional burden due to their patriotic feelings, but it is the duty of the Government also, it is the duty of the railway administration also to see that the people are not unduly inflicted with a burden, which in my opinion at this stage is absolutely unnecessary.

Then, Sir, I come to that aspect, which is a new scheme; a scheme which is being introduced by the railway administration, that is, the rail-road connection and delivery service. In view of the modern requirements of quick transport of goods from one place to another, I think this is a

scheme which must be appreciated, and acclaimed by every section of this House. If the scheme is worked out successfully and efficiently, this is going to be the fore-runner of much wider things which will bring about coordination between the railway and the roadways, but in order to make the scheme successful, the railways will have to take care of adopting a policy of super-salesmanship. Salesmanship in this respect will include efficiency and quick deliveries, on time deliveries, and more than everything else, courteous and good-mannered behaviour with your customers. I am afraid in the far off areas, this courteous and good-mannered dealings with the customers is even today lacking in spite of your best efforts. Speaking of the roadways much has been said during the last two years in this House, in the press as well as elsewhere that with the progress the roadways are making, the trains will suffer some sort of a set back. I for one do not believe that the railways are a part of our national life and that with the speed of development and industrialization, which this country is going through, under the able leadership of our beloved President Field Marshal Muhammad Ayub Khan, and Malik Amir Muhammad Khan, the Governor of this province, the railway will on all occasions, whether Mr. Hamza likes it or not, but railway will on all occasions, find sufficient load to carry on irrespective of the competition of the roadways. Now, Sir, what is required is an imaginative handling of the situation. What is required is looking ahead and planning ahead. If the roadways can today even think of competing with the railways, the railways in their turn must think of competing with the airways. While most of the time, my dear friend, who smiles such a lot, speaks a lot of things with which I do not agree, sometimes he does speak things which do carry a lot of sense, a lot of good sense. When he referred to the expansion and the progress made by Japan, he probably is also aware, and the House should also be aware of the new railway, which the Japanese railways have developed. It travels at a speed of 150 miles per hour, is 960 ft. long and carries 980 passengers per trip. The result after a year of introduction of this railway in Japan was that the travellers by airways between those cities, which were served by this railway, dropped down by 10 percent. I am very well aware the amiable Railway Minister does not have a magic wand and he cannot provide us with a similar railway tomorrow or even the next year, but what I believe is that what this province needs is a separate Five Year or a Ten Year Plan for the railways,

and in that we should make an attempt to completely revolutionize our railway system, lay new tracks and, if possible, introduce faster trains to keep pace with the other progressive countries of the world. We require more than Japan probably these faster trains because our cities are far flung. Faster trains will be the solution. While I admit faster trains may not be possible in the near future, I don't see any reason why the railways cannot provide something else for the poor traveller. I am referring, in this transistorised age, to radio sets. Would it not be possible under passenger amenities to provide a fixed radio set in each compartment, particularly the Third Class Compartment, so that our people can have a means of entertainment as well as education *via* the radio?

I now come, Sir, to what has been referred as the Karachi Circular Railway. Much has been said about this also. Much has been said both in the House as well as in the Press and an impression is being given that this venture is a huge and gigantic failure. I contradict this. The Karachi Circular Railway is going to be, one day, one of the most successful means of transport for the people of Karachi. This scheme has not been completed as yet but already its benefits are being derived by the people. What obviously is required is to speed up its completion and to modify the scheme and probably to add a few more loops to its circular nature. Then Sir, the Circular Railway will be properly in a position to serve the fluid settlement in Karachi only when this has been done. In course of time we will realise that this is going to be the primary means of carrying people from one place to another and I have absolutely no hesitation in commending the Railway for the interest taken by them in fulfilling this project which they started a couple of years back. I once again thank you for having given me this opportunity and have no hesitation in praising the Budget as has been presented to us.

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - ۳) - جناب سپیکر - میں بلند و بالا محکمہ ریلوے کے بلند و بالا وزیر صاحب کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں - صرف اس لئے نہیں کہ انہوں نے فاضل بجٹ

پیش کیا ہے یہ ایسا بجٹ پیش کیا ہے جس میں منافع دکھایا گیا ہے ۔ صرف اس لیے نہیں کہ انہوں نے ترقیاتی منصوبوں کی صورت میں بلند و بالا عزائم کا اظہار کیا ہے بلکہ اس لئے بھی کہ جب پچھلے سال قوم پر مصیبت کا وقت آیا ۔ جب دشمن نے ہم پر جنگ ٹھونس دی اور جب ہم اپنی دفاع اور اپنی بقا کے لئے جنگ لڑ رہے تھے اس محکمہ نے حب الوطنی اور اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا جس کی مثال پیش نہیں کی جا سکتی اور جس کا اعتراف نہ کرنا حقیقت سے گریز و فرار کرنا ہے ۔ میں ان اعتراف نہ کرنے والوں کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ

آپ سے بہرہ ہے جو معتقد میر نہیں

جناب والا ۔ کسی فرد کے کردار کا پتہ اسوقت چلتا ہے اور قوم کے کردار کا پتہ اس وقت چلتا ہے جب اس فرد یا قوم پر مصیبت کا وقت آتا ہے ۔ جب ہم پر یہ مصیبت کا وقت آیا تو ہماری قوم نے اپنے کردار سے یہ ثابت کر دیا کہ یہ زندہ قوم ہے ۔ اس کے بعد حکومت کی حکمت عملی ۔ پالیسیوں اور کارکردگیوں کے متعلق ہر ایک کو یہ بھی اعتراف کرنا ہوگا کہ آج تک ہم حکومت سے جو توقع رکھتے تھے اور جو پالیسی مرتب کی تھی وہ ٹھیک اور کامیاب ثابت ہوئی ۔ خاص طور پر محکمہ ریلوے نے اس دوران میں جو کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور ریلوے کے ملازمین نے جنگ کے دوران جس محنت کاوش اور کوشش سے اپنے کام کو سرانجام دیا ہے وہ یقیناً قابل ستائش ہے ۔ اس محکمہ نے صرف یہ کام ہی نہیں کیا کہ سپلائی لائین کو قائم رکھا ہے اور فوجوں کی ہر سلسلہ میں پوری مدد کی ہے بلکہ اس کے علاوہ بھی اس محکمہ کے قابل انجنئیروں نے

فوج کی بہت مدد کی ہے اور ایسے ایسے کام کئے ہیں کہ اس وقت جن کا ذکر کرنا مناسب نہیں ۔ جن کا مجھے دل سے اعتراف ہے اور میں دل سے ان کی تعریف کرتا ہوں ۔ اس محکمہ نے ان دنوں جنگ سے متاثر لوگوں کی کافی مدد کی ہے ۔ لنکانہ میں جو کیمپ موجود تھا وہاں ہزاروں لوگ آتے اور جاتے تھے ۔ ان لوگوں کو مفت سفر کی سہولتیں بہم پہنچائیں ۔ ریلوے کا یہ نہایت ہی مستحسن اقدام تھا خاص طور پر جب یہ لوگ اپنے گھروں کو جانے لگے تو اس محکمہ نے ان لوگوں کو مفت سفر کی سہولتیں پیش کیں ۔

جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ ان کو کسی بات کا احساس ہی نہیں اور کسی بات کا اعتراف نہیں وہ ہر بات کو الٹے رنگ میں پیش کرتے ہیں ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ محکمہ روڈ ٹرانسپورٹ اور پی آئی اے سے شکست کھا چکا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ خاص حالات میں اور خاص وجوہات کی بنا پر لوگ بسوں اور ہوائی جہاز میں سفر کرتے ہیں ۔ زیادہ تر لوگ بسوں کو چھوڑ کر صرف ریل میں سفر کرنا پسند کرتے ہیں ۔ بہرحال ریلوے نے اپنے مسافروں کو جتنی سہولتیں دی ہیں اور جتنی آسانیاں فراہم کی ہیں ان کے پیش نظر یہ کہا جا سکتا ہے اور بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ اب لوگ ریل میں سفر کرنے کو ترجیح دیتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ سفر کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس کے بعد انہوں نے فرمایا

ہے کہ محکمہ ریلوے باہر سے قرضہ جات حاصل کر کے اپنے منصوبوں کی تکمیل کرے ۔ ایک طرف تو آپوزیشن کے معزز ممبران قرضہ جات پر کڑی تنقید کرتے ہیں اور مخالفت کرتے ہیں کہ حکومت کو قرضہ جات نہیں لینے چاہئیں اور جو لئے ہیں وہ واپس کر دینے چاہئیں اور آئندہ قرضہ جات بالکل نہیں لینے چاہئیں لیکن وہ محکمہ ریلوے کے لئے سفارش کرتے ہیں کہ محکمہ ریلوے قرضہ جات لے کر اپنے منصوبوں کی تکمیل کرے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ محکمہ ریلوے اس لحاظ سے قابل مبارک باد ہے کہ اس نے بیرونی قرضہ جات پر انحصار نہیں کیا اور اپنے ملکی وسائل کو کام میں لا کر اپنے منصوبوں کی تکمیل کی ہے اور یہ قابل تحسین اور قابل ستائش بات ہے ۔ اس پر نیک نیتی سے تنقید کرنی چاہئیے ۔ دوسری بات جو انہوں نے کہی ہے وہ یہ ہے کہ محکمہ ریلوے نے خاطر خواہ ترقی نہیں کی ۔ خاطر خواہ ترقی خدا جانے ان کے نزدیک کس چڑیا کا نام ہے ۔

جناب والا ۔ جب سفر کا آغاز ہوا تو ہمارے ملکی وسائل کتنے محدود تھے آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ذرائع کتنے محدود تھے لیکن آج اس محکمہ نے جتنی ترقی کی ہے وہ بالکل واضح ہے اس سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا ۔ اس لئے آپ کو چاہئے کہ آپ صحیح طور پر ہر بات کا جائزہ لیں پھر آپ پر یہ حقیقت واضح ہو جائے گی کہ وہ مسافر

جو ریل میں سفر کرتے ہیں کتنے مطمئن ہیں ۔ وہ اپنے آپ کو محفوظ سمجھتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ جہاں تک ہو سکے ریل میں سفر کریں ۔

جہاں تک ریلوے ملازمین کا تعلق ہے ریلوے نے ان کے لئے بہت کچھ کیا ہے اور ان کے مفاد کا خیال رکھا ہے ۔ ان کے حقوق کو تسلیم کیا ہے ان کے مسائل کو حل کیا ہے ۔ نیز ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ہمہ تن کوشش کر رہا ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ کچھ مسائل ایسے ہوتے ہیں جو ایک دن میں یا ایک لمحہ میں حل نہیں ہو سکتے اس کے لئے کچھ وقت درکار ہوتا ہے ۔ لیکن ایسے مسائل جن کا حل کرنا محکمہ کے لئے ضروری تھا وہ اس نے حل کر لئے ہیں ۔

اس کے بعد جناب والا میں چند اور گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ وزیر ریلوے اپنی اولین فرصت میں ان مسائل کی طرف توجہ مبذول کریں گے ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ شیخوپورہ سے لاہور آنے والی گاڑیوں کا ٹائم ٹیبل غلط طور پر مرتب کیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ لیجئے عرش سے فرش پر آ گئے ۔ (قہقہہ)

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ میں نے سب سے پہلے عرض کر دیا تھا کہ انسان کے ہر کام میں ہر وقت اصلاح کی گنجائش ہوتی ہے ۔ اگر حمزہ صاحب چاہتے ہیں کہ فوراً کمال تک پہنچ جائیں

تو ان کے پاس کوئی جادو کی چھڑی یا الہ دین کا چراغ ہوگا ہمارے پاس نہیں اور ہم ہر وقت ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب فرش پر آنے کا مطلب floor ہوتا ہے اور یہ صحیح نہیں ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیے فاروق صاحب ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ اور ہم ہر وقت اصلاح کے لئے تیار ہیں اور یہ ایسی باتیں ہیں جن کا انسانی کاموں میں امکان ہوتا ہے ۔ بہرحال میں عرض کر رہا تھا کہ شیخوپورہ سے لاہور تک جو صبح ساڑھے پانچ بجے سے ساڑھے آٹھ بجے تک گاڑیاں چلتی ہیں ان میں منٹوں کا وقفہ ہے لیکن اس کے بعد شام کے ساڑھے چھ بجے تک جو گاڑیاں چلتی ہیں ان میں درمیانی وقفہ تین تین چار چار گھنٹے کا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ مناسب نہیں ہے جو مسافر سفر کرتے ہیں ان کو دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ٹائم ٹیبل کو revise کیا جائے اور اس میں مناسب ترامیم کی جائیں ۔ دوسری بات چھوٹے سٹیشنوں پر مسافروں کو سہولتیں نہ ہونے کے سلسلے میں عرض کرتا ہوں اور خاص طور پر ننکانہ صاحب کے سٹیشن پر جو پلیٹ فارم ہے وہاں پر صرف ایک ہی waiting room ہے اس میں چاہے خواتین بیٹھیں یا مرد بیٹھیں دونوں کے لئے کوئی علیحدہ انتظام نہیں ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہاں دوسرا waiting room تعمیر ہونا چاہئیے ۔ پھر وہاں پانی اور سایہ کا انتظام بھی بہت ضروری ہے ۔ گرمیوں کے موسم میں مسافروں کو سخت تکلیف کا

سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ اس کے علاوہ flag سٹیشنوں پر ٹیلیفون سسٹم رائج کرنا چاہئے flag سٹیشنوں کے عملہ کو بڑی دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے جب معلوم کرنا ہوگا کہ بڑی لیٹ آ رہی ہے یا وقت پر آ رہی ہے اور کس وقت پر آ رہی ہے کیونکہ ان کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے ایسی صورت میں ان کو ٹیلیفون مہیا کرنا بہت ضروری ہے ۔ اس کے علاوہ میں عرض کروں گا کہ چھوٹے سٹیشنوں پر محکمہ ریلوے کو زیادہ توجہ دینا چاہئے اور ان لائنوں پر سفر کرنے والے مسافروں کو زیادہ سہولتیں مہیا کرنا چاہئے ۔ جہاں تک main لائنوں کا تعلق ہے اس سلسلے میں محکمہ ریلوے نے بہت کام کیا ہے اور مسافروں کو بہت زیادہ سہولتیں فراہم کی ہیں لیکن جو چھوٹی لائنیں ہیں ان پر زیادہ توجہ کی ضرورت ہے اور ان لائنوں پر سفر کرنے والے مسافروں کو زیادہ سہولتیں دینے کی کافی گنجائش موجود ہے ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ محکمہ ریلوے کو اولین فرصت میں اس طرف توجہ دینی چاہئے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر احمد میاں سمرو ۔

خان اجون خان جدون ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب یہ side تو بالکل رہ گئی ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ کو موقع ملے گا ۔ کافی وقت ہے سب کو موقع ملے گا ۔

رانا پھول محمد خان ۔ ملک اختر صاحب کو موقع نہ دیجئے گا ۔ کیونکہ یہ بہت زیادہ وقت لیتے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھئے ۔

Mr. **Ahmedmian Soomro** (Jacobabad-II)-Mr. Speaker Sir, I must congratulate the Railway Minister on the presentation of this welcome budget which he has given to us at a time when country was expecting an alround increase in taxes and freights, etc. In the present budget, Sir, we have a net surplus of 2 crores 2 lacs of rupees after allowing for the increased rate of Rs 2 crores 50 lacs which means Sir, that even without this increase the difference of Rs. 48 lacs in a budget of about Rs. 68 crores was even otherwise negligible and I would agree with my friend Mr. Zain Noorani that even this very small enhancement of rate of only 5%, if at all could have been easily avoided the budget would have been all the more welcome Sir. Sir, the progress made by the Railway Department, I think, in all fairness also have been appreciated by my friends sitting just behind me, *i.e.*, on the right side. But Sir, of course my dear and very learned friend Mr. Hamza in his habit of, I should say it a duty, merely criticising has even gone to the extent of comparing the railway service with the air service. Now Sir, with the Trident going at a speed of 600 miles per hour and the train at a maximum speed for 60–70 miles per hour-what this would be a comparison or an arithmetical calculation. He has said that the number of passengers travelling by the first class has reduced because of the air service competition. It is obvious that the third-class passengers will not travel by air. It is natural that first class passengers, with the same amount of fare can go from Lahore to Karachi in 1½ hours time instead of 21 hours, they will prefer it. So naturally wherever the passenger travel by air, they are the first-class passengers who would like to go by air. Had it been that the lower class passengers' number had reduced on account of air service then, of course, you could catch hold of the Railway but to say that the number of first class passengers only has reduced on account of air competition, I think. Sir, is something very natural. Then Sir, as far as the criticism that there is no improvement in the railway because the mileage has increased only by 16 miles, I will say Sir that certain improvement only means the length or does it mean the efficiency. There can be no doubt that it is efficiency which is called improvement and not the increase in the length of railway. Increase in the length of the railway is no efficiency and I am sure my learned friend would never go to praise that. We cannot deny that our

railway system is very much more efficienty, provides much more comfort than our neighbour. I am glad that the Leader of the Opposition has also appreciated.....

Then Sir, the comparative phase of 1938 with 1966 comes about which my learned friend Mr. Hamza has stated that the fare in 1966 is about double than that prevailing in 1938 but he should realise the value of the rupee in 1938 which is four times more. If we take that proportion into consideration, the fare is half than what was in 1938. Does'nt it go to the credit of the Railway rather than discredit ?

As far as the question of the running time having been increased Sir, is concerned, let me tell my learned friend that that is due to the fact of speed restriction, as, practically the entire railway line is being replaced by heavier rails in order to provide for future faster traffic. So with the speed restriction overall time that would be taken between Peshawar and Karachi would naturally be a little more until the entire railway line has been replaced by the heavier rails for constant faster traffic. We have also to note that we are now assembling even the air-conditioned coaches in Pakistan. Rather we are assembling all our such equipment practically now in Pakistan and not only that, Sir but we have gone a step further in that that steel coaches are sought to be manufactured here and about 20 coaches are already being manufactured in order to give the people sufficient training before we can set up a factory. Without a factory, it would be appreciated, 20 is a big number and once we have a factory and the people are trained, I think Mr. Hamza probably will also accept the efficiency of the Railway as his Leader accepts. Sir, as far as the time tables of the Railway are concerned, it is a pleasure to note that the Railway have introduced a system of inviting public suggestions, etc. before fixing or announcing the time tables. This has been a very welcome move as the suggestions or the difficulties which the public find in the matter of time-tables are taken into consideration. I am confident that as the time-tables hereafter are published there would be less and less scope for any grievance.

Sir, the important fact in rate structure is that at present we have five different classes, namely 1st Class, 2nd Class, Inter Class, Third Class

and the ACC. The difference between the First Class and Second Class rates is double but the difference in convenience is hardly 10%, whereas again between the air-conditioned and First Class the difference in fare is hardly about eight to ten percent whereas the convenience is double. There seems to be some inverse proportion between these two structures. I would, therefore, request the Railway Minister to kindly examine this matter which needs his consideration.

There is another difficulty which the Railway Minister might consider regarding the M.P.As. coupon books. Now, if Member decides to extend his journey it is not possible for him to exercise his right of using his mileage coupons unless he gets down, goes to the Booking Office and gets an extension of his ticket. This inconvenience should be rectified by the Railway Department so that instead of cash being paid the Member may use the mileage coupons. (*'Interruptions'*)

Then, Sir, I would also request the Railway Minister and the Railway Administration to look into the slow speed of Branch Line trains. In some cases the average speed is so low that it is really shocking. I would, therefore, request that this matter be given a serious consideration.

Sir, certain criticism was made in respect of the Railway Board as to why there should be a Railway Board at all. I would most respectfully say that the greater the autonomy that is given to these Departments the greater is the efficiency. We know that in the other regular Departments difficulty is felt to a great extent on account of the various red tape factors and the Railway Board being an autonomous body, it is more free to take timely decisions which go a long way to improve their efficiency. Had it not been for the fact that it is an autonomous body (governed by this Railway Board) probably, Sir, we would not have been as proud as we are today on account of its efficiency.

Sir, last but not the least I would venture to request the Railway Minister and the authorities concerned about the uneasiness that is being felt on account of the age factor. This is a technical Department and we cannot afford, with one stroke of pen, to remove thousands of technicians and thousands of experienced technical officers who are efficiently

running the Railways. This is a special case and Department which needs a special examination of the the question. At least they should be set at rest and told that they would be given an overall general extension so that none of them are retired in the very near future. This would enable them to settle down and divert their attention to increasing the efficiency still further.

ایک ممبر - قوم کے لئے بتائیں - کیا آپ قوم کے نمائندے نہیں ہیں ؟

مسٹر احمد میاں سمرو - آپ قوم کے نمائندے نہیں ہم تو ہیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - مسٹر جدون -

خان اجون خان جدون (مردان - ۳) - جناب والا - ریلوے بجٹ پر تنقید کرنے سے پہلے میں ریلوے ایڈمنسٹریشن کو اس کے ملازمین کو اور اس کے افسران کو اس بات کی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے دوران جنگ جس محنت جس حب الوطنی اور جس ایمانداری سے کام کیا وہ قابل صد ستائش ہے - ہماری افواج کے بعد اگر کوئی مبارکباد کا مستحق ہے تو وہ محکمہ ریلوے ہے - مجھے اس بات کا ذاتی علم ہے اور تجربہ اس بات کا بھی ہے کہ میں پشاور دوران جنگ میں ایر فورس کے لئے تیل کی سپلائی کے ساتھ منسلک رہا اور مختلف اوقات پر مختلف قسم کا تیل تھوڑے وقت میں جہاں بھی اس کی ضرورت پڑتی تھی اور جو کراچی سے منگوانے کے لیے ایر فورس اس کا انتظام کرتی ہے تو مجھے ذاتی تجربہ ہے کہ تین دن کے اندر اندر پوری سپیشل ٹرین کراچی سے چل کر پشاور پہنچی اور یہ سب کارکردگی ریلوے والوں کی ہے میں نے بھی

ان کے ساتھ ملکر رات دن کام کیا اور ہم نے دیکھا ہے کہ جس محنت سے ریلوے والوں نے کام کیا وہ قابل صد تعریف ہے ۔ جناب والا ۔ بجٹ کے متعلق یہ ہے کہ جو اس کے ماہرین ہیں وہ زیادہ اسے بہتر سمجھتے ہیں لیکن بعض معاملات میں میں اتفاق نہیں کر سکتا ۔ مثلاً جو ۵ فیصدی کرایہ انہوں نے ہر چیز پر بڑھایا ہے مسافروں کا کرایہ اور باربرداری کا کرایہ تو یہ میرے خیال میں ان کی دور اندیشی کا ثبوت نہیں اور انہوں نے دور اندیشی سے کام نہیں لیا اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک طرف تو آپ goods trucks کا مقابلہ کر رہے ہیں جو لوگوں کے گھروں میں ڈیلوری پہنچاتے ہیں اور دوسرے شہروں اور گھروں میں اور کارخانوں میں ڈیلوری پہنچاتے ہیں تو جب وہ اضافہ نہیں کر رہے تو آپ کو حق نہیں پہنچتا کہ آپ کرائے میں اضافہ کریں ۔ اس سے میرا خیال یہ ہے کہ آپ کو کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا بلکہ امکان اس بات کا ہے کہ آپ کی آمدنی میں یہ کمی کا باعث ہو ۔ یہ میرا یقینی خیال ہے ۔ دوسرے جناب والا ۔ اگر آپ نے کرایہ بڑھانا ہی تھا تو آپ کو فرسٹ یا سیکنڈ کلاس کا کرایہ بڑھانا چاہئیے تھا لیکن تھرڈ کلاس کے مسافروں کا یہ کرایہ بڑھانا میں سمجھتا ہوں کہ زیادتی ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ اس مسئلے کے اوپر آپ دوبارہ غور کریں گے اور اگر آپ مناسب سمجھیں گے تو اس بڑھتے ہوئے کرایہ پر جو کہ آپ نے تھرڈ کلاس کے مسافروں پر اور گڈز ٹرینوں پر لگایا ہے آپ دوبارہ سنجیدگی سے غور کریں اور مجھے امید ہے کہ آپ کسی نتیجہ

پر پہنچ کر آئندہ بجٹ میں اس بارہ میں غور فرمائیں گے تاکہ آپ کو اس کرایہ میں زیادتی کی وجہ سے آئندہ بجٹ میں خسارہ نہ ہو ۔

جناب والا ۔ یہ زر مبادلہ بچانے کے لئے لاہور خانیوال ریلوے لائین کو برقانے کا جو پروگرام ہے اور پنڈی کے مقام پر جو کارخانے بنانے کا پروگرام ہے یہ قابل تعریف ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان سکیموں کو جلد از جلد مکمل کرنا چاہئیے ۔ اس کے علاوہ جناب والا ۔ جو آپ نے کراچی اور لاہور کے درمیان ریلوے اور سڑک کے ذریعے مال کی ترسیل اور اسے دینے اور لینے کی نئی سکیم بنائی ہے جس پر اس سال سے عمل شروع ہے یہ بھی قابل ستائش قدم ہے اور میں چاہتا ہوں کہ یہ کامیاب ہو اور اسے باقی شہروں تک بھی وسعت دی جائے لیکن پھر میں وہی بات کہوں گا کہ یہ جو آپ نے پانچ فیصد کرایہ بڑھایا ہے اس سے آپ کو اتنا منافع نہیں ہو گا جتنا آپ نے اندازہ لگایا ہے ۔

جناب والا ۔ ہمیں آزادی حاصل کئے ہوئے اٹھارہ انیس سال ہو چکے ہیں لیکن اب بھی ہماری مسافر گاڑیوں میں تھرڈ اور انٹر کی وہ کلاسز موجود ہیں جو (انگریزوں کے زمانے کی یادگار ہیں) اب امپریل ازم کا زمانہ ختم ہو چکا ہے اور امپریلسٹ ممالک جنہوں نے اپنے لئے فسٹ کلاس بنائی تھی وہ خود بھی اب تھرڈ گریڈ ممالک ہو چکے ہیں تو اب وہ کون سی وجہ ہے کہ ہم ابھی تک اپنے ملک کے عوام کے درمیان تھرڈ کلاس کی باقاعدہ کلاس رکھے جا رہے ہیں ۔

میں پرزور الفاظ میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس ملک میں صرف دو کلاسز ہونی چاہئیں ایک اپر اور ایک لوئر اور یہ جو باقی درمیان کی کلاسز ہیں ان کو ختم ہونا چاہئیے تا کہ ہمارے عوام یہ سمجھ سکیں کہ ہم اب آزاد ہیں اور یہاں اب امپریل‌ازم کا خاتمہ ہو چکا ہے (تالیاں) ۔

انہیں ختم کرنا انتہائی ضروری ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ ابھی تک باوجود اس کے کہ یہ معاملہ اس ایوان میں کئی بار لایا گیا ہے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی پالیسی سے بھی زیادہ اتفاق نہیں کرتا ۔ ۱۹۶۲ء میں جب ہمارے محبوب صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے یہ محکمہ مرکز سے صوبہ کو منتقل کیا تو اس کا مقصد یہ تھا کہ محکمہ فروغ پائے اور پسماندہ علاقہ کی ترقی میں کارآمد ثابت ہو لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ابھی تک کوئی ایسی سکیم میرے سامنے نہیں آئی جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ یہ پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لانے کی طرف کوئی قدم اٹھانے کی کوشش کرنا چاہتے ہیں ۔ مثال کے طور پر پہلے میں اپنی تحصیل صوابی کا نام لوں گا ۔ یہاں تک ریلوے لائین بچھانے کا مطالبہ بہت پرانا ہے ۔ یہ ۱۹۴۰ء ـــ ۱۹۴۱ء کی بات ہے کہ اس سلسلے میں ایک رپورٹ مرتب ہوئی جو اتنی نا قابل عمل بھی نہ تھی مگر اس وقت اسے کچھ وجوہات کی بنا سے ملتوی کر دیا گیا ۔ آج ۲۰ سال گزرنے

کے بعد جب کہ تحصیل صوابی تمباکو ۔ مکی اور سنگ مرمر کی ایک بہت بڑی منڈی بن چکی ہے محکمہ ریلوے نے ابھی تک اس بات کو محسوس نہیں کیا ۔ میں بی اینڈ آر کو اس بات کے لئے مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے وہاں کے لوگوں کی ضروریات کے لئے جہانگیرا کے مقام پر پل تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا جو اگلے سال مکمل ہو جائے گا ۔ میں حیران ہوں کہ ریلوے کے محکمہ نے اس بات کو ابھی تک کیوں محسوس نہیں کیا ۔ مجھے امید ہے کہ وہ اس طرف ضرور توجہ دیں گے اور صوابی سے جہانگیرا تک جو صرف ۲۰ میل کا فاصلہ ہے ریلوے لائین دیں گے ۔ اس سے آپ کی آمدنی میں بھی اضافہ ہو گا اور جس مقصد کے لئے یہ محکمہ صوبہ کو منتقل کیا گیا تھا یعنی پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لایا جائے وہ بھی پورا ہو گا ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ ٹل کوہاٹ سے بنوں اور ڈی آئی خاں کو جو لائین جاتی ہے یہ چھوٹے گیج والی لائین ہے ۔ ٹل سے بے شمار لکڑی ٹرکوں کے ذریعے لائی جاتی ہے آپ چاہتے ہیں ٹرکوں سے مقابلہ کریں ۔ آپ ٹرکوں سے کیسے مقابلہ کر سکتے ہیں اگر آپ اس لائین کو براڈ گیج لائین بنانے کا منصوبہ ورک آوٹ کریں تو اس سے نہ صرف پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لانے کا مقصد حل ہو گا بلکہ آپ کی آمدنی میں بھی اضافہ ہو گا ۔ (تالیاں)

جناب والا ۔ ۱۹۶۲ء میں اس ایوان میں یہ مطالبہ کیا گیا تھا ۔ کہ اس لائین کو وسعت دی جائے مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ابھی تک اس طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی حالانکہ یہ بہت تھوڑا فاصلہ ہے میں صرف ان علاقوں کا ذکر کر رہا ہوں جن سے میں واقف ہوں اور بھی بہت سے ایسے علاقے ہونگے ۔ جہاں ان سہولتوں کی ضرورت ہوگی آپ اپنے نقطہ نظر کو تبدیل کریں اور ایسے علاقوں تک جو پسماندہ ہیں اور جہاں سے آپ کو فائدہ بھی ہے ریلوے لائین کی توسیع کریں ۔ جناب والا ۔ میں کہہ سکتا ہوں کہ اگر صوابی تک ریلوے لائین ہوتی تو آج وہاں سگریٹوں کے کارخانے ہوتے ۔ سنگ مر مر کے کارخانے ہوتے سٹارچ کے کارخانے ہوتے اگر یہ سب کچھ وہاں نہیں ہے تو یہ محض آپ کی غفلت کی وجہ سے ہے ۔ اس ملک کو فلاحی مملکت بنانے کا مطلب یہ ہے کہ پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لایا جائے اور ریلوے نے اس میں اہم کردار ادا کرنا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب فاضل ممبر یہ فرما رہے ہیں کہ ریلوے نے کوئی ایسی ترقی نہیں کی ان کے ہاں کوئی لائین نہیں بچھائی گئی میں ان کی معلومات کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت ساڑھے چھ فرلانگ لائین اوسطاً سالانہ بچھا رہی ہے اس سے زیادہ آپ ان سے کیا چاہتے ہیں ؟

Mr. Senior Deputy Speaker: Order please, this is no point of order.

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب جو پرمٹ ہوتے ہیں وہ مسلمانوں کے لئے ہوتے ہیں باقی جو غیر مسلم ہیں آپ کو پتہ ہے کہ وہ پرمٹ کے بغیر لیتے ہیں ۔ یہ چیز پرمٹ پر غیر مسلموں کے لئے نہیں ہوتی ہے ۔ اور اسی سے تعداد میں اتنا فرق معلوم ہوتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ راولپنڈی میں نو مسلم یا غیر مسلم جو ہیں ان سے ان کی کیا مراد ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جو غیر مسلم ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) ۔ جیسے آپ ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ راولپنڈی میں ۹۳ آدمیوں کو شراب کے پرمٹ دئے گئے ہیں اور لاہور میں ۲۸۶۶ گیلن شراب ۱۹۶۳-۶۴ء میں خرچ ہوئی ہے ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ ان ہی آدمیوں کو سپلائی ہوئی ہے یا ان کے علاوہ دوسروں کو بھی سپلائی ہوئی ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ یہ ان کے علاوہ جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ جو غیر مسلم ہیں ان کو بھی اس میں count کیا ہے وہ بغیر پرمٹ کے پیتے ہیں اور جو ۹۳ پرمٹ والے ہیں یہ مسلمان ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں معراج الدین جو سیٹ پر بیٹھے بیٹھے آپ نے الفاظ استعمال کئے ہیں وہ قابل اعتراض ہیں ۔ آپ واپس لیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں ان الفاظ کو واپس لیتا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میں جناب منسٹر صاحب کی خدمت

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جو اعداد و شمار انہوں نے پرمٹ لینے والوں کے بتائیں ہیں وہ سارے مسلمان ہیں ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب عرض ہے کہ جو پرمٹوں کی تعداد بتائی گئی ہے وہ سارے مسلمان ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ ماشاء اللہ ۔

USE OF SPIRIT IN PLACE OF LIQUOR

*1919. **Chaudhri Idd Muhammad :** Will the Minister for Excise and Taxation be pleased to state, whether the Government is aware of the fact that spirit is being sold openly in the Province and persons addicted to drinking use this spirit in place of liquor ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) ۔ سپرٹ کی فروخت پر پابندیاں ہیں ۔ میتھلیٹڈ سپرٹ انسانی استعمال کے لئے ناکارہ اور زہریلی بنا کر فروخت کی جاتی ہے ۔ کیوں کہ اکثر صنعتوں میں اس بغیر کے گزارہ نہیں ۔ ریکٹیفائڈ سپرٹ ، شراب یا کیمیائی مرکبات یا ادویہ وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے ۔ ادویہ کے بنانے اور ان کی فروخت پر پابندیاں موجود ہیں لیکن ان پابندیوں اور پیش بندیوں کے باوجود کچھ لوگ ان ادویہ کو نشہ کے طور پر استعمال کر لیتے ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ جو نشہ کے طور پر اس کو استعمال کرتے ہیں کیا ان کے خلاف کوئی کارروائی کی گئی ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب بہت کارروائی کی جاتی ہے

اور سزائیں بھی دیجاتی ہیں ۔ وہ پکڑے بھی جاتے ہیں ان کو جرمانے بھی کئے جاتے ہیں اور وہ جیل بھی جاتے ہیں لیکن پھر بھی کرتے ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف کے علم میں ہے کہ جو آدمی پکڑے گئے کیا ان کو سزا بھی دی گئی ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ اس سے آگے چل کر ایک سوال کے جواب میں لسٹ آتی ہے اس میں عرض کر دیا جائے گا ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا کوئی ایسا انتظام نہیں کیا جا سکتا کہ یہ نشے کے طور پر استعمال نہ ہو ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ عرض کیا ہے کہ زہر ملا دیتے ہیں لیکن پھر بھی لوگ پیتے ہیں ۔ آپ نے جواب غالباً پڑھا نہیں ۔ ہم اس کو ناکارہ کر دیتے ہیں اور وہ اس قابل نہیں رہتی کہ لوگ اس کو پئیں لیکن پھر بھی وہ پیتے ہیں اور مرتے نہیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا آپ اس میں اتنی زہر نہیں ملاتے جس کے پیتے ساتھ ہی پینے والا مر جائے ۔

وزیر ابکاری و محصولات ۔ ہم تو اس میں کافی زہر ملاتے ہیں اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ پینے کے ساتھ ہی مر جائے تو ہم اس کے متعلق کوئی قانون بنانے کے لئے بھی تیار ہیں ۔

———

HILL STATIONS WHERE HILL ALLOWANCE IS ADMISSIBLE TO GOVERNMENT EPMLOYEES

*1992. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister of Finance be pleased to state the names of the Hill Stations in the Province, where Hill Allowance is admissible to Government employees ?

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : No Hill Allowance has been sanctioned by the Government of West Pakistan. However Government servants who were in service on the 13th October, 1955 of any of the Integrating Units and were entitled to Hill Allowance under the orders of the Central/Provincial Government and who opted for drawing their existing Compensatory Allowances in preference to the Compensatory Allowance sanctioned by the Government of West Pakistan, continue to draw the Hill Allowance at Murree, Nathiagali and Quetta.

میاں محمد شفیع ۔ آپ نے بار بار پہاڑ الاؤنس فرمایا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ پہاڑ الاؤنس ہے یا پہاڑی الاؤنس ہے ؟

وزیر خزانہ ۔ پہاڑ اور پہاڑی میں کیا فرق ہے ۔ پہاڑی چھوٹی ہوتی ہے اور پہاڑ بڑا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب پہاڑ الاؤنس اور unattractive area allowance میں کوئی فرق ہوتا ہے ؟

وزیر خزانہ ۔۔ آپ نے تو دل الاؤنس کے متعلق پوچھا ہے ۔ اب جو آپ پوچھتے ہیں اس کے لئے ایک علیحدہ سوال دیدیں ۔ میں جواب دیدوں گا ۔ بہت فرق ہے ۔

USE OF OPIUM IN THE PROVINCE

*1993. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister for Excise and Taxation, be pleased to state, the ways and means for discouraging the use

of opium in the Province along with the amount spent thereon during 1964-65 and 1965-66 and amount intended to be allocated therefor in the year 1966-67 ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) ۔ اوپیم ایکٹ ۱۸۷۸ء اور ڈینجرس ڈرگز ایکٹ ۱۹۳۰ء کی تعزیری دفعات کے تحت افیون کی کاشت ، خرید و فروخت ، نقل و حرکت اور قبضہ میں رکھنے پر کڑی پابندیاں ہیں ۔ دو تولہ سے زیادہ افیون رکھنا جرم ہے ۔

علاوہ ازیں محکمہ جات پراونشل ایکسائیز ، سنٹرل ایکسائیز ، پولیس رینجرز و دیگر سول مسلح افواج وغیرہ افیون کی سمگلنگ کا انسداد کرتے ہیں ۔ ان محکموں کی کارروائیوں پر ہر سطح پر جانچ پڑتال کی جاتی ہے ۔ صرف ایکسائیز کے صوبائی عملہ پر ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۲۸,۷۵,۱۷۷ روپے خرچ ہوئے ۔ ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۳۱,۰۶,۹۳۰ روپے خرچ کا تخمینہ ہے اور ۱۹۶۶-۶۷ء کے تخمینے اسمبلی کے سامنے علاحدہ پیش جائیں گے ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا فائننس منسٹر بتائیں گے کہ سن ۱۹۶۴-۶۵ میں کتنی مالیت کی افیم پکڑی گئی ؟

Mr. Speaker : Please give fresh notice for this.

چودھری عید محمد ۔ کیا افیم کا ٹیکہ لگانے والوں کے خلاف کوئی قدم اٹھانے کا ارادہ ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ یہ ٹیکہ ڈاکٹروں کی معرفت لگایا جاتا ہے ۔ مارفیا کی شکل میں ۔ اس کے متعلق وزیر صحت سے پوچھیں، ایکسائیز سے اس کا کوئی واسطہ نہیں ۔

چودھری محمد نواز - وزیر موصوف اگر اپنا وعدہ یاد رکھتے ہوں تو پچھلے سیشن میں انہوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ ۱۹۷۰ء تک افیم بند ہو جائے گی - کیا وہ اس وعدے پر کاربند ہیں ؟

وزیر آبکاری و محصولات - یہ تو علیحدہ سوال ہے - اس کے متعلق تو بین‌الاقوامی معاہدہ ہے اور اس کا فیصلہ بھی بین‌الاقوامی سطح پر ہونا ہے - میرے خیال میں تھوڑی سی میعاد بڑھا دی ہے اور جہاں تک حکومت کا تعلق ہے وہ یہ تہیہ کر چکی ہے کہ اس کا بالکل خاتمہ کر دیا جائے -

خان محمد یوسف خان - کیا ہماری گورنمنٹ یو-این-او کے بنائے ہوئے قوانین کی پابند ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات - پابند تو نہیں ہے - یہ انٹرنیشنل سوال ہے - یہ محض پاکستان کا سوال نہیں - اگر ایک دم بند کر دیں تو سمگلنگ شروع ہو جاتی ہے اور اس کی ٹریفک زیادہ ہو جاتی ہے - ہمیں تو ایسا احسن طریقہ اختیار کرنا چاہیے کہ اس چیز کی صحیح معنوں میں بندش ہو -

چودھری محمد نواز - کیا افیم کے سلسلے میں پاکستان صرف یو-این-او کے فیصلوں پر کاربند ہے خصوصاً اس صورت میں جبکہ یو-این-او کشمیر کے سلسلے میں کسی طرح بھی ہماری مدد نہیں کر رہی -

وزیر آبکاری و محصولات - ہم کشمیر کے بارے میں یو-این-او کے پابند تو نہیں اور قوم بھی پابند نہیں ہو گی - لیکن افیم کے بارے میں پوری طرح پابند ہیں -

مسٹر حمزہ ۔ کیا الحاج شیخ مسعود صادق صاحب یہ بتائیں گے کہ آپکا محکمہ افیم کی سمگلنگ کی روک تھام پر اتنا روپیہ صرف کر رہا ہے کیا آپ نے یہ مناسب نہیں سمجھا کہ پوست کی کاشت کو بند کیا جائے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ وہ بتدریج کم ہو رہی ہے ۔ ایک دم بند کرنے سے آپ کو معلوم ہے کہ اقتصادی بحران ہو جاتا ہے ۔ آہستہ آہستہ ہم اس کی کاشت کو کم کر رہے ہیں ۔

خان محمد یوسف خان ۔ دو تولے تک آپ نے اجازت دے رکھی ہے ۔ یعنی دو تولے تک افیون ایک آدمی اپنے پاس رکھ سکتا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ دو تولے کی پابندی آپ نے کیوں لگائی ہے ۔

وزیر آبکاری ومحصولات ــ عرض کروں گا کہ ابھی وہ سکیم آپ کی حکومت کے زیر غور ہے ۔ ممکن ہے ہم اس پر بھی پرمٹ سسٹم کر دیں ۔ بہت سے لوگ ایسے ہونگے جو چھپ کر افیم کھاتے ہیں لیکن پرمٹ پر وہ اپنا نام نہیں دینا چاہتے اور نہ وہ چاہیں گے کہ ان پر ان کا نام آئے ۔ کیونکہ وہ خیال کریں گے کہ شاید یہ چیز غائب ہو جائے ۔

چودھری محمد سرور ــ کیا منسٹر صاحب فرمائیں گے کہ اگر افیم کو یکسر بند کر دیا جائے تو اس کے کیا نتائج ہونگے ۔

وزیر آبکاری و محصولات ــ یہ کسی افیم کھانے والے سے پوچھیں ، میں تو افیم نہیں کھاتا ۔

میجر محمد اسلم جان ــ افیم کے ٹھیکے بکتے ہیں ۔ کیا یہ ممکن ہے شراب کے ٹھیکے بھی بکنے شروع ہو جائیں ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ آگے سوال آ رہا ہے جس میں بتایا جائیگا ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا وزیر فائننس یہ بتائیں گے کہ قبائلی علاقوں میں افیم کی جو کاشت ہوتی ہے کیا اس کے لئے کوئی ایسا کارخانہ تجویز کریں گے جس طرح کہ بعض ممالک میں افیم سے بہت ساری ادویات تیار ہوتی ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member should give a fresh notice for that.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر آبکاری صاحب فرمائیں گے کہ جب تک آزاد قبائل میں پوست کی کاشت پر خاطر خواہ پابندی نہ لگائی جائے یا پابندی نہیں لگائی جاتی اس وقت تک سمگلنگ کے انسداد کے لئے آپ کے جتنے بھی اقدامات ہیں وہ تمام بے معنی اور ناکام ثابت ہونگے ۔

Mr. Speaker : That is a question of opinion.

چودھری عید محمد ۔ چین میں افیم بالکل بند ہو گئی ہے تو وہاں کیا لوگوں کو نقصان پہنچا ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جب چین کا چکر لگاؤں گا پھر بتاؤں گا ۔

مسٹر عبدالقیوم قریشی ۔ کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ کیا یہ درست ہے کہ جو آپ کے منظور شدہ ٹھیکے دار ہیں وہ سمگل شدہ افیم فروخت کرتے ہیں ؟

وزیر ابکاری و محصولات ۔ جہاں تک مجھے علم ہے میں نے کبھی

ایسی بات نہیں سنی - آپ کوئی صریح الزام لگائیں تو پھر میں اس کے متعلق مکمل انکوائری کر لوں گا - اور جو یہ کام کرتے ہیں ان کو سزا بھی دیجائے گی - لیکن میری شنید میں کوئی ایسی بات نہیں آئی صرف آپ کی زبانی میں نے سنا ہے -

مسٹر حمزہ ـ کیا جناب وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ اگر وہ سنی بات کو ان سنی کر دیں تو پھر اس کا کیا علاج ہے -

مسٹر سپیکر ـ یہ کوئی سپلیمنٹری سوال نہیں ہے -

HOLDING OF ENQUIRY INTO THE AFFAIRS OF USMANIA CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY, KARACHI.

*2600. **Mr. Mahmood Azam Farooqi:** Will the Minister of Co-operation be pleased to state, whether Government are aware of the fact that an enquiry was held into the affairs of Usmania Co-operative Housing Society, Karachi, and a report pointing out certain serious irregularities was submitted to the Registrar about two years ago; if so, the action taken against the persons responsible for the alleged irregularities and if no action has so far been taken, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): On the complaint of one Mr. Z. A. Khan, an enquiry was ordered under Section 43 of the Co-operative Society Act into the Constitution, working and financial position of the Allama Usmania Co-operative Housing Society, Karachi. The Enquiry Officer submitted his report on 7th July, 1963. The contents of the report were conveyed to the Society, who challenged the validity of the report and pointed out that the report is unfactual and also there is no such person as Mr. Z. A. Khan.

The Enquiry Officer was then called on to explain the objections raised by the Society. He submitted his replies but they were not found satisfactory as the bank balance mentioned by him, were not correct. So entries were to be checked and varified from the various institutions. A final report is still awaited from the Enquiry Officer.

It is also pointed out that the Society filed a case against the order for Enquiry. The Civil Court declared the Enquiry order as illegal and further ordered to return the books to the Society. The case has become

very complicated one. However the orders for the supersession of the Managing Committee of the Society, have been issued.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ ۷ جولائی ۱۹۶۵ء کو جس انکوائری افسر نے رپورٹ پیش کی تھی (جس کو انہوں نے چیلنج کیا تھا اور کورٹ نے اسے خلاف قانون قرار دیا تھا) انہوں نے جو دوسرا انکوائری افسر مقرر کیا تھا ، کیا وہ وہی شخص ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - دوسرا انکوائری افسر تو مقرر ہی نہیں کیا گیا ہے - ہم نے تو صرف یہ کیا ہے کہ انکوائری افسر کی رپورٹ کو چیلنج کر دیا گیا تھا - کورٹ نے اسے غیر قانونی قرار دے دیا ہے - اب اس کے متعلق مزید کارروائی کی جا رہی ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں یہ سوال کر رہا تھا کہ جب سوسائٹی نے اسے چیلنج کر دیا ہے تو ہمیں اس پر اعتراض ہے کہ پھر دوبارہ اس افسر کو مقرر کرنا صحیح نہیں ہے - کیا یہ مناسب نہ تھا کہ کسی دوسرے شخص کو انکوائری کے لئے مقرر کیا جاتا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - انکوائری تو دوبارہ نہیں ہوگی - میں نے تو یہ جواب نہیں دیا ہے -

مسٹر سپیکر - سول کورٹ کے آرڈر کے بعد پھر دوبارہ اسے کس کے پاس بھیجا گیا ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - سول کورٹ نے اس انکوائری کو خلاف قانون قرار دے دیا کہ اس میں بعض ایسے واقعات کو بے نقاب کیا گیا ہے جن سے کچھ بے قاعدگیاں سامنے آئی تھیں - اس کی بنا پر سوسائٹی کو معطل کر دیا گیا ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - رپورٹ کب تک آ جانے کی توقع ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جیسا کہ بتایا گیا ہے یہ کیس کافی پیچیدہ ہو گیا ہے - آپ کو معلوم ہے کہ کسی نے ایک شکایت بھیج دی اور انکوائری ہونے لگی - کچھ واقعات باہر آئے تو معلوم ہوا کہ زیڈ - اے خان جس کی درخواست پر انکوائری ہوئی تھی ، وہ ہے ہی نہیں - کسی نے گمنام شکایت کر دی تھی - پھر اس کے بعد انکوائری مکمل کی گئی ہے - لیکن جب سوسائٹی کو وہ رپورٹ گئی تو اس نے اسے کورٹ میں چیلنج کر دیا اور کورٹ نے اس رپورٹ کے خلاف فیصلہ دے دیا -

مسٹر سپیکر - اگر وہ انکوائری افسر کی رپورٹ عدالت - خلاف قانون قرار دے دی تو پھر آپ نے انکوائری افسر کو کیا refer کیا ہوا ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس رپورٹ میں کچھ factor ایسے تھے جن کی بنا پر کورٹ نے اسے خلاف قانون قرار دے دیا لیکن ڈیپارٹمنٹ نے دیکھا کہ اس میں کچھ بے قاعدگیاں ہیں . . .

مسٹر سپیکر - کیا آپ کورٹ کے فیصلے کے بعد اس کی تحقیقات کر رہے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - ڈیپارٹمنٹ خود غور کر رہا ہے - ابھی تک کوئی انکوائری افسر مقرر نہیں ہوا -

مسٹر سپیکر - آپ کا جواب تو یہ کہتا ہے کہ

Final report is still awaited from the Inquiry Officer.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ہاں صاحب کچھ اور انفرمیشن مانگی گئی ہے ۔ وہ جو شکایت کرنے والا تھا وہ غائب ہو گیا ۔ معلوم ہوا کہ وہ گمنام تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انکوائری پھر چل رہی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی ہاں چل رہی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کیا آپ کے خیال میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے اس معاملہ کو اور زیادہ پیچیدہ نہیں بنا دیا ؟

Mr. Speaker: Anyhow the answer is not very clear and I am not satisfied with this answer.

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo): Sir, actually the Registrar, Co-operative Societies, Karachi, received an application in the name of Z. A Khan, regarding the affairs of this society. He ordered an inquiry and an Inquiry Officer was appointed who went into the facts. Later the Society went to court on the plea that as the person who had made the complaint, did not actually exist the order for the inquiry should be set aside. The Court accepted this contention and also that the inquiry ordered by the Registrar did not have any force of law. The records which were taken possession of by the Registrar, Co-operative Societies, were returned to the society concerned. Later on the Registrar realised that there were certain irregularities which required to be probed into. Hence he is investigating. He also thought it high time that the Society should be superseded. Hence he is investigating and things are being probed into.

Mr. Speaker: Does the Minister mean to say that this is a second inquiry ?

Minister of Co-operation: Sir, it is not a second inquiry. The matters which are already there before the Registrar (other than those which have been decided by the Court) are being looked into. The court actually passed orders in respect of the applicant's complaint who is no more in existence. Now because something came to the notice of the Registrar he is looking into that.

Mr. Speaker : Then that would be fresh inquiry.

Minister for Co-operation : That's correct ; one can say that is a fresh inquiry.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - یہ جو آپ کے وزیر صاحب نے جواب دیا آپ اگر اردو میں جواب دیتے تو میں پھر پوچھنے کی یہ زحمت نہ کرتا - عرض یہ ہے کہ تین چار دفعہ سیکرٹری صاحب نے بتایا ہے کہ انکوائری افسر وہ نہیں ہے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جس انکوائری افسر کی آخری رپورٹ کا انتظار ہے وہ کون سا انکوائری افسر ہے ؟ کیا یہ وہی انکوائری افسر ہے ؟

وزیر امداد باھمی - رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹی اسے سپروائز کر رہے ہیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - میں نہیں سمجھا -

مسٹر سپیکر - انہیں یہ معلوم نہیں ہے کہ انکوائری افسر وہی ہے یا دوسرا ہے -

وزیر امداد باھمی (سندھی) - حاجی صاحب یہ جو کیس ہے اس کی انکوائری رجسٹرار کراچی نے کرائی تھی - لیکن چند ایسی باتیں ہیں جن کی انکوائری ابھی ہونی ہے - اس لئے میں یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتا کہ کوئی دوسرا افسر انکوائری کرے گا -

Mr. Speaker : Registrar, Co-operative Societies supervises.

Minister for Co-operation : Sir, he is the person who appoints some one of his subordinate officers.

Mr. Speaker : Has he appointed some other person or the same person.

Minister for Co-operation : That is not in my knowledge actually.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - ان کے جواب نے معاملہ کو پہلے سے زیادہ پیچیدہ بنا دیا ہے - معلوم ہوتا ہے کہ وزیر صاحب کو اس کی معلومات نہیں ہیں کہ انکوائری افسر کون سا شخص ہے - کورٹ نے اس انکوائری کو خلاف قانون کیوں قرار دے دیا - کیا وہ دوبارہ اس سے انکوائری کرا رہے ہیں ؟ کیا پھر یہ وجہ اسے خلاف قانون قرار دئے جانے کی بنیاد تو نہیں بن جائے گی -

مسٹر سپیکر - انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ وہ انکوائری رجسٹرار کے نوٹس میں لائی گئی ہے اور بے قاعدگیاں بھی جس کے بارے میں آپ کو شک ہے -

---

HOLDING OF ENQUIRY INTO THE AFFAIRS OF THE MUHAMMAD ALI MEMORIAL HOUSING SOCIETY, KARACHI.

***2601. Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Will the Minister of Labour and Co-operation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that an enquiry into the affairs of the Muhammad Ali Memorial Housing Society, Karachi, was ordered by the Registrar, Co-operative Societies, Karachi, in June or July 1965 as a result of a representation of the resident members of the said Society ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the enquiry has been completed; if so, the date on which the enquiry report was submitted and the action taken on the said Enquiry Report;

(*c*) whether members of the said Society on whose request the said

enquiry was held have been furnished with a copy of the Enquiry Report; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) The Enquiry was ordered by the Registrar on his own motion and not on a specific complaint by any individual member of the Society.

(*b*) No. The Enquiry Report is being finalized.

(*c*) The question does not arise.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کئی دفعہ عرض کیا گیا ہے کہ جواب اردو میں ملے تو ہم بھی سمجھ سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب ! کیا آپ نے نوٹس دیا تھا کہ اردو میں جواب دیا جائے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جی نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ پھر تو جواب انگریزی میں آئے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب میں یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ جولائی ۱۹۶۵ء میں انکوائری شروع ہوئی ۔ اب تقریباً ایک سال ہونے کو ہے اور ابھی تک انکوائری جاری ہے ، مکمل نہیں ہوئی ۔ اسے مکمل ہونے کے لیے کتنا عرصہ درکار ہوگا ۔ کوئی ایک سال اور ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ انکوائری جون جولائی میں شروع نہیں ہوئی تھی ۔ ان دنوں شکایت کی گئی تھی ۔ اس کے بعد رجسٹرار صاحب دونوں پارٹیوں کے درمیان کوئی سمجھوتہ کرانے کے ذرائع تلاش کرتے رہے ۔ انکوائری تو بعد میں دیر سے شروع ہوئی ہے ۔

وزیر محنت ۔ فاروقی صاحب آپ کی تسلی کے لیے عرض کرتا

ہوں کہ انکوائری کے لیے final date دے دی ہے ۔ ایک مہینہ کے اندر انکوائری ہو جائے گی ۔

Malik Muhammad Aslam Khan : Sir, in reply to part (*a*) of the question it is stated that :

"The enquiry was ordered by the Registrar on his own motion and not on a specific complaint by any individual member of the Society."

Does it mean that there was no general or specific complaint by any Members of the Society ?

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جواب سے یہی ظاہر ہوتا ہے ۔

LICENCES FOR MANUFACTURING OF SPIRIT

*2673. **Major Muhammad Aslam Jan** : Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) the rates of excise duty chargeable on (*i*) imported Wine/Liquor, (*ii*) Country-made Wine/Liquor and (*iii*) rectified spirit;

(*b*) the total number of gallons of foreign liquor imported during 1964-65 and 1965-66 alongwith the quantity of Wine/Liquor prepared in the Province during the said period;

(*c*) the total quantity of rectified spirit manufactured in the Province during the said period;

(*d*) the number of licences for spirituous preparations such as Tincture Zingibaris and Tincture Cardamon, Tincture Carminative, etc., issued in the Province from 1947 to 1954 and from 1954 to 1966, separately;

(*e*) the number of licences out of those mentioned in (*d*) above issued in Rawalpindi District during the period in (*d*) above;

(*f*) in case there is any increase in the number of licences issued in the said District during the said period reasons therefor ?

Minister of Excise and Taxation (Sheikh Masood Sadiq) : (*a*) (*i*) 1. Vend fee on imported Wine. Rs. 24 per bulk gallon.

2. Vend fee on imported liquor. Rs. 60 —do—

(*ii*) 1.	Vend fee on sales of foreign liquor (Pak. made foreign liquor).	Rs. 60 per bulk gallon
2.	Vend fee on sales of wines (Pak made wines).	Rs. 24 do
3.	Vend fee on sales of Pakistan made beer.	Rs. 6.75 per bulk gallon for licensees, clubs, and canteens.
4.	Excise/manufacture duty on Pakistan made foreign liquor issued from a distillery.	Rs. 45 per L.P. gallon.
5.	Excise/Still head duty on country spirit issued from a distillery.	10 U.P. at Rs. 28.12 per bulk gallon. 40 U.P. at Rs. 18.94 per bulk gallon.
6.	Excise/manufacture duty on beer manufactured in a licensed brewery.	Rs. 3.00 per bulk gallon.
(*iii*) 1.	Excise duty on rectified spirit.	Rs. 26 per L P. gallon.
2.	Excise duty on medicinal spirituous preparations issued from the chemical works.	Rs. 5 per do
3.	Excise duty on toilet preparations and perfumery.	Rs. 20 do
4.	Excise duty on medicinal preparations which might be used for purposes other than madicinal.	Rs. 20 per L P. gallon.
5.	Excise duty on spirit cholorom.	Rs. 25 per L.P. gallon on its spirit contents.

(*b*) Foreign Liquor imported — Pakistan made foreign liquor

Foreign Liquor imported		Pakistan made foreign liquor	
(1964-65)	(1965-66)	(1964-65)	(1965-66)
B.G.	B.G.	B.G.	B.G.
1,97,612	1,41,05 (Upto April, 66).	5,30,558	4,42,096 (Upto April, 66).

(*c*)

1964-65	1965-66
L.P.G.	L.P.G.
9,70,500	28,78,533

	1947 to 1954	1954 to 1966
	29	41
(e)	2	3

(f) As the third licence sanctioned in 1955 was determined in 1930, there is no increase in the number of licences.

Major Muhammad Aslam Jan : Sir, In para (c) of the question I had asked :

> "the total quantity of rectified spirit manufactured in the Province during the said period."

جواب میں انہوں نے جو کچھ فرمایا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۹۶۵-۶۶ء میں یہ تین گنا ہو گئی - یعنی ۲۸ لاکھ ۷۸ ہزار گیلن - کیا اس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ ایک سال میں illicit liquor کو اور intoxicants کو indirect encouragement ہوئی ہے - انہی Spirituous Preparations کی وجہ سے لوگوں نے شراب پینی شروع کی - اس کی روک تھام کے لئے آپ کیا بندوبست کر رہے ہیں ؟

وزیر آبکاری و محصولات — جناب والا - اس سوال کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے - یہاں بہت سی شوگر ملز تھیں جنہیں distillery بنانے کی اجازت دی گئی - یہ جتنی increase ہوئی ہے یہ سب برآمد کی جا رہی ہے - اور ہم اس سے زر مبادلہ کما رہے ہیں - یہ سیدھی پاکستان سے باہر جاتی ہے اور یہاں اس کی کھپت نہیں ہے -

ملک محمد اسلم خان — جناب والا - پاکستان میں جو چیزیں بنتی ہیں یہاں امپورٹڈ گڈز میں ان کی قیمت زیادہ ہوتی ہے لیکن بیئر ایک ایسی سستی چیز بنتی ہے تو کیا یہ وزیر صاحب کی مرہون منت ہے -

وزیر آبکاری و محصولات ــ جناب والا ۔ میں سوال نہیں سمجھا کہ وہ کیا فرما رہے ہیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ جو لائسنس Spirituous Preparations کیلئے جاری کئے گئے ہیں یہ سارے صو۔ میں پہلے ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۴ء تک ۲۹ تھے اور ۱۹۵۴ء سے ۱۹۶۶ تک ایک دم ۴۱ ہو گئے ۔ اور راولپنڈی میں ۳ ہیں ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ ۔ راولپنڈی پر کیوں خاص عنایت کی ہے ؟ کیا اس لئے کہ لوگ Spirituous Preparations بنائیں باوجود اس کے کہ سب کو معلوم ہے کہ جو Spirituous Preparations ہیں وہ as a substitute for alcohol استعمال ہو رہی ہے ، اس پر کوئی کنٹرول نہیں ہے ؟ اس قدر ہم پر کیوں عنایت ہوئی ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب والا ۔ میجر محمد اسلم صاحب کو غلط فہمی ہوئی ہے ۔ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۴ء تک ۲۹ لائسنس تھے ۔ ۱۹۵۴ء سے ۱۹۶۶ تک ۴۱ لائسنس ہیں ۔ پہلے جتنی ادویات تھیں وہ ہم باہر سے امپورٹ کرتے تھے ۔ اب زیادہ تعداد میں جو نئے کارخانے ہیں، وہ بناتے ہیں ۔ اور ہم حتی الوسع یہ کوشش کرتے ہیں کہ جتنی بھی ادویات ہوں وہ پاکستان میں بنیں ۔ یہ مینوفیکچرز لائسنس ہیں ۔ آپ اس پر خوشی کا اظہار کریں کہ جو ہم امپورٹ کیا کرتے تھے وہ ادویات ہم خود تیار کرتے ہیں ۔ آپ کہتے ہیں کہ غلطی ہو گئی ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ــ میرے اگلے سوالات سے بھی ظاہر ہے کہ Spirituous Preparations غلط استعمال ہو رہی ہیں۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جب اگلا سوال آئے گا تو اس وقت آپ اس کے متعلق ضمنی سوالات کریں ۔ اس سوال میں آپ ضمنی سوال کیوں کرتے ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ میجر صاحب آپ اس وقت یہ ضمنی سوال کریں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ وزیر متعلقہ ۔ فرمایا ہے کہ ادویات کی ملک میں فراوانی کیوں ہے ۔ اس کے ضمن میں میں عرض کروں گا کہ Spirituous Preparations کے متعلق میرے اگلے سوال کے جواب میں انہوں نے فرما دیا ہے کہ جو Spirituous Preparations ہے اس کے لئے ہمارے پاس اور تمام دنیا کے پاس سٹینڈرڈ میڈیسن ہیں جن کو replace کرتے ہیں اور Spirituous Preparations کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ Spirituous Preparations کا آپ نے فرمایا ہے کہ وہ میڈیسن کیلئے استعمال کرتے ہیں لیکن یہ نہیں کہ آپ میڈیسن کی بجائے اس کو Substitute for alcohol استعمال کریں ۔ اگر اس کو میڈیسن میں استعمال کیا جائے تو برٹش فارماکوپیا اور فارموسیوٹیکل پراڈیکٹ کے تحت بمشکل ایک چمچ سے زیادہ نہیں لے سکتے ہیں کیونکہ اس میں اس قدر ادویات ہوتی ہے کہ منہ جل جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب الحاج شیخ مسعود صاحب کے اس بیان سے ظاہر ہے کہ Spirituous Preparations liquor کا کارخانہ راولپنڈی میں ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے ان سے پوچھتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ I have never said 'spirituous liquor' I have said spirituous preparations. میں نے liquor کا لفظ استعمال نہیں کیا ہے یہ آپ اپنے ریکارڈ سے دیکھ لیں ۔ میں نے آپ کے سامنے جو بات کی ہے اس میں میں نے liquor کا لفظ استعمال نہیں کیا ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب والا ۔ جو spirituous preparations ہے وہ spiritual یعنی روحانی تو نہیں ۔

Mr. Speaker : Not at all.

SALE OF TINCTURES (CHIRI) AS INTOXICANTS ON CHEAPER RATES IN RAWALPINDI

*2674. **Major Muhammad Aslam Jan** : Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that spirituous preparations such as Tincture Carminative and Tincture Zingibaris, etc., are made of 90 percent to 100 percent recitified spirit (alcohol) ;

(*b*) whether it is a fact that some Manufacturing Chemists in the Province add Choloral Hydrate in the said Tinctures to further accelerate the action of alcohol ;

(*c*) whether it is a fact that the rectified spirit and Choloral Hydrate are injurious to health and badly affect the liver, digestive system and cause impairment of memory, congestion of eye balls and Chronic inflamation of stomach, etc. ;

(*d*) whether it is a fact that the said tincture Zingibaris, etc., are called "Chiri" in Rawalpindi which is a local name for the said intoxicant and narcotic ;

(*e*) whether it is a fact that the said tinctures containing 90 percent to 100 percent alcohol are sold at Rs. 3 to Rs. 4 per 1 pint bottle in open market in Rawalpindi ;

(*f*) if answer to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, the steps Government intend to take to eradicate this evil ?

Minister of Excise and Taxation (Sheikh Masood Sadiq) : (*a*) According to British Pharmacopceia Tincture Zingiberis, should contain 90 per cent alcohol. 'Tincture Carminative' is not however mentioned in the British Pharmacopceia and is not one of the approved standard drugs.

(*b*) No.

(*c*) These substances are injurious if not taken in proper dosage according to medical advice.

(*d*) Yes.

(*e*) The manufacturers of Rawalpindi supply these preparations to authorized persons only in 16 Oz bottles.

(*f*) Government have already ordered that the quantity of spirituous medicinal preparations sold at a time to any person other than a registered Medical Practitioner should not exceed 1 Oz and that accounts of such sales should be maintained in the prescribed form. Violations of these provisions are punishable offences under the Punjab Excise Act.

میجر محمد اسلم جان — وزیر متعلقہ صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ Tincture Zingibaris میں نوے فیصد الکوحل ہوتی ہے - میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو آپ نے فرمایا ہے - یہ نوے فیصد الکوحل rectified spirit کی صورت میں ہوتی ہے یا crude spirit میں -

وزیر آبکاری و محصولات — میں technical آدمی نہیں ہوں - بہر حال یہ نوے فیصد الکوحل سپرٹ میں ہوتی ہے جو کہ دوائیوں کے لئے دی جاتی ہے - (قطع کلامی)

میجر محمد اسلم جان — جناب والا - یہ جو rectified spirit ہے - - - ٹیکنیکل آدمی تو میں بھی نہیں ہوں - لیکن لوگوں کی تکالیف دیکھنے کے بعد ہمیں سوال پوچھنے کی ہمت ہوتی ہے - تو آپ کو چاہئے کہ آپ جواب دیں - یہ نہیں کہ آپ ہمیں criticise کریں -

وزیر آبکاری و محصولات — یہ rectified spirit ہے -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - آپ کسی سے مشورہ لے لیں - اگر آپ ٹیکنیکل آدمی نہیں ہیں -

وزیر آبکاری و محصولات ــ مشورے کے بغیر کوئی چیز نہیں ہوتی حضور ۔

میجر محمد اسلم جان ــ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ نوے فیصد rectified spirit تقریباً ۱۷۰ یا ۱۸۰ فیصد crude spirit کے برابر ہوتا ہے ۔ اور یہاں پر جو strongest وسکی ہوتی ہے اس میں ۷۰ فیصد سے لیکر ۸۰ فیصد سے زیادہ crude spirit نہیں ہوتی ۔ اب اگر اس میں ۹۰ فیصد crude spirit ہے تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ ہم لوگوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں کہ وہ ۱۷۰ یا ۱۸۰ فیصد الکوحل پئیں ۔

وزیر آبکاری و محصولات ــ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ یہ تو دوائیوں کی بات کر رہے ہیں ۔ اور اب انہوں نے پھر سے چھوڑ دیا ہے ۔ اور الکوحل کی بات کر رہے ہیں ۔ tincture zingibaris ایک دوائی ہے ۔ اور یہ ویسے ہی پینے کے لئے نہیں ہے ۔ اور اگر اسے لوگ پیتے ہیں تو وہ قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پیتے ہیں ۔ اگر آپ ہمیں ایسے لوگ بتا دیں تو ہم انہیں پکڑ لیں گے ۔

میجر محمد اسلم جان ــ جناب والا ۔ ہمیں بہت خوشی ہو گی اگر وزیر متعلقہ انہیں پکڑیں ۔ لیکن میرے اگلے سوال کے جواب میں تو آپ کہتے ہیں کہ راولپنڈی میں ایک آدمی بھی نہیں پکڑا گیا ۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ یہ جو ٹیسٹ کرواتے ہیں تو ان کے مطابق اس میں دوائی کتنی ہے اور سپرٹ کتنی ہے ۔ کیا آپ اسے ڈرگ لیبارٹری سے analyse کراتے ہیں ۔

وزیر ابکاری و محصولات ــ جی ہاں ۔

مسٹر محمد یوسف خان ۔ جناب وزیر متعلقہ نے ارشاد فرمایا تھا ۔ کہ ہم ایک چمچ سے زیادہ اجازت نہیں دیتے کہ کوئی خرید سکے ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ ایک اونس سے زیادہ کہا تھا ۔

مسٹر محمد یوسف خان ۔ لیکن راولپنڈی میں سینکڑوں لوگ یہ ''چڑی'' کہاں سے لیکر پیتے ہیں ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب والا ۔ اس سے پہلے تو مجھ سے نہ یوسف خان صاحب نے کوئی شکایت کی ہے اور نہ میجر محمد اسلم جان صاحب نے ہی کبھی کوئی شکایت کی ہے ۔ لیکن اب اس ایوان میں وہ شکایت کر رہے ہیں کہ لوگ ''چڑی'' پیتے ہیں ۔ میں نے اسے نوٹ کر لیا ہے اور اس کے متعلق دفتر سے بھی پوچھا ہے ۔ اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ دوسرے شہروں میں بھی یہ شکایت ہے ۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اس کو ختم کیا جائے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے تعاون سے اسکو ختم کر دیا جائے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر آبکاری نے فرمایا ہے کہ میں کوئی technical hand نہیں ہوں ۔ لہذا tincture zingibaris کے بارے میں رائے نہیں دے سکتا ۔ وجوہات کا تو ان کو علم ہے ۔ ان وجوہات کے باوجود آپکو اسکا تجربہ کیوں نہیں ہے ۔ آپ کا تجربہ تو اس معاملے میں بڑا وسیع ہے ۔

Minister of Excise and Taxation : It is a question of opinion. I have no answer. The member may impute any motive to anybody. He is accustomed to that.

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : Will the Minister-in-Charge be pleased to state whether the persons dealing in Tincture Zingibaris keep any record as to whom they sell?

وزیر آبکاری و محصولات ــ میں نے عرض کیا ہے کہ ایک ایک اونس سے زیادہ نہیں دیتے ہیں اور اس کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے ۔ اور ڈاکٹروں کو ہدایت ہے کہ جتنی بھی preparations ہوں ان میں وہ ایک اونس سے زیادہ نہ دیں ۔ اور دینے والے کا نام اور پتہ ریکارڈ کریں ۔ اگر پھر بھی ایسی بات ہوتی ہے تو حیرانگی کی بات ہے ۔ اور جیسا کہ اب مجھے معلوم ہوا ہے ۔ اب پوری کوشش کرونگا کہ اس کا پورا انسداد ہو جائے ۔

میجر محمد اسلم جان ــ وزیر متعلقہ نے میرے ایک ضمنی سوال کے جواب میں فرمایا تھا کہ جتنی بھی tincture کی preparations ہیں ۔ ان کو ڈرگ لیبارٹری میں ٹسٹ کیا جاتا ہے ۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا مغربی پاکستان میں کوئی ڈرگ لیبارٹری ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات ــ تو کیا آپ کا مطلب یہ ہے کہ یہاں پر کوئی ڈرگ لیبارٹری ہے ہی نہیں ۔

مسٹر سپیکر ــ آپ نے فرمایا ہے کہ ڈرگ لیبارٹری میں اس کو ٹیسٹ کیا جاتا ہے ۔ وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ مغربی پاکستان میں کوئی ڈرگ لیبارٹری ہے ۔

Minister of Excise and Taxation: Drug laboratory means the Chemical Examiner ; that is the only place where drugs are tested.

میجر محمد اسلم جان ــ میں شاید آپکو عرض کر سکوں کہ مغربی پاکستان میں کوئی drug laboratory نہیں ہے ۔

Minister of Excise and Taxation : I say ther eare so many Chemical Examiners, who are experts in drugs.

Major Muhammad Aslam Jan : There is a lot of difference between a Chemical Examiner and a Drug Laboratory.

Minister of Excise and Taxation : As far as I know there is no difference.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ—پوائنٹ آف آرڈر - جناب وزیر متعلقہ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی ایک اونس سے زیادہ پئے گا تو اسکے خلاف اقدام کریں گے - تو کیا یہ اقدامات راولپنڈی میں بھی کئے جائیں گے - کیوں کہ وہاں پر تو ایک خیام ہوٹل بھی ہے -

Mr. Speaker : That is not a point of order.

LICENCES FOR MANUFACTURING OF SPIRITS-TINCTURES IN RAWALPINDI

*2675. **Major Muhammad Aslam Jan** : Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that after the manufacturing of Tincture Zangibaris, etc , a sample thereof is forwarded by the Excise Official on duty at the Manufacturing Laboratory to the Chemical Examiner for analysing only its alcoholic strength in order to levy Excise duty on the quantity of rectified spirit used by the Manufacturing Chemists ;

(*b*) whether it is a fact that at this stage the Chemical Examiner does not carry out analysis to find out as to whether the said tincture preparation contain full drugs or active ingredients according to the standard laid down in the British Pharmacopceia of the British Pharmaceutical codex ;

(*c*) whether it is a fact that if the said tinctures are prepared according to the standard laid down in the British Pharmacopceia or the British Pharmaceutical codex and contain full drugs or active ingredients these cannot be used as substitute for liquor ;

(*d*) whether it is a fact that the said tinctures are sold under the guise of Carminative Mixtures and Tonics ;

(*e*) whether it is a fact that the said tinctures can be replaced by other standard non-alcoholic medicines ;

(*f*) if answer to (*e*) above be in the affirmative, whether Government

intend to consider the advisability of cancelling all the spirit tincture Manufacturing licences; if not, reasons therefor ?

Minister of Excise and Taxation (Sheikh Masood Sadiq) : (*a*) Yes.

(*b*) No. Instructions have been issued to the Chemical Examiner to Government of West Pakistan that he should carry out both qualitative and quantitative analysis of the samples despatched to him.

(*c*) All spirituous medicinal preparations are manufactured according to the British Pharamacopceia under supervision of the Excise Staff.

(*d*) The spirituous medicinal preparations are sold by the chemical works by their pharmaceutical names.

(*e*) This question concerns other departments.

(*f*) Does not arise.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ جہاں آپ نے جواب میں فرمایا ہے کہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ تو کیا آپکو معلوم ہے کہ مغربی پاکستان میں (اگر اخبارات پر یقین کیا جائے تو) ہزارہا لوگ یہ دوائیاں یا یہ جو spirituousp reparations ہیں ۔ ان کو پینے سے مر رہے ہیں ۔

Minister of Excise and Taxation : In part (*e*) you had asked :—

"Whether it is a fact that the said tinctures can be replaced by other standard non-alcoholic medicines ;"

The reply is

یہ محکمہ آبکاری کیسے کر سکتا ہے کہ اسکو replace کر دیا جائے ۔ آپ کسی اور technical آدمی سے پوچھیں یا محکمہ صحت سے پوچھیں۔

The question does not arise. You must reed 'E' and then 'F'.

میجر محمد اسلم خان ـ جناب والا ـ عرض یہ ہے کہ جب ایسے سوال ہوں جو کہ interconnected ہوں تو میں آپکی وساطت سے یہ عرض کرونگا کہ اگر ایسا کوئی بندوبست ہو سکے کہ اگر اس قسم کے سوالات جو دو محکموں سے تعلق رکھتے ہوں تو وزراء صاحبان آپس میں مل بیٹھیں تا کہ سوال کا جواب مل سکے ۔

مسٹر سپیکر ـ اگر آپ کے سوال کے دو حصے ہوں ۔ اور ایک حصہ ایک وزیر صاحب اور دوسرا حصہ دوسرے وزیر صاحب کے متعلق ہو تو آپ ایک حصے کے جواب کا حوالہ دیکر وزیر صحت کو اسکا نوٹس دیکر جواب حاصل کر لیں ۔

میجر محمد اسلم جان ـ جناب والا ـ بعض اوقات یوں بھی ہوتا ہے کہ وہ سوال ایک محکمے کے متعلق ہوتا ہے ۔ لیکن وہ کچھ اطلاعات دوسرے محکمے سے لے سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker: That is not the responsibility of the Minister concerned.

Minister of Excise and Taxation: Sir, you can very clearly see that his question was :

> "Whether it is a fact that the said tinctures can be replaced by other standard non-alcoholic medicines".

تو اسکا جواب Excise and Taxation Deptt. کیا دے سکتا ہے ۔

CASES OF SPIRITS PEPARATIONS USED AS INTOXICANTS IN PESHAWAR, RAWALPINDI, LAHORE, LYALLPUR AND SARGODHA.

***2676. Major Muhammad Aslam Jan**: Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) the number of cases relating to spurious spiritu us preparations Tincture Zingibaris, etc., used as intoxicants and narcotic detected in Peshawar, Rawalpindi, Lahore, Lyallpur and Sargodha, during 1964-65 and 1965-66;

(*b*) the details of the report, the chemical examiner gave in each case;

(*c*) the number of persons against whom cases were registered;

(*d*) the number of persons out of those mentioned in (*c*) above acquitted of or discharged separately alongwith reasons therefor;

(*e*) the steps Government intend to take to safeguard the interest, health and lives of the people against these injurious preparations?

Minister of Excise and Taxation (Sheikh Masood Sadiq):

(*a*)

	1964-65	1965-66
(*i*) Peshawar	3	3
(*ii*) Rawalpindi	Nil	Nil
(*iii*) Lahore	7	2
(*iv*) Lyallpur	5	5

(*b*) & (*d*) A statement is placed on the Table.*

(*c*) 41

(*e*) Government have already placed restrictions on the manufacture, sale and possession of spirituous medicinal preparations (including Tincture Zingibaris) which can be used as substitutes for liquor.

میجر محمد اسلم جان - آپ نے پہلے جوابات میں یہ فرمایا ہے کہ راولپنڈی میں spurious spirituous preparations کی تین فیکٹریاں ہیں - وہاں سے لوگوں کو یہ چیزیں کافی مہیا ہو رہی ہیں - جواب کے حصہ (ای) میں فرمایا ہے کہ It has been accepted almost کہ یہ as substitute for liquor استعمال ہو رہی ہے - آپ نے کہا تھا

*Please see Appendix II at the end.

کہ یہ ادویات ہیں اور ادویات میں استعمال ہوتی ہیں اور یہ بھی فرمایا کہ They are being used as substitute for liquor

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جناب میں نے کہا ہے کہ وہ ادویات میں استعمال ہوتی ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ باوجود اس کے کہ ہم اس میں ایک زہر ڈال دیتے ہیں لیکن لوگ پھر بھی پیتے ہیں ۔ میں نے یہ کہا ہے

"Which can be used as substitute for liquor".

میں نے کبھی نہیں کہا کہ it is being used ۔ آپ خود پڑھ لیں ۔ چھپا ہوا ہے اور غلط motive میری طرف attribute نہ کریں ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is over now.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

REVISION OF LABOUR LAWS

***2692. Mr. Abdul Qayum Qureshi :** Will the Minister of Labour be pleased to state the progress so far made in regard to the revision of existing Labour Laws ?

وزیر محنت (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ پاکستان کے آئین کے نفاذ کے بعد جب "محنت" کا موضوع صوبوں کی تحویل میں دیا گیا تو حکومت مغربی پاکستان نے لیبر قوانین پر غور و خوض شروع کر دیا ۔ ابتدائی مرحلوں میں مندرجہ ذیل قوانین ترامیم کے لیے زیر غور لائے گئے ۔

(۱) ایمپلائز سوشل انشورنس آرڈیننس ۱۹۶۲ء ۔

(۲) پنجاب ویجس اینڈ مسس ایکٹ ۱۹۴۱ء ۔

سندھ ویجز اینڈ میرس ایکٹ ۱۹۳۲ء۔

این ۔ ڈبلیو ۔ ایف ۔ پی ۔ ویجز اینڈ میرس ایکٹ ۱۹۴۷ء۔

بمبئی ویجز اینڈ میرس ایکٹ ۱۹۳۲ء۔

بہاولپور ویجز اینڈ میرس ایکٹ ۱۹۴۶ء۔

(۳) ٹریڈ یونین ایکٹ ۱۹۲۶ء۔

(۴) انڈسٹریل ڈسپوٹس آرڈیننس ۱۹۵۹ء۔

(۵) انڈسٹریل اینڈ کمرشل ایمپلائمنٹ (سٹینڈنگ آرڈرز) آرڈیننس ۱۹۶۰ء۔

(۶) فیکٹریز ایکٹ ۱۹۳۴ء۔

(۷) ورکمینز کمپنسیشن ایکٹ ۱۹۲۳ء۔

(۸) شاپس اینڈ اسٹیبلشمنٹ ایکٹ برائے سابقہ صوبہ پنجاب ، سندھ ، سرحد اور ویکلی ہالیڈیز ایکٹ ۱۹۴۲ء۔

حکومت مندرجہ بالا (۱) اور (۲) قوانین کو تبدیل کر چکی ہے اور ویسٹ پاکستان ایمپلائز سوشل سیکیورٹی آرڈیننس ۱۹۶۵ء اور ویسٹ پاکستان ویجز اینڈ میرس آرڈیننس ۱۹۶۵ء کا نفاذ ہو گیا ہے ۔

(۳) (۴) اور (۵) پر شمار کردہ قوانین کا کام بھی تقریباً مکمل

ہو چکا ہے اور اب وہ فنی طور پر آخری شکل کے منتظر ہیں ۔ باقی قوانین کی ترمیمات زیر غور ہیں اور ضروری کارروائی بدستور جاری ہے ۔

SCHEMES FOR SHEEP AND WOOL MARKETING IN THE PROVINCE

*2694. **Mr. Abdul Qayum Qureshi**: Will the Minister of Co-operation be pleased to state whether it is a fact that some schemes for Co-operative Sheep Shearing and Wool Marketing were formulated by the Co-operative Department during 1964-65 and 1965-66; if so, the number and names of the schemes out of those mentioned above as have been implemented and the amount spent on each of the said schemes alongwith the number of which have not been implemented so far and reasons therefor?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo): (*a*) Yes. (*b*) 5 schemes.

(*i*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Bahawalpur (Cholistan).

(*ii*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Thal District, Mianwali.

(*iii*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Quetta-Kalat Region.

(*iv*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Thar Desert.

(*v*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Khairpur Division.

(*c*) The schemes under implementation and the amount on each of these schemes is given as under :—

Scheme	*Amount spent*
	Rs.
(*i*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Bahawalpur (Cholistan).	59,153.13
(*ii*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Thal District, Mianwali.	43,200.11

(*iii*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Quetta-Kalat Region. 15,758.35

(*iv*) Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Thar Desert. 13,649.63

(*d*) The scheme 'Co-operative Sheep Shearing, Grading and Marketing of Wool, Khairpur Division' is due for implementation from 1966-67.

DEVELOPMENT AND NON-DEVELOPMENT SCHEMES IN THE PROVINCE

*2697. **Mr. Abdul Qayum Qureshi :** Will the Minister of Finance be pleased to state the total amount allocated in each of the budgets for the years 1963-64, 1964-65 and 1965-66 for Development and Non-Development schemes, and the amount lapsed each year out of the above allocation with reasons therefor ?

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq) : The answer in respect of the first part of the question is as under :—

[Figures in thousands of Rupees]

Year	AMOUNT ALLOCATED FOR	
	Development Schemes	Non-Development Schemes
1963-64	1,60,60,47	93,10,20
1964-65	1,91,61,99	1,02,91,91
1965-66	1,97,59,75	1,15,01,04

2. Accounts are neither kept by schemes nor by Development or Non-developmental classification but by Major and Minor heads of account. The required information is therefore not readily available.

INQUIRIES AGAINST OFFICERS OF THE LABOUR DEPARTMENT

*2705. **Mr. Abdul Qayum Qureshi :** Will the Minister of Labour be pleased to state the names and designation of the Officers of the Labour Department against whom departmental enquiries are in progress alongwith—

(*i*) the nature of charges framed against each of the said Officers;

(*ii*) the date of institution of the said enquiry ; and

(*iii*) the date by which said enquiry is likely to be completed ?

وزیر محنت (مسٹر محمد خان جونیجو) : غلام مصطفیٰ بٹ اور حبیب عنایت لیبر افسران کو مورخہ ۱۲ مارچ ۱۹۶۶ء اور ۹ مئی ۱۹۶۶ء کو چارج شیٹ دیا گیا ہے ۔ ان دونوں پر misconduct کا الزام لگایا گیا ہے ۔ چارج شیٹ کے جوابات کے بعد ان کے خلاف محکمانہ انکوائری شروع ہوگی ۔

SURPLUS STAFF OF OPIUM WING OF CENTRAL EXCISE DEPARTMENT

***2735. Mr. Muhammad Umer Qureshi**: Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a few years ago staff of the Opium Wing of the Central Excise Department was transferred to the Provincial Government who gave an assurance on their transfer to the Provincial Government, the terms and conditions of service of the employees as obtaining before transfer would be maintained ;

(*b*) whether it is a fact that a meeting between the Officers of the Provincial and Central Government was held in the Custom's House, Lahore, on the 15th July 1965 and it was decided to re transfer the said staff to the Central Government ; if so, whether re-transfer of the said staff has since been given affect to ;

(*c*) whether it is a fact that it was also decided in the said meeting that before re-transferring the said surplus staff the option of such employees would be obtained, if so, whether their option was obtained before their re-transfer ; if not, reasons therefor ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) — (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔ چند اہلکار جو اپنے محکمہ میں مستقل تھے ۔ اس محکمہ میں تبدیل کئے گئے تھے ۔

(ج) جی نہیں

STAFF OF EXCISE DEPARTMENT BELONGING TO RAWALPINDI POSTED IN THE SAME CITY

*2808. **Major Muhammad Aslam Jan**: Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that some Excise Sub-Inspectors, Excise Inspectors and other executive officials of the Excise and Taxation Department belonging to Rawalpindi District are posted in Rawalpindi (City, Cantonment and suburbs) and other towns of Rawalpindi District;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) names, (*ii*) designations (*iii*) date of joining the Department and (*iv*) dates of posting in Rawalpindi District of the said staff;

(*c*) whether it is a fact that one Qazi-Aftab Ahmad, Excise Sub-Inspector, posted in Rawalpindi belongs to Rawalpindi City;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, (*i*) his total service in the Excise Department (*ii*) the names of stations where the said official remained posted during his entire service including his posting at Murree Brewery, Rawalpindi and at other Manufacturing Chemists Laboratories in Rawalpindi alongwith period with dates of his stay in each post?

Minister of Excise and Taxation (Sheikh Masood Sadiq): (*a*) Yes.

(*b*) A list is placed on the Table.*

(*c*) No.

(*d*) In view of the reply at (*c*), question does not arise.

FORMATION OF REGIONAL SUB-CADRES IN LABOUR DEPARTMENT

*2818. **Mr. Mahmood Azam Farooqi**: Will the Minister of Labour be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that four years ago, the Provincial Re-organisation Committee recommended formation of Regional Sub-Cadres in all of Departments and Government accepted the said proposal;

(*b*) whether it is a fact that according to the recommendation mentioned in (*a*) above, every Department is required to supply lists of its regional sub-cadres containing names of its Gazetted Officers to the West

*Please see Appendix III at the end.

Pakistan Public Service Commision for obtaining its approval to the appointments of the said Officers ;

(*c*) whether it is a fact that the Labour Department has neither formed the said cadres nor has supplied any said list to the said Commission so far ;

(*d*) whether it is a fact that due to the reasons mentioned in (*c*) above, the said Commission has not accorded its approval to the appointments of a number of Labour Officers with the result that the said Officers have not been paid the salaries for the months of April and May 1966 ;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, reasons for not forming the regional sub-cadres in the Labour Department and not supplying the list of its regional sub-cadre to the said Commission?

وزیر محنت (مسٹر محمد خان جونیجو) : (الف) جی ہاں ۔

(ب) نہیں ۔ مغربی پاکستان پبلک سروس کمیشن کو ریجن کے مطابق بنائی ہوئی وہ سینیارٹی لسٹ مہیا کی جاتی ہے جو محکمے کی طرف سے ترقی پانے والے افسران کی منظوری سے متعلقہ ہو ۔

(ج) کمیشن کو مغربی پاکستان کے بنیاد پر مرتب کی ہوئی ایک سینیارٹی لسٹ محکمے کے ترقی پانے والے افسران کے سلسلے میں مہیا کی گئی ۔ لیکن کمیشن نے ریجن کے مطابق لسٹ بنانے کی ہدایت کی ۔ حسب ہدایت محکمہ محنت کی نظامت نے مطلوبہ لسٹ بنانے کا کام شروع کیا ہے اور توقع ہے کہ ۳۰ جون ۱۹۶۶ء تک مذکورہ لسٹ مکمل ہو جائے گی ۔

(د) اس میں کوئی شک نہیں کہ کمیشن نے آڈٹ دفاتر کو افسران کی تنخواہیں روک دینے کی ہدایت کی تھی لیکن جب حقائق کو دوبارہ زیر غور لایا گیا تو کمیشن نے تنخواہیں جاری کرنے کی اجازت دے دی ۔

(ہ) ریجنل سب کیڈر مرتب کرنے میں کافی رکاوٹیں پیدا ہوئی ہیں ۔ ۱۹۶۲ء میں ''محنت'' کا موضوع دستور پاکستان کے مطابق صوبوں کے

حوالے کیا گیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ متعلقہ مرکزی شعبے حکومت مغربی پاکستان کے تحویل میں آتے رہے ۔ ایسی صورت میں صوبائی محکمۂ محنت کی نظامت کو پھر سے تنظیم دینا پڑی ۔ اس کے علاوہ کراچی ۔ مغربی پاکستان کے صوبے میں شامل ہونے سے مرکزی حکومت کا عملہ بھی صوبائی محکمۂ محنت کے زیر نگرانی آیا ۔ اس طرح محکمہ کی تشکیل کا سلسلہ جاری رہا اور بتاریخ ۱۰ اپریل ۱۹۶۴ء کو مرکزی حکومت کے عملہ کا آخری گروپ تبدیل ہو کر آیا ۔ ان تبدیلیوں کے پیش نظر ریجنل سب کیڈر بنانے میں تاخیر لازمی تھی ۔

ACQUIRING LAND FOR SATELLITE TOWN IN D. G. KHAN DISTRICT

*2852. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Minister of Co-operation please refer to the answer to my starred question No. 1102 given on the floor of the House on 8th December 1965 and to state further steps taken by Government to aquire land for the Satellite town in D. G. Khan District; if so, details thereof, and if action has been taken reasons therefore?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo): The Local Officers have taken steps for acquisition and further allotment of land for the proposed Satellite Town. The case is being scrutinized by the Board of Revenue. Further action in this behalf will be taken when the price of land is assessed and the Scheme is finally approved by the Provincial Town Planner.

SCALES OF PATWARIS IN REVENUE AND IRRIGATION DEPARTMENTS

*2979. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Finance be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the pay scales of Patwaris in Revenue and Irrigation Departments in the Province were identical before 1st December 1964;

(*b*) whether it is a fact that both the categories of the said Patwaris are equally qualified, so far as their educational qualifications are concerned and their present pay scales are Rs. 100—4—140—5—175 and 75—4—85—2—115, respectively;

(*c*) whether it is a fact that Patwaris of Irrigation Department have demanded the same pay scale as has been sanctioned for their counterparts in the Revenue Department and if the Irrigation and Power Department has recommended the case to the Finance Department;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether the recommendations of the Irrigation and Power Department have been accepted; if not, reasons therefor?

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes.

(*d*) The case for further revision of pay scale of Canal Patwaris is under consideration with the Government.

RAISING PAY SCALE OF CANAL PATWARIES

*2988. **Rai Mansab Ali Khan Kharal**: Will the Minister of Finance be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Patwaries working in Irrigation and Revenue Department used to get the same pay and allowances during the period from 1945 to 1962;

(*b*) whether it is a fact that in 1964 the scale of pay of Revenue Patwaries was raised to Rs. 100—4—140—5—175 while the grades of the Canal Patwaries remained Rs. 75—1—85—2—115;

(*c*) whether it is a fact that the requisite qualifactions for the post of Canal Revenue Patwaries are the same;

(*d*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to raise the scale of pay of Canal Patwaries; if not, reasons thereof?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جی ہاں ۔

(د) نہری پٹواریوں کے پیمانہ تنخواہ کی مزید نظرثانی کا معاملہ حکومت کے پاس زیر غور ہے۔

EMPLOYMENTS PROVIDED BY EMPLOYMENT EXCHANGE DEPARTMENT TO UNEMPLOYED PERSONS

*2993. **Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Minister of Labour be pleased to state :—

(*a*) the date of inception of Employment Exchange Department in West Pakistan alongwith the annual expenditure incurred thereon since then ;

(*b*) the number of persons to whom employment have been provided through the said Department alongwith the procedure adopted by the said Department to procure employment for registered unemployed persons ;

(*c*) whether it is a fact that introduction cards are issued by the said Department to only those candidates as are recommended by the employing Department ; if so, reasons therefor ?

وزیر محنت (مسٹر محمد خان جونیجو) : (الف) محکمۂ روزگار مورخہ ۲۱ مئی ۱۹۶۲ء کو مرکزی حکومت کی تحویل سے نکل کر حکومت مغربی پاکستان کو تبدیل ہوا۔ اس محکمے پر سالانہ خرچہ حسب ذیل ہے :-

۱۰,۹۳۶۴۱	۱۹۶۲-۶۳ء
۱۲,۱۵۷۵۵	۱۹۶۳-۶۴ء
۱۶,۲۹۹۷۹	۱۹۶۴-۶۵ء
۸,۶۹۲۵۷	۱۹۶۵-۶۶ء

(۱-۷-۶۵ سے ۲۸-۲-۶۶ تک)

(ب) ۱-۶-۱۹۶۲ء سے لے کر ۳۱-۳-۱۹۶۶ء تک محکمۂ روزگار نے ۱,۹۶,۱۱۲ اشخاص کو ملازمت فراہم کرائی۔

ملازمت حاصل کرنے کے خواہشمند محکمہ روزگار کے دفاتر میں اپنے نام درج کروا سکتے ہیں ۔ ایسے اشخاص کا ریکارڈ محکمے کے ایمپلائمنٹ ایکسچینز میں رکھا جاتا ہے ۔ اور جب مالکان کی طرف سے مناسب کا رکن فراہم کرنے کی درخواست موصول ہوتی ہے تو ضرورت کے مطابق اشخاص کو چن کر صرف تعارف کرایا جاتا ہے ۔ بہر صورت انتخاب مالکان ہی کرتے ہیں ۔

(ج) نہیں ۔

SENIORITY OF ASSISTANT REGISTRARS CO-OPERATIVE SOCIETIES IN HYDERABAD REGION

*3000. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Co-operation and Labour be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Assistant Registrars, Co-operative Societies in Hyderabad Region have not been given seniority in Class II services from the dates of their promotion as District Co-operative Officer which were class II posts ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor ?

Minister of Co operation (Mr. Muhammad Khan Junejo) : (*a*) Yes.

(*b*) The posts of District Co-operative Officers in Hyderabad Region carried the pay scale of Rs. 200-20-400 while the posts of Assistant Registrars, were in the pay scale of Rs 450-20-750. District Co-operative Officers were working under the administrative control of Assistant Registrars It is obvious that the posts of District Cooperative Officers were inferior to those of Assistant Registrars of West Pakistan in status and in emoluments. The seniority of District Cooperative Officers was, therefore, integrated with the West Pakistan Cooperative Class II from the date the District Cooperative Officers were promoted as Assistant Registrars.

ASSISTANT REGISTRARS AND INSPECTORS, CO-OPERATIVE SOCIETIES

*3002. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Co-operation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Assistant Registrars, Co-operative Societies (Gazetted) of the former Sind area have not been placed in the rank in which similar officers of the former Punjab area have been placed;

(*b*) whether it is a fact that the Inspectors, Co-operative Societies (Non-Gazetted) of the former Punjab have been given preference to the Inspectors of former Sind in the matter of promotion as Assistant Registrars, Co-operative Societies;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) reasons therefor and (*ii*) whether any steps are intended to be taken to remove the said discrimination?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo): (*a*) No.

(*b*) No.

(*c*) Question does not arise.

UPGRADING OF OFFICERS OF CO-OPERATIVE DEPARTMENT

***3003. Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Co-operation be pleased to state whether it is a fact that officers of Co-operative Department in class II rank belonging to various integrating units were upgraded in 1959 without keeping in view the seniority list prepared by Government at the time of integration; if so, reasons therefor, and the action Government intend to take in the matter?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo): There is no such case.

SUPPLY OF CHEMICAL FERTILIZERS BY RURAL SUPPLY CO-OPERATIVE CORPORATION

***3017. Haji Rais Darya Khan Jalbani**: Will the Minister of Co-operation be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the Rural Supply Co-operative Corporation West Pakistan had supplied Chemical Fertilizers to the Services Co-operative Societies for sale to farmers;

(*b*) if reply to (*a*) above in the affirmative, (*i*) the price of the fertilizers supplied to the Services Co-operative Societies; (*ii*) the amount still outstanding against the said Societies; (*iii*) the steps intended to be taken to recover the said amount?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo): (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) Price of fertilizer is as under :—

	Period	*Price of fertilizer.*
(*a*)	1962-65	Rs. 7,88,84,416 99
(*b*)	1965-66 (31-5-66).	3,26,83,604.87
		Total Rs. 11,15,68,021.86

(*ii*) Amount outstanding is as under :—

	Period of supply	*Amount outstanding as at persent.*
(*a*)	1962-65	Rs. 68,12,288 52
(*b*)	1965-66 (31-5-66)	Nil
		Total Rs. 68,12,288.52

(*iii*) Joint Secretary Co-operation convenes regular meetings of Assistant Registrars to carry out appraisal and to issue instruction for speeding up the recovery work.

Amount recovered is as under :

Period	*Amount recovered*
1962-65	Rs. 7,20,72,128.47
1965-66 (31-5-66)	3,26,83,601.87
	Trtal Rs. 10,47,55,733.34

CASES AND OUTSTANDING AMOUNT OF LOANS DUE FROM INDIVIDUALS TO VARIOUS CO OPERATIVE BANKS IN DISTRICT SIALKOT

*3023. **Mr. Hamza**: Will the Minister of Co-operation be pleased to state:—

(*a*) the total number of cases and outstanding amount of loans due from individuals to various Co-operative Banks in District Sialkot at the time of promulgation of Loans Ordinance, 1960;

(*b*) the number of cases in which 20 per cent of loan was realised from the defaulters upto 15th February 1961 ;

(*c*) the number of cases in which loans were paid by 15th August 1962 ;

(*d*) the number of persons prosecuted for default after 15th August 1962 ;

(*e*) the action taken or intended to be taken against the defaulters; and the officials of the Co-operative Department, if any, found negligent in their duty of recovery of dues for defaulters ?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo) : (*a*) No. of cases : 32.

Amount : Rs. 5.36 lacs.

(*b*) 9.

(*c*) 7.

(*d*) In all 28 cases were handed over for action out of which 4 were sent to the Court and after protracted hearings all the found debtors were let off by the Court. Seeing this attitude other cases were not sent to the Court.

(*e*) Arbitration awards have been obtained against defaulters and are currently in the Court for recovery. All the defaulters are, however, being served with notices under the newly promulgated Recovery Ordinance.

The bank being an autonomous body is fully responsible for neglect of duty/directions issued by the department from time to time. No officer has been found negligent in this behalf.

REPRESENTATION OF THE MEMBERSHIP OF WEST PAKISTAN CO-OPERATIVE DEVELOPMENT BOARD, LAHORE

*3077. **Rais Khan Muhammad Khan Nizamani** : Will the Minister of Co-operation be pleased to state :—

(*a*) the division-wise representation given on the membership of the West Pakistan Co-operative Development Board, Lahore ;

(*b*) whether it is a fact that Hyderabad and Khairpur Divisions have been granted comparatively less representation on the said Board ; if so, reasons therefor ?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo) : (*a*) There is no division-wise representation on the West Pakistan, Co-operative Board, Lahore.

(*b*) Not applicable.

SIND CO-OPERATIVE UNION

*3157. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Co-operation be pleased to lay on the table of the House a copy of the report of progress made by the Sind Co-operative Union during the last year ?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo) : The Report is as under :—

The Sind Co-operative Union Ltd., Hyderabad formerly known as the Sind Provincial Co-operative Institute had a working capital of Rs. 1.71 lacs in the year 1961 against the working capital of Rs. 1.62 lacs at the end of the year 1965. Main liabilities and assets are as follows :—

Working Funds	99,719	Cash and Investments.	90,996
Other Funds	1,767	Co-operative Printing Press	39,801
Loans against Fixed deposits	60,600	Furniture & Fixtures	20,573
		Dead Stock	100
		Building	9,000
		Library	200
		Other Assets	1,416
	1,62,086		1,62,086

Besides there was a loan outstanding against the Co-operative Printing Press to the tune of Rs. 30,000 which was also ultimately a liability of the Union. The maintenance of Co-operative Printing Press was responsible for the heavy losses in the past. From the end of 1962 the operation of

the press was suspended on account of such losses. With special efforts this press has now been disposed of and the Provincial Bank loan has been adjusted. The loan against fixed deposits raised by the Union from 1961 onwards has also been adjusted from the fixed deposits lying with the Sind Mercantile Co-operative Bank. At the present moment the Union has a deposit of Rs. 30,000 in the Sind Mercantile Co-operative Bank, Ltd., 5000 in the Sind Balochistan Provincial Co-operative Bank Ltd., plus Rs. 3000 as investment in the shares of State Bank of Pakistan and a Co-operative Society. The Union owns the building, the value of which is shown at Rs. 9,000/- in the balance-sheet, but certain points of proprietorship have to be settled with the Sind Balochistan Provincial Co-operative Bank Ltd., Hyderabad. There are no liabilities of any type now.

3. The financial position of the Union has improved and is improving because all the surplus funds of liquidated societies which were previously paid to other institutions are now being entrusted to this Union only, so that the institution is able to perform its functions of publicity and propaganda successfully. There is a motor vehicle equipped with cinemotograph which is being used for showing films and film-strips on suitable occasions.

4. The arrears of audit from 1961-62 to 1964-65 have been cleared and a meeting of the General Body has been called for (tomorrow) the 12th June 1966 after the last Special General Meeting held on 4th November, 1964. No regular General Body Meeting was held for the past few years. The audit of accounts and the holding of General Meeting also means good progress during the year 1965-66.

5. No Government Grant has been forth-coming for the last three years. The Provincial Co-operative Union, Lahore, however, has been good enough to contribute a sum of Rs. 4000/- during this year. Another sum of Rs. 2,000/- has been demanded and is expected to be paid by the Provincial Co-operative Union in the near future. During the year the Union has participated in the following fairs :—

(1) Shah Baz Qalandar at Sehwan

(2) Khairpur Festival

(3) Shah Abdul Latif Bhitai

(4) Sachal Sarmast Annual Urs

6. The Union was awarded 1st Prize in Qalandar Shah Baz fair in the matter of its Stall and a Cup & Sanad in Khairpur Festival for having stood 3rd in the competition. The Union continues to celebrate the International Co-operative Day and is also responsible for convening number of meetings on the visits of distinguished guests both from within and without the country.

7. Another important point deserving mention is that the Registrar, Co-operative Societies, Hyderabad Region will no more be the Chairman of the Co-operative Union after (tomorrow's) elections, because under the new bye laws the Union shall have a non-official as its Chairman.

8. The Union proposes to make a fortnightly "Co-operative Khabar Nama" as its permanent feature within the next few days.

QUESTIONS POST PONE FORM THE LIST FOR WEDNESDAY, THE 1ST JUNE, 1966

ISSUANCE OF PERMIT TO POSSESS AND CONSUME FOREIGN LIQUOR

*2265. **Chaudhri Muhammad Idrees**: Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a permit to possess and consume foreign liquor was issued by the Excise and Taxation Officer, Lahore, on 11th March 1966 in the name of one Mr. Mehmood ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said permit was issued on the recommendations of any Physician ; if so, (*i*) the name and address of the Doctor who gave medical certificate for liquor in this case alongwith the number and date of such certificate ; and (*ii*) address, age and occupation of the said permit holder ;

(*c*) in case the said permit has been issued without the production of any medical certificate, reasons therefor ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) : (الف) جی ہاں ۔

(ب) یہ پرمٹ ایک ڈاکٹر صاحب کے سرٹیفیکیٹ پر دیا گیا ۔

(۱) کیپٹن ڈاکٹر آئی۔ایچ۔ایس جعفری ۔ ایم۔بی۔بی۔ایس۔ڈی۔بی۔ایچ (پنجاب) ڈبلیو۔بی ۔ ایچ ۔ ایس (۱۱) فزیشن اینڈ سرجن رجسٹرڈ نمبر ۴۴۸ میڈیکل آفیسر سول ڈیفنس لاہور ۔ سرٹیفیکیٹ کی تاریخ ۴ مارچ ۱۹۶۶ء ہے لیکن نمبر کے بغیر ہے ۔

(۲) پرمٹ ہولڈر کی عمر ۲۸ سال پیشہ تجارت اور پتہ ۳ مین بازار رام گلی لاہور ہے ۔

(ج) یہ سوال پیدا ہیں ہوتا ۔

WEST PAKISTAN BUDGET (RAILWAY) 1966-67

DISCUSSION ON THE RAILWAY BUDGET AS A WHOLE (CONCD).

Mr. Speaker: The House will now resume discussion on the Railway Budget as a whole.

جو معزز ممبر صاحبان ریلوے بجٹ پر عام بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ سیکرٹری اسمبلی کو بتا دیں تاکہ یہ اندازہ ہو سکے کہ کتنے فاضل ممبران حصہ لینا چاہتے ہیں ۔

سردار منظور احمد قیصرانی اب اپنی تقریر شروع کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس میں وزیر ریلوے کو مبارک باد پیش کی جائے گی ۔ کیا یہ بہتر نہیں کہ وہ جنرل بجٹ پر تقریر کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ان کو اتنا ہی حق ہے جتنا کہ آپ کو حق ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ اگر انہوں نے کوئی صحیح کام کیا ہے تو ہمارا حق ہے کہ ہم بھی ان کے کام کے متعلق کچھ عرض کر سکیں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خاں۔۱) : جناب والا ۔ کل میں عرض کر رہا تھا کہ پاک سر زمین پر جب ناپاک حکومتوں نے اپنے ناپاک قدم رکھنے چاہے تو پاک ویسٹرن ریلوے نے اپنا جو پاک

فریضہ ادا کیا اس کے لئے میں وزیر صاحب موصوف کی خدمت میں تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ حضور والا ۔ اس محکمہ کے ادنیٰ اور اعلیٰ تمام ملازمین کا ساتھ ہی ساتھ اتنا مشکور ہوں جتنا کہ اس محکمہ کے وزیر موصوف کا ہوں ۔ کیوں کہ مجھے علم ہے کہ انہوں نے بے حد جانفشانی اور محنت سے تمام قسم کی تکالیف کو برداشت کر کے آڑے وقت میں ملک اور قوم کا ساتھ دیا ۔ بلکہ میں تو کہوں گا کہ انہوں نے جہاد میں حصہ لیا ہے ۔

جب کوئی فوج لڑتی ہے تو ہمیشہ سپہ سالار کا ہی نام ہوتا ہے ۔ اس لئے میں اپنے فریضہ کی ادائیگی میں کوتاہی کروں گا اگر میں ان کا اور ان کے ملازمین کا شکریہ ادا نہ کروں ۔ مجھے علم ہے کہ ان لوگوں نے رات کے اندھیرے میں اپنا کام جاری رکھا ۔ جب کہ روشنی کا انتظام نہیں تھا یا عمداً روشنی نہیں کی جاتی تھی ۔ جب کہ دشمن کے گولے اور گولیاں بارش کی طرح آتے تھے ۔ ان ملازمین نے رات دن ان تھک کام کیا ۔ اس موقع پر قوم اور عوام ان کے جتنے بھی مشکور ہوں گے وہ کم ہوگا ۔

حضور والا ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے ۔ مگر میں ان آدمیوں کا نام نہیں لینا چاہتا جنہوں نے مجھے آگاہ کیا ہے ۔ بہر حال میں عرض کروں گا کہ وہ دوسرے محکموں سے تعلق رکھتے تھے اور وہ ذمہ دار افسر تھے ۔ آپ جانتے ہیں کہ ایک محکمہ کسی دوسرے محکمہ کی فضیلت بیان کرنے میں سستی کا اظہار کرتا ہے یا وہ برداشت نہیں کر سکتا ۔ لیکن ریلوے کے محکمہ کے متعلق انہوں نے ۔ حد تعریف کی اور ان کے کام کو بے حد سراہا اور کہا کہ پاکستان کی باہمت فوج کے بعد ملک کے ان لوگوں کے ساتھ یہ ملازمین بھی دوش بدوش حصہ لیتے رہے جنہوں نے اس جہاد میں بہترین کام کیا ۔ انہوں نے جانی تکالیف اور جانی قربانیوں کے بعد مالی امداد

بھی کی ۔ آپ جانتے ھیں کہ انہوں نے ۸۴ لاکھ روپیہ بطور چندہ قومی دفاعی فنڈ میں دیا ھے ۔ یہ قابل تعریف اور قابل ستائش بات ھے ۔

جناب والا ۔ اس محکمہ کے وزیر با تدبیر جو تدبر اور بردباری کے سر چشمہ ھیں اور بلند اخلاق اور بلند حوصلگی کی وجہ سے بلند مرتبہ بھی ھیں ، اس محکمہ کو ان کی رھنائی حاصل ھے ۔ تو اس کا لازماً یہی نتیجہ ھونا تھا جو اس محکمہ نے اپنی کارگذاری سے ظاھر کیا ھے ۔ اسی حد تک میں یہ توقع رکھتا ھوں کہ میرے آپوزیشن کے دوست مجھ سے یقیناً متفق ھوں گے ۔ بعض حضرات سے مجھے شکوہ ھے کہ اگر انہیں واقعی کوئی اعتراض ھے تو کم از کم اس حد تک تو ھم سے اتفاق کریں ۔

میں ان کی جنگی خدمات کا تفصیلی ذکر نہیں کرنا چاھتا ۔ کیونکہ اس سے پہلے میرے پیشرو حضرات ۔ کافی واقعات بیان کر دئے ھیں ۔ اگر میں انہیں پھر دھراؤں گا تو یہ تضیع اوقات ھو گا ۔ اس کے بعد میری نظر میں اور میری رائے میں جو اھم ترین معاملہ ھے اور نمبر ۲ پر ھے وہ کوٹ ادو سے ڈیرہ غازی خاں تک اور ڈیرہ غازی خاں سے کشمور تک کی لائین کا تذکرہ ھے ۔

جناب والا ۔ یہ نہایت ھی پس ماندہ علاقہ ھے ۔ اور یہاں کے لوگ بے حد غریب ، مفلس اور کنگال ھیں ۔ اس کے لئے چاھئے تھا کہ آج سے برسوں پہلے کوئی تجاویز پیش کی جاتیں ۔ مگر نہیں ھوئیں ۔ کسی علاقہ یا کسی قوم یا کسی ملک کی ترقی کا راز یہ ھے کہ وھاں means of communications درست ھوں ۔ ھماری پستی کی بڑی وجہ بھی یہی تھی کہ وھاں کوئی سڑک نہیں تھی اور نہ ھی کوئی ریل گاڑی تھی ۔ لے دے کر گذشتہ چند سال پہلے وھاں ایک پختہ سڑک بنائی گئی اور اب ریلوے لائین کے جانے سے ھم متوقع ھیں کہ اس علاقہ کی کچھ اصلاح ھو سکے گی ۔

حضور والا ۔ ہمارے ضلع کے عوام کے دل کی دھڑکنوں کو آپ نے محسوس کیا ہے ۔ یہ غریب و نادار لوگ ہیں ۔ بے کس اور بے بس عوام ہیں ۔ یہ بے علم اور بے زبان ہیں ۔ فاقہ کش اور مفلوک الحال ہیں ۔ آپ نے ان کے ساتھ جو رعایت کی ہے اور ان پر جو احسان کیا ہے وہ اس کے لئے ۔ حد شکر گذار ہیں ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

اگر میں سچ کہوں ۔ تو یہ ان کا حق ہے کہ آپ نے انصاف کیا ہے ۔ حضور والا ۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر اس دنیا میں بھیجا ہے ۔ لیکن اس پس ماندہ علاقہ کی یہ حالت ہے کہ وہاں انسان پالتو جانوروں سے بدتر زندگی بسر کر رہے تھے ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ اس پر پہلے توجہ دی جاتی ۔ ہمارے صدر قابل قدر اور مرد آہن گورنر صاحب نے متعدد بار یہ فرمایا کہ پسماندہ علاقہ جات کو ترقی دی جائے ۔ ان کا کام پالیسی وضع کرنا ہے ان کا فرمان ایک آدھ دفعہ کافی ہے اور اس کے بعد یہ حکومت کی ذمہ داری ہے بلکہ میں کہوں گا کہ وزراء صاحبان کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان پالیسیوں کو اپنائیں اور پسماندہ علاقوں کی طرف توجہ دیں ۔ ان لوگوں کا اتنا ہی حق ہے جتنا کہ باقی عوام کا حق ہے ۔ اس لئے آج ان الفاظ کو عملاً وزیر ریلوے نے ثابت کر کے دکھایا کہ وہ اس پالیسی پر گامزن ہیں اور یہی توقع میں دیگر وزراء صاحبان سے رکھتا ہوں ۔ کاش وہ دن دور نہ ہو کہ میں ان کی خدمت کے لئے بھی مبارک باد پیش کروں اور عوام کے جذبات کا احساس دلاؤں اور ان کا بھی شکریہ ادا کروں کہ وہ بھی اس قسم کی پسماندہ علاقوں کے لئے سہولتیں لے کر اس ہاؤس میں پیش ہوں ۔ میں جناب ادریس صاحب کا شکر گذار ہوں کہ

انہوں نے اس ریلوے لائن کے اجرأ پر خوشی اور شکریہ کا اظہار کیا ہے ۔ مجھے خواجہ محمد صفدر صاحب کے متعلق بھی شکریہ ادا کرنا ہے گو وہ آج اس ایوان کے اجلاس میں شریک نہیں ہیں لیکن مجھے یاد ہے کہ گذشتہ سیشن میں انہوں نے اس لائن کے متعلق زور دیا تھا اور گذشتہ سیشن میں احمد میاں سمرو صاحب نے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب قیصرانی صاحب خواجہ محمد صفدر کا اگر شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو وہ جیل میں جا کر ان کا شکریہ ادا کر آئیں کیونکہ ان کو اسی کا خمیازہ بھگتنا پڑا ہے ۔

رانا پھول محمد خاں ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب حمزہ صاحب کا جو مطالبہ ہے تو اس کے لئے میں عرض کروں گا کہ جب حمزہ صاحب خود جیل نہیں گئے تو ہم کیسے جیل جائیں ۔

Mr. Speaker : That is no point of order.

سردار منظور احمد خاں قیصرانی ۔ جناب یہ ایک پیغام ہے جو ان کو پہونچایا جائے گا مگر بجائے اس کے کہ ہم یہ پیغام پہونچا دیں کیوں کہ وہ حمزہ صاحب کے لیڈر تھے بہر حال انہوں نے بھی اس ہاؤس میں اس کا مطالبہ کیا تھا ۔ تو میں بھی اس ہاؤس میں ان کا شکریہ ادا کر رہا ہوں ۔ ساتھ ہی احمد میاں سمرو صاحب نے بھی اس لائن کا مطالبہ فرمایا تھا تو ان کا بھی میں شکر گذار ہوں کہ انہوں نے بھی اس علاقہ کی طرف توجہ دلائی ۔ مجھے خان اجون خان صاحب سے بھی پورا پورا اتفاق ہے انہوں نے بھی پسماندہ علاقوں کی طرف حکومت کی توجہ دلانے کی کوشش کی ہے ، میں ان کے ساتھ متفق ہوں ۔ حقیقت یہ ہے کہ ان علاقوں کی طرف توجہ دینا آپ حضرات کا اولین فرض ہے ۔ میں نے گذشتہ بجٹ سیشن

میں عرض کیا تھا کہ یہ لائن دفاع کے لئے نہایت ضروری ہے کیوں کہ دریائے سندھ کے غرب کی طرف اور کوہ سلیمان کے شرق کی طرف ایک لائن کا ہونا بہت ضروری ہے ۔ اور میں نے یہ کہا تھا کہ موجودہ لائن جو کراچی سے لاہور تک آتی ہے اس پر بہت بوجھ ہے ۔ آج وہی الفاظ ہمارے ریلوے منسٹر صاحب نے دہرائے ہیں کہ ہماری main لائن کافی حد تک سرحد کے قریب سے ہو کر گذرتی ہے ۔ یہ الفاظ جنگ سے پہلے میں نے عرض کئے تھے اور شکر ہے کہ اس کا احساس ہوا ہے اس طرح اب بھی میں قبل از وقت ایک اور تجویز پیش کرتا ہوں وہ بھی نہایت ضروری ہے اور وہ بے حد اہم ہے ۔ اس پر میں چاہتا ہوں کہ ابھی سے توجہ دی جائے تو ملک کے دفاع اور سالمیت کے لئے یہ چیز بہت ضروری ہو گی ۔ ڈیرہ غازی خان ٹانک اور کوہاٹ لائن کو براستہ تونسہ شریف ملا دیا جائے ۔ ہمارے دفاع کے لئے یہ لائن بھی نہایت ضروری ہے اور اس کی بہت سی خصوصیات ہیں اور بہت سے فائدے ہیں ۔ سب سے پہلے تو یہ کہ یہ ملک کے عین وسط میں سے گذرتی ہے اور محفوظ علاقہ میں سے گذرتی ہے اور اس میں کسی قسم کا خطرہ نہیں ہو سکتا اور جب دو متبادل لائنیں ملک میں مل جائیں تو یہ بہتر اور مفید ہو گا ۔ اور اس کے بعد اس لائن کے اجرأ سے کراچی اور پشاور کا راستہ نزدیک ہو جاتا ہے بلکہ پشاور کے لئے یہ نزدیک ترین راستہ ہو گا ۔ پشاور کے لوگ کراچی سے تجارت اور باقی آمدورفت کی سہولتیں حاصل کر سکیں گے ۔ یہ تمام علاقہ جو اس راستے میں آتا ہے پس ماندہ ہے ۔ مثال کے طور پر ڈیرہ غازی خان ، ڈیرہ اسماعیل خان ، کوہاٹ ، بنوں ، نارتھ وزیرستان ، ساؤتھ وزیرستان اور بلوچستان یہ سب پسماندہ علاقہ ہیں اور ان پسماندہ علاقوں کی طرف توجہ دینا چاہئے اور پسماندگی کو دور ہونا چاہئے ۔ اور یہ اس وقت دور ہو سکتی ہے جب

آمدورفت کے ذرائع ٹھیک ہوں اور جب تک آمدورفت کے ذرائع ٹھیک نہ ہوں گے اس وقت تک کسی علاقہ کی ترقی بے سود ہوگی ۔

Mr. Speaker. The member may please conclude his speech.

سردار منظور احمد خاں قیصرانی ۔ حضور والا ۔ اس علاقہ میں معدنیات ہیں اور یہ تجارت کے لئے بھی بہت مفید رہے گا ۔ مزید برآں میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ابھی حال ہی میں افغانستان اور روس کے درمیان سڑکیں بنائی جا رہی ہیں اور تجارت جو افغانستان سے ہو گی اس کے لئے بھی یہ مفید ہوگا ۔ اس طرح سے اور بھی کچھ فوائد ہیں ۔ اس کے علاوہ میں ان عام امورات کی طرف توجہ دلاؤں گا جن کی طرف ریلوے ڈیپارٹمنٹ نے بھی اظہار کیا ہے ۔ مثال کے طور پر میری نظر میں جو خاص چیز ہے وہ یہ ہے کہ گذشتہ سال کے دوران میں کوئی حادثہ نہیں پیش آیا ۔ اس کے لئے میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ بہر حال یہ نہایت ہی احسن کار کردگی کا ایک قدم ہے اور پھر وزیر موصوف نے یہ بھی یقین دلایا ہے کہ کم تنخواہ پانے والے ملازمین کے لئے کوئی خاص انتظام کیا جا رہا ہے ۔ یہ بہت ہی اچھی تجویز ہے ۔ اور میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ بہت ہی حوصلہ افزا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸) جناب والا ۔ دنیا میں کوئی ادارہ جو انسانوں سے مرکب ہو اور جس کے اجزائے ترکیبی گوشت پوست کے بنے ہوئے آدمی ہوں ، اس کے بارے میں یہ سوچنا کہ وہ جو کام کرے گا اس میں کوئی کوتاہی نہ ہوگی جو منصوبہ بنائے گا اس میں کوئی لغزش نہ ہوگی میں سمجھتا ہوں کہ یہ صحیح نہیں ہے ۔

چنانچہ محکمہ ریلوے بھی تمام انسانوں کا محکمہ ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ ہماری گذشتہ ۱۸ سال کی تاریخ میں بہت سی سمتوں میں جو قابل مثال ترقی ہماری ریلوے نے کی ہے اس کی تعریف نہ کرنا اس محکمہ کی حوصلہ شکنی کا باعث ہو گا لیکن اس کے ساتھ ساتھ آپ بھی میری اس بات کو تسلیم کریں کہ بہت سے ایسے گوشے ہیں جن پر پیش قدمی کرنے کے لئے ضروری مواقع بھی موجود تھے ، عوام کے مسائل کا تقاضا بھی تھا ، لیکن اس سمت ریلوے نے مجرمانہ غفلت برتی ہے ۔ جناب والا ۔ گذشتہ سال کی ۱۷ روزہ ہندوستان اور پاکستان کی جنگ میں ریلوے کے عملہ نے اور ہر سطح کے افسر نے اور ہر رتبے کے عملہ اور افسر نے اپنے فرائض کو ایک قوم کا فرد ہونے کی حیثیت سے اور مادر وطن کا فرض شناس فرزند ہونے کی حیثیت سے اس کام کو جو ان کے سپرد تھا جس خوش اسلوبی کے ساتھ ان لوگوں نے انجام دیا اگر میں اس کی تعریف نہ کروں تو یہ ان کے ساتھ نا انصافی ہو گی ۔ لیکن آپ میرے ساتھ نا انصافی کریں گے اور اگر آپ مجھ سے یہ توقع رکھیں کہ آپ اس ملک کے عوام کی حالت سے بے خبر رہ کر کرایوں میں ۵ فی صدی اضافہ کر کے اور عوام کی زندگی دشوار سے دشوار تر کردیں اور پھر میں آپ کی ہاں میں ہاں ملا دوں تو میرے لئے یہ مشکل ہو گا ۔ آپ میرے ساتھ بھی نا انصافی کریں گے اگر آپ اس بجٹ میں کم تنخواہ پانے والے ملازمین کے ساتھ اس نا انصافی کو مزید ایک سال کے لئے جاری رکھیں جو پچھلے دو سال سے چلی آ رہی ہے اور پھر آپ توقع رکھیں کہ میں اس پر صاد کر دوں ۔ جناب والا ۔ آپ میرے ساتھ نا انصافی کریں گے اگر آپ یہ سمجھتے ہوں کہ اس ۲۶ کروڑ ۶۱ لاکھ کے ترقیاتی بجٹ میں آپ کراچی کو ایک فی صدی حصہ دیں جو ملک کی پانچ فی صدی آبادی پر مشتمل ہے اور پھر یہ چاہیں کہ اس پر میں آپ کی تعریف کروں ۔ جناب والا ۔ اگر ہم آپ کے تخمینہ پر، آپ کے اعداد و شمار پر تنقید کرتے ہیں

تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم آپ کے اچھے کاموں کی بھی نفی کر رہے ہیں۔ بلکہ اس کے متعلق ہم آپ کی فکر کے لئے غذا مہیا کر رہے ہیں۔ میں آپ کو ملک کی حالت سے با خبر کرنا چاہتا ہوں تا کہ آپ اپنے فیصلوں پر نظر ثانی کر سکیں اور ان کا دوبارہ جائزہ لے سکیں۔ ریلوے کے کرایوں میں آپ نے پانچ فی صد کا اضافہ کیا ہے۔ یاد رکھئے اس ملک کی ۹۹ فی صدی آبادی ریل کا سفر کسی پہاڑی مقام پر جانے کے لئے نہیں کرتی، سیر سپاٹے کے لئے نہیں کرتی ہے، بلکہ وہ اپنی زندگی کی ناگزیر ضرورت کے تحت اپنے نان شبینہ میں سے ایک ایک ٹکڑہ جمع کر کے، پیسہ اکٹھا کر کے ریل کا سفر کرنے پر مجبور ہوتی ہے۔ ان کے لئے پانچ فی صدی کرائے کا اضافہ شاید آپ کی سمجھ میں نہ آئے کہ یہ بہت زیادہ ہے اور آپ یقین رکھئے کہ ہم اس کو قبول کرنے کے لئے تیار ہوتے۔ ہماری کمر پر جو بھاری بوجھ آپ نے رکھا ہے اس کو ہم با خوشی اٹھا لیتے اگر ہم مطمئن ہوتے کہ اس کی ضرورت ہے۔ آپ نے جو اعداد و شمار دیئے ہیں اس کے ایک سرسری جائزے سے ایک شخص دیکھ سکتا ہے کہ یہ کرایوں میں اضافہ بغیر سوچے سمجھے کیا گیا ہے۔ بلا ضرورت ہے، نا عاقبت اندیشانہ ہے اور ملک کی حالت سے بے خبری کا نتیجہ ہے۔ آپ کو ڈھائی کروڑ روپیہ اس اضافہ سے حاصل ہوگا لیکن میں عرض کروں گا کہ وہ ادارہ جو اپنی مصنوعات یا اپنی خدمات لوگوں کو قیمت کے معاوضے میں دے رہا ہو اس کو یہ حق ہے کہ اگر اس کی لاگت اور قیمت کا توازن بر قرار نہ رہے تو وہ اپنی مصنوعات کی قیمت میں اضافہ کر دے۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ کا یہ اضافہ کیا اس بنیاد پر پورا اترتا ہے۔ میں آپ کے اعداد و شمار آپ کو بتاتا ہوں۔ آپ کا ریوینیو expenditure جس میں تمام operating staff اور ایڈمنسٹریشن کا بھاری خرچ شامل ہے اور اس کے علاوہ depreciation کی معقول رقم جو آپ ضروری سمجھتے ہیں بھی شامل ہیں اور سود کی رقم بھی شامل ہے جو آپ صوبائی اور مرکزی حکومتوں کو ادا کرتے ہیں اور اس

کے علاوہ قرضوں کی ادائیگی کی رقم بھی شامل ہے جو مرکزی اور صوبائی حکومتوں کو آپ دیتے ہیں یہ سن ۶۵-۶۶ میں ۵۸ کروڑ ۹ لاکھ روپیہ تھی اور سن ۶۶-۶۷ میں ۶۰ کروڑ ۹۸ لاکھ روپیہ ہے ۔ اس میں ۲ کروڑ ۸۹ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے ۔ اس کے مقابلے میں اگر آپ پانچ فیصدی کا اضافہ نہ کرتے تو آپ کے ریونیو میں ایک کروڑ ۲۷ لاکھ کا اضافہ بھی ہوتا ہے ۔ اس طرح کل اضافی خرچ جو عوام سے لینے کا آپ کو حق پہنچتا وہ ایک کروڑ ۲۲ لاکھ روپیہ ہے اور جو صرف ۳ فی صدی ہوتا ہے ، یعنی اگر آپ ۳ فی صدی اضافہ کرتے ہیں تو آپ کو ایک کروڑ ۶۲ لاکھ روپیہ حاصل ہو سکتا تھا بشرطیکہ اس کی ضرورت ہوتی ۔ اور اس کا مزید ثبوت یہ ہے کہ ڈھائی کروڑ روپیہ جو اس ۵ فی صدی اضافہ سے مل رہا ہے اور آپ کے بجٹ میں ۲ کروڑ ۲ لاکھ ہے ۔ کی بچت ظاہر کرتا ہے جو جناب سپیکر depreciation fund میں مزید رقم کے طور پر منتقل کی گئی ہے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ کے اپنے بنائے ہوئے قوانین کے مطابق depreciation fund کے لئے تیسواں حصہ یعنی تقریباً ۳ فی صد کی رقم کافی تھی اور اس کے لئے آپ ۔ ۵ کروڑ اور ۸۸ لاکھ اس فنڈ میں منتقل کر دیا تھا تو اب مزید کرایوں میں اضافہ کر کے ۲ کروڑ روپیہ اس کی طرف منتقل کرنے کے کیا معنی ۔ پھر آپ یہ بھی کہتے ہیں کہ Depreciation Fund and Improvement Fund کی رقوم کا یہ مقصد ہے کہ انہیں ترقی کے مختلف کاموں میں استعمال کیا جائے ۔ پھر اس فنڈ میں تقریباً ۲۰ کروڑ روپیہ آپ کے پاس تمام ادائیگیوں کے بعد ۳۰ جون سن ۱۹۶۷ تک موجود رہے گا ۔ ایک فنڈ جو ترقیات کے لئے مخصوص کیا گیا ہو اس فنڈ میں ۲۰ کروڑ روپیہ کی رقم تمام اخراجات اور ادائیگیوں کے بعد ۳۰ جون ۱۹۶۷ء کو آپ کے پاس موجود ہے اور اس بڑے خزانہ پر آپ سانپ کی طرح بیٹھے ہوئے ہیں اور ٹیکس کے بوجھ سے ہماری ہڈیاں چور چور کرنے کی سعی کر رہے ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہ چلن ایک رفاہی ادارے کے ہیں ۔ اگر ایک

خالص کاروباری یا تجارتی ادارہ ہو اور وہ اس طرح سے اپنے منافع کو بڑھانے کے لئے جد و جہد کرے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے کوئی وجہ جواز ہے لیکن وہ ادارہ جو اپنے آپ کو رفاہی ادارہ کہتا ہو اور جو ملک کی نا گزیر ضرورت پوری کرنے، والا ہو اس کے لئے کیا جواز ہے ۔ یہ کہنے کے لئے کہ کرایہ میں اضافہ کرنا لازمی ہو گیا ہے ۔ کروڑوں کا خزانہ موجود ہے اخراجات اور آمدنی کا تناسب ٹھیک ہے لیکن اس کے باوجود پانچ فی صد کا اضافہ کر کے آپ عوام کو اس کے برداشت کر۔ پر مجبور کر رہے ہیں ۔ میں آپ سے یہ درخواست کروں گا کہ آپ اس فیصلے پر نظر ثانی فرمائیں اور اس کو prestige کا مسئلہ نہ بنائیے چونکہ آپ نے اس کو بجٹ میں رکھ دیا ہے اس لئے اس کا پاس ہونا ضروری ہے ۔ جس وقت صحیح روشنی سامنے آ جائے جس وقت آپ کو محسوس ہو جائے گا کہ آپ غلط راستے سے غلط سمت کی طرف پیش قدمی کر رہے ہیں تو قدم کو وہیں روک دینا بدرجہ بہتر ہے بجائے اس کے کہ آپ غلط سمت کی طرف بڑھتے چلے جائیں ۔ آپ کے اس اقدام کے خلاف آج پریس میں شور بپا ہے ۔ اس ایوان میں جو پانچ کروڑ لوگوں کے نمائندے بیٹھے ہوئے ہیں اس سمت کے بھی اور اس سمت کے بھی انہوں نے سختی کے ساتھ آواز بلند کی ہے ۔ کیا یہ آپ کو بتانے کے لئے نا کافی ہے ۔ پریس کی آواز اور عوام کے نمائندوں کی یہ آواز ملک کے گوشے گوشے میں بیزاری کا اظہار کر رہی ہے ۔ کیا یہ کافی نہیں آپ کو یہ بتانے کے لئے کہ کرایوں میں جو اضافہ کیا گیا ہے یہ کسی لحاظ سے درست نہیں ہے ۔ غیر ضروری طور پر آپ ملک کے لوگوں پر یہ شدید بار جس کو وہ اس وقت برداشت کرنے کے لئے تیار بھی نہیں ہیں، ڈال رہے ہیں۔ اور پہلے ہی ٹیکسوں کے بوجھ سے ان کی ہڈیاں چور چور ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو اپنے اس فیصلے پر نظرثانی کرنا چاہئیے اور آپ اپنے اس فیصلے پر نظر ثانی فرمائیں ۔ جناب والا ۔ وقت کم ہے اور گوشے بہت سے ہیں

پھر بھی میں دوسری بات جس کی طرف آپ کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں وہ آپ کے اپنے عملے کے ساتھ تعلقات ہیں ۔ وزیر ریلوے نے فرمایا تھا کہ عملے کے ساتھ انتظامیہ کے تعلقات خوش گوار ہیں ۔ لیکن میں جانتا ہوں کہ جس انتظامیہ کے خلاف عملے کے مقدمے صنعتی عدالت میں موجود ہوں جس کے لوگ اسمبلی کے ایک ایک ممبر کے پاس جا کر اپنے میمورنڈم اور دیگر شکایات کا ایک دفتر لے کر در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہوں کہ اس کے بارے میں یہ کہنا کہ آپ کے تعلقات خوش گوار ہیں ، کم از کم میری ناقص عقل سے بالاتر ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ تعلقات خوش گوار کس طرح ہو سکتے ہیں جب کہ ایک طرف آپ ریلوے بورڈ کے اخراجات میں سن ٦٥-٦٦ کے مقابلے میں سن ٦٦-٦٧ میں ١١ فی صدی کا اضافہ کر رہے ہیں ۔ سن ٦٥-٦٦ میں خرچ تھا ١١ کروڑ ٥٩ لاکھ اور سن ٦٦-٦٧ میں ١٢ کروڑ اور ٨٠ لاکھ کا اندازہ ہے اور ایک کروڑ ٢١ لاکھ کا اضافہ ١١ فی صدی کے مترادف ہے ۔ پھر دوسری طرف آپ دیکھئے کہ وہ operating staff یعنی کم تنخواہ پانے والا عملہ جو انجن کو زندگی دیتا ہے اور گاڑیوں کو پٹریوں پر رواں دواں رکھتا ہے اور جو اپنے خون کو بھٹی کے سامنے جلاتا ہے ان کی تنخواہوں میں اضافہ صرف ١٣ لاکھ ہے یعنی ٧ کروڑ سے ٧ کروڑ ١٣ لاکھ گویا نصف فی صدی کا اضافہ ، جو صنعتی ادارہ اپنے top heavy management کے لئے اور ان کے اخراجات میں ١١ فی صد کا اضافہ کرتا ہے اور اپنی نچلی سطح کے مزدوروں میں جو کہ ریڑھ کی ہڈی ہیں جو ادارہ کو زندہ رکھنے کے بانی ہیں جو ان کے ادارے کا بنیادی کام کرتے ہیں جن کے اوپر ادارے کی چھت قائم ہے ان کی تنخواہوں میں نصف فی صدی کا اضافہ اور پھر بھی آپ توقع رکھیں کہ عملہ انتظامیہ سے خوش ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ جنت الحمقا میں رہتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں یہ بات آپ کے لئے نظر ثانی کی محتاج ہے ۔ آپ نے ۱۹۶۶ء—۶۵ میں سٹاف ویلفیئر کے لئے اپنے بجٹ میں ایک کروڑ ۲۷ لاکھ روپے رکھے تھے۔ سٹاف ویلفیئر سے آپ کا مطلب یہ ہے ریلوے کے وہ کام جن سے آپ کے سٹاف کو براہ راست فائدہ پہنچتا ہو یعنی ان کے لئے کوارٹر ہسپتال ۔ سکول وغیرہ۔ اس کام کے لیے آپ نے ایک کروڑ ۲۷ لاکھ روپے رکھے تھے جب آپ نے نظر ثانی کی تو اسے ۶۴ لاکھ کر دیا ۔ موجودہ بجٹ میں اس مد میں آپ نے ۵۷ لاکھ روپیہ رکھا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ان دو سالوں میں ۱۹۶۶ء—۶۵ اور ۱۹۶۷ء—۶۶ میں آپ نے سٹاف ویلفیئر کے لئے صرف ایک کروڑ تین لاکھ روپیہ خرچ کرنا ہے ۔ امپرووومنٹ فنڈ سے جس کا مطلب یہ ہوا کہ خود آپ نے اس فنڈ کا جو مقصد بتایا ہے وہ پورا نہیں ہوا اس پول کے اندر سٹاف کی بہتری اور بہبود کے لئے ۳۰ جون ۱۹۶۶ء تک کی تمام ادائیگیوں کے بعد بارہ کروڑ کا فنڈ ہے جس میں سے ایک کروڑ تین لاکھ خرچ کیا گیا ۔ کیا یہ مناسب ہے ۔ اگر آپ چھوٹے درجہ کے سٹاف کی بہبودی کے لئے اتنا کم خرچ کرتے ہیں تو آپ کی یہ توقع کہ آپ کے تعلقات ان کے ساتھ خوشگوار ہوں گے ۔ خیال عبث ہے ۔ میں جناب وزیر متعلقہ کی خدمت میں آپ کے توسط سے یہ عرض کروں گا۔

مزدور خوش دل کند کاربیش

آپ جب تک عملہ کو خوش نہیں رکھیں گے ۔ محکمہ کی کارکردگی کو بہتر نہیں بنا سکتے ۔ آخر میں میں اپنے فرض سے کوتاہی کروں گا اگر کراچی کی طرف آپ کی توجہ مبذول نہ کراؤں ۔ کراچی اس ملک کا سب سے بڑا شہر ہے ۔ ۲۵ لاکھ آبادی کا شہر ہے ۔ پورے مغربی پاکستان کی ۵ فیصد آبادی اس شہر میں رہتی ہے ۔ اگر میں یہاں آپ سے یہ مطالبہ کروں تو ۔ جا

کہ ریلوے کی ترقیاتی سکیموں میں کراچی کا بھی اتنا حق ہے جتنا کسی دوسرے شہر کا ۔ ۱۹۶۶—۶۵ء کے کل ترقیاتی بجٹ میں جس کی رقم ۲۲ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے تھی، کراچی کے لئے صرف ۲۳ لاکھ ۵۷ ہزار روپے رکھے گئے ہیں ۔ پورے بجٹ کا ۱ فیصد حصہ ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ وہ شہر جہاں صوبہ کی ۵ فیصد آبادی رہتی ہے کیا وہ ترقیاتی بجٹ میں صرف ایک فیصد کا مستحق ہے ۔ پھر کمال یہ ہے کہ اس رقم کو بھی آپ نے خرچ نہیں کیا ۔ میں شدید احتجاج کرتا ہوں کہ وزیر ریلوے کے White Paper کے صفحہ ۲۷ پر یہ درج ہے ۔

"It was stated in the White Paper of the last year that work on phases II of the project, linking Wazir Mansion with Karachi City Railway Station, had been taken in hand."

اس وقت آپ نے بجٹ پیش کرتے وقت اس ایوان کو یہ بتایا تھا کہ سرکار ریلوے کی دونوں phases پر کام شروع ہو چکا ہے ۔ یہ نہیں کہ ہونے والا ہے ۔

"In actual fact, the work could not be taken in hand for certain unavoidable reasons. . . ."

حالانکہ امر واقعہ یہ ہے کہ اس وقت شروع ہونے کا کیا سوال ۔ آج ایک سال کے بعد بھی اس کام کی یہ صورت ہے کہ ابھی ہم نے ابتدا ہی کی ہے ۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ہمیں اس سال اس کام کے لئے ۹۰ لاکھ کی رقم مہیا کرنی پڑی ہے ۔ میں آپ سے عرض کروں گا کہ کراچی کے ریلوے سٹاف کی پریشانیوں اور تکالیف کا اندازہ کیجئے جو کوارٹر نہ ہونے کی وجہ سے اپنے مقام ملازمت سے ۱۵—۲۰ میل کے فاصلے پر رہتے ہیں اور رات اور دن کے کسی وقت میں بسوں کے ذریعہ سے اپنی ملازمتوں پر پہنچتے ہیں ۔ کیا ان کا یہ حق نہیں ہے کہ بارہ کروڑ روپے کی اس رقم میں سے آپ ان کے لئے کوارٹر بناتے ۔ اور آپ کراچی کے ریلوے سٹشن کی

بہتری کے لئے اس رقم سے روپیہ دیتے ۔ کیونکہ کراچی کا یہ حق ہے اور وہاں بہت کام باقی ہے ۔ سپیکر صاحب میری طرف دیکھ رہے ہیں اس لئے میں اپنی بات ختم کرنی چاہتا ہوں ۔

میں آخر میں تین باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ پہلی بات یہ ہے کہ آپ اس کرایہ کے اضافہ پر نظر ثانی فرمائیں اگر آپ کی سمجھ میں مزید رقم ضرور چاہیے تو تھوڑی سی رقم اونچے درجہ کے مسافروں کا کرایہ بڑھا کر حاصل کر لیجئے ۔

تیسرے درجہ کے مسافروں یا مال برداری پر مزید ٹیکس لگانا صحیح نہیں ہے ۔ ساری قوم آپ سے استدعا کرتی ہے ۔ اس ایوان کے ممبران آپ سے یہ استدعا کرتے ہیں، پریس اور پبلک آپ سے استدعا کرتے ہیں ۔ دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اپنے عملہ کی بہتری کے لئے مزید رقم اس بجٹ میں مہیا کیجئے تاکہ وہ بنیاد مضبوط ہو جس پر یہ عمارت قائم ہے ۔ اگر بنیاد کمزور ہوگی تو عمارت بھی کمزور ہوگی ۔ آخر میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی اس ملک کا ایک حصہ ہے ۔ اس کے ساتھ وہی برتاؤ کیجئے ، اسے وہی مقام دیجئے جو اس کا حق ہے ۔ میں اس کے حق سے زیادہ نہیں مانگتا ۔ اگر وہاں صوبہ کی ۵ فیصد آبادی ہے تو اس کی ترقی کے لئے اپنے ترقیاتی بجٹ میں سے ۵ فیصد ضرور خرچ کیجئے ۔ وہ بڑا شہر ہے ۔ بین الاقوامی شہر ہے ۔ وہاں بہت سے لوگ آتے ہیں ۔ سیاح آتے ہیں ۔ وہاں کے ریلوے سٹیشن اور عملے کے کوارٹروں کی حالت افسوسناک ہے ۔ ملک کی عزت کے لئے ۔ ملک کا وقار بلند کرنے کے لئے اسے بہتر بنانے کی ضرورت ہے ۔ اس شہر کی ترقی کی طرف توجہ دیجئے اور اسے اتنا دیجئے جو اس کا حق ہے ۔ (تالیاں) ۔

سردار محمد اسحاق خان (کوئٹہ چاغی) ۔ جناب والا ۔ میں آپ

کی وساطت سے وزیر ریلوے صاحب کو فاضل بجٹ پیش کرنے کے لئے مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ ساتھ ہی تمام ریلوے سٹاف کو بھی جنہوں نے گزشتہ جنگ کے زمانہ میں تندھی ، حب الوطنی اور ایثار سے کام کیا وہ سب مبارک باد کے قابل ہیں ۔ ابھی صبح حمزہ صاحب نے یہاں فرمایا تھا کہ اگر صرف مبارک باد ہی پیش کرنا ہو تو تقریر کی کیا ضرورت ہے ۔ حمزہ صاحب اس وقت یہاں سیٹ پر نہیں ہیں جب انہوں نے یہاں نکتہ چینی کی اور ریلوے کی کارکردگی پر اعتراض فرمائے تو میں اس انتظار میں تھا کہ اب شاید وہ آرمی کے اوپر بھی ، افواج کی کارکردگی پر بھی نکتہ چینی کریں گے ۔ مگر انہوں نے اس کے متعلق نہیں فرمایا ۔ کیونکہ ان کا کام ہی اعتراض کرنا ہے ۔ لیکن اعتراض برائے اعتراض ہی کام نہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ میں عرض کرتا ہوں ممبر صاحب سے کہ ہم ان کا پیغام حمزہ صاحب کو دے دیں گے ۔

سردار محمد اسحاق خان ۔ میں جناب حاجی صاحب کا شکر گزار ہوں کہ یہ حمزہ صاحب کو میرا پیغام پہنچا دیں گے ۔ حمزہ صاحب کو کم از کم اتنا تو احساس ہونا چاہئے تھا کہ ریلوے کے سٹاف نے ریلوے کے عملے ۔ ، جنگ کے زمانہ میں حقیقتاً جو کام کیا ہے ۔ کم از کم اس حقیقت سے تو ان کو اپنی آنکھیں بند نہیں کرنی چاہئیں تھیں ۔ وہ کم از کم دو لفظ ہی اس کے متعلق فرما دیتے ۔

جناب والا ۔ میں ساتھ ہی ساتھ اپنے علاقہ کے متعلق چونکہ میں ایک پسماندہ علاقہ سے تعلق رکھتا ہوں ، چند گذارشات وزیر صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں اور سٹاف کی خدمت میں بھی ۔ اس وقت ہمارے

نہ ہوگا ریلوے بورڈ کے چیئرمین اور دوسرے معزز اراکین گیلری میں تشریف رکھتے ہیں ۔ (تالیاں) ۔

جناب والا ۔ گزارش یہ ہے کہ کوئٹہ سابقہ بلوچستان کا ایک پس ماندہ علاقہ ہے ۔ اس علاقہ میں چند ایک ایسی تکالیف ہیں جو میں ان کی خدمت میں پیش کرنی چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ کوئٹہ سے جتنی بھی ٹرینیں چلتی ہیں ماسوائے دو پسنجر ٹرینوں کے جن کا لنک براہ راست لاہور کے ساتھ ہے ورنہ میل ٹرین کا لنک لاہور کے ساتھ نہیں ہے ۔ وہاں سے جو بولان میل چلتی ہے وہ کراچی کے لئے ہوتی ہے جس میں لاہور کے لئے ڈبے لگتے ہیں ۔ وہاں کے عوام کو بہت تکلیف ہے ۔ جنہوں نے پنجاب کی طرف لاہور اور پشاور کے لئے سفر کرنا ہوتا ہے ۔ ان کے لئے میری گزارش ہے کہ وہاں ایک میل ٹرین کی سخت ضرورت ہے جو کوئٹہ سے لاہور پشاور تک جاری کرنی چاہئیے ۔ کیونکہ کوئٹہ ایک سرحدی علاقہ ہونے کے علاوہ ایک اہم ترین چھاؤنی بھی ہے ۔ جہاں ہماری افواج کے کافی افسران اور ان کے عملہ کے لوگ رہتے ہیں ۔ لہذا ان کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے بھی میں التجا کروں گا کہ ایک میل ٹرین کوئٹہ سے لاہور اور پشاور تک چلائی جائے ۔

جناب والا ۔ میری دوسری گزارش یہ ہے کہ کوئٹہ زاھدان ریلوے کافی عرصہ سے بند پڑی ہے ۔ تقریباً ایک سال سے بند پڑی ہوئی ہے ۔ معلوم نہیں کہ اس لائن کی انٹرنیشنل پوزیشن کیا ہے اور ایران گورنمنٹ کے ساتھ کیا خط و کتابت ہوئی ہے ۔ اور ایران گورنمنٹ کے ساتھ کیا رکاوٹ ہے جس کی وجہ سے کوئٹہ زاھدان ٹرین کو نہیں چلایا جاتا ۔ اس ضمن میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر ایران

گورنمنٹ اس پسنجر ٹرین کو اپنے علاقے میں آنے سے روکتی ہے تو اس کے اسباب تو انہیں کو معلوم ہوں گے لیکن یہ کوئٹہ سے اپنے کسی سرحدی سٹیشن تک تو اس ٹرین کو چلا سکتے ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کوئٹہ زاھدان کے راستے لوگ ایران ، شام اور سعودی عرب کو جاتے ہیں ۔ خشکی کے راستے جو لوگ جاتے ہیں ان کو بڑی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ کوئٹہ سے کونڈی تک تین چار بسیں چلتی ہیں جو ان زائرین کو لے جاتی ہیں ۔ زائرین کی تعداد ہزاروں کے لگ بھگ ہوتی ہے ان کو بسیں نہیں ملتیں اور جو کوئٹہ میں آتے ہیں ان کو مسافر خانوں میں دھکے کھانے پڑتے ہیں اور جو ان کے پاس اخراجات ہوتے ہیں وہ وہیں ختم ہو جاتے ہیں ۔ میں وزیر ریلوے کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ اس مسئلہ پر غور فرمائیں اور کوئٹہ زاھدان پسنجر ٹرین چلانے کے لئے کوئی نہ کوئی ترکیب نکالیں ۔

جناب والا ۔ میرا تیسرا پوائنٹ جس کی طرف میں جناب وزیر ریلوے کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ یہ ہے کہ سبی سے کوئٹہ جو ٹرین چلتی ہے وہ درہ بولان کے اندر سے ہو کر جاتی ہے ۔ یہ ایک ہی لائن ہے جو علاقے کو آپس میں ملاتی ہے ورنہ کوئٹہ باقی علاقوں سے الگ ہے ۔ اگر خدانخواستہ کسی وقت کوئی دفاعی تکلیف پیش آئے اور اس لائن کو دشمن کاٹ دے (خدا نہ کرے وہ کامیاب ہو) تو سارا ملک کوئٹہ سے کٹ جاتا ہے ۔ جناب والا ۔ اس جنگ کے زمانے میں جو کچھ اس علاقے کے لوگوں نے خدمت کی ہے وہ ہمارے وزرا صاحبان اور ملک کے سربراہ کو معلوم ہے ۔ کہ اس چھاؤنی کو بچانے کے لئے ، اس ملک کو بچانے کے لئے کتنا زبردست کام کیا ہے ۔ اگر اس لائن کو دشمن کاٹنے میں کامیاب ہو جائے تو کوئٹہ باقی تمام ملک سے کٹ سکتا ہے لہذا ان کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ درہ بولان سے ایک اور لائن جو کوئٹہ کو سبی سے ملاتی

تھی وہ سبی ھرنائی تک جاتی ھے ۔ جو اس وقت ٹرین سبی سے پوست کو جاتی ھے ۔ یہ دو متبادل پوائنٹ ھیں ۔ اس کے متعلق میں گزارش کروں گا کہ اس پر ایک ھائی لیول کانفرنس میں گفتگو فرمائی جائے اور دو متبادل لائن دفاعی نقطہ نظر سے بنانے کی کوشش کریں ۔ کیونکہ اگر یہ لائن خدانخواستہ کٹ جائے تو دوسرا متبادل روٹ تو ھو گا اور کسی قسم کا خطرہ نہیں ھوگا ۔

جناب والا ۔ آخری پوائنٹ جس کے متعلق میں معزز وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کروں گا وہ یہ ھے کہ کوئٹہ قلات ریجن میں کوئلہ وغیرہ کی انڈسٹریز ھیں اور ھر سال خالی ویگنز کی سپلائی کے متعلق کچھ نہ کچھ ضرور رکاوٹ یا تکلیف ھو جاتی ھے ۔ اس سال اتفاق کی بات ھے کہ ملک کے حالات کے مد نظر یہاں کے بھٹے والے اپنا کام سو فیصدی نہیں چلا سکے جس کے سبب ھمارے ھاں تقریباً ایک لاکھ ٹن کوئلہ پڑا جل رھا ھے ۔ اس وقت خالی ویگن کی تکلیف نہیں ھوئی ھے ۔ اس سال کی کمی کو پورا کرنے کے لئے اگلے سال کام پورے زور شور سے ھو جائے گا اور کام کی زیادتی کی وجہ سے خالی ویگن کی ضرورت پڑے گی میں جناب وزیر ریلوے سے اور دوسرے ریلوے کے متعلقہ افسران سے مودبانہ عرض کروں گا کہ خالی ویگن کے متعلق ضرور غور فرمائیں اور ھماری اس تکلیف کو دور کریں جو ھر سال ھمیں پیش آتی ھے ۔

جناب والا ۔ میں آخر میں پھر دوبارہ جناب وزیر ریلوے صاحب اور تمام ریلوے کے عملہ کو ان کے حسن کارکردگی پر تہ دل سے مبارک باد پیش کرتا ھوں ۔

(At this stage Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusuf Ali Shah, took the Chair)

Mr. Senior Deputy Speaker : Dr. Mrs. Abbassi.

Dr. Mrs Ashraf Abbassi (P. W. 1 2-Zone II) : Mr. Speaker, Sir, while associating myself sincerely and wholeheartedly with all the words that have been said in appreciation of the sense of duty, the skill and the ability shown by the railway personnel at the time of emergency, I will make few humble submissions. When I see, Sir, what I have to say, I feel that it will be almost a repetition of what has been said during all these years and what has been said this year by most of the members. Sir, there are two types of programmes that we can undertake. One will be remote or long time and the other will be immediate or short time. In the remote programme, of course, we can aspire for many amenities. It is so easy to say that we can make just one class but then when we see from the practical point of view we find that it will not be practicable. Why to wait for an amenity which will be impracticable? I would suggest what could be practicable and by which the comman man, can profit. Sir, we know that our population is divided from income point of view into three classes—the lower class, the middle class and the higher class. Similarly, instead of having four or five types of compartments in railway, we can have three types of compartments, I think, that will be more practicable. I would suggest that there should be not first-class because it is useless. The facilities that exist in first-class are practically the same as in the second class. So, there can be one airconditioned class which will be the higher class and then the lower class, which you may call the third class. Facilities that we get in the third class can be added by some more facilities and that can be used as the middle class. As the middle class people might be wanting to run away from the rush of third class so, by spending a little more money, they can travel in the middle class which you may call the second class or the intermediate class.

The other suggestion that I wanted to make was that the 5% increase in the fare was unfair. We know Sir that, the lower class people are not getting many facilities. They have just to cling to the doorways for reaching from one place to another.

So adding burden to them, in my opinion, will be unfair. Thus, Sir, when we are taking somthing in form of increasing fare if we give them certain facilities as fare etc. then, they will feel that they are getting something in return. Sir, I may also say that even the common facilities such as providing bolted-doors in the compartments, etc. does not exist with the result that if at night one likes to sleep he cannot ; as he cannot shut or lock up the doors to secure safety of his goods etc. Hence we can say safety in the Railway has decreased so much that so many murders and dacoities are being committed in the trains. So Sir, as far as the immediate facilitates that we can provide with no expense is only that the Railway people realise their sense of resposibility as they had done during the Emergency, and this is very easy. Sir, one day a friend of mine was telling me to take up this question while I was on my way to Lahore, that there are no safety bolts even in the ladies compartments. She told me that once she was going to Larkana and when the night fell she had to pass that night dozing all the time sitting by the doors on her trunk as there was no bolt, till she reached Larkana. These things are so small and if looked into properly can provide so much comfort to the common man.

Sir, I heard somebody saying in this August House that we can provide

بچ سکتا ہے اور آپ کا سٹاف مل کر ٹکٹوں کی re-sale سے باز رہ سکتا ہے ۔ اسی طرح لاہور میں کم و بیش ۲ لاکھ روپیہ ماہوار کی leakage ہوتی ہے ۔ یہ ایسا scandal ہے کہ اس کو روکنا از بس ضروری ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ لاہور کی آبادی کے پیش نظر اگر ہمارے وزیر با تدبیر پورے ذرائع اختیار کریں تو کم و بیش میرا اندازہ ہے کہ ۱۵ یا ۲۰ کروڑ کے قریب اضافہ آمدنی میں ہو سکتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد دوسری increase کی جو مد ہے جس کے متعلق میں پہلے حوالہ دے چکا ہوں وہ ساڑھے بارہ فیصدی retrenchment کی ہے جس سے ایک کروڑ روپیہ حاصل ہو سکتا ہے اس کی فیگرز میں دے چکا ہوں اور میں ان کو دہرانا نہیں چاہتا ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں چند غبنوں کا ذکر کروں گا اور مجھے اس چیز کو آج آشکارا کرنا ہو گا ۔ مجھے ایک غبن کو آشکارا کرنا ہے جو کہ ۱۳ لاکھ کا ہے اور ایک کلرک جو کہ اکاؤنٹ برانچ کا ہے اس نے یہ کیا ہے ۔ اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی اور جو drastic measures لئے جانے تھے وہ نہیں لئے گئے کیونکہ اس میں بہتوں کا ہاتھ ہے ۔ آپ نے زمیندار اخبار میں اشتہار پڑھا ہوگا جس میں لکھا ہوتا ہے کہ اس کے پڑھنے سے بہتوں کا بھلا ہو گا تو اس غبن سے بھی بہتوں کا بھلا ہوا تھا ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں نے یہ گذارش کرنی ہے کہ ہماری ریلوے نے اس بڑھتی ہوئی روڈ ٹرانسپورٹ کے پیش نظر اور cheap popularity حاصل کرنے کی خاطر ایک street delivery scheme شروع کی اگر میں اس کے اعداد و شمار شروع کروں تو یہ آشکارا ہو جائے گا کہ ۶۲ - ۱۹۶۳ء میں اس کے متعلق یہ لکھا گیا تھا کہ اس سکیم کا کوئی جواز نہیں ہے ۔ ۶۳-۱۹۶۴ء میں بھی لکھا گیا کہ یہ سکیم unjustified ہے ۔ ۳۳ ہزار من اس میں proposed target ہر روز کا تھا یعنی ٹرانسپورٹ کرنے کا اور یہ جو ہماری فیگرز ہیں یہ روزانہ کی ۳۳۶۵ من ہیں ۔ اس طرح سے اس سکیم میں کم و بیش سات لاکھ سالانہ کا budgetary figures میں

منافع دکھایا گیا تھا اور اس سکیم میں ۱۳ لاکھ کی investment تھی لیکن اس میں تین لاکھ روپیہ کا ہر سال نقصان ہو رہا ہے ۔ یہ سکیم کس نے originate کی ؟ یہ کسی پرائیویٹ کمپنی کو جس کے پاس ۸۴ ٹرک تھے کام دینے کی سکیم تھی اور ایک ریلوے کے افسر اس سکیم کے originator تھے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں تو صرف ۲۰ ٹرک ہی کام دے سکتے تھے ۔ بہر نوع تمن صاحب کے آنے کی وجہ سے کافی لوگوں کی شکایات کا ازالہ ہو رہا ہے ۔ تو میرا خیال ہے کہ اس صد سالہ بیماری کے علاج کے لئے آپ کو موثر اقدامات کرنے ہوں گے ۔ جناب سپیکر ۔ اب مجھے اس مد کی طرف آنا ہے جس کو مال گاڑیاں کہتے ہیں ۔ مال گاڑیوں کی جو مد ہے آپ اندازہ فرمائیے کہ مال میں جو تاخیر ہوتی ہے اس کا باعث محض منصوبہ بندی کا نہ ہونا ہے ۔ نہ انہوں نے شنٹنگ انجن بنائے اور نہ انہوں نے یہ کوشش کی کہ گڈز ٹریفک کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر کوئی ضروری اقدام کیا جائے۔ ان کی capacity کے مطابق کوشش نہیں کی گئی ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد ان کا انتظام یہ ہے کہ اگر کوٹ رادھا کشن میں کوئی گاڑی جا کر خالی آتی ہے تو اس کو فلاں سٹیشن پر لا کر reload کرنا ہوتا ہے اور پھر ایک گاڑی کوٹ رادھا کشن کو خالی جائے گی دوبارہ کسی قسم کا load لینے کے لئے ۔ جناب سپیکر ۔ اب نتیجہ یہ ہے کہ چونکہ فوری طور پر loading یہ لوگ نہیں کر رہے تو وہاں پر سامان کی چوری شروع ہو جاتی ہے اور یہ جو محکمہ چوری کو روکنے کے لئے مقرر کیا ہوا ہے جس کو واچ اینڈ وارڈ کہتے ہیں ۔ تو وہ چوری میں برابر حصہ دار ہوتا ہے اعداد و شمار کے ذریعے یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ واچ اینڈ وارڈ نے کتنا نقصان کیا ہے اور یہ نقصان بتدریج بڑھ رہا ہے ۔ ۱۹۶۲-۶۱ء میں جو enhanced estimate آپ نے دیا وہ ۴,۳۰,۷۱۴ روپیہ تھا جو کہ ۶۴ - ۶۵ء کے مقابلہ میں ہمیں پانچ لاکھ ۹۳ ہزار پنلٹی کی شکل میں دینا پڑا یعنی کم و بیش ۳۳ فیصدی نقصان میں اضافہ ہوا ۔ جناب سپیکر ۔ اندازہ فرمائیے

کہ کراچی میں بلکہ سندھ کے ہم نے کئی کئی بار تین چار ماہ سے اعداد و شمار حاصل کئے تھے ۔ بھوسہ جو ہے وہ unloaded پڑا ہوا ہے اس کے لئے آپ کو کم از کم ۹۰ ویگنیں مہیا کرنی چاہئیں لیکن آپ ڈیمانڈ کا صرف ۴۰ فیصد دے رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اب میں گڈز ٹرینوں کو چھوڑتے ہوئے مسافر گاڑیوں کی طرف آتا ہوں ۔ ان کے متعلق یہ گزارش ہے کہ ۱۲ پہیوں والی بوگیاں جو محض وزرا کے لئے ہونی چاہئیں وہ درست نہیں ہے بلکہ میں کہوں گا کہ اگر منسٹر صاحبان بھی قوم پر کرم فرمائیں تو اپنے لئے وہ فرسٹ کلاس ایرکنڈیشنڈ کو سفر کے لئے اختیار کریں ۔ ریلوے افسر بھی سفر کرتے ہیں اور یہ اُن کا شوق ہے کہ جب وہ دورہ پر جائیں تو ان کی families ان کے ساتھ ہوں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایسا کرنے میں ہرگز حق بجانب نہیں ۔ ان بوگیز کی بھی چیکنگ ہونی چاہئیے ۔ وہ سٹاف کاریں اور جیپیں جو کمرشل افسروں کے لئے مہیا کی گئی ہیں وہ پرائیویٹ استعمال میں آتی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ چھوٹے راجے یہ نواب جن کی آپ نے ریلوے میں تقرری کر رکھی ہے ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ جوکام کریں قومی نقطہ نگاہ کے مطابق کریں ۔ جناب سپیکر ۔ گڈز ٹرینوں کے لئے انہوں نے جو سٹاف رکھا ہے اس میں کمرشل انسپکٹر ہیں ، کلیم انسپکٹر ہیں ، ریٹ انسپکٹر ہیں اور کئی ایک دوسرے انسپکٹر ہیں ۔ جناب والا ۔ میں اس بڑی فوج میں سے سپیشل ٹکٹ ایگزامینرز کے متعلق آج عرض کروں گا ۔ ان کا کام یہ ہے کہ بلا ٹکٹ سفر کو روکیں ۔ مگر ان میں سے بیشتر کی حالت یہ ہے کہ وہ پانچ پانچ چھ چھ سال تک ایک ہی جگہ پر تعینات ہیں ۔ بلکہ ایک مثال ایسی ہے کہ ایک شخص ۱۵ سال سے ایک ہی سٹیشن پر ہے ۔ وہ شخص جو لاتعداد مدت تک کسی سٹیشن پر رہتے ہیں وہ وہاں کے تمام لوپ ہول جانتے ہیں کہ بلا ٹکٹ سفر کے کیا ذرائع ہیں ۔ وقت کی قلت کے پیش نظر میں بہت تیزی سے گفتگو کر رہا

ہوں۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سپیشل ایگزامینرز جو لاہور سے کراچی ۷۵۰ میل کا سفر ۱۸ گھنٹے میں طے کرتے ہیں ۔ اندازہ فرمائیے ان سے یہ توقع رکھی جاتی ہے کہ وہ سوئیں گے نہیں ۔ ۱۸ گھنٹے ٹکٹ ایگزمین کریں گے ۔ لیکن یہ لوگ ڈائینگ کار میں خوش گپیاں ہانکتے رہتے ہیں ، چائے پیتے رہتے ہیں اور تاش کھیلتے رہتے ہیں اور جو کام ان کے ذمے ہے وہ کام ہرگز نہیں کرتے ۔ جناب سپیکر ۔ ان کی تبدیلی جب تک تین سال کے بعد نہ ہو ہم ان سے کسی قسم کا استفادہ نہیں کر سکتے ۔

خان گل حمید خان (میانوالی ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ میں سب سے پہلے جناب ملک محمد حیات تمن وزیر ریلوے اور ان کے عملہ ریلوے کو ان کی جنگ کے زمانے کی کارکردگی پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اس کے بعد میرے کئی دوستوں نے خاص طور پر آپوزیشن کی طرف سے ٹکٹوں پر ۵ فیصد پر اعتراض کیا گیا ہے ۔ اسے میں اس لئے جائز سمجھتا ہوں کہ اگر یہ روپیہ وصول نہ کیا جائے تو ریلوے کا جو کام ہے اس میں رکاوٹ پیدا ہو گی ان کا کام نہیں چل سکے گا ۔ ان کا کہنا کہ تھرڈ کلاس کے ٹکٹوں پر یہ اضافہ نہ کیا جائے زیادہ سے زیادہ آمدنی تو تھرڈ کلاس سے ہے اگر ان کو چھوڑ دیا جائے تو فسٹ کلاس اور سیکنڈ والوں نے کیا قصور کیا ہے کہ یہ سرمایہ وہی مہیا کریں ۔

اس کے علاوہ میں اپنے علاقے کے متعلق تھوڑی سی عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میانوالی کی طرف صرف ایک گاڑی چلتی ہے جو اسے لاہور سے ملاتی ہے ۔ میرا اندازہ ہے کہ اس کے لئے جو گاڑی ہے وہ سب سے زیادہ خستہ حال ہے ۔ ہمیں اس پر ۱۶ گھنٹے سفر کرنا پڑتا ہے ۔ کوئی ایسا دن نہیں جب وہ اپنے ٹھیک وقت پر پہنچتی ہو ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو دوسری تیز رفتار گاڑیاں ہیں وہ اسے راستے میں روک لیتی ہیں ۔ یہ عموماً

ایک گھنٹے تک لیٹ ہوتی ہے ۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ اس کا بندوبست کیا جائے کہ وہ ٹھیک ٹائم پر آئے اور کوئی تیز رفتار گاڑی اس کام کے لئے چلائی جائے ۔ مزید بر آں چھوٹے سٹیشن ہیں انہیں کچھ نہ کچھ مناسب سہولتیں جو بجٹ میں آ جائیں اور جن کے لئے محکمہ کے پاس گنجائش ہو مہیا کی جائیں ۔ شکریہ ۔

بریگیڈیر چودھری فتح خان (راولپنڈی ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ اب تک بہت سے حضرات نے بجٹ پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ اور میرے خیال میں اب اس پر کچھ کہنے کی کم گنجائش رہ گئی ہے ۔ بہر حال میں بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہوں ۔ جو بجٹ ایوان میں ملک بھ حیات صاحب تمن نے پیش کیا ہے میں نے اسے ہر پہلو سے دیکھا ہے ۔ اسے ہر پہلو سے دیکھنے کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ اس پر جتنی کوشش ہوئی ہے اور جن مشکلات سے یہ تیار کیا گیا ہے وہ قابل تعریف ہے ۔ اور میں اس کے لئے انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔ ہر اچھے سے اچھے کام پر بھی نکتہ چینی ہوتی ہے ۔ لہذا اگر اس پر بھی کوئی نکتہ چینی کی گئی ہے تو ہر ایک کا اپنا نظریہ ہے ۔ مگر میں یہ کہتا ہوں کہ ہر شخص نکتہ چینی کرنے سے پہلے اگر اپنے آپ کو اس شخص کی پوزیشن میں ڈال کر دیکھ لے اور ان تکالیف اور مشکلات یا حالات کا جائزہ لے کر نقص دیکھے اور نکتہ چینی کرے تو وہ کسی حد تک حق بجانب ہے ۔ جہاں تک میرا خیال ہے ریلوے نے اس دوران میں جو حیرت انگیز ترقی کی ہے اگر آپ ان حالات کا جائزہ لیں یا اس وقت کو یاد کریں جب کہ پارٹیشن کے بعد آپ کو آپ کے حصہ میں ہندوستان سے کتنا کم ملا ہے ۔ مجھے یاد ہے کہ اس وقت پارٹیشن سے تھوڑا عرصہ پہلے جو ہندوستانی کابینہ تھی اس میں ہمارا ۱/۳ حصہ تھا ۔ جتنے اچھے اچھے محکمے تھے ان لوگوں کے ہاتھ میں تھے دفاع ان کے پاس تھا اور بھی جو مطلب کے محکمے تھے وہ انہوں نے خود

سنبھالے ہوئے تھے - جتنی فوجیں پاکستان کے حصہ میں تھیں وہ تقریباً تمام ملک کے اندرونی حصہ میں بھیج دی گئیں تھیں اور پاکستان بننے کے تین چار ماہ بعد وہ ہمیں واپس ملیں - جتنے ریلوے کے اچھے ڈبے تھے، جتنے انجن تھے اور جو مطلب کی چیز تھی وہ انہوں نے ہندوستان بھیج دی تھی - پاکستان کے حصے میں صرف چند ٹوٹے پھوٹے ڈبے اور چند ناکارہ انجن آئے اور وہ بھی کوئلے پر چلنے والے اور کوئلہ اس زمانے میں پاکستان میں اتنا نایاب تھا کہ ہماری ضرورت کو بھی پورا نہیں کر سکتا تھا - مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب شروع میں ریلوے نے اپنی گاڑیاں چلائیں تو ہفتہ میں دو گاڑیاں راولپنڈی سے روانہ ہو کر کراچی کی طرف جاتی تھیں - ان پر پبلک کا اتنا زیادہ ہجوم ہوتا تھا کہ لوگ چھتوں پر بیٹھے ہوتے تھے اور وہ گاڑیاں ۵ یا ۱۰ میل کی رفتار سے چلتی تھیں - بد قسمتی سے اگر کہیں کوئلہ ختم ہو جاتا تھا تو پھر ان کو وہاں انتظار کرنا پڑتا تھا تاوقتیکہ پیچھے سے کوئلہ نہ پہنچ جائے - اگر اب ان حالات کا مقابلہ آج کے حالات سے کریں جو کچھ اب آپ کی ریلوے ہے تو میرے خیال میں آپ کو سراہنا پڑے گا کہ ریلوے نے اب کس حد تک ترقی کی ہے - خاص کر ریلوے نے لڑائی کے دنوں میں ملک کی جو خدمت کی ہے اس کے لئے ہمیں ان کا شکر گزار ہونا چاہئیے اور ان پر فخر کرنا چاہئیے - یہ چھوٹی چھوٹی نکتہ چینی فضول ہے - اگر گاڑی لیٹ ہو جاتی ہے تو میرے خیال میں یہ حالات کے مطابق معمولی بات ہے - کرائے میں ۵ فیصد اضافہ نہیں ہونا چاہئیے یا قرضہ نہیں لینا چاہئیے - میری تو سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ بہتر ایرکنڈیشنڈ ڈبے ہوں بٹن دبائیں تو ایک ملازم آ موجود ہو - اچھے معیار کا کھانا ملے - ہم ہر قسم کا آرام چاہتے ہیں اور یہ بھی چاہتے ہیں کہ قرضہ بھی نہ لیا جائے اور ٹکٹوں پر بھی اضافہ نہ کیا جائے تو پھر وہ کون سا طریقہ ہے جس سے آپ کی ریلوے

اتنی ترقی کر سکتی ہے ۔ میرے خیال میں اگر کوئی اور اچھا طریقہ پسند آئے تو اس کو وزیر ریلوے صاحب کی خدمت میں پیش کردیں ۔

جناب والا ۔ جہاں تک فرسٹ کلاس۔سیکنڈ کلاس۔تھرڈ کلاس اور انٹر کلاس کے متعلق کچھ صاحبان نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے یہ درجہ بندی تو انگریزوں کے زمانے کا طریقہ تھا ۔ انگریز ۱۰۰ سال تک حکومت کرکے خود تو چلے گئے لیکن ان کے کچھ کام اچھے بھی تھے اور برے بھی تھے ۔ ان کے جو اچھے کام تھے ان کی ہم نقل کرتے ہیں اس خیال سے یہ ہمارے لئے بھی اچھے کام ہیں ۔ پاکستان کے حالات اور واقعات اس وقت اس قسم کے نہ تھے اور ہمارے ذرائع ہی اتنے اچھے نہ تھے کہ ہم غیر ملکیوں کے ساتھ مقابلہ کر سکیں ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ چند حضرات نے اپنے اپنے علاقے میں ریلوے لائن بچھانے کے متعلق اپنی معروضات پیش کی ہے میں ان سے اتفاق کرتا ہوں اور میرے خیال میں وہ علاقے جن میں آبادی گنجان ہے اور آمد و رفت کے ذرائع بھی محدود ہیں آپ ان علاقوں کے متعلق غور کرکے اگر ریلوے لائین بچھا دیں تو نہ صرف ان لوگوں کے لئے آمد و رفت میں آسانیاں پیدا ہوں گی بلکہ تجارت میں بھی ان کی بہتری ہوسکے گی اگر میں وزیر ریلوے سے یہ عرض کر دوں کہ میری اس تجویز پر بھی غور فرمائیں کہ راولپنڈی سے لے کر تلہ گنگ ہوتی ہوئی میانوالی کے ساتھ لائین ملا دی جائے اور چکوال سے میانوالی جو ٹمن کے نزدیک سے گزرتی ہوئی میانوالی پہنچ جائے کیونکہ اس علاقے کی آبادی بھی گنجان ہے اور ان لوگوں کے لئے یہ آرام رہے گا ۔ اس کے علاوہ دفاعی نقطہ نظر سے بھی زیادہ اہم ہے ۔ اگر خدا نخواستہ پھر کبھی لڑائی ہو جائے اور Main لائین کو اگر دشمن نشانہ

بنائے تو یہ لائن کام آ سکے گی ۔ اور وہ بہت مفید ثابت ہو گی ۔ میں عرض کروں گا کہ آپ اس پر غور فرمائیں ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Minister of Revenue : Sir, may I request that we should extend the time by 40 or 45 minutes be ause there are so many speakers.

Mr. Speaker : Yes, there are about 24 speakers.

Minister of Revenue : The Minister of Railways has to reply also and if it is not inconvenient to the members we may sit up to 1.45 P.M.

Mr. Speaker : I think this is the sense of the House that we may sit up to 1.45 P.M. ? (*Voices—Yes*). The time is extended by 45 minutes. Sahibzadi Mahmooda Begum.

صاحبزادی محمودہ بیگم (پی ۔ ڈبلیو ۱۵۳ ۔ زون ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ ریلوے کا موجودہ متوازن میزانیہ پیش کرنے پر میں وزیر ریلوے ۔ ریلوے کے حکام اور ریلوے ملازمین کو دلی مبارک باد پیش کرتی ہوں ۔ مبارک باد پیش کرنا مجھے کبھی اچھا نہیں لگا کرتا لیکن فی الحقیقت حالیہ جنگ میں ہمارے ریلوے کے وزیر ۔ ریلوے کے حکام بالا اور ریلوے کے نچلے طبقہ کے ملازمین نے جو خدمات سر انجام دیں ہیں ان پر بلاشبہ فخر کیا جا سکتا ہے ۔ بلیک آؤٹ کی اندھیری راتوں میں ٹرین چلانا جس سے بلاشبہ بیٹھنے والوں کا دل ڈرتا تھا اور گھبراتا تھا اور مجھے بھی محسوس ہوتا تھا کہ معلوم نہیں کہ وہ لوگ کیسے سفر کریں گے اور حکام بالا ٹرین کو کیسے چلائیں گے ۔ لیکن ریلوے حکام ۔ جس دلیری ، جس ہمت اور جس استقلال سے عوام کے لئے اور فوج کے لئے کام کیا ہے اس پر بجا طور پر فخر کیا جا سکتا ہے ۔ ریلوے

کا یہ متوازن بجٹ ہے اور زیادہ ٹیکس جو لگایا گیا ہے اس کو عوام نے زیادہ محسوس نہیں کیا ۔ لیکن یہ بجٹ ترقیاتی بجٹ بالکل نہیں ہے ۔ ترقیاتی بجٹ میں کوئی نہ کوئی نئی چیزیں ہوتی ہیں اور ریلوے کے حکام لکیر کے فقیر ہیں اور ۲۰ سال کے عرصہ سے ہمیشہ اسی پالیسی پر چلتے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی میرا خیال ہے کہ یہ اسی پالیسی پر چلیں گے ۔

جناب والا ۔ جب سے ریلوے صوبائی حکومت کی تحویل میں آئی ہے اس وقت سے اس صوبہ کے عوام کا پر زور مطالبہ رہا ہے کہ ریلوے میں ۵ درجوں کی بجائے ۳ درجے ضرور کر دیئے جائیں ۔ ایک درجہ ایئر کنڈیشنڈ کا ہو ۔ ایک درجہ درمیانہ ہو جس کو سیکنڈ کلاس کہتے ہیں اور ایک درجہ تھرڈ کلاس کا ہو لیکن ریلوے حکام اپنی گذشتہ روایات کو ہمیشہ برقرار رکھتے ہوئے ترقی کی طرف کوئی قدم لے جانے سے کافی حد تک پرہیز کرتے ہیں ۔ میں ریلوے وزیر صاحب اور ریلوے کے حکام کی خدمت میں التجا کروں گی کہ دنیا ترقی کی طرف جا رہی ہے اور ریلوے نے بھی ترقی کی ہے لیکن اس کے باوجود ترقی کے راستوں میں وہ لکیر کے فقیر کی طرح چلتے چلے جا رہے ہیں ۔ میں سمجھتی ہوں کہ ترقی کی طرف اور طرح کے اقدام ہونے چاہئیں اور نئی چیزیں بھی تلاش کرنی چاہئیں ۔ یہ چند نئی لائنیں بچھا کر یہ کہنا کہ ہم نے یہ کیا ہے اور وہ کیا ہے کوئی اچھا معلوم نہیں ہوتا ۔

جناب والا ۔ میری دوسری عرض یہ ہے کہ خواتین کے لئے جو ڈبے ہیں وہ بہت ہی کم ہیں ۔ خواتین جب سفر کرتی ہیں تو ان کو بے شمار تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ ابھی چند دن ہوئے مجھے خواتین ملی تھیں اور وہ بتا رہی تھیں کہ ٹرین کے ڈبوں میں چٹخنیاں نہیں

تھیں اور وہ تمام رات جاگتی اور ڈرتی رہیں ۔ جناب والا ۔ حکام بالا کا فرض ہے کہ وہ تمام ڈبوں کو ٹھیک حالت میں رکھیں ۔ علاوہ ازیں خواتین کے ساتھ ننھے ننھے بچے بھی ہوتے ہیں ۔ طویل سفر کرتی ہیں اسلئے خواتین کے جو ڈبے ہوں ان کو اندر سے بند کرنے کا انتظام ہو تاکہ ان کی حفاظت ٹھیک طریقہ سے ہو سکے ۔

جناب والا ۔ میں ریلوے حکام کی اس طرف بھی توجہ مبذول کرانی چاہتی ہوں کہ ریلوے ڈیپارٹمنٹ میں جو خواتین ملازم ہیں وہ کچھ غیر مطمئن نظر آتی ہیں ۔ ان کو کئی شکایات ہیں ۔ کچھ کہتی ہیں کہ ان کو کوارٹرز نہیں ملتے ۔ ان کے بچے ہوتے ہیں اور بعض کے میاں دور ہوتے ہیں اور کرایہ کے مکان مہنگے اور دور ملتے ہیں ۔ اس لئے ان کو بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

جناب والا ۔ ان کا ایک مطالبہ یہ بھی ہے کہ ان کو وردیاں کم ملتی ہیں ۔ جب وہ پھٹ جاتی ہیں وہ اپنے پاس سے وردیاں بنواتی ہیں جو بہت مہنگی بنتی ہیں ۔ اس لئے وزیر ریلوے سے عرض کرتی ہوں کہ اس امر کی طرف بھی توجہ دی جائے ۔

جناب والا ۔ وزیر ریلوے اور ریلوے حکام نے اس حالیہ جنگ میں بہت قابل قدر کام کیا ہے ۔ مگر اس کے ساتھ ان کا یہ بھی فرض ہے کہ اس ریلوے میں ترقی یافتہ ممالک کی طرح آئندہ سال کوئی ایسی چیز ضرور پیدا کریں جو عوام کے لئے کارآمد اور مفید ہو ۔

میں وزیر ریلوے اور ریلوے حکام کا خاص طور پر شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے بہاول پور ڈویژن میں ایک امروکہ وسائے

والا سٹیشن ہے ۔ ہماری التجا تھی کہ اس کے لئے رقم مخصوص کی جائے ۔ اب اس کے لئے بہت ہی کم رقم مخصوص کی گئی ہے لیکن اس کے باوجود بھی ہم ان کے مشکور ہیں کہ اس اعلیٰ بجٹ میں اور ترمیم شدہ بجٹ میں جو مشکلات پیش آئی ہیں ان کا ہمیں خود اندازہ ہے ۔ اس کے باوجود انہوں ۔ کچھ رقم اس ترقی کی طرف ان نئے منصوبوں کے لئے مخصوص کی ۔

جناب ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتی ہوں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر ریلوے ملک محمد حیات خان تمن کو اس متوازن اور بہترین بجٹ پیش کرنے پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔ لیکن میں انہیں جو خراج تحسین پیش کر رہا ہوں اس کی کچھ وجوہات ہیں ۔ اس بجٹ میں انہوں نے ترقیاتی پروگراموں کا خاص طور پر خیال رکھا ہے اس لئے اگر میں اس بجٹ کو ترقیاتی بجٹ کہوں تو غلط نہ ہوگا ۔

جناب والا ۔ یہ میں رسمی طور پر نہیں کہہ رہا بلکہ اس میں اصلیت ہے ۔ اور واقعات نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اور گورنر مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان کی قیادت میں ملک محمد حیات خان تمن نے اپنی ذہانت ، قابلیت اور لیاقت کو صحیح طور پر واضح کیا ۔ اور یہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ خاص طور پر وہ جب کبھی بھی راولپنڈی تشریف لائے تو ہم نے اکثر انہیں رات کے دو دو بجے تک افسران سے ریلوے کے متعلق گفت و شنید کرتے دیکھا ۔ وہ اس لئے کہ عام طور پر ممبر اور دوسرے لوگ وزراء صاحبان کے کام کو وہ critically دیکھتے ہیں کہ ہمارے لئے کیا کام کر رہے

ہیں ۔ اس لئے اگر میں یہ کہوں کہ راولپنڈی ڈویژن کو مہ حیات خان پر بجا طور پر فخر ہے کہ وہ ہمارے ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اور تمن جیسے بنجر علاقے سے اسی قسم کا ذہین انسان پیدا ہوا کہ جو ہمارا خیال رکھے ۔ اس کے علاوہ جب حزب اختلاف والے اور ہماری طرف بیٹھنے والے کچھ اصحاب بھی وزیر ریلوے پر نکتہ چینی کر رہے تھے تو میں نے یہ دیکھا کہ اس سے انہیں کہیں غصہ تو نہیں آیا ۔ اور آیا وہ disciplinary action کے متعلق تو نہیں سوچ رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ جب بھارت نے غیر ملکی سامراج کی امداد سے حاصل کئے ہوئے اور امریکہ اور برطانیہ سے ۔ پناہ اسلحہ حاصل کرکے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جب کوئی مسلمان خطبہ شروع کرتا ہے تو وہ نحمدہ و نصلی علیٰ رسول الکریم کہتا ہے ۔ لیکن میجر اسلم جان صاحب نے اس کی جگہ پریذیڈنٹ صاحب اور گورنر صاحب اور وزیر صاحب کی تعریف شروع کر دی ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ چونکہ ان کی قیادت میں پاکستان نے وہ کارنامے کئے ہیں اور پاکستان نے وہ ترقی کی ہے جو کہ ان سے پہلے نہیں ہوئی ۔ اس لئے ہمیں ان پر بجا طور پر فخر کرنا چاہئے کہ ہم نے ان کی قیادت میں کیا کیا ترقی کی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ سکندر مرزا کے زمانے میں بھی یہی کہا جاتا تھا ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ تو جناب والا ۔ جب غیر ملکی سامراج

اور ان کی اعانت اور فوجی امداد سے بھارت نے پاکستان پر بزدلانہ حملہ کیا ۔ جس کے متعلق اس معزز ایوان کے اراکین بھی ذکر کر چکے ہیں ۔ کہ اس وقت ریلوے ملازمین نے کس بہادری ، شجاعت اور حوصلے کے ساتھ ڈٹ کر ان کا مقابلہ کیا ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب لیڈر اچھا ہو تو لوگ بھی اپنے لیڈر کی رہنمائی میں اس کے نقش قدم پر چلتے ہیں ۔ یہ میرا ذاتی تجربہ ہے اور میں نے ذاتی طور پر یہ دیکھا ہے کہ اس جنگ کے دوران میں جب حیات خاں ان سٹیشنوں پر جاتے تھے جو محاذ پر واقع تھے ۔ انھوں نے خود ان سٹیشنوں کی نگہداشت کی اور اسلحہ کی ترسیل کا کام اپنی رہنمائی میں کرواتے رہے ۔ اور فوجی اعتبار سے یہ بے حد ضروری ہے کہ اپنے ذرائع مواصلات کو قائم رکھا جائے ۔ اگر مواصلات کا ذریعہ ہی ٹوٹ جائے تو پھر اگلے محاذ پر لڑنے والی فوج کچھ بھی نہیں کر سکتی ۔ ہمیں ان پر بجا طور سے فخر کرنا چاہئے کہ انھوں نے ذرائع مواصلات کو قائم رکھا کہ جس کے منقطع ہونے سے بڑے سے بڑا ملک بھی جنگ ہار جاتا ہے ۔ اس وجہ سے ہم حیات خاں وزیر ریلوے اور ان کے محکمے کے انتہائی مشکور ہیں کہ جنہوں نے اپنا کام دن رات بخوبی انجام دیا ہے ۔ اور انھوں نے یہ اس لیے نہیں کیا کہ ان کو اس کی تنخواہ ملتی ہے ۔ بلکہ اس سے بڑھ کر کوئی اور ہی جذبہ اس کام میں کارفرما تھا ۔ اس لیے ہم ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ عوام نے اس بجٹ کو بڑے حوصلے سے دیکھا ہے ۔ اور اس سے ان کی ہمت بڑھی ہے ۔ کیونکہ منظور شدہ بجٹ میں اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ چھ کروڑ پچاس لاکھ روپے کا اضافہ دکھایا گیا تھا ۔ مگر نظر ثانی شدہ تخمینے کے مطابق چھ کروڑ پچھتر لاکھ روپے کا منافع دکھایا گیا ہے ۔ لیکن یہ منافع مزید بھی بڑھتا ۔ اگر موجودہ ہنگامی حالات کے تحت اخراجات میں اضافہ نہ ہوتا اور دفاعی محصول جو کہ مرکزی

حکومت نے لگایا ہے ، نہ لگایا جاتا ۔ اس محصول کے لگانے سے ہمیں ستر لاکھ روپے زیادہ ادا کرنے پڑے ۔ اور چونکہ فرنیس آئیل اور ہائی سپیڈ ڈیزل پر محصول لگایا گیا تھا ۔ اس لیے ان کی قیمتیں بھی بڑھ گئیں ۔ اور ہمیں اس پانچ فیصد اضافے کے متعلق جو کہا جا رہا ہے کہ یہ کیوں کیا گیا ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ ریلوے کوئی کاروباری ادارہ نہیں ہے ۔ اور ریلوے کو باربرداری اور کرایوں کی صورت میں جو آمدنی ہوتی ہے ۔ اس کے مطابق ہی اخراجات بھی ہو جاتے ہیں ۔ اس کے علاوہ ہمیں چار کروڑ روپے زیادہ ادا کرنے پڑے ہیں ۔ جنگ کی وجہ سے ترقیاتی پروگراموں میں ریلوے کی ذمہ داری اور غیر ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگی کی وجہ سے یہ پانچ فیصد کا اضافہ ضروری تھا ۔ اور اسے خندہ پیشانی کے ساتھ منظور کر لینا چاہیے ۔ یہ عام حالات کی وجہ سے ہوتا تو ممکن ہے کہ ہمیں پریشانی ہوتی ۔ بہر حال میں عرض کروں گا کہ آئندہ منصوبے میں دس فیصدی بھی نہیں بلکہ اسی کو نہ بڑھایا جائے ۔ اس کے علاوہ میں انہیں اس لیے بھی مبارک باد دیتا ہوں کہ انھوں نے فوجی نقل و حمل پر اس اضافے کا کوئی اطلاق نہیں کیا ہے ۔ اور ترقیاتی پروگراموں پر جو چھبیس کروڑ اکیس لاکھ روپے خرچ ہوں گے ۔ اس میں سے دو کروڑ روپے کشمور ۔ ڈی جی خاں ریلوے لائن پر خرچ ہوگا ۔ اس ریلوے لائین کی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ دریائے سندھ کے مغرب میں جو نسبتاً پس ماندہ علاقہ ہے اس کی ترقی کے لیے بھی بہت کچھ ہو سکے گا ۔ اور اس کے علاوہ ہمارے پاس ایک متبادل راستہ ہو جائے گا ۔ جو کہ شمال کو کراچی سے ملا دیا گیا ۔ کیونکہ اس وقت جو ہماری ریلوے لائین ہے ۔ وہ بارڈر کے ساتھ ساتھ چلی جا رہی ہے ۔ اس لیے دفاعی ضروریات کے لیے بھی اس کی انتہائی ضرورت ہے ۔ اور پھر اس وقت ہماری مین لائین پر جو congestion ہے ۔ وہ بھی کم ہو جائے گی ۔

Mr. Speaker : Now Mr. Taj Muhammad Khan Bangash.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میجر صاحب نے جو وقت لیا ہے وہ تو انہوں نے مبارک باد دینے پر صرف کر دیا ۔ اس لیے میں درخواست کرتا ہوں کہ انہیں اپنے علاقے کے مطالبات پیش کرنے کے لیے بھی مزید پانچ منٹ دیے جائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

خان زادہ تاج محمد خان بنگش (کوہاٹ ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ میں اپنی تقریر کا آغاز کروں ۔ میں مسٹر حمزہ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں ۔ جنہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ہم اپنی تقریر کا آغاز ہی وزیر ریلوے کی تعریف سے کرتے ہیں ۔ تو اس کے متعلق میں صرف یہی عرض کروں گا کہ پنجابی کی ایک مثل ہے کہ ''جناں دا کھائیے اونہاں دا گائیے'' ۔ حکومت ہی واحد ایک ایسا ادارہ ہے جو کہ ہمارے لیے وسائل مہیا کرتی ہے ۔ اب حال ہی میں انہوں نے جو کارہائے نمایاں پچھلے ستمبر کے مہینے میں کیے ہیں ، ہم انہیں کبھی نہیں بھلا سکتے ۔ اور ہم اس کے لیے ان کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کیا ان کا مطلب معاہدہ تاشقند ہے ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

خان زادہ تاج محمد خان بنگش ۔ جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر ریلوے اور ان کے محکمے کے جملہ افسروں کی تعریف کیے بغیر نہیں رہ

سکتا کہ انھوں نے جو کار ھائے نمایاں پچھلی جنگ کے دوران میں کیے ھیں ۔ اس کے علاوہ میں جناب وزیر ریلوے کو ایک اچھے بجٹ پیش کرنے پر بھی مبارک باد پیش کرتا ھوں ۔ یہ درست ھے کہ باربرداری اور کرایوں کی شرح میں پانچ فیصد کا اضافہ کرنے کی تجویز کی گئی ھے ۔ لیکن یہ اضافہ ناقابل برداشت نہیں ھے ۔ کیونکہ ھمارے پڑوسی ملک میں یعنی ھندوستان میں اس سے کہیں زیادہ کرایہ ھیں ۔ کہ جن کو لوگ بہر صورت برداشت کر ھی رھے ھیں اس کے علاوہ میں آپ کی وساطت سے اپنی چند ایک معروضات جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں پیش کرنا چاھتا ھوں ۔ وہ یہ کہ کوھاٹ اور ٹل کے درمیان چھوٹی لائن ھے ۔ ٹل عمارتی لکڑی کی بہت بڑی منڈی ھے اگر کوھاٹ سے ٹل تک narrow gauge line کو بڑا کر دیا جائے تو اس سے محکمہ ریلوے کو بہت فائدہ پہنچ سکتا ھے ۔ کیوں کہ خالی ویگنیں نہ ملنے کی وجہ سے جو عمارتی لکڑی وھاں یعنی ٹل میں پلیٹ فارموں پر گلتی سڑتی رھتی ھے ۔ وہ اس طرح ضائع ھونے سے بچ جائے گی ۔ اس طرح ریلوے کو بھی فائدہ ھونے کے امکانات ھیں اور عوام بھی نقصان سے بچ سکتے ھیں ۔ اس کے علاوہ تیسرے درجے کے جو مسافر ھوتے ھیں ، ان کے لیے بالخصوص سہولتیں مہیا کی جائیں تاکہ اس درجے میں سفر کرنے والے جو غریب لوگ ھیں ۔ وہ بھی ریلوے سے زیادہ اچھی طرح مستفید ھو سکیں ۔ اس کے علاوہ وزیر ریلوے نے بڑی مہربانی کی ھے کہ خیبر میل میں زیادہ ڈبے لگا دئیے ھیں جس سے کہ عوام کو بہت فائدہ پہنچے گا ۔

اس کے علاوہ کوھاٹ اور پنڈی کے درمیان دو ریلیں چلتی ھیں ۔ جو ۱۱۰ میل کا فاصلہ سات گھنٹے میں طے کرتی ھیں ۔ اگر ان میں سے ایک ریل گاڑی کی رفتار تیز کر دیں ۔ بلکہ خیبر میل اور تیز گام سے ملا دیں تو اھل کوھاٹ کو بھی پشاور والوں کی طرح سہولت ھو جائے گی ۔ بلکہ

ایک بوگی کراچی تک خیبر میل یا تیز گام سے لگا دی جاوے ۔ اور کوھاٹ ریلوے اسٹیشن پر بھی شیڈ لگایا جائے ۔

میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ کوھاٹ سے ایک ریلوے لائین موضع لاچی تک بنائی جائے ۔ یہ بہت بڑی منڈی ھے اور فوجی سٹیشن ھے یہاں سے حکومت کو اچھے سپاھی اور افسر ملتے ھیں ۔ اور میں تو یہ بھی کہوں گا کوھاٹ سے کرک (Karak) تک ریل نہیں جا سکتی اگر تحصیل کرک کو ضلع بنوں سے ملا دیا جائے تو یہ بہت کارآمد اور مفید بات ھو سکتی ھے ۔ کیوں کہ یہ ۳۰ میل کا راستہ ھے جو کہ بالکل ھموار ھے ۔ اور اھل کرک اس سے بہت فائدہ اٹھائیں گے ۔

اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ میرا چونکہ خود بھی کاروباری طبقہ سے تعلق ھے اس لیے میں اچھی طرح جانتا ھوں کہ جو مال کراچی سے برانچ لائنوں پر آتا ھے transhipment میں یعنی راستہ میں اس کے نقصان کا احتمال ھوتا ھے ۔ لہذا بہتر یہ ھوگا کہ اس معاملہ کی طرف خاص توجہ دیں تاکہ آئندہ یہ نقصان نہ ھو جس کے لیے ریلوے کو بڑے بڑے کلیمز ادا کرنے پڑتے ھیں ۔ اس کے علاوہ یہ گزارش ھے کہ ایک عرصہ سے کوھاٹ میں محکمہ ریلوے نے کوئی expansion نہیں کی اور نہ ھی کوئی ترقی ھوئی ھے ۔ اس لیے ٹل والی لائین کو جیسا کہ جدون صاحب نے فرمایا ھے براڈ گیج کیا جائے ۔ تاکہ ٹمبر کے تمام مسائل حل ھو جائیں وھاں پر ویگن کی کمی ھوتی ھے ھر روز پندرہ بیس ویگنوں کی demand ھوتی ھے ۔ جب کبھی ضرورت پڑتی ھے تو ویگن نہیں ملتی ۔ اس لیے محکمہ کو چاھیے کہ اس معاملہ کی طرف جلد از جلد توجہ دے تاکہ تکالیف دور ھوں اور ٹمبر مرچنٹ کو کسی قسم کی تکلیف نہ ھو ۔

چودھری محمد سرور خاں (سیالکوٹ ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ پہلے تو بجٹ کے موقع پر پارٹی کے ممبران کی طرف سے منسٹر انچارج کو مبارک باد پیش کرنے کی روایت چلی آتی ہے لیکن زمانہ مابعد جنگ میں ریلوے منسٹر نے ایک متوازن اور روبہ اصلاح اور ترقی پسندانہ بجٹ پیش کرکے جس فنی مہارت اور ذہنی صلاحیتوں کا ثبوت دیا ہے اس کے لیے میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہاں کرایہ میں ۵ فیصد اضافہ کے متعلق اعتراضات کیے گئے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ دنیا میں کسی دفاعی نظام میں جنگ کے دوران بری بحری اور ہوائی فوج سے مواصلاتی نظام کو کم اہمیت نہیں دی جاتی ۔ جنگ کے دوران مواصلاتی نظام کی کارکردگی اور مستعدی میں ذرا بھر بھی فرق آ جائے تو قوموں کی تقدیریں زیر و زبر اور فتوحات شکستوں میں بدل جاتی ہیں ۔ بلکہ یہ کہنا بالکل بجا ہوگا کہ اس مواصلاتی نظام میں مستعدی کے بغیر دفاعی حصار کو قائم نہیں رکھا جا سکتا ۔

جناب والا ۔ موجودہ جنگ ستمبر ۱۹۶۵ میں ہوئی ۔ ریلوے اس جنگ سے بہت متاثر ہوئی ہے ۔ وہ اس لیے زیادہ متاثر نہیں ہوئی کہ ہماری ریلوے لائین سرحدوں پر واقع ہے یا ہماری ریلوے لائین within Rifle Range ہے ۔ یا ریلوے لائین پر بم باری ہوتی رہی ہے یا ریلوے لائین پر مسافر شہید کر دیے گئے ہیں یا ریلوے جنگ سے متاثر لوگوں کے انخلا میں مصروف رہی ہے ۔ بلکہ ہماری ریلوے اس لیے بھی متاثر ہوئی ہے اور بہت زیادہ متاثر ہوئی ہے کہ غیر متوقع جنگ میں ہم کو فوجیوں کی نقل و حمل اور سامان کی بہم رسانی میں جس مستعدی جس جلدی اور جس چستی کا مظاہرہ کرنا تھا وہ فی الواقعی اگر غور کیا جائے تو یہ میں کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ان کی نصف سے زیادہ کارکردگی اس بات کی نذر ہو جاتی ہے ۔ اور اگر

کوئی محکمہ جس کی کار کردگی کا نصف سے زیادہ حصہ ملکی دفاع یا ملک اور قوم کی سالمیت پر خرچ ہو جاتا ہے تو اس کا جنگ سے متاثر ہونا ناگزیر امر ہے ۔ اس لیے میں یہ کہوں گا کہ جب زمانہ مابعد جنگ میں تعمیر جدید کے سلسلہ میں کسی قوم کے ذمہ کوئی واجبات مقرر کر دئے جائیں تو زمانہ مابعد جنگ میں تعمیر جدید کے لیے اقوام ہمیشہ بڑی فراخدلی اور بلند حوصلگی سے ان واجبات کو بڑی خندہ پیشانی سے قبول کرتی ہیں جو ان کے ذمہ عائد کر دئے جاتے ہیں ۔ لیکن ریلوے کے کرائے میں صرف ۵ فیصد اضافہ کی وجہ سے اڑھائی کروڑ کی حقیر سی رقم جو ریلوے نے اپنی مستعدی اور صلاحیتوں کو برقرار رکھنے اور اپنے ترقیاتی پروگرام میں رکاوٹ پیدا نہ ہو ۔ کے لیے حاصل کرنے کی کوشش کی ہے اس ۵ فیصد اضافہ کو اگر ہم ناگوار اور نا جائز تصور کرتے ہیں تو اس امر کے سوا اور کچھ نہیں کہ ہماری ذہنی نشوونما ، حب الوطنی سے ہم آہنگ نہیں ہے یا ہمارے ذہن جذبہ جہاد سے متاثر نہیں ۔

Mr. Speaker ; The member may please try to conclude his speech.

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan : Right Sir. I am still in the beginning Sir.

جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے کل اس امر کا اعتراف کیا ۔ خدا انہیں جزائے خیر دے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اور جنت نصیب کرے ۔ (قہقہہ)

چودھری محمد سرور خان ۔ انہوں نے کل یہ فرمایا تھا کہ ریلوے کے محکمہ نے لائین بچھانے کے متعلق کوئی ایسا کارنامہ یا تجویز آج تک پیش نہیں کی یا ایسا عمل نہیں کیا جس کے متعلق کہا جا سکے کہ ریلوے نے واقعی کچھ کام کیا ہے ۔ اس معاملہ میں جناب والا ۔ میں اس سے متفق

ہوں ۔ میرا ذاتی نظریہ یہ ہے کہ تقسیم کے بعد جو محکمہ جات یا جو سرکاری ادارے یا جو کچھ بھی پاکستان کے حصہ میں آیا ان میں سب سے زیادہ توانائی ریلوے کے محکمہ میں تھی ۔ لیکن اس کے باوجود پندرہ سولہ سال میں اس نے کوئی قابل قدر ترقی نہیں کی ۔ لیکن میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ جناب حمزہ مجھ سے اس معاملہ میں اتفاق کریں گے کہ ریلوے کا یہ پہلا بجٹ ہے جس میں کوئی نئی لائین بچھانے کی تجویز ہے یا کم از کم ترقی کے لیے کوئی نہ کوئی قدم اٹھانے کی کوشش کی گئی ہے جس سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ ۱۶ سال کے بعد جمود توڑ دیا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : Something about Narowal ?

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan : I have to start from Gujranwala.

Mr. Speaker : Then the member would be representing me.

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan : Yes Sir. (Laughter)

چودھری محمد سرور ۔ جناب والا ۔ جب میں اس بھرپور اور تنومند اور گرانڈیل جوان ریلوے منسٹر کو دیکھتا ہوں تو یہ محسوس کرتا ہوں کہ باوجود میری ذاتی وابستگیوں اور دل بستگیوں کے ان میں صلاحیتیں موجود ہیں ۔ لیکن جس وقت اپنے علاقہ کی ریل گاڑی میں سفر کرتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزماں ۔ 'ذاتی دل بستگی' سے کیا مراد ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ social, economic and cultural

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ بیگم صاحبہ نے جو فرمایا ہے ہم نہیں سمجھ سکے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ یہ آپ کی کم سنی کا نتیجہ ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ محکمہ نے جو بے التفاتی اور بے رخی ملک کے اس حصے میں برتی ہے وہ قطعی طور پر ناپسندیدہ ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں نے شکوہ کرنا چھوڑ دیا ہے کہ ہمارے علاقہ میں مسافر گاڑیوں کے اوپر بیٹھتے ہیں یا یہ شکوہ کرنا چھوڑ دیا ہے کہ وہاں سگنل سے آدمی ٹکرا کر مر جاتے ہیں ۔ لیکن اگر میں اپنے جنکشن کے متعلق ایک واقعہ سنا دوں تو ریلوے منسٹر صاحب کو اس کی کیفیت کا اندازہ کرنے میں کافی مدد ملے گی ۔

جناب والا ۔ دو سال کا عرصہ ہوا میں اپنے ریلوے سٹیشن پر کھڑا تھا تو لاہور سے گاڑی ایک گھنٹہ لیٹ آئی ۔ تو اس خوشی میں ایک آدمی سے کہا ۔ Thank God that the train is only one hour late. تو میں نے دیکھا کہ وہ ریلوے کا ملازم تھا ۔ اس نے فوراً جواب دیا Yes Sir, but it is yesterday's train یہ ہے ہماری اس ریلوے لائین کا حال ۔ اگر موجودہ زمانہ میں کوئی ریل گاڑی آج چل کر دوسرے دن ۴۸ میل کا فاصلہ طے کرے تو اس پر نگاہ رکھنا انتہائی ضروری ہے ۔ اس میں بنیادی طور پر کافی نقائص ہوں گے۔ یا وہاں پر management میں کوئی خرابی ہوگی۔ آخر میں پسرور اور ظفروال لائن کا جو پرانا سروے ہوچکا ہے لیکن ابھی تک محکمہ ریلوے نے کوئی توجہ نہیں کی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ علاقہ انتہائی populated ہے اور جنگ سے متاثرہ علاقہ ہے ۔ یہاں ریلوے لائن دفاعی نقطہ نگاہ سے

بھی انتہائی ضروری ہے ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ جنگ کے دنوں میں لوگوں کے انخلا میں کافی دقت ہوئی ہے ۔ کیوں کہ ریلوے لائن گولیوں کی زد میں تھی ۔ میں ریلوے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ان کی ہمت اور ان کے عزم پر اس ہاؤس نے یہاں یقین کیا ہے لہذا ان کو بھی چاہیے کہ وہ ریلوے کے محکمہ میں ایسا انقلاب لے آئیں کہ اگر کسی جغرافیہ کے طالب علم سے یہ پوچھا جائے کہ آیا الجزائر اور مراکش یا انڈونیشیا وغیر وغیرہ کس ملک میں ریلوے کا انتظام اچھا ہے تو یہ کہا جائے کہ وہ ویسٹ پاکستان کی ریلوے ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے کل بھی ایک درخواست پیش کی تھی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں وہ زیر غور ہے ۔

جعفر علی شاہ اتالیق (پشاور ایجنسی-٦) ۔ جناب والا ۔ گذشتہ سال کے دوران محکمہ ریلوے نے جس جان فشانی مستعدی اور خوش اسلوبی سے اپنا فرض انجام دیا ہے اس کی تعریف بہت سے معزز ممبران مجھ سے پہلے کر چکے ہیں ۔ میں بھی ان کا ہمنوا ہوں ۔ نیز میں جناب وزیر ریلوے کو اس کارکردگی پر اور ایک حقیقت پسندانہ بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد دیتا ہوں ۔

جناب والا ۔ بجٹ میں بہت سے ترقیاتی پروگرام اور مسافروں کے لیے سہولتوں کا انتظام کیا گیا ہے ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان ترقیاتی پروگراموں اور سہولتوں سے سابق صوبہ سرحد کے پس ماندہ سرحدی علاقوں کو کوئی فائدہ نہیں پہونچتا کیونکہ وہاں سرے سے ریلوے لائن ہی نہیں ہے ۔ مثال کے طور پر مغربی پاکستان کا سب سے

شمالی ریلوے ٹرمنس درگئی ریلوے سٹیشن ہے ۔ درگئی سے آگے ریل نہیں جاتی لیکن درگئی کے شمال میں جو سرحدی ریاستوں اور ایجنسیوں کا وسیع علاقہ ہے وہ رقبہ میں ۱۲ ہزار میل اور آبادی میں دس لاکھ سے زیادہ ہے ۔ اس علاقہ میں وسیع قدرتی ذخائر مثلاً معدنیات ، جنگلات اور دیگر قابل برآمد اشیاء ہیں ۔ لیکن یہاں کے لوگ ریلوے کی سہولتوں اور فوائد سے محروم ہیں ۔ چونکہ حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ پس ماندہ علاقوں کو جلدی ترقی دے کر ملک کے دوسرے حصوں کے برابر لایا جائے اس لیے میری یہ گذارش بجا نہ ہوگی کہ درگئی سے ریلوے لائن کو آگے بڑھایا جائے اور اس کو چک درہ اور دیر تک پہنچایا جائے ۔ درگئی سے آگے واحد رکاوٹ ملاکنڈ کی چھوٹی سی پہاڑی ہے ۔ اگر ملاکنڈ سے لائن کو بذریعہ سرنگ یاں دوسرے طریقے سے آگے نکالا جائے تو چکدرہ تک ریلوے لائن بآسانی جا سکتی ہے اور اس سے آگے دیر تک بھی پہنچ سکتی ہے ۔ جب لائن آگے بڑھ جائے گی تو اس سے ان شمالی علاقوں کی قدرتی دولت مثلاً معدنیات جنگلات وغیرہ سے پورا فائدہ اٹھایا جا سکے گا ۔ جیسے جیسے وہ علاقہ ترقی کر سکے گا اور وہاں کے لوگوں کی اقتصادی حالت بہتر ہو سکے گی ویسے حکومت کو بھی معدنیات اور جنگلات یعنی لوہا جیسی ضروری شے اور عمارتی لکڑی کی درآمد سے کافی آمدنی ہوگی ۔

دوسری عرض یہ ہے کہ اس وقت تیز گام گاڑی صرف پنڈی تک جاتی ہے ۔ پنڈی سے آگے پشاور نہیں جاتی ۔ میری یہ گذارش ہے کہ اس سروس کو پشاور تک بڑھایا جائے تاکہ پشاور اور راولپنڈی کے مسافروں کو ریلوے میں سفر کرنے کی مزید سہولتیں میسر ہو سکیں ۔

ان معروضات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat-II): Mr. Speaker, Sir, just a little while ago there was just a thunder-storm behind me when Malik Akhtar was speaking and I feel that very few ideas have been left in my head; they have been completely blown out. However, that thunder-storm was followed by a hail-storm, I think, the only speech in the House, which brought forward some defects of which we had no knowledge. I do hope that if there is any iota of truth in it, I am quite certain that it will not escape the Minister's attention. I would not start with "علمدی", as Mr. Hamza said, but I do admire the legislative craft of the Minister because the House has evinced such keen interest in the railway budget. I think it has been mostly in true parliamentary traditions and indeed very constructive. Most of the points that any one of us wanted to raise have already been covered.

Sir, there were two films in my life—I am not a great film addict, but there were two films concerning the railway that I have seen; one was called 'Blue Express' and the other was "Wh els must move". I will talk about the 'Blue Express' a little later but the "Wheels must move" film showed that an earthquake disaster had overtaken the countryside and the railway kept on moving at great risk to themselves, to their personnel, but they kept the routes open, they kept the essential supplies open, and the people never suffered. It was one of the most interesting films, and I must say that in this tradition our railways worked during the recent emergency when they had to work in complete darkness, they had to move tremendous amount of our armaments, soldiers and equipment at short notices from station to station and from front to front. I think I will be failing in my duty if I do not join my voice with those who paid tributes to that great organization, that great railway that served the Nation at its critical moment, so ably and so well. For that I thank the Minister and his team of administrators and all the railway personnel who deserve our full congratulations.

Sir, there are one or two things that may sound plebeian but it is on the maintenance side. Sir, I really am at a loss to understand firstly that why can't we, after 18 years of our existence, do such a simple thing as the building of a railway bogey. I am not a technician. There may be some really great difficulties in bringing out bogies, but they are such simple looking things and I was very happy to hear that a beginning has been made. Our railway may be having certain difficulties; the steel may be the drawback. But as it has been pointed out, in Japan there in no steel but they still make the finest railways themselves.

Then, secondly, on the maintenance side, I would say this much that if you go on the side-line Sir, I think simple carpentry and blacksmith jobs have escaped the notice. They are such simple things; for that no foreign exchange is needed nor great experts are needed.

Another thing, Sir, is that in the Upper Class, you will appreciate that 90 percent of us use the Pakistani style of W. C. Now when we travel even in the air-conditioned saloons, and some of our countrymen do travel by them, it becomes impossible to use water for Istinja in the W. C. for the simple reason that the W. C. is in the European style, which most of our people do not use, with the result that there is a great deal of inconvenience caused to them. I would like the Railway Minister to look into

whether he can convert the W. Cs. into some shape or form whereby they could be used in the oriental style along with the western style. The second thing to which I referred to was a film called the Blue Express. This was a Soviet propaganda film which, when I was a student at Oxford, was shown to us. It was a Blue Express Train travelling from Moscow to Valadivostok and in that a Grand Duke was travelling. Well, the luxury of the Grand Duke on one side and the pitiable condition of the third class or the fourth class people on the other side, where people were dying for lack of medicine and food because it was a very long haul from Moscow to Valadivostock, whenever the Grand Duke wanted to shoot, and in order to fulfil the wishes of the Grand Duke the train had to stop. I think the same analogy was repeated some years back when some Minister's wife was in Peshawar and she had lot of 'tikka kabab'. The train had to stop because carminative mixture was to be obtained I am very glad that these things have gone and they do not exist. I do not subscribe to the view that the standards of first-class should be reduced. What I would like is that the first-class standard should not be reduced and I would earnestly suggest and recommend that the third-class should be improved to an extent that the super luxiry on the one side and the dire trouble on the other side is minimized and the gap between the two is narrowed. For instance, as a suggestion, I would recommend desert coolers in the third-class. Some ways and means can be devised by our engineers whereby the oppressive heat with which our third-class passengers over-crowded as they are, are faced can be controlled and they get a little cool temperature in their compartments. Sir, I know that you have got your eye on the time but I will just make a few suggestions.

With regard to freight I would say that this is a kind of vicious circle. You increase the freight on one side and the result is that the prices of commodities increase on the other. I will tell you what we have experienced in Peshawar. If we want to export something abroad to New York or some other foreign country, I am not sure about the figures but I would like the Railway Minister to look into it, I am told that from Peshawar to Karachi the railway freight is more than the freight by ship from Karachi to New York. Those industries which are located in my region—Peshawar, Kohat and Bannu—it is impossible for them to compete when they have to pay an enormous amount of freight. Now, some via media, some means, could be found whereby we could reduce this rate for exports from the under-developed areas. I think it would be a great boon. The delivery system is most welcome. It exists in other parts of the world and I would strongly recommend that this experiment should also be extended to Peshawar. Two things more, Sir.

Mr. Speaker: The member may please conclude.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: Two minutes more, Sir,

I think Lord Curzon, the greatest Viceroy and the greatest Administrator that this sub-continent has ever had, was responsible for the extension of these railways which he wanted to extend to Afghanistan and which was extended to Tal with the idea of extending it to Parachinar. Now, Sir, I think these areas, as has been said by a member from Chitral, would not develop unless you extend these railways and include it in your

programme. For instance I would suggest to you for the Khattak area. You could easily extend the small railway line from Bannu to Kohat and link Bannu with Mari Indus by the Broad Guage. You see, Sir, you can extend the railway from Kohat to Tal and from Tal onwards. Now, this is something which I would like to put before the Minister myself in due course of time. But there is one thing about which I would like to speak on the Floor of this House and that is the expansion of railway from Landi Khana to Afghan Torkham and from Chaman to Spin Boldak on Afghan side. Personally, I think that would be a very retrograde step to do. Either we should extend the railway from our Torkham to Jalalabad, which was originally the idea, or from Spin Boldak, from our Chaman, we should extend it right up to Qandhar. That would be booking the Afghan railway system to ours. If we only extend it at the moment from Torkham to the Afghan side it would mean that the people of Peshawar would lose all the thousands of people and lorries that are now coming to Peshawar city and are the means of livelihood and a means of great contact between the two countries would be completely lost. With these words I conclude my speech.

رانا پھول محمد خاں (لاہور - ۷) — جناب سپیکر - میں جناب وزیر ریلوے کو فاضل بجٹ پیش کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں - اگر یہ بجٹ تدبر اور محنت سے نہ تیار کیا جاتا تو اس کی نوعیت کچھ اور ہی ہوتی - میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اپنے اس فاضل بجٹ میں زیادہ رقم تعمیر و ترقی کے لئے مخصوص کی ہے اس لئے یہ بجٹ قابل مبارکباد ہے - جہاں تک ریلوے کی کارکردگی کا تعلق ہے حالیہ جنگ میں اس محکمے نے فوج کے دوسرے درجہ پر کام کیا ہے - یعنی ایک ایک سپاہی سترہ سترہ مورچوں پر رہا ہے اور اس طرح سے ریلوے کا ادنیٰ سے ادنیٰ ملازم اور بڑے سے بڑا افسر ۲۴ سے لیکر ۴۸ گھنٹوں تک کام کرتا رہا ہے اور متواتر کرتا رہا ہے - اور میں نے خود وزیر ریلوے کو اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ جب توپوں کے گولے چل رہے تھے تو وہ گاڑیوں ، فیکٹریوں اور ورکشاپوں کا خود معائینہ کرتے تھے - ریلوے کے محکمہ نے جنگ کے دوران جو قوم کی خدمت کی وہ یقیناً قابل ستائیش ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وزیر ریلوے کی جس قدر بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے - ان کے محکمہ اور

ان کے اہل کاروں کی کارکردگی کا نتیجہ ہے کہ جنگ کے دوران تمام کام اپنی جگہ پر درست رہا ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ وزیر ریلوے کی ہمت اور جوانمردی کا نتیجہ ہے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے کہ کرایوں میں پانچ فیصد کا اضافہ کر دیا گیا ہے تو اس سلسلہ میں عرض کرتا ہوں کہ مجھے بھی اپنے صوبے کے عوام سے محبت ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان پر معمولی بار ہے ۔ مگر اس کو میں ٹیکس یا کرایہ کی زیادتی تسلیم نہیں کرتا کیونکہ جہاں قوم کو جنگیں لڑنی پڑیں تو ان کو بڑی سے بڑی قربانی بھی دینی پڑتی ہے اور یہ ۵ فیصد کا اضافہ یعنی معمولی سا کرایہ کا بڑھ جانا یہ ایک ایثار کا مطالبہ ہے ۔ جو قوم ایثار نہیں کر سکتی وہ دنیا میں زندہ بھی نہیں رہ سکتی ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری ریلوے کی بہتری کے لئے ، قوم کی بہتری کے لئے ، ملک کی بہتری کے لئے اگر وہ کرایہ اور بھی بڑھا دیں یا اور بھی کرایہ بڑھا دیا جائے تو ہمیں اس پر زیادہ اعتراض نہیں کرنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ میرے کچھ دوستوں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ صرف تھرڈ کلاس اور فسٹ کلاس دو کلاسیں ہونی چاہئیں ، باقی سب ختم ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اپنے کردار کو بھی واضح کرنا چاہئے ۔ اگر ہم اسمبلی کے ممبران فسٹ ، سیکنڈ یا ایئر کنڈیشنڈ میں سفر چھوڑ دیں اور اپنے چھوٹے بھائیوں کے ساتھ تھرڈ میں سفر کریں تو ہمارا یہ مطالبہ جائز ہوگا کہ صرف ایک کلاس ہو ۔ جیسے خان محمد یوسف خان صاحب نے کہا ہم صرف ایک جماعت ہیں ، ہم مسلمان ہیں ۔ ہمیں وہ کردار ادا کرنا چاہئے ۔ ہم پہلے اپنے بھائیوں کے ساتھ تھرڈ کلاس میں سفر کریں اور پھر یہ مطالبہ کریں کہ فسٹ کلاس کے سوائے باقی کلاسوں کو اڑا دیا جائے ۔ جہاں تک دوسرے درجوں کو

ختم کرنے کا تعلق ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں صرف دو درجے ایک بہت امیر ایک بہت غریب ہی نہیں بلکہ اس ملک میں ریلوے کے پانچ درجے اور عوام کے سات درجے ہیں ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان تمام درجات کو ختم کر دیا جائے تو عوام کے درمیانی طبقہ کی حق تلفی ہوگی ۔ میں جناب ریلوے کی توجہ اس پر مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اگر وہ تھرڈ کلاس کے ڈبوں کی حالت انٹر کے ڈبوں کے مطابق بنا دیں تو زیادہ بہتر ہوگا ۔

جناب والا ۔ اب میں اپنے علاقہ کی کچھ تکالیف بھی ان کے سامنے بیان کرتا ہوں ۔ مجھے امید ہے کہ وہ میری اس تجویز کو صرف اس لئے نہیں کہ یہ میری ذاتی تجویز ہے، بلکہ دفاعی حیثیت سے میری اس تجویز کو خاص اہمیت دیتے ہوئے اس پر خاص غور فرمائیں گے ۔ جناب والا ۔ کراچی سے لاہور ریلوے پر رائے ونڈ ایک اہم سٹیشن ہے ۔ ہر خاص و عام جانتا ہے کہ اس سٹیشن سے کس قدر زیادہ سامان ہمیں جنگ کے دوران مہیا کرنا پڑا اور وہاں جنگ کے دوران کس قدر حملے ہوئے ۔ اگر وہاں سے ریلوے لائن ٹوٹ جاتی تو رسل و رسائل کا خاتمہ ہو جاتا ۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ اگر رائے ونڈ سے لائل پور یا جڑانوالہ تک براستہ ہیڈ بلوکی ایک برانچ لائن بنا دی جائے تو وہ دفاعی لحاظ سے نہایت فائدہ مند ہوگی ۔ علاوہ اس کے زمینداروں اور تجارت پیشہ لوگوں کا بھی بہت سا بھلا ہو سکتا ہے ۔ کیونکہ اس طرح دس غلہ منڈیوں کا آپس کا تعلق قائم ہو سکتا ہے ۔ میرے کچھ دوستوں نے ، خاص طور پر حمزہ صاحب نے ، حسب عادت اپنی تقریر میں ریلوے بجٹ پر بہت نکتہ چینی کی ہے ۔ لیکن اگر سب خامیاں پوری کر دی جائیں اور سب نقائص کو دور کر دیا جاتا تو حمزہ صاحب پھر بھی تنقید کرتے ۔ یہ ان کے بس کی بات نہیں یہ ان کی عادت ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ مسٹر سپیکر ۔ کیا میں آپ کی وساطت سے انہیں پوچھ سکتا ہوں کہ میری تقریر آپ کو سمجھ آ گئی ہے ۔

رانا پھول محمد خاں ۔ جناب والا ۔ جنگ کے دوران میں اپنے گھر کا بجٹ بھی بنانا پڑے اور اس وقت پیش ہو تو پتہ چلتا ہے کہ اس میں کیا کیا خرابی ہے ۔ اور جب بیگم محترمہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھائیں ۔ تو ان کا سانس پھول جاتا ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ وزیر ریلوے کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ مجھے امید ہے کہ جس طرح انہوں نے پچھلے سال کے وعدوں کو اس سال ترقیاتی سکیموں میں نبھانے کی کوشش کی ہے ۔ آئندہ بھی وہ اسی طرح اس سال کے کئے ہوئے وعدوں کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے ۔ میری یہ دعا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ہمارے ریلوے وزیر کو اتنا زیادہ کام کرنے کی جزا عطا فرمائے ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵) ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی میرے ایک معزز دوست نے فرمایا ہے کہ وزیر ریلوے نے گذشتہ سال کئے گئے اپنے وعدوں کے مطابق ترقی کی رفتار کو جاری رکھا اور اپنے وعدوں کو پورا کیا ۔ ان کی قائدانہ صلاحیتوں کے متعلق اور دوسری خوبیوں کے بارے میں جو کہ اس بجٹ کو تیار کرنے میں ظاہر ہوئی ہیں تمام ایوان کے ممبروں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے میں ان کا ہمنوا ہوں ۔ اور یہ بجا طور پر توقع رکھتا ہوں کہ وہ اس بجٹ میں کئے گئے وعدوں کو پورا کریں گے ۔ بلکہ جن کمزوریوں ، خامیوں اور دوسری خرابیوں کی نشان دہی کی گئی ہے ان کو بھی دور کرنے کی کوشش کریں گے تاکہ محکمہ ریلوے صحیح معنوں میں ایک عوامی محکمہ بن جائے ۔

جناب والا ۔ میں رانا پھول محمد خان کی اس تجویز کی تائید کرتا ہوں کہ رائے ونڈ سے ایک لائن لائل پور تک بنائی جائے ۔ اس سے نہ صرف دفاعی تقاضوں کی تکمیل ہوگی بلکہ تجارتی فوائد بھی حاصل ہوں گے ۔ چند دوستوں نے اپنے دور دراز پسماندہ علاقوں کے مطالبات یہاں پیش کئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر صحیح معنوں میں ہمارا مقصد یہ ہو کہ ہم نے زیادہ سے زیادہ عوام کی خدمت کرنی ہے اور اس محکمہ کو عوام کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید بنانا ہے تو ان مطالبات کو ہر لحاظ سے اولیت دینا چاہئے ۔ (تالیاں) ۔ کیونکہ مقصد صرف یہ نہیں ہے کہ جو گنجان آباد علاقے ہیں وہاں سے پیسے حاصل کرنے کے لئے، منافع حاصل کرنے کے لئے ریلیں چلائی جائیں بلکہ کوشش یہ ہونی چاہئے کہ ہم اپنے ملک کے تمام طبقات اور تمام حصوں کی پوری پوری خدمت کریں ۔ اور ریلوے کو تمام ملک کے لئے یکساں طور پر مفید بنانے کی کوشش کریں ۔ مجھے امید ہے کہ جناب وزیر ریلوے اس بنیادی چیز کو مدنظر رکھیں گے ۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں انہیں دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ وہ اپنی صلاحیتوں کی بنا پر جو چیزیں ان کے سامنے لائی گئی ہیں ان کو پورا کرنے کی کوشش فرمائیں گے ۔ (تالیاں) ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ہمارے قائد ایوان نے پونے دو بجے تک وعدہ کیا ہے ۔ ہم لوگوں کی تقریر تو باقی رہ گئی ۔

مسٹر سپیکر ــ حاجی صاحب پونے دو بجے تک نصف گھنٹہ وزیر ریلوے لیں گے ۔ اس کے بعد آپ کو موقع مل سکے گا ۔ کٹ موشنز آ رہی ہیں ۔ مطالبات زیر بحث ہونے ہیں ۔

خان ملنگ خان ــ جناب سپیکر ۔ ضلع ہزارہ کے چھ ممبران کو ریلوے کے متعلق جو تکالیف ہیں ، انہیں بیان کرنے کے لئے کوئی وقت نہیں دیا گیا ۔ ہمیں بھی کم از کم اپنی تکالیف کے متعلق عرض کرنے کا کچھ موقع دیا جاتا تاکہ ہم انہیں ریلوے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کرتے ۔ اس کے بعد ان کی تقریر ہوتی ۔

مسٹر سپیکر ــ خان ملنگ صاحب جہاں تک میرا تعلق ہے ۔ مجھے اس میں خوشی ہے کہ ہزارہ کے تمام ممبر صاحبان یہاں تقریر کریں مگر یہ فیصلہ آپ نے کرنا ہے ۔ آپ دو بجے تک بیٹھیں ۔ سہ پہر کا اجلاس رکھ لیں آپ جو فیصلہ کریں مجھے قبول ہوگا ۔ اب وزیر ریلوے سے پہلے تین ممبر صاحبان تقاریر کریں گے ۔ خواجہ جمال محمد کوریجہ ، خان ملنگ خان اور حاجی عطا محمد لنڈ ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ (رحیم یار خان ۔ ۱) ــ جناب سپیکر ۔ معزز وزیر ریلوے نے جو فاضلہ بجٹ اس ہاؤس میں پیش کیا ہے وہ واقعی قابل تعریف ہے اور عوام اور ملک کے لئے فائدہ بخش ہے جس کے لئے میں جناب وزیر ریلوے کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں چند ایسے امور کی طرف ان کی توجہ مبذول کرواتا ہوں جو اہمیت کے لحاظ سے کسی طرح بھی کم نہیں ہیں ۔ یہ صحیح ہے کہ ریلوے نے جو کارہائے نمایاں اس حالیہ جنگ میں یا اس سے پہلے یا اس کے بعد سر انجام دئے ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں ہیں ۔ اور ریلوے ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کو ہر آدمی اور بچہ بچہ نظر تحسین اور تعریف کی نگاہ سے دیکھتا ہے ۔

جناب والا ۔ میں نے اپنے کانوں سنا ہے کہ وہ لوگ بھی تعریف کر رہے تھے جو کہ ہماری محب الوطن حکومت کے ذاتی مخالف ہیں ۔ اور اس کا جواب ہاؤس میں مل رہا ہے اور یہ ہماری سچائی کا بین ثبوت ہے ۔

جناب والا ۔ ریلوے نے جو چند سالوں میں ترقی کی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

ایک ممبر ــ جناب والا ۔ ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : There is no quorum in the House, let the bells be rung (*bells were rung*).

The House is now in quorum. Yes, Mr. Koraija.

خواجہ جمال محمد کوریجہ ــ جناب والا ۔ چند سالوں میں ریلوے نے جو ترقی کی ہے اور جنگ کے دوران جس جرأت ، ہمت اور جواں مردی کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل تعریف ہے ۔ جناب والا ۔ میں بہت کچھ کہتا لیکن وقت بہت کم ہے اس لئے اب میں اپنی تحصیل کے متعلق جو چند مسائل ہیں ان کی طرف وزیر موصوف کی توجہ مبذول کراتا ہوں ۔

جناب والا ۔ تحصیل لیاقت پور تجارت کے لحاظ سے ایک صدر مقام کی حیثیت رکھتی ہے اور زراعت کے لحاظ سے ضلع سے نہیں بلکہ ڈویژن بہاول پور سے کہیں کم نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ دو سال سے تحصیل لیاقت پور میں بجلی آ چکی ہے لیکن اس وقت تک ریلوے سٹیشن پر کوئی بجلی کا انتظام نہیں کیا گیا ۔ جو مسافر رات کو اترتے ہیں وہ پہلے تاریکی کا شکار ہو جاتے ہیں اگر وہاں سے کوئی مسافر حوصلہ کرکے چل پڑے تو جیسے

مچھلی جال میں پھنس جاتی ہے اس طرح سگنل کی تاروں میں الجھ کر منہ کے بل گر پڑتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اگر ایک بار کوئی آدمی آ جائے تو دوسری بار وہ کبھی جرات نہیں کرتا کہ وہ اس طرف تشریف لائے ۔ جناب والا ۔ میں وزیر موصوف کی توجہ اس اہم امر کی طرف دلاتا ہوں کہ وہاں بجلی کا فوری انتظام کیا جائے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ بجلی کے انتظام کا تعلق وزیر ریلوے سے نہیں ہوتا ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ جناب والا ۔ میں کہتا ہوں کہ حکومت کی ہاگ ڈور جس کے ہاتھ میں ہو وہ تمام چیزوں کا ذمہ دار ہے ۔

جناب والا ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ وہاں کراسنگ پل نہ ہونے کی وجہ سے بہت نقصان ہوتا ہے کیونکہ منڈی جو قائم ہے وہ ریلوے پٹڑی سے مشرق کی طرف ہے اور فیکٹری جو ہے وہ ریلوے لائن سے مغربی طرف ہے ۔ اس لئے آمد و رفت میں بڑی دقت ہوتی ہے اور آپس میں عوام کا رابطہ قائم نہیں رہ سکتا اور ان کو آ جانے میں بہت دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ میں کئی بار پہلے بھی ان کی خدمت میں عرض کر چکا ہوں کہ وہاں پر کراسنگ پل بنایا جائے جس سے عوام کو بھی فائدہ پہنچے گا اور وقت کی بھی بچت ہو گی ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ سٹیشن پر ٹیلیفون کا کوئی سسٹم نہیں ہے ۔ اگر کوئی مسافر گاڑی کے اوقات معلوم کرنا چاہے تو اس کو میل یا دو میل یا فرلانگ پیدل چل کر جانا پڑتا ہے اور سٹیشن پر جا کر معلوم کرنا ہوتا ہے ۔ اگر گرمی میں کوئی آدمی چل کر آئے تو اس کا کیا حشر ہوتا

ہو گا ۔ تحصیل کے ٹیلیفون کی فراخ دلی کا یہ عالم ہے کہ اگر ایک آدمی دوسرے نمبر پر بات کرے تو یہ عالم ہوتا ہے کہ تمام منڈی کے لوگ ٹیلیفون سنتے رہتے ہیں کہ کوئی بات کر رہا ہے ۔ جناب والا ۔ میں گزارش کروں گا کہ ٹیلیفون کا سسٹم سٹیشن پر بھی ہونا چاہیئے تاکہ لوگوں کو جو تکالیف پیش آتی ہیں وہ دور ہو سکیں ۔ اور پرانے سسٹم کو بھی ختم کیا جائے کیونکہ تحصیل لیاقت پور کے ٹیلی فون کا سسٹم بالکل خراب غیر تسلی بخش اور تکلیف دہ ہے ۔ جناب والا ۔ میں دوبارہ وزیر ریلوے کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ تحصیل لیاقت پور میں خیبر میل گاڑی کا تین منٹ کا سٹاپ رکھیں تاکہ ہم لوگ اور تجارت پیشہ لوگ اپنا وقت بچا سکیں اور سفری کوفت سے بھی بچ سکیں اور اس طرف فوری توجہ فرمائیں اور ہماری جو معروضات ہیں ان کو پورا کریں ۔ اس کے بعد میں دوبارہ ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔

خان ملنگ خان (ہزارہ ۔ ۵) ۔ جناب سپیکر ۔ میں وزیر ریلوے صاحب کو اور ان کی راہنمائی میں ان کی انتظامیہ اور نچلے طبقہ کے ریلوے ملازمین کو خصوصیت کے ساتھ مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے گزشتہ جنگ کے دوران رات کی تاریکیوں میں سپلائی لائن کو جاری رکھا ۔ اس دوران میں انہوں نے جانوں کی قربانیاں بھی دیں ۔ کئی نچلے طبقہ کے ملازمین ریل کے نیچے کٹ کر مارے گئے ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ریلوے کی انتظامیہ نے ان شہیدوں کے متعلق اعلیٰ حکام سے ان کے ایوارڈ کے متعلق کوئی سفارش نہیں کی جو ان کی کارکردگی اور ان کی جانثاری کی سند ان کے پسماندگان کے پاس ہوتی اور وہ اس پر فخر کر کر سکتے (ہیئر ۔ ہیئر) ۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ اگر کوئی بڑا افسر یا ریلوے کے افسران میں سے کوئی شہید ہو جاتا ہے تو اس کے لئے یقیناً زیلوے منسٹر صاحب بھی اور ریلوے بورڈ کے ممبران بھی سفارش کرتے

کہ اس کو ہلال جرات ملنا چاہیے ۔ لیکن وہ نچلے طبقہ کے لوگ جنہوں نے دفاع کے لئے اپنی جانوں کی قربانیاں دیں سپلائی لائین کو اور ریلوں کو رواں دواں رکھا ان کو کوئی سند نہیں دی گئی ۔ ان کی خدمات کا کوئی اعتراف نہیں ہوا ہے ۔ ہم لوگوں ۔ یہاں ان کی خدمت کا اعتراف کیا ، مبارکباد دیں ۔ عوام نے بھی کہا لیکن انہوں نے ذاتی طور ان کی سفارش نہیں کی کہ ان کے پسماندگان کو کوئی سند ہی مل جائے یا ان کو معاوضہ دیا جائے ۔ تا کہ اس طرح سے کم از کم ان کی مشتہری ہوتی ۔ اور ہم لوگوں کو پتہ چلتا ۔ کہ یہ مرنے والے ۔ شہید ہونے والے نچلے طبقے کے لوگ دراصل اعلیٰ طبقے سے تعلق رکھتے تھے ۔

اس کے بعد بجٹ کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ گو یہ ایک اچھا بجٹ ہے ۔ یعنی ایک فاضلہ بجٹ ہے ۔ لیکن جس وقت میں اس پر بغور نظر ڈالتا ہوں اور ضلع ہزارہ کو دیکھتا ہوں تو مجھے افسوس ہوتا ہے ۔ کیونکہ اس بجٹ میں نہ تو ضلع ہزارہ کی اس آثار قدیمہ والی لائین کی توسیع کے لئے کوئی رقم رکھی گئی ہے اور نہ ہی وہاں پر چلنے والی گاڑیوں کی تبدیلی کے لئے ہی کوئی رقم رکھی گئی ہے ۔ جس طرح سے پرانے زمانے میں یہ آثار قدیمہ والی لائین بچھائی گئی ہے ۔ اسی قسم کی گاڑیاں بھی اس پر چلائی گئی ہیں اور آج تک اسی طرح سے چل رہی ہیں ۔ اور اس پر واقع سٹیشنوں کی حالت بھی ریلوے حکام کے علم میں ہے ۔ حالت یہ ہے کہ ہری پور کوٹ نجیب اللہ بال ڈھیر حویلیاں اور سرائے کالا سٹیشنوں پر نہ تو پانی کا انتظام ہے نہ وہاں پنکھوں کا انتظام ہے اور نہ ہی وہاں پر صفائی کا ہی کوئی انتظام ہے ۔ اس کے علاوہ تقسیم ملک سے پہلے حویلیاں سے پکھلی پلین تک ریلوے لائین بچھانے کے لئے سروے کیا گیا تھا اور اس کے لئے تخمینہ بھی بنایا گیا تھا ۔ لیکن پاکستان بننے کے بعد ۔ ۔ ۔ ۔ اور ہنگامی حالات کا بہانہ تو اب بن گیا ہے ۔

اس سے پہلے بھی تو ریلوے کماتی تھی ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ ریلوے کو زیادہ تر آمدنی دینے والے بھی ضلع ہزارہ کے لوگ ہیں ۔ وہ ضلع ہزارہ کہ جس کی قدرتی خوبصورتی سے لطف اندوز ہونے کے لئے لوگ سیاحت کے لئے جاتے ہیں ۔ اور گرمیوں میں تو وزراء صاحبان بھی وہاں جاتے ہی ہوں گے ۔ دیگر افسران اور شاید ریلوے بورڈ کے ممبران بھی وہاں جاتے ہیں ۔ لیکن وہاں کے غریب عوام اپنے علاقے کی صحت مند آب و ہوا سے استفادہ نہیں کر سکتے ۔ اور اپنی پرانی گاڑیوں میں سفر کرتے ہوئے کراچی جاتے ہیں ۔ اور راستے کی گرد ملی ہوئی ہوا پھانکتے ہیں ۔ اور وہاں سے تپ دق کی بیماری اور ہڈیوں کا ڈھانچہ لے کر اپنے علاقے میں واپس آ جاتے ہیں ۔ اس لئے یہ ریلوے لائین اتنی ضروری ہے کہ جتنی میں نے دوسری ریلوے لائین کے متعلق عرض کیا ہے کہ جو ضروری تھی ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ حویلیاں سے آگے ریلوے لائین بچھانا اس سے بھی زیادہ ضروری ہے ۔ کیونکہ ضلع ہزارہ معدنیات سے بھرا پڑا ہے ۔ اور اسی طرح عمارتی لکڑی سے بھی بھرا پڑا ہے ۔ یہاں تک کہ ریلوے کے ذریعے لاہور ، کراچی اور دوسرے بڑے بڑے شہروں میں جتنی بھی عمارتی لکڑی باہر سے آتی ہے اس کا ایک تہائی حصہ صرف ضلع ہزارہ سے آتا ہے ۔ اور وہ بھی ان علاقوں سے آتا ہے کہ جن کے لئے میں مطالبہ کر رہا ہوں کہ وہاں پر ریلوے لائین بچھانی چاہئیے ۔ خود حویلیاں میں نہ تو لکڑی کے جنگلات ہیں اور نہ ہی عمارتی لکڑی ہے ۔ بلکہ سب کی سب لکڑی باہر سے ہی وہاں پر آتی ہے اور ان ہی علاقوں سے آتی ہے جن علاقوں کے متعلق میں عرض کر رہا ہوں کہ وہاں تک ریلوے لائین بچھائی جائے ۔ اور اس طرح ان لوگوں کو بڑا فائدہ ہوگا جو دو دو دن تک وہاں گاڑی کے انتظار میں پڑے رہتے ہیں ۔ کہ وہ براہ براست کراچی اور دوسرے شہروں کو رخصت ہوں ۔ اس کے علاوہ میں

ایک اور گزارش بھی کروں گا کہ حویلیاں سے براہ راست کراچی تک کے لئے ایک ڈبہ تیزرو کے ساتھ لگایا جاتا ہے ۔ اور حویلیاں سے اسی برانچ لائین پر اسے تیزرو کے ساتھ لگانے کے لئے لایا جاتا ہے ۔ لیکن خیبر میل عوامی ایکسپریس اور کراچی ایکسپریس کے ساتھ وہاں سے کوئی ڈبہ نہیں لگایا جاتا ۔ حالانکہ ریلوے حکام کو اس بات کا علم ہے کہ جو ڈبہ حویلیاں سے آتا ہے ۔ اس میں تل دھرنے کی بھی جگہ نہیں ہوتی اور اتنے مسافر ہوتے ہیں کہ ان کے لئے کم از کم دو ڈبوں کا انتظام کیا جانا ضروری ہے ۔ ان معروضات کے ساتھ میں وزیر ریلوے کو پھر عرض کروں گا کہ پکھلی پلین ریلوے لائین جس کا سروے اور تخمینہ پہلے بھی ہو چکا ہے اس پر دوبارہ غور فرمائیں ۔ اور خیبر میل ، کراچی ایکسپریس اور عوامی ایکسپریس کے ساتھ حویلیاں سے ڈبے لگانے پر غور فرمائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (خیر پور - ۲) ۔ نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم ۔

رب اشرح لی صدری ویسرلی امری و احلل عقدۃ من لسانی یفقھوا قولی ۔

میں ملک محمد حیات صاحب کو مبارک باد دینا لازمی نہیں سمجھتا کیونکہ ملک صاحب ایک پرانے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اور ان کا خاندان کوئی نیا خاندان نہیں ہے ۔ جیسے کہ ہمارے علاقے میں کہا جاتا ہے کہ بیراج تعمیر ہونے کے بعد جو چھوٹے درجے کے لوگ تھے اب وہ بھی ساھوکار کہلاتے ہیں ۔ اور وہ اس بات پر بڑے خوش ہوتے ہیں جب ان کے کسی کام کو سراھا جاتا ہے ۔ اور تقسیم کے بعد تو کئی ایسے

لوگ جن کا کہ دھندا ھی غنڈہ گردی تھا۔ اب وہ بھی ساھوکار بن گئے ھیں ۔ اور وہ ایسی تعریف پر خوش ھوا کرتے ھیں ۔

مسٹر محمد ھاشم لاسی ۔ جناب والا ۔ حاجی صاحب نے ابھی جو آیت پڑھی تھی ۔ کیا یہ اس کا ترجمہ کر رھے ھیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ تو اس لیے میں ملک صاحب کو مبارک باد دینے کے بجائے ان باتوں سے آگاہ کرتا ھوں جن کی ضرورت عوام کو ھے اور میں ملک صاحب کو ان باتوں سے آگاہ کرنے کی ضرورت محسوس نہ کرتا ۔ اگر وہ حضرت عمر کی طرح رات کو گشت لگاتے ۔ اور گرمی اور سردی اور بارش میں تیسرے درجے کے مسافر خانوں میں جا کر ٹھہرتے ۔ کبھی تیسرے درجے کا ٹکٹ خریدتے اور پھر اس بھیڑ کو دیکھتے ۔ اور پھر گاڑی میں سفر کرنے کے لیے انہیں کبھی کھڑکی کے راستے سے ڈبے میں داخل ھونا پڑتا ۔ تو پھر مجھے ضرورت نہ ھوتی کہ میں ان کو عوام کی تکالیف اور ضروریات سے آگاہ کرتا ۔ مجھے اس بات سے شرم آتی ھے کہ یہ ایوان جو کہ پانچ کروڑ کی آبادی کا نمائندہ ایوان ھے ۔ اس میں تعریف کرنے میں وقت ضائع کیا جاۓ ۔ مسافروں کی نوے فیصد تعداد تیسرے درجے میں سفر کرنے والوں کی ھوتی ھے ۔ لیکن ان کے لیے کوئی سہولت نہیں ھے ۔ نہ ٹکٹ خریدتے وقت ان کی سہولت کا خیال رکھا جاتا ھے ۔ نہ ان کو پانی کی سہولت میسر ھے ۔ نہ کسی اور چیز کی سہولت انہیں دی گئی ھے ۔ اس لیے لازمی ھے کہ میں ملک صاحب کو عوام کی ان ضروریات اور تکالیف سے آگاہ کروں ۔ ھمارے ملک کی رھنمائی کون کرے گا ۔ یہ ھم ھی نے کرنی ھے ۔ تاریخ اسلام کے مطالعے کی کیا

ضرورت ہے ہم دن رات ،گرمی اور سردی میں اگر ملک کی پائیداری اور اس کی ترقی کے لیے کام کریں ۔ اور یہ وزراء صاحبان ، سیکرٹری صاحبان اور یہ ممبر صاحبان مل جل کر اس کے لیے جد و جہد کریں ۔ اگر آپ کرایوں میں پانچ فیصد کے اضافے کے بجائے اور زیادہ اضافہ بھی کرتے تو بھی عوام اسے خوش آمدید کہتے ۔ لیکن افسوس کہ ہم مساوات پر نہیں چلتے ہیں ۔ وزراء صاحبان ، افسر صاحبان اور یہ ممبر صاحبان تو ائیر کنڈیشنڈ ڈبوں میں سفر کرتے ہیں ۔ لیکن تیسرے درجے کے مسافروں کو کوئی سہولت نہیں دی گئی ہے ۔ یہ جتنا خرچ ہے اور یہ جو کرایوں میں پانچ فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے یہ ہماری عیاشی اور آرائش کے لیے ہے ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں آپ کی وساطت سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ حاجی صاحب کس درجے میں سفر کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ تو اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ ایسا نہ ہو کہ ہم اس حکومت کے نشے میں اور عیاشی میں اور ان کے عشق میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں جو مملکت دی ہے ، ہم اسے بھی نہ سنبھال سکیں ۔ گزشتہ انیس برس میں بھی نہیں سنبھال سکے ہیں ۔ اور اب بھی اسے نہ سنبھال سکیں ۔ مجھے ایک قطعہ یاد آگیا ہے ۔ وہ عرض کیے دیتا ہوں ۔

اے عشق تو ۔ اکثر قوموں کو کھا کے چھوڑا
جس گھر میں سر اٹھایا اس کو مٹا کے چھوڑا ۔

راجوں کے راج چھینے شاہوں کے تاج چھینے
گردن کشوں کو اکثر نیچا دکھا کے چھوڑا

تو محب وطن اور ہمدرد وطن آپ دیکھیے کہ انیس برس میں کئی حکومتیں بدلی ہیں اور کتنے ہی ممبر بدلے ہیں ۔ اور اس سے آگے بھی کتنے ہی بدلیں گے اس لیے ہمیں ایسا کوئی کام کرنا چاہیے کہ جس سے ہماری یاد باقی رہے ۔ اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ بجائے اس کے کہ ہم تعریفوں میں وقت ضائع کریں ۔ (اور میں دیکھتا ہوں کہ وہ اس سے خوش ہوتے ہیں) آپ باہر کے غریب لوگوں سے سنئے کہ آپ کا کیسا انتظام ہے ۔

میں یہ نہیں کہتا کہ آپ منسٹر نہ ہوں اور یہاں کوئی دوسرا شخص آئے ۔ ہمیں آپ سے محبت ہے آپ کے لیے ہمارے دل میں عزت ہے ۔ آپ سے زیادہ قابل اور کون آ ئے گا ۔ ہم تو صرف یہ کہتے ہیں کہ آپ کا ہر کام قوم کے لیے ہونا چاہیے آپ جو کچھ کریں قوم کے لیے کریں ۔ یہ آرائش کے سامان پھینک دیں ۔ جھونپڑیوں میں رہیں ۔ آپ پرانی تاریخ دیکھیں ۔ ہمارے رہنما اپنی زندگی کیسے گزارتے تھے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ میں نے جو مشورہ دیا ہے ، اگر آپ اس سے سبق سیکھیں گے تو میرے لیے یہی بڑی غنیمت ہے ۔ وما علینا الی البلاغ ۔

صاحب زادہ نور حسن ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں نے کل بھی عرض

کا تھا اور آج بھی صبح خود لکھ کر دیا تھا کہ مجھے بولنے کا موقع دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ محترم وزیر ریلوے نے ۴۵ منٹ بولنا تھا ۔ لیکن اب ان کے لیے صرف ۲۰ منٹ رکھے ہیں اس لیے اب تو وقت نہیں دیا جا سکتا ۔

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خاں تمن) ۔ جناب والا ۔ ریلوے بجٹ پر کم و بیش تیس معزز ممبران نے اظہار خیال کیا ہے ۔ اس سے میں نے بہت کچھ حاصل کیا ہے ۔ دوران جنگ ریلوے کی کارکردگی کے متعلق انھوں نے جو تعریف فرمائی ہے میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان لوگوں کی جنہوں نے جنگ کے دوران اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر شب و روز کام کیا اس سے لازماً حوصلہ افزائی ہوگی ۔

جناب والا ۔ ریلوے ایک مفاد عامہ کا محکمہ ہے جسے کاروباری ادارے کے طور پر چلایا جاتا ہے ۔ ریلوے کی پالیسی یہ ہے کہ جس قدر اس کا خرچ ہو اپنی آمدنی اس سے کچھ زیادہ رکھے اور اس کے مطابق اپنے کرایوں کی adjustment کرے ۔ تھوڑا سا فاضل روپیہ محفوظ سرمایہ میں رکھے تاکہ اگر ضرورت ہو تو کوئی اصلاح کی جائے یا ایسے حالات پیدا ہو جائیں تو جونہی ریلوے کو اس کی ضرورت پیش آئے اسے استعمال کرے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ قوم جاگ رہی ہے اور وزیر صاحب سو رہے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یسین خاں وٹو) ۔ وہ تقریر سن رہے ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ کرایوں میں ۵ فیصد کا اضافہ ہوا ہے اس سے متعلق میں نے اپنی بجٹ سپیچ میں وہ تمام وجوہات اور واقعات پیش کیے تھے جن کی بنا پر کرایوں میں اضافہ کی ضرورت پیش آئی تھی ۔ اس وقت میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ ہمارے کرایہ جات دنیا کے بہت سے ممالک سے کم ہیں ۔ جس وقت مجھے موقع ملا میں اس کی شرح ہاؤس کے سامنے پیش کروں گا ۔

اس وقت میں ہاؤس کی اطلاع کے لیے عرض کروں گا کہ سال ہائے ۱۹۶۳ ، ۱۹۶۴ اور ۱۹۶۵ میں ہمارے یہاں فی passenger mileage

اوسط کرایہ	—	۳٫۲ تھی
بھارت	—	۳٫۶
جاپان	—	۳٫۶
تھائی لینڈ	—	۴٫۹
برما	—	۵٫۰
امریکہ	—	۱۱٫۰
برطانیہ	—	۸٫۴
مغربی جرمنی	—	۸٫۶
فرانس	—	۸٫۸
یونان	—	۹٫۰

اسی طرح باربرداری کا کرایہ فی ٹن mileage ہمارے ہاں

یہ ہے	—	۶٫۳
بھارت	—	۶٫۹
جاپان	—	۶٫۸

تھائی لینڈ	—	۷٫۵
برما	—	۱۲٫۱۲
امریکہ	—	۷٫۴
برطانیہ	—	۱۸٫۷
جرمنی	—	۱۸٫۰
فرانس	—	۱۸٫۰
یونان	—	۱۲٫۲

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ وزیر صاحب کی خدمت میں درخواست ہے کہ جہاں کم کرائے ہیں ان کا حوالہ بھی دے دیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ کیا آپ بہرے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ کسی معزز ممبر کے متعلق ہاؤس میں اس قسم کے الفاظ کہنا درست نہیں ۔ انہیں چاہئے کہ وہ الفاظ واپس لیں ۔ انہیں کچھ تو آداب محفل سیکھنا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ وہ الفاظ واپس لیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ میں واپس لیتا ہوں ۔

وزیر ریلوے ۔ اس ملک کے متعلق جس کے حالات ہم جیسے ہوں اور ہم سے کرائے کم ہوں اگر حاجی صاحب کو کچھ معلوم ہو تو مجھے بتائیں میں چیک کر لوں گا ۔

جناب والا ۔ ریل کے کرایوں کی شرح کے متعلق صحیح طور پر ہم بھارت کے کرایوں سے comparison کر سکتے ہیں کیونکہ جب متحدہ

ہندوستان تھا تو ہماری ریلوے اس تمام ریلوے سسٹم کا حصہ تھی جو آج کل بھارت میں کام کر رہا ہے ۔

بھارت میں فی passenger mileage ۳۰۵ تھی اور ہماری ۳۰۲ ۔ بھارت نے پچھلے سال فی passenger mileage میں ساڑھے بارہ فی فیصد کا اضافہ کیا ہے ان کی ton mileage کی figures ہمارے پاس نہیں ورنہ میں آپ کو بتا دیتا ۔ ton mileage میں ہم نے اس سال ۵ فیصد اضافہ کیا ہے ۔ اس کے علاوہ بھارت کے جو حالات ہیں وہ بھی آپ کے سامنے ہیں ۔ وہاں لوہا موجود ہے وہاں کوئلہ ہے ۔ پھر بھارت کو جو foreign aid ملتی ہے وہ بھی آپ کے سامنے ہے ۔

اس کے بعد یہاں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ ریلوے کی آمدنی جتنی دکھائی گئی ہے اس سے زیادہ ہو سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ جن حالات سے ہم گذر رہے ہیں وہ سب ایوان کے سامنے ہیں ۔ آپکو معلوم ہے کہ ہم کو ۱۷ فیصد گاڑیاں کم کرنی پڑی ہیں کیونکہ military traffic کی movement ہو رہی تھی ۔ علاوہ ازیں بارڈر ایریا کے غیرمحفوظ مقامات سے لوگوں کو نکال کر محفوظ مقامات پر پہنچانا پڑا ۔ اس بجٹ میں اگر آپ اسے غور سے دیکھیں گے تو معلوم ہوگا کہ ۲۲ کروڑ ۲۷ لاکھ کی بچت ہوئی ہے ۔ اور اس میں جو ڈیفینس کے متعلق ہے اس کا ذکر نہیں ہے ۔ اس ۲۲ کروڑ ۲۷ لاکھ میں سے ہم نے تقریباً ۴ کروڑ روپیہ تیل کی ڈیوٹی کے طور پر ادا کیا ۔ سنٹرل گورنمنٹ نے جو سرمایہ لگایا ہوا ہے اس کا سود بھی ادا کرنا پڑتا ہے ۔ میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ صوبہ کو جب ریلوے کا محکمہ ٹرانسفر ہوا تو سنٹرل گورنمنٹ کا لگایا ہوا روپیہ ٹرانسفر نہیں ہوا تھا بلکہ وہ ہی اس کی مالک رہی ۔ اس پر

۴ فیصد سود دینا پڑتا ہے ۔ چنانچہ اس سال ۵ کروڑ روپیہ بطور سود ادا کیا ہے ۔

اس کے علاوہ بیرونی قرضہ جات کے سود کی اقساط کے لئے ۵ کروڑ دئے گئے ہیں پھر ہم نے تقریباً ۷ کروڑ روپیہ محفوظ فنڈ میں رکھا ہے اور یہ ہماری آمدن کا حصہ ہے ۔ علاوہ ازیں ترقیاتی فنڈ کے لئے ایک کروڑ ۱۷ لاکھ روپیہ رکھا ہوا ہے ۔ ۵۹ کروڑ روپے کے بجٹ میں ۲۲ کروڑ ۲۷ لاکھ کی بچت ان حالات میں جن سے ہم گذر رہے ہیں ۔ میرے خیال میں کچھ کم نہیں ہے ۔ اور ہاؤس مجھ سے اتفاق کرے گا کہ اس میں ریلوے نے بڑی کامیابی حاصل کی ہے کہ ان حالات میں اس نے اتنی بچت کر لی ۔

جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے اپنی تقریر میں ہم پر اعتراض کیا تھا کہ جو آج ہم کرایہ لاہور سے کراچی کا لے رہے ہیں وہ ۱۹۳۸ء کے کرایہ سے دگنا ہے ۔ تو میں آپ کے وساطت سے ان کی اور ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو rates ۱۹۳۸ء میں تھے اگر ان rates کو جو میں اب ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں مدنظر رکھا جائے تو ریلوے کا کرایہ ۶ گنا زیادہ ہونا چاہئے تھا ۔ مثلاً ۱۹۳۸ء میں لوہے کی قیمت ۱۸۰ روپے فی ٹن تھی (یہ میں ان چیزوں کے متعلق عرض کر رہا ہوں جنکی ریلوے کو ضرورت ہے اور جنکے بغیر ریلوے چل نہیں سکتی) لیکن آج لوہے کی قیمت بازار میں تو مہنگی ہے لیکن ریلوے کو ۸۲۰ روپے فی ٹن دینا پڑتی ہے ۔ یعنی ساڑھے چار گنا زیادہ ۔ کوئلہ کی قیمت ۱۴ روپے ٹن تھی آج ۹۰ روپے ٹن ہے ۔ یہ تقریباً ۶ گنا زیادہ ہے ۔ ۱۹۳۸ء میں Class IV کی تنخواہ اوسطاً ۱۴ روپے ماہوار تھی اب ۸۰ روپے ماہوار ہے ۔ Class IV سٹاف ریلوے کے عملہ کا ۸۰ فیصدی حصہ ہے ۔ اور Class IV کی تنخواہ جو آج ہے وہ

۱۹۳۸ء سے ۶ گناہ زیادہ ہے۔ تیسرے درجہ کی مسافر گاڑیوں کی ۱۹۳۸ء میں قیمت ۳۵ ہزار تھی آج اس کی قیمت ۴ لاکھ ۵۰ ہزار ہے۔ یعنی ۱۹۳۸ء سے ۱۲ گنا زیادہ ہے۔ اس کے بعد جناب والا۔ Hardwood ۱۹۳۸ء میں ۷۳ روپے فی ٹن تھی آج اس کی قیمت ۶۰۰ روپے فی ٹن ہے۔ یعنی ۸ گنا زیادہ۔ انجن کی قیمت ۲ لاکھ ۱۷ ہزار تھی آج انجن کی قیمت ۱۳ لاکھ روپے ہے۔ Teak wood کی قیمت ۲۵۰ روپے فی ٹن تھی آج ۱۵۰۰ سو روپے ٹن ہے۔ یہ ۶ گنا زیادہ ہے۔ یہ قیمتیں اس ضروری سامان کی ہیں جس کے بغیر ریلوے چل نہیں سکتی ہے۔ اگر ان کو مدنظر رکھا جائے اور ۱۹۳۸ء کا مقابلہ کیا جائے تو کرایہ ۶ گنا زیادہ ہونا چاہئے۔ لیکن ۲ گنا زیادہ ہے اور اس سے میرے خیال میں ریلوے کی کارکردگی کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

جناب والا۔ اس کے بعد بعض ممبر صاحبان نے اپنی تقاریر میں اس امر کا اظہار کیا اور اس امر پر زور دیا کہ جو ہم محفوظ سرمایہ رکھتے ہیں یہ زیادہ ہے، اسے نہیں رکھنا چاہئے۔ تو اس کے متعلق گذارش ہے کہ capital at charge اس وقت ایک لاکھ ۷۵ ہزار روپے ہے۔

مسٹر حمزہ ۔ Capital at charge ایک لاکھ ۷۵ ہزار روپے؟ آپ پوچھ لیں۔

وزیر ریلوے ۔ میں نے پوچھ لیا ہے۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ Capital at charge ایک لاکھ ۷۵ ہزار روپے۔ ممکن ہی نہیں ہو سکتا۔

وزیر ریلوے ۔ I am sorry ایک کروڑ ۷۵ لاکھ روپے۔

مسٹر حمزہ — میں نے لیٹر بکس کہا تھا تو صحیح کہا تھا ۔

وزیر ریلوے ۔ آپ جو چاہیں کہہ لیں آپ کو کون منع کر سکتا ہے ۔ کہنے کو تو میں آپ کو لفافہ کہدوں تو کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ یہ عزت و احترام دل میں ہے ۔ جناب والا ۔ اتنے بڑے سرمایہ کے لئے ۱۲ کروڑ روپے محفوظ سرمایہ ہونا میرے خیال میں زیادہ نہیں ہے ، بلکہ کم ہے ۔ محفوظ سرمایہ جو ہم رکھتے ہیں یہ ہمارے ہی پاس رہتا ہے اور replacement کے کاموں پر خرچ ہوتا ہے ۔

اس کے بعد ڈولپمنٹ کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس کی رفتار سست اور کم ہے ۔ اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ ڈولپمنٹ صرف ریلوے کی نہیں ہو رہی ہے بلکہ ملک میں زندگی کے ہر شعبے میں ڈولپمنٹ ہو رہی ہے ۔ تو جو کچھ ہمارے ملک کے resources ہیں ان میں سے ہمیں بھی ایک حصہ ملتا ہے اور ہم اسے ڈولپمنٹ پر خرچ کرتے ہیں ۔ تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں انہوں نے ہمارے لئے ۱۳۷ کروڑ کی رقم مختص کی تھی جس میں سے پہلے سال ہمیں ساڑھے ۲۶ کروڑ روپے دینے کو کہا تھا لیکن بعد میں ہنگامی حالات کی وجہ سے ۱۹ کروڑ تک اجازت دی گئی لیکن کوٹ ادو اور ڈیرہ غازی خان لائین کی اہمیت پر زیادہ روپیہ صرف کرنے کی اجازت ملی ہے تو ہم نے ۲۲ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے ڈولپمنٹ پر خرچ کئے ہیں ۔ جیسے جیسے ہمیں سرمایہ فراہم ہوتا جائے گا ہم ڈولپمنٹ کا کام تیز تر کرتے چلے جائیں گے اور ڈولپمنٹ کی رفتار زیادہ ہو جائے گی ۔ لہذا ڈولپمنٹ بغیر سرمایہ کے نہیں ہو سکتا ۔

حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ اگر ریلوے کی ساکھ اچھی ہو تو بیرونی قرضے اسے مل سکتے ہیں ۔ یہ بالکل درست ہے ۔ جو ہمارے projects foreign loans کے ذریعہ چلائے جاتے ہیں ان پر ہمیں بغیر فارن اکسچینج کی تصدیق کے foreign loan مل جاتا ہے ۔ لیکن ہم foreign loan

اتنا ھی لے سکتے ھیں جتنا ھمارا ڈولپمنٹ پروگرام ھو اس سے زیادہ foreign exchange یا foreign loan نہیں مل سکتا ۔

روڈ ٹرانسپورٹ سے ریلوے کے مقابلہ کا جو ذکر ھوا ھے تو میرے خیال میں جتنی اھمیت ریلوے کو حاصل ھے اتنی ھی اھمیت روڈ ٹرانسپورٹ کو حاصل ھے ۔ اگر آپ روڈ ٹرانسپورٹ سے مقابلہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ ۶۵—۱۹۶۶ء میں ھم نے مسافر زیادہ carry کئے ھیں ۔ تو روڈ ٹرانسپورٹ کا ھمارے اوپر بہت کم اثر پڑا ھے ۔

وقت کی کمی کی وجہ سے تفصیل سے میں نہیں عرض کر سکتا ۔ جیسا کہ میں نے بجٹ کی تقریر میں کہا تھا کہ اس سال ھمارے ریلوے میں کوئی major حادثہ نہیں ھوا ۔ اور ان حالات میں جب کہ ھمیں ملٹری کے لئے بھی گاڑیاں چلانی پڑیں کبھی ملٹری کی وجہ سے گاڑیوں کو late کرنا پڑا کبھی روکنا پڑا لیکن پھر بھی ھماری پابندی اوقات کی شرح 6ء83 فیصد رھی اور جب پابندی کا ھفتہ منایا گیا تو اس میں 4ء97 تھی (نعرہ ھائے تحسین) ۔

اس کے بعد مسافر گاڑیوں میں درجہ بندی کا بھی ذکر کیا گیا ھے کہ درجہ بندی کم کی جائے ۔ اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ جیسے جیسے ھماری سماجی اور اقتصادی زندگی میں تفریق کم ھوتی جائے گی ویسے ویسے ریلوے میں درجہ بندی کم ھوتی جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ تفریق بڑھ رھی ھے تو تفریقی درجہ بھی ھونا چاھئے ۔

وزیر ریلوے ۔ اور آپ کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دوں کہ یہ درجہ بندی صرف ھمارے ھی ملک میں نہیں ھے دنیا کے اکثر ممالک میں ھے اور شاید ھی ایک آدھ ملک میں نہ ھو ۔ روس اور چائنا میں بھی درجہ بندی ھے ۔ یہاں پانچ کے بجائے ۴ درجے زیر غور ھیں ۔ اس کی study ھو رھی ھے ۔ اور اس کی financial پوزیشن دیکھ کر اس کا فیصلہ

کیا جائے گا ۔ اس کے علاوہ جہاں ریلوے کے افسران کا ذکر ہوا ہے کہ ان کو اب کشتوں کی ضرورت ہے تو میں اس کے متعلق عرض کر دوں کہ جنگ کے دوران جو انہوں نے کام کیا تو اس سے ظاہر ہے کہ ان کو کشتوں کی کوئی ضرورت نہیں اور یہ کہ ابھی وہ کام کرنے کے قابل ہیں ۔ پھر جناب والا ۔ یہ کہا گیا ہے کہ ریلوے میں افسران زیادہ ہیں اور ان پر زیادہ خرچ ہو رہا ہے تو میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تمام اہلکاران جو ہیں ان میں افسران کا تناسب 4%0 ہے اور اتنا تناسب میرے خیال میں کسی ملک یا مقام میں نہیں ہوگا اور میں یہ بھی آپ کی اطلاع کے لئے عرض کردوں . . . . (قطع کلامی)

Mr. Speaker : How long will the Minister take.

Minister of Railways : About five or ten minutes.

Mr. Speaker : The time is extended by five minutes.

وزیر ریلوے ۔ اور جناب والا ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ عرض کر دوں شاید کسی صاحب نے یہ کہا تھا کہ ایسٹ پاکستان میں ریلوے بورڈ نہیں ہے ۔ لیکن وہاں بھی ریلوے بورڈ موجود ہے ۔ تو اس کے ساتھ ساتھ مجھے یہ بھی ذکر کرنا ہے اور اس کو میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اتنے بڑے ادارے میں جہاں ایک لاکھ ۳۰ ہزار اہلکار ہیں اور ان میں ۱۲ مختلف محکمے ہیں اس کے ساتھ ساتھ ڈیویلپمنٹ کا کام ہے ۔ لاکھوں کروڑوں روپیہ کا خرچ ہے تو میرے خیال میں اتنے بڑے ادارے کے لئے ایک High Powered Board کا ہونا نہایت ضروری ہے اس کے بغیر یہ کام نہیں چل سکتا ۔ اس کے ساتھ ساتھ خان یوسف خان صاحب نے ایک تجویز پیش کی تھی کہ ہمیں تجربہ کار اور قابل ایڈووکیٹ رکھنے چاہئیں اپنی Litigation Branch میں ۔ تو یہ تجویز بڑی معقول ہے اور اس پر غور کیا جائے گا اور میرے خیال میں ریلوے کو اس سے فائدہ ہوگا ۔ فاروقی صاحب نے کراچی کا ذکر کیا کہ کراچی کو ignore کیا گیا ہے تو میں ان کی اطلاع کے لئے

کہتا ہوں کہ کراچی وہ شہر ہے جس کو نمایاں حیثیت دی گئی ہے جس کے لئے سرکولر ریلوے کا منصوبہ بنایا گیا اور تقریباً چار کروڑ روپیہ خرچ ہوگا اس کی لمبائی ۲۰ میل ہے اور یہ facility پاکستان میں کسی شہر کو نہیں دی گئی - تو میرے خیال میں وہ یہ کہنے میں حق بجانب نہیں ہوں گے کہ کراچی کو نظر انداز کیا گیا ہے - باقی جو بڑے شہر ہیں اگر ان کے نمائندے یہ کہیں کہ کراچی کو ہم سے زیادہ درجہ دے کر اس کے ساتھ زیادہ اچھا برتاؤ کیا گیا ہے تو ایسا کہنے میں وہ حق بجانب ہوں گے -

میاں محمد شفیع - پوائنٹ آف آرڈر - کیا وزیر موصوف سے میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ وہ لاہور کو بھی ایسا اچھا درجہ دیں گے ؟

وزیر ریلوے - یہ تو جناب بعد میں دیکھا جائے گا - پھر یہ کہا گیا کہ عملے اور انتظامیہ کے تعلقات اچھے نہیں - فاروق صاحب نے اس کے متعلق ذکر فرمایا تھا لیکن میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک لاکھ ۳۰ ہزار اہلکاروں میں سے ہمارے پاس انڈسٹریل کورٹ میں صرف تین نوٹس ہیں اور ۱۲ درخواستیں اور پانچ نوٹس Conciliation Officer کے پاس ہیں - تو میرے خیال میں مجھے ان کی خدمت میں یہ عرض کر دینا کافی ہے کہ عملہ اور انتظامیہ کے تعلقات بہت اچھے ہیں - اس کے بعد کوئٹہ اور زاھدان کی لائین کا ذکر فرمایا میجر صاحب نے - تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کردوں کہ حکومت ایران کی فرمائیش پر گاڑیاں چلانی بند کر دی گئی تھیں تو جہاں تک ہمارا بارڈر ہے ہم وہاں تک چلا رہے ہیں - مگر میرا خیال ہے کہ جلد ہی حکومت ایران کی اجازت آ جائے گی اور ہم گاڑیاں چلانا شروع کر دیں گے - تمام ممبران نے علاقائی تکالیف اور ضروریات پیش کیں -

مجھے ان کا پوری طرح سے احساس ہے میں خود ایسے ایریا کا رہنے والا ہوں جہاں ریل کی بڑی سخت ضرورت ہے اور اگر اس پر ہمدردی سے غور کیا جائے تو میں بڑا مشکور ہوں گا ۔ ویسے میں مشکور ہوں کہ ہاؤس میں اس چیز کو رکھا گیا ہے جو میں خود پیش کر سکتا تھا ۔ جب تک پیسہ نہ ہو کام نہیں ہو سکتا ۔ جیسے جیسے سرمایہ فراہم ہوا ویسے ویسے یہ سکیمیں لی جائیں گی اور ان کو پورا کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔ اور آپ کی تکلیف کو دور کرنا یہ حکومت اپنا فرض اولین سمجھتی ہے ۔ پھر یہ ذکر ہوا کہ ملک کی تقسیم کے بعد صرف ۱۳ میل لمبی لائین بچھائی گئی ۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ۱۳ نہیں بلکہ ۹۳ میل لمبی لائین بچھائی گئی ہے اور آئندہ پنج سالہ منصوبہ میں ۲۷۸ میل لمبی لائین بچھانے کا انتظام کیا جائے گا ۔ تو ان معروضات کے ساتھ میں آپ سے اجازت لیتا ہوں اور اگر ہمارا کوئی اچھا کام ہے ، اچھا پوائنٹ ہے ، تو اس کی تعریف بھی کر دیا کریں ۔ زندگی کے ہر شعبے میں خامیاں ہیں نہ آپ پاک ہیں نہ ہم پاک ہیں ۔ مگر اتنی مہربانی کیا کریں کہ جائز نکتہ چینی ضرور کریں ناجائز نہ ہو کیونکہ ہم جائز نکتہ چینی کو ہر وقت قبول کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ اور ہم آپ کی بھلائی کے لئے ہر وقت کوشاں رہیں گے اور جہاں تک ہو سکا ہم آپ کی توقعات پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے ۔

Mr. Speaker ; The House is adjourned for tomorrow to meet at 8.30 a.m.

The Assembly then adjourned till 8.30 a.m. on Friday, the 17th June, 1966.

APPENDIX

(Ref : Starred Question

STATEMENT

Factory-Wise Number of Workers Locked out or Removed from

Ser. No.	Name of Factory	No. of workers locked out or removed from service since Sept., 1965. to-date.
1	2	3
KARACHI		
1.	Pakistan Pharmacatical Accessories Industries, Nazimabad, Karachi.	17
2.	F. R. Silk Mills, Nazimabad, Karachi.	4
3.	M. M. National & Conduit Pipe Co., Korangi, Karachi.	16
4.	James Footwear Co , Nazimabad, Karachi.	8
5.	O. L. Prams Mfg., Co., Karachi.	10
6.	I. R. Sletch & Co., Karachi.	12
7.	Gul Ahmed Textile Mills Limited, Landhi, Karachi.	58
8.	Trust Ceramic Industries Limited, Landhi, Karachi.	36
9.	Usmani Textile & General Mills, Nazimabad, Karachi.	10
10.	Al-Hamra Plastic Works, Nazimabad, Karachi.	9
11.	Tobacco International, Korangi, Karachi.	16
12.	Jan Lace & General Mills, Mauripur Road, Karachi.	35

No. 1633)

'A'

Service Since September, 1965 to-date and Absorbed in Factories.

No. of workers absorbed.	Remarks.
4	5
17	
4	
16	
8	
10	
12	Most of the workers affected by the emergency have been re-employed in the same concerns.
58	
36	
10	
9	
16.	
21	

1	2	3
13.	Eastern Beverage Limited, Mauripur Road, Karachi.	21
14.	International Packing Co., West Wharf, Karachi.	28
15.	Pak Zari Industries, Mauripur Road, Karachi.	33
16.	Paracha Textile Mills Limited, Mauripur Road, Karachi.	16
17.	Hardware Mfg., Co., Mauripur Road, Karachi.	42
18.	Crescent Pak Soap & Oil Mills, Karachi.	23
19.	Karim Silk Mills, Karachi.	30
20.	Eastern Pharmaceutical Lab. Ltd., Karachi.	28
21.	Noor Silk Mills, Karachi.	25
22.	Manzoor Glass Works, Karachi.	42
23.	Pakistan Beverage Co., Karachi.	32
24.	Muhammad Ali Tramway Co., Karachi.	26
25.	Apex Printery, Karachi.	22
26.	Natioanal Spinning Mills, Karachi.	76
27.	Alamgir Rayon Mills, Karachi.	28
28.	J & P Coats, Karachi.	15
29.	Matalex Corpn., Karachi.	12

4	5
	Since none of the workers approached Labour Department, it is presumed that they have been absorbed elsewhere.
28	These workers have been taken back in service.
30	— do —
28	— do —
	Since none of the workers approached this Department it is presumed that they have got employment elsewhere.
42	These workers have been taken back in service.
	These workers were removed from service because off Seasons. Since none of them has so far approached this office, it is presumed that they have got employment elsewhere.
	The workers have resigned from service at their own accord.
	These workers have resigned from service at their own accord.
	Since none of these workers approached this Deptt: it is presumed that many of them have been absorbed elsewhere and as to where they have been fixed it is impracticable to find out.

1	2	3
30.	KRTC Central Workship, Karachi.	64
31.	Zaibtun Textile Mills, Karachi.	294
32.	Habib Textile Mills, Karachi.	248
33.	Crescent Textile Mills, Karachi.	93
34.	Valika Textile Mills, Karachi.	103
35.	Jubilee Spinning Mills, Karachi.	39
36.	Bayer Pharmaceutical, Karachi.	12
37.	Dadabhoy Ceramic, Karachi.	15
38.	Central Iron & Steel Works, Karachi	16
39.	Lakhani Textile Mills, Karachi.	119
40	Hashmi Can Co., Karachi.	12
41.	Haideri Beverage Co., Karachi.	17
42.	Shalimar Silk Mills, Karachi.	97
43.	Pak Central Boot Factory, Karachi.	21
44.	Nazar Industries, Karachi.	20
45.	United Silk Mills, Karachi.	—
46.	Pak Footwear Industries, Karachi.	24
47.	Karillin Garments, Karachi.	58
48.	Continental Furnishing Co., Karachi.	32
49.	Industrial Engineers Limited, Karachi.	16

4	5
	Since none of these workers removed have approached this Department, it is presumed that many of them have been absorbed elsewhere and as to where they have been fixed it is impracticable to find out.
	Remained closed prior to emergency and thereafter still lying closed.
	Since none of the workers have approached this Deptt., it is presumed that they have been absorbed elsewhere.
	— do —

1	2	3
50.	Goodfit Garments Factory, Karachi.	13
51.	Habib & Co., Furnishers, Karachi.	14
52.	Ahmed Fabrics, Karachi.	13
53.	Haidery Tin Factory, Karachi.	34
54.	Haji Abdul Latif & Co., Karachi.	17
55.	Ahmad Food Industries, Karachi.	80
56.	Paramount Hosiery Mills, Karachi.	8
57.	Moten Fabrics, Karachi.	15
58.	Nasir Industries (Pak) Limited, Karachi.	9
59.	Osman Brothers, Karachi.	12
60.	Muhammad Shaffi Tannery, Karachi.	35
61.	Alvi Industries, Karachi.	8
62.	Liberty Oil Mills, Karachi.	22
63.	Al-Athar Industries, Karachi.	23
64.	Muhammadi Tiles, Karachi.	4
65.	Universal Industries, Karachi.	2
66.	Atlas Plastic Industries, Karachi.	6
67.	B. P. Biscuit Factory, Karachi.	65
68.	E. M. Oil Mills, Karachi.	410
69.	Evershine Trading Co., Karachi.	21
70.	Jasmine Cotton & Silk Mills, Karachi.	13
71.	Karachi Steam Roller Flour Mills, Karachi.	2

4	5
	Since none of the workers have approached this Deptt. it is presumed that they have been absorbed
	These 8 workers have resigned from service at their own accord.
—	These 15 workers have resigned from service at their own accord.
—	These 9 workers have resigned from service at their own accord.
12	These 12 workers have been taken back on service.
35	These 35 workers have been taken back on service.
8	These 8 workers have been taken back on service.
22	These 22 workers have been taken back on service.
	Since none of these workers approached this Deptt., it is presumed that they have got employment elsewhere.

1	2	3
72.	Pak Mechanical Engg., Co., Karachi.	5
73.	Abid Industries, Karachi.	51
74.	Noori Enterprises, Karachi.	4
75.	Dada Silk Mills, Karachi.	119
76.	Metro Silk Mills, Karachi.	17
77.	Karachi Rolling Mills, Karachi.	3
78.	Bandukwala Carbonic Acid Gas Co., Karachi.	7
79.	Eastern Tiles Limited, Karachi.	9
80.	Karachi Industrial Corporation, Karachi.	60
81.	Limton Industries, Karachi.	9
82.	Master Rubber and Tyre Co., Karachi.	171
83.	Madina Re-rolling Mills, Karachi.	25
84.	Pakistan Battery Mfg., Co., Karachi.	11
85.	Pakistan Textile Journal Printing Press, Karachi.	22
86.	Republic Industrial Corporation, Karachi.	33

4	5
5	These 5 workers were transferred to sister concern (National Estate Construction).
	These 51 workers left service at their own accord, since none of them has so far approached this Deptt., it is presumed that they have got employment elsewhere.
—	These 4 workers left service at their own accord.
—	These were temporary workers and they left service at their own accord.
—	These workers were removed from service due to shortage of raw material.
—	These workers left service at their own accord.
2	Two workers were transferred to sister concern (Nurani Engg: Co.). None of the remaining 5 workers has so far approached this Depertment, it is presumed that they have got employment elsewhere.
—	Two workers resigned from service at their own accord. Since none of the remaining 7 workers has approached this office, it is presumed that they have got employment elsewhere.
	Since none of these workers has approached this Deptt., it is presumed that they got employment elsewhere.
22	These 22 workers have been taken back on service.
—	These 33 workers were removed from service due to non-availability of raw material. The management promised to take them back soon.

1	2	3
87.	Madina Ice Factory, Karachi.	13
88.	Star Rolling Mills, Karachi.	71
	TOTAL ...	3487

PESHAWAR REGION.

89.	A. Ismailjee & Sons Ltd., City Saddar Road, Rawalpindi.	1
90.	Government Transport Service, Rawalpindi.	174
91.	Shahnawaz Limited, Peshawar Road, Rawalpindi.	2
92.	Shahi Bottlers, Rawalpindi.	3
93.	Western Motors Limited, Rawalpindi.	8
94.	Indian Hotel Works, Nai Abadi, Gujrat.	5
95.	Crown Metal Works, Nai Abadi, Gujrat.	4
96.	General Fan Factory, Nai Abadi, Gujrat.	36
97.	Rashid Industrial Corporation, Nai Abadi, Gujrat.	4
98.	Western Electric Co., Nai Abadi, Gujrat.	5
99.	Popular Fan, Railway Road, Gujrat.	26
100.	National Electric Fan, Railway Road, Gujrat.	54
101.	Adil Fans, Railway Road, Gujrat.	3
102.	Royal Fan Co., Kunjah Road, Gujrat.	2

4	5
—	These 13 workers were removed due to off Season. Since none of them has so far approached this Deptt., it is presumed that they got employment elsewhere.
—	Since none of these workers approached the Deptt., it is presumed that they have got employment elsewhere.
2,000	Employed through the Local Employment Exchange.
2,425	
—	
3	These 3 workers have been re-employed.
—	
—	
—	
5	These workers have been re-employed in the concern.
4	— do —
36	— do —
4	— do —
5	— do —
23	— do —
48	— do —
3	— do —
2	— do —

1	2	3
103.	Safdar & Co., Kunjah Road, Gujrat.	11
104.	Kunjah Oil Mills, Kunjah Road, Gujrat.	10
	TOTAL ...	348
	HYDERABAD REGION.	
105.	Jupitor Textile Mills, Hyderabad.	4
106.	Sind Tanneries, Hyderabad.	26
	TOTAL ...	30
	MULTAN REGION.	
107.	Abbasia Textile Mills, Rahimyar Khan.	712
108.	M/s. Gul Muhammad Khan & Sons (Gultex), Multan.	375
	TOTAL ...	1087

4	5
11	— do —
10	— do —
	Note : 15 workers did not report to these factories.
148	
4	These workers have been absorbed in the other Mills at Hyderabad.
	The services of these 4 workers were terminated after giving them due notice and making payment of Wages and other dues.
26	It is learnt that the workers affected have got employment in different Tanneries at Karachi.
30	
712	These workers affected due to closure of night shift from 6.9.1965 to 17.9.1965 under the verbal instructions of A.D.M. Rahimyar Khan.
	Night Shift was re-started on 17.9.1965 and all the workers were taken back on duty.
375	These workers were affected due to closure of the Factory w.e.f. 9.9.1965.
	Through the intervention of the Regional Directorate of Labour Welfare, the Factory was re-started and the workers were taken back to their jobs.
1087	

1	2	3
	SARGODHA REGION.	
	QUETTA REGION.	
	LAHORE REGION.	
109.	Bata Shoe Co., Batapur, Lahore.	3000
110.	West Punjab Textile Mills, G. T. Road, Lahore.	1045
	TOTAL ...	4045
	GRAND TOTAL ...	8997

4	5
—	No worker was locked out by any Factory and, therefore, the question of their absorption does not arise.
—	— do —
1700	About 3000 workers were rendered jobless due to treacherous attack by India. All possible measures were adopted by Labour Deptt, to get the displaced persons absorbed in the Service Industries, Basco. Avenues are being explored for absorption of the remaining workers.
1045	These workers were rendered jobless since the inception of National Emergency. Almost all of them have got jobs in different Textile Mills at Lyallpur, Multan and Daudkhel. About 200 workers were rehabilitated through the efforts of the Labour Department.
2745	
6435	

STATEMENT

BREAK UP OF WORKERS AFFECTED SINCE

Region	Number of workers locked-up or removed from service since September, 1965
1	2
Karachi	3487
Multan	1087
Hyderabad	30
Lahore	4045
Sargodha	—
Quetta	—
Peshawar	348
G. Total :	8997

6TH SEPTEMBER, 1965 AND ABSORBED

No. of workers absorbed	Remarks
3	4
2425	
1087	
30	
2745	
—	
—	
148	
6435	

APPENDIX

(Ref : Starred Question

CASES OF SPIRITUOUS PREPARATIONS

Part (b)

District	Year	Description of cases relating to spt. preparation used as intoxicants.
Lahore	1964-65	1. Muhammad Hussain. U/S 61 of Punjab Excise Act.
		2. —do—
		3. Barkat Ali. U/S 61 of Punjab Excise Act.
		4. Faiz Mohammad. U/S 61 of Punjab Excise Act.
		5. Mohammod Aslam. U/S 61 of Punjab Excise Act.
		6. Nasir-ud-Din. U/S 61 of Punjab Excise Act.
		7. Ghulam Rasul. U/S 61 of Punjab Excise Act.
	1965-66	1. Ch. Ishtiaq Ahmad etc., U/S 61 of Punjab Excise Act.
		2. Muhammad Younus. U/S 61 of Punjab Excise Act.
Peshawar	1964-65	Three (3)
	1965-66	Three (3)
Lyallpur	1964-65	1. Bashir Ahmed s/o Fateh Din of Chak Jaranwala.

II

No. 2676)

USED AS INTOXICANTS

Part (d)

The details of the reports the Chemical Examiner gave in each.	The number of persons acquitted or discharged with reasons thereof.
The bottle contains coloured and diluted rectified spirit.	1. Pending.
The bottle contains intoxicating liquor having alcoholic strength of 64% P. S.	2. do
The bottle contains intoxicating liquor with alcoholic strength of 66.4% P.S.	3. do
The bottle contains intoxicating liquor having alcoholic strength of 40.9% P.S.	4. Acquitted on 5/8/65 for want of sufficient evidence.
Both the Bottles contain alcoholic medicinal preparation.	5. Rs. 600 fine or six month imprisonment.
The three bottles contain intoxicating liquor having alcoholic strength of 76.0, 79.7, and 79.7% P.S. respectively.	6. Pending
The four bottles contain intoxicating liquor having alcoholic strength varying from 77% P.S. to 81.7% P.S.	7. Acquitted for want of sufficient evidence.
All the thirty-eight bottles contain intoxicating liquor having alcoholic strength of 75.0% P.S. in each bottle.	1. Pending.
Two of the bottle contain rectified spirit and the remaining five bottle contain diluted rectified spirit with strength varying from 145.0% P.S. to 148.9% P.S.	2. —do—
Nil	In one case which has been decided the accused was convicted. Other two cases are pending.
Nil	All the three cases are still pending.
Medicinal spirituous preparations.	All cases are under trial in court.

1	2	3
		2. Taj Muhammad s/o Shah Muhammad of Jaranwala.
		3. Khushi Muhammad s/o Umer Din of Lyallpur.
		4. Mushtaq Ahmed s/o Lal Din of People Colony, Lyallpur.
		5. Muhammad Saleem s/o Noor Muhammad, Chak No. 242/R,B.
	1965-66	1. Noor Ahmed Beg s/o Charagh Din of Lyallpur.
		2. Muhammad Riaz s/o Farzand Ali, Chak No. 121/J.B.
		3. Niaz Ahmed s/o Fateh Muhammad of Lyallpur.
		4. Sher Muhammad s/o Shah Mohd. of Lyallpur.
		5. Muhammad Umer s/o Ghulam Qadir, Razabad, Lyallpur.
Sargodha	1964-65	1. State versus Mohammad Safdar of Nazir Medical Hall, Sargodha.
		2 State versus Fakhar-ud-Din.
		3. State versus Abdul Hamid.
		4. State versus Muhammad Jamil.
		5. Manager Sawat Pharmaceutical Co. Sawat.
		6. Mohammad Feroze.
		7. State versus Fakhar-ud-Din.

4	5
Medicinal spirituous preparations.	
Coloured diluted rectified spirit.	
Intoxicating liquor.	
Coloured rectified spirit.	
Intoxicating liquor.	All cases are under trial in court.
Medicinal Spirituous preparations.	
Diluted rectified spirit.	
Result still awaited.	
do	
Both the bottles contain intoxicating liquor of having alcoholic strength of 93.0 and 97.0% P.S. respectively.	Acquitted as the witnesses turn hostile.
Both the bottles contain intoxicating liquor having alcoholic strength of 52.8 proof spirit and 42.6 proof spirit respectively.	Under trial in the court.
The bottle contains intoxicating liquor, having alcoholic strength 64.5% P.S.	Sentenced for 3 month R.I.
The four bottles contain intoxicating liquor having alcoholic strength of 82.7, 82.2%, 110.9% and 86.2% P.S.	do
The two bottles contain intoxicating liquor having alcoholic strength 94.0% 91.0% proof spirit.	Under trial in the Court.
The bottle contains intoxicating liquor having alcoholic strength 128.2% P.S.	do
Both the bottles contain intoxicating liquor having alcoholic strength 105.5 each.	do

1	2	3
	1965-66	1. State versus Mohd Feroze and Begg Pharmaceutical Co. Peshawar.
		2. State versus Akbar Ali.
		3. State versus Muhammad Aslam.
		4. State versus Dawn Laboratories, Lahore.
		5. State versus Malangi.
		6. State versus Mazoo.
Rawalpindi	1964-65 and 1965-66	

4	5
Both the bottles contain diluted rectified spirit.	do
Two bottles contain intoxicating liquor having alcoholic strength 83.7% and 85.7% P.S.	do
1. Spt. Amonia Areamatic. 2. Tr. Campher Co. 8. Glycreze. 4. TR. Zingiberis. 5. Tr. Card Co.	Pending with the Police.
Both the bottles contain medicinal preparations.	Pending with the Police.
The bottle contrins intoxicating liquor having alcoholic strength 83.2% P.S.	Under trial in the Court.
The bottle contains illicit liquor	do

No case of spirituous preparations used as intoxicants was detected by the Excise Staff during these years.

APPENDIX III

(Ref : starred Question No. 2800)

LIST OF EXCISE SUB-INSPECTORS AND OTHER EXECUTIVE OFFICIALS, BELONGING TO RAWALPINDI DISTRICT, WHO ARE POSTED IN RAWALPINDI (CITY CANTONMENT AND SUBURB) AND OTHERTOWNS OF RAWALPINDI DISTRICT.

Name	Designation	Date of Joining the Department	Date of Posting in Rawalpindi
Ch. Abdul Rahim.	Taxation Inspector.	24.12.1942	9.7.1965 todate..
Ch Muhammad A. Latif.	Excise Sub-Inspector.	5.11.1959	1. 2.1.1961 to 30.9.1961. 2. 21.3.1963 todate.
Malik Nazar Hussain.	Excise Sub-Inspector.	1.2.1951	1. 7.9.1957 to 30.4.1959. 2. 25.5.1959 to 30.4.1961. 3. 5.10.1961 todate.
Mir Abdul Hamid.	Taxation Sub-Inspector.	1.10.1916	1. 30.9.1954 to 1.4-1959. 2. 30.7.1959 to 18.9.1959.

			3. 2.4.1960 to 25.4.1961.
			4. 18.3.1962 to 5.7.1962.
			5. 8.7.1964 todate.
Ch. Allah Dad.	Taxation Sub-Inspector.	1.1.1961	1. 7.3.1962 to 11.7.1963.
			2. 22.12.1963 todate.
Ch. A. Hamid.	Taxation Sub-Inspector.	12.3.1951	1. 27.1.1961 todate.
Mr. Azmatullah Khan.	Taxation Sub-Inspector.	19.4.1950	1. 28.6.1952 to 31.3.1956.
			2. 6.4.1957 to 10.7.1962.
			3. 13.7.1963 todate.
Sh. Abdul Alim.	Taxation Sub-Inspector.	7.3.1963	7.3.1963 todate.
		12.9.1957	1. 17.7.1962 to 5.12.1963.
Kh. Anwar Hussain.	Taxation Sub-Inspector.		2. 8.7.1964 todate.
Mirza Jameel Ahmad.	Taxation Sub-Inspector.	16.12.1962	1. 16.12.1962 to 11.7.1963.
			2. 18.7.1964 todate.
Ch. Karamat Hussain.	Taxation Sub-Inspector.	31.5.1954	24.1.1962 todate.

Malik Muhammad Azam.	Taxation Sub-Inspector.	3.10.1960	23.2.1962 todate
Sh. Muhammad Jamil.	Taxation Sub-Inspector.	11.10.1947	1. 4.7.1956 to 9.6.1958. 2. 10.5.1963 todate
Sh. Shaukatullah.	Taxation Sub-Inspector.	10.3.1963	28.6.1963 todate
Malik Mohd Ayyub.	Taxation Sub-Inspector.	5.9.1964	7.7.1965 todate
Raja Akbar Hussain.	Taxation Sub-Inspector.	19.12.1960	1. 7.3.1962 to 1.7.1963 2. 9.6.1966 todate